*488. **Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister for Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether it is a fact that rents of evacuee houses have been assessed at comparatively higher rates in Okara town than in the case of other towns; if so, whether the Government intend to order the re-assessment of the rents; if not, why not ?.

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): The assessment of rent of evacuee property has been made by the Department in the following manner:—

(*a*) Where assessment of Taxation Department was available it was followed.

(*b*) In the absence of (*a*) the assessment of house-rent by Municipality was adopted;

(*c*) In the absence of (*a*) and (*b*) above, the Department itself carried out the survey of evacuee property and assessed its rent. As far as Okara is concerned, the assessment is based on (*a*). It was not assessed by the Department.

There have been some complaints regarding high assessment in certain towns and the matter is under the consideration of Government.

مسٹر ابو سعید انور—کیا حکومت کو علم ہے کہ اقتصادی بحران کی وجہ سے تمام جائدادوں کی قیمتیں گر چکی ہیں اور اس کے پیش نظر موجودہ کرایہ جات جو آج سے سات یا آٹھ سال پہلے تشخیص کئے گئے تھے بہت زیادہ ہیں - کیا حکومت ان کو کم کرنے کے لئے تیار ہے ؟

وزیر—اس وجہ کے پیش نظر حکومت نے مکانوں اور دکانوں کے کرایوں میں علی الترتیب ۴۰ اور ۳۳½ فیصدی کمی کر دی ہے -

رانا غلام صابر خاں—کیا آنریبل وزیر کو علم ہے کہ اوکاڑہ میں ایک ہی قسم کی اور ایک ہی مقام پر واقع دوکانات اور مکانات کے کرایوں میں بڑا فرق ہے؟

وزیر—اس شکائت کے بارے میں میں نے خود موقع پر جا کر دیکھا تھا وہ ایک ہی مکان ہے جو اس نوعیت کا ہے۔ اس کے متعلق مناسب کارروائی کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ ویسے ڈی۔آرسی صاحب کرایوں میں ۲۵ فیصدی مزید کمی کرنے کے بھی مجاز ہیں۔ ایسے ہی دوکانوں کے کرایوں میں بھی کمی کی جارہی ہے۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر کو علم ہے کہ اوکاڑہ میں مکانوں اور دکانوں کے کرایوں میں کمی نہیں بلکہ اضافہ کیا جا رہا ہے۔

وزیر—یہ غلط ہے۔

Syed Shamim Hussain Qadri : Is it a fact that the officers of the Rehabilitation Department collect the rent in a lot for the period for which people were living in houses although the instructions of the Government are that they should realise the rent for the current month and only half for the last month?

Minister : So far as I am aware, the instructions are being followed.

Syed Shamim Hussain Qadri : Is it a fact that in Lahore the Rehabilitation Officers are not following this procedure and the D. R. C. insists on the officers to collect this money and if they do not, they would be ousted from the Department?

Minister : Such complaints should be brought to my notice. I have not heard anything of the sort so far.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر کو علم ہے کہ اوکاڑہ کے اندر ایسے مہاجرین موجود ہیں جنہوں نے محض بے دخلی سے ڈرتے ہوئے اپنی رضائیاں بیچ کر دوکانوں کا کرایہ ادا کیا۔

وزیر—یہ غلط ہے۔

رانا غلام صابر خاں—کیا آپ کو قطعی طور پر علم ہے کہ مکانوں اور دوکانوں کے کرایوں میں جو کمی ہو رہی ہے وہ مقررہ فیصدی تناسب کے مطابق ہو رہی ہے۔

وزیر—میں نے یہ عرض کر دیا ہے کہ عام قاعدہ کے مطابق مکانوں کے کرائے میں ۳۰ فیصدی اور دوکانوں کے کرائے میں $۳۳\frac{۱}{۳}$ فیصدی کمی کئے جانے کا حکم ہے۔ لیکن اس کے باوجود اگر کسی مکان یا دوکان کا کرایہ زیادہ سمجھا جائے تو ڈی۔آر۔سی اس کے کرایہ میں ۲۵ فیصدی مزید کمی

کر سکتا ہے ۔ اور اگر اس سے بھی زیادہ کمی کرنی ہو تو وہ اس کے بارے میں حکومت کو رپورٹ کر سکتا ہے اور گورنمنٹ کو پورا اختیار ہے کہ وہ اس میں اور بھی کمی کر دے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is the Honourable Minister aware that only those people who have got approach to the Deputy Rehabilitation Commissioner get the prescribed reduction.

Mr. Speaker : Disallowed.

RIGHT OF REFUGEE ALLOTTEES OF LANDS TO SHARE OF RABI 1952 PRODUCE

***535. Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether the refugees who are being given lands on provisional permanent basis will have the right to claim a share of the produce of Rabi 1952 of lands allotted to them; if so, the action Government intend to take to implement this provision ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : The new allottee landlords under the Rehabilitation Settlement Scheme will be entitled to recover rent from the temporary allottee tenants, with effect from Rabi 1952. The tenants will be liable to ejectment if they refuse to pay rent.

چودھری مہتاب خاں—کیا میں آنریبل وزیر سے پوچھ سکتا ہوں کہ اگر مزارعین نے مہاجرین کو فصل ربیع ۱۹۵۲ کا حصہ نہ دیا تو کیا حکومت ان کو ان کا حصہ دلانے میں مدد کرے گی ؟

وزیر—جو مزارعین حصہ نہیں دیں گے ان کو نکال دیا جائے گا۔

PERMIT FOR REFUGEE ALLOTTEES TO CUT WOOD FOR MENDING THEIR AGRICULTURAL IMPLEMENTS

***536. Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether it is a fact that an order has been passed by Government to the effect that refugee zamindars settled on land on provisional permanent basis should apply for a permit to cut wood for mending their agricultural implements from the trees standing on the allotted lands; if so, the reasons therefor and the action government intend to take to remedy the inconvenience thus caused to the refugee zamindars ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : This order was passed by Government when temporary allotments were made. Under the Provisional Permanent Scheme, however, the allottee will now be permitted to cut trees to meet their requirements for agricultural purposes.

LAND ADJACENT TO AREAS ALLOTTED TO ALWAR AND BHARATPUR STATES REFUGEES

***537. Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether it is a fact that certain areas of land adjacent to the areas allotted to Alwar and Bharatpur States refugees in the Lahore district have remained unallotted ; if so, the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : No substantial piece of land adjacent to the areas allotted to refugees from the Alwar and Bharatpur States have remained un-allotted except certain areas in Beherowal and Barki Naib Tahsildars Circle which were reserved for unverified claims.

MOSQUES BUILT IN MONTGOMERY AFTER PARTITION AT PUBLIC PLACES

*626. **Chaudhri Muhammad Shafiq:** Will the Honourable Minister Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) the number of mosques built in Montgomery town after partition at public places ;

(*b*) the action the Government intend to take in the case of mosques which have been built without proper permission ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : (*a*) One on evacuee site in the town of Montgomery.

(*b*) The Punjab Government have decided that mosques already built on evacuee lands without authority may be recognized and regularized except those falling under the following two catagories:—

(*i*) Mosques built on sites which were previously under the religious buildings of non-Muslim evacuees.

(*ii*) Unauthorized mosques which interfere with official requirements or otherwise offend against the larger interests of the State.

In the case of those unauthorized mosques which are to be recognized and regularized the Mutwalies will be asked to apply for acquisition and sale of land in their favour.

چودھری محمد شفیق—کیا میں آنریبل وزیر سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ منٹگمری میں مسجد کونسی جگہ پر بنا ئی گئی ہے ؟

وزیر—میں نے دریافت نہیں کیا کہ کس جگہ پر بنائی گئی ہے۔

چودھری محمد شفیق—کیا آپ سرکاری اراضی پر بنائی گئی مساجد کو بھی پبلک اراضی پر بنائی گئی مساجد میں شمار کریں گے یا نہیں ؟

وزیر—جو مساجد ایسی جگہوں پر بنائی گئی ہوں جن کے متعلق کسی کو اعتراض نہ ہو ان کو regularise کیا جا سکتا ہے ۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین—کیا حکومت مساجد کو اکھاڑنے کے لئے تیار ہو گی ؟

وزیر—شریعت کی رو سے کوئی مسجد کسی اراضی پر اس کے مالک کی اجازت کے بغیر نہیں بنائی جا سکتی ۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین—میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کیا حکومت مساجد کو اکھاڑنے کے لئے تیار ہو گی ؟

وزیر—شریعت کے مطابق عمل کیا جائیگا۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین—آخر آپ کی اپنی رائے بھی کوئی ہو گی۔

وزیر—شریعت میں اس بات کی کہیں اجازت نہیں ہے کہ کسی دوسرے شخص کی مملوکہ اراضی پر اس کی اجازت کے بغیر مسجد بنا لی جائے۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر کو علم ہے کہ حکومت کی زمین پبلک کی زمین ہے اس لئے اگر اس پر مسجد بنا لی جائے—

Mr. Speaker—Disallowed.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر مہاجرین یہ بتلا سکتے ہیں کہ ان کو جو اطلاع بہم پہنچائی گئی ہے کہ ایک مسجد ہے کیا اگر میں یہ کہوں کہ وہاں ایسی آٹھ مساجد ہیں تو کیا یہ غلط ہے یا صحیح ہے ؟

وزیر—مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ evacuee پراپرٹی پر صرف ایک مسجد ہے۔

چودھری محمد شفیق—میں نے اپنے سوال میں الفاظ گورنمنٹ پراپرٹی نہیں بلکہ پبلک پلیس لکھے ہوئے ہیں۔

Mr. Speaker—That does not arise out of the answer given.

چودھری محمد شفیق—کیا حکومت ان مساجد کو جو گورنمنٹ کی جگہ پر بنی ہوئی ہیں پبلک جگہوں پر بنائی گئی مساجد کے طور پر تصور کر کے مزید جھگڑوں کا سد باب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

Mr. Speaker—That has already been answered.

PRODUCTION OF CLOTH IN PUNJAB COTTON MILLS, LAHORE

***425. Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) the total annual production of cloth in the Punjab Cotton Mills, Lahore, before it was taken over by the Government ;

(*b*) the total annual production of cloth in the said Mills since it has been taken over by the Government ;

(*c*) the net annual profit, if any, earned by in respect of the Mills since Government took over its charge ?.

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi : (*a*) Total annual production of cloth in these Mills before Government took over was 1,383,030 yards.

(*b*) Total average annual production of cloth in these Mills since Government took over is 3,785,522 yards.

(c) Total net profit earned by these Mills since Government took over is Rs. 5,10,814-0-5 for eleven months, i.e., from 1st May 1950 to 31st March 1951 as per balance sheet for the financial year 1950-51 duly audited and certified by the auditors of the Accountant-General, Punjab. This profit was declared, after payment of 1½ month bonus to 1,600 labour and other employees and after payment of Rs. 47 p.m. per head dearness allowance to all the labour.

ARTISANS AND CRAFTSMEN WHO MIGRATED FROM INDIA

*570. **Mian Abdul Bari :** Arising out of the answer given to starred question No. 23 will Honourable Minister of Development be pleased to state whether the data collected by the census department has been sorted ; if so, will he kindly ay a copy of it on the table ?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi : The position is much the same given in reply to Question No. 23. It may be pointed out that the Occupational Sort is an intricate one for which a special Machine Sorting Cent has been organized by the Census Commissioner, Pakistan and it will be some time before the break down of the industrial population by occupations is ready for publication.

Mian Abdul Bari : Will the Honourable Minister for Development be pleased to state if he intends to collect in some appropriate amount of time the necessary amount of data and figures of these muhajir artisans?

Chief Minister : In an appropriate time the appropriate data will appropriately be collected.

Mian Abdul Bari : Will the Minister be pleased to state what will be the actual amount of that appropriate time necessary?

Chief Minister : Appropriate.

Mian Abdul Bari : That is not a proper answer.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. When a question is addressed to one Minister can another Minister reply on his behalf?

Mr. Speaker : Yes.

Mian Abdul Bari : He should give answer in a proper manner and not evade it.

Chief Minister : It is not possible to give specified ti ne. I was very happy to know the amount of responsibility attached to the honourable member but he himself did not demand the exact time. He merely asked whether it would be possible to collect the data in an appropriate time. The answer was that in an appropriate time the appropriate data will be collected.

Mian Abdul Bari : I only wanted appropriate time.

Chief Minister : It is not possible to give specified time.

PUNJAB GOVERNMENT COTTON MILLS, LAHORE

*604. **Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(a) whether the Punjab Government Cotton Mills, Lahore, have been submitting monthly statements of accounts to the Government showing income, expenditure, stocks and value of stocks in hand, disposal of cloth and yarn; if so will he kindly lay (i) a copy of the accounts mentioned above for the year ending the 31st December 1950 and January 1952;

(ii) the net result of statement of account of the said Mills till the end of December, 1950 and January, 1952;

(*b*) the amount of rent and depreciation charges of the building and machinery of the Mill charged on the expenditure side of the Mill till the end of the current financial year;

(*c*) whether the Mills in question are running at a profit; if not, what steps the Government has taken to improve the position and how far have they been effective ?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi: (*a*) Yes.

(*i*)[1] Copies of the statements of accounts for the months of December 1950 and January 1952 are placed on the table.

(*ii*) The financial year of Punjab Government Cotton Mills ends on the 31st March. A duly audited [2]Balance-Sheet for the year ending 31st March 1951 is placed before the House. The question of net result of the statement of accounts on 31st January 1952 does not arise at this stage in view of the fact that the financial year 1951-52 will be ending on 31st March 1952.

(*b*) The rent and depreciation charges on the building and machinary for the current financial year will be charged on the expenditure side when assessment has been made by the Secretary, Rehabilitation Board, whose advice is still awaited. This will be provided for when the final Balance-Sheet for the current financial year is prepared after 31st March 1952;

(*c*) Mills are running at a profit.

چودھری محمد شفیق: کیا وہ اس approximate data کا profit بتا سکتے ہیں ؟

Minister: Yes, if I am given notice.

INDUSTRIAL SCHEME FOR BENEFIT OF PRISONERS

***526. Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Government has formulated Industrial Scheme for the benefit of prisoners serving terms of imprisonment in the Punjab jails for offences involving moral turpitude; if so, when do the Government intend to implement this scheme ;

(*b*) the nature of various crafts the training for which is imparted to prisoners in different jails of the Province;

(*c*) the names of jails where prisoners are being educated in accordance with the Adult Education Scheme!

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) No. There is no such scheme.

(*b*) The details of the various industries being carried on in the Punjab Jails for the benefit of prisoners are given in the attached list.

(*c*) In all Jails of the Punjab.

---

1. Kept in the Library.
2. " " " "

LIST OF ARTICLES AND JAILS, WHICH MAKE THEM IS GIVEN BELOW

Serial No.	Name of Articles	Manufacturing Jails
1	Ban Munj—coarse, medium, fine ..	Central Jail, Lahore.
		Central Jail, Montgomery,
		Central Jail, Rawalpindi,
		New Central Jail, Multan,
		District Jail, Campbellpur,
		District Jail, Dera Ghazi Khan,
		District Jail, Gujranwala,
		District Jail, Jhang,
		District Jail, Jhelum,
		District Jail, Multan,
		District Jail, Mianwali,
		District Jail, Sialkot, and Sub-Jail, Kasur.
2	Niwar	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore,
		Central Jail, Rawalpindi,
		New Central Jail, Multan,
		Central Jail, Montgomery,
		District Jail, Campbellpur,
		District Jail, Gujranwala,
		District Jail, Jhang,
		District Jail, Jhelum,
		District Jail, Mianwali, and
		District Jail, Multan.
3	Chicks—fine, medium, coarse, bamboo, with or without niwar binding.	Central Jail, Lahore,
		Central Jail, Montgomery,
		Central Jail, Rawalpindi,
		New Central Jail, Multan,
		District Jail, Campbellpur,
		District Jail, Gujranwala,
		District Jail, Jhelum,
		District Jail, Multan, and
		District Jail, Sialkot,
4	Phenyle, Soap Country	Central Jail, Lahore, and
		District Jail, Lyallpur,

Serial No.	Name of Articles	Manufacturing Jails
5	Caning of chairs	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore, New Central Jail, Multan, District Jail, Campbellpur, District Jail, Dera Ghazi Khan, District Jail, Jhang, District Jail, Mianwali, District Jail, Multan, Central Jail, Montgomery, Central Jail, Lahore and Central Jail, Rawalpindi,
6	Brooms, patha	District Jail, Campbellpur,
7	Munj mats, weaving charpoys ..	Central Jail, Lahore, Central Jail, Montgomery, Central Jail, Rawalpindi, New Central Jail, Multan, District Jail, Gujranwala, District Jail, Jhang, District Jail, Mianwali, and District Jail, Multan.
8	Stationery, viz., registers, envelopes, jail made paper, etc.	District Jail, Gujranwala, District Jail, Sialkot, District Jail, Jhang, District Jail, Multan, and Central Jail, Rawalpindi,
9	Binding (all sorts)	All Central Jails.
10	Chalk, plaster of paris, Mesakil oil ..	District Jail, Gujranwala.
11	Furniture (all sorts)	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore, New Central, Jail, Multan, and Central Jail, Rawalpindi.
12	Stationery (Inks, and other accessories)	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore.
13	Bastas (All sorts)	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore, Central Jail, Montgomery, and New Central Jail, Multan.

Serial No.	Name of Articles	Manufacturing Jails
14	Dusters ($3' \times 3'$, $2\frac{1}{2}' \times 2\frac{1}{2}'$, $2' \times 2'$) Carab and Dasuti.	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore, Central Jail, Montgomery, Central Jail, Rawalpindi, and New Central Jail, Multan.
15	Waded Purdahs..	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore New Central Jail, Multan. and Central Jail, Montgomery.
16	Pottery and flower pot	All Central and District Jails.
17	Umbrellas (Garden, and Survey) ..	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore.
18	Tents, Shamianas (all sort) ..	Ditto Ditto.
19	Sanitary and Latrines Utensils ..	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore, and District Jail, Multan.
20	Uniform (Chowkidars) and liveries for Jamadars and peons.	Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore.
21	Carpet woollen	Central Jail, Lahore, Central Jail, Montgomery, and District Jail, Multan.
22	Durries (plain, flowered granite, bordered, etc.)	Central Jail, Lahore, New Central Jail, Multan, Central Jail, Rawalpindi, District Jail, Multan, District Jail, Sialkot, and Central Jail, Montgomery.
23	File laces, Tags, Nathi threads, etc. ..	Central Jail, Lahore.
24	Turkish towels, and honey comb towels	Central Jail, Montgomery, District Jail, Multan, New Central Jail, Multan, and Borstal Institution and Juvenile Jail, Lahore.

Political Detenus

***527. Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the number of political detenus class-wise incarporated in different jails of the Province;

(*b*) the periods of time after which the relatives of the political detenus are allowed to visit them;

(*c*) whether there are any detenus in the Punjab jails, who are not allowed to see any visitors;

(*d*) the number of politicals who have been interned outside jails or have been bound down not to leave their places of residence;

(*e*) whether any allowances are paid to the abovementioned categories of detenus and internees; if so, the details of such allowances category-wise;

(*f*) whether political prisoners are made to do any hard labour; if so, the nature of the same?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) Class I—11

Class II—25

(*b*) After a fortnight.

(*c*) None.

(*d*) Six.

(*e*) Detenus are not at present granted any allowances but the question of the grant of such allowances in deserving cases is at present under the consideration of Government.

(*f*) No.

CASES UNDER SECTION 302, P. P. C., UNDER ADJUDICATION BY LOWER OR SESSIONS COURTS

***528. Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the number of cases under section 302, P. P. C., under adjudication by the lower or sessions courts in the Province, and the period for which they have been pending in courts;

(*b*) whether any unconscionable delay in their disposal by the lower courts or the sessions courts has come to the notice of the Government; if so, the reasons for the delay and the action the Government intends to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti The required information is being collected and will be supplied to the Honourable Member when ready.

REDUCTION IN THE PAY SCALES OF HIGH GOVERNMENT OFFICIALS

***539. Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state whether the Government intend to effect a reduction in the pay scales of high Government officials?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : Government have already revised the scales of pay of all Provincial Services Class I and Class II, Special and Miscellaneous Gazetted posts in the light of the recommendations of the Pakistan Pay Commission,—*vide* the Government of the Punjab, Finance Department, notification No. 3789-51/96-FG, dated the 28th December 1951. In most cases the scales of pay have been reduced.

The scales of pay of Supervisory posts and Heads of Departments have not yet been revised. The matter is, however under the consideration of Government.

PUBLICITY BOARD

***606. Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the functions of the Publicity Board;

(*b*) the amount spent during the year 1946-47 under this head;

(*c*) whether it is a fact that during 1948-49 the expenditure under this head was substantially reduced; if so, to what extent and for what reasons;

(*d*) the estimated expenditure for the year 1951-52 under this head;

(*e*) whether it is a fact that the expenditure for the year 1951-52 has considerably been increased; if so, the reasons therefor?

Answer—See Appendix at page 163 *infra*.

PAYS OF GOVERNMENT OFFICERS AND STAFF

***608. Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the price index has shown about four times increase; if so, whether the pays of the non-gazetted servants of Government have been revised accordingly; if not the reason therefor;

(*b*) whether Government is aware of the fact that the present scales of pay of the low grade servants are insufficient to make their both ends meet.

(*c*) whether Government is also aware of the fact that there is dissatisfaction among low grade servants, because of their low scales of pay; if so, what steps do the Government intend to take to redress their grievances, if no action is intended to be taken the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) No.

(*b*) The scales of pay of all classes of Government Servants have been revised with effect from 1st January 1950 in the light of the recommendations of the Pakistan Pay Commission.

(*c*) In view of (*b*) above, Government does not consider that anything further can be done for the present.

چودھری محمد شفیق—کیا اٹرنیبل وزیر اعلیٰ یہ بتلا سکینگے کہ چیزوں کے نرخ بڑھ جانے کی وجہ سے ملازمین کو جو تکالیف ہیں ان کے ازالہ کے لئے وہ مزید کچھ کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں ؟

وزیر اعلیٰ—اس سلسلہ میں گورنمنٹ سوچ بچار کر رہی ہے ۔

چودھری محمد شفیق—کیا وہ فرما سکینگے کہ یہ سوچ بچار کب ختم ہو گی ؟

وزیر اعلیٰ—جس وقت کہ کسی definite نتیجہ پر گورنمنٹ پہنچ جائے گی ۔

PUBLIC MEETINGS ARRANGED BY THE POLICE AND MAGISTRACY FOR POLITICAL PARTIES

***629. Chaudhri Muhammad Shafiq:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state whether it is a fact that the Government have permitted public servants especially the Police and Magistracy to arrange public meetings for political parties and to participate in such meetings; if so, the reasons therefor.

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): The reply to the honourable member's question is in the negative.

SOFT COKE, HARD COKE AND STEAM COAL DISTRIBUTED BY THE DISTRICT FOOD CONTROLLER

***411. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the amount of soft coke, hard coke and steam coal distributed by the District Food Controller, Lahore, in the years 1949-50 and 1950-51;

(*b*) the number and names of depot-holders of coal in the Lahore Corporation area;

(*c*) the coal allocated to each depot-holder in the years 1949-50 and 1950-51 ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) During the 1949-50—

Soft coke	136	wagons
Steam coal	109	,,
Hard coke	12	,,
1950-51		
Steam coal	33	,,

(*b*)and (*c*) The information is placed on the table.

ALLOCATION OF SOFT COKE, HARD COKE AND STEAM COAL DURING THE YEAR 1949-50

Serial No.	Name of R. D.	Soft Coke	Steam coal	Hard coke	Total	Remarks
		Wagons	Wagons	Wagons	Wagons	
1	United Coal Co. ..	14	27	4	45	
2	Mushtaq Coal Co. ..	21	21	4	46	
3	Punjab Coal Co. ..	24	9	Nil	33	
4	Mubarak Coal Co. ..	18	16	Nil	34	
5	National Coal Co. ..	22	18	4	44	
6	City Coal Co. ..	11	5	Nil	16	
7	Dar Coal Co. ..	7	4	Nil	11	
8	Kalid Hamid Coal Co.	Nil	1	Nil	1	Cancelled later on.
9	Lawrence Coal Co. ..	13	6	Nil	19	
10	Sadiq Coal Co. ..	3	Nil	Nil	3	
11	Victory Coal Co. ..	2	1	Nil	3	
12	Abdul Ghani, Abdul Rashid.	1	1	Nil	2	Cancelled later on.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

Mr. Speaker : The House will now proceed with the general discussion of the budget. Before doing so, I would like to make an announcement that I am going to allot time for speeches. The Honourable Leader of the Opposition as well as the honourable member leading the debate on the Treasury side will get half an hour each and others will get 15 minutes each. Two minutes before the time expires I will ring the warning bell so that the honourable members may wind up their speeches. For the general reply of the budget discussion, I will allow one hour to t Honourable the Chief Minister.

خان افتخار حسین خان—(لاہور کارپوریشن نمبر ۱ مسلم) —
جناب والا—سال۳-۱۹۵۲ کا بجٹ پیش کرتے ہوئے آنریبل وزیر اعلیٰ نے جو تقریر فرمائی اس کے سننے اور اسے پڑھنے کے بعد یہ ظاہر ہوتا تھا کہ یہ بجٹ speech نہیں ہے بلکہ صوبہ مسلم لیگ کے صدر کا خطبئہ صدارت ہے ۔ اس تقریر میں خاص طور پر انتخابات کا ذکر کیا گیا ہے مسلم لیگ کی سابقہ خدمات کو سراہا گیا ہے اور نہایت مرصع الفاظ میں اسے آراستہ کر کے دکھایا گیا ہے ۔ اس تقریر میں سوائے لفاظی تعلیٰ اور تصنع کے مجھے کچھ دکھائی نہیں دیا ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس بجٹ میں غریب ٹیکس دھندہ کے بوجھ کو کس حد تک ہلکا کیا گیا ہے مگر یہ اسمیں بالکل ندارد ہے ۔ مجھے اسمیں کوئی ایسی چیز دکھائی نہیں دی جس سے غریب ٹیکس دھندہ کو نجات دلائی گئی ہو ۔ اگر آپ مجھے اجازت دینگے اور مجھے وقت ملا تو میں انتخابات کے سلسلے میں بھی کچھ عرض کرونگا لیکن اس سے پیشتر میں چاہتا ہوں کہ بجٹ کے متعلق ہاؤس کے سامنے اپنی رائے کا اظہار کروں ۔ پارٹیشن (Partition) کے بعد اب تک جو بجٹ کے سال گزرے ہیں ان میں سے پہلا سال ۱۹۴۷-۴۸ کا ہے ۔ اور دوسرا ۱۹۴۸-۴۹ کا ہے ۔ ان کو ہم اس لئے نہیں لیتے کیونکہ وہ ایک abnormal زمانہ تھا ۔ مہاجرین آدھر سے آرہے تھے اور غالباً آنریبل وزیر اعلیٰ نے ان کے متعلق اس لئے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا ۔ تین سال کا پہلا عرصہ جو گزرا ہے اس کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ بہت خطرناک دور تھا وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن اس کے بعد کوئی بجٹ اسمبلی میں پیش نہیں ہوا کیونکہ وہ گورنری راج کا دور تھا لہذا اگر اس بجٹ کا موازنہ کرنا ہو تو یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ اس کا مقابلہ pre-partition پنجاب کے بجٹ سے کریں ۔ متحدہ پنجاب کا جو بجٹ تھا اس میں تئیس کروڑ اور چند لاکھ کی آمدنی اور بائیس کروڑ چند لاکھ کا خرچ تھا لیکن صوبے کا تقریباً نصف حصہ کٹ جانے کے بعد یعنی ۲۹ ضلعوں میں سے تیرہ ضلعوں کے کٹ جانے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اسی تناسب سے ہمارے اخراجات میں کمی واقع ہونی چاہئیے تھی ۔ اب جو بجٹ پیش کیا گیا ہے اس کا تخمینہ آمدنی ۲۲٫۷ کروڑ روپیہ اور خرچ ۲۳٫۸۰ کروڑ روپیہ ہے ۔ اس سلسلے میں جناب والا ہمیں دیکھنا ہے کہ حکومت نے منفعت بخش محکمہ جات پر کیا خرچ کیا ہے مثلاً تعلیم ۔ اسکے متعلق میں اس لئے بحث نہیں کرونگا کیونکہ غالباً سرکاری بنچوں کی طرفسے اس موضوع پر روشنی ڈالی جائے گی کہ حکومت نے پبلک کے مفاد تعلیم کے لئے کیا کچھ

کیا ہے ۔ جنرل ایڈ منسٹریشن اور ایگریکلچر پر میں کچھ بحث کرنا چاہتا ہوں اور دیگر محکموں میں سے جو محکمہ سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے وہ پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے ۔ اسکے متعلق بھی میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ۱۹۴۶-۴۷ کے بجٹ کو اگر آپ دیکھینگے تو معلوم ہوگا کہ اس سال کیلئے اس محکمہ کو ۹۱۶۴۶ لاکھ روپیہ ملا تھا اور اب جو بجٹ پیش کیا جارہا ہے اسمیں ۳ لاکھ ۷۶ ہزار ۴ سو روپیہ کا خرچ دکھایا گیا ہے ۔ تو اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہماری حکومت کی کسقدر توجہ صحت عامہ کی طرف ہے ۔

اب میں جنرل ایڈ منسٹریشن کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں ۔ اگر آپ بجٹ سال ۱۹۴۶-۴۷ کو دیکھینگے جبکہ پنجاب متحد تھا تو معلوم ہوگا کہ اس مد کا تخمینہ ۱۶۷۰ کروڑ روپیہ تھا اور آج جبکہ تقریبا نصف پنجاب کا بجٹ پیش کیا جارہا ہے اس پر ۱۶۴۶ کروڑ روپیہ خرچ کیا جارہا ہے ۔ اسی طرح دوسرے اخراجات جو میں سمجھتا ہوں کہ قطعی ناجائز ہیں اور ان میں جس حد تک کمی کی جائے مناسب ہوگی وہ پولیس کا محکمہ ہے پولیس کے محکمہ پر متحدہ پنجاب کے بجٹ سال ۱۹۴۶-۴۷ء میں ۳۶۱۱ کروڑ کا تخمینہ دکھایا گیا ہے مگر اس مد پر نصف پنجاب کے لئے ۳۶۳۳ کروڑ کا خرچ دکھایا گیا ہے ۔ یہی حال حکومت کے دوسرے محکموں کا ہے ۔ اسی طرح پبلسٹی بورڈ پر جو خرچ دکھایا گیا ہے وہ قطعی ناجائز ہے ۔ اسبارے میں مجھے متحدہ پنجاب کے اعداد و شمار نہیں مل سکے تاہم تقسیم ملک کے بعد پہلے سال کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس مد پر ۳۱۶۱۷۰ روپیہ خرچ ہوا اور موجودہ بجٹ میں اس غرض کے لئے ۴۱۵۸۷۰ روپیہ رکھا گیا ہے ۔ یہ وہ محکمہ ہے جس سے پبلک کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ۔ سوائے حکومت کی بیجا مدح سرائی کے اس محکمہ کا اور کوئی کام نہیں ۔

اسکے بعد ڈائریکٹر فوڈ پر چیز کا محکمہ ہے ۔ میری ذاتی رائے تو یہ ہے کہ اس محکمہ کو بالکل ختم کر دینا چاہئیے ۔ موجودہ قلت غلہ کے سلسلہ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ڈائریکٹر فوڈ پر چیز نے اپنے فرائیض کی انجام دہی میں کسقدر کوتاہی سے کام لیا ہے اور کسقدر نااہلی کا ثبوت دیا ہے ۔ پنجاب ایک ایسا صوبہ ہے جو دوسرے صوبوں کو بھی اپنا surplus اناج مہیا کرتا تھا اور اب یہ حال ہے کہ پنجاب کے رہنے والوں کو بھی اناج نہیں مل رہا ۔ مجھے آنریبل وزیر زراعت کے ساتھ بڑی ہمدردی ہے ۔ انہوں نے اس ایوان میں بار بار فرمایا ہے کہ صوبہ میں اناج کی کمی

نہیں ہے لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر اناج کی کمی نہیں ہے تو پھر یہ لوگوں کو ملتا کیوں نہیں ؟ یہ ایک بہانہ ہے کہ بڑے بڑے زمینداروں نے اناج کے ذخیرے رکھے ہوئے ہیں ۔ اگر یہ صحیح بھی ہو تو پھر ہمارے وزراً کس مطلب کے لئے ہیں ؟ کیا ان کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ ان ذخیروں کو نکالتے اور عوام کو اناج مہیا کرتے ؟

اخبارات کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ کہیں سے ۲۲ ہزار من کہیں سے ۱۰ ہزار من اور کہیں سے ۴ ہزار من غلہ فراہم کیا گیا یا نکالا گیا ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ ذخیرہ اندوزوں نے غلہ جمع کر رکھا ہو ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ زمینداروں نے غلہ اکٹھا کر رکھا ہے ۔ زمیندار بڑا ہو یا چھوٹا وہ غلے کو اس عرصے تک اپنے پاس رکھتا ہے جب تک غلہ منڈیوں میں آنا شروع نہیں ہوتا ۔ اگر وہ غلہ جمع رکھیں تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ضائع ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔ باقی رہے ڈیلرز ۔ تو آپا کن کن کو مقرر کیا گیا ہے اور اس کے لئے کن کن چیزوں کا لحاظ رکھا گیا ہے ۔ میں ان امور کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا ۔ کیونکہ ممکن ہے اس سے میرے بہت سے دوست جو اس ایوان کے رکن ہیں ناراض ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ Anti-Corruption Department کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ ۱۹۵۱-۵۲ء میں ۱۶۱۳۲۰ روپے کا تخمینہ تھا اور اب نئے سال کے بجٹ میں ۱۸۳۶۵۰ روپے کا تخمینہ پیش کیا گیا ہے ۔ جہاں تک اس ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے آج تک یہ سننے میں نہیں آیا کہ اس نے کیا کیا ۔ کونسا کام کیا ۔ کتنے anti-corruption کے cases پکڑے اور انہیں سزائیں دلوائیں ۔ جو چیز میرے نوٹس میں آئی وہ یہ ہے کہ جس وقت anti-corruption کا کام شروع ہوتا ہے ابتدائی تحقیقات کے مرحلے پر ہی اسے روکنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ میرے پاس ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جن کا میں یہاں ذکر نہیں کرنا چاہتا ۔ البتہ ایک کیس کا ذکر کرونگا جو ایک ذمہ دار افسر کے متعلق پیش ہوا ۔ تحقیقات کے لئے ایک سیشن جج مقرر ہوا اور پہلی ہی پیشی میں اس افسر نے تمام الزامات کے متعلق اقبال جرم کر لیا کہ مجھ سے یہ تمام جرائم سرزد ہوئے ہیں ۔ اس کا نتیجہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ انکو معاف کر کے بحال کر دیا گیا ۔

وزیر اعلیٰ (عزت مآب میاں ممتاز محمد خاں صاحب دولتانہ) facts دکھلائیے ۔

خاں افتخار حسین خاں - میں ان کا نام نہیں لینا چاہتا - آپکو بتلا دو نگا -

وزیر اعلیٰ - میں لونگا -

خاں افتخار حسین خاں - اس کے بعد عرض یہ ہے کہ ایک نیا ڈیپارٹمنٹ قائم ہوا ہے اگر بغور دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ بہت ہی مفید ہے اور وہ ہے Department of Islamiat لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس ڈیپارٹمنٹ کے متعلق شاید پچھلے سشن میں ایک سوال ہوا تھا اور ان علما کے نام دریافت کئے گئے تھے جن کا بورڈ بنایا گیا ہے - گورنمنٹ بنچز (benches) نے اس کا جواب دینے سے گریز کیا تھا - اور اسے چھپانے کی کوشش کی گئی تھی - میں سمجھتا ہوں کہ یا تو یہ ڈیپارٹمنٹ میاں انور علی ڈپٹی انسپکٹر جنرل سی - آئی - ڈی کی کوئی Secret Serivce Branch ہے جسے چھپانے کی کوشش کی گئی ہے - اور یا اس میں اس قسم کے علما ہیں جن پر پبلک کو اعتماد نہیں ہے - ورنہ نام چھپانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی - اور اگر اس قسم کے علما کو Public Exchequer سے پرورش کی جانی منظور ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت حد تک ایک خطرناک غلطی ہوگی اور اس کے نتائج بڑے دور رس ہونگے - میں پھر کسی کا نام لئے بغیر ایک ایسے عالم کا ذکر کرونگا جن کو وراثت میں بڑا زبردست جادو کا ڈنڈا ملا ہوا ہے - وہ کسی وقت پر کسی محکمہ کے شاید انچارج بھی رہے ہیں - وہ ایسا ظالم جادو کا ڈنڈا ہے کہ نہ صرف اس ڈیپارٹمنٹ کے Funds تک کھا گیا بلکہ سارا ڈیپارٹمنٹ کا ڈیپارٹمنٹ ہی گول کر گیا - اگر اس اسلامی بورڈ کا بھی یہی حشر ہونا ہے تو میں اپنے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اگر وہ اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے اور اس کو کسی بہتر صورت میں بناتے تو زیادہ بہتر ہوتا -

جناب والا - Peasants Welfare Fund ایک فنڈ ہوتا تھا جس میں Exchequer سے کچھ رقم ڈال دی جاتی تھی اور اسے Rural آبادی کے مفاد کے لئے خرچ کیا جاتا تھا - ۱۹۵۱-۵۲ء میں اس فنڈ میں ۲۲۶۲۴۰ روپے کی رقم جمع ہوئی - لیکن اس سال اس میں ایک پائی بھی جمع نہیں کی گئی یا نہیں دکھائی گئی - اسی طرح ایک اور Special Development Fund تھا جس میں ۱۹۵۱-۵۲ء میں ۵۱۲۴۱۰ روپے کی رقم جمع کی گئی - لیکن اس کا بھی چونکہ مفاد عامہ سے تعلق ہے اس لئے اس سال کے بجٹ میں اس

میں ایک پائی نہیں دکھائی گئی - مہاجرین کی ریہیبلیٹیشن Rehabilitation کے متعلق میں اس وقت بحث نہیں کرنا چاہتا کیونکہ گورنمنٹ کی طرف سے جب Demands کا وقت آئے گا تو اس پر بحث ہوگی - اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے وہی موقع زیادہ مناسب ہوگا - لیکن سطحی طور پر میں صرف اتنا عرض کردینا چاہتا ہوں کہ اس ڈیپارٹمنٹ کو جو کہ مہاجرین کی آبادکاری نہیں بلکہ ان کی بربادی کا سامان پیدا کر رہا ہے جتنی جلد ختم کر دیا جائے بہتر ہوگا - میرے دوست وزیر مہاجرین بڑے غور سے میری طرف دیکھ رہے ہیں - مجھے ان کے کام سے اتنی شکایت نہیں بلکہ میں ان کے ماتحت افسران کے متعلق عرض کر رہا ہوں جو مہاجرین کو سخت پریشان کر رہے ہیں اور انہیں تکالیف پہنچا رہے ہیں- اس وقت زمینوں پر مستقل الاٹمنٹ ہو رہی ہے-اس میں یہ صورت پیدا ہو چکی ہے کہ ہر بڑا مہاجر چھوٹے مہاجر سے لڑ رہا ہے اس چیز کا لازماً یہی نتیجہ ہوا ہے کیونکہ پہلے آپ مہاجرین کو چار چار پانچ پانچ ایکڑ پر آباد کر چکے ہیں اور اس کے بعد ان کے اوپر بھی نئے مہاجر مالک بنا کر ٹھونسے جا رہے ہیں- پہلے وہ مالیہ کا تین گنا لگان دینے سے انکار کرتے تھے اب جب ان سے پنائی سسٹم لینے کی تجویز ہو گئی ہے تو ان کو تباہی میں ڈالنے کے مترادف ہے- میں نہیں سمجھتا کہ وہ یہ دے سکیں گے- نتیجہ یہ ہو گا کہ مہاجرین کا آپس میں خون خرابہ اور جھگڑا شروع ہو جائے گا میں نہیں سمجھتا کہ کسی طریقے سے بھی یہ سکیم مہاجرین کی آبادکاری کی سکیم کہلائی جا سکتی ہے - میں تو اسے مہاجرین کی بربادی کی سکیم سمجھتا ہوں-

جناب والا ! اسی ضمن میں مجھے بڑی خوشی ہوئی جب ہمارے کلچر culture کے تحفظ کے متعلق وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں ارشاد فرمایا کہ کلچر کا تحفظ ہمارے لئے نہایت ضروری ہے- میں یہ دیکھتا ہوں کہ کلچر کے تحفظ کے سلسلہ میں ترقی اردو کے لئے اگر کوئی فنڈ وقف تھا تو وہ بالکل ختم کر دیا گیا ہے - اردو جو کہ پاکستان کی سرکاری زبان کہلاتی ہے- اردو جس کے لئے لوگ مر رہے ہیں یا مارے جا رہے ہیں اردو جس کےلئے آج بڑے جھگڑے کھڑے ہو گئے ہیں- میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے میں اور خاص طور پر پاک و ہند میں اردو کی جتنی خدمت صوبہ پنجاب نے کی تھی اردو کی جو خدمت ہمارے صوبہ پنجاب اور خصوصاً شہر لاہور نے سرانجام دی ہے- میں سمجھتا ہوں یہ امر بھی کسی وضاحت کا محتاج نہیں- اور اس کا شرف کسی دوسرے صوبہ یا شہر کو حاصل نہیں- کسقدر افسوس کا مقام ہے کہ بجٹ زیر غور میں اردو کیلئے کوئی provision نہیں کی گئی-

رہا کلچر culture کا سوال۔ تو اس کی کئی قسمیں ہیں۔ اس میں ناچ و گانا بھی آتا ہے۔ طبلہ سارنگی اور painting وغیرہ بھی۔ اس طرح اس کی اور بہت سی اقسام ہیں۔ چنانچہ آرٹ کاؤنسل کیلئے بھی funds مہیا کئے گئے اور بیس ہزار روپے کے قریب رقم بجٹ میں رکھی گئی ہے۔ ہمیں خطرہ ہے کہ اگر ہم کلچر کے اس نئے نکتہ نگاہ (جو آج کل کی روشنی کے مطابق کلچر کہلاتا ہے) کے مطابق اس تیزی سے گامزن رہے تو کل کو کوئی رقص و سرود بورڈ بھی قائم نہ ہو جائے اور اس کیلئے بھی بجٹ میں کوئی رقم مہیا نہ کر دی جائے لہٰذا میں وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ اس سے اجتناب کرنے کی کوشش کریں۔

جناب والا General Administration کے متعلق میں کیا عرض کروں۔ صوبے میں اس کی حالت روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے ایوان ہذا کے معزز ممبران اس کے متعلق اخبارات میں پڑھتے رہتے ہیں۔ علاوہ ازیں میرے آنریبل دوست وزیر اعلیٰ کے پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کی ایک رپورٹ حال ہی میں چھپی ہے جس کی موجودگی میں اس موضوع پر لب کشائی کرنا بالکل نامناسب معلوم ہوتا ہے۔ ملک قادر بخش صاحب نے اس رپورٹ میں صوبے کے نظم و نسق کی جس ناگفتہ بہ حالت کا تذکرہ کیا ہے اس کا اندازہ انہیں کے الفاظ سے بہتر معلوم ہوتا ہے۔ اس کی وجوہات افسروں کی نا اہلی۔ رشوت ستانی اور ان کا اپنے کام میں دلچسپی نہ لینا وغیرہ بیان کی گئی ہیں۔ میں ان امور پر تفصیلاً بحث کرنا نہیں چاہتا صرف اس امر کے متعلق کچھ عرض کرونگا کہ آخر افسر اپنے کام میں دلچسپی کیوں نہیں لیتے اور ان کی نااہلی کی وجہ کیا ہے۔ میرے نزدیک ان تمام امراض کی جڑ (مجھے یہ الفاظ زبان پر لاتے ہوئے بھی قدرے رنج محسوس ہوتا ہے) ہماری ہر دلعزیز جماعت مسلم لیگ ہے۔ اکثر مسلم لیگی حضرات اضلاع میں مسلم لیگ کے عہدیداران اور ایوان ہذا کے بیشتر معزز دوست عام طور پر افسروں کے پاس سفارشیں لے کر جاتے ہیں۔ کوئی غیر جانبدار یا دیانتدار افسر اگر ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دینا چاہے تو میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس کیلئے کوئی گنجائش ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی افسر کسی مسلم لیگی دوست کی سفارش نہ مانے تو یہاں سے احکامات جاتے ہیں کہ ہر معاملے میں مسلم لیگ کے عہدیداران کی رائے لی جائے اور ان سے مشورہ کیا جائے۔ حتیٰ کہ مہاجرین کی rehabilitation کا کام بھی مسلم لیگ کی معرفت ہی کیا جائے اور اگر ڈپوؤں پر گندم تقسیم کی جانی ہو تو وہ بھی مسلم لیگ کی معرفت ہی کی جائے۔ مجھے یاد ہے کہ حال ہی میں ہماری بہو بیٹیاں ڈپوؤں پر گندم اور آٹا لینے کیلئے جاتیں اور سارا سارا دن بیٹھکر آخر خالی ہاتھ

واپس آتیں۔ کیا ان کیساتھ یہ سلوک اسلئے روا رکھا گیا کہ وہ مسلم لیگ کی بہو بیٹیاں نہیں ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ کی بہو بیٹیوں کو ڈپوؤں پر جا کر صبح آٹھ بجے سے شام کے چار بجے تک بیٹھنا پڑے اور پھر خالی ہاتھ واپس آنا پڑے تو ہم دیکھیں ان پر کیا گذرتی ہے۔ (ایک آواز۔ یہ غلط ہے۔) ایسا ہوتا رہا ہے۔ غلط نہیں ہے۔

جناب والا! میں پھر کسی کا نام لئے بغیر یہ عرض کرونگا اور میرے پاس cases موجود ہیں۔ جہاں میں نے دیکھا ہے کہ ایک شخص کو زمین allot ہوتی ہے۔ جب وہ confirmation کیلئے جاتا ہے تو باوجود اس امر کے کہ ڈپٹی کمشنر اور A. D. C کے احکام موجود ہوتے ہیں اور تحصیلدار بیچارا ان کی تعمیل کرنا چاہتا ہے۔ مگر مجبور ہو جاتا ہے۔ کیوں؟ اسلئے کہ ایوان ہذا کے ایک معزز رکن وہاں پہنچ جاتے ہیں اور تحصیلدار بیچارا پریشان ہو جاتا ہے اور خود کو Between the devil and the deep sea پاتا ہے۔

اسی سلسلے میں میں لائلپور کا ایک واقعہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ آج سے ساڑھے چار سال پیشتر ایک مہاجر کو دس یا بارہ ایکڑ زمین allot ہوئی۔ اس allotment کے خلاف petition ہوئی جس کا فیصلہ اس کے حق میں ہوا۔ چنانچہ اس فیصلے کے بموجب پہلے وہ A. D. C کے پاس گیا۔ پھر افسر مال کے پاس اور بعد ازاں کمشنر ملتان ڈویژن کے پاس۔ اس کی درخواست میرے پاس موجود ہے۔ اگر آپ چاہیں تو میں اسے آنریبل وزیر مہاجرین کے پاس بھیج دونگا۔ مقصد یہ ہے کہ اس تمام کارروائی کے ہوتے ہوئے بھی آج تک اسے اس رقبے کا قبضہ نہیں دیا گیا۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کی ذمہ داری اس محکمہ کے اہلکاروں پر ہے چنانچہ نائب تحصیلدار متعلقہ کے ایک اہلکار نے جو مہاجر نہیں ہے بلکہ local ہے بلکر وہ زمین اپنے ایک نابالغ لڑکے کے نام allot کرا رکھی ہے۔ جس کی وجہ سے اس بیچارے مہاجر کو اس کا قبضہ آج تک نہیں مل سکا (قطع کلامیاں) اس کی وجہ مجھے یہ بھی معلوم ہوئی ہے کہ صوبہ بھر میں غیر مسلم لیگی لوگوں کیساتھ ایسا ہی سلوک کیا جا رہا ہے۔ جس سے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ محکمہ مال وغیرہ میں کسی غیر مسلم لیگی کی دادرسی کی گنجائش ہو ہی نہیں سکتی۔

جناب والا! میں اس سلسلے میں یہ بھی عرض کرونگا کہ اس صوبے میں انصاف کا خون ہو رہا ہے۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں۔ میرے مسلم لیگی دوستوں کی بیجا مداخلت کی وجہ سے کوئی افسر خواہ وہ محکمہ پولیس سے تعلق رکھتا ہو یا کسی عدالت سے کوئی کام کر ہی نہیں سکتا۔ اور اگر وہ کسی کی مرضی کے خلاف کوئی کام کرے تو یہاں سے یعنی

مرکز سے فوراً اس کے تبادلے کے یا جواب طلبی کے احکام جاری ہو جاتے ہیں—

جہانتک محکمہ مال کے ملازمین مثلاً نائب تحصیلداروں۔ قانون گوہن اور پٹواریوں کا تعلق ہے وہ تو بالکل دبے ہوئے ہیں - وہ نہ تو دیانتداری سے کوئی کام کر سکتے ہیں اور نہ ہی انہیں ایسا کرنے کی اجازت ہے— مجھے اپنے دوست وزیر مال سے ان کا پرسون کا جواب سن کر بڑی حیرت ہوئی جب انہون نے پٹواریوں کی ہڑتال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ میں اس پر غور کرونگا اور اس کا فیصلہ بھی ضرور کرونگا — لیکن میں کسی کے دباؤ میں آکر کچھ کرنے والا نہیں — تو میں ان کی خدمت میں عرض کردوں کہ بچہ جب بھوکا ہوتا ہے تو ماں سے دودھ مانگتا ہے — جب وہ دودھ نہ دے تو رونا شروع کردیتا ہے—(ملک غلام نبی — وہ ماں مر چکی ہے) مجھے اپنے دوست سے تو صرف یہ عرض کرنا ہے کہ یہ طوطا چشمی اچھی نہیں — انتخابات سے پہلے یہی پٹواری بچارے جن کے جھونپڑون میں جا جا کر آپ بیٹھا کرتے تھے اور جن کی انتھک کوششون کی وجہ سے آپ آج کامیاب ہو کر اس ایوان میں مسند نشین ہیں — جب وہ اپنے جائز مطالبے آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں تو اُن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ میں گسی کی دھمکی میں آ کر کوئی کام کرنے والا نہیں ہوں — آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ دن ہمیشہ نہیں رہا کرتے — ممکن ہے کل کو پھر کوئی وقت آئے جب کہ آپ کو ان کی دھمکیاں برداشت کرنی پڑیں — مگر اس وقت وہ ایسی چیزیں بھلانے کی نہیں — لہذا میری گزارش ہے کہ اس قسم کا چیلنج ہرگز مناسب نہیں —

جناب والا ! اب میں پولیس کے متعلق کچھ عرض کرونگا اس کی inefficiency کا تو ذکر ہی کیا — وہ تو ظاہر ہی ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ صوبے میں وارداتوں کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے۔ اس محکمے کی inefficiency کی وجوہات بھی وہی ہیں جو دیگر محکموں کے سلسلے میں ہیں — یعنی مسلم لیگ — دراصل آئے دن کے تبادلے اور ذرا ذرا سی بات کے متعلق شکایت پر سزائیں ملنے کی وجہ سے بیشتر افسر بددل ہو چکے ہیں — اور خاص طور پر جہانتک سپاہیوں اور ہیڈ کانسٹیبلوں کا تعلق ہے Pay Commission کی سفارشات کے مطابق (اگر میں غلطی نہیں کر رہا) ان کو انتخابات سے پہلے زیادہ تنخواہیں دی گئیں اور انتخابات کے بعد اب

تک وہ ان سے واپس لی جارہی ہیں — یہ سراسر نا انصافی ہے — ان کے ساتھ یہ سلوک کرکے ان کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ بے ضابطگیوں اور بدعنوانیوں کے مرتکب ہوں — وہ حکومت سے مناسب تنخواہ کا مطالبہ محض اس لئے کرتے ہیں کہ وہ رشوت لینا نہیں چاہتے — مگر حکومت ان کے مطالبات منظور نہ کرکے ان سے یہ کہتی ہے کہ ہم تمہیں رشوت نہ لینے کے اجازت نہیں دیتے —

جہاں آرا بیگم شاہنواز (لاہور بیرون — مسلم — زنانہ نشست)

صدر محترم — مجھے اجازت دیجئے کہ میں اپنے محترم وزیر اعلیٰ کی خدمت میں دلی مبارکباد پیش کروں کہ انہوں نے صوبے کی عنان حکومت ہاتھ میں لیتے ہی ایک ایسا ترقی پسندانہ بجٹ پیش کرنے کا مستحسن اقدام کیا ہے جس کی بدولت انشاءُ اللہ تعالیٰ صوبے میں امن — ترقی نیز خوشحالی و فارغ البالی کا دور دورہ ہوگا —

صدر محترم — وزیر اعلیٰ نے واقعی جو بجٹ ایوان ہذا میں پیش کیا ہے اس میں زندگی کے ہر ایک ضروری شعبہ میں انہوں نے کوئی نہ کوئی نئی اسکیم اختراع کی ہے — جہاں تک ہمارے صوبے کی آمدنی کا تعلق ہے ہمارے محترم وزیراعلیٰ نے اسے بڑھایا ہے کم نہیں کیا اور اخراجات کو بھی انہوں نے بڑھایا ہے کم نہیں کیا — نیز جو اخراجات برداشت کئے ہیں وہ بھی زیادہ تر beneficient activities میں ہی صرف ہونگے —

صدر محترم — اس وقت اگر ہم اس بجٹ کو ہاتھ میں لیں تو سب سے پہلی چیز جو کسی انسان کی نظر میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ اس وزارت نے صوبے کی ۲۲ کروڑ کی کل آمدنی میں سے ۷ کروڑ ۲۶ لاکھ روپیے کی رقم beneficient departments کے لئے وقف کی ہے - یعنی کل آمدنی کا ۱/۳ حصہ رفاہ عام کے تعمیری کاموں پر صرف کرنے کے لئے مخصوص کیا گیا ہے — مجھے گذشتہ کسی سال کے بجٹ میں بھی اتنا روپیہ رفاہ عامہ کے کاموں کے لئے مخصوص شدہ نظر نہیں آیا — مگر میں اپنے محترم قائد حزب مخالف کے یہ الفاظ دوہرانا چاہتی ہوں کہ جب وزیر اعلیٰ تقریر کر رہے تھے تو قائد حزب مخالف کو ایسا محسوس ہو رہا تھا گویا کہ وزیر اعلیٰ محض مسلم لیگ کے صدر کی حیثیت میں تقریر کر رہے اور وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے نہیں — میں ان سے پوچھتی ہوں کیا وہ دل سے کہہ رہے تھے کیونکہ اے کاش ! ہماری ایک قومی جماعت کا ایسا بجٹ

ہوتا ۔ سکی آمدنی اتنی اور اتنا روپیہ ہوتا کہ وہ رفاہ عام کے کاموں پر اسقی طرح سے صرف ہو سکتا تو کسقدر خوشی ہوتی —

صدر محترم — میں یہ گزارش کرون گی کہ محترم نواب صاحب نے ۱۹۴۷—۴۸ کے بجٹ میں جبکہ وہ وزیر اعلیٰ تھے قوم کی تعمیری خدمات پر کتنے مصارف دکھائے تھے — محترم نواب صاحب اور بیشتر دیگر اصحاب کو بھی وہ اعداد و شمار یاد ہونگے — صوبۂ پنجاب میں اس وقت فوے لاکھ ایکڑ زمین زیر کاشت ہے ۔ اب صوبے میں آٹے کی قلت اور غذا کی کمی ہے کیا اس کا ایک سبب یہ نہیں ہے کہ گذشتہ ۵ سال سے صوبہ کی آبادی ۱۶ یا ۱۸ فی صدی کے تناسب سے بڑھ رہی ہے اور اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ہر سال ایک لاکھ ایکڑ زمین زیادہ زیر کاشت آنی چاہئے کیا محترم نواب صاحب نے اپنی وزارت عظمیٰ کے زمانے میں اس کو محسوس کیا اور اس کا انتظام کیا یہ نہیں بلکہ تھل میں جو بیس لاکھ آراضی زیر کاشت آنے والی تھی اس کے لئے ایسی اسکیم وضع کرنے کی تجویز کی جس سے یہ زمین ۲۵ سال میں بھی آباد نہ ہو سکے اس بجٹ میں وزیر اعلیٰ نے اس کے لئے چار کروڑ روپیے سے بھی زائد رقم رکھ دی ہے —

محترم نواب صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ صوبے میں ٹیکسون کے بوجھ کو ہلکا نہیں کیا گیا ۔ میں یہ سن کر حیران ہو رہی تھی کہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس میں کمی کی گئی ہے وہ بھی تو صوبے میں ٹیکسون کے بوجھ کو ہلکا کرنے کی ایک کوشش ہے اور پھر beneficient Activities پر مصارف کا بڑھانا بھی تو قوم کی اصل خدمت اور بھلائی کے لئے ہے — صوبے کے محاصل کو رفاہ عامہ کے امور کے لئے utilize کرنا ایک مستحسن کام ہے — اس کے باوجود کسی مزید ٹیکس کا نہ لگانا ایک معجزہ معلوم ہوتا ہے —

محترم قائد حزب مخالف نے یہ اعتراض بھی کیا تھا کہ سابقہ متحدہ پنجاب کے مقابلے میں موجودہ نصف پنجاب کے آخراجات بڑھے ہوئے ہیں ۔ شاید وہ فراموش کر گئے ہیں کہ پنجاب کی تقسیم کے ساتھ آبادی تو نصف نہیں ہو گئی بلکہ جہاں غیر مسلم چلے گئے تھے وہاں اُن کی جگہ جو مسلم مہاجرین آ گئے وہ تعداد میں زیادہ ہیں — اور ہر سال دس ۔ پندرہ فی صدی کے حساب سے آبادی بڑھتی جا رہی ہے — ہماری حکومت کے آخراجات per capita یعنی فی کس آبادی کے تناسب سے برداشت

کئے جاتے ہیں نہ کہ رقبہ اور milage کے حساب سے اور پھر اسکے علاوہ غیر معمولی حالات میں انتظام پر ہمیشہ خرچ زیادہ ہوتا ہے۔ شاید حزب مخالف کے قائد کو معلوم نہیں کہ میڈیکل اور پبلک ہیلتھ ایک محکمہ بنادئے گئے ہیں اور اس محکمہ کے لئے ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک کروڑ چالیس لاکھ روپیہ دیا گیا ہے۔ ایسے رفاہ عام کے تعمیری اور مفید محکمہ کے لئے ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ روپیہ خرچ کرنا کوئی معمولی کام نہیں ہے۔ پھر میرے محترم نواب صاحب نے پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے اخراجات پر تنقید کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ یہ زاید اور ناجایز اخراجات ہیں مگر میں اس رقم کو بہت کم سمجھتی ہوں کیونکہ صوبہ میں ایک اعلی درجے کے انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ کی تنظیم کرنا از حد ضروری ہے جر اس جمہوری دور میں جو کہ جمہوری شہنشاہیت کا زمانہ ہے حکومت کے تمام ارادوں اور کارناموں کو عوام تک پہنچا اور انہیں سمجھا سکے۔ اگر حزب مخالف کے لیڈر کو تنقید ہی کرنا تھی تو اس تنقید کو useful بنانے کے لئے عملی تجاویز پیش کرنا لازمی تھا۔ انہیں اپنی ذمہ داری کو محسوس کرکے حکومت کو بتانا چاہیے تھا کہ فلاں جگہ ان سے فلاں لغزش ہوتی ہے اور فلاں جگہ انہیں کام یوں کرنا چاہیے تھا۔ مجھے یقین ہے کہ ہماری وزارت ایسی تعمیری تنقید کو ضرور welcome کرتی مگر نواب صاحب نے ساری تقریر میں کوئی تعمیری suggestions پیش نہیں کیں جن کو سن کر خوشی ہوتی۔ محترم قائد حزب مخالف کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایوان ہذا ایک legislative body ہے جسے قوم کا تعمیری کام کرنا ہوتا ہے اور ایک ذمہ وار حزب مخالف کا یہ فرض ہوتا ہے کہ تنقید کے ساتھہ ساتھہ تعمیری تجاویز بھی پیش کرے۔

میں آپ کی وساطت سے اب صرف چند ایک چیزیں اپنے وزیر اعلی کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں۔ چونکہ وقت میرے پاس تھوڑا ہے اس لئے میں لیڈر حزب مخالف کی اور باتوں کا جواب نہیں دے سکتی۔ کیونکہ چند ضروری تجاویز پیش کرنا چاہتی ہوں۔

صدر محترم—ممکن ہے کہ اس صوبہ میں میرے خیالات کے کئی ایک نہیں تو چند ایک بھائی اور بہنیں تو ضرور موجود ہوں گی جن کو یہ بجٹ پڑھنے کے بعد یہ خیال ضرور آئیگا کہ پانچ کروڑ کی رقم جو ایک windfall ہے یعنی غیر معمولی رقم اس سال ہی میں ملی اور خوش قسمتی سے ہمارے حصہ میں آئی ہے اس پانچ کروڑ کی رقم کو بجائے اس

کے کہ ڈیپارٹمنٹس کو کہدیا جاتا کہ وہ تجاویز بھیجیں اور ان تجاویز کو لے کر بجٹ میں رکھدیا جاتا اگر یہ رقم بعض ابتدائی کاموں میں صرف کرنے پر استعمال کی جاتی تو بہتر ہوتا۔ میں امید کرتی ہوں کہ یہ چند تجاویز جو میں پیش کرنے والی ہوں وہ مستقبل کے لئے مد نظر رکھی جائیں گی تاکہ اگر کوئی اور ایسی ہی windfall آئے تو ہم ان بنیادی چیزوں کی بناڈال سکیں جن کے لئے تمام صوبہ پنجاب کی پبلک کی آنکھیں ہمارے قابل وزیر اعلی کی طرف لگی ہوئی ہیں۔

صدر محترم— کن چیزوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے؟ ہمارے عوام الناس کو سب سے پہلے پیٹ بھرنے کے لئے روٹی—سر کے اوپر چھت—اس کے بعد تعلیم اور پھر طبی امداد کی ضرورت ہے۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ اگر اس پانچ کروڑ روپیہ سے چند ایک وہ کام کئے جاتے جن سے ان چیزوں کے لئے ایک شاندار عمارت کی بنیاد مستقبل کے لئے ڈالی جاسکتی تو شاید بہتر ہوتا—مثلاً اگر اڑھائی کروڑ روپیہ تعلیم پر خرچ کرنا تھا تو کیا بہتر نہ ہوتا اگر ایسی منسٹری قائم کی جاتی جسے تعلیم سوشل سروس اور information کی منسٹری کہا جاتا۔ ایسے مراکز قائم ہوتے جہاں رضاکارانہ طور پر تمام لکھے پڑھے لوگوں کی خدمات حاصل کی جائیں۔ خواہ وہ ہائی کورٹ کے جج ہوں یا آپ جیسے بزرگ جو اعلی عہدوں پر فائز ہیں۔ ہم ان سے کہتے کہ وہ ہفتہ میں چند گھنٹے سوشل سروس کے لئے وقف کریں۔ ان مراکز میں adult literacy اور بچوں کی تعلیم کا کام سر انجام پاتا اور سب وہ بہنیں اور بھائی جن کو لکھنا اور پڑھنا آتا ہے وہاں ان پڑھ لوگوں کو پڑھنا سکھاتے۔ اور مستقبل جو اس وقت تاریک نظر آرہا ہے روشن اور درخشاں ہوجاتا۔ اگر بارہ سو سکولوں کی عمارتیں بن گئیں تو کیا اس کا مطلب یہ نہیں ہوگا کہ تعلیم رائج ہوجائے گی۔ یہ اسی طریقے سے ہوسکتی ہے جو میں نے عرض کیا ہے۔ گورنمنٹ کا target کیا ہے یعنی پندرہ یا بیس سال میں اگر لکھنا پڑھنا سکھانا ہے تو اسی طریقے سے ہی ہوسکتا ہے وگرنہ ایک سو سال میں بھی نہیں ہوسکتا۔ اس کے علاوہ طبی امداد ہے اس میں شک نہیں کہ اس پر جو روپیہ خرچ کرنے کی تجاویز ہیں وہ نہایت اعلی رہیں گی۔ اور میں سمجھتی ہوں کہ اس سے بہتر تجاویز نہیں ہوسکتی تھیں۔ مگر صدر محترم ہم ایک مشن لے کر آگے بڑھنے کی کوشش کررہے ہیں۔ ہم نے دنیا کو کہنا ہے کہ ہمیں ان کے سامنے ایک اعلی اسلامی طرز حکومت کا نمونہ پیش کرنا ہے۔ اس لئے ہمیں بنیادی چیزوں کا زیادہ خیال رکھنا ہے مثلاً آج طبی امداد ۱۰ فی صدی

لوگوں کو مل رہی ہے تو ہمیں اس قسم کی سکیموں پر عمل پیرا ہونا چاہئیے کہ جن سے آئندہ پانچ سال میں یا دس سال میں دس نہیں تو کم سے کم پانچ فیصدی لوگوں کو طبی امداد مل سکے اور اس کے لئے بعض شارٹ ٹرم سکیمیں ہیں اور وزیر اعلی صاحب خدا کے فضل و کرم سے اور دیگر وزراء بھی بڑے قابل بھائی ہیں اور انہوں نے بہت سی کتابیں پڑی ہیں۔ مگر پھر بھی اگر وہ اجازت دیں تو کئی ایک ان کی بہنیں اور بھائی ان کے سامنے ایسی شارٹ ٹرم سکیمیں رکھیں گے جن سے ڈاکٹروں کو جلد تیار کر کے دیہات بھیجا جا سکے اور ایسے اسکول ان کے لئے کھولے جاسکیں۔

یہ دیکھ کر مجھے بے انتہا خوشی ہوئی ہے کہ انہوں نے طبی امداد کے سلسلے میں تمام اضلاع میں ہسپتال اور بچوں کے مراکز اور میٹرنٹی سنٹرز کھولنے کا ارادہ کیا ہے مگر میں ان کی خدمت میں عرض کروں گی کہ آپ کی قومی زندگی پر سب سے بدنما داغ میٹرنٹی اور چائلڈ مورٹیلیٹی کا ہے اور اس کے لئے انفنٹ و لفئیر سنٹرز جگہ جگہ کھولنے کی ضرورت ہے اور میں امید کرتی ہوں کہ آپ اس پر زیادہ روپیہ خرچ کرنے کی تجویز کرینگے۔

صدر محترم—آپ بھی جانتے ہیں اور ایوان کے باقی ممبران بھی جانتے ہیں کہ بیکاری اس وقت بہت زیادہ بڑھ چکی ہے۔ کل ہی ایک آدمی میرے پاس اپنے بھائی کو لایا جو میٹریکولیٹ ہے اور کہا کہ چھ مہینے سے آپ کے پاس آڑھا ہوں اور اس کو آپ کوئی نوکری دلوا نہیں سکیں۔ اب یہ کہہ رہا ہے کہ اگر ایک مہینے تک نوکری نہ ملی تو میں خود کشی کرلوں گا۔ اس چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے میں عرض کرونگی کہ آپ نے جہاں اور چیزوں کا خیال کیا ہے اس چیز کی طرف بھی توجہہ فرمائیں۔ آپ اس چیز کو بھی مدنظر رکھیں کہ دیہات میں ہماری basic انڈسٹری یعنی زراعت کو کسی طریق سے فروغ دیا جائے کہ uneconic holdings کو economic بنایا جاسکے اور agricultural labour جب بغیر کسی کام کے ہو یا اس کی آمدنی کم ہو تو وہ کسی طرح سے اپنی آمدنی کو supplement کرسکے۔ صدر محترم—آپ کو اور مجھے معلوم ہے کہ ۸۲ فیصدی لوگ ایسے ہیں کہ ان کا ایک ہی انڈسٹری ایک ہی صنعت پر دار و مدار ہے۔ اور وہ زراعت ہے۔ اور باقی کے ۱۸ فیصدی لوگ جو شہری علاقوں میں ہیں۔ ان ۱۸ فیصدی لوگوں کے لئے ایسی انڈسٹری کی تنظیم کے متعلق اصولی طور پر کچھہ نہ کچھہ ضرور کرنا ہوگا جس کے ذریعہ سے ان کا گذارا چل سکے اور وہ اپنی روزی کما سکیں۔ اور نوکریوں کے لئے جگہ جگہ سر بہ گریباں نہ پھریں

صدر محترم—چونکہ وقت کم ہے۔ اس لئے میں اس موضوع پر زیادہ روشنی نہیں ڈال سکتی صرف چند ایک چیزیں اور عرض کرنا چاہتی ہوں—

اول یہ ہے کہ لاہور کی severage scheme کتنا عرصہ ہوا شروع ہوئی تھی اور ابھی تک ختم نہیں ہوئی دوسرے لاہور شہر میں ایک اور مشکل ہے کہ جتنا زمیندار طبقہ یہاں رہتا ہے اس پر ٹیکسوں کی اتنی بھرمار ہے کہ وہ برداشت نہیں کر سکتے۔ ایگریکلچرل انکم ٹیکس اور کارپوریشن کے ٹیکس اتنے بڑھ گئے ہیں کہ لاہور کے زمیندار فقیر ہوتے جارہے ہیں۔ جہاں تک شہری علاقوں کا تعلق ہے خواہ لاہور میں ہوں یا دیگر بڑے بڑے شہروں میں۔ وہاں ایگریکلچرل انکم ٹیکس نہیں لگنا چاہئے۔ کیونکہ وہ دو قسم کے ٹیکسوں کے بار کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ لہذا میں عرض کرنا چاہتی ہوں کہ اس چیز کے متعلق ضرور سوچیں—

صدر محترم—میں آپ کی وساطت سے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتی ہوں کہ ہائیڈرو الیکٹرک سکیمیں جتنی ہیں وہ اسی صورت میں کامیاب ہوسکیں گی کہ وہ سب سے پہلے اپنی skilled labour کا خیال کریں اگر ایسا نہیں کریں گے تو وہی حال ہوگا جیسا کہ میں نے حزب مخالف کے لیڈر کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ خوراک کے متعلق ہوا ہے۔ اگر چھ سال بعد ہماری ہائیڈرو الیکٹرک سکیمیں مکمل ہوگئیں اور ہمارے پاس skilled labour نہ ہوئی تو ہم کسی طریقے سے بھی دنیا کی مارکیٹ میں compete نہیں کرسکیں گے۔ اور ہماری صنعت کو وہ فروغ حاصل نہ ہوگا جو ہم چاہتے ہیں کہ ہو۔ لازم ہے کہ جلد جلد ایسے مرکز قائم کئے جائیں جہاں کاریگر کام سیکھ سکیں ایک چیز جس سے مجھے بہت زیادہ مایوسی ہوئی وہ یہ ہے کہ Home science Colleges کو صرف پانچ لاکھ روپیہ دیا گیا ہے ہمیں امید تھی کہ وہ پچیس لاکھ روپیہ ایسے کالج کے لئے ضرور دیں گے۔ کیونکہ یہ ایک ایسی اشد ضرورت ہے جس کا پورا ہونا لازمی ہے اس وقت جو نصاب تعلیم رائج ہے وہ کس طرح بھی ہر عورت کے لئے موزوں نہیں ہے۔ ایک نصاب تو ایسا ہونا چاہئے جس میں لڑکے اور لڑکیاں برابر شریک ہوسکیں۔ مگر اور ایک ایسا ہو جو ۹۹ فیصدی عورتوں کے لئے موزوں ہو اور یہ ایک home science کالج ہی ہے کے ذریعہ سے ایسا ہو سکتا ہے

صدر محترم اب میں آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم کی خدمت میں گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ چند روز ہوئے باہر سے چند خواتین آئی تھیں - میں ان کو لے کر بعض کالجوں میں گئی - وہاں کی حالت اور ان کی equipment کو دیکھکر مجھے بہت رنج ہوا - لڑکیوں کے کالجوں کے حالات بہت خراب ہو رہے ہیں - آپ مہربانی کرکے ان کو نئی equipment مہیا کریں اور عمارتوں کی مرمت وغیرہ اچھی طرح کرائیں آپ کو معلوم ہے مشرقی ممالک کی کانفرنس ہو رہی ہے - دنیا سے خواتین آرہی ہیں - ہم ان کو یہ کالج موجودہ حالت میں کیسے دکھائینگے ؟

صدر محترم دنیا اس وقت چل نہیں رہی ہے - دنیا اس وقت موٹر کار کی رفتار سے نہیں جا رہی - دنیا اڑرہی ہے - اور اگر ہم اپنی موجودہ رفتار سے چلتے رہے تو ہم دنیا کے مقابلے میں پورے نہیں اترینگے میں تو سمجھتی ہوں کہ ہم جس اسلامی طور حکومت کی بنا ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں اس کی کچھ جھلک سوئٹزر لینڈ کے جمہوری نظام میں ہے یا امریکہ کے طرز حکومت کے بعض حصوں میں یا روسی کمیونزم کے بعض شعبوں میں نظر آتی ہے ان کا ملاپ ہماری اپنی اسلامی تواریخ اور تہذیب و تمدن خواتین کے ساتھ منسلک ہو کر ایک ایسی حکومت کی تصویر دنیا کے سامنے پیش کر سکتا ہے جس کی آج دنیا متمنی ہے۔

نواب صاحب نے فرمایا ہے کہ اسلامیات کا محکمہ خراب ہے - اگر یہ فی الحقیقت ایسا ہے تو پھر انہیں یہ نہیں کہنا چاہئے تھا کہ محکمہ کے لئے روپیہ کیوں دیا گیا ہے بلکہ یہ کہنا چاہئے تھا کہ جتنا روپیہ دیا گیا ہے وہ تھوڑا ہے - کیونکہ ابھی ہمیں اسلامیات کے بہترین ماہر حاصل کرنے ہیں تاکہ ہمارا مشن پورا ہو - صدر محترم - اب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ نواب صاحب نے کلچر کے متعلق جو آرٹ کونسل کا ذکر کیا ہے - کاش وہ یہ کہتے کہ موجودہ حکومت نے بہتر قدم اٹھایا ہے اور اگر وہ اس پر یقین نہیں رکھتے تو میں سمجھتی ہوں انہیں غور کرنا چاہئے تھا کہ ایسی ایک کونسل کی تجویز تو ان کے وقت میں جب ہو رہی تھی اس وقت انہوں نے اسے کیوں روک نہ دیا میں تو سمجھتی ہوں کہ اس آرٹ کونسل سے ہمارے بہترین آرٹسٹوں کو موقع ملا ہے اور اب وہ دنیا کے سامنے اپنی اچھی اچھی چیزیں پیش کرسکیں گے - یہ تو آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتی ہوں کہ اس آرٹ کونسل سے ہمارے اچھے پینٹرز کو موقع ملیگا کہ وہ اپنی بہترین تصاویر کی نمائش کرسکیں اور یہ کونسل ایسی نہیں ہے جسے دنیا کے سامنے پیش نہ کرسکیں اور ہمارے لئے یہ

ہوگا کہ ہم لوگ جو پہلے ایک خشک زندگی بسر کرتے تھے اب اس آرٹ کونسل کے ذریعہ جو آرٹ میں زیادہ دلچسپی لے سکینگے خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمارے ہاں آرٹسٹ ہیں چغتائی جیسے پھر Musicians فوٹو گرافر موجود ہیں ہاں اگر کوئی اور ایسی بات وہاں ہو جو ان کے نزدیک نا مناسب ہو تو بے شک اس کا روکنا حکومت کے لئے ضروری ہوگا۔

صدر محترم باتیں تو بہت ہیں مگر وقت کم ہے اس وقت مجھے تین چار باتیں اور عرض کرنی ہیں اور چند ایک باتوں کا جواب بھی دینا ہے چونکہ اور گرانٹس آرہی ہیں اس لئے ان گرانٹس پر تقریر کرونگی اب آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں وزیر اعلیٰ کی خدمت میں دست بستہ اور مودبانہ گزارش کروں کہ وہ چند ایک چیزیں جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ضرور مد نظر رکھیں اور اگر کوئی ایسا موقع پیدا ہوا کہ انہیں کچھ اور روپیہ ہاتھ آئے تو وہ ان بنیادی چیزوں پر اس روپیہ کا استعمال کریں

صدر محترم سب سے پہلی چیز رشوت ستانی کے محکمہ کے متعلق ہے اس محکمہ نے کام شروع کردیا ہے (قہقہہ)

(آوازیں ۔ انسداد رشوت ستانی) (,,)

معاف کیجئے ۔ محکمہ انسداد رشوت ستانی کے متعلق یہ عرض کرونگی کہ اگر انہوں نے اس محکمہ کے لئے زیادہ روپیہ دیا ہے تو میں خوش ہوں کیونکہ اس وقت رشوت ستانی اس قدر بڑھی ہوئی ہے کہ اس کی روک تھام کی اشد ضرورت ہے ۔ میں تو یہ سمجھتی ہوں کہ چھوٹے سے لے کر بڑے تک (معاف کیجئے بعض دفتروں میں اگر آپ جائیں تو آپ کو خود معلوم ہوجائیگا بلکہ لوگ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ چپراسیوں سے لے کر چھوٹے افسر جبتک کسی کی جیب خالی نہیں کر لیتے ان کی آگے رسائی نہیں ہونے دیتے ۔ اس لئے حکومت کو چاہیے کہ کم از کم دو تین افسروں کو Exemplary punishment دے یعنی ایسی سزائیں دے کہ مستقبل کے لئے نمونہ ہوں اور دیگر آفیسر پھر ایسی باتیں نہ کر سکیں نیز آپ یہ کیجئے کہ چھوٹے سے لے کر بڑے تک جن افسروں کی تین سالانہ رپورٹیں ایسی ہوں کہ وہ Honest ہیں اور ان کی متعلق آپ بھی جانتے ہوں کہ وہ واقعی Honest ہیں خواہ وہ چپراسی ہوں خواہ بڑے افسر ہوں ان کو ایک Increment زیادہ دی جائے یعنی جو دیانتداری دکھائے اسے کچھ نہ کچھ انعام ضرور دیا جائے کیوں کہ آپ جانتے ہیں کہ اگر Impetus موجود ہو تو انسان کوشش زیادہ کرتا ہے اور آگر ایسا ہوگا جو Honesty دکھائے اس

کی تعریف بھی ہو اور روپیہ بھی زیادہ ملے تو اس کا زیادہ خیال ہوگا بہر حال کوئی ایسا اقدام ضرور کرنا چاہئے جس سے رشوت ستانی کا قلع قمع ہوجائے - میں نے بعض لوگوں کو تو یہاں تک کہتے ہوئے سنا ہے کہ پہلے ہم جو کام پانچ روپیہ میں کر سکتے تھے پاکستان بننے کی بعد وہ اب ایک سو روپیہ میں بھی نہیں ہوتا - در اصل رشوت ستانی دن بدن بڑھ رہی ہے - اس لئے لازمی ہے کہ ہم لوگوں کو اس کے نتائج سے آگاہ کریں اور ایسی سزائیں دیں کہ رشوت لینے والا عبرت حاصل کرے بلکہ میں تو کہوں گی کہ رشوت دینے والے کو بھی سزا ملنی چاہئے - قرآن کریم میں بھی یہی آیا ہے دوسری بات جو مجھے عرض کرنی ہے وہ ہاؤسنگ سوسائٹی کے متعلق ہے - جس طرح آپ نے افسروں کے لئے کچھ چیزیں رکھی ہیں کہ جب وہ چاہیں Advance لے سکتے ہیں اور امپرومنٹ ٹرسٹ ان کے لئے سستے داموں عمارت بنانے میں مدد دیتی ہے اسی طرح عام لوگوں کے لئے ہاؤسنگ سوسائیٹز بنائی جائے جس میں گورنمنٹ کے ۵۱ فیصدی حصے ہوں یعنی اس کا Capital Share ہو - لوگوں کے لئے ایسی Societies ضرور قائم ہونی چاہئیں تاکہ Capital ہو اور لوگوں کو سوسائٹیاں قرضہ دے سکیں

صدر محترم - میں اس ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتی اب میں آنریبل چیف منسٹر صاحب کو ان کے اعلیٰ بجٹ پیش کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں اور استدعا کرتی ہوں کہ یہ چند تجاویز جو میں نے پیش کی ہیں انہیں ضرور مد نظر رکھا جائے تاکہ قوم اور ملک کی بہتری کے لئے ایسی چیزوں کی ابتدا ہو جائے کیونکہ ان کے مکمل ہوئے بغیر کامیابی نہیں ہو سکتی - اب میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں دست بستہ گزارش کروں گی کہ یہ ایک Stereo typed بجٹ ہے مستقبل میں اگر وہ چار پانچ سال کی long term سکیمیں پیش کرینگے تو ہماری تسلی و تشفی زیادہ ہوگی اور بنیادی تعمیری کام کو شروع کرنے سے لوگ زیادہ Score محسوس کرینگے -

*چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم) - جناب والا پیشتر اس کے کہ میں بجٹ پر اپنے خیالات کا اظہار کروں اس معاملے کی اہمیت کے پیش نظر میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ بجٹ کے مطالعہ کے لئے جو وقت ہمیں دیا جاتا ہے وہ بہت مختصر اور تھوڑا ہوتا ہے - بجٹ کا مطالعہ اور اس پر غور و خوض ایک نہایت پیچیدہ سا معاملہ ہے اور اس پر اظہار خیال کے لئے عمیق اور دقیق قسم کا مطالعہ نہایت ضروری

ہے اور اس معاملے کی اہمیت کے مقابلے میں موجودہ وقت نہایت قلیل ہے ۔ جناب والا میں نہیں سمجھتا کہ میری یہ گزارش کس حد تک موثر ہو سکتی ہے یا یہ کہ اس کے آئندہ نتائج کیا ہو سکتے ہیں بہر حال چونکہ legislation کی نسبت بجٹ کا معاملہ کہیں زیادہ اہم ہوتا ہے اور درحقیقت یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس سے ہمارے معاشرے اور ہمارے صوبہ کی سارے سال کی فلاح و بہبود کا تعلق ہے اور اس پر اس کا دارومدار اور انحصار ہے اس لئے اس پر ایک بڑے وسیع اور عمیق مطالعہ کے لئے کافی وقت درکار ہے ۔

جناب والا میں علم معیشت کا طالب علم نہیں ہوں اور نہ ہی مجھے مالیات عامہ کے کوئی خاص مطالعہ کا موقعہ مل سکا ہے ۔ بہر حال میں اپنی مختصر اور سرسری سی معلومات کی روشنی میں جو مجھے حاصل ہیں میزانیہ پیش نظر پر تنقید و احتساب کی کوشش کرونگا ۔ جناب والا ماہرین معاشیات کے درمیان مالیت عامہ کے متعلق چند اصول اور مبادی بالکل مسلمہ حیثیت رکھتے ہیں اور ان کو پیش نظر رکھنا نہایت ضروری ہے ۔ مثال کے طور پر ہمیشہ یہ دیکھنا ہے کہ ہمارے بجٹ میں آمد اور خرچ کے درمیان کس حد تک توازن اور تناسب ہے کیا ہمارا بجٹ مسرفانہ تو نہیں ہے ؟ اس کے علاوہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کیا تحصیل محاصل کے معاملہ میں ہم نے عادلانہ اور منصفانہ تناسب سے کام لیا ہے کیا اس میں کہیں یہ تو نہیں کہ اس کی ضرب ایک طبقہ پر شدت سے پڑتی ہے اور دوسرا طبقہ محفوظ ہے ؟ ٹیکسیشن کے معاملے میں غریب محتاج اور یتیم کی خاص اعانت ہونی چاہئے منصوبہ بندی سے اپنے ملک کی بہتری اور بہبودی کے لئے اعلیٰ سکیموں کو ہاتھ میں لینا چاہئے انڈسٹریز کے معاملے میں خصوصیت کے ساتھ بڑے کاروباری اور صحیح نقطہ نگاہ سے ان سکیموں پر غور کیا جانا چاہئے ۔ جہاں ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ کہیں ہم اپنے ملک کے سارے ذرائع آمدنی کو اس شدت سے تو نہیں نچوڑ رہے کہ ان میں وہ سر چشمے ہی بند ہوجائیں اور ان میں ترقی کی صلاحیت ہی باقی نہ رہے وہاں ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ کیا ہم نے ہنگامی حالات کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کی ہیں اور کیا ہم ان فوری حالات کا مقابلہ کرسکینگے مختصر طور پر یہ موٹے سے اصول ہیں جن کے پیش نظر میں موجودہ میزانیہ پر اپنے خیالات کے اظہار کی کوشش کرونگا ۔

جناب والا پیشتر اس کے کہ میں اپنے ذاتی خیالات کا اظہار کروں میں بجٹ کے متعلق ایک امر کا ذکر کرنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں

جس سے کہ مجھے کافی مسرت اور اطمینان حاصل ہوا اور وہ یہ ہے کہ مجھسے پہلے جو معزز خاتون نے دوسری طرف سے میزانیہ پر تقریر فرمائی ہے مجھے یہ خدشہ تھا کہ شاید وہ مدح سرائی اور قصیدہ خوانی کی کوشش کرینگی لیکن ان کی تنقید بہترین قسم کی تھی اور مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی اس ایوان کے تمام معزز ارکان اسی نقطہ نگاہ سے تنقید کرینگے۔

جناب والا سب سے پہلی بات جو میں اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ ہم نے دیکھنا ہے کہ سب سے زیادہ محاصل کا بار کس پر پڑا ہے۔ حصول آزادی کے بعد ہماری بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر ہر سال ہماری حکومت نے بے انداز نئی قسم کے ٹیکسز لگا دئے ہیں پراپرٹی ٹیکس کو مستقل کر دیا گیا ہے زرعی ٹیکس اور ساڑھے بارہ فیصدی مہاجر ٹیکس اس وقت تک ہم سے بدستور لیا جا رہا ہے۔ یہ تمام اس قسم کے محاصل ہیں جو شروع سے ماسوائے کبھی عارضی وقفہ کے عائد کئے گئے ہیں۔ اس میزانیہ میں جو اہم بات ہے وہ یہ ہے کہ لینڈ ریونیو آبیانہ پر ساڑھے بارہ فیصدی کے حساب سے مہاجر ٹیکس وصول کیا جارہا ہے اور اس کا بوجھ سب سے زیادہ غریب مزارعین اور ادنیٰ مالکان پر پڑیگا جناب والا agrarian reform کے ذریعے جن کا اس قدر ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے ہماری حکومت نے کمال شفقت اور مہربانی سے مزارعین کا بالکل خاتمہ کر دیا ہے جناب والا میں اس ایوان کی توجہ وزیر اعلیٰ صاحب کی اس تقریر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ یہ لوگ در حقیقت ہمارے مالیاتی نظام کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جن پر ہماری معاشی بہبودی کا بہت حد تک دارومدار ہے لیکن جناب والا صورت حال یہ ہے کہ ہماری اس حکومت نے ان زرعی اصلاحات کے ذریعہ سے ہمارے معاشی نظام کو اس حد تک کمزور کردیا ہے اور کم از کم دیہاتی نظام کو اس حد تک تہ و بالا کردیا ہے کہ مزارعین کو بڑی تعداد میں دھڑا دھڑ بے دخل کیا جا رہا ہے جناب والا یہی وہ اصلاحات ہیں جن کا ہماری حکومت نے بڑے فخر اور طمطراق سے بارہا ڈھنڈورا پیٹا ہے لیکن واقعات بتا رہے ہیں کہ بجائے فائدہ کے یہ ''اصلاحات'' اس صوبہ کے لئے سب سے زیادہ مضرت رساں اور سب سے زیادہ نقصان دہ ثابت ہو رہی ہیں ایک طرف تو مزارعین کو بے دخل کیا جارہا ہے اور دوسری طرف محاصل کا بار اور ٹیکسیشن کا بوجھ بھی انہیں لوگوں پر عائد کیا جارہا ہے یہ لوگ وہی ہیں جو ہماری آبادی کا ۸۰ فیصدی

ہیں یہ لوگ وہی ہیں جو صوبہ کی آبادی کی ایک غالب اکثریت پر مشتمل ہیں اور یہ ان کی کیفیت ہے ۔
جناب والا ہمارے محاصل کا بیشتر حصہ لینڈ ریوینیو آبیانہ کی صورت میں وصول ہوتا ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اسکے صرف کرنے میں کسی تناسب کو کسی وقت بھی پیش نظر نہیں رکھا جاتا صوبہ کی آمدنی کا سب سے زیادہ حصہ ہمارے یہ غریب دیہاتی کسان اور ہمارے چھوٹے طبقہ کے زمیندار مالیانہ اور بٹائی کی صورت میں ادا کرتے ہیں لیکن محاصل کا بیشتر حصہ شہری آبادی پر خرچ ہو رہا ہے میں ''شہری اور دیہاتی،، کے سوال کو ایک باطل تقسیم سمجھتا ہوں ''زراعت پیشہ اور غیر زراعت پیشہ،، کی تقسیم کو بھی باطل سمجھتا ہوں ۔

میجر سید مبارک علی شاہ— وہ تو ختم ہو چکی ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ— بہرحال معاشرہ کا ایک بڑا اصول یہ بھی ہے کہ اس تناسب کو ملحوظ رکھا جائے ۔ لیکن اسکے برعکس ہم دیکھتے ہیں کہ سب سے زیادہ اخراجات جو کئے جا رہے ہیں وہ شہری آبادی کی بہتری کے لئے کئے جا رہے ہیں ۔ سب سے زیادہ تعلیمی ادارے اور سب سے زیادہ ہسپتال شہروں میں موجود ہیں لیکن غریب دیہاتی لوگ ادنیٰ سے ادنیٰ تعلیمی سہولتوں اور ادنیٰ سے ادنیٰ معالجے کی سہولتوں سے بھی بالکل محروم ہیں ۔ جناب والا یہ عجب ستم ظریفی ہے کہ اگر کھانڈ کا کوٹہ تقسیم کیا جاتا ہے تو وہ بھی شہروں میں اور بیچارے دیہاتیوں کی یہ کیفیت ہے کہ معالجے کی غرض سے بھی انہیں چینی ملنی دشوار ہے ۔
جناب والا سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ٹیکسیشن کا سب سے زیادہ بار زمیندار پر ہے مجھے اس بات پر بالکل اعتراض نہیں کہ ہمارا میزانیہ خسارے کا میزانیہ ہے بلکہ اس میں سب سے زیادہ قابل اعتراض بات یہ ہے کہ محاصل کے بار کا تناسب قائم رکھنے کی کوشش نہیں کی گئی جہاں تک ٹیکسیشن کا تعلق ہے یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہمارے ملک کے اندر ٹیکسیشن کا بار آبادی پر سب سے زیادہ ہے ۔ ابھی کل پرسوں کی بات ہے کہ ہمارے پاکستان کے ایوان ہائے تجارت و صنعت کے صدر نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ ایشیا کے تمام ملکوں سے بڑھ کر ٹیکسیشن کا بار پاکستانی رعایا پر ہے ۔ اب اس قسم کی ٹیکسیشن کے نتائج کتنے خراب ہوتے ہیں میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔ انفرادی حیثیت سے ۔ اجتماعی نقطہ نگاہ سے ۔ اور معاشرتی حیثیت سے اس کے نتائج بہت ہی مضر ہوتے ہیں ۔ میں ایوان کے سامنے مسٹر ایم ۔ ای ۔ روبنسن کی

کتاب پبلک فنانس سے ایک اقتباس پڑھ کر سنا رہا ہوں جس سے یہ ثابت ہو جائیگا کہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں وہ درست ہے یا نہیں ۔ وہ فرماتے ہیں —

"Where the wealth absorbed in this way reduces their power to make expenditure necessary for efficiency, or to invest in productive industry, then taxation will reduce the future production of wealth. Where there is no counter balancing economic gain from the Government expenditure, this must mean a reduction in the economic prosperity of the community."

اس انفرادی نقص کے علاوہ جب ٹیکسیشن کا بار عوام پر زیادہ پڑتا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی بچت کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے — اس کے علاوہ ان کی انڈسٹریز میں روپیہ لگانے کی صلاحیت بھی کم ہو جاتی ہے— پھر ان کے پاس دولت کم ہو جاتی ہے اور روپیہ صرف کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس بدنظمی کی وجہ سے معاشی نظام پر ضرب کاری لگتی ہے جس کا بالآخر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تمام ملکی نظام پر اس کا بوجھ پڑتا ہے — پھر کیف اگر ہم اس معاملہ پر انفرادی نقطہ نگہ سے غور کریں یا اجتماعی یا معاشی حیثیت سے سوچیں اس سے ملکی نظام پر ضرب پڑتی ہے—

جناب والا دوسری بات جو میں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ حکومت کا یہ فرض ہے کہ اس کی رعایا کا ادنےٰ سے ادنےٰ فرد اور غریب سے غریب شہری اپنی زندگی کی ضروریات سے محروم نہ ہو — اس کی خوراک — پوشاک و تعلیم کے بارہ میں اس کی سب کی سب ضروریات حکومت کے ذمہ ہیں اور اس کا فرض ہے کہ وہ آبادی کے ادنےٰ سے ادنےٰ آدمی کی ضروریات کا مداوا کرے — لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جس قدر موانع ہیں ان کو حکومت نے قطعاً رفع کرنے کی کوشش نہیں کی —

پھر ایک اور معاملہ ہے جس کی طرف میں حکومت کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں — اس کے سلسلہ میں میں ایران کی توجہ بالخصوص غریب کلرکوں اور ادنےٰ درجہ کے ملازمین کی مالی حیثیت کی طرف مبذول کراتا ہوں — اس میں پٹواری بھی شامل ہیں جو اپنی زیوت ستانی کی لئے بہت بدنام ہیں — میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس کی خود ذمہ وار ہے — وہ ایڈمنسٹریشن میں سازگار فضا پیدا کرنے کے لئے کوئی اقدام نہیں کرتی جس کی وجہ سے انہیں زیوت لینے کے مواقعات مہیا ہو جاتے ہیں جب تک ایسے اقدامات کا انسداد نہیں ہوگا لوگ

خواہ مخواہ مجبور ہو جاتے ہیں کہ وہ ان چیزوں کی طرف آمادہ ہوں — غرضیکہ پٹراریوں سے لے کر ادنے کلرکوں تک کی کیفیت یہ ہے کہ وہ اپنی موجودہ تنخواہوں سے اپنی ابتدائی ضروریات بھی پوری کرنے سے قاصر ہیں — میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہماری حکومت ایسے سرکاری ملازمین کی امداد کرنے کے لئے اس سے زیادہ خسارے کا بجٹ پیش کرتی اور اپنے خسارے کو وصول کرنے کے لئے کوئی اور ذریعہ تلاش کرتی تو اس میں کوئی حرج کی بات نہ ہوتی — اس نے ایسے سرکاری ملازمین کی امداد نہ کر کے ایک ایسی غفلت کی ہے جسے کبھی معاف نہیں کیا جا سکتا — یہ وہ صورت حالات ہے یہ حکومت کا اولین فرض تھا کہ وہ اس کی طرف توجہ دیتی —

چودھری علی اکبر خان — (لائیلپور ۳ مسلم (مخصوص نشست) جناب والا ۔ میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع بہم پہنچایا ہے کہ میں اپنی محترم بہن بیگم شاہنواز صاحبہ کی تائید میں اپنے محترم لیڈر میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ کو اس بجٹ کے پیش کرنے پر خراج تحسین ادا کروں جو میرے خیال کے مطابق ایک شاہکار ہے — میاں صاحب نے یہ بجٹ پیش کر کے اپنی ذہانت اور بالغ نظری کا ثبوت دیا ہے ہمیں ان کی ذات گرامی پر بجا طور پر فخر ہے — نیز میں اس بات میں بھی فخر محسوس کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی کہ ہم پنجاب کے منتخب نمائیندوں نے تقریباً متفقہ طور پر ماسوائے چند کمزور اور نحیف آوازوں کے میاں صاحب کو اپنا لیڈر منتخب کیا جن کے طفیل آج ہم فخر سے سر بلند کر رہے ہیں اور یہ محسوس کر رہے ہیں کہ میاں صاحب کی قیادت میں ہمارے اس صوبہ پنجاب کا مستقبل کس قدر شاندار ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ وہ اتنی ترقی کرے گا جسے میں آج لفظوں میں بیان نہیں کر سکتا —

جناب والا ۔ یہ بجٹ جو اس وقت زیر بحث ہے اس میں بظاہر ۲۳ کروڑ روپے کے اخراجات پیش کئے گئے معلوم ہوتے ہیں لیکن دراصل اگلے سال تقریباً ۳۰ کروڑ روپیہ کے مصارف اس صوبہ کی ترقی کے لئے برداشت کئے جائینگے — میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کو جس قدر غور سے پڑھا جائے اتنا ہی زیادہ خراج تحسین ادا کرنے کو دل چاہتا ہے — میرے معزز دوست چودھری محمد افضل صاحب چیمہ جب تقریر کرنے کے لئے اٹھے تو مجھے امید تھی کہ اگر یہ بجٹ ان اصولوں پر جو انہوں نے اپنی تقریر میں کسی اچھے بجٹ کے لئے ضروری قرار دئے تھے

پورا اترے گا تو وہ ضرور اس کی تعریف کرینگے لیکن بہت افسوس ہے کہ انہوں نے لیکچر تو دیدیا اصول تو بیان کر دئے لیکن یہ گوارہ نہ کیا کہ جب یہ بجٹ جو ہمارے سامنے ان کے بیان کردہ اصولوں پر پورا اترتا ہے تو اس کی تعریف و تحسین بھی کریں — مزید انہوں نے یہ فرمایا کہ بیگم شاہنواز صاحبہ نے صرف بجٹ کی تعریف ہی نہیں کی بلکہ چند تجاویز بھی بیان فرمائی ہیں — لیکن انہوں نے خود اس بات پر عمل نہ کیا بلکہ ایک پروفیسر کی طرح لیکچر دیدیا کہ یہ اس طرح ہونا چاہئے — اور وہ اس طرح ہونا چاہئیے انہوں نے نہ تو اس بجٹ کے کوئی نقص بیان کئے اور نہ ہی کوئی ایسی تجویز پیش کی جس سے اس کی اصلاح ہو سکتی —

جناب والا ہونا یہ چاہئیے کہ بجٹ کے متعلق جب تقریر کی جائے تو اس میں معزز ممبر اپنے ان خیالات کا اظہار کریں کہ جن کی بنا پر وہ اس سکیم کو جو بجٹ میں دی گئی ہو تائید کریں یا اس سے اختلاف رائے ظاہر کریں — اور پھر اس کے نقص پیش کر کے بہتری کیلئے تجویزیں پیش کریں — میرے معزز دوست نے ایسا بالکل نہیں کیا — مجھے پوری توقع ہے کہ اگر اب کے نہیں تو آئندہ وہ ضرور اسی نقطہ نگاہ سے تقریر کیا کریں گے — میرے محترم دوست نواب افتخار حسین خاں آف ممڈوٹ نے بھی جو اپوزیشن کے لیڈر ہیں جس وقت تقریر فرمائی تو اس سے بھی یہ معلوم ہوتا تھا کہ ماسوائے چند واقعات کے جو خال خال جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق ان کے نوٹس میں آگئے ہیں انہوں نے بجٹ کے متعلق کوئی ایسی بحث نہیں کی کہ جس سے اس ہاؤس کو کوئی خاص فائدہ پہنچا ہو — انہوں نے چند خامیاں بیان کی ہیں جن کی وہ درستی چاہتے ہیں مثلاً انہوں نے پبلک ہیلتھ پر بحث کرتے ہوئے صرف اسی رقم کا ذکر کر دیا جو کہ پہلی ہی سطر میں دی گئی ہے — وہاں پبلک ہیلتھ کا ذکر ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے The expenditure on Health Services next year is estimated at Rs 1·40 lacs. — اس سے انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ بس یہی رقم ہے جو ہیلتھ سروسز کیلئے دی گئی ہے — اور اس کا مقابلہ پچھلے برسوں کے ساتھ کر کے انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ یہ رقم بہت کم ہے — حالانکہ اگر وہ میاں صاحب کی پرسوں کی وضاحتی تقریر کو ذرا غور سے پڑھتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ اس غرض کیلئے کس قدر رقوم مہیا کی گئی ہیں اور آئندہ سال کیلئے کس قدر شاندار پروگرام پیش کیا گیا ہے کوئی اور وزیر خزانہ ایسا پروگرام پیش نہیں کر سکتا تھا —

اس ایک کڑوڑ چالیس لاکھ کے علاوہ سول ہسپتال ملتان میں ایک مستقل زنانہ سکشن قائم کرنے کیلئے ٦٧ ہزار کی ایک رقم علیحدہ ہے — علاوہ ازیں دائیوں اور نرسوں کی ٹرننگ کیلئے ١٠٤٢ لاکھ کی رقم علیحدہ ہے ٦٠ لاکھ نشتر میڈیکل کالج کو دئے گئے ہیں — میوہسپتال کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج اور لیڈی ولنگڈن ہسپتال کو ٣٠ لاکھ روپے دئے گئے ہیں — تحصیل ہیڈ کوارٹروں میں موبائل ڈسپنسریاں قائم کی جائینگی اور انکے لئے دس لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے — دیہات میں موجودہ ڈسپنسریاں جو ہیں انکو بہتر بنانے کیلئے ٤٠ لاکھ روپے دئے گئے ہیں اسکے علاوہ اضلاع کے صدر مقامات میں نئے ہسپتال کھولنے کیلئے ٧٠ لاکھ کی ایک اور رقم علیحدہ رکھی گئی ہے — انسداد ملیریا کیلئے ساڑھے سات لاکھ کی رقم اسکے علاوہ ہے — دایہ گری اور بہبودی اطفال کے مراکز کیلئے ٥ لاکھ اسکے بھی علاوہ ہیں — مزید برآں لیڈی ایچیسن ہسپتال لاہور کیلئے بھی پونے آٹھ لاکھ کی ایک رقم مخصوص کیگئی ہے — تو یہ چند ایک مثالیں ہیں جن سے میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ کو جانچنے کیلئے ہمارے محترم لیڈر حزب مخالف نے اسے غور سے مطالعہ کرنے کی کوشش نہیں کی — انہوں نے غالباً یہ خیال کیا ہے کہ بجٹ خواہ اچھا ہو یا برا — میاں صاحب نے درست کیا ہو یا غلط — انکا فرض اسکی مخالفت اور اس پر نکتہ چینی کرنا ہے — چنانچہ انہوں نے جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں اسے اچھی طرح پڑھنے کی بھی کوشش نہیں کی —

جس قدر ترقی کے منصوبے اور جس قدر اور جس طریق سے مفاد عامہ پر اخراجات کی تجاویز اس بجٹ میں پیش کی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمیں آج یہ معلوم ہوا ہے کہ آزادی کیا چیز ہے اور ایک آزاد ملک کا وزیر اعلے اپنے ملک کی بہتری کیلئے کیا کیا منصوبے پیش کر سکتا ہے — جب یہ ملک انگریزوں کے ماتحت تھا اور جب ہم آزاد نہ تھے — اس وقت بھی اس ہال کے اندر ہماری مجلس قانون ساز کے اجلاس ہوا کرتے تھے اور ان میں بجٹ بھی پیش ہوا کرتے تھے — تقریباً بیس سال تک ایسا ہوتا رہا — لیکن انکا جو نتیجہ تھا وہ آپکے سامنے ہے — رفاہ عامہ کے جو کام ان بیس برسوں میں ہوئے تھے انکا تقریباً ایک تہائی ایک ہی سال میں تجویز کیا جا رہا ہے — جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں اس بجٹ میں دراصل خرچ ٤٠ کروڑ روپے کا ہے اگرچہ بظاہر یہ رقم ٢٣ کروڑ روپے دی گئی ہے — کیونکہ اخراجات سرمایہ کے ماتحت ١٣

کروڑ کی ایک اور رقم منظور کی گئی ہے جو اس ۲۳ کروڑ میں شامل نہیں ہے — چنانچہ Satellite towns کے ۱۰ کروڑ روپے کے منصوبہ پر بھی ہماری حکومت نے عمل کرنا شروع کر دیا ہے — اسی طرح جناب والا پچھلے سال ہمارے صوبہ میں جس قدر سڑکیں ہیں ہیں اور آئیندہ سال جو سڑکیں بنانے کا منصوبہ اس بجٹ میں تیار کیا گیا ہے پچھلے دس برس میں ہم اسکا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے — کیونکہ اس وقت ہم آزاد نہیں تھے — اس وقت ہم انگریز کے ماتحت تھے — اور اس وقت وہی کام ہوتا تھا جو انگریز کی مرضی اور ضرورت کے مطابق ہوتا تھا — اللہ میاں کا ہزار ہزار شکر ہے کہ آج ہم آزاد قوم کے افراد کی حثیت سے اس ہاؤس میں اپنے صوبے کی بہتری کیلئے سکیمیں پیش کر رہے ہیں —

پچھلے سال جب میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ نے انتخابی منشور تیار کیا تھا تو اس وقت میں اپنی کم ہمتی اور کوتاہی خیال کے باعث یہ سمجھ رہا تھا کہ جو مواعید قوم کے ساتھ میاں صاحب اس منشور میں کر رہے ہیں ممکن ہے ہم انہیں پورا نہ کر سکیں — اسلئے میں دبے دبے اور آہستہ آہستہ انہیں یہ کہنا چاہتا تھا کہ میاں صاحب سوچ سمجھ کر چلئے — کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم اس قدر بے ہنگم ۔ اس وقت میں انہیں بے ہنگم سمجھتا تھا ۔ وعدے کرلیں جنہیں ہم آئیندہ پورا نہ کر سکیں ۔ لیکن میاں صاحب نے پہلے آٹھ ماہ کے عرصہ میں ہی یہ ثابت کر دیا ہے کہ میرے اندیشے بالکل باطل اور میرے اوہام بالکل بے بنیاد تھے ۔ اور میری اپنی کم فہمی کے باعث تھے ۔ انہوں نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ ایک جوان ہمت آدمی کون کون سے کارنامے کر کے دکھا سکتا ہے ۔ اپنی حکومت کے ایک ہی سال میں انہوں نے وہ کچھ کر دکھایا جسے تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائیگا ۔ اور مجھے امید ہے کہ آئیندہ جو کچھ وہ کرینگے وہ اس سے بھی بڑھ چڑھ کر ہوگا ۔

میاں صاحب نے عنان حکومت سنبھالتے ہی ملک قادر بخش صاحب کو مقرر کیا کہ وہ جائزہ لیں کہ صوبہ میں حالات کیا ہیں اور انہیں کیا چیز ورثہ میں ملی ہے—چنانچہ ملک قادر بخش صاحب نے اپنی رپورٹ میں وہ تمام حالات بالخصوص ایڈمنسٹریشن کے متعلق پوری طرح درج کر دئیے ہیں—یہ تھے وہ حالات جن میں میاں صاحب نے پنجاب کی حکومت سنبھالی—باوجود ان مشکل حالات کے

انہوں نے ہزاروں مفید اصلاحات کرنے کی کوشش کی ہے—جو زرعی اصلاحات ابھی تھوڑا عرصہ ہوا یہاں پاس کی گئی ہیں وہ ایسی ہیں جنکے متعلق خود ہمیں جو انکے ساتھی ہیں بے حد خطرہ تھا کہ شاید ہم انہیں پاس نہ کرا سکیں—لیکن خدائے پاک کا شکر ہے کہ وہ مواعید پورے کر دئے گئے—

اب آئندہ کیلئے میں میاں صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو وعدے آپ نے کئے تھے انہیں آپ پورا کر چکے— اب جو منصوبے آپکے پیش نظر ہیں انہیں پورا کرنے کیلئے آپکو ایسے افراد کی ضرورت ہے جو دن رات محنت کر سکیں اور جو نہایت ایمانداری سے اس کام کو پروان چڑھا سکیں—اسلئے اب آپ ایڈمنسٹریشن کی حالت کو جسکا نقشہ ملک قادر بخش صاحب نے اپنی رپورٹ میں پیش کیا ہے درست کرنے کی کوشش کریں—جب تک آپکے افسر درست نہ ہو جائینگے آپکے نئے منصوبے کامیاب نہیں ہو سکتے—

وقت بہت کم رہ گیا ہے—بس میں ایک دو چیزیں اور عرض کرکے اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں—

جناب والا—اس وقت باہر جو ڈاکٹری طریق علاج کی حالت ہے اسکے پیش نظر یہ ضروری ہے کہ دیسی طریق علاج کو جلد از جلد ترقی دینے کی کوشش کی جائے—یہ ایسا طریق علاج ہے جو انگریزوں کی ڈیڑھ صد سالہ کوششوں کے باوجود نیست و نابود نہیں ہوسکا—یہ ہماری طبیعتوں کے مطابق بھی ہے اور سستا بھی ہے—اسلئے ضروری ہے کہ اسکی طرف خاص توجہ دی جائے—اور ایسے طبی مدرسے اور کالج کھولے جائیں جہاں سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد طلبا عوام کو فائدہ پہنچا سکیں—

دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ تعلیم اس وقت بہت مہنگی ہے—لوگ فیسوں کا بار برداشت نہیں کر سکتے— میں اس بات کیلئے میاں صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ریفوجی طلبا کیلئے آٹھ ۸ لاکھ کی رقم مہیا کر دی ہے—لیکن پرائمری اور مڈل کی تعلیم کو اتنا سستا بنانے کی ضرورت ہے کہ لوگ اسے آسانی سے حاصل کر سکیں—

مسٹر عبدالوحید خان —(لاہور کارپوریشن نمبر ۴ مسلم مخصوص نشست) جناب والا ! جب وزیر اعلیٰ نے پرسوں اپنی بجٹ کی تقریر پڑھی تو میں یہ سمجھ رہا تھا کہ اس تقریر کا مصنف یا تو اپنی تحریری صلاحیتوں اور تصنیفی طاقتوں سے واقف نہیں ہے یا وہ جان بوجھ کر لٹریری دنیا کے ساتھ نا انصافی کر رہا ہے ۔ کاش وہ اپنا تھوڑا سا وقت دنیائے سیاست سے نکال کر لٹریری دنیا کے لئے بھی نذر کریں ۔ اب سے دو سال قبل جب پنجاب سے جمہوریت کو توڑا گیا اور وزارت توڑ کر جمہوریت کو ختم کیا گیا تو انتشار باہمی نے اس صوبہ کو جس صورت سے محصور کر لیا تھا اور ہمارے صوبہ کی سب سے بڑی واحد نمائندہ جماعت مسلم لیگ جب ان لوگوں کی خدمات سے محروم ہوئی جنہوں نے اسکی پرورش میں سب سے زیادہ حصہ لیا تھا تو اسوقت یہ توقع بہت مشکل تھی کہ مستقبل قریب میں پنجاب اقتصادی خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو سکیگا ۔ لیکن میں وزیر اعلیٰ اور انکی کابینہ کو اور ان سے زیادہ پنجاب کے عوام کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں جنہوں نے حضرت اقبال کے اس تصور کو صحیح ثابت کر دکھایا ۔

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

جنہوں نے اسکی بعض لغزشوں اور غلطیوں کے جاننے کے باوجود یہ سمجھتے ہوئے کہ قومیں نفاق اور بے اتفاقی سے تباہ و ہلاک ہو جاتی ہیں انہوں نے جس یک جہتی اور ہم نوائی کا ثبوت دیا اور ایک مستحکم ۔ مضبوط و مربوط وزارت اس صوبہ کو عطا کی وہ اسکے لئے ہمیشہ مبارکباد کے مستحق رہینگے اور اس وزارت نے ایک سال کے عرصہ میں جو بجٹ پیش کیا ہے اسکے لئے مبارکباد کے مستحق بھی وہی عوام ہیں جنہوں نے اسے اندرونی سازشوں سے بے نیاز ہوکر مصروف عمل ہونیکا موقعہ دیا ۔ جہانتک بجٹ کے اثباتی پہلو کا تعلق ہے اس سے تو کسی دشمن کو بھی انکار نہیں ہو سکتا اور جیسا کہ چودھری علی اکبر صاحب نے ابھی فرمایا ہے سخت تنقیدی نظر کے باوجود حزب مخالف کی طرف سے کوئی ایسا اعتراض اس بجٹ کے متعلق پیش نہیں ہو سکا جس سے ہم یہ سمجھنے پر مجبور ہوں کہ واقعی اسمیں قابل ذکر نقائص ہیں ۔ بر عکس اسکے عوام کی فلاح و بہبود پر جو مصارف تجویز کئے گئے ہیں وہ لائق تحسین ہیں ۔ اس سال ۴۰ لاکھ کی رقم سول ڈیفنس پر خرچ کی جانی ہے اور تعلیمی اخراجات سال رواں کے مقابلہ میں بقدر ۶۶ لاکھ روپیہ زیادہ ہونگے ۔ مزید برآں سوشل سروس سکیموں پر ۷۰۲۶ کروڑ روپیہ کی رقم ان اخراجات کے علاوہ ہے جو دیگر محکمہ جات رفاہ عامہ پر صرف کئے جائینگے ۔ ان تمام چیزوں کے باوجود نہ صرف یہ کہ کوئی

نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا بلکہ پرانے ٹیکسوں میں کمی کر دی گئی ہے ۔ کاش کہ مجھے اتنا وقت ہوتا کہ میں اس بجٹ کے اثباتی پہلو پر مزید روشنی ڈالتا ۔

تعلیم بالغان کے لئے اس بجٹ میں چھ لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔ اسکے علاوہ حکومت نے اولین اقدام کے طور پر کالجوں میں جسمانی اور فوجی تربیت کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے اور اس غرض کیلئے ۱۰ لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔ حکومت نے ورنیکلر سکولوں کے ان اساتذہ کو جو ڈسٹرکٹ بورڈوں کی ملازمت میں ہیں نئی شرحات پر مہنگائی الاؤنس دینا منظور کیا ہے اور کئی نئے سکول کھولنے کا بھی فیصلہ کیا ہے ۔ میں بڑا فخر محسوس کرتا اگر میں اس بجٹ کی مختلف مدات پر روشنی ڈال سکتا لیکن مجھے چند گزارشات جناب وزیر اعلیٰ کی خدمت میں پیش کرنا ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ یہ چند معروضات جو میں ان چند omissions کے متعلق پیش کرونگا جو اس بجٹ سے تعلق رکھتی ہیں ۔ وہ اگر جوابی تقریر میں میری ان گزارشات کا جواب دے دینگے تو کافی ہوگا اور میں سمجھونگا کہ وہ بجٹ کا حصہ بن گئی ہیں ۔

آپ یہ جانتے ہیں کہ بجٹ صرف آمدنی اور خرچ کا گوشوارہ نہیں ہوتا ۔ بجٹ میں حکومت کی پالیسی ۔ اسکا نقطہ نظر ۔ اسکے وہ اصول اور اور پروگرام جنپر وہ عمل پیرا ہونا چاہتی ہے واضح کئے جاتے ہیں ۔ چنانچہ اس اسمبلی میں جب سب سے پہلا بجٹ ۱۲ جنوری ۱۹۴۸ء کو پیش کیا گیا تو موجودہ وزیر اعلیٰ جو اسوقت وزیر خزانہ تھے انہوں نے فرمایا تھا کہ ''بجٹ کی روایات کیا ہیں ؟ بجٹ کہتے کس چیز کو ہیں ؟ بجٹ ہوتا ہے آئیندہ اخراجات کا اندازہ اور اندازہ اس طور سے کیا جاتا ہے کہ اس سے گورنمنٹ کی پالیسی واضح ہو جائے ۔ پرانے اخراجات میں کمی کی جائے اور آئیندہ اخراجات کا اندازہ کسی پلین کے مطابق کیا جائے،، آگے چل کر آپ نے فرمایا تھا کہ ''بجٹ کی دوسری خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اسمیں لئے سال کی آمدنی کا اندازہ ہوتا ہے ۔ اسمیں گورنمنٹ کی پالیسی کا عکس دکھایا جاتا ہے،، ۔ اسی کے ساتھ آپ نے فرمایا تھا کہ ''میں تو یہانتک کہنے کی جرأت کرونگا کہ ہمنے اس حکومت کو ایسی حکومت بنانا ہے کہ تیرہ سو سال پہلے اگر عرب کو یہ شرف حاصل ہوا تھا کہ اسلام کا نور وہاں سے چمکا تو آج یہ شرف ہمیں حاصل ہو کہ دوبارہ اس نور کی چمک پاکستان سے فروزاں ہو،، ۔ آگے چلکر پھر آپ نے فرمایا تھا کہ

"یہ بجٹ پالیسی بجٹ نہیں ہے اسلئے کہ مہاجرین کے آنے سے اسقدر بار صوبہ کی آمدنی پر پڑ گیا ہے کہ اسے پالیسی بجٹ نہیں کہہ سکتے اور آئیندہ ہماری مسلم لیگ وزارت جو اقتصادی نظام پیش کریگی وہ آئیندہ پالیسی کا آئینہ دار ہوگا اور اس میں ان انقلابی تبدیلیوں کا پورا عکس ہوگا،، ۔ اس وقت جبکہ خدا کے فضل سے صوبہ میں پہلی بار ہم عوام کی نمائیندہ وزارت کی حیثیت سے یہ بجٹ پیش کر رہے ہیں بہتر ہوتا اگر ان تمام خطوط کو نشان دہی کر دی جاتی جسپر ہم اپنے معاشرے کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں ۔ بہتر ہوتا کہ ان تمام نقوش کو استوار کر دیا جاتا ۔ جنپر ہم اپنے تمدن کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں ۔ یقیناً یہ بہتر ہوتا اگر ان تمام پہلوؤں کو واضح طور سے بیان کر دیا جاتا جسپر ہم اپنی اقتصادی ۔ تعلیمی اور عدل و انصاف کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں اور مجھے امید ہے کہ آخر میں وزیر اعلیٰ صاحب اپنے خیالات کا اظہار فرمائینگے ۔ مجھے گذارش کرنے کی اجازت دیجئے کہ تعمیری نکتہ نظر سے اس بجٹ کو دیکھنے سے جو غلط فہمی ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ پرانی ۔ بوسیدہ اور فرسودہ عمارت جسکی بنیاد صرف انگریز نے ہی نہیں بلکہ اس شخص نے جسے اکبر اعظم کے نام سے پکارا جاتا ہے ڈالی تھی ۔ جسکا مقصد یہ تھا کہ سیاست دین سے بالکل الگ ہے اور دین سلطنت کا ایک محکمہ ہے اور یہ پالیسی جسکی انگریز نے تکمیل کی ۔ کہیں اب بھی ایسا تو نہیں ہے کہ اسی بوسیدہ عمارت کو استوار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ کھڑکیوں کے شکستہ شیشہ دوبارہ لگائے جا رہے ہیں اور دیواروں کا اکھڑا ہوا پلاسٹر پھر درست کیا جارہا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جب تک ہمارے معاشرے کا ارتقاء صحیح طور پر نہیں ہوتا ہمارا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا ۔ اگر ابتدا میں ہی ہم نے اپنے معاشرے کی بنیادیں غلط رکھ دیں تو پھر کبھی اصلاح نہیں ہو سکتی ۔

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

میں اس سلسلہ میں صرف دو تین باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں اس لئے کہ وقت ختم ہو رہا ہے ۔ پہلی بات یہ کہ موجودہ تعلیمی نظام کو جب تک بدلا نہ جائے ہمارا مقصد پورا نہیں ہو سکتا ۔ آجکل جو تعلیم دی جا رہی ہے اس کا نہ کوئی نصب العین ہے اور نہ کوئی مقصد ۔ یہ تعلیم بیرونی نظام حکومت کی چلانے والی مشین کے پرزے ڈھالنے کے کام تو آ سکتی تھی لیکن ہماری نئی آرزؤں اور تمناؤں کے مطابق افراد کی تخلیق

نہیں کر سکتی ہماری درسگاہوں میں جو علم سکھایا جاتا ہے اس کے متعلق علامہ اقبال نے فرمایا ہے—

علم میں بھی سرور ہے لیکن ۔ یہ وہ جنت ہے جس میں حور نہیں

اور آپ جانتے ہیں کہ وہ جنت جس میں حور نہیں ممکن ہے نیازی صاحب کو پسند ہو لیکن زندہ دلان پنجاب ایسی علمی جنت کو ہرگز پسند نہیں کر سکتے جس میں تکمیل انسانیت کا سرور نہ ہو۔ اس لئے سب سے پہلے میری درخواست وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں یہ ہے کہ وہ جلد از جلد ایک ایسی کمیٹی کے تقرر کا اعلان فرمائیں جو ہمارے تعلیمی نظام کو بالکل بدل دے نہ صرف بدل دے بلکہ یہ فیصلہ کرے کہ ہمارے تعلیمی نصاب میں عربی اور اسلامیات کے مضامین کی انگریزی اردو کی طرح لازمی تعلیم دی جائے۔ ہمارے گریجویٹ جو نکلیں اُن کے لئے لازمی ہو کہ وہ ان نظریات اور ان اصولوں سے ، جن پر ہماری حکومت کی بنیاد رکھی گئی ہے کما حقہ واقف ہوں۔ جب تک ہمارے گریجویٹ اسلام کے قوانین سے واقف نہیں ہونگے ۔ جب تک اسلامی تعلیم ان کے لئے ہر جماعت میں لازمی مضمون نہیں ہوگا اس وقت تک ہماری تعلیم مکمل نہیں ہو سکتی ۔ دوسرے میری ان سے ایک اور درخواست ہے جس کو اس ایوان کے سامنے پیش کرنے کیلئے میں نے ایک باضابطہ تجویز بھی بھیج دی ہے ۔ شاید وہ پیش ہو سکے ۔ وہ تجویز میں نے وزیر اعلیٰ کے مشورے سے لکھی ہے ۔ یعنی ایک ایسے کمشن کا تعین ہونا چاہئے جو ان تمام فرسودہ قوانین کو بدلے جو پنجاب میں نافذ ہیں اور جو اسلام کے معیار پر پورے نہیں اترتے مثلاً Muslim Personal Law ہے اور دیگر بہت سے انگریز کے بنائے ہوئے قوانین ہیں جو آج تک نافذ ہیں ۔ جب تک ان قوانین کی اصلاح نہیں ہوگی یا پوری طرح ترمیم نہیں کی جائے گی ۔ اور جب تک ہم تعلیم کا نصاب نہیں بدلیں گے ۔ ہم صحیح طور پر عوام کے دلوں میں تبدیلی پیدا نہیں کر سکتے ۔ اور جب تک عوام کے دلوں میں تبدیلی پیدا نہیں ہوگی ہم کوئی مفید اور تعمیری کام نہیں کر سکتے ۔ دوسرے میری یہ گذارش ہے کہ ایک اقتصادی کمیٹی مقرر ہونی چاہیئے جو غور کرے کہ اگر حکومت بنکنگ سسٹم کو کسی صورت سے نہیں بدل سکتی تو کم از کم ایسی صورت پیدا کر دے کہ سود کی لعنت سے نجات حاصل ہو سکے ۔ کوئی ایسا نظام ہو کہ ہم ضرورت مند اصحاب کو بغیر سود کے قرضے دے سکیں ۔ کسی اسلامی سٹیٹ میں سود کو جاری رکھنا اور بالخصوص موجودہ شکل میں جاری رکھنا جائز قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ مجھے امید ہے کہ وزیر اعلیٰ اس پر غور فرمائیں گے ۔

رانا عبدالحمید خان (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) :
جناب والا—میں آپ کی وساطت سے اپنے آنریبل وزیر اعلیٰ کو ان کی تقریر پر مبارکباد دیتا ہوں—(ہیئر—ہیئر) انہوں نے اپنی تقریر میں جس ذہانت فصاحت اور بلاغت کا اظہار فرمایا ہے وہ واقعی قابل قدر ہے ۔ اور ہم اس کی داد دیتے ہیں ۔ لیکن جس حد تک بجٹ کا تعلق ہے ہمیں توقع تھی کہ جس قدر وہ ذہین اور فہیم واقع ہوئے ہیں وہ اپنے بجٹ میں بھی اپنی اس ذہانت کا اظہار فرمائیں گے ۔ انہوں نے صرف لفظوں میں جو بلند پروازی فرمائی ہے اگر بجٹ بھی اسی نظریئے سے بنایا جاتا اور پیش کیا جاتا تو ہم واقعی ان کو مبارکباد دیتے treasury benches سے تین اصحاب نے جو ابھی ابھی مجھ سے پہلے تقریر فرما چکے ہیں تائید کی ہے ۔ میری محترم بہن بیگم جہاں آرا نے تو اس کو stero typed بجٹ فرمایا ہے ۔ اور دو اصحاب نے سرکاری اور درباری زبان میں اس کو فرسودہ اور ایک پرانی طرز کا بجٹ کہا ہے ۔ اس لئے امید ہے کہ یہ نہیں سمجھا جائے گا کہ حزب اختلاف کی طرف سے نقطہ چینی صرف مخالفت کی وجہ سے ہو رہی ہے ۔ مجھے یقین ہے اور یقین ہی نہیں بلکہ ایمان ہے کہ ہمارے وزیر اعلیٰ بہت قابل آدمی ہیں ۔ (ہیئر—ہیئر) میں سچ کہتا ہوں کہ آج سے نہیں بلکہ میں ۲۰ برس سے ان کی قابلیت کا قائل ہوں اس وقت سے جب کہ وہ زیر تعلیم تھے ۔ کیونکہ میرا بہت سا وقت ان کے ساتھ گذرا ہے ۔ لیکن مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی ذہانت اور ان کی قابلیت کسی تعمیری طرز پر نہیں بلکہ زیادہ تر تخریبی امور کی طرف صرف ہوتی ہے ۔ جس میں ان کو بہت زیادہ فرحت حاصل ہوتی ہے ۔ میں نے ان کو دونوں طرف سے دیکھا ہے ۔ میں نے ان کو تعمیری کام کرتے بھی دیکھا ۔ میں نے ان کو تخریبی کام کرتے بھی دیکھا ۔ اس لئے جو چیز میرے مشاہدے میں آئی میں سمجھتا ہوں کہ وہ واقعی سچ ہے اس کے کہنے سے میں نہیں جھجکتا کیا میں ان سے نہایت ادب سے پوچھ سکتا ہوں (گو وہ مجھ سے چھوٹے ہیں ۔ لیکن وزیر اعلیٰ ہیں) کہ انہوں نے یہاں جو بجٹ پیش فرمایا ہے اس میں کونسا ایسا تعمیری کام ہمارے سامنے پیش کیا ہے جس سے ہم واقعی یہ کہہ سکیں کہ یہ ممتاز کے دماغ کی اختراع ہے ۔ میرے دوست عبدالوحید صاحب نے جو ابھی تقریر فرماچکے ہیں کہا کہ یہ انگریزی طرز میں فرسودہ آمریت کی بنیادوں پر استوار کیا گیا بجٹ ہے ۔ میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ بجٹ میں تمام پرانے ٹیکس باقاعدہ موجود

ھیں ۔ ماسوائے ایک سیلاب ٹیکس کے ۔ حالانکہ انہوں نے اپنی اس تقریر میں جو انہوں نے بطور وزیر خزانہ ۱۹۴۸-۴۹ء کا بجٹ پیش کرتے ہوئے فرمائی تھی یقین دلایا تھا کہ یہ زرعی ٹیکس عارضی دور کے لئے ھے ۔ یہ مہاجر Cess صرف عارضی دور کے لئے ھے ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ میں توقع کرتا ہوں کہ صوبے میں مہاجرین کی کثیر تعداد کے باعث میرے دوست اس تھوڑی سی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے ۔ اور واقعی اس وقت حالات ایسے تھے کہ اگر اس سے بھی زیادہ صوبہ سے قربانی مانگی جاتی تو صوبہ دینے میں کبھی دریغ نہ کرتا ۔ لیکن اب وہ حالات نہیں ھیں ۔ مہاجر ٹیکس آپ کو لینے کا کوئی حق حاصل نہیں ھے کیونکہ اس وقت مہاجرین آرھے تھے مہاجرین کو خوراک دینی تھی مہاجرین کو لباس دینا تھا ۔ ان کے لئے تمام سہولتیں مہیا کرنا تھیں ۔ لیکن اس وقت کیا ھے ۔ آپ کی بجٹ تقریر کے مطابق بیشتر کام ھوچکے ھیں اور بیشتر مہاجرین آباد ھوچکے ھیں ۔

اگر بیشتر مہاجرین آباد کئے جاچکے ھیں ۔ تو پھر Mahajir Cess ان مہاجرین سے کیوں لیا جاتا ھے ۔ اگر صرف locals سے لیا جاتا تو بھی مجھے کوئی اعتراض نہ ھوتا ۔ کسقدر عجیب بات ھے کہ مہاجر ٹیکس مہاجرین سے وصول کیا جاتا ھے ۔ اور خصوصاً اب جب کہ بیشتر مہاجرین آباد ھو چکے ھیں ۔ علاوہ ازیں یہ ٹیکس Evacuee Property پر بھی لگایا گیا ھے ۔ اس کا مطلب یہ ھوا کہ جن لوگوں کو نئی زمینیں سیٹنگ ان پر بھی ٹیکس عائد کیا جائیگا ۔ مگر میں حکومت پر واضح کردوں کہ ھمارا صوبہ ایسا نہیں جس کے لوگوں میں سیاسی بیداری نہ ھو ۔ ھمارے صوبہ کے لوگ اب سیاسی طور پر اسقدر بیدار ھوچکے ھیں کہ وہ حکومت کی کسی چیز کو جسے وہ ناجائز خیال کریں ۔ ڈٹ کر مخالفت کریں گے اور حکومت کو اسے واپس لینے پر مجبور کر دیں گے ۔

جناب والا : میرے دوست چودھری محمد حسین چٹھہ صاحب نے فرمایا کہ میں کسی سے ڈرنے والا نہیں ھوں ۔ بیشک وہ بڑے بہادر ھیں اور کسی کی دھمکی میں آنے والے نہیں ۔ مگر خدا کے واسطے اپنی ضمیر کی دھمکی میں تو آئیے ۔ اور اپنی ضمیر کے مطابق کام کیا کیجئے ۔

وزیر اعلیٰ — ضمیر ھمیں دھمکی نہیں دیتی ۔

رانا عبدالحمید خان : جناب والا — میں ایک نہایت ھی اھم مسئلہ آپ کے سامنے پیش کرتا ھوں ۔ اس بجٹ میں تھل پراجیکٹ کیلئے ساڑھے چار کروڑ روپے کی رقم provide کی گئی ھے ۔ اس میں شک نہیں

کہ تھل پراجیکٹ ایک بہت بڑا تجربہ ہے جو ایک رقم خطیر خرچ کرکے کیا جارہا ہے مگر میں واضع کردوں کہ جتنے experts مجھے ملے ہیں۔ ان میں سے ایک صاحب (جن کی میں بہت قدر کرتا ہوں اور جو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے ایک بہت بڑے لائق اور دیانتدار عہدیدار ہیں) کی یہ رائے ہے کہ تھل پراجیکٹ کی کامیابی سو فیصدی یقینی نہیں اور نہ ہی اس وقت وثوق سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ تجربہ جس پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے کس حد تک کامیاب ہوگا نیز یہ بھی طے شدہ امر ہے کہ تھل پراجیکٹ کے متعلق جتنے experts بھی ہیں وہ سب اس تجربے کی کامیابی کے متعلق متفق نہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ چند سالوں میں وہاں پر سیم اس شدت سے ہوگی کہ حکومت کو بہت جلد اپنی نہریں بند کرنی پڑینگی اور اس علاقے کو سیم کی تباہی سے بچانے کیلئے مزید اخراجات برداشت کرنے پڑینگے۔ بہر حال میرا مقصد اس سکیم پر نکتہ چینی کرنا نہیں بلکہ میں تو حکومت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جہاں ایک طرف تھل پراجیکٹ کے تجربے کیلئے ساڑھے چار کروڑ روپے کی رقم خطیر رکھی گئی ہے۔ وہاں دوسری طرف کم تنخواہ پانے والے غریب سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں بھی مناسب اضافہ کرنا چاہیئے جب یہ کم تنخواہ پانے والے غریب ملازمین یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ہماری ملازمتوں کو pensionable بنا دیا جائے تو ان کو صاف جواب دیا جاتا ہے۔ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ایک غریب آدمی کیلئے بڑھاپے تک ساٹھ یا ستر روپے ماہوار کافی ہیں۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہ غریب ملازمین ساٹھ یا ستر روپے تک پہنچ کر ہی ریٹائر ہو جائیں اور انہیں کوئی gratuity یا pension نہ دی جائے۔ آخر آپ کیوں انہیں اس قابل نہیں سمجھتے۔ مجھے یاد ہے کہ ہمارے وزیر اعلےٰ صاحب اکثر یہ کہا کرتے ہیں کہ انہوں ہر معاملے میں بڑے آدمیوں کی نسبت چھوٹے لوگوں کی خاطر ملحوظ ہوتی ہے۔ میں نے دو راتیں اس بجٹ پر غور کرنے میں صرف کی ہیں۔ معاف کیجئے۔ میں نے تو اس میں کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جو صوبے کے غریب لوگوں کی (جن کی امداد کا اسقدر پراپگنڈہ کیا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ وزارت تو قائم ہی ان کیلئے ہے) امداد کیلئے رکھی گئی ہو۔

جناب والا — میرے بعض دوست مجھے یہ طعنہ دینگے کہ حکومت نے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہوں میں Pay Commission کی سفارشات کے مطابق اضافہ کرنے کیلئے بجٹ میں ۹۶ لاکھ روپے کی

provision کی ہے ۔ اور گورنمنٹ کے Gazetted Officers (جو آپ کی حکومت کا steel frame ہیں) کی تنخواہوں میں چار لاکھ روپے کی کمی کی گئی ہے ۔ کیا میں حکومت سے پوچھ سکتا ہوں کہ جب آپ یہ سمجھتے ہیں کہ—

مزدور خوش دل کند کار بیش

تو کیا آج کل کے زمانے میں یہ کہنا مناسب ہے کہ تین ۔ چار ۔ پانچ یا چھ سو روپے ماہوار تنخواہ پانے والے لوگ دوسرے لوگوں سے بہتر طور پر زندگی بسر کرسکتے ہیں ۔ میرے نزدیک آپ کا یہ خیال بالکل غلطی پر مبنی ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کے اس اقدام سے آپ کے Gazetted Officers میں بددلی پھیل گئی ہے ۔ اگر خود وزیر اعلیٰ اس کی طرف توجہ فرمائیں تو ممکن ہے کوئی بہتر صورت نکل آئے ۔

جناب والا — میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزیر اعلےٰ صاحب نے Advisers کے عہد پر حملہ کرکے بڑی زبردستی کی ہے ۔ یہ تو سب جانتے ہیں کہ وہ Political Stagnation کا زمانہ تھا ۔ مگر اس پر حملہ کرنے کا یہ کونسا موقع ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ذہن میں ایک complex ہے جس کا مقصد خود ستائی اور دوسروں کی تذلیل ہے ۔ میں اسے سراسر نامناسب سمجھتا ہوں کیونکہ جو لوگ آپ کی باتوں کا جواب دینے کیلئے خود یہاں موجود نہیں ۔ ان کے متعلق خواہ مخواہ اس ایوان میں کچھ کہنا کسی کو زیب نہیں دیتا ۔

جواب تلخ مے زیبد لب لعل شکر خارا

لیکن آپ کو یہ زیب نہیں دیتا ۔

جناب والا — یہ باتیں تو میں نے عمومی طور پر آپ کے سامنے پیش کی ہیں ۔ اب میں آپ کے سامنے ایک خاص بات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ کل کے پاکستان ٹائمز میں جو کارٹون چھپا ہے ۔ وہ تو سب حضرات نے دیکھا ہوگا ۔ یہ ہماری قومی زبان کے متعلق ہے ۔ اس میں مولوی عبدالحق کا کارٹون بھی کھینچا گیا ہے ۔ میں اس کے متعلق کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کرونگا ۔ صرف اتنا عرض کرونگا کہ مولوی عبدالحق صاحب وہ ہستی ہیں جنہوں نے عرصہ ۵۰ سال سے زبان اردو کی خدمت کا بیڑا اٹھا رکھا ہے اور ۴۷ سال دھلی میں رہ کر انجمن ترقی اردو چلاتے رہے ۔ گزشتہ چار سال سے آپ پاکستان میں تشریف لائے ہوئے ہیں ۔ (ایک آواز ۔ وہ تو کراچی میں ہیں) میرا مقصد صرف یہ ہے کہ آیا

حکومت پنجاب نے ان کی امداد کیلئے کوئی رقم بجٹ میں رکھی ہے ۔ اگر نہیں ۔ تو اس کی وجہ کیا ہے ؟

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس نماز عصر کیلئے ملتوی ہؤا اور ۴ بجکر ۳۰ منٹ پر دوبارہ منعقد ہوا)

قاضی مرید احمد (شاہپور ۴ مسلم) — جناب والا میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کے سامنے موجودہ بجٹ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ قوموں کی زندگی میں چار ۔ پانچ سال کا عرصہ کوئی خاص حیثیت نہیں رکھتا ۔ اس قدر قلیل عرصہ میں یہ توقع کہ پنجاب کی انتظامی مشینری میں جو خامیاں موجود ہیں وہ دور ہوسکتی ہیں ایک خام خیال اور خام توقع ہے ۔ جن حالات میں اور جس طریقے سے پاکستان اور پنجاب کا چارج ہم نے انگریز سے لیا وہ حالات کسی سے پوشیدہ نہیں ۔ وہ حالات سخت گھناؤ نے اور ناگفتہ بہ تھے ۔ میں نہیں چاہتا کہ اپنی قوم کی اندرونی خامیوں کو پوری طرح کھول کر یہاں بیان کروں لیکن کم از کم اتنا ضرور عرض کرونگا کہ جس وقت ہم نے حکومت کا چارج لیا تھا اس وقت ہسپتال موجود تھے لیکن ڈاکٹر نہیں تھے ۔ انجن موجود تھے گاڑیاں موجود تھیں لیکن ہمارے پاس ان کے چلانے کے لئے ڈرائیور موجود نہیں تھے ۔ ہمارے پاس تار گھر اور مدرسے تھے لیکن ان کے لئے تربیت یافتہ آدمی نہیں تھے ۔ غرضیکہ انگریز کی چھوڑی ہوئی مشینری موجود تھی جسے چلانے کے لئے آدمی نہیں تھے ۔ چار ۔ پانچ سال کے عرصہ میں جس حد تک ہوسکا اس خلا کو پر کرنے کی کوشش کی گئی اور موجودہ وزارت نے جو قریباً ایک سال سے برسراقتدار ہے حتی الامکان جو کچھ اس سے ہو سکتا تھا کیا ۔ لیکن یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ انگریز سے وراثتاً ہم نے جو مشینری حاصل کی ہے اس مشینری میں ۔ وہی گھسے ہوئے پرانے پرزے ہیں جو انگریز چھوڑ گیا ہے ۔ ان پرزوں کی آج حالت یہ ہے اور وہ اتنے گھس چکے ہیں کہ پنجاب میں جتنی گریز اور آئل موجود ہے یہ پرزے ''ھل من مزید ،، ''ھل من مزید ،، کہتے ہوئے تمام کی تمام گریس اور آئل مانگتے ہیں ۔ ایک آدمی منسٹری کو مورد الزام قرار دے سکتا ہے کہ منسٹری رشوت ستانی نہیں روک سکی ۔ صحیح معنوں میں بجٹ پیش نہیں کر سکی ۔ صحت تعلیم سڑکوں ۔ خوراک ۔ جنگلات اور بحالیات کے سلسلے میں کہا جا سکتا ہے کہ منسٹری میں بہت سی خامیاں موجود ہیں لیکن میں معترض حضرات کی خدمت میں مودبانہ اور دیانتداری سے گزارش کرونگا کہ ۔

تنم همه داغ داغ شد
پنبه کجا کجا نهم

اگر رشوت لینے والے چند ایک ہوں تو ان کو منسٹری روک سکتی ہے لیکن اگر ۹۹ فیصدی بزنس کے طور پر اور اس کو ہذا من فضل ربی کہہ کر مضم کرنے کی کوشش کریں (قہقہے) تو فرشتوں کی کابینہ بھی تین چار سال کے عرصہ میں قطعاً نہیں دور کر سکتی۔ اس کے لئے یقیناً منسٹری کو رات دن کام کرنا پڑیگا۔ اور ایسے ذرائع استعمال کرنے پڑینگے جن کی مروجہ توانین اس وقت اجازت نہیں دیتے۔

جناب والا۔ میں پچھلے مہینے کی ۱۶ تاریخ کو لیڈر آف دی ہاؤس سے قائد آباد کے مقام پر ملا اور میں نے انہیں کہا کہ ہم جب لوگوں کے پاس جاتے ہیں تو ہمیں شرم سے آنکھیں جھکانی پڑتی ہیں۔ عدالتی نظام اور دفتر شاہی کچھ ایسے گڑ چکے ہیں اور یہ مشین کچھ اندر خراب ہو چکی ہے کہ آج پنجاب میں ہر ایک پڑھا لکھا اور ان پڑھ جس کو کسی عدالت کے ساتھ کسی تھانے کے ساتھ یا کسی پٹواری کے ساتھ تعلق ہوتا ہے نالاں ہے۔ خدا کے لئے اپنی منسٹری کو بدنام نہ کیجئے۔ مسلم لیگ کو بدنامی سے بچائیے۔ یا تو انگریز کے پرزے کی اصلاح کیجئے اور اگر نہیں ہو سکتی تو کان سے پکڑ کر باہر نکال دیجئے (تالیاں) بہترین پرزوں کو ان کی جگہ رکھئے۔ جناب والا۔ مجھے یہ کہنے میں باک نہیں اور میں اس حقیقت سے انکار نہیں کرونگا کہ ہماری انتظامی مشینری قریباً قریباً اسی ڈگر پر چل رہی ہے جس ڈگر پر انگریز نے اسے چلایا تھا۔ ہمارے لئے سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ ہم کہنے کو تو مسلمان ہیں لیکن جب ہم اسلام کا صحیح نشہ پیش کرنے کے لئے آتے ہیں تو یہ بیان کرتے ہیں کہ سوئٹزرلینڈ جمع روس جمع پاکستان اس مکسچر کا نام اسلام ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ ہمارا موجودہ پڑھا لکھا اور بر سر اقتدار طبقہ—معاف کیجئے مجھے یہ کہنا پڑیگا۔ اسلام کی روح سے واقف نہیں ہے۔ ان کے لئے یہ بہتر ہوتا کہ وہ اسلام پر بحث کرنے کی بجائے اپنے رنگ میں روسی نظام کو اچھا کہتے، امریکی نظام کی تعریف کرتے، برطانوی نظام کو بہترین کہتے لیکن اس مکسچر قسم کے نظام کو اگر وہ ''اسلامی نظام،، کا نام دیں اور اس پر بحث کریں تو میں اسے پسند نہیں کرتا (تالیاں) جناب والا۔ میں نہیں چاہتا کہ میں آپنے آنریبل لیڈر کا نادان دوست بنکر سامنے آؤں۔ میں انشاءاللہ کوشش کرونگا کہ ان کا دوست بنوں لیکن نادان دوست نہیں۔ میں ان کے

گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ ہم قوم کے ساتھ کچھ وعدے کرکے آئے تھے ۔ قوم ہم سے مطالبہ کر سکتی ہے ۔ قوم کا حق ہے کہ وہ ہم سے ان وعدوں کے متعلق پوچھے ۔ جس طرح آج ہم گزشتہ decision پر نکتہ چینی کا حق رکھتے ہیں ہو سکتا ہے کہ کسی اور کو کل ہم پر نکتہ چینی کا حق حاصل ہو جائے ۔ میں کہونگا کہ ایک آدمی کو تعلیم، صحت، اور انصاف اتنی گران قیمت خرچ کرکے حاصل ہوتے ہیں کہ اس کی مثال دنیا کی سابقہ تاریخ میں قطعاً نظر نہیں آتی ۔ میں یہ کہنے کے لئے تیار ہوں کہ آج ایک مظلوم دیہاتی اس لئے انصاف حاصل نہیں کر سکتا کہ اسے جرأت نہیں ہوتی کہ وہ کسی تھانہ میں جا سکے یا کسی عدالت میں جا کر استغاثہ دائر کر سکے ۔ وہ ظلم، حق تلفی اور نا انصافی برداشت کرتا ہے لیکن تھانے کی چار دیواری میں نہیں جاتا ۔ جناب والا ۔ میں نے پچھلے ماہ کی ۷، تاریخ کو اپنے آنریبل لیڈر کی خدمت میں گزارش کی کہ جب وہ دیہاتی جو ستر میل دور چل کر یا کسی لاری میں سوار ہو کر ضلع کے ہیڈ کوارٹرز میں جاتا ہے اور دس بارہ روپے آنے جانے میں تین چار روپے ہوٹل میں خرچ کرتا ہے اور پھر کارندے اسے سارا دن کچہری میں بٹھانے کے بعد شام کو تین چار بجے کہتے ہیں کہ پرسوں اترسوں پھر حاضر ہو جاؤ ۔ اس کا جو تباہ کن اثر ہوتا ہے اور جو کلمات اس کی زبان سے نکلتے ہیں، جو جذبات اس کے دل میں ابلتے ہیں، میں انہیں دہرانا نہیں چاہتا ۔ وہ ایک مجسم پراپیگنڈہ ہوتا ہے اور اس مظلوم کا ہزاروں آدمیوں کے سامنے ایک زندہ پراپیگنڈہ میرے ہزار پراپیگنڈے کو آہ سرد سے اڑا کر لیجاتا ہے ۔ جناب والا میں یہ ضرور کہونگا کہ اسوقت دیہاتی عوام دفتری اور عدالتی چکروں میں اس بری طرح ذلیل ہو رہے ہیں کہ شرم کے مارے ہماری آنکھیں جھک جاتی ہیں ۔ اس کا علاج صحیح معنوں میں ابھی تک نہیں ہو سکا ۔ کیا اس دیہاتی کا حق نہیں ہے کہ اس ریوینو سے اس معاملہ زمین سے اپنے دیئے ہوئے مالیات کی مدد سے ان بے پناہ مشکلات اور پریشانیوں کے بغیر انصاف حاصل کر سکے ۔

جناب والا ۔ میں مؤدبانہ گزارش کرونگا کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی خرابی کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جانا اشد ضروری ہے ۔ یہ ایک امر واقعہ ہے اور ایک واضح حقیقت ہے کہ کافر حکومت قائم رہ سکتی ہے لیکن بے انصاف حکومت دیر تک قائم نہیں رہ سکتی ۔

دیہاتیوں کی بڑی حق تلفی ہو رہی ہے۔ مجھے اپنے بزرگوں کے سامنے اس قسم کی باتیں کرتے شرم آتی ہے لیکن کیا کروں مجبور ہوں دیہاتی بیچارہ برد بار ہے۔ حوصلے والا ہے اور وقت آنے پر طوفان سے بھی لڑ جاتا ہے لیکن اس کی بردباری حوصلہ مندی اور دلیری کا زیادہ دیر امتحان نہ لیجئے کیا یہ اچھی بات ہے۔ کہ آپ ایک دیہاتی کو چار چھٹانک کھانڈ دیتے ہیں اس لئے کہ وہ بردبار ہے اور ایک شہری کو تین پاؤ چینی دیتے ہیں اس لئے کہ وہ برد بار نہیں ہے۔ آخر آپ سوچیں کہ اسلامی مساوات کے ماتحت دیہاتی کا کیا حق ہے۔ اگر کشمیر کے محاذ پر بھی دیہاتی اور شہری لوگوں کا مواز نہ کریں تو وہاں آپ کو دیہاتی ۹۹ فیصدی ملیں گے اور شہری صرف ایک فیصدی ۔ میں یہ کہوں گا کہ دیہاتی کا حق ہے کہ اس کو تین پاؤ کھانڈ ملے اور شہری کو ایک پاؤ۔

اس کے بعد تعلیم کا مسئلہ ہے ۔ تعلیم کے لئے بجٹ میں جس قدر روپیہ رکھا گیا اس سے بہت زیادہ روپیہ رکھا جانا چاہئے تھا۔ میں مانتا ہوں کہ نئے ٹیکس لگا کر نئی فضا پیدا کرنا شاید قرین مصلحت نہ ہو لیکن اگر کوئی اور ذریعہ پیدا کر لیا جائے اور محکموں میں کچھ کفائت شعاری دکھا دی جائے تو بچا ہوا روپیہ تعلیم کی ترقی پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔ تعلیم کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ اس وقت میرے پاس صحیح صحیح اعداد و شمار موجود نہیں ہیں تاہم جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے پنجاب میں خواندگی کی شرح صرف بارہ تیرہ فیصدی ہے۔ اب ایک ایسا ملک جس کی ۸۷ یا ۸۸ فیصدی آبادی جہالت کے مرض میں مبتلا ہو اور ایک طبقہ عیاشی میں لگا رہے اور پھر ٹیکسوں سے بھی جان بچائے درست معلوم نہیں ہوتا ۔ اگر حالات ایسے ہی رہے تو آئندہ سو سال میں بھی ہم پنجاب کے رہنے والوں کو صحیح معنوں میں تعلیم یافتہ نہیں بنا سکیں گے۔ لہذا میں مؤدبانہ اپیل کروں گا کہ تعلیم کی مد میں جو روپیہ دیا گیا ہے شاید اس سال کے مطابق ٹھیک ہو لیکن آئندہ سال اس میں ضرور اضافہ کیا جانا چاہئے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ آئندہ سال تعلیم کے لئے جو رقم رکھی جائے گی وہ موجودہ پونے چار کروڑ روپے کی رقم سے بہت زیادہ ہو گی خواہ آپ کو تعلیمی ٹیکس لگا کر ہی کیوں نہ ایسا کرنا پڑے۔ جسے ہر فرد غریب ہو یا امیر — مہاجر ہو یا مقامی حسب استطاعت برداشت کرنے کے لئے تیار ہے انشاء اللہ تعالے ۔ اصل بات تو یہ ہے کہ جن لوگوں کے پاس روپیہ ہے ان پر تعلیمی ٹیکس لگایا جانا چاہئے — ایسے ایسے زمیندار بھی موجود ہیں جنہیں ہر دم یہی دھڑکا لگا رہتا ہے کہ

کہیں ان کے کتے دوڑوں میں سست نہ پڑجائیں اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ تعلیمی ٹیکس بڑے بڑے زمینداروں اور بڑے بڑے کارخانہ داروں پر لگایا جائے — مجھ جیسے غریب بھی اپنا حصہ دینے کے لیئے تیار ہیں — اس لئے کہ جہالت ایسی بری چیز ہے — ہمارے ملک کو گھن کی طرح کھا رہی ہے —

عدالتی نظام کے متعلق بعض چیزیں عرض کی جاچکی ہیں میں نہیں چاہتا کہ میں نام لیکر کچھ کہوں — بعض اوقات دیہاتیوں کو اہلکار اتنا تنگ کرتے ہیں کہ اس کی مثال ڈھونڈنے سے نہیں ملتی ہے آپ مہربانی کرکے اس طرف فوری توجہ فرمائیں — یہ ایک ایسا مرض ہے کہ اگر اس طرف فوری توجہ نہ کی گئی تو یہ بہت خطرناک صورت اختیار کرلے گا — میں مانتا ہوں کہ چار سال کے عرصہ میں سو سال کی بیماری کو یک لخت دور کرنا مشکل ہے لیکن اس کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے — مریض بیچارہ بری طرح ذلیل ہو رہا ہے — میری خواہش بلکہ دعا ہے کہ حکومت اس کی طرف اپنی اولین فرصت میں توجہ مبذول کرے و اخر دعوانا ان الحمد اللہ رب العامین —

سید غلام مصطفے شاہ خالد گیلانی— (راولپنڈی ۳ مسلم)

جناب والا دنیا کی جمہوری آئین ساز مجالس میں بجٹ کسی ملک کی قومی امنگوں کی روح اور آئیندہ سال کا آئینہ دار تصور کیا جاتا ہے اور وہاں بجٹ کو اس کسوٹی پر پرکھا جاتا ہے کہ کیا آئیندہ سال پر عمل کرنے سے عوام کی زندگی کا معیار بلند ہوگا — بے روزگاری کم ہوگی — لوگ خوشی حال کی زندگی بسر کر سکیں گے ان کے رہنے کے لئے مکانات پہننے کے لئے کپڑا اور کھانے کے لئے خوراک میسر ہوگی — اس کسوٹی پر جو بھی بجٹ پورا اترے وہ مبارکباد کا مستحق گردانا جاتا ہے ہمارے عزت مآب وزیر خزانہ نے موجودہ بجٹ جو چند خصوصیات کا حامل ہے اور جس میں چند خامیاں بھی مجھے نظر آتی ہیں ایک گلدستۂ ادب بنا کر ہمارے سامنے پیش کیا ہے جب میں اس بجٹ کو صوبہ کے عام مناد کے نقطہ نظر سے دیکھتا ہوں تو مجھے اس میں بہت سی خوبیاں نظر آتی ہیں اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ رفاع عامہ کے لئے سات کروڑ روپے کا اندازہ اور تخمینہ پیش کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے — مجھے فخر ہے اس بجٹ کے اندر کئی ایسی خصوصیات ہیں جن کی بنا پر میں معزز وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں لیکن اس کے اندر کچھ ایسی بے انصافیاں بھی ہیں کہ جن کی بنا پر میں بڑے ادب کے

ساتھ اپنے عزت مآب وزیر خزانہ کی توجہ ان کمزوریوں اور بے انصافیوں کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں — آمدنی کا تخمینہ ۲۳ کروڑ اور ۷۰ لاکھ پیش کیا گیا ہے — اخراجات کا تخمینہ ۲۴ کروڑ اور ۱۰ لاکھ روپے ہے اور اس طرح ۳۰ لاکھ کا خسارہ بتایا گیا ہے — دراصل بات یہ ہے کہ کسی بجٹ کا منافعہ یا خسارہ ظاہر کرنا میرے نزدیک محض الفاظ کا ہیر پھیر ہوتا ہے — اسلئے میرے نزدیک اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے — اسی معزز ایوان کے اندر سر منوہر لال نے کئی مرتبہ بڑے شاندار بجٹ پیش کئے لیکن ان کے باوجود صوبہ کی حالت جوں کی توں رہی — اور اس خسارہ کے بجٹ کے بعد بھی صوبہ میں کوئی قابل قدر تبدیلی نہیں ہوئی — اس لئے اگر ادبی نقطہ نگاہ سے دیکھیں تو عزت مآب وزیر خزانہ کی تحریر گلدستہ ادب تو نظر آتی ہے لیکن اگر روپے کی تقسیم کی بے انصافیوں کو اپنے مقامی حالات کی عینک لگا کر دیکھا جائے تو مجھے راولپنڈی کے ضلع کا حال اتنا ناگفتہ بہ نظر آتا ہے کہ میں آپ کے سامنے اگر اپنے خون کے آنسو نہ پیش کروں تو میں ان عوام جن کی طرف سے میں نمائندہ ہو کر آیا ہوں کے مفادات کے ساتھ دیانتداری اور انصاف نہیں کر رہا ہوں گا (خوب خوب) میرے ضلع کی یہ حالت ہے کہ اگر اس کی آبادی کا جائزہ لیا جائے تو وہ ۹ لاکھ ہے لیکن اگر کسب معاش کا جائزہ لیا جائے تو مجھے ان لوگوں کا ذریعہ معاش نظر نہیں آتا — تحصیل ہائے کوہ مری اور کہوٹہ دو ایسی تحصیلیں ہیں جو پہاڑی ہیں جن میں آٹھ یا دس کنال اراضی کے مالک کو زمیندار کہا جاتا ہے — ان مقامات میں بعض مکانوں کی چھتوں پر فصلیں ہوئی جاتی ہیں — پھر بھی خوراک والے علاقوں کے لوگ ہمیشہ دانے دانے کو ترستے رہتے ہیں — تقسیم سے پہلے بھی یہی حال تھا اور تقسیم کے بعد بھی یہی حال ہے جہاں تک تحصیل ہائے راولپنڈی اور گوجر خاں کا تعلق ہے ان کے شمالی حصے بھی پہاڑی تصور کئے جاتے ہیں — ان کے اندر بھی ویسی ہی صورت ہمیشہ رہتی ہے — میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ غلہ کے قحط کا تعلق قدرت کے ساتھ کتنا ہے لیکن میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ غلے کی قلت پیدا کی گئی ہے جہاں تک راولپنڈی کے ضلع کا تعلق ہے اگر اس میں ۱۰ لاکھ من غلہ بھی موجود ہو تو وسائل ایسے نہیں کہ وہ غلہ عوام تک پہنچ سکے — اس لئے جب ہم راولپنڈی کی سڑکوں کا جائزہ لیتے ہیں تو ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارا ضلع اس امر میں بہت ہی پسس ماندہ ہے۔

جناب والا آج سے ۸۰ یا ۸۵ سال پہلے بندوبست قانونی ہوا تھا اس قانونی بندوبست کے اندر کاغذات مال میں ہمیں زمین کے چند ٹکڑے نظر آتے ہیں لیکن ۸۵ سال کی بارشوں اور اونچے پہاڑوں کی طرف سے جو تیز پانی بہہ کر آتا ہے اس نے راولپنڈی کی ساری زمین کھنڈروں — نالوں اور ندیوں میں تبدیل کر دی ہے اور اس کی سڑکوں کی حالت یہ ہے کہ اگر آپ مرکز سے باہر ہوں اور ایک بارش ہو جائے تو ۱۵ دن آپ کا صدر مقام کے ساتھ کوئی تعلق باقی نہیں رہتا — یہ تو ہمارے ضلع کی سڑکوں کی حالت ہے — موجودہ سال یعنی آئندہ میں جس کا بجٹ پیش کیا جارہا ہے ۴۸۱ میل لمبی پختہ سڑکیں بنیں گی — ضلع راولپنڈی کے اندر صرف ۹ میل کا ٹکڑا — راولپنڈی سے کوہاڑا شریف تک — اور اور وہ بھی ایک سیاسی مصلحت کے پیش نظر بنایا جانا ہے (خوب خوب) اس سال سڑکوں پر دو کروڑ اور ۲۵ لاکھ روپیہ خرچ ہوگا — جب ہم نے وزیر متعلقہ سے اپنے ضلع کی سڑکوں کے لئے کہا تو انہوں نے فرمایا کہ صبر کرو — دل پر ہاتھ رکھو اور آئندہ سالوں کا انتظار کرو — اگر اس وقت راولپنڈی کے اندر وسائل کی حالت درست ہوتی تو اس ضلع کے اندر ۹ لاکھ لوگ قحط میں مبتلا نہ ہوتے — غلہ موجود ہے لیکن لوگوں تک اس کے پہنچنے کے سامان موجود نہیں ہیں — ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ ۱۹۵۶ تک ضلع راولپنڈی میں سڑکیں بن جائیں گی لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر ۱۹۵۶ کو کوئی فضیلت حاصل ہے تو اگر یہ فضیلت ڈیرہ غازی خاں کے لئے حاصل کی جاتی تو کیا ہی اچھی بات ہوتی راولپنڈی کے ضلع میں اس وقت ۵۰ ہزار کی تعداد میں پنشنر ہیں جن کی عظیم اکثریت پانچ روپے ماہوار پنشن پاتی ہے— یہ وہ لوگ ہیں جو سولجر تھے — دو لاکھ ایکس سولجر بھی موجود ہیں — یہ جو تقسیم کے بعد سے بیکار ہیں — اور ملازمت کے باوجود جن کے ذرائع مسدود ہیں — یہ وہ لوگ ہیں جو مملکت پاکستان کے بازوئے شمشیرزن کہلاتے ہیں یا انہیں اس ملک کا بازوئے بندوق زن کہا جاتا ہے — لیکن جب ہم ان بازوؤں کے لئے تعلیم کا مطالبہ کرتے ہیں تو اس بجٹ میں ہمیں تاریکی ہی تاریکی نظر آتی ہے — امید کی کوئی روشنی نظر نہیں آتی — ملتان اور لاہور ڈویژن کے لئے یہ بجٹ صحیفہ آسمانی ہو سکتا ہے وہ اسے روشنی کا مینار تصور کر سکتے ہیں لیکن جہاں تک ہمارے شمالی اضلاع کی تعلیم کا تعلق ہے ہم نے ایک درخواست پیش کی تھی — جس پر اپنے ضلع کے تمام ممبران اسمبلی کے دستخط بھی کرائے تھے — وہ

یہ کہ گوجر خاں میں ایک ڈگری کالج کھول دیا جائے کیونکہ اس کے ارد گرد بیس میل کے رقبہ میں ۱۸ ہائی سکول ہیں جن سے فارغ شدہ بچوں کی اعلےٰ تعلیم کا کوئی انتظام نہیں — ضلع راولپنڈی کی مردم خیز زمین جو غلہ کی جگہ مجاہدین اگلتی ہے اور جسکے لاکھوں سپاہی اس وقت بھی پاکستان فوج میں موجود ہیں — اس ضلع میں مجاہدین کے بچوں کی اعلےٰ تعلیم کا انتظام ہو سکے — تاکہ وہاں کے لوگ بھی اعلیٰ فوجی عہدوں پر فائز ہو سکیں — اس وقت تمام پاکستان آرمی میں صرف ایک بریگیڈیر ہمارے ضلع کا ہے — حالانکہ ہمارے سپاہی لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں — کمانڈرانچیف نے بھی ہماری درخواست پر سفارش کی تھی کہ وہاں ضرور ایک ڈگری کالج کھولا جائے — لیکن آج اس بجٹ میں اسکا کوئی ذکر نہیں — اگر ہم خون کے آنسو نہ روئیں تو کیا کریں — ہم اپنے عوام کے پاس کیا منہ لے کر جائینگے — جب ہمارے عوام ہم سے پوچھینگے کہ بتاؤ ضلع راولپنڈی کیلئے کتنے نئے سرکاری مدارس، سکول، کالج کارخانے اور فیکٹریاں لے کر آئے ہو تو ہم انہیں کیا جواب دینگے کل میرے ایک سوال کے جواب میں یہاں بتایا گیا تھا کہ وہاں فولاد کا کارخانہ بنانے کی سکیم زیر غور ہے — جب تک اس پر غور ہوچکیگا ہماری حالت اس سے بھی ناگفتہ بہ ہو چکی ہوگی — یہ حقیقت ہے کہ ملتان ڈویژن کی بڑی حوصلہ افزائی کی گئی ہے اور میں بجٹ میں روپے کی اس غلط تقسیم کے خلاف شدید احتجاج کرتا ہوں —

جہاں تک عام نظم و نسق کا تعلق ہے اس کی حالت یہ ہے کہ اس وقت ہم مثال کے طور پر صوبہ کا کوئی محکمہ ایسا پیش نہیں کر سکتے جس کے متعلق دیانتداری کے ساتھ یہ کہا جا سکے کہ اس کے اندر رشوت نہیں ہے — یہ ضرور ہے کہ ان محکموں میں رشوت بتدریج ہے — کبھی رشوت کے لحاظ سے پولیس ایک نمبر پر ہوتی تھی — لیکن آجکل اسکا نام چوتھے یا پانچویں نمبر پر ہے — عوام کو جس محکمہ نے سب سے زیادہ تنگ کر رکھا ہے وہ سول سپلائی کا محکمہ ہے— غلہ ان کے پاس موجود ہے لیکن عوام دانے دانے کے لئے ترس رہے ہیں —ہم فریادیوں کی طرح ان کے سامنے پیش ہوتے ہیں کہ ہمیں غلہ دیجئے لیکن وہاں سے جواب ملتا ہے کہ فروری کا کوٹہ ختم ہو چکا ہے اب مارچ کے مہینے میں غلہ ملیگا ایک جاں بلب آدمی جو بھوک سے بلک رہا ہے — جب وہ ان سے روٹی مانگتا ہے تو یہ فرماتے ہیں کہ ماہ مارچ میں دینگے — کیا ایسی صورت حال میں راولپنڈی کے لوگ زندگی بسر کر سکتے ہیں ؟ میں بڑے

ادب اور احترام کے ساتھ عزت مآب وزیر خزانہ کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جب تک ہم دیانتدار افسروں کی حوصلہ افزائی نہیں کرینگے اس وقت تک بد دیانتی کا خاتمہ نہیں ہو سکیگا — اگر دیانتدار افسروں کے لئے انعام مقرر کئے جائیں تو ہر شخص دیانتدار بننے کی کوشش کرے گا — لیکن اگر بد دیانت افسروں کو ترقیاں دی گئیں اور دیانتدار افسروں کو پیچھے چھوڑا گیا تو کوئی شخص بھی دیانتدار بننے کی کوشش نہیں کریگا — (ہیر - ہیر)

اب جناب والا - میں اخلاقیات کے بارے میں چند ایک گذارشات کرونگا — جہاں تک ہمارے صوبہ کے اخلاق کا تعلق ہے یہ بڑا پست ہے — شراب بند ہونے اور اس کے باعث صوبائی خزانہ میں کروڑ سے زائد نقصان اٹھانے کے باوجود آج بھی کلبوں کے اندر اسی طرح شراب کے دور چل رہے ہیں — (ہیر - ہیر) ہم یہ صورت حال دیکھ دیکھ کر یہ کہتے ہیں —

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری

(ہیر - ہیر)— ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ اسکا انسداد کیسے ہو گا —

کل یہاں ایک سوال کے جواب میں وزیر متعلقہ نے یہ فرمایا تھا کہ اس صوبہ میں زنان بازاری کا پیشہ بند ہے اور یہاں کوئی عورت حکومت سے اجازت لے کر شہر و قصبات کے اندر یہ پیشہ اختیار نہیں کر سکتی — میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کیا یہ درست ہے یا نہیں کہ اس مسلمان ملک میں ایک مسلمان عورت کسی مسلم یا غیر مسلم ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے سامنے درخواست دیتی ہے کہ مجھے اس موقع پر جسکا نام (چکلہ) ہے پیشہ کرنے کا لائسنس دیجئے — اور سرکاری طور پر اسے اس کام کے لئے لائسنس دیا جاتا ہے — حکومت اسے اس بدکاری کی اجازت دیتی ہے اور وہ وہاں بیٹھ کر یہ کام کرتی ہے — اور حکومت کا لائسنس اس کے ہاتھ ہوتا ہے — اور یہ حالت ہے ہمارے صوبہ کے اخلاق کی ؟

جناب والا ! اس معزز ایوان کے اندر اردو کی یہ حالت ہے کہ اسے کند چھری سے ذبح کیا جا رہا ہے — اس صوبہ پنجاب کے اندر جو پاکستان کا دل اور دماغ کہلاتا ہے اردو کا جس طرح سے قلع قمع کیا جا رہا ہے اسے دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ وہ تو دیوانے ہیں جو بنگال

کے اندر اردو کو مٹانے کے لئے لڑ رہے ہیں — کیونکہ خود یہی صوبہ پنجاب جو سارے پاکستان کی راہنمائی کر سکتا ہے اردو دشمنی کا وہ ثبوت دے رہا ہے کہ اس کے بعد کسی اور کو اس زبان کی دشمنی کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی — اس معزز ایوان کے اندر آنریبل سپیکر یہ حکم دیتے ہیں کہ جو ممبر اپنے سوال کا جواب اردو میں چاہتا ہو وہ ایسا لکھ کر دے — اس دفعہ میں نے لکھ کر دیا کہ میں اپنے سوالوں کا جواب اردو میں چاہتا ہوں — لیکن میری اس درخواست کو پائے استحقار سے ٹھکرا دیا گیا — اور میرے اردو سوالوں کا جواب بھی انگریزی میں دیا گیا — اسی قسم کا ستم اپوزیشن میں بھی ہے — ایک طرف تو وہ اردو کے ہمدرد بنتے ہیں اور دوسری طرف ان کے چودھری محمد افضل چیمہ انگریزی کے سوا بات ہی نہیں کرتے — (قہقہہ)

ان حالات میں میرے لئے اس بجٹ کے اندر سب سے خوش آئند چیز نئے شہروں کی تعمیر ہے جس سے میں سمجھتا ہوں کہ آبادکاری میں سہولت ہوگی اور عوام کا ہیجان و اضطراب دور ہوگا — میں نے وزیر خزانہ کی خدمت میں اپنے ضلع راولپنڈی کے جملہ حالات پیش کر دئے ہیں — میری یہ درخواست ہے کہ میری تجاویز پر غور فرمایا جائے اور اس غریب ضلع کی حوصلہ افزائی کی جاوے —

مسٹر ابو سعید انور (لاہور کارپوریشن نمبر ۳ مسلم) —

جناب والا ! مجھے اپنی قوت بیان اور اپنے الفاظ کے ذخیرے پر کچھ بد اعتمادی سی ہوتی جا رہی ہے جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ اس ایوان میں بجٹ جیسے اہم مسئلہ پر اس قدر جوش و خروش اور جذبات کا اظہار کیا جا رہا ہے — یہ تقاریر ایک حد تک اس بجٹ کے ساتھ تعلق تو رکھتی ہیں لیکن وہ یقیناً اس بجٹ کو قعر مزلت میں گرانے کے مترادف ہیں — جہانتک اس بجٹ کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس بات میں کوئی شرمندگی یا احساس کمتری نہیں کہ میں قائد ایوان کو اس بجٹ کے پیش کرنے پر مبارکباد پیش کروں — میرے وہ معزز دوست جنکا سیاست سے دیرینہ تعلق ہے میرے اس خیال سے اتفاق کرینگے کہ قومیں اور ملک دنوں میں نہیں بنا کرتے بلکہ قوموں اور ملکوں کے بننے کے لئے وقت درکار ہوا کرتا ہے — انگریز جو سات سمندر پار کر کے یہاں آ بیٹھے تھے ان کا مقصد صرف حصول دولت تھا ہمارا ملک ایک سونے کی چڑیا تھی اور وہ چاہتے تھے کہ اس سے جسقدر بھی فائدہ حاصل کیا جا سکے کیا جائے — گذشتہ اسمبلی جو تقسیم ملک کے فوراً بعد بنی

تھی مجھے معاف فرمایا جائے اگر میں یہ کہوں کہ وہ عوام کے ان جذبات کی ان احساسات کی اور ان کی تمناؤں کی ترجمان نہ تھی — ان انتخابات کی حیثیت ایک ایجی ٹیشن کی تھی — نئے انتخابات کے بعد یہ نمائیندگان جو اس وقت یہاں بیٹھے ہوئے ہیں عوام کے پورے اعتماد کے ساتھ یہاں آئے انہیں صوبے کے عوام نے ایک مثبت پروگرام کے تحت منتخب کیا ہے — اور اب ایک مستحکم اور مضبوط وزارت جو نئے منصوبے اور شاندار پروگرام اپنے ساتھ لائی ہے اس صوبہ میں قائم ہو چکی ہے اور عوام کی تمناؤں کے پورا کرنے کے لئے اس پر پورا بھروسہ کیا جا سکتا ہے — میں قائد ایوان کو جو وزیر خزانہ بھی ہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بجٹ میں قوم کی ضروریات کو زیادہ سے زیادہ پورا کرنے کی کوشش کی ہے — یہ کہنا صریحاً نا انصافی اور احسان فراموشی ہے کہ اس بجٹ میں صوبہ کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ نہیں کیا گیا — میرے دوست رانا عبدالحمید صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ کی tendencies اور ان کا رجحان تخریبی کاموں کی طرف ہے مجھے یہ سمجھ نہیں آیا کہ ان کے اس ریمارک کا کیا مطلب ہے — اگر ملک میں سڑکیں بنانا، کارخانے قائم کرنا، سکول کھولنا، ہسپتال جاری کرنا اور دیگر رفاہ عامہ اور عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنا تخریبی کاروائیوں میں شامل ہے تو پھر میں کہتا ہوں کہ وزیر اعلیٰ ایسی تخریبی کاروائیاں دس گنا اور زیادہ کرینگے — آپ کو بھی موقع دیا گیا تھا مگر آپ نے صوبہ میں دفعہ ۹۲ (الف) کا نفاذ کروا دیا تھا — آپ ہی بتائیں کہ حزب مخالف نے اپنے دور حکومت میں کیا انقلابی تبدیلیاں کیں — مجھے معاف فرمایا جائے اگر میں یہ کہوں کہ انہوں نے بجٹ پر کوئی تعمیری تنقید نہیں کی — ان کی للچائی ہوئی نظریں تو ان بنچوں کی طرف ہیں کہ وہ کب یہاں پہنچتے ہیں اور اس طرح وہ عوام کے خیالات کو بھڑکانے کی کوشش میں ہیں — میں اسبارے میں اتنا ہی کہنا کافی سمجھتا ہوں —

اتنی نہ بڑھا پاکی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ —

ہم آپ کو پہلے کافی آزما چکے ہیں ہم آپ کا دوبارہ تجربہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں — صوبہ کے عوام آپ کو پھر کسی قسم کا اقتدار دینے کے لئے تیار نہیں ہیں — اگر آپ کوئی تعمیری کام کرنا چاہتے ہیں تو آئیے آپ کے لئے تعمیری کام کے لئے بے حد مواقع موجود ہیں —

جہاں تک بجٹ کے اعداد و شمار کا تعلق ہے بہت سے حضرات اپنی تقریروں میں اسکی وضاحت فرما چکے ہیں — بجٹ ایک ایسا پروویژن ہے جس سے ملک کا کاروبار چلایا جاتا ہے اور اس میں تعمیری - سوشل اور فلاح عامہ کے کاموں کے لئے گنجائش رکھی جاتی ہے — اکثر ممالک کے طرز حکومت مختلف ہوتے ہیں لیکن بجٹ کے بعض پہلو مشترک ہوتے ہیں اور وہ تبدیل نہیں کئے جاتے — آپ چاہے دنیا کے کسی ملک کو لیں آپ دیکھینگے کہ بجٹ کے بعض aspects ایسے ہونگے جن میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں ہوتی — مثلاً ٹیکسوں کا معاملہ ہے — دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں جہاں ٹیکس عائد نہ کئے گئے ہوں — سوشلسٹ نظام ہو یا سرمایہ دارانہ، ملوکیت ہو یا اشتراکیت کوئی حکومت ٹیکس کے بغیر نہیں چل سکتی اس کی شکل مختلف ہو سکتی ہے! اس بجٹ سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اسمیں کسی نئے ٹیکس کا اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ ایگریکلچر ٹیکس کو کم کیا جا رہا ہے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ مفاد عامہ کے کاموں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کیا جائے —

جناب والا! میں حکومت کو اور بالخصوص وزیر زراعت کو اس موقعہ پر مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ وہ سیاسی انتشار جو پچھلے دنوں دارالحکومت میں خود غرض عناصر نے پھیلانا چاہا اور فوڈ پوزیشن کو exploit کرنے کی کوشش کی حکومت نے اسکا بڑی دانشمندی کے ساتھ مقابلہ کیا اور اب حالت بہت بہتر ہو گئی ہے - اسکے علاوہ حکومت نے جو تھل ڈویلپمنٹ کا کام شروع کیا ہے میں حکومت کو اس پر بھی مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں — میں ایک چیز ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ گذشتہ کئی سالوں سے تعلیم بالغان پر لاکھوں روپیہ ضائع کیا جا چکا ہے میں تعلیم بالغان کے خلاف ہوں — سوکھے درختوں کو پانی دینے سے یہ بہتر ہے کہ نو نہالان چمن پر وہ روپیہ خرچ کیا جائے - اسی روپے سے نئے پرائمری سکول کھولنے چاہئیں - یہ ایک ایسا سلسلہ ہے جو خضر وزارت سے چلا آ رہا ہے اور اسے اب ختم کرنا چاہئے —

بجائے اس کے ہم بوڑھے طوطوں کو پڑھاتے رہیں ہمیں چاہئیے کہ ہم بچوں کی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام کریں - جنہوں نے آئندہ ملکی تعمیر میں حصہ لینا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم بالغان ایک غلط نظریہ ہے اور مجھے اس کی افادیت کا ہرگز اعتراف نہیں - میں نہیں چاہتا کہ میں ان دھرائی باتوں کو پھر دھراؤں جو اس ایوان میں کہی گئی ہیں - بلکہ میں اپنا فرض سمجھتا ہوں

کہ میں قائد ایوان کو تہ دل سے مبارکباد دوں کہ انہوں نے ایک دانش مندانہ اور عوامی بجٹ پیش کیا ہے۔

ملک غلام نبی — (کارپوریشن لاہور شہر نمبر ۱ مسلم (مخصوص نشست)

جناب والا ! ہمیں اپنے ذہین و فہیم وزیر فنانس سے جن کی قابلیت کا شہرہ ہم کئی برسوں سے سن رہے ہیں یہ توقع تھی کہ جس طرح انہوں نے گذشتہ چار برسوں میں ترقی کی مختلف منازل طے کی ہیں اور وہ وزیر خزانہ سے ترقی کرتے کرتے وزیر اعلیٰ کے رتبہ پر پہنچے ہیں یقیناً وہ اپنے وسیع تجربہ کے پیش نظر ایک ایسا غیر معمولی اور اعلیٰ قسم کا بجٹ پیش کرینگے جس میں معاشرے کے بنیادی اور ضروری مسائل کا پورا پورا حل پیش کیا جائے گا۔ لیکن کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا اور وہ بھی طاعون زدہ۔ وہ اس لئے کہ وزیر موصوف اپنے دعووں اور پالیسی میں honest نہیں ہیں میرا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ وہ dishonest ہیں بلکہ وہ اپنی سخاوت اور فیاضی میں جس کا انہوں نے اس بجٹ میں بار بار ذکر فرمایا ہے اس میں honest نہیں ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ بذات خود بڑے دیانتدار اور gentle قسم کے آدمی ہیں انہوں نے حسب معمول اپنی تقریر کو اپنی مدح سے شروع کیا ہے اور یہ ہے بھی درست جب تک وہ اپنی تعریف خود نہیں کرتے ان کے حاشیہ برادران کی قصیدہ خوانی کس طرح کریں گے یہ سیاسی بددیانتی ہوگی اگر میں ان کے بجٹ کی زبان کی تعریف نہ کروں جو بڑی احتیاط سے برتی گئی ہے۔ الفاظ نہایت ہی موزوں اور درست ہیں۔ ترکیبیں ستھری اور چست ہیں مگر فکر اور تخیل سست ہیں۔ حضور والا—ہمارے معاشرے کا دشمن نمبر ایک جہالت ہے۔ جس کو دور کرنے کے لئے تعلیم سے زیادہ موثر اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔ بجٹ میں تعلیم کے لئے پونے چار کروڑ روپے رکھے گئے ہیں اور ہماری تعلیم کی حالت یہ ہے کہ پچیس لاکھ بچے ایسے ہیں جو اپنی عمر کے لحاظ سے زیر تعلیم ہونے چاہئیں لیکن صرف ۷ لاکھ سکولوں، مسجدوں اور مکتبوں میں ہیں اور باقی ۱۸ لاکھ آوارہ گردی گلی ڈنڈا بیل بکری کا ہانکنا اور وقت کو یونہی گنوانا یہ ان کا محبوب مشغلہ ہے۔ ۱۹۵۱-۵۲ء میں ۶۰۰ پرائمری سکول ۴۰۰ لڑکوں کے لئے اور ۲۰۰ لڑکیوں کے لئے کھولے گئے ہیں اور ۱۲۰۰ سکولوں کا ذکر بھی کیا گیا ہے خدا معلوم وہ پرانے سکولوں کی مرمت کی جائے گی یا نئے کھولے جائیں گے۔ اگر وہ نئے بھی ہوں تو بھی ہماری ابتدائی تعلیم عام کرنے کے لئے مزید ۲۲ ہزار نئے سکولوں کی اشد ضرورت ہے۔ دس ہزار لڑکوں کے لئے اور ۱۲ ہزار لڑکیوں کے لئے۔ اگر ۳۰ طلبا کے لئے ایک استاد مقرر کیا جائے تو اس حساب سے ۶۰ ہزار نئے استادوں کی ضرورت ہے۔ یعنی ۲۸ ہزار استاد اور ۳۲ ہزار استانیاں۔ بجٹ میں یہ بھی کہا

گیا ہے کہ ۲ نارمل سکول اورکھولے جائیں گے ۔ خیال فرمائیے کہ ۶۰ ہزار استاد اور استانیاں trained کرنے کیلئے خدا معلوم ہمیں کتنا زاستہ طے کرنا پڑے گا ۔ جناب والا اس ناقص تعلیم کی موجودگی میں ہم جہالت کی اس لعنت کو اس وقت تک دور نہیں کرسکتے جب تک کہ ہم سب مل کر اسے جنگی پیمانہ پر نہ لڑیں ۔ آپ نے ڈسٹرکٹ بورڈوں کے استادوں کو مہنگائی الاؤنس دے کر خوش کرنے کی کوشش کی ہے ۔ بہتر تو یہ ہوتا کہ آپ اپنے ڈسٹرکٹ بورڈوں، میونسپل کمیٹیوں اور کارپوریشن کے سکولوں کو emergency state declare کرکے اپنے قبضہ میں لے لیتے تاکہ وہ استاد جو کسی چیئرمین یا کچھ ممبران کے بل بوتے پر اپنے کام کی طرف قطعاً توجہ نہیں دے رہے ۔ بلکہ وہ اپنی من مانی کاروائیاں کرتے ہیں ۔ کہیں علم کی چور بازاری کرتے ہیں اور طالبعلموں کو tuition پر اکساتے ہیں ۔ اپنا کاروبار کرتے ہیں اور طلبا کی ضروریات کو یکسر نظر انداز کردیتے ہیں سدھر سکتے ۔ حالت یہ ہے کہ آپ کے مڈل اور ہائی سکولوں میں بھی لڑکے بغیر ٹاٹ کے زمین پر بیٹھتے ہیں اور اکثر ایسی حالت میں تعلیم پاتے ہیں کہ سر پر کوئی چھت نہیں سامان کی کمی کا جتنا بھی رونا رویا جائے کم ہے ۔ لیکن آپ نے کچھ رقوم ایسے سامان کے خریدنے کے لئے وقف کی ہیں ۔ خدا کرے کہ آپ اپنے ان ارادوں میں کامیاب ہوسکیں ۔

حضور والا ! لڑکوں کی تعلیم سے کہیں زیادہ دشوار لڑکیوں کی تعلیم کا مسئلہ ہے ۔ مستقبل کی مائیں جنہیں خالد، طارق، جناح اور اقبال کو جنم دینا ہے ان کا ۹۰ فیصدی حصہ زیور تعلم سے محروم ہے ۔ سب سے بڑا معمہ اس بجٹ میں تعلیم بالغاں کا ہے ۔ یہ underground ادارہ خدا معلوم کیا کام کررہا ہے ۔ اس کی رفتار ترقی کا کم از کم اس ایوان کو کوئی علم نہیں ہے ۔ میں اس طرف بیٹھنے والے دوست کے خیال سے ہمنوا نہیں ہوسکتا کہ بوڑھے طوطے کسی کام نہیں آسکتے ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہماری آج کی پود تو دس پندرہ برس میں جاکر کہیں تیار ہو گی مگر یہ بالغاں تعلیم سے فارغ ہوکر مفید شہری بن سکتے ہیں مگر مجھے اس تعلیم کے طریقہ کار سے اختلاف ہے کیونکہ ہمیں یہ معلوم نہیں کہ یہ روپیہ کس طرح خرچ کیا جارہا ہے ۔ جناب والا! یہ حقیقت ہے کہ ہم اس وقت تک اپنے مشن میں کامیاب نہیں ہوسکتے جب تک کہ تعلیم کو عبادت کا درجہ حاصل نہیں ہو جاتا اور ہم اسے اپنا جزو ایمان نہیں بنا لیتے ۔ جناب والا ! ووٹ ہی ایک ایسی چیز ہے

جس سے قوموں کی قسمتیں بدلتی رہتی ہیں ۔ اگر ووٹ کا جائز استعمال کیا گیا تو قوم اپنے معراج کو پہنچ جاتی ہے ۔ اگر ووٹ کا غلط استعمال کیا گیا تو قوم پستی میں جا گرتی ہے ۔ آپ نے گذشتہ الیکشنوں میں دیکھا کہ کس طرح ووٹ کی مٹی پلید کی گئی ۔ ووٹ کو خریدا گیا ۔ ووٹ بیچا گیا اور بھی ذلیل ہتھکنڈے استعمال کئے گئے — جس کیلئے ہم سب شرمندہ ہیں اور شاید اسی سیاسی حکمت عملی کا ذکر وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں ان الفاظ میں کیا ہے—

,, برصغیر پاک و ہند میں جمہوری حق انتخاب کے اولین استعمال کا عظیم الشان تاریخی تجربہ ہمارے صوبے کی سیاسی حکمت عملی میں نئی قوت اور نئی بصیرت کا باعث ہوا ہے ۔ اس کی بدولت صوبے کی ساری آبادی کو یہ موقع ملا ہے کہ وہ اپنی قومی جماعت مسلم لیگ کی اہلیت اور کردار کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کریں ،،

ووٹ اسی صورت میں درست ہو سکتا ہے جب کہ قوم جہالت سے نکل کر علم کی دولت سے منور ہو جائے وگرنہ حضور والا — جمہوریت ایک fraud ہے— ایک دھوکا اور فریب ہے — جب تک کہ تعلیم اس میں شامل نہیں ہے — میں تو حزب مخالف کو ایک Healthy Opposition بنانا چاہتا ہوں — اگر کل کے حالات نواب ممدوٹ کو اس قابل بنادیں کہ وہ وزارت بنا سکیں تو میں یہ عرض کردوں کہ میں اس حزب مخالف میں بیٹھونگا جو اس وقت کی وزارت کے مقابلہ پر بنے گی — میں کسی عہدہ کا بھوکا نہیں ہوں اور نہ میں وزارتی بنچوں پر بیٹھنا اپنے لئے باعث فخر سمجھتا ہوں — وزیر تعلیم صاحب یاد رکھئے کہ اگر ہم نے اپنے بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہ دی تو یہ کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود ہماری پوزیشن کولہو کے اس بیل کی طرح ہوگی جو ساری عمر ایک ہی چکر میں گھومتا رہتا ہے اور اپنے تئیں یہ سمجھتا ہے کہ وہ ساری دنیا طے کر چکا مگر جب کم بخت کی آنکھیں کھلتی ہیں تو اس وقت اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جہاں سے چلا تھا اب تک وہیں کا وہیں ہے —

جناب والا ! ایک وقت تھا کہ پنجابی نوجوان کو دیکھکر ایک گونہ مسرت ہوتی تھی مگر آج آپ کو شہر کے بازاروں اور دیہات میں زرد رنگ والے ہڈیوں کے چلتے پھرتے ڈھانچے نظر آئینگے — البتہ شہروں میں کچھ سرخی مائل چہرے نظر آتے ہیں — تو وہ بھی بقول علامہ اقبال —

چہروں پر جو سرخی نظر آتی ہے سر شام
غازہ ہے یا ہے ساغر و مینا کی کرامات

اے کاش کہ ہمارے ہیلتھ اور پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ اس طرف متوجہ ہوتے اور وہ چھوٹی چھوٹی فلمیں بنا کر لوگوں میں یہ پرچار کرتے کہ فلاں چیز میں اتنی Vitamins ہیں اور وہ صحت کے لئے بہتر ہیں — فلاں چیز سے پرہیز کیا جائے اور اگر خدانخواستہ ہمارا صوبہ کسی موذی مرض مثلاً ملیریا — ہیضہ یا تپ محرقہ وغیرہ کی لپیٹ میں آجائے تو ہم نے کون کون سی تدابیر اختیار کرنی ہیں — مگر ہمارے افسران کو سوائے خوشامد اور چاپلوسی کے قوم کیلئے کوئی مفید کام کرنے کی توفیق عطاھی نہیں ہوئی — خدا کرے کہ ان لوگوں کو فرصت مل سکے تاکہ یہ لوگوں کو educate کرنے میں مدد دے سکیں — dispensaries کی حالت ناگفتہ بہ ہے — وہ زبان حال سے اپنا ماتم آپ کررھی ہیں — آپ نے ذھنی عیاشی کیلئے تو ایک رقم مقرر کردی ہے تاکہ آرٹ گیلری کی بنیاد رکھی جاسکے مگر بنیادی ضرورتیں ویسی کی ویسی ھی پڑی ہیں — ان سے عہد برآ ہونے کے بعد ہزار آرٹ گیلریاں کھولئے — ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا آپ نے اپنے بجٹ میں اس زندہ فن کو نظر انداز کر دیا ہے — جو ہمارے ملک کا طرہ امتیاز ہے — کبھی ہم گاماں پہلوان - رستم زماں اور، رستم ہند کے ترانے گایا کرتے تھے — غلام ہندوستان میں تو اس فن کو زندہ رکھنے کی کوشش کی گئی — لیکن آج جب ہم آزاد ہیں اور یہ فن ہمارا اپنا فن ہے — اس کو زندہ رکھنے کیلئے کوئی ایسی provision بجٹ میں نہیں کی گئی — میں وزیر خزانہ کی توجہ اس لغزش کی طرف دلانا چاہتا ہوں — اور یہ بھی ضروری ہے کہ ان کھلاڑیوں کیلئے جو قوم کے مایہ ناز سپوت ہیں اور جن سے قوم اور ملک کی عزت وابستہ ہے Stadiums کھولے جائیں بچوں کیلئے Amusement Parks کا انتظام کیا جائے سنا ہے کہ ایک Stadium کھولا جارہا ہے — اس سے کچھ نہیں بنے گا — آپ ان کو فکر معاش سے بے نیاز کیجیئے — ان کی حوصلہ افزائی فرمائیے اور ان کو ممالک غیر میں بھیجیئے — تاکہ وہ اپنی قوم کیلئے باعث افتخار بن سکیں —

جناب والا ! خوراک کے متعلق ہمارے صوبے کے چیف جسٹس نے ہماری گورنمنٹ کی توجہ اس طرف دلائی تھی کہ ہمارے عوام کو اجناس خوردنی خالص میسر نہیں آرہیں — یہ ملاوٹ والی اشیا ان کی صحتوں

کو خراب کررہی ہیں اور انہیں کہیں کا نہ چھوڑینگی ۔ تمام قاتل انسانیت چیزیں بازاروں میں عام بک رہی ہیں —

Mr. Abdul Qayyum (stood up to speak)

Mr. Speaker: The honourable member who stands up now will have only 5 minutes and according to the convention of Parliament, he will not be allowed to have his second speech tomorrow.

Mir Abdul Qayyum Khan : Then I will not speak today.

Major Saiyed Mubarik Ali Shah : And nobody will stand up today.

Mr. Speaker : Since we have left 5 minutes more, I allow Malik Ghulam Nabi to resume his speech.

ملک غلام نبی ! جناب والا ۔ ہمارا صوبہ جو گندم کا گھر ہے آج یہاں یہ حالت ہے ۔ کہ ہمارے عوام گندم کے ایک ایک دانے کو ترس گئے ہیں ۔ اگرچہ آپ کا ایک محکمہ موجود ہے جو اس کا ذمہ دار ہے ۔ تاہم میں سمجتا ہوں کہ اسکی وجہ یا تو آپ کے افسران کی نااہلی ہے یا انکی بددیانتی ۔ جناب والا ! ہمارے وزیر اعلے گورنر جنرل صاحب کے سایہ میں پچھلے دنوں چلتے پھرتے رہے ہیں ۔ آپ نے جان بوجھکر راہ فرار اختیار کی اور عوام کو حالات سے آگاہ کرنے سے گریز کیا ۔ مسلم لیگ ورکرز میٹنگ میں ایک لیگی ورکر نے یہاں تک کہا کہ میاں ممتاز دولتانہ کی گندم سر بازار بلیک مارکیٹ میں بک رہی ہے ۔

Chief Minister— On a point of information. If the honourable member gives me the name of that person, I will sue him for slander.

Malik Ghulam Nabi—I will give you the name.

جناب والا ۔ یہی نہیں ۔ لوگوں نے تو یہاں تک کہا کہ وزیر خوراک نے بد دیانتی کی حوصلہ افزائی کی ہے ۔ بلکہ اس میں خود حصہ لیا ہے شاید وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں اسی طرف اشارہ کیا تھا کہ ۔

"موجودہ مسلم لیگ وزارت نے ذمہ داریوں کے کامل احساس کے ساتھ اپنے فرائض کو سنبھالا ہے" ۔

اور یہ ہے آپ کا کامل احساس ذمہ داری جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے ۔

جناب والا ! خوراک اسی صورت میں خالص دستیاب ہو سکتی ہے جب کہ ہمارے عوام خریدنے کی استطاعت رکھتے ہوں ۔ لیکن ہماری اقتصادی حالت اسقدر نا گفتہ بہ ہوچکی ہے کہ ہم روزمرہ کی ضروریات زندگی بھی مہیا نہیں کر سکتے ۔

جناب والا ! معاشرت کا روح فرسا منظر اس وقت ہمارے سامنے آتا ہے جب کہ ہماری قوم کے یتیم - لاوارث - اپاہج - لنگڑے اور لولے در بدر ٹھوکریں کھاتے اور بھیک مانگتے دکھائی دیتے ہیں - اے کاش کہ اس بجٹ میں سوسائیٹی کے ان بے یار و مددگار انسانوں کے لئے اپاہج خانے - یتیم خانے کھولنے کیلئے کچھ رقوم وقف کر دی جاتیں - مگر اس کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا - اس لئے میں اگر اس بجٹ کو لنگڑا اور لولا بجٹ کہوں تو یہ غلط نہ ہو گا - سب سے زیادہ مذاق مزدوروں اور کسانوں کی اس غمگسار اور غمخوار وزارت نے مزدوروں سے کیا ہے - ان کے لئے کوئی طبی مراکز نہیں کھولے گئے ہیں - وہ تنگ و تاریک ماحول میں رہنے والے جو صاف ہوا اور سورج کی روشنی کو ترس جاتے ہیں - ان کے لئے صرف ۲ لاکھ کی قلیل رقم چند افسران کو خوش کرنے کیلئے اور کاغذی کارروائی جاری کرنے کیلئے رکھی گئی ہے -

حضور والا ! انہوں نے اپنی تمام بجٹ تقریر میں ایک ہی سچی بات کہی ہے اور وہ یہ ہے - ''ہر دلعزیزی کے سراب کی طرف دوڑنے کی کوشش تباہی کے اس لق و دق صحرا میں لے جاتی ہے جس میں داخل ہونے والوں کے مقدر میں پیچھے مڑنا نہیں لکھا'' مجھے امید ہے کہ ان کی اپنے متعلق یہ پیش گوئی حرف بحرف صحیح ثابت ہو گی - اور میں انہیں یہ سچی بات کہنے پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں -

The Assembly then adjourned till 1 p. m. on Tuesday, the 4th March, 1952.

APPENDIX

(ANSWER TO Q. No. 606,—*vide* PAGE 108 *ante*).

THE HON'BLE MIAN MUMTAZ MUHAMMAD KHAN DAULTANA—(*a*) The term "Publicity Board" has been used in the budget for a long time to indicate budget provision for a portion of the Public Relations Department. Provision for the remaining portion of the Department was made in the budget under the separate head "Home Publicity". In the budget for 1951-52 both heads were amalgamated under "Publicity Board". For the function of the Public Relations Department the Hon'ble Member is referred to the answer given during the December Session of the Assembly to starred question No. 177.

(*b*) The total expenditure on the Public Relations Department under the head "Publicity Board" and "Home Publicity" during 1946-47 was Rs. 25,14,860.

(*c*) Yes, it was reduced during 1948-49 to Rs. 10,28,540, the reason for the reduction being economy in the light of the changed conditions after Partition.

(*d*) Rs. 4,14,060.

(*e*) The second part does not arise.

8 PLA—450—12-9-52—SGPP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

THIRD SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, 4th March 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p. m. of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

AGRICULTURE DEPARTMENT STAFF'S MEETING OF DIRECTOR OF AGRICULTURE ON HIS RETURN FROM CANADA

***413. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that the staff of the Agriculture Department met the Director of Agriculture at different stations from Lodhran to Lahore on his return from Canada in September 1951; if so, the reasons therefor; and whether the members of the staff claimed any Travelling Allowance from the Government for the journeys performed in this connection ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: Yes Sir. In order to apprise the Director of Agriculture of the latest situation about locust, floods, etc., in their respective jurisdictions. No Travelling Allowance was charged by the staff concerned as they met the Director of Agriculture at their respective headquarters. As regards the staff who met him at Lahore, I would invite the attention of the honourable member to my reply to starred question No. 338 given on the floor of the House on the 15th January 1952.

Rana Gul Muhammad Noon: Is the headquarter proper place for officers to meet the Director of Agriculture and discuss about the locust situation?

Mr. Speaker : Disallowed.

DAMAGE TO COTTON CROP BY DROUGHT

***491. Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that the cotton crop in the Province has sustained a heavy damage on account of the drought last year; if so, the estimated damage to produce thereby ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : Yes Sir. The exact figures of the damage are not available at this stage, but it is estimated that last year's cotton crop was nearly 20 per cent below the decennial figure.

STREPTOMYCIN ALLOCATED TO PUNJAB

***412. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the amount of Streptomycin allocated to the Punjab in the years 1949-50 and 1950-51;

(*b*) the percentage of the quota fixed for the Punjab out of the total amount of Streptomycin imported for Pakistan ;

(*c*) whether the Punjab has been receiving its due share of the total imported drug; if not, the reasons therefor and the action Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti:

(*a*) 1949-50 61,600 vials; 1950-51 48,500 vials;

(*b*) there is no percentage fixed for the Punjab, but as soon as any importer of this drug in Karachi receives the quota, he distributes it under the instructions of the Director-General of Health, Pakistan, Karachi.

(*c*) Yes.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware that enormous black market is going on in this drug?

Minister: I have not received any particular complaint from any side. But there is a rumour and I have tried to get information about it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware of the possibility of getting this drug in the black market as much as one can and there is absolutely no difficulty?

Minister: That may be in the knowledge of the honourable member.

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN JARANWALA TEHSIL

*428. **Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) he total population of the Jaranwala Tehsil;

(*b*) the total number of Hospitals and Dispensaries in the said Tehsil;

(*c*) the number of beds available for indoor patients in all the Hospitals in that Tehsil;

(*d*) the number of qualified Doctors in the Tehsil;

(*e*) the reasons for shortage, if any, of Hospitals and Dispensaries as compared with the population of the Tehsil?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) 293,383 according to the Census of 1941. (The 1951 census figures are not yet available.);

(*b*) Seven;

(*c*) 36;

(*d*) Five in Government service, 3 private practitioners. No basis in respect of the population has been fixed on which a dispensary is to be provided in any area. In Jaranwala Tehsil there are 7 dispensaries for a population of 293,383, i.e. there is one dispensary for 41,912 persons. This is a favourable figure when compared to other districts.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it also favourable keeping in view the malarial conditions prevailing in the tehsils?

Minister: It may not be, but you know we are short of doctors.

BUILDING OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL, JARANWALA

*429. **Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the building of the Government High School, Jaranwala, badly needs repairs;

(*b*) whether the Government intends to repair the said building; if so, when?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: Reply to the above Assembly Question has already been dealt with in the answer to the Assembly Question No. 108 starred by Honourable Mian Abdul Bari.

SCHOOLS IN JARANWALA TEHSIL

*430. **Mr. Shameem Ahmed Khan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the number of High Schools, Middle Schools and Primary Schools, separately, in the Jaranwala Tehsil of the Lyallpur District;

(*b*) whether it is intended to start some High, Middle and Primary Schools in the Tehsil ; if so, their number and the approximate dates of their institution ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti :

(*a*) (*i*) No. of High Schools .. 2

(*ii*) No. of Middle Schools .. 23 (including 12 Lower Middle Schools).

(*iii*) No. of Primary Schools .. 86

(*b*) Reply in case of High and Middle Schools is in the negative. As regards Primary Schools, the District Inspector of Schools, Lyallpur, has recommended two places for the Jaranwala Tehsil under the 5 years expansion of Vernacular Education Scheme. These schools are to be started with effect from 1st April 1952, the final selection is yet to be made.

B. C. G. VACCINATION

*489. **Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) how many persons were given B. C. G. vaccination free of charge during the year 1951 in the Montgomery District;

(*b*) how many persons were given smallpox vaccination during the year 1951 in the Montgomery District;

(*c*) the total quantity of quinine distributed free of charge during the year 1951 in the Montgomery District?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) (*i*) B. C. G. vaccination is always given free of charge.

(*ii*) 4,027 persons were tested during the year 1951 in the Montgomery district, out of which 1,153 persons were found fit for B. C.G. vaccination and they received the same.

(*b*) 182,656 vaccination operations were performed during 1951.

(*c*) The total quantity of anti-malaria drugs including Quinine distributed is as follows:—

(1) Paludrine tablets	..	55,756
(2) Mepacrine tablets	..	96,151
(3) Quinine tablets	..	16,424
(4) Quinine Sulphas powder	..	65 lbs. 13 oz.
(5) Quinine injections	..	266

PLAN TO BASE THE EDUCATIONAL SYSTEM OF THE PROVINCE ON ISLAMIC LINES

*498. **Maulvi Muhammad Zakir:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether Government have evolved any plan to base the Educational System of the Province on Islamic lines ; if so, the nature of that plan and funds earmarked for its implementation in the next year's budget ; if any?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Government has already included the teaching of Dinayat as a Compulsory Subject in the Primary and Middle Classes. Islamiat is an optional subject in the higher classes as well. Necessary provision to meet the expenditure on this account has been made in the budget.

CIVIL HOSPITAL AT TAUNSA SHARIF

*499. **Khwaja Hafiz Ghulam Sadid-ud-Din:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether there is a Civil Hospital at Taunsa Sharif in the Dera Ghazi Khan District;

(*b*) whether there is a Lady Doctor attached to that Hospital, if so, her name ; if not, the reasons therefor?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Yes.

(*b*) A post of Lady Doctor exists at the Civil Hospital, Taunsa, but the same is lying vacant due to the shortage of Women Assistant Medical Officers. No one is available who can be posted there.

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین— کیا اس میں جلدی نہیں ہو سکتی ؟

وزیر—ضرور ہو سکتی ہے—

COLLEGE FOR GIRLS AT GUJRAT.

*552. **Chaudhri Fazal Elahi:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a Degree College for girls in Gujrat which is being run as a private institution;

(*b*) whether it is a fact that the managing body of the College has passed a resolution to the effect that the College be taken over by Government; if so, the steps, if any, Government intend to take in this behalf?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The institution is being taken over by Government and funds for the purpose have been provided in the budget for 1952-53.

BUILDING OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL AT KHARIAN.

*553. **Chaudhri Fazal Elahi:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government High School at Kharian, in the Gujrat District is housed in a building which is inadequate for the needs of the institution;

(*b*) whether it is also a fact that the Chairman, District Board, Gujrat, gave an undertaking to the Government that a new building would be constructed for the school before September 1950, in case the school was provincialized;

(*c*) whether the new building has been constructed; if not, the action Government intend to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The Chairman, District Board, Gujrat, gave an undertaking to H. M. E. that the building would be completed by September 1951 in case the school was taken over by the Government.

(*c*) No. The District Board is being asked to honour its promise.

EMPLOYEES ENGAGED IN ANTI-MALARIAL ORGANIZATIONS

*571. **Mian Abdul Bari:** With reference to his reply to starred question No. 32 asked by me on the 20th December 1951, will the Honourable Minister of Education be further pleased to state:—

(*a*) the number of employees engaged in anti-malarial organizations district-wise with their annual pay and the number of villages placed under each for systematic anti-malarial work;

(*b*) what specific duties are assigned to the employees of anti-malarial organisations for systematic anti-malarial work during normal years;

(*c*) whether the present anti-malarial organisation is adequate to meet the requirements of the Province; if not, what further steps the Government intend to take in the matter ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) 1. Statement giving district-wise staff and their annual pay is attached.

2. Regarding the fixation of duties of different groups of villages for the purpose are delegated to the D. H. O. concerned, he being the best man to know the requirements of each locality and the degree of preference.

(*b*) (*i*) Rapid malaria surveys of the waterlogged tracts,

(*ii*) Species control to exterminate the chief vector of malaria by anti-larval operations,

(*iii*) treatment of fresh malaria cases and the distribution of anti-malarial drugs,

(*iv*) spray killing of adult anophelene mosquitoes with pyrethrum and D. D. T. mixtures with a view to reduce the rate of infection,

(*v*) treatment of malaria relapses.

(*c*) Under the existing circumstances it is considered adequate for normal work. This is always supplemented under abnormal conditions and in the event of implementation of special schemes.

DETAIL OF THE ANTI-MALARIA STAFF EMPLOYED IN EACH DISTRICT OF THE PUNJAB

Name of District	Sanitary supervisors	Sanitary patrols	Entomological Assistant	Laboratory Assistant	Annual Pay
					Rs. A. P.
Lahore	3	15	1	1	10,581 14 0
Sialkot	3	15	1	1	10,581 14 0
Gujranwala	3	15	1	1	10,581 14 0
Sheikhupura	3	15	1	1	10,581 14 0
Gujrat	3	15	1	1	10,581 14 0
Shahpur	3	15	1	1	10,581 14 0
Jhelum	2	10	1	1	7,806 14 0
Rawalpindi	2	10	1	1	7,806 14 0
Attock	2	10	1	1	7,806 14 0
Mianwali	2	10	1	1	7,806 14 0
Montgomery	3	15	1	1	10,581 14 0
Lyallpur	2	10	1	1	7,806 14 0
Jhang	2	10	1	1	7,806 14 0
Multan	2	10	1	1	7,806 14 0
Muzaffargarh	3	15	1	1	10,581 14 0
Dera Ghazi Khan ..	2	10	1	1	7,806 14 0
Total ..	40	200	16	16	1,47,110 0 0

SCHEME FOR COMPLETE ERADICATION OF MALARIA FROM THE JARANWALA TEHSIL.

***572. Mian Abdul Bari:** Arising out of the answer given to starred question No. 32 on 20th December 1951; will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether the scheme prepared by the Government for the complete eradication of malaria at an estimated cost of Rs. 9,47,940, includes the waterlogged area extending over 1,839 villages of the Jaranwala Tehsil of the Lyallpur District; if not, why not?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: The scheme includes the waterlogged area of Jaranwala Tehsil as well.

FREE MALARIAL TREATMENT OF WATERLOGGED VILLAGES OF THE JARANWALA TEHSIL

***573. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether the Government is aware of the fact that Jaranwala Tehsil is one of the worst malarial affected tracts in the Province; if so, whether the Govern-

ment intend to add villages of the Jaranwala Tehsil in the Lyallpur District to the 442 villages in 4 other districts of the Province where free malarial treatment and insecticidal spraying is being carried out ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : The entire Jaranwala Tehsil is not one of the worst malaria affected tracts but only certain parts of it had high incidence of malaria during the last malaria epidemic.

Waterlogged villages of the Jaranwala Teshil when the incidence of malaria was high have already been included in the Provincial Anti-Malaria Scheme estimated to cost Rs. 9,47,940 which will be put into operation immediately.

As such it is not necessary to include these in the separate scheme relating to 442 highly malarious villages, estimated to cost Rs. 1,10,396.

OUTSTANDING DUES FOR ABIANA, LAND REVENUE AND AGRICULTURAL INCOME-TAX

***490. Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that considerable amounts of Government dues of the nature of abiana, land revenue and agricultural income-tax are outstanding against people in certain districts of the Province; if so —

(*i*) the amount of such outstandings district-wise; and

(*ii*) the reasons for non-payment of Government dues and the action Government intend to take in this behalf?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chattha : (*i*) A statement containing the necessary information is laid on the table.

(*ii*) Sufficient amount on account of cash rent realizations for the adjustment of arrears due from non-Muslim evacuees is not available in certain districts of the Province. As regards the arrears due from non-evacuee defaulters necessary instructions have been given to the local officers for their speedy realization.

STATEMENT SHOWING THE FIGURES OF RECOVERABLE BALANCES AT THE END OF

District	Fixed land revenue		Fluctuating land revenue		Miscellaneous land revenue	
	Non-evacuees	Evacuees	Non-evacuees	Evacuees	Non-evacuees	Evacuees
	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
Lahore ..	37,000	10,000	..	..	11,000	..
Sialkot ..	..	..	1,000	..	7,000	..
Gujranwala ..	2,000	..	4,000	..	2,000	..
Sheikhupura ..	7,000	..	..	..	22,000	..
Total ..	46,000	10,000	5,000	..	42,000	..
Gujrat ..	..	..	..	..	4,000	..
Shahpur ..	..	..	..	..	3,000	..
Jhelum ..	..	..	..	..	3,000	..
Rawalpindi ..	..	..	..	..	8,000	..
Attock ..	1,000	..	..	..	1,000	..
Mianwali ..	..	..	25,000	..	1,08,000	..
Total ..	1,000	..	25,000	..	1,27,000	..
Montgomery ..	..	..	33,000	1,49,000	3,23,000	8,37,000
Lyallpur ..	..	69,000	..	..	12,04,000	1,70,000
Jhang ..	..	..	..	..	52,000	38,000
Multan ..	..	27,000	..	1,000	3,28,000	13,28,000
Muzaffargarh ..	..	..	..	..	5,000	..
Dera Ghazi Khan ..	..	..	..	..	7,000	..
Total ..	..	96,000	33,000	1,50,000	19,19,000	23,73,000
Grand Total ..	47,000	1,06,000	63,000	1,50,000	20,88,000	23,73,000
	1,53,000		2,13,000		44,61,000	

ON ACCOUNT OF LAND REVENUE, ABIANA AND AGRICULTURAL INCOME-TAX JANUARY 1952

Abiana		Agricultural Income-tax				Remarks
		Previous years		*Current year* 1951-52		
Non-evacuees	Evacuees	Non-evacuees	Evacuees	Non-evacuees	Evacuees	
Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	
..	..	12,186	67,123	1,00,663	20,560	
1,000	..	1,085	883	2,177	7,165	
77,000	..	531	5,82,463	17,673	3,04,294	
95,000	..	4,702	3,12,876	11,758	1,28,116	
1,73,000	..	18,504	9,63,345	1,32,271	4,60,135	
3,000	..	21,842	19,095	25,191	7,659	
21,000	..	34,509	356	65,172	128	
..	..	7,329	..	4,320	231	
..	..	648	..	—15	..	
..	..	81,070	..	83,753	61	
16,000	..	357	147	10,358	..	
40,000	..	1,45,755	19,598	1,88,779	8,079	
4,70,000	44,000	12,95,887	10,92,411	7,59,113	3,85,805	
3,18,000	5,000	2,02,435	2,86,615	3,36,906	2,95,360	
33,000	..	3,732	8,177	59,218	..	
28,000	8,000	25,405	1,60,173	4,64,556	1,03,327	
6,000	..	944	724	16,290	4,649	*Includes demand for Kharif 1951 which has fallen due and Rs. 4 lakhs recoverable from the Central Government.
..	..	..	..	1,42,525	2,521	
8,55,000	57,000	15,28,403	15,48,100	17,78,608	8,52,662	†Includes a sum of about Rs. 14 lakhs due from the Central Government for which correspondence is going on with that Government.
10,68,000	57,000	16,92,662	25,31,043	20,99,658	13,20,876	
11,25,000		*42,23,705		† 34,20,534		

SCHEME FOR IRRIGATION OF AREAS IN THE TAUNSA TEHSIL.

*500. **Khawaja Hafiz Ghulam Sadid-ud-Din**: Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether any scheme is under the consideration of Government for the irrigation of those areas in the Taunsa Tehsil in the Dera Ghazi Khan district, which are close to the Sind basin; if so, the details thereof and if not, the reasons therefor;

(*b*) whether a tube-well scheme for the area has also been considered by Government; if so, with what results and if not, whether Government intends considering such a scheme; if so, when?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chattha : (*a*) No, because the area is not commanded from the canal to be taken off from the proposed Taunsa Barrage.

(*b*) Government have sanctioned funds for investigations for the improvement of conditions in such undeveloped areas. Investigations are going on for the development of Hydro-electric power on the Indus which will enable tube-wells to be put in if geological data is in its favour.

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—جو سکیم زیر غور ہے اس کے مطابق کب ٹیوب ویل لگا کر آبپاشی کا کام شروع ہو جائے گا ؟

وزیر—جب ارضی کیفیات کی تحقیق کے بعد یہ ثابت ہو جائے گا کہ وہ مجوزہ سکیم کے حق میں مفید ہیں تو پھر اس پر عمل کیا جائے گا—

چودھری عبدالرحیم—وہ کون کونسے علاقے ہیں جہاں ان ٹیوب ویلز سے آبپاشی کرکے زمین آباد کی جائے گی ؟

آوازیں—یہ تونسہ سکیم کا ذکر ہے دیگر علاقوں کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے—

SHORTAGE OF CANAL WATER-SUPPLY IN THE LAHORE DISTRICT

*540. **Chaudhri Mehtab Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state the reasons for the shortage of canal water-supply in the Lahore district and the steps Government have taken or propose taking to remove this shortage?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chattha: The sources of the channels serving Lahore district being in India we have no direct control on the regulation. Government have already taken up the matter with Government of India on a higher level to ensure a full share of water to the partitioned channels in Pakistan.

Syed Shamim Hussain Qadri : Will the Government remit land revenue on such crops which would not be able to yield as much quantity as it could yield if the supply of canal water had been sufficient?

Minister : There are definite rules for the remission of land revenue and we will follow them.

Chaudhri Nasrullah : Is it possible for the Honourable Minister to state the precentage of decrease of supply at present as compared with the supply prior to partition.

Minister : It is not in public interest to answer this question.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Has the Government come to an agreement with the Indian Government on the question of supply of water?

Minister : Not yet.

Syed Shamim Hussain Qadri : What steps Government propose to take, in case they do not get water from India?

Minister : It is not to be diclosed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Will the Government negotiate with the Indian Government on this matter?

Minister : Definitely.

AREA AFFECTED BY SEM, THUR, RIVER ACTION AND HILL TORRENTS IN THE GUJRAT DISTRICT

*554. **Chaudhri Fazal Elahi:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the total area affected by (*i*) sem, (*ii*) thur, (*iii*) river action, and (*iv*) hill torrents in the Gujrat district;

(*b*) what steps, if any, do the Government intend to take to resettle the agriculturists whose lands have thus been rendered waste;

(*c*) the total area, if any, reserved for allotment to agriculturists mentioned in (*b*) above;

(*d*) the principles, if any, on which these allotments are to be made?

The Honourable Chaudhri Muhammad Hussain Chattha : (*a*) Total area affected by sem and thur is 49,719 acres and that affected by river action and hill torrents is 45,414 acres.

(*b*) Government have under consideration proposals to compensate those whose lands have been adversely affected.

(*c*) 130 chaks have been reserved in the Thal for allotment to such peasant proprietors of the whole province whose holdings have thus been rendered uneconomic.

(*d*) The selection in these cases will be confined to those whose lands have been reduced to less than 5 acres on account of damage by thur, sem or river action and those who are willing to go to Thal.

Chaudhri Fazal Elahi : Has the Government issued any instructions that lands are not to be allotted to persons who have sufferred on account of hill torrents?

Minister : I am not aware of that.

RATE PER UNIT CHARGED FOR ELECTRICITY IN LAHORE

*631. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the rate per unit charged for electricity in Lahore, Lyallpur and Montgomery, respectively ;

اس کے بعد حضور والا میں عرض کرونگا کہ کل حزب مخالف کے معزز لیڈر نے اپنی تقریر کے دوران میں فرمایا کہ مسلم لیگ حکومت میں سب کام سفارشوں سے ہوتے ہیں ۔ کاش ان کو علم ہوتا کہ آنریبل وزیر مال نے ایک سال کے قلیل عرصہ میں سفارشوں کی لعنت کو دور کرنے کے لئے کیا کیا احکام صادر فرمائے ہیں ۔ اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ کے لئے ضلعدار ۔ نائب تحصیلدار ۔ ایکسائز سب انسپکٹر ۔ جونیر کلرک ۔ اسسٹنٹ وغیرہ وغیرہ سب مقابلہ کے امتحان سے لئے جائینگے ۔ back door سے نہیں لئے جائیں گے ۔ یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جسپر ہمیں حکومت کو مبارکباد دینا چاہئیے ۔ میں حضور والا کے توسط سے حزب مخالف کے معزز اراکین سے اپیل کروں گا کہ وہ انصاف کی نظر سے اور تعصب کی پٹی اتار کر اس بجٹ کو دیکھیں ۔

یہ سب کچھ ایک سال میں ہوا ۔ پھر بھی افسوس ہے کہ شکوہ کیا جائے ۔ شکوہ بے جا بھی کرے کوئی تو لازم ہے شعور ۔ یہ کہا گیا ہے کہ مسلم لیگ حکومت سفارشوں کے لئے معرض وجود میں آئی ہے ۔ میں یہ بتادوں کہ اب وقت آرہا ہے کہ پنجاب سے سفارشوں کا سلسلہ انشاء اللہ ختم ہوجائے گا ۔ مسلم لیگ حکومت نے ایک سال کے قلیل عرصے میں جو کچھ کیا اس کی تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں ۔ ایک تقاضا تھا ایک مدت کا تقاضا تھا اور صحیح تقاضا تھا کہ کسان کے ساتھ انصاف کیا جائے ۔ اس کے لئے زرعی اصلاحات لائی گئیں ۔ دنیا کہتی رہی کہ یہ کبھی نہیں ہوگا ۔ جب تک زمینداروں کے سر پر طرے ہیں یہ کب ایسے قوانین پاس ہونے دیتے ہیں ۔ مگر زندہ دلان پنجاب نے دنیا کو دکھا دیا کہ ہم قربانی کرسکتے ہیں اور قربانی ہی کے ساتھ اپنے ملک کو آگے لے چلیں گے ۔ اوقاف بل پاس کردیا گیا ۔ یہ آرڈر جاری ہو گئے کہ سابقہ روپیہ کسی طرح جب منسٹر صاحب دورہ پر جائیں تو ان کو ڈنر اور پارٹیز نہیں دی جائیں گی ۔ ہر جگہ ہر مرحلہ پر ہم اس صوبے کی کشتی کو آگے لے جارہے ہیں ۔ اس کو ٹھیرانے کی کوشش نہیں کررہے ہیں ۔ میں اگر تفصیلات میں پڑجاؤں کہ ایک سال میں اس حکومت نے کیا کیا تو وقت کی قلت مجھے اجازت نہیں دے گی اس لئے میں اسے یہیں ختم کرتے ہوئے چند امور کی طرف آنریبل

وزیر خزانہ کی توجہ دلاؤنگا ۔ حضور والا—اگر ہم audit system صحیح طور پر چلائیں تو ۳۵ لاکھہ روپیہ کا خسارہ بھی پورا ہوسکتا ہے ۔موجودہ صورت میں audit system کے دو functions ہیں ۔ ایک ordinary function اور دوسرا higher audit function جہاں تک ordinery function کا سوال ہے اس پر عمل ہو رہا ہے لیکن جہاں تک higher audit function کا سوال ہے میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ گذشتہ سال میں آڈٹر صاحبان نے کہیں بھی اس کے مطابق au d. نہیں کیا۔ ایک vouchee یہ ظاہر کرتا ہے کہ چار کرسیوں کی قیمت ۵۰ روپے خارج کی گئی یہ دیکھنا کہ واقعی اتنی کرسیوں کی ضرورت تھی یا ان کی قیمت واقعی ۵۰ روپیہ ہو سکتی ہے یا نہیں ۔ یہ ہے higher audit function ایسا نہیں کیا جارہا ہے ۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ audit department کو اس طرف توجہ دینی چاہئے ۔ آمدنی میں leakage اور اخراجات میں wastage کا سلسلہ جاری ہے ۔ اس کو روکنے کا یہ ایک ہی بہترین طریقہ ہے ۔ audit system نا مکمل بھی ہے ۔ اس کو re venue side پر ہونا چاہئے ۔ اب حضور والا—میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں کچھہ عرض کروں گا ۔ عبدالقیوم صاحب نے فرمایا ہے کہ شہریوں پر بہت ٹیکس ہیں ۔ انہیں شاید یہ معلوم نہیں کہ مالیہ کے علاوہ چوکیدار مہاجرین ٹیکس اور خدا جانے کون سے کون ٹیکسوں کا بار دیہاتیوں پر ہے ۔ اگر مہاجر ٹیکس کسی نہ کسی صورت میں شہریوں کی طرف منتقل کردیا جائے تو انصاف سے بعید نہ ہوگا ۔ (آوازیں—بہت اچھا—ہیر ہیر) اسی شہر لاہور میں تقسیم سے قبل ۴ لاکھہ مسلمان بس رہے تھے ۔ شاہی مسجد کی تعمیر ہونے لگی تو ۴ لاکھہ دولت مند انسان اس کی مرمت نہ کرسکے ۔ آخر دیہاتیوں کی طرف توجہ ہوئی اور زمیندار پر اور ٹیکس لگا دیا گیا ۔ کہا جاتا ہے کہ شہری غریب ہوچلا ہے ۔لیکن کسی سینما کے باہر آپ دیکھیں گے کہ لوگ ٹکٹ نہ ملنے کی باعث مایوس ہوکر واپس جاتے ہیں اور پھر دوسرا شو دیکھنے کے لئے آتے ہیں کیا وجہ ہے کہ شہری لوگوں کے گھروں میں بجلی کے نرخ زیادہ ہیں اور گاؤں میں حالت یہ ہے کہ مٹی کا دیا میسر نہیں ہوتا ۔ اور یہاں بجلی کے نیچے بیٹھے ہوئے کہتے ہیں کہ باہر والے بڑے آدمی ہیں اور شہر والے مصیبتوں کا شکار ہیں ۔ حضور والا—میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کروں گا کہ مالیہ کی تشخیص کا سسٹم بڑا فرسودہ ہے ۔ موجودہ سسٹم کے تحت اگر ایک مزدور ایک گاؤں میں ایک مرلہ زمین کاشت کرتا ہے تو اس پر مالیہ لگتا ہے لیکن ایک شہری اگر تین ہزار روپیہ کما رہا ہے تو اس پر کوئی ٹیکس نہیں۔ وقت آگیا ہے کہ دیہاتیوں کا بوجھ

اٹھا کر شہریوں کی طرف منتقل کیا جائے - (ہیر - ہیر) میں وزیر نو آبادیات کی توجہ اپنے اس غریب علاقہ کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں یعنی لیہ بھکر اور میانوالی کا علاقہ—یہ وہ اضلاع ہیں جہاں کے باشندوں کی چھت نیلگوں آسمان ہے - جہاں سوتے ہوئے تارے نظر آتے ہیں - ہم یہ ہر گز برداشت نہیں کریں گے کہ وہاں اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کردیا جائے - یہ عجیب بات ہے کہ لائلپور ضلع کے اصل باشندے جانگلی کہلاتے ہیں اور باہر سے آئے ہوئے لوگ ,,چودھری عزیز دین صاحب،، آباد کار کہلاتے ہیں (تالیاں)

میں مودبانہ التماس کروں گا کہ انہیں خوشی سے آباد کیا جائے لیکن ہم جنگلی نہیں بننا چاہتے - میری یہ بھی گذارش ہے کہ حکومت جیل خانوں کی طرف بھی اپنی توجہ ضرور منعطف فرمائے - بڑے بڑے آدمی جب جیل میں قید ہوتے ہیں تو حکومت نے انتظام کیا ہوتا ہے کہ وہ بیوی اور بچے منگا سکتے ہیں - کچھ عرصے کے لئے اپنے پاس رکھ سکتے ہیں - کاش عام قیدیوں کے لئے بھی یہ ہوجائے - قہقہے میں قید ہونے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا -

سیفٹی ایکٹ کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں مناسب ترامیم ضرور کرنی چاہئیں -

مسٹر محمد امین—(کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۲ مسلم—مخصوص نشست)

جناب والا—میں موجودہ بجٹ پر اپنی گزارشات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنے سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ موجودہ وزارت نے اپنی نمایاں اکثریت کے بل بوتے پر اس ایوان کو سال رواں کے میزانیہ پر غور کرنے کے آئین حق سے محروم کئے رکھا - جمہوریت کا یہ مانا ہوا اصول ہے کہ ہر جمہوری ملک میں جب کوئی پارٹی بر سر اقتدار آتی ہے تو اس کا پہلا کام یہ ہوتا ہے کہ اس ملک کا بجٹ اس کی قانون ساز اسمبلی میں پیش کرے - جیسا کہ ۱۹۳۷ء میں سکندر وزارت نے کیا اور اس کے علاوہ حال ہی میں مشرقی پنجاب اور بھارت کی حکومتوں کے بجٹ پیش کئے گئے - مگر موجودہ وزارت نے اقتدار سنبھالنے کے نو ماہ بعد اسمبلی کا اجلاس بلایا مگر بجٹ پیش نہ کیا - الانکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ وزارت اپنے آپ کو صحیح معنوں میں عوام کی نمائندہ سمجھتی تو اسے چاہئے تھا کہ جس طرح ۱۹۳۷ء میں سکندر وزارت نے صرف آٹھ ماہ کا بجٹ پیش کیا تھا اسی طرح یہ وزارت بھی بقایا مالی سال کا بجٹ پیش کرتی - اور پھر ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ اس کی بجائے ایوان کے سامنے ضمنی مدات بجٹ پیش کی

جاتی ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اصل میزانیہ پیش نہیں کیا گیا تو سال رواں کے revised estimates پیش کرنے سے کیا مطلب ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری دور کی حکومتوں میں اس صوبہ کی حکومت نے یہ مثال قائم کی ہے کہ بغیر بجٹ پیش کرنے کے بھی حکومت کی جا سکتی ہے ۔ نیز میں یہ بھی واضح کردوں کہ یہ کام صرف opposition کا ہی نہیں کہ حکومت سے آئین ۔ دستور اور روایت کی پابندی کا تقاضا کرے ۔ بلکہ سرکاری پارٹی کے ممبران کو بھی اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے لب کشائی کرنی چاہئیے ۔

جناب والا—وزیر خزانہ جو اپنی قابلیت ۔ لیاقت اور ذہانت کی وجہ سے برسراقتدار پارٹی کا دماغ ہونے کے بجا طور پر دعویدار ہیں ۔ اگر وہ اپنی قابلیت اوراپنی قدرتی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے تو اس صوبہ کے لئے ایک مثالی بجٹ پیش کر سکتے تھے—جسے وہ فخر سے دولتانہ بجٹ کے نام سے پکار سکتے—مگر ان کی تقریر اور محکمہ مالیات کی تشریحات کا موازنہ کرنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ان کی مصروفیات نے ان کے دماغ کو اس اہم کام کی طرف وجہ مرکوز کرنے کی اجازت ہی نہیں دی — (ایک آواز — کچھ سمجھ نہیں آئی — ملک غلام نبی — پہلے آپ کیا سمجھتے ہیں — قہقہہ) یہ بجٹ عہد انگریزی کی طرح ایک دفتری بجٹ بن کر رہ گیا ہے — علاوہ ازیں یہ میزانیہ اس ایوان کے قابل قائد کی خفتہ دماغی کی غمازی کرتا ہے (قہقہہ) سچ پوچھیئے تو مجھے یہ بجٹ دیکھکر بڑی مایوسی ہوئی ہے—

جناب والا — میزانیہ کے اعداد و شمار کی الجھنوں کے باوجود یہ چیز نمایاں طور پر عیاں ہے کہ آمدنی کی مدات بدستور بحال رکھی گئی ہیں — ماسوائے اس کے کہ Agricultural Income Tax کی مد میں معمولی سی ترمیم کی گئی ہے اور پبلک کے احتجاج کے باوجود بھی کپاس پر بھی Agricultural Tax بدستور قائم رکھا گیا ہے —

جناب والا — دوسری طرف اخراجات کی تفاصیل بڑی دلخراش ہیں ایک نوزائیدہ مملکت کا ایک اہم صوبہ جہاں عوام کی اکثریت ملک کی زرعی پیداوار کی روایتی فراوانی کے باوجود آٹا آٹا پکار رہی ہو اور جہاں عوام ضروریات زندگی کے محتاج ہوں اور انکا کوئی معیار زندگی نہ ہو — لاکھوں آدمی بیکار ہوں اور بیکاری کا یہ عالم ہو کہ دارالسلطنت میں بیکاری کی وجہ سے خود کشیاں ہو رہی ہوں اس وزارت

کے عہد حکومت میں محض بڑے بڑے افسروں کی تنخواہوں — نظم و نسق اور پولیس کے اسقدر اخراجات آنے والی تباہی کا پیش خیمہ نہیں تو اور کیا ہیں —

جناب والا — اب میں بجٹ کے متعلق اپنے خیالات آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں — پیشتر اس کے کہ میں اعداد و شمار کی تفصیلات پیش کروں ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ ہمارے صوبے کی مالی پوزیشن کیا ہے — تقسیم کے بعد اس صوبے کی ۷ کروڑ اور ۲۸ لاکھ روپے کی securities تھیں جن کو دوسرے الفاظ میں اس کا اثاثہ سمجھنا چاہیئے — اس میں پانچ سال میں ۵ کروڑ اور ۴۵ لاکھ روپے کا خسارہ رہا — علاوہ ازیں غیر منقسم پنجاب کے ۳۲ کروڑ روپے سے زیادہ کے قرضے ہمارے ذمے ہیں — جن کے سود کی ادائیگی کا بٹہ ابھی تک ہمارے گلے میں پڑا ہوا ہے —

اس کے علاوہ تقسیم کے بعد ۱۸ کروڑ روپے کا ایک قرضہ شروع کیا گیا تھا جس سے Development Schemes بنائی گئیں اس وقت صورت یہ ہے کہ اس بجٹ کے مطابق ہمارے پلے ایک پائی نہیں بلکہ ہم ایک کروڑ اور نوے لاکھ روپے کے مقروض ہیں — یہ رقم ہمارے لئے گھاٹا اور خسارہ ہے — اس پوزیشن اور اس پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے اب ہمیں دیکھنا ہے کہ ہمارے اخراجات کی صورت کیا ہے اور ہمیں کس طرح چلنا چاہیئے — میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے پانچ سال سے اس صوبہ کے اخراجات ہر مد میں غیر ضروری طور پر بے حساب اور بتدریج بڑھ رہے ہیں اور یہ چیز میں اعداد و شمار کی مدد سے ثابت کرنا چاہتا ہوں —

سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ غیر ضروری اخراجات کرنا عقلمندی نہیں — کیونکہ دنیا میں اچھا وقت بھی آتا ہے اور برا وقت بھی بڑھے ہوئے اخراجات کم کرنا بڑا مشکل ہے لہذا ہمیں صوبے کی حالت کو بہتر بنانے کیلئے غیر ضروری اخراجات میں کمی کرنی چاہیئے — میں نے اس بجٹ کے متعلق Comparative statements تیار کی ہیں — جن پر مجھے یقین ہے کہ کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا — ان میں سے سب سے پہلے میں محکمہ پولیس کی مد کو لونگا —

جناب والا — میں نے دیکھا ہے کہ District Executive Force جو انگریز کے وقت تھی جبکہ پنجاب کے ۲۹ اضلاع تھے اب اسکے اخراجات

میں اضافہ کر دیا گیا ہے — حالانکہ اب ۱۶ اضلاع ہیں اور ہمارے اخراجات ۶۰ اور ۴۰ کے تناسب سے کم ہونے چاہیئیں تھے — مثال کے طور پر تقسیم پنجاب سے پہلے پولیس کی ڈسٹرکٹ ایگزکٹو فورس کا سالانہ خرچ ۲ کروڑ ۲۹ لاکھ روپے تھا جبکہ صوبے میں ۲۹ اضلاع تھے مگر اب جب صرف ۱۶ ضلعے باقی رہ گئے ہیں خرچ کا تخمینہ ۲ کروڑ ۷۱ لاکھ ۳۰ ہزار کیا گیا ہے — میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس خرچ میں کافی کمی کی جاسکتی ہے اور فوراً کر دی جانی چاہیے — اتنے گرانقدر اخراجات ہمارے لئے جائز اور قابل فخر نہیں ہیں —

دوسری چیز جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ کے متعلق ہے — آنریبل وزیر خزانہ کو بخوبی معلوم ہے کہ قریباً تمام ضروری انڈسٹریز (Industries) کو پاکستان گورنمنٹ نے خود اپنی تحویل میں لے لیا ہے — فیڈرل کنٹرول ایکٹ کے تحت ۲۸ انڈسٹریز (Industries) انہوں نے خود لے لی ہیں — اسلئے اب ہمیں صوبے میں اس محکمہ صنعت و حرفت کو بالکل معمولی حیثیت میں چلانا چاہیے اور اس پر زیادہ اخراجات برداشت نہیں کرنے چاہیں — اصل میں اب تو یہ محکمہ برائے نام ہمارے پاس رہ گیا ہے اور ہمیں اس پر معمولی سا خرچ ہی کرنا چاہیئے — سارا کام تو centre نے پہلے ہی سنبھال رکھا ہے مگر Industrial Department کا خرچ ہمارے بجٹ میں متحدہ پنجاب سے بھی بڑھ چڑھ کر دکھایا گیا ہے Pakistan سے پہلے سالانہ بجٹ ۳۲ لاکھ ۹۰ ہزار روپے تھا مگر اب یہ خرچ ۸۴ لاکھ ۷۶ ہزار تک بڑھ گیا ہے میں یہ عرض کرونگا کہ جب سنٹرل گورنمنٹ نے انڈسٹریز کو لے لیا ہے تو پھر یہ رقم بچا کر اسے دوسرے ضروری کاموں پر کیوں نہ صرف کیا جائے مثلاً محکمہ تعلیم پر یا ہیلتھ سروسز پر یا غریب مہاجرین کی آبادکاری پر — مختصر یہ کہ جب سنٹرل گورنمنٹ نے Industries کے کام کو لے لیا ہے اور وہ اس پر خطیر رقوم خرچ کررہی ہے تو پھر — جناب والا — ہم کیوں ایک Double محکمہ جاری رکھیں اور Double اخراجات کا بوجھ ناجائز طور پر برداشت کرتے چلے جائیں —

جناب والا — دوسری چیز جو میں انڈسٹریز کے ضمن میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ کمرشل محکمے کا قیام ہے یعنی پنجاب کاٹن ملز لاہور میں ایک scandle بن چکی ہے مگر اس کے خرچ کا اندازہ سابقہ بجٹ میں

۵۰ لاکھ روپیہ تھا مگر Revised estimate میں ۹۸ لاکھ دکھایا گیا ہے ہر ممکن کوشش کے باوجود میں اس ایزاد کی تفصیلات معلوم کرنے سے قاصر رہا ہوں — پنجاب کاٹن ملز میں کام تسلی بخش طور پر نہیں ہورہا اور اس کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا — معزز پارلیمنٹری سیکرٹری ملک قادر بخش صاحب نے بڑے فخر سے فرمایا ہے کہ صوبے میں تمام گزٹڈ اور کئی دیگر نان گزٹڈ آسامیوں کی بھرتی پبلک سروس کمشن کے ذریعے کردی گئی ہے مگر میں وزیر خزانہ سے دریافت کرتا ہوں کہ Facilities Committee کے سکرٹری کا تقرر کیوں Back Door سے کیا گیا اس میں کیا مصلحت تھی ؟ اس کی بھرتی پبلک سروس کمشن کے ذریعے کیوں نہیں کی گئی — ذرا اس پر بھی روشنی ڈالی جائے

جناب والا — اب چونکہ آپ نے میرے وقت ختم ہونے کی گھنٹی بجا دی ہے اس لئے میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے ایک دو ضروری امور جلدی میں عرض کرنا چاہتا ہوں — پنجاب حکومت نے ۱۰ کروڑ روپے مہاجرین کی آبادکاری پر خرچ کیا ہے مگر میں عرض کرونگا کہ مہاجرین کی آبادکاری کا کام اصل میں مرکزی حکومت کی ذمہ‌داری تھی پنجاب پر خواہ مخواہ بوجھ ڈالا گیا ہے — اسی طرح جیسا کہ میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ Border Police کا کام بھی سنٹرل گورنمنٹ کا کام ہے اور پنجاب کو یہ سنٹرل سبجیکٹ مرکزی حکومت کے سپرد کر دینا چاہیئے — پنجاب کو بارڈر پولیس کے اخراجات برداشت کرنے سے انکار کردینا چاہیئے — ہم ۲۷ لاکھ روپے محکمہ Rehabilitation پر خرچ کررہے ہیں — اور اس سے پیدا ہونے والی مقدمہ بازی پر مزید لاکھوں روپے مہاجرین کو خرچ کرنے پڑتے ہیں — اگر سنٹرل گورنمنٹ یہ بوجھ اپنے ذمے لے لے تو پنجاب ان روپوں کو اپنے ضروری کامون مثلاً تعلیم پر صرف کرسکے گا جو کہ نہایت ضروری مصرف ہوگا — آخر تعلیم تو ہرلحاظ سے ضروری ہے — عوام کا تعلیم یافتہ ہونا لازمی ہے تعلیم سے ہی سیاسی شعور ملا ہوتا ہے اور گورنمنٹ کو اس پر مزید اخراجات کرنے چاہیں —

علاوہ ازیں سول ڈیفینس پر ایک کروڑ روپیہ خرچ کا اندازہ بہت زیادہ ہے

بیگم خدیجہ — جی — ایے خان (مسلم زنانہ لاہور بیرونی — مخصوص نشست) جناب والا — یہ بات تو اب ایک امر مسلم کی حیثیت

اختیار کرچکی ہے جس سے نہ کسی مخالف کو اور نہ کسی موافق کو انحراف کی تاب ہو سکتی ہے کہ جو میزانیہ پیش کیا گیا ہے وہ قابلیت — دانشمندی — عمیق نگاہی اور توازن دماغی کا آئینہ دار ہے اسکوتدبر — اور فہم و فراست کے ساتھ جملہ ضروریات کی اہمیت کو مد نظر رکھہ کر ترتیب دیا گیا ہے اور خاص طور پر توازن کو ملحوظ خاطر رکھنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا گیا — اس لئے اگر میں اس شاندار میزانیہ پر آنریبل وزیر خزانہ کی خدمت میں ہد یہ تبریک پیش نہ کروں تو اپنے فرض میں کوتاہی برتنے کی مرتکب ہونگی — جناب والا — گذشتہ چند سال سے سیاسی کشمکش نے صوبے کو کافی نقصان پہنچایا تھا مگر مسلم لیگ وزارت نے اپنے قابل وزیر اعلی اور وزیر خزانہ کے تدبر کی بدولت ان نقصانات کی ایک سال کے قلیل عرصے میں ہی کافی حد تک تلافی کردی ہے جنہوں نے اپنی جرأت کار — گہرے فکر اور حسن تدبر سے صوبے کی کشتی کو بھنور سے نکال لیا ہے — ان کے اس کار نامے کو ہر شخص تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہے — جناب والا — صوبے کی مسلسل ترقی کو مد نظر رکھ کر اس میزانیے کی تشکیل کی گئی ہے — اور نہایت خوش اسلوبی سے صوبے کی مالی ضرورتوں اور الجھنوں کو سلجھایا گیا ہے — جس شخص نے بھی اس میزانیہ کا مطالعہ کیا ہے اس کو ایک ہی نظر میں یہ معلوم ہو گیا ہے کہ آنریبل وزیر خزانہ نے اپنی ذمہ‌داری کو کل کامل طور پر نگاہ میں رکھتے ہوئے اس میزانیہ کو پیش کیا ہے — سب سے پہلی چیز جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ ۴۸-۴۹ میں کل آمدنی ۱۷ کروڑ ۱۱ لاکھ تھی مگر خرچ ۱۹ کروڑ ۴۴ لاکھ تھا — موجودہ سال میں آمدنی کا تخمینہ ۲۲ کروڑ ۷ لاکھ ہے اور خرچ ۲۳ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے ہے مگر اسکے باوجود کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ہے — بلکہ زرعی ٹیکس میں کمی کی گئی ہے خرچ کی تقسیم ضروریات کی اہمیت کے لحاظ سے درجہ وار کی گئی ہے — سول ڈیفینس — مہاجرین کی آبادکاری اور تعلیم جیسی ہر ضروری مد کے لئے معقول رقوم مخصوص کی گئی ہیں — اب میں فرداً فرداً ان مدات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرونگی — سب سے پہلےمیں سول ڈیفینس کے محکمے کو لونگی —

جناب والا — آپ پر پہلے ہی یہ واضح ہوگا کہ سول ڈیفینس کا انتظام ہماری موت و حیات کے سوال کا حامل ہے اور اسکے مقابل میں

ہماری زندگی کی تمام جد و جہد ہیچ ہو کر رہ جاتی ہے — مگر گذشتہ سالوں میں اس کی طرف سے بے حد غفلت برتی گئی تھی اب اس کی طرف کما حقہ توجہ دی گئی ہے — اگرچہ ابھی اور کوشش کی ضرورت ہے تاہم یہ امر اطمینان بخش ہے کہ ہمارے فاضل وزیر خزانہ نے اس سلسلے میں اے — آر — پی کے لئے ۷۰ لاکھ روپے کی گرانقدر رقم مخصوص کی ہے — اور ۳۰ لاکھ کی اسکے ساتھ کی طبی ضروریات کے لئے —

گذشتہ سالوں کے بجٹس میں سے کسی ایک میں بھی سات لاکھ سے زیادہ اس مد پر صرف نہیں کیا گیا — میری دانست میں یہ اکیلی منصوبہ بندی اس میزانیہ کو چار چاند لگا دے گی — اب آپ اندازہ لگائیے آن الفاظ کی تنگ نظری کا جو ایک معزز رکن نے اسی میزانیہ کو non-redical قرار دینے میں استعمال کئے ہیں — مہاجرین کی آبادکاری کے سلسلہ میں کسے معلوم نہیں کہ اتنے برسوں سے مہاجرین کو رہائیشی مکانوں کی تنگی کا سوال درپیش تھا — مگر کسی گذشتہ بجٹ میں یہ نہیں کیا گیا کہ کوئی منصوبہ بندی پیش کی گئی ہو۔ یہ صرف اس بجٹ میں ایک ایسی دانشمندانہ سکیم satellite towns کی بنائی گئی ہے جس پر پندرہ کروڑ کی کثیر رقم خرچ ہوگی — اور جسکے ساتھ یہ بھی ہوگا کہ تمام مہاجرین کو مکان مل جائیں گے اور اس مسئلہ کی فوری ضرورت کو سمجھتے ہوئے ایک کمیٹی کا تقرر بھی کر دیا گیا ہے لائیلپور کے لئے تین منٹگمری کیلئے دو — لاہور کیلئے ایک — ملتان۔ گجرانوالہ۔ سیالکوٹ اور جھنگ میں بھی چھوٹے شہر بسائے جانے کی تجویز ہے — اس کے علاوہ تھل میں تین شہر اور چار سو پچاس گاؤں تعمیر کرنا کسقدر تدبر کا آئینہ دار ہے — اس ضمن میں پرانی متروکہ عمارتوں کی مرمت کے لئے اکیس لاکھ پانچ سو روپیہ کی رقم مخصوص کی گئی ہے — ان عمارتوں کو منہدم ہونے سے بچا لینا کتنی بڑی فراست کا ثبوت ہے —

اب میں تعلیم کی طرف آتی ہو گذشتہ برسوں کے بجٹس کا موازنہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس اہم قومی ضرورت پر جو اخراجات کئے جا رہے ہیں وہ اس طرح ہیں :—

۱۹۴۷—۴۸	میں	ایک کروڑ نو لاکھ
۱۹۴۸—۴۹	میں	دو کروڑ انتیس لاکھ
۱۹۴۹—۵۰	میں	دو کروڑ سنتالیس لاکھ
۱۹۵۰—۵۱	میں	دو کروڑ اناسی لاکھ
موجودہ		تین کروڑ چھ لاکھ

۵۳-۱۹۵۲ — میں تین کروڑ بہتر لاکھ اور ایک کروڑ اٹھائیس لاکھ۔ کل پانچ کروڑ یعنی ایک کروڑ نو لاکھ سے بے کر یا یوں کہئے کہ ۵۱-۱۹۵۰ کے دو کروڑ اناسی لاکھ سے اٹھا کر تعلیمی ضروریات کے اخراجات کو پانچ کروڑ تک پنچا دیا گیا ہے — کیا ایسے میزانیہ کو ہم تخریب کا میزانیہ کہہ سکتے ہیں ؟ میرے خیال میں یہ سراسر زیادتی اور نا انصافی ہے —

جناب والا — ایک نئے اور آزاد ملک میں تعلیم کا ہونا ضروری ہے — ہم چاہتے ہیں کہ اس صوبہ کا ہر بچہ اور بوڑھا زیور تعلیم سے آراستہ ہو — لیکن یہ کام تدریجی طور پر ہوگا —

جناب والا — اس اہم کام کیلئے صرف مدرسے ہی نہیں چاہئیں صرف بلڈنگز ہی نہیں چاہیں — بلکہ استاد بھی چاہیں — لیکن استاد ایک دن میں پیدا نہیں ہوتے — بارہ سو پرائیمری سکول بنانے کی تجویز بہت مبارک ہے — کل حزب مخالف کے ایک معزز رکن نے کہا تھا کہ دو ٹریننگ سکول ناکافی ہیں — لیکن اگر انہوں نے بجٹ کا اچھی طرح سے مطالعہ کیا ہوتا تو ان پر واضع ہو جاتا کہ یہ دو سکول سولہ لاکھ روپیہ کی کثیر رقم سے تعمیر ہوں گے اور بہت بڑے سکول ہوں گے — جن میں ایک ہی وقت میں چھ سو ٹیچر تربیت پاکر سکولوں میں چارج لینگے وہ یہ بھی بھول گئے کہ ان دو سکولوں کے علاوہ گیارہ اور تربیت گاہیں بھی ہیں جن میں ٹیچر تربیت حاصل کرینگے — اور یہ دو نئی درسگاہیں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے مہیا کی گئی ہیں — جو کہ ان نئے سکولوں کے کھل جانے کی وجہ سے ہوگی — اس کے علاوہ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے جسمانی اور فوجی تعلیم کو لازمی قرار دینے کے لئے دس لاکھ روپیہ کی رقم مخصوص کر دی گئی ہے — غرضیکہ تعلیم کے شعبہ میں تمام ضروری اخراجات کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے —

جناب والا — تعلیم بالغاں بھی ایک اہم مسئلہ ہے اور اسے بھی نظر انداز نہیں کیا گیا — اسکے لئے چھ لاکھ کی رقم مخصوص کر دی گئی ہے— اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک میں کمپلسری پرائمری تعلیم کا نافذ ہونا از بس ضروری ہے — لیکن تعلیم بالغاں کو چھوڑا نہیں جا سکتا — جہاں تک عورتوں کا تعلق ہے یہ تجربہ بہت کامیاب ثابت ہوا ہے — لاہور میں A.P.W.A. کے تحت بارہ سنٹر چل رہے ہیں — اور دوسرے اضلاع میں بھی اس قسم کے بہت سے سنٹر چل رہے ہیں — اور وہاں

عورتوں کو صرف پڑھنا لکھنا ھی نہیں سکھایا جاتا بلکہ انہیں معیار زندگی کو بلند کرنے کی تعلیم بھی دی جاتی ھے — ان کو صحت کے اصول سکھائے جاتے ھیں دستکاری سکھائی جاتی ھے — تاکہ وہ روپیہ بھی کما سکیں —

صحت کے شعبہ پر حزب مخالف کے معزز قائد نے اس غلط فہمی میں تنقید کی کہ اس مد کیلئے بجٹ میں روپیہ کم رکھا گیا ھے — لیکن آپ نے یہ نہ دیکھا کہ دو کروڑ پچاس لاکھ کی رقم سپشل آپلفٹ کے تحت طبی ضروریات کے لئے رکھی گئی ھے اور اس طرح کل رقم تین کروڑ چورانوے لاکھ ھو جاتی ھے جو گذشتہ برسوں کے مقابلہ میں کئی گناہ زیادہ ھے — اس ضمن میں بھی چند ایک منصوبوں کا ذکر کرنا لازمی ھے جو طائرانہ نگاہ میں ھی اس مزانیہ کو امتیازی بنانے کے لئے کافی ھیں ۔ مثلاً سول ھسپتال ملتان کے لئے سرسٹھ ھزار روپیہ کی رقم رکھی گئی ھے — اسی طرح دائیوں اور نرس دائیوں کے لئے ایک لاکھ بیالیس ھزار روپیہ کی رقم ھے —

جناب والا — یہ بھی بہت ضروری مد ھے کیونکہ بہت سے دیہات میں اور چھوٹے قصبوں میں بہت سی عورتیں اس لئے جان کھو بیٹھتی ھیں کہ وقت پر انکو تربیت یافتہ دائی میسر نہیں آتی — اس کے علاوہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج اور اس کے ملحقہ ھسپتالوں کی توسیع کیلئے جو بڑی خدمت انجام دے رھے ھیں آٹھ لاکھ چوسٹھ ھزار روپیہ کی رقم مقرر کی گئی ھے —

جناب والا — کسی ملک کا رفاہ عامہ کیلئے سات کروڑ چھبیس لاکھ روپیہ کی رقم صرف کرنا بہت بڑی بات ھے اور یہ دلیل ھے اس بات کی کہ ھمارے وزیر اعلے عوام کی خوش حالی اور بہتری کو حکومت کی بہتری سمجھتے ھیں — اور جو ملک رفاہ عامہ کے کاموں میں بے دریغ حصہ لیتا ھے وہ یقیناً ترقی کی راہ پر گامزن ھے — اور رھے گا — اس کے علاوہ بجلی کی سکیمیں ھیں — سڑکوں کی وسعت اور صنعت کے متعلق شاندار پروگرام بھی ھیں — اس دیہات کے محکمہ کو بھی گرانٹ دی گئی —

آخر میں اتنا عرض کرنا چاھتی ھوں کہ اردو کی ترویج کے لئے بھی میزانیہ میں روپیہ رکھنے کے علاوہ بزم اقبال کے لئے بھی ایک لاکھ روپیہ کی مزید رقم مخصوص کی گئی ھے —

جناب والا — اب میں آپ کے توسل سے وزیر اعلےٰ کو یہ بجٹ پیش کرنے پر دوبارہ مبارکباد دیتی ہوں — انہوں نے یہ بجٹ پیش کرکے ان مواعید کو پورا کرنے کیلئے وہ قدم بڑھایا ہے جس کا ہم نے مسلم لیگ کے منشور میں عوام کے ساتھ وعدہ کیا تھا —

میجر سید مبارک علی شاہ — (جھنگ م مسلم) : صدر محترم — مجھے پنجاب کے موجودہ میزانیہ پر تبصرہ کرنے کے لئے صرف پندرہ منٹ کی مہلت ملی ہے — اس تھوڑے سے وقت میں کچھ عرض کرنا گویا ''وقت کو تاہ و قصہ طولانی،، والی بات ہے —

(آوازیں — ذرا بلند آواز سے —)

میں ریڈیو نہیں ہوں — انسان ہوں — گذارش ہے کہ یہ بجٹ جو زیر بحث ہے اس کو خسارہ والا بجٹ کہتے ہیں — میرے نزدیک کوئی بجٹ خواہ خسارے کا بجٹ یا فاضلہ بجٹ ہو اس میں زیادہ فرق نہیں ہوتا — اس لحاظ سے کوئی بجٹ اگر خسارہ کا ہو مگر اس میں مفید تجاویز رکھی گئی ہوں — اس میں اچھی سکیمیں ہوں اور جو مطالبات زر پیش کئے گئے ہوں وہ قوم کی بہتری کے لئے ہوں تو اس کو خسارہ کا بجٹ نہیں کہنا چاہئے بلکہ وہ فائدے کا بجٹ ہوتا ہے ۔ اس طرح اگر کوئی فاضلہ بجٹ ہو اور اس میں نکمے لچر اور لغو مطالبات ہوں تو ایسے بجٹ کو ہم خسارہ کا بجٹ کہیں گے وہ فاضلہ بجٹ نہیں ہو سکتا —

حضور والا — زیر بحث بجٹ کے محاسن کی مدح سرائی اور اس کی قباحتوں اور نقائص کی ہجو و تشہیر کو میں اپنے دوسرے دوستوں پر چھوڑتا ہوں کیونکہ وقت کم ہے اور میں نے چند ضروری گذارشات کرنی ہیں —

حضور والا — میں چند ضروری مسائل اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس معزز ایوان کی توجہ ان کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں — سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ کسی ملک یا قوم یا سوسائٹی کی قدر اس کی عزت یا اس کی بقا اس کے عمدہ اخلاق پر مبنی ہوتی ہے اور ایسے اخلاق کے لئے سب سے بڑی چیز جس کی ہمیں ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ جو اصحاب برسر اقتدار ہوں وہ عدالتوں کو صحیح طور پر چلائیں اور انصاف کریں — اب تو اللہ تعالےٰ کے فضل و

کرم سے پاکستان قائم ہو چکا ہے اور ہمیں اس کو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت کہنے کا فخر حاصل ہے — اب انگریز کے فرسودہ عدالتی نظام کو بدلنا چاہئے اس کی اصلاح کرنی چاہئے — اس سلسلہ میں سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ جیسا کہ قرون اولے میں یعنی خلافت راشدہ کے وقت عدلیہ اور انتظامیہ بالکل علیحدہ علیحدہ تھے اسی طرح اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ عدالت کو انتظام سے یعنی حکومت سے بالکل آزاد کر دیں تا کہ جو خرابیاں انگریز کے وقت میں تھیں اور جن کی وجہ سے اس نے ایک سامراجی حکومت قائم کر رکھی تھی وہ دور ہو سکیں ۔ ہمارے پاس اس قسم کی بے شمار مثالیں موجود ہیں ۔ خلفائے راشدین کے وقت یہ نہیں تھا ۔ ان کی سلطنت ایسی نہیں تھی ۔ وہ قوانین اسلامی یا تعزیرات اسلامی سے نا بلد نہیں تھے — بلکہ ان کے وقت میں تو عدالتی محکمہ بالکل علیحدہ تھا ۔ آپ کو وہ وقت یاد ہوگا جب ایک ذمی نے حضرت علی علیہ السلام کے خلاف قاضی شریح کی عدالت میں مقدمہ پیش کیا تو قاضی صاحب نے ان کو بلایا اور اور جب حضرت تشریف لائے تو قاضی تعظیم کے لئے کھڑا ہو گیا — آپ کو معلوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ جور ہے اور نا انصافی ہے کہ مقدمہ کے ایک فریق سے عزت سے پیش آئے ہو تم کو ایسا نہیں کرنا چاہئے کہ میرے ساتھ عزت و احترام سے پیش آؤ اور ترجیحی سلوک کرو ان حالات میں حضور والا میں اپنی حکومت سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ عدل و انصاف کے ادارے کو اسلامی روایات کے مطابق اسلامی رنگ میں اور تعزیرات اسلامی کے ماتحت قائم کرے — اس سے جو بڑا فائدہ ہوگا وہ یہ ہے کہ ہر وقت پریس، عوام اور حزب مخالف میں جو یہ باتیں ہو رہی ہیں کہ حکومت یہ کر رہی ہے حکومت وہ کر رہی ہے حکومت سفارشیں کرتی ہے اور دوستوں کو نوازتی ہے وغیرہ وغیرہ ان سب باتوں کا سد باب ہو جائے گا — اس لئے میری یہ عرض ہے کہ حکومت اس تجویز کو ضرور زیر غور رکھے اور اس پر جلد از جلد عمل کرے — اس کے بعد مجھے شرم سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کو قائم ہوئے اب چار سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا ہے مگر انگریز کے وقت میں جو رشوت تھی اس کا قطعاً کوئی سد باب نہیں کیا گیا بلکہ مجھے شرمندہ ہو کر کہنا پڑتا ہے مسلمان کو یا پاکستانی کو ایسی آزادی ملی ہے کہ رشوت پہلے سے بھی بڑھ گئی ہے —

(ایک آنریبل ممبر — دس گنا —)

اس لئے میں نہایت پر زور الفاظ میں گذارش کروں گا گورنمنٹ جو نیم دلانہ اقدامات (Half hearted measures) سے کام کر رہی ہے وہ از راہ کرم اب انسداد رشوت ستانی کے کام میں توسیع کرے ۔ اس محکمہ میں ایسے بڑے بڑے افسر رکھے جن کی دیانتداری و ذہانت مسلمہ ہو جو مسلمانوں کے جملہ امور سے بخوبی واقف ہوں اور جن کی شخصیت باعث احترام ہو — کل مجھے آنریبل لیڈر حزب مخالف سے یہ سن کر بڑا افسوس ہوا کہ اس کی روک تھام کے لئے جو مشینری آپ نے قائم کی ہوئی ہے اس کی بہت سی سفارشات و تجاویز ابھی تک معرض التوا میں ہیں اور گورنمنٹ نے ان پر کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ اس لئے میں نہایت ادب سے گزارش کروں گا کہ ان cases کے فیصلہ کے لئے کوئی بڑا آدمی لگائیں جو اس کام کو صحیح طور پر چلا سکے جو ایماندار ہو اور جسے اپنی ذمہ داری کا پورا پورا احساس ہو۔ ایسا کرنے سے اگر خرچ بڑھ بھی جائے تو اس کی پرواہ نہیں ہونی چاہئے—

(قطع کلامیاں)

(آوازیں—وہ آپ کا وقت ضائع کرنے کی کوشش کررہے ہیں)

بہت اچھا (Thank you for this)

(قائد حزب مخالف کی طرف روئے سخن کرتے ہوئے)

میرے لیڈر—(قہقہہ) (I am sorry)

وہ میرے لیڈر رہ چکے ہیں—

اب میں ایک اور بات کہوں گا اور حضور کی وساطت سے اپنے محترم ایم۔ایل۔اے صاحبان کی خدمت میں اپیل کروں گا۔ وہ میرے اس کہنے پر چین بجبین نہ ہوں کہ وہ جو اپنے منصب سے نا جائز فائدہ اٹھا کر سفارشیں کرتے ہیں اور لوگوں کو نوازتے ہیں اب ایسا کرنا چھوڑ دیں۔ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے میں خدا کو حاضر ناظر جان کر اپنے ایمان سے کہتا ہوں کہ آج کے بعد (قہقہہ) میں اپنی پوزیشن سے کبھی فائدہ نہیں اٹھاؤں گا۔ میں چاہتا ہوں کہ اس ایوان کا ہر ممبر اٹھ کر یہی کہے—

ہئیر—ہئیر

اب میں ارکان حکومت یعنی وزراء صاحبان پارلیمنٹری سیکریٹری حضرات اور تمام ایم۔ایل۔ایے صاحبان کی خدمت میں پر زور عرض کروں گا کہ وہ

عدالتوں پر بے جا ذاتی اثر ڈالنے کی کوشش نہ کریں تا کہ وہ پورا پورا انصاف کر سکیں - اور آزادانہ طور پر اسلامی روایات کے مطابق مقدمات کا فیصلہ کر سکیں جس سے عوام میں جو اب بے چینی پائی جاتی ہے وہ رفع ہو جائے اور لوگوں کا عدالتوں کے انصاف و عدل پر اعتماد بحال ہوجاوے - آپ اپنے مسلم لیگی اور ایم—ایل—اے ہونے کا رعب خدا کے واسطے عدالتوں و ملازمین سرکار پاکستان پر نہ ڈالا کیجئے—

جناب والا میں یہ کہونگا کہ رشوت ستانی اسطرح بند ہوسکتی ہے کہ جو مستحق افسران ہوں، وہ افسر جو کہ مسلمہ طور پر دیانتدار ہیں، ان کو بغیر نمبر کے ترقی دی جائے تاکہ وہ لوگوں کے واسطے اور اپنے دوسرے بھائیوں کے واسطے مثال ہوں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ دوسرے ملازمین سرکار کو جو راشی ہیں تحریص و ترغیب ہو اور وہ بھی دیانتدار بنیں—جناب والا یہ بھی رشوت کے انسداد کا ایک اچھا طریقہ ہے- اس مقصد کےلئے اگر دیانتدار افسران کی حوصلہ افزائی کی جائیگی تو یہ پالیسی یقیناً دوسروں کو دیانتداری کی طرف راغب کریگی-

جناب والا ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ بعض ایسے بھی ملازمین ہیں جو رشوت لینا نہیں چاہتے مگر ان کی خانگی ضروریات اور ان کی اقتصادی بدحالی ان کو رشوت لینے پر مجبور کر تی ہے اور وہ یہ ناجائز فعل کرتے ہیں - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ماتحت عملہ خواہ وہ پٹواری ہوں خواہ مدرس ہوں خواہ چپڑاسی ہوں یا پولیس کے سپاہی حتیٰ کہ جملہ محکمہ جات کے عملہ ماتحت کے افراد ان کے اخراجات دیکھتے ہوئے مہربانی فرما کر ان کی تنخواہیں بڑھائیں تاکہ وہ اس قبیح فعل سے باز آجائیں - میں نے سنا ہے پٹواری یہ مانتے ہیں کہ وہ رشوت لیتے ہیں اور اب وہ کہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ ان پر مہربانی کرے اور ان کی تنخواہیں بڑھادے تو وہ یقین دلاتے ہیں کہ وہ اس کے بعد رشوت نہیں لینگے—(ایک آواز—ضامن کون ہے؟) ضامن ان کا ضمیر ان کا ایمان اور ان کا اللہ ہے - آپ تو وکیل ہیں - میں یہ کہتا ہوں کہ ایک قاتل ہوتا ہے لیکن جب وہ اقبال جرم کرتا ہے تو آپ اس کو بھی معاف کردیتے ہیں اسے وعدہ معاف گواہ بنا دیتے ہیں اور اس کی شہادت پر اس قدر اعتبار کرتے ہیں کہ اسکی شہادت کے مطابق اس کے دوسرے رفقائے جرم کی سزا تجویز کرتے ہیں - اب یہ بارہ چودہ ہزار آدمی بھی اقبال جرم کر رہے ہیں — آپ ان کے اقبال جرم پر ہی ان کو معاف کر دیجئے -

میں خاص طور پر اپنے صوفی منش وزیر مال کو— صوفی منش اس لئے کہ صوفیائے کرام کے بہت معتقد ہیں اس لئے نہیں کہ وہ اپنے رفیق کار عزت مآب حضرت صوفی جی صاحب کے معتقد ہیں۔ اور اُن کی عادات اُن میں حلول کر آئی ہیں۔ نہیں ہرگز نہیں۔ اس عمر میں صوفی جی کے خصائل کا اُن میں آجانا ممکن ہی نہیں—

وزیر زراعت—وہ میرے بھی دوست ہیں—

میجر سید مبارک علی شاہ—جناب والا میں اپنے دوست صوفی منش وزیر مال سے یہ کہونگا کہ یہ بھی خدمت خلق ہے — پٹواریوں اور دوسرے ادنیٰ ملازمین کی تنخواہیں بڑھائیے اور اس طرح رشوت ستانی کو روکئے اور ثواب حاصل کیجئے۔ ضد سے ہر گز کام نہ کیجئے—

جناب والا انسداد رشوت ستانی کے بعد جو امر مجھے زیادہ ضروری معلوم ہوتا ہے وہ ریزرو فنڈ کا معاملہ ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر ایک گونہ مایوسی ہوئی کہ اس بجٹ میں ریزرو فنڈ نہیں ہے اس کے متعلق ہمارے لیڈر اور وزیر خزانہ نے ضمناً اشارہ فرمایا تھا کہ وہ مجبور تھے— جناب والا بہتر ہوتا کہ یہ ۳۵ لاکھ کی بجائے ایک کروڑ ۳۵ لاکھ کا خسارہ دکھاتے—

وزیر اعلیٰ—وہ طریقہ مجھے بتادیجئے کہ جس سے ڈیفیسٹ بجٹ میں سے ریزرو فنڈ نکالا جاسکے—

میجر سید مبارک علی شاہ—جناب والا وزیر خزانہ آنریبل دولتانہ صاحب ہیں اور اس فنڈ کے قیام کی تجویز مجھ سے دریافت کرتے ہیں یہ عجیب ستم ظریفی ہے یہ بہتر ہوتا اگر وزیر خزانہ آئندہ سالوں کے لئے دور بینی اور مال اندیشی سے کام لیتے اور کوئی اس قسم کی تجویز کرتے کہ ریزرو فنڈ قائم ہوجاتا جو کہ ہمارے صوبہ اور عوام کی برے وقت میں مدد و معاون ہو سکتا۔ عقلمندی اسی میں ہے۔ کہ انسان آئندہ زندگی کی سوچے۔

جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ وقت بہت تھوڑا ہے اور اس لئے میں اپنی تقریر کو جلد ہی ختم کرونگا۔ لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اب موقعہ ہے یہ وقت ہمیشہ نہیں رہیگا۔ یہ بھی ایک طرح کا cycle یعنی چکر ہے اور اگر اس وقت ریزرو فنڈ قائم کیا جاسکے تو بہت اچھا ہے۔ تاکہ کساد بازاری کے وقت غریب ٹیکس دھندہ کاشتکار و زمیندار کی امداد کی

جاسکے ۔ اس لئے بھی اب یہ چیز ضروری و لازمی ہو گئی ہے کہ زرعی اصلاحات کے بعد سرکاری مطالبات کا بیشتر حصہ غریب کاشتکار کو ادا کرنا پڑیگا!

جناب والا ایک اور اشد ضروری امر جسے میں وزیر مال صاحب کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں وہ نہر لوئر جہلم پر پرانی اور نئی آبادی کے حق آبپاشی میں تفاوت ہے ۔ آپ پاکستان میں مساوات کا ڈھنڈورا پیٹتے رہتے ہیں لیکن اس تفاوت کو دور کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ۔ یہ پرانی آبادی کے لئے چالیس فیصدی اور نئی آبادی کے لئے ۵۰ فیصدی حق آبپاشی کیوں ہے ؟ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ مہربانی کرکے ان لوگوں کو جن پر کہ گزشتہ پچاس سال سے یہ ظلم ہو رہا ہے اس سے بچائیے ۔ اور ان کو پورا حق آبپاشی دیجئے ۔

جناب والا Schedule of water rates کا بھی یہی حال ہے ۔ الف و ب شیڈول میں جو فرق و تفاوت ہے اسکی وجہ سے تقریباً پچاس ہزار روپے ششماہی ضلع جھنگ کو دینے پڑتے تھے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ صرف اس شیڈول کے تفاوت سے ان کو تقریباً ایک لاکھ سالانہ کا نقصان ہوتا ہے ۔ مہربانی فرما کر اس تفاوت کو دور کیجئے ۔ یعنی گزشتہ پچاس سال میں ضلع جھنگ کے زمیندار و مزارعان کم و بیش پچاس لاکھ روپیہ زیادہ ادا کرچکے ہیں ۔ چونکہ اب زرعی اصلاحات کی رو سے سرکاری مطالبہ کا ساٹھ فیصدی غریب مزارعہ کو ادا کرنا ہوگا لہذا یہ امر اشد ضروری ہے کہ ضلع جھنگ کی ناقص اراضیات میں ہر ۵۰ فیصدی کے مقابلہ میں ۳۰ فیصدی حق آبپاشی کو مد نظر رکھتے ہوئے غریب کاشتکار کی امداد میں اس الف و ب کے شیڈول کے فرق کو فوراً منسوخ کیا جاوے ۔ جو کہ عین انصاف ہوگا ۔ ''بر رسولان بلاغ باشد و بس'' وقت ختم ہوچکا ہے لہذا میں اپنی تقریر کے آخری حصہ کی تشریح پھر کسی موقعہ پر ملتوی کرتے ہوئے اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر سی — ایل — سندر داس (پاکستانی عیسائی و اینگلو پاکستانی حلقہ نمبر ۲) — حضور والا ! میرے لئے یہ انتہائی خوشی کا مقام ہے کہ کل اس جماعت کے وزیر خزانہ نے یہ میزانیہ پیش کیا جس جماعت کے ساتھی ہم اس وقت سے ہیں جب کہ اس جماعت کو اس صوبہ میں کوئی بڑی اہمیت حاصل نہ تھی —

حضور والا ! اس میزانیہ پر نکتہ چینی کرنا ایسا ہی ہے جیسے سورج کو دیا دکھانا (نعرہ ہائے تحسین) — حضور والا اس ایوان کا

ایک ایک ممبر ہمارے وزیر خزانہ کی قابلیت و ذہانت کو تسلیم کرتا ہے اور ان کی قابلیت و ذہانت سے حزب اختلاف کے بھی کسی رکن نے انکار نہیں کیا — مجھے بھی ان کی تمام سکیموں سے مکمل اتفاق ہے— صرف اختلاف جو تھوڑا سا ہے وہ اس امر پر ہے کہ یہ سوشل سروس سکیمیں کہاں سے شروع کی جا رہی ہیں — ہمارے وزیر خزانہ کی سب سے پہلی سکیم یہ ہے کہ شہروں کے گرد چھوٹے چھوٹے شہر اور قصبوں کے نزدیک چھوٹے چھوٹے قصبات بنائے جائینگے — میں کہتا ہوں کہ یہ اچھی بات ہے لیکن اس سے پیشتر کہ وزیر خزانہ اس سکیم کو شروع کریں انہیں چاہئیے کہ وہ دیہات میں جائیں اور وہاں دیہات سے ذرا دور جو چھوٹی چھوٹی کچھ بستیاں ہیں انہیں دیکھیں —

حضور والا ! آج یہ بستیاں اجڑی ہوئی ہیں اور انہیں بستیاں کہنا گناہ ہے — گر وزیر خزانہ اس نیک کام کو، اس مکانیت کے مہیا کرنے کے کام کو ان اجڑی ہوئی بستیوں سے شروع کریں تو آپ یہ کہہ سکینگے کہ پنجاب ایک اسلامی صوبہ ہے — حضور والا ! صدیوں سے یہ ناروا سلوک ان بستیوں سے روا رکھا گیا ہے — ہندوؤں نے کیا مغلوں نے کیا انگریزوں نے کیا کسی نے بھی ان کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھا لیکن آج پاکستان اور پنجاب میں ایسا نہیں ہونا چاہئیے — آپ اسے اسلامی حکومت کہتے ہیں اس لئے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اسلامی حکومت سے ہمیں وہ سلوک متوقع ہے جو کہ مسلمان اپنے ہمسایوں سے کرتے چلے آئے ہیں اور جو اسلام نے ہمسایہ کے لئے تجویز کیا ہے۔ ان بستیوں کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سیلابوں کے بعد وہ تمام کی تمام بستیاں بہہ گئی تھیں اور ان لوگوں کے لئے یہ مشکل ہو گیا تھا کہ وہ انہیں آباد کرنے کے لئے وہ کہاں سے لکڑیاں لائیں — وہ لوگ جو ہندوؤں اور سکھوں کے دیہات میں رہتے تھے ان کے لئے اپنے مکانات تعمیر کرنا اور بھی زیادہ مشکل ہو گیا تھا کیونکہ وہاں تمام کی تمام لکڑی بھی حکومت کی ملکیت ہو گئی تھی — اگر کوئی آدمی تحصیلدار کے پاس درخواست دیتا تو تحصیلدار صاحب چھ مہینے کے بعد اس پر انکار لکھ بھیجتے — حضور والا ! میں وزیر خزانہ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہیں اپنے اس میزانیہ میں کوئی ایسی پرووِژن یا مد رکھنی چاہئیے تھی جس کی وصولی سے ان بستیوں کو جو آج اجڑی ہوئی ہیں اور ان کی طرف کوئی نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھتا دوبارہ بسایا جا سکتا —

حضور والا ! میں نے حزب مخالف کے ممبروں کی تقریریں سنیں، اپنی بہنوں کی تقریریں سنیں اور مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ممبروں کی بھی تقاویر سنیں لیکن دل کو دکھ ہوا کہ ہر ایک نے صرف یہ کہا ''سڑکوں کی توسیع کی جائے تعلیم کو فروغ دیا جائے ٹیکسوں کو کم کیا جائے،، — کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ مگر کسی ایک نے بھی ان مسیحی بستیوں کی بدحالی کی طرف نگاہ نہیں کی — یہ وہ بستیاں ہیں جنہوں نے آپ کی زمینوں کو درست کیا، جنہوں نے آپ کے مکانوں کو تعمیر کیا — ان بستیوں میں وہ لوگ رہتے ہیں جو رات کو اس وقت بھی آپ کے آرام کی خاطر جاگتے ہیں جس وقت کہ آپ خواب خرگوش میں ہوتے ہیں — حضور والا ! میں وزیر خزانہ سے کہونگا کہ وہ مکانات کے کام کو ضرور شروع کریں لیکن اپنا مقام اجراء ان بستیوں کو بنائیں جہاں اس وقت کوئی مکان نہیں ، صرف جھونپڑیاں ہیں — لومڑیوں کے لئے بھی بھٹ ہیں لیکن ان کے لئے سر چھپانے کو جگہ نہیں - آپ سڑکوں میں توسیع کیجئے کیونکہ سڑکوں کا ہونا بھی بڑا ضروری ہے لیکن پیشتر اس کے کہ اس کام کو شروع کیا جائے ان راہوں کی درستی کے لئے کچھ کرنا بھی ضروری ہے جو آپ کو ان بستیوں میں لے جا سکیں تا کہ آپ ان کی حالت دیکھ سکیں —

حضور والا ! مسیحیان پنجاب توقع کرتے ہیں کہ بجٹ میں سڑکوں کے متعلق جو روپیہ رکھا گیا ہے اس سے وہ سڑکیں بھی بنائی جائینگی جو کہ ان لوگوں کی بستیوں کی طرف جاتی ہیں —

اس کے علاوہ میزانیہ میں صنعت و حرفت کے متعلق بھی بہت کچھ کہا گیا ہے — لیکن اس میں اس صنعت کے متعلق کچھ ذکر نہیں ہے جو ان بستیوں کے رہنے والے لوگوں تک محدود ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ ان بستیوں میں وہ غریب لوگ رہتے ہیں جن کے پاس نہ مکان ہے نہ زمین ہے نہ پیسہ ۔ غرضیکہ کوئی چیز نہیں — وہ کام کیا کرتے ہیں اس کے متعلق میں ابھی عرض کرتا ہوں۔ لیکن ایسا کرنے سے قبل میری یہ گزارش ہے کہ اس ایوان کے تمام ممبر میری اس تقریر کو غور سے سنیں — وہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور میں ان سے مسلمانوں کی حیثیت سے گزارشات کرنا چاہتا ہوں — آپ کہتے ہیں کہ یہ اسلامی مملکت ہے— یہ ایک اسلامی صوبہ ہے تو سنئے کہ یہ غریب بستیوں کے رہنے والے پورے دن کی محنت کے بعد کچھ ہڈیاں لاتے ہیں یا گاؤں گاؤں پھر کر

چمڑا خرید لاتے ہیں — اور وہ اُسے چار آنے کے نفع پر شیخ کے پاس فروخت کر دیتے ہیں جو اسی چمڑے اور ہڈیوں سے سینکڑوں روپیے کماتا ہے — اگر ہمارے وزیر خزانہ اپنی سنہری سکیم میں ان لوگوں کے لئے کاٹیج انڈسٹریز قائم کر دینے کی مد قائم کر دیتے اور یہ لوگ جو چمڑا لاتے ہیں یا ہڈیاں اکٹھی کرتے ہیں ان کو موقعہ مہیا کیا جاتا کہ وہ چمڑا رنگنے اور کھاد بنانے کے کارخانے بناتے اور اُن کو اپنی روز کی روٹی کمانے کا موقع مل جاتا تو یہ کتنی اچھی بات ہوتی — اگر وہ ایسا کرتے تو ان برباد بستیوں کے رہنے والے لوگ بھی راہ ترقی پر گامزن ہوتے اور جتنی وہ ترقی کرتے اتنا ہی دنیا کہتی کہ یہ صرف مسلمان حکومت کا ہی کارنامہ ہے جو غریبوں کو پستی سے بلندی کی طرف لے جانے کی کوشش کر رہی ہے (ایک آواز — کوٹ لکھپت میں جائیے) میری گزارش ہے کہ صنعت و حرفت کا کام ایسے طریقہ سے کیا جا رہا ہے کہ شہروں کے لوگ جن کے پاس پیسہ ہوگا وہ اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے لیکن وہ غریب مسیحی جو دیہات میں رہتے ہیں ان کے لئے کسی ایسی صنعت کا وسیلہ نہیں بنایا گیا جو ان کے لئے مفید اور ترقی کا موجب ہو — آپ سمجھتے ہیں کہ کوٹ لکھپت میں ان کے درد کا علاج موجود ہے۔ پہلے آپ ان کی دقتوں کو سنئے اور ان کے سننے کے بعد ہی آپ ان کے متعلق کچھ کہہ سکتے ہیں کیونکہ اس بات پر آپ نے بڑی سنجیدگی سے غور کرنا ہے۔

اس کے علاوہ تعلیم بالغاں کے متعلق میزانیہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم بالغاں کا بار خزانہ پر نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ ہم میں سے ہر ایک کا فرض ہے کہ وہ "Each one, teach one" کے زرین اصول پر عمل پیرا ہو — ہر شخص ایک شخص کو پڑھا سکتا ہے۔ ہماری بہنیں ایک ایک بہن کو پڑھا سکتی ہیں اور ہمارے بھائی ایک ایک بھائی کو پڑھا سکتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر تعلیم بالغاں کی جگہ تعلیم پس ماندگان ہوتا تو کہیں بہتر ہوتا۔ وہ لوگ جو ان بستیوں میں صدیوں سے ان پڑھ چلے آتے ہیں ان کی تعلیم کے لئے کوئی خاص انتظام کیا جاتا۔ مہاجر کی تعلیم کے لئے انتظام کیا گیا ہے لیکن ان لوگوں کی تعلیم کے لئے کوئی خاص انتظام نہیں کیا گیا جو کہ ہمیشہ سے مہاجر چلے آتے ہیں۔ جو ایک گاؤں چھوڑ دوسرے میں جاتے ہیں اور اگر انہیں وہاں سے دھتکارا جائے تو تیسرے میں چلے جاتے ہیں اور اس طرح چکر میں پڑے رہتے ہیں۔ حضور والا میں یہ

عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تعلیم بالغاں کے لئے جو فنڈ ہے اس کو تعلیم پس ماندگان کے لئے وقف کردینا چاہئے کیونکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے تعلیم بالغاں ہم سب کا فرض ہے - مذہبی فرض ہے اور اخلاقی فرض ہے اور اس کو اپنے خزانہ پر بار نہیں بنانا چاہئے - مہاجرین کے وظائف ہیں - مہاجرین کے لئے مراعات ہیں - میں کہتا ہوں کہ ان سے ہم سب کو ہمدردی کرنی چاہئے اور ان کے لئے جہاں آپ دو آنے خرچ کرتے ہیں وہاں بے شک چار آنے خرچ کیجئے - وہ بار جو ان کے لئے ہم اٹھا سکتے ہیں اٹھائیں لیکن وہ لوگ جو ہمیشہ کے مہاجر ہیں جن کے گھر بھی اپنے نہیں ہیں ان کی تعلیم کے لئے بھی کچھ خاص انتظام کیا ہوتا - جن مکانوں میں وہ لوگ رہتے ہیں ان کی اراضیات کے بھی وہ مالک نہیں ہیں - میں کہتا ہوں کہ اگر اس میزانیہ میں کوئی ایسی رقم تجویزکی ہوتی جس کے وسیلہ سے ان ساکنان اراضیات کو جن پر ان بے وسیلہ لوگوں کی جھونپڑیاں تعمیر ہیں خرید کر ان کو دیا جاسکتا تو آپ کہتے کہ مسیحی بھائیو لو یہ اسلامی حکومت کی‌طرف سے انعام ہے اور یہ کہ آج سے تم ان سکنی اراضیات کے مالک ہو اور تمہیں یہاں سے کوئی نہیں نکال سکے گا تو یہ کتنا بہتر ہوتا۔ (آوازیں- ایسا قانون بن رہا ہے)— جب یہ بن جائیگا تو میں اس اسلامی حکومت کو دلی مبارکباد دوں گا کیونکہ پھر یہ غریب بستیوں والے جو گاؤں سے دور بستے ہیں اپنی بستیوں کے متعلق کہ سکیں گے کہ آج وہ اس کے مالک ہیں—میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری حکومت رسول کی بجلی کی طرف دوڑ رہی ہے تاکہ رسول کی بجلی سے روشنی حاصل کریں - کاش آپ اس وقت رسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی روشنی سے روشنی حاصل کرتے(تالیاں) اور ان لوگوں کے گھروں کا اندھیرا دیکھتے جن کے پاس رات کو دیا جلانے کے لئے تیل نہیں ہے - ان کی بھوک دیکھتے جن کے پاس رات کو کھانے کو کچھ نہیں ہے - تو ان کا ننگا پن آپ کو اس روشنی میں صاف صاف نظر آتا - کل ہمارے بھائی کہتے تھے کہ اگر سڑکیں اچھی ہوتی تو ہم گندم لے آتے - میں کہتا ہوں کہ اگر ان غریب آدمیوں کو یہ پتہ ہو کہ دریا پار کرکے ان کو کھانے کو دانے مل سکتے ہیں تو وہ دریا بھی پار کر جائیں اور ہر مصیبت جھیل کر انہیں نے آئیں کہ ان کے پاس کوئی شے بھوک مٹانے کیلئے نہیں ہے - میں عرض کرنا چاہتاہوں کہ یہ حکومت ہماری اپنی حکومت ہے اور ہماری‌خواہش ہے کہ یہ دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی کرے لیکن معاف کیجئے مجھے

آپ کی اختیار کردہ راہ سے اختلاف ہے ۔ میں اس طریقے کے لئے اپنے مسلمان بھائیوں کو بالعموم اور عزت مآب وزیر خزانہ کو بالخصوص ان اسلامی روایات کی طرف لے جانا چاہتا ہوں ۔ آپ سب جانتے ہیں کہ وہ اونٹنی جو حضرت حلیمہ کی تھی وہ کمزور تھی اور سب اونٹنیوں سے پیچھے رہ جاتی تھی لیکن جب اس اونٹنی پر ایک غریب اور یتیم بچے کا بار لادا گیا تو خدا وند تعالیٰ کے فضل سے وہ جو کمزور تھی توانا ہوگئی اور سب اونٹنیوں سے پیچھے رہ جاتی تھی سب سے آگے ہوگئی اور جو سب سے آگے تھی اس سے اول ہوئی ۔ اگر ہماری حکومت اس اپنی اونٹنی پر خوشی سے ان غریبوں اور یتیموں کا جو کہ ان بستیوں کے رہنے والے ہیں بار اٹھا لے تو یقینی طور پر یہ اونٹنی کمزور سے توانا اور آخر سے اول ہو گی آپ کی حکومت دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے گی (خوب — خوب) اگر خدا نخواستہ ان کی ترقی کی طرف دھیان نہ دیا گیا تو یہ اس اسلامی مملکت کے ماتھے پر ایک کلنگ کا ٹیکا بن کر رہ جائیگا ۔ میں اپنے مسلمان بھائیوں پر نکتہ چینی نہیں کررہا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا جینا اور ہمارا مرنا ان کے ساتھ ہے اور وہ اور ہم ایک ہیں ۔ جہاں تک سیاست کا تعلق ہے جہاں تک زندگی اور موت کا تعلق ہے ہم اور وہ ایک ہیں ۔ مذہب میں جو اختلاف ہے وہ بہت تھوڑا ہے ۔ کیونکہ ہمارے اور مسلمانوں کے انبیاء حضرت مسیح تک ایک ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس اسلامی حکومت میں بھی ان بستیوں کے رہنے والوں کی نہ سنی گئی تو ان کی کبھی بھی سنی نہیں جائیگی ۔ حضور والا ہم عیسائی لوگ آپ کی وساطت سے عزت مآب وزیر خزانہ کو یاد دلاتے ہیں کہ ہم وہی ان کے پرانے وفادار ہیں جو تھے اور ہیں اور رہیں گے ۔ لیکن ہمیں اپنے ساتھ ساتھ لیجانے کے لئے چونکہ ہم ان سے بہت پیچھے ہیں ذرا ان کو اپنی رفتار ترقی کو کم کرنا ہے اور ہماری رفتار ترقی کو تیز کرنے کی کوشش کرنا ہے تاکہ ہم قومی حیثیت میں ان کے ساتھ ساتھ جاسکیں ۔ (خوب—خوب) (تالیاں)

بیگم رشیدہ لطیف— (مسلم خواتین اندرون لاہور) جناب والا! کل میں نے اپنی بہن بیگم شاہنواز کی تقریر سنی مگر انہوں نے حسب عادت قصیدہ خوانی کی ۔ آج میری بہن بیگم جی—اے خاں نے جب تقریر کی تو انہوں نے حد ہی 'مکا' دی (قہقہہ) ان کی تقریر سن کر یہ معلوم ہوتا تھا کہ گویا کہ وہ بجٹ پر دوسری تقریر فرمارہی ہیں ۔ انہوں نے فرمایا کہ فلاں مد میں اتنا روپیہ دیا گیا ہے اور فلاں میں اتنا ۔ میاں

ممتاز میرا بیٹا ہے اور اگر میں چاہتی تو میں بھی ایک قصیدہ لکھکر فریم میں لگا کر ان کو پیش کرسکتی تھی - لیکن میری گذارش ہے کہ ہم یہاں اس لئے نہیں آئیں کہ حکومت کی قصیدہ خوانی کیا کریں بلکہ ہم نے تو یہاں اپنے ووٹروں کے خیالات کی ترجمانی کرنی ہے اور ان کی مصیبتوں کا رونا رونا ہے اور ان کے مطالبات پیش کرنے ہیں - جناب والا آپ دیکھیں کہ شہریوں اور دیہاتیوں پر کتنے بوجھ ہیں - آپ مثال کے طور پر مکان کو ہی لے لیجئے - اس پر کئی قسم کے ٹیکس ادا کرنے پڑتے ہیں - اس پر پہلا ٹیکس تو معاملہ وصول کیا جاتا ہے گلیاں بن گئی ہیں - بازار بن گئے ہیں محلے بن گئے ہیں لوگ مدتوں سے آباد ہوگئے ہیں لیکن ان سے اب تک معاملہ وصول کیا جاتا ہے اور یہ بے انصافی سے لیا جاتا ہے - اس کو معاملہ نہیں کہنا چاہئے بلکہ اسے بے انصافی ٹیکس کہنا چاہئے - اس پر دوسرا ٹیکس ہاؤس ٹیکس لیا جاتا ہے - اس پر تیسرا ٹیکس وہ ہے جسے انکم ٹیکس کہتے ہیں مثلاً ایک تاجر ہے اور اس کا مکان ہے اس مکان کے کرایہ کا تخمینہ لگا کر اس کی آمدن میں شامل کرلیا جاتا ہے اور اگر وہ تین ہزار تک پہنچ جائے تو یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے - اس پر چوتھا ٹیکس پراپرٹی ٹیکس لیا جاتا ہے - یہ ٹیکس ۱۹۴۰ء میں جنگ کے دوران میں لگایا گیا تھا اور اس وقت وعدہ کیا گیا تھا کہ جنگ کے خاتمہ پر اس کو ختم کردیا جائیگا مگر یہ اسی طرح موجود ہے اور اب بھی لیا جاتا ہے - اگر کسی کو باپ دادا سے ورثے میں کوئی مکان مل گیا ہو تو اس کو اس پر بھی یہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے خواہ وہ اتنا بوسیدہ ہوگیا ہو کہ وہ اس کی مرمت کی بھی توفیق نہ رکھتا ہو - بعض ان میں سے ایسے بھی ہیں جن سے یہ خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ انکی چھتیں گر جائینگی — انکی دیواریں شکستہ ہیں — مگر انکا بھی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے—تخمینہ لگانے والے بھی تخمینہ لگاتے وقت یہ نہیں دیکھتے کہ کسی مکان کی حیثیت کیا ہے—بیواؤں کو کچھ رعایت دی جاتی ہے—مگر یہ بھی محض دکھانے کی باتیں ہیں—اگر کسی بیوہ کا ایک بھی بچہ سن بلوغت کو پہنچ جاتا ہے تو اسے وہ رعایت نہیں مل سکتی—اسکے لئے ضروری ہے کہ وہ آٹھویں حصہ کی مالک بنے—تب کہیں جاکر اسے وہ رعایت مل سکتی ہے—مگر مردوں کیلئے کوئی گنجائش نہیں — کئی دفعہ میں ایسے مردوں کو ساتھ لے کی

گئی جو بیمار یا بیکار تھے مگر یہ جواب ملا کہ مکین بیشک پاگل ہو مگر مکان تو پاگل نہیں—ہم نے تو مکان سے ٹیکس وصول کرنا ہے— ایسے بھی لوگ ہیں جن کا کوئی ذریعہ معاش نہیں—میرے پاس وہ روتے ہوئے آتے ہیں کہ ہمارا مکان فروخت کردو۔ میں انہیں ساتھ لے کر دفتروں کا چکر لگاتی ہوں مگر یہی جواب ملتا ہے کہ وصولی ضرور ہوگی—

حال ہی میں ایک واقعہ ہوا ہے—میاں امیر دین صاحب کو معلوم ہوگا—کامل نائی ایک مشہور آدمی ہے—اسکی لڑکی مہاجرہ ہوکر آئی— ایک مکان تھا جو اس لڑکی کے نام تھا—لڑکی کا خاوند بیمار تھا—میں نے کوشش کی کہ اس لڑکی کے مکان کا ٹیکس معاف ہو جائے—مگر مجھے یہ جواب دیا گیا کہ اسکے لئے کوئی گنجائش نہیں—البتہ اگر اسکا آدمی مر جائے تو بیوہ کی صورت میں اسکی معافی ہو سکتی ہے—اس سے دل پر اتنی چوٹ لگی کہ کچھہ بیان نہیں ہو سکتا—یہ قصیدہ پڑھنے والیاں ایسی جگہوں پر جاتی ہی نہیں کہ انہیں عوام کی تکالیف معلوم ہو سکیں (قہقہے اور شور) جناب والا خدا کی شان کہ کامل نائی کا داماد دو دن کے بعد مر گیا اور اس کی لڑکی کو پراپرٹی ٹیکس سے چھٹکارا ملگیا—جناب والا یہ حالت ہے—اسکے بر عکس میں نے آج ہی اخبارات میں پڑھا ہے کہ صوبہ سرحد کی حکومت نے جہاں کی آمدنی بہت کم ہے—کوئی پانچ چھہ کروڑ کے لگ بھگ ہوگی—عقلمندی اور فیاضی کا ثبوت دیتے ہوئے ایک مکان کے مالک سے اس مکان کا ٹیکس منسوخ کر دیا ہے جس میں وہ خود رہائش رکھتا ہو—اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ایسا کرنے سے انکے بجٹ میں کمی ہو جائیگی تو میں انہیں آمدنی کے ذرائع بھی بتا سکتی ہوں—وہ منشیات اور تفریحات پر زیادہ ٹیکس لگا سکتے ہیں کیونکہ یہ چیزیں ملک کو تباہی کی طرف لے جا رہی ہیں—

جناب والا! دوسرا مسئلہ جسکی طرف میں جناب کی وساطت سے ایوان کو توجہ دلانا چاہتی ہوں سول ڈیفینس کا ہے—اسکے لئے پچھلے سال ۶۰ لاکھہ ۲۰ ہزار کی رقم منظور کی گئی تھی—اب اسکو بڑھا دیا گیا ہے—اس رقم میں سے پہلے سال ۴۸ لاکھہ کا سامان آیا تھا—اب اس میں ۹۱ ہزار کا اضافہ کیا گیا ہے—مگر دوسری طرف یہ ہوا ہے کہ پچھلے سال عورتوں کا جو ڈیپارٹمنٹ بنایا گیا تھا جس میں چھہ سات ہزار خواتین کو ٹریننگ دی گئی تھی ۲۹ فروری سے اسے کالعدم کر دیا گیا ہے—صفحہ ۶۰۷ ملاحظہ فرمایئے—خواتین کی دو پوسٹیں تھیں—

جنہیں اڑا دیا گیا ہے—۸ عورتیں انسٹرکٹر تھیں جن کو موقوف کر دیا گیا ہے—حالانکہ عورتوں کی آبادی پنجاب میں نصف سے بھی زیادہ ہے—عورتوں کیلئے اے - آر - پی کی ٹریننگ اسلئے بھی ضروری ہے تاکہ جنگ کی صورت میں ہمارے ان سپاہیوں کو جو سرحدوں پر دشمن کا مقابلہ کر رہے ہوں یہ تسلی رہے کہ انکی عورتیں تربیت یافتہ ہیں اور وہ آگ وغیرہ سے اپنی اور اپنے بچوں کی حفاظت کر سکینگی—جب تک انکو یہ تسلی نہ ہو وہ کسطرح اطمینان کے ساتھہ لڑ سکتے ہیں—مشرقی پنجاب میں ہماری عورتوں کا جو حشر ہوا اسکا باعث یہی تھا کہ ان بے چاریوں کو کوئی ٹریننگ نہیں تھی—ابھی تک ہماری ۵۰ ہزار عورتیں غیروں کے قبضہ میں ہیں—جب تک ہماری عورتیں تربیت یافتہ نہیں ہونگی اور انہیں اے - آر - پی وغیرہ کی ٹریننگ نہیں دی جائیگی ہم کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے—اس جنگ میں جو حشر فرانس کا ہوا تھا کہیں خدا نخواستہ وہی حشر ہمارا نہ ہو—برطانیہ نے نو سال قبل از جنگ اپنی عورتوں اور بچوں کو ٹریننگ شروع کر دی تھی—مگر ہمارے ہاں یہ سمجھا جاتا ہے کہ عورتیں غیر ضروری ہیں اور انکا کام محض بچے سنبھالنا اور کھانا پکانا ہے—

جناب والا! وقت کم ہونے کے باعث میں اچھی طرح تقریر نہیں کر رہی بلکہ درانتی سے گویا گھاس کاٹ رہی ہوں—لاہور کارپوریشن کیلئے ۶۸ سیٹیں مقرر ہوئی ہیں جن میں سے عورتوں کو صرف سات دی گئی ہیں—چھہ مسلمان عورتوں کیلئے اور ایک اچھوت عورتوں کیلئے—باقی ۶۱ مردوں کو دی گئی ہیں—حالانکہ جہاں تک ووٹ کا حق کا تعلق ہے وہ عورتوں اور مردوں کو برابر حاصل ہے—۲۱ سال کا مرد ہو یا عورت اسے یہ حق حاصل ہے—بلکہ عورتوں کو اس میں فوقیت دی گئی ہے — انکے دو ووٹ ہیں — ایک ووٹ وہ مردوں کو دے سکتی ہیں اور ایک عورتوں کو—مگر کارپوریشن میں صرف چھہ زنانہ نشستیں رکھی گئی ہیں—حالانکہ انصاف کی رو سے اگر نصف نہیں تو کم ازکم ایک تہائی نشستیں ضرور عورتوں کو دی جانی چاہئیں—عورتیں صفائی اور دوسرے کاموں کیلئے زیادہ مفید ثابت ہونگی اور شہر کی حالت بہتر ہو جائیگی—

جناب والا! اب میں ایک اور معاملہ کی طرف آتی ہوں—غربت بہت زیادہ ہے—مردوں کی کمائی اتنی تھوڑی ہے کہ اس میں انکی گزر اوقات نہیں ہو سکتی—ایک کمانے والا ہے تو اسکے ساتھہ دس بارہ

کھانے والے ھیں—میری بہنیں جن کے پانچ چھہ بچے ھیں روزانہ میرے پاس آتی ھیں کہ خدارا ھمیں کوئی نوکری دلواؤ—میاں ممتاز دولتانہ صاحب تو یہاں تشریف نہیں رکھتے—مجھے امید ھے کہ دوسرے وزراء صاحبان میری یہ تجاویز ان تک پہنچا دینگے— کاوڈنگ فیکٹریوں میں یہ عورتیں بہت مفید ثابت ھوسکتی ھیں—وھاں مشینوں سے کپڑا کاٹنے اور بٹن ٹانکنے وغیرہ قسم کے کام ھوتے ھیں جنہیں عورتیں بآسانی سر انجام دے سکتی ھیں—اسلئے میری یہ تجویز ھے کہ کاوڈنگ فیکٹریاں جتنی بھی ھیں وہ سب عورتوں کو دے دی جائیں—گورنمنٹ اپنے اوپر کوئی مزید بوجھہ نہ لے—بس جتنا کوئی عورت کام کرے اتنی مزدوری اسے دے دی جائے—اسکے علاوہ یہ بھی ضروری ھے کہ بے خانماں بچوں والی اور بیکار عورتوں کیلئے گورنمنٹ روزگار مہیا کرے اور دوسری کوئی فیکٹریاں بھی جاری کرے—میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ میں تفصیل میں جا سکوں ورنہ کئی ایک آسان آسان کام ھیں جو عورتیں بخوبی کر سکتی ھیں—مثلاً نوار بننا—چپلی بنانا وغیرہ—ضرورت ھے کہ حکومت اسطرف توجہ دے تاکہ ملک سے بیکاری دور ھو—

اب میں آباد کاری کے متعلق کچھ کہنا چاھتی ھوں ۔ میرے بہت سے بھائیوں نے اس پر روشنی ڈالی ھے ۔ کل نواب ممدوٹ صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ محکمہ آبادکاری کا نہیں بلکہ بربادکاری کا ھے ۔ مہاجرین کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ۔ گورنمنٹ کو ھی اس کا فائدہ ھے ۔ گورنمنٹ لوکل اور مہاجرین کے آپس میں جھگڑے کروا کر خود بچ گئی ھے ۔ لوگ ایک دوسرے کو بد دعائیں دیتے ھیں ۔ ایک دوسرے کے سر پھوڑتے ھیں ۔ اس کے لئے گورنمنٹ نے بڑی بڑی سکیمیں بتلائی ھیں لیکن یہ محض زبانی کلامی باتیں ھیں ۔ ھوتا کچھ بھی نہیں ھے ۔

ھمکو معلوم ھے جنت کی حقیقت لیکن دلکے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ھے

جناب والا ۔ یہ کہا جاتا تھا کہ پاکستان کی تعمیر اسلامی مساوات کے اصولوں پر ھوگی ۔ مگر یہاں یہ حال ھے کہ کسی کے پاس بڑے بڑے بنگلے اور کوٹھیاں ھیں اور کسی کو رھنے کے واسطے جھونپڑی بھی میسر نہیں ۔ کیا اسی کا نام اسلامی مساوات ھے ۔ اس محکمہ کا یہ حال ھے کہ لوگوں کو بیحد ذلیل و خوار ھونا پڑتا ھے ۔ پہلے کاغذ آر۔او کے پاس جاتے ھیں پھر ڈی۔آر۔سی کے پاس جاتے ھیں اور پھر اس کے حکم پر اپیل ملک صاحب کے پاس کر دی جاتی ھے اور نتیجہ یہ ھوتا

ہے کہ نہ اس کا کام بنتا ہے نہ اس کا بنتا ہے۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ ہم امپروومنٹ ٹرسٹ کی سکیم چلا رہے ہیں — اتنے مکان بن جائینگے — اس قدر کوارٹر تیار ہونگے — معلوم نہیں وہ کب تیار ہونگے — جناب میرے خیال میں بہترین سکیم یہ ہے کہ مکانوں کا راشن سسٹم کر دیا جائے — مکانوں کا راشن سسٹم کردینے سے یہ ہوگا کہ یہ عارضی قلت رفع ہو جائیگی —

اب جناب والا میں سفارشوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں میرے چشم دید واقعات ہیں کہ دفتروں میں سفارشوں اور رشوتوں سے ہی کام ہو سکتے ہیں بغیر ان چیزوں کے کوئی نہیں ہوتا — کارک کی آسامی ہو تو سفارش۔ چپراسی کی جگہ ہو تو سفارش۔ قلی کی جگہ ہو تو سفارش بغیر سفارش کے کہیں کام نہیں چلتا۔ میں آپ کو سچ کہتی ہوں کہ میں ایک دفتر میں گئی اور میں نے کسی عورت کی فائیل مانگی تو اس میں صرف دو ورق لگے ہوئے تھے اور باقی سب کاغذ غائیب تھے۔ جس کی کوئی سفارش ہو اس کا تو کام ہو جاتا ہے اور جس کی کوئی سفارش نہ ہو اس کا کام نہیں بنتا۔ یہی چیزیں ہمارے صوبے کو برباد کر رہی ہیں۔ خدا کے لئے ان چیزوں کو بند کیا جائے تاکہ کسی کے حقوق پر غاصبانہ حملہ نہ ہو—

(اس مرحلہ پر آنریبل لیڈی ممبر کا وقت ختم ہوگیا اور انہوں نے استدعا کی کہ چونکہ انہیں ابھی بہت کچھ کہنا ہے لہذا انہیں پانچ منٹ اور دئیے جائیں مگر یہ درخواست منظور نہ ہوئی) —

مہر محمد صادق — (لائلپور نمبر ۴ مسلم)— جناب والا — میزانیہ زیر بحث پر کل سے بہت سی تقاریر ہو چکی ہیں — اور اس میزانیہ کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس پر کچھ نہ کچھ تنقید نہ ہو چکی ہو — ان تقریروں کا ایک پہلو یہ تھا کہ یہ بجٹ دقیانوسی — پرانا اور فرسودہ ہے — یہ بھی کہا گیا کہ اس میزانیہ میں کوئی چیز ایسی نہیں جو ہماری معاشی اور مجلسی زندگی میں انقلاب پیدا کرسکے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ میزانیہ دقیانوسی اور فرسودہ ہو یا انقلابی ہو مگر اتنا ضرور ہے کہ ان کی تنقید دقیانوسی اور فرسودہ ہے — ہمیشہ سے بجٹوں پر ایسی ہی تنقیدیں سیاست دانوں کی طرف سے ہوتی رہی ہیں وہ کوئی نئی چیز پیش نہیں کر رہے — وہ اسے دقیانوسی اور فرسودہ کہہ کر عوام کو خوش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں — حضور والا میں عرض کروں گا کہ کسی بجٹ یا میزانیہ سے یہ توقع رکھنا کہ وہ ایک رات میں کسی قوم کی تقدیریں پلٹ دے یہ ممکن نہیں ہوسکتا

	58/5-L.	10	284
Lower Middle ..	50/5-L.	2	122
	47/5-L.	4	154
	64/5-L.	3	108
	81/5-L.	4	154
	80/5-L.	3	100
Primary ..	73-A/5-L.	2	80
	111/9-L.	2	80
	63/5-L.	2	63
	71/5-L.	3	113
	70/5-L.	3	111
	82/5-L.	2	74
	96/5-L.	2	78
	51/5-L.	2	76
	53/5-L.	1	46
	54/5-L.	1	36
	56/5-L.	1	51
	62/5-L.	1	71
	60/5-L.	2	102
	NOOR SHAH		
Middle ..	Noor Shah	11	369
	77/5-R.	8	234
	74/4-R.	7	171
	64/4-R.	10	300
	58/4-R.	8	207
Lower Middle ..	56-G. D.	2	61
	Kaura Shah	3	106
Primary ..	Basheta	1	21
	Jamra	1	70

	Name of schools	Number of teachers	Number of students
	NOOR SHAH—*concld*		
Primary ..	58-G. D.	1	40
	Daula Bala	1	38
	Qutab Shahana	2	66
	Thatha Bahadur Singh	2	85
	46-G. D.	2	68
	48-G. D.	1	62
	50-G. D.	2	67
	65-G. D.	2	68
	65-A/G. D. (East)	2	77
	65-A/G. D. (West)	2	91
	Dadan	1	48
	Miran Shah	1	28
	55/4-R.	2	73
	61/4-R.	2	53
	62/4-R.	2	72
	66/4-R.	2	72
	73/4-R.	2	81
	76/5-R.	2	83
	78/5-R.	2	85

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل منسٹر بتلائینگے کہ نور شاہ اور برج والا کے علاقہ میں اور کتنے گاؤں ھیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل منسٹر کو معلوم ھے کہ نئے پرائمری سکول کھولنے کی ایک تجویز ھے اور ان تھانوں کے دیہات میں ایسے سکولوں کی تعداد بہت کم ھے ؟

وزیر—وہ تو معلوم ھے - اسی لئے ۱۲۰۰ نئے سکول کھولے جا رھے ھیں -

چودھری محمد شفیق—کیا ان دو تھانوں کو بھی پیش نظر رکھا جائے گا ؟

وزیر—اگر آپ نے غفلت نہ برتی اور لسٹ پہنچا دی تو ضرور پیش نظر رکھا جائے گا -

PROHIBITION OF PROSTITUTION

*657. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state the steps taken by Government to prohibit prostitution practised in certain defined places in the Province; if no action has so far been taken, the reasons thereof?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : The suppression of immoral traffic and prostitution in the Province is already under the consideration of Government.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Government aware that some big officers are carrying on prostitution in their own offices ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Chief Minister: Only those who are expert in this can do so.

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر تعلیم اس معاملہ میں جلد از جلد کوئی قانون لانے کے لئے تیار ہیں تا کہ اس کی Prohibition ہو ؟

وزیر— Consideration کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ایسے قوانین وضع کریں جو اس کا انسداد کرے ہو سکتا ہے کہ اس کو کچھ عرصہ لگے ۔

چودھری محمد شفیق—کتنا عرصہ لگے گا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

DEATHS FROM T. B.

*695. **Chaudhri Sultan Ali:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the total number of deaths from T. B. in the Punjab during the years 1948, 1949, 1950 and 1951, respectively, as evidenced by official records;

(*b*) the total annual expenditure incurred by the Government in its fight against T. B. in the Province and the results achieved thereby;

(*c*) the names of places where the Government intend to open T. B. Hospitals in the Province?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*)

Year	*No. of Deaths from T. B.*
1948	5,962
1949	5,432
1950	6,236
1951	Figures not yet available.

(*b*) (*i*) Government have incurred expenditure amounting to approximately Rs. 6,54,510 during the year 1951-52 on the fight against T. B. The expenditure has been incurred in various Government institutions as well as in the shape of grants-in-aid paid by Government to Gulab Devi Hospital and Lahore Corporation. The above quoted amount does not include the cost of treatment of T. B. patients in R. B. Amar Nath Tuberculosis Institute, Mayo Hospital, Lahore as this institute is a part of the Mayo Hospital, and as such, no separate record of expenditure is kept.

(*ii*) Results achieved thereby are satisfactory.

(c) Government have under consideration a plan to attach T. B. wings to all the District Headquarters Hospitals which are to be upgraded in the near future on the lines of the Mayo Hospital, Lahore. Government have also sanctioned a sum of Rs. 4,30,000 in connection with the expansion of the Samli T.B. Sanatorium and are constructing a T. B. Hospital at Sargodha.

CROWN LANDS

*560. **Chaudhri Fazal Elahi**: Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) the total area of Crown lands already irrigated by Government owned canals;

(b) the total area likely to be irrigated by the Government owned canals within the next three years;

(c) whether the Government has formulated any proposals to settle such agriculturists from congested areas as are the owners of uneconomic holdings; if so, the nature of these proposals and the time by which they will be put into operation?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (a) The total area of Government lands already irrigated by Government owned canals is 5,308,062 acres.

(b) The total area likely to be irrigated by the Government owned canals within the next three years is 5,535,410 acres.

(c) Government have decided to utilize all surplus evacuee areas and the entire culturable Crown lands for giving relief to landless cultivator or petty peasant proprietors owning uneconomic holdings. The scheme will be put into operation as soon as possible.

PLOTS OF GOVERNMENT LAND AUCTIONED IN MONTGOMERY TOWN

*597. **Mian Abdul Haq**: Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) the number of plots of Government land auctioned in Montgomery town in the year 1951-52 for—

(i) building bungalows;

(ii) building houses;

(iii) building shops;

(b) the total price which these sales fetched;

(c) the portion of income from these sales the Government intend to ear-mark for granting subsidies to the refugees who are living in hutments in the town and cannot afford to build proper hygenic shelters for their families?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): The information is not yet available.

REIMPOSITION OF REMITTED LAND REVENUE ON REFUGEE ALLOTTEES OF LAND

*665. **Mian Abdul Bari**: Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) whether there is any precedent in the revenue history of the Province wherein the Government re-imposed old Government dues on tillers of the soil after declaring the remission of the same;

(b) whether the Government have issued instructions to revenue officials of the Province to collect 6 times the land revenue and 3 times the land revenue, which was remitted in 1949-1950, from local tenants and refugee allottees of evacuees lands; if so, the reasons therefor;

(*c*) whether it is a fact that 6 times and 3 times land revenue earlier remitted has been re-imposed on refugees and tenant allottees in the Lyallpur district if so; whether the Government intends to cancel this re-imposition; if not, the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : (*a*) Not that Government is aware of.

(*b*) No.

(*c*) No.

Mian Abdul Bari : Is the Honourable Minister aware that land revenue that was remitted in 1949-50 is again being collected and people, being refugees, who cannot pay, are put behind the bar ?

Minister: Wherever land revenue was remitted it cannot be recovered. There may be some misunderstanding that the rent has been remitted, but land revenue was recoverable and possibly action may have been taken for the recovery of land revenue only.

Mian Abdul Bari: Rent was remitted in 1949. I have asked whether there are any orders that the rent remitted in 1950 be realised again ? Is the Honourable Minister aware that a very large number of arrests are being made for non-payment of rent for 1949-50 from tenants and poor refugees ?

Minister: The position was that rent was remitted for 1947-48 kharif 1947 and rabi 1948 and kharif 1948. The rent was 3 times that of land revenue where refugees were concerned and 6 times where locals were concerned. These remissions were made only in favour of refugees but land revenue was not remitted. Therefore land revenue was to be recovered. I will make enquiries but I can assure the honourable member that no arrests were made for the recovery of rent remitted.

چودھری محمد شفیق—کیا یہ ۶ گنا یا ۳ گنا معاملہ بطور بقایا جات معاملہ اراضی Recover کیا جائے گا ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

CONSTRUCTION OF A ROAD BETWEEN MANDI BAHAUDDIN AND RASUL HEADWORKS.

***558. Chaudhri Fazal Elahi:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Mandi Bahauddin and Rasul Headworks in the Gujrat district are not linked by a metalled road ;

(*b*) whether it is a fact that there was a proposal under consideration of Government to construct a road between the two places in (*a*) above ;

(*c*) whether the construction of this road has been included in the Road Development Programme of the Government; if not, why not?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghar : (*a*) Yes.

(*b*) and (*c*) Yes. The road between Mandi Bahauddin and Rasul Headworks forms part of Multan Jhang Sargodha Jhelum Provincial Highway No. 3 and its construction is included in the approved Six Years Road Development Programme during 1953-54.

METALLING OF KUTCHA ROAD BETWEEN KHARIAN AND KOTLA ARAB ALI KHAN

***559. Chaudhri Fazal Elahi :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a kutcha District Board road between Kharian and Kotla Arab Ali Khan in the Gujrat district ;

(*b*) whether it is a fact that the President, District Muslim League, Gujrat and Chairman, District Board, Gujrat, have both represented to the Government to take over the abovementioned road and metal it at an early date;

(*c*) whether the Government has decided to include this road in its Road Building Programme for the year 1952-53; if not, the reasons therefor ?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari: (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) On representation by the Muslim League and District Board Gujrat the question of inclusion of the Road from Kharian to Kotla Arab Ali Khan in the approved Six Years Road Development Programme during 1953-54 is under active consideration.

RENT REALIZATION POLICY

***454. Mr. Shameem Ahmad Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether Government is aware of the fact that the rent realization policy of the Government is causing discontentment amongst the refugees in general and those who owned houses in East Punjab in particular; if so, whether the Govern ment intend to revise its present rent realization policy ?.

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): Yes. The matter is under the consideration of the Central Government and further action will be taken as soon as a decision is arrived at.

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر مہاجرین بتائینگے کہ جن دیہاتیوں کے مکانات مشرقی پنجاب میں رہ گئے ہیں ان کو معاوضہ دینے کی کوئی تحریک ہے ؟

وزیر—دیہاتیوں کو مکانات مفت دئے گئے ہیں اور کرایہ نہیں لیا جاتا ۔ ان کے پچھلے مکانات کے متعلق جیسا کہ دوسروں کے متعلق کہا گیا ہے، سنٹرل گورنمنٹ سے کوئی ہدایات موصول نہیں ہوئیں ۔ شہری جائداد کے متعلق سکیم بنا کر بھیجی ہے احکام آنے پر عمل ہوگا ۔

ابو سعید انور—کیا وزیر متعلقہ کو معلوم ہے کہ ہندوستان میں جب مغربی پنجاب کے ہندو اور سکھ چلے گئے تو وہاں جا کر مستقل شہری بن گئے ہیں ۔ لیکن ہماری حکومت نے ادھر سے آنے والے مسلمانوں کے لئے کوئی Permanent Settlement نہیں کی ؟

وزیر۔ معلوم ہے Permanent Settlement نہیں ہوئی کیونکہ ابھی تک یہ معاملہ دونوں حکومتوں کے درمیان زیر غور ہے اور ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا ۔

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر مہاجرین بتائینگے کہ وہ مکانات جو دیہاتی ادھر چھوڑ آئے ہیں ان کو کس چیز میں (Count) شمار کیا جا رہا ہے کیا انہیں کوئی معاوضہ دیا جائے گا ؟

وزیر—دونوں حکومتوں میں شمار (Count) نہیں کیا جا رہا ۔

چودھری محمد شفیق—کیا ہماری حکومت اس امر پر غور کرنے کے لئے تیار ہے کہ اس کو (Count) شمار کیا جائے ؟

وزیر—جہاں تک اراضیات کا تعلق ہے اس کے متعلق Provision ہے اور adjustment کی جا رہی ہے جہاں تک دیہات کے مکانات کا تعلق ہے دونوں حکومتوں میں کوئی کرایہ نہیں لیا جا رہا ۔ شہری جائداد کے متعلق ابھی تک کوئی معاہدہ نہیں ہوا ۔

ملک غلام نبی—کیا ایسی بات حکومت کے زیر غور ہے ؟

Mr. Speaker : Order order.

راجہ احمد علی—کیا آنریبل وزیر کو معلوم ہے کہ دیہات میں ایسا ہو رہا ہے ؟ کم از کم راولپنڈی میں ایسا ہوا ہے ۔ اور اس بلا کو عارضی طور پر بہت مشکل سے ٹالا گیا ہے ۔

وزیر—وہ مکانات کے متعلق نہیں ہے، دکانوں کے متعلق ہے ۔

ملک غلام نبی—کیا کوئی ایسی تجویز ہے کہ شہری مکانوں کے کرائے مہاجرین سے نہ لئے جائیں ؟

وزیر—سکیم بنا کر بھیجی گئی ہے کہ مہاجرین جس حیثیت کے مکانات ہندوستان میں چھوڑ کر آئے ہیں ویسے ہی مکانات اُن کو ادھر ملنے چاہئیں مگر اب تک منظوری نہیں آئی ۔

ملک غلام نبی—کیا وزیر بحالیات کے علم میں یہ بات ہے کہ مہاجرین جو ہندوستان میں مالک مکان تھے ان سے بھی کرائے وصول کئے جا رہے ہیں ؟

وزیر—وصول ہو بھی رہے ہیں اور نہیں بھی ہو رہے لیکن لئے ضرور جائینگے ۔ کیونکہ ہندوستان اور پاکستان میں اس کے متعلق معاہدہ ہو چکا ہے ۔

چودھری محمد شفیق—کیا اس کرائے کی وصولی کو اس وقت تک وزیر بحالیات ملتوی نہیں کر سکتے جب تک کہ ان کی سکیم منظور ہو کر نہیں آجاتی ؟

وزیر—جی نہیں ۔ کیونکہ اس کے متعلق معاہدہ موجود ہے ۔

مسٹر ابو سعید انور—کیا وزیر بحالیات کو علم ہے کہ مہاجر ملازمین کی تنخواہوں سے کرائے کاٹے جا رہے ہیں ؟

وزیر—جی ہاں ۔

ملک غلام نبی—کیا وزیر بحالیات ایسا کر سکتے ہیں کہ کم از کم لاہور میں اس نسبت سے کرائے نہ لئے جائیں جس نسبت سے پارٹیشن سے قبل لئے جاتے تھے ؟

وزیر—پچاس فیصدی کی تخفیف کر دی گئی ہے ۔

مولوی محمد اسلام الدین—کیا وزیر بحالیات اس مسئلہ پر غور کر رہے ہیں کہ مہاجرین کو دیہات میں مکانات نہیں ملتے ؟

وزیر—ہر جگہ احاطہ جات علیحدہ چھوڑے جا رہے ہیں تاکہ وہاں رہنے والے مکانات بنا سکیں —

مولوی محمد اسلام الدین—کیا وزیر بحالیات کو علم ہے کہ بہت سے دیہاتی مشرقی پنجاب میں مکانات چھوڑ کرآئے ہیں لیکن ان کو یہاں مکانات دینے کا ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ؟

وزیر—ہر گاؤں کے ساتھ کافی زمین چھوڑ دی گئی ہے ۔ وہاں مکانات بنائے جا سکتے ہیں —

رانا غلام صابر خاں—کیا وزیر بحالیات کچھ ایسا انتظام کر سکتے ہیں کہ معاہدہ قائم رہے اور کرایہ بھی نہ لیا جائے ۔ (قہقہے)۔

Mr. Speaker: Disallowed.

مسٹر ابو سعید انور—کیا وزیر بحالیات کو علم ہے کہ سرکاری ملازمین کے لئے کرائے ادا کرنا نا ممکن ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

ملک غلام نبی—کیا وزیر بحالیات کو علم ہے کہ ہندوؤں نے وہ مکانات جو کرائے پر دئے ہوئے تھے ان کے کرائے اور قیمت بڑھا چڑھا کر رکھی ہوئی تھی تاکہ mortgage کرتے وقت یا بنکوں سے قرضہ لیتے وقت زیادہ سے زیادہ روپیہ مل سکے ؟ لیکن جن مکانوں میں وہ خود رہتے تھے ان کو کم مالیت کا بتایا جاتا تھا تاکہ :—

Mr. Speaker: It is not a question : it is a speech.

ملک غلام نبی—It is not a speech, Sir : I am coming to the question. کیا وزیر بحالیات نے ۵۰ فیصدی کی جو تخفیف کی ہے وہ اس کے پیش نظر کی ہے کہ لاہور اب ایک بورژوا شہر ہے؟

وزیر—بورڈر پر ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا - بعض علاقوں میں تو کرائے بڑھ بھی گئے ہونگے - میں آنریبل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ یہاں تین قسم کے کرائے ہیں - ایک پراپرٹی ٹیکس کے لحاظ سے assess کئے گئے ہیں دوسرے Departmentally assess کئے گئے ہیں اور تیسرے جو ہمارے عملے نے ۵۰ فیصدی کی تخفیف کر کے assess کئے ہیں - ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ ڈی - آر - سیز - کو اگر محسوس ہو کہ کرائے بہت زیادہ ہیں تو انہیں ۲۵ فی صدی تک کرائے کم کرنے کا اختیار ہے اور اگر پھر بھی وہ یہ محسوس کریں کہ کرایہ زیادہ ہے تو وہ گورنمنٹ کو لکھیں —

چودھری محمد شفیق—کیا یہ صحیح ہے کہ جو ڈی - آر - سی - زیادہ کرائے وصول کرتا ہے اس کی کار گزاری زیادہ سمجھی جاتی ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

خان افتخار حسین خاں—دیہات میں جو احاطہ جات آپ چھوڑ رہے ہیں کیا وہاں گورنمنٹ ان کو مکان بنا کر دیگی یا لوگوں کو اپنے خرچ پر مکانات بنانے پڑینگے ؟

وزیر—اپنے خرچ پر —

چودھری محمد شفیق—اگر کوئی مہاجر کرایہ ادا نہ کرے تو اس کے لئے کوئی سزا ہے ؟

وزیر—یہ احکام جاری کئے گئے ہیں کہ جو مہاجر کرایہ ادا نہ کر سکتے ہوں ان سے وصول نہ کیا جائے —

ملک غلام نبی—جن لوگوں کے گزارے کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا کیا گورنمنٹ ان سے بھی کرائے وصول کرے گی ؟ ان لوگوں کے لئے جن کا کوئی پرسان حال نہیں وہ اپنی روزی تک نہیں کما سکتے - ان کا کیا ہوگا ؟

وزیر اعلےٰ—ایسے لوگوں کے متعلق نہایت نرم پالیسی اختیار کی گئی ہے —

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: What is the criterion before the Government of people who cannot pay and the people who do not pay ?

Mr. Speaker: Disallowed.

چوہدری محمد شفیق۔وہ لوگ جن سے کرائے وصول نہیں ہوتے اور جن کے متعلق آپ نے کہہ دیا ہے کہ نہایت نرم پالیسی اختیار کی گئی ہے اگر ڈی۔آر۔سیز۔ ان سے یہ کہتے ہیں کہ انہیں بے دخل کر دیا جائیگا تو اس کا آپ نے کیا انتظام کیا ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

CLAIMS

***455. Mr. Shameem Ahmad Khan**: Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) the number of claims received for the permanent allotment of land in the Jaranwala tehsil of the Lyallpur district ;

(*b*) the number of claims settled so far;

(*c*) the time within which the remaining claims are likely to be settled?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (*a*) 60,023.

(*b*) 17,457.

(*c*) By the end of March 1952, it is hoped.

MATCH FACTORY AT SHAHDARA

***434. Mr. Shameem Ahmad Khan**: Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the match factory at Shahdara owned and run by Western India Match Company has been closed down; if so, the reasons therefor;

(*b*) the total annual production of the said factory :

(*c*) the total number of labourers employed in the said factory before it was closed down ;

(*d*) since when the factory has not been working ;

(*e*) whether the Government intend to restart the said factory ; if so, when ; if not, why not ?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi: (*a*) First part-Yes. It was closed due to non-availability of the right type of wood at economic rates, accumulation of stocks, lack of proper storage facilities, and competition from imported matches and other causes of a technical nature.

(*b*) 12,000 cases each containing 50 gross each.

(*c*) 375 labourers.

(*d*) 1st August 1951.

(*e*) Yes. The Government are fully alive to the situation and have referred the case to the Pakistan Tariff Commission which is at present holding an enquiry into the claims of the indigenous match industry. Government will take suitable action in the matter after the Commission has submitted its report.

CO-OPERATIVE EDUCATIONAL SOCIETIES

***598. Mian Abdul Haq**: Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) the number of co-operative educational societies in the Province ;

(*b*) the names of the districts where they exist ;

(*c*) the funds available to each one of these societies ;

(*d*) the nature of their activities ;

(*e*) the money grants given to them from the common good funds of other district co-operative societies through the Co-operative Department?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi: (*a*) 2.

(*b*) Montgomery district only.

(*c*) The funds of these societies collectively amount to Rs. 4,22,953.

(*d*) They grant loans free of interest and scholarships to members and their dependents for educational purposes.

(*e*) None of the two societies was given money grant from the Common Good Fund of other Co-operative Societies. One society, however, named 'Student Aid Co-operative Society, Ltd., Montgomery', received money grant from other societies.

The amount of grant and the source from which it was received is given below date-wise :—

Date and year	Sources from which aid was received	Amount
		Rs. A. P.
1st April 1948 (1947-487)	From the Rehabilitation Fund through Deputy Commissioner, Montgomery.	3,75,000 0 0
14th April 1948 (1947-48)	From the Rehabilitation Fund through Additional Deputy Commissioner, Montgomery.	21,774 2 7
6th February 1950 ..	By the Orphan Benefit, Transport Society, Limited, Montgomery through Deputy Commissioner, Montgomery.	5,000 0 0
	Total ..	4,11,774 2 7

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر ترقیات کو معلوم ہے کہ منٹگمری میں لوئر باری دوآب کی کوآپریٹیو سوسائٹی کا اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹی کی کاروں میں سفر کرتا ہے اور پھر اپنا ٹی - اے چارج کرتا ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

ملک غلام نبی—کیا وزیر ترقیات کو معلوم ہے کہ لوگوں نے کوآپریٹو سوسائٹیوں سے قرضے لئے ہوئے ہیں اور انہیں وہ ادا نہیں کر رہے ؟

Minister: I will find out if the honourable member gives some instances.

Malik Ghulam Nabi: Is it my duty to find it out or is it the duty of the Honourable Minister ?

Mr. Speaker: Please resume your seat.

چودھری محمد شفیق۔ کیا وزیر ترقیات یہ بتائینگے کہ آیا کوآپریٹو سوسائٹیوں کو کاریں رکھنے کی آجازت ہے ؟

Minister: Not societies but some banks have kept their cars.

ملک غلام نبی۔ کیا وزیر ترقیات کو علم ہے کہ ہماری سوسائٹیاں ایک مردہ تحریک بن چکی ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

CO-OPERATIVE MULTI-PURPOSE SOCIETIES

*599. **Mian Abdul Haq:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state:—

(*a*) the number of co-operative multi-purpose societies in the Province;

(*b*) the places where they are in existence;

(*c*) the nature of their activities;

(*d*) the amount of funds at the disposal of each;

(*e*) the number of those under liquidation since 1949 and the reasons for their being so liquidated;

(*f*) the number of ginning or other factories allotted to those societies since 1947;

(*g*) the number of members of each society which has been allotted on or more factories;

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi: (*a*) 159.

(*b*) They exist in all the districts of the Province.

(*c*) These societies are generally the creation of the Post Partition period, started mainly with the object of working abandoned mills and conducting other commercial business such as provision of cloth and rationed goods to their members. The main object of the societies is to popularise the produce of their members, make provision of educational assistance and encourage the spirit and practice of thrift mutual help and self help among them.

(*d*) The funds districtwise are as below:—

Serial No.	*Name of district*	*Amount of Fund*
		Rs.
1	Lahore	4,39,495
2	Sialkot	2,77,777
3	Gujranwala	5,52,528
4	Sheikhupura	25,33,304
5	Gujrat	1,71,798
6	Shahpur	9,34,188
7	Jhelum	4,27,941
8	Rawalpindi	7,12,875
9	Attock	1,26,361
10	Mianwali	77,603
11	Multan	9,43,528
12	Montgomery	5,70,579
13	Lyallpur	10,61,698
14	Jhang	3,36,729
15	Muzaffargarh	79,153
16	Dera Ghazi Khan	1,79,119

(*e*) The number in Liquidation since 1949 is as under :—

1949	*1950*	*1951*	*Total*
2	5	13	20

The reason for their liquidation is the withdrawal of plants worked by the societies and lack of interest on the part of members. In some cases the reason was inefficiency in new fields of activity.

Rice Husking	Cotton Ginning	Roller Flour Mills	Ice Plants	Oil Expeller	Flour Grinding
35	18	3	2	39	16

Total 113

(*g*) Membership of these societies districtwise is as below :—

1.	Lahore	733
2.	Sialkot.	596
3.	Gujranwala	888
4.	Sheikhupura	477
5.	Gujrat	898
6.	Shahpur	826
7.	Jhelum	2,152
8.	Rawalpindi	3,728
9.	Attock	310
10.	Mianwali	255
11.	Multan	557
12.	Montgomery	1,186
13.	Lyallpur	1,736
14.	Jhang	262
15.	Muzaffargarh	147
16.	Dera Ghazi Khan	646

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

Mr. Speaker : The question hour is over. The House will now resume discussion on the Budget.

ملک فیض حسین—(سیالکوٹ۔مسلم) اس سے پیشتر کہ میں اپنی تقریر شروع کروں دیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ تقریر کے لئے کتنا وقت دیا جائیگا۔

صاحب سپیکر—۵ منٹ۔

ملک فیض حسین — جناب والا آج تین دن سے بجٹ پر بحث شروع ہے اور ہر ممبر اپنے خیال کے مطابق اس پر

جو چاہے تنقید کر سکتا ہے مگر کیا ہی اچھا ہوتا کہ بحث کرتے وقت اگر اس بات کا خیال کر لیا جاتا کہ اس پر ہم جو تنقید کرنے لگے ہیں وہ اس کو سنوارنے اور اس کی غلطیاں نکالنے کے لئے کر رہے ہیں۔ اگر ایسا کیا جاتا تو اس سے صوبہ کی بہبودی ہوسکتی تھی۔لیکن جب سے میں نے یہ سنا کہ وزیر اعلیٰ نے یہ بجٹ وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے نہیں بلکہ مسلم لیگ کے صدر کی حیثیت سے پیش کیا اس وقت سے میں حیران ہوں۔ یہ فقرہ سن کر مجھے بہت ہی تعجب ہوا۔ اور میں بہت حیران ہوا۔ کیوں؟ اس لئے کہ اگر ان کے خیال کے مطابق وزیر اعلیٰ ہی نے یہ بجٹ وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے نہیں پیش کیا تو چاہئے تھا کہ اس پر حزب مخالف کی طرف سے جو اعتراض ہوتا وہ حزب مخالف کی حیثیت سے ہوتا نہ کہ لیگی بھگوڑے کی حیثیت سے۔ اس پر اعتراض کرتے وقت بھی ان کو سوچ لینا چاہئے تھا (قطع کلامیاں) میں کہتا ہوں کہ ہم تو اصول پرست ہیں اور اس وزارت پر ناز کر سکتے ہیں کیونکہ یہ وہ وزارت ہے کہ جس کی پشت پر مسلم جماعت ہے اور جب ہم یہ دیکھیں گے کہ یہ وزارت غلط طریق پر کام کر رہی ہے اور ہمارے لئے موزوں نہیں ہے تو ہم اس کی جگہ دوسری وزارت قائم کر سکتے ہیں۔ یہ تمہارے بس کی بات نہیں یہ ہمارے بس میں ہے ہم اسے بدل کر رکھ دینگے (خوب خوب) اللھم زد فزد۔ ہم تو اصول کی پرستش کرنے والے ہیں اور کسی انسان کی پرستش نہیں کرتے۔ (قطع کلامیاں)۔

Mr. Speaker : The honourable member need not take notice of any interruptions.

ملک فیض حسین—اصولی طور پر تو یہ وزارت لیگ ہی کی رہے گی اور دنیا میں کوئی طاقت نہیں جو اس کو نیچا دکھا سکے۔یہ قائم رہے گی۔ اصولی لحاظ سے یہ مسلم لیگ کی وزارت ہوگی وزیر اعلیٰ خواہ زید بکر یا عمر ہو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ مگر خدا تعالےٰ کے فضل سے یہ ہوگی لیگ کی وزارت۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The honourable member is preaching about the Muslim League, which has got nothing to do with the general discussion of the Budget.

Mr. Speaker : That is no point of order.

ملک فیض حسین—میرا وقت بلا وجہ پوائنٹس آف آرڈر پیش کرکے ضائع کیا جا رہا ہے۔ یہ وقت میرے وقت میں شمار نہ کیا جائے جناب والا ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہم تو اصول کی پرستش کرتے ہیں

کسی شخصیت کی نہیں کرتے۔ ان تمام چیزوں کے جواب میں جو میرے دوستوں نے کہی ہیں یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم اصول پرستی کی خاطر ایسا نہیں کر رہے بلکہ کسی کی نظر عقیدت کے طور پر کر رہے ہیں تو لعنت اللہ علی الکاذبین ۔ ہم تو مسلم لیگ کی زندگی چاہتے ہیں اور اس کا بول بالا چاہتے ہیں۔ بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ وہ جو بہادر ہوتے ہیں وہ جو خوددار ہوتے ہیں۔ وہ جو غیور ہوا کرتے ہیں وہ ذاتی پرستش نہیں کرتے بلکہ وہ اصول پرست ہوتے ہیں۔ اسلام کی مثال آپ کے سامنے ہے۔مسلمان جو خود دار غیور اور بہادر تھے انہوں نے تپتے ہوئے صحراؤں میں اپنے بچوں کو قتل ہوتے ہوئے دیکھا ۔اپنی بیٹیوں کو قتل ہوتے ہوئے دیکھا لیکن چشم زدن کے لئے بھی ان کے دل میں کبھی یہ خیال نہ آیا کہ وہ اپنا نام بدل کر کچھ اور رکھ لیں۔ (مولانا عبدالستار خاں نیازی۔اسلام پر رحم کرو) ان باتوں کے بعد میں بھی اس بجٹ پر اپنی تنقید شروع کرتا ہوں اور اس ہاؤس کے سامنے عرض کرتا ہوں کہ اس بجٹ کے بناتے وقت اور صوبے کے تمام علاقوں کے حقوق کا تحفظ کرتے وقت چاہئے تھا کہ بارڈر کے حقوق کا خیال رکھا جائے اور وہاں پر بسنے والے جو لوگ ہیں ان کے حقوق کا بھی تحفظ ہو۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ جب یہ بجٹ بننے لگا تھا تو اس وقت سب سے پہلے بارڈر کے علاقوں کا خیال رکھنا چاہئے تھا اور پھر باقی علاقوں کی باری آنی چاہئے تھی لیکن وہاں تو کبھی کسی نے جا کر ہی نہیں دیکھا کہ ان لوگوں کی کیا ضروریات ہیں میں مؤدبانہ درخواست کرتا ہوں کہ بارڈر کے لوگوں کے حقوق کا تحفظ اور زیادہ خیال رکھنا چاہئے۔مثال کے طور پر اس ہاؤس میں دیکھ لیجئے۔ یہاں بھی اس بات کا خیال رکھا گیا ہے۔ اس ایوان کا بھی بارڈر ہے۔ وہاں پر وزارت کو بٹھایا گیا ہے۔ اس طرح دیگر مقتدر حضرات کو بھی آگے بٹھایا گیا ہے۔ حزب مخالف کے لیڈر کو بھی آگے بٹھایا گیا ہے اور وہاں تک پہنچنے کے لئے قالین بچھائے جاتے ہیں تا کہ یہ بارڈر پر آرام سے پہنچیں اور کہیں ان کو چوٹ نہ لگے۔(شور اور قطع کلامیاں)۔

میں ایک لفظ سن کر حیران ہوا۔ انہوں نے تو بس سوال کا جواب دینا ہے۔ خواہ وہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں۔ مرد میدان جو ہوتے ہیں انکا بارڈر آگے ہی ہوتا ہے۔ (تالیاں) جناب والا خدا کرے انہیں کبھی بارڈر پر جا کر وہاں کے لوگوں کی حالت دیکھنا نصیب ہو۔ کراچی سے چل کر سیالکوٹ راولپنڈی یا گجرات پہنچنا اتنا مشکل نہیں جتنا اس سے آگے بارڈر تک پہنچنا مشکل ہے۔

وھاں سے آگے جانے کے لئے از سر نو مصیبت کرنی پڑتی ھے اور پہلے سفر سے زیادہ قیمت ادا کرنی پڑتی ھے۔(ایک آواز۔ خصوصاً جب جسامت زیادہ ھو تو اور بھی زیادہ قیمت ادا کرنی پڑتی ھے۔) (قہقہے)۔ اب جگر تھام کے سن لو میری باری آئی۔ کل قلیل فتنہ۔ (قہقہہ) جناب والا اگر وھاں کی سڑکوں کی حالت دیکھی جائے تو وہ ناگفتہ بہ ھے۔ سکولوں کی یہ حالت ھے کہ اگر سکول موجود ھیں تو انکی چھتیں ندارد ھیں۔ اور ھسپتال تو وھاں ھیں ھی نہیں۔ اگر کوئی ھیں بھی تو انکے لئے عمارتیں مفقود ھیں اور ڈاکٹر نہیں ملتے۔ سیالکوٹ کے ضلع میں ۳۹ ھسپتال ھیں جن میں صرف نو ڈاکٹر ھیں ۔ (ایک آواز۔ اور لیڈی ڈاکٹر کتنی ھیں) وھاں لیڈی ڈاکٹروں کی ضرورت نہیں۔ (قہقہہ) ایک ھسپتال کا ملاحظہ کرنے کے بعد ڈائرکٹر صاحب نے یہ نوٹ دیا ھے کہ وہ ھسپتال نہیں بلکہ اصطبل ھے۔ اور اسکی حالت ناگفتہ بہ ھے۔ وہ کہ دیتے ھیں بددیانتی پرانی چلی آتی ھے۔وہ ھے۔یہ ھے ۔ اور یہ پرانا دستور چلا آ رھا ھے۔ مگر معاف رکھنا اسکا عشر عشیر بھی اثر نہیں ھوتا۔ اگر پہلے بددیانتی کو دور کرنے کیطرف توجہ نہیں دی گئی تھی تو اب ضرور اسطرف توجہ دینی چاھئے۔

ایک اور چیز عرض کئے دیتا ھوں۔ اور وہ یہ کہ کسی نیک چیز پر تنقید کرنا اصولاً غلط ھے۔ کسی نیک چیز کا ساتھ دینا چاھئے۔ ھر نیک کام میں حکومت کا ساتھ دینا حزب مخالف کا فرض ھے۔اور جناب والا میں یہ بھی عرض کر دوں کہ جب تک ھر نیک کام میں حزب مخالف حزب موافق نہ بنے گی۔ اور ھر برے کام میں حزب موافق حزب مخالف نہ ھوگی اس وقت تک ھماری حالت بہتر نہ ھو سکیگی۔ (تالیاں)۔

میاں عبدالباری۔(لائلپور نمبر ۷ مسلم)—جناب صدر قلت وقت کی وجہ سے میں بغیر کسی تمہید کے اپنی تقریر شروع کرتا ھوں اور وزیر خزانہ کی بجٹ تقریر پر اپنا تبصرہ تقریر کے اختتام پر یا کل پر اٹھا رکھتا ھوں۔

Chaudhari Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. The speaker on the opposite side has not congratulated the Honourable Chief Minister.

Mr. Speaker : It is no point of order. The honourable member must not waste the time of the House by raising frivolous points.

میاں عبدالباری— جناب والا میں سب سے پہلے دفاعی محکموں کو لیتا ھوں۔ اور انکے بارے میں جو بجٹ تجاویز پیش کی گئی

ھیں انکا تجزیہ جناب کی وساطت سے ھاؤس کے سامنے پیش کرتا ھوں۔ اسکی وجہ یہ ھے کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے اور بہت سے دیگر مقررین نے بھی اپنی اس چیز کو بہت سراھا ھے۔ ۱۹۵۱-۵۲ء کے بجٹ میں جو کہ ایک گورنری بجٹ تھا اور اس ھاؤس کے اکٹھا ھونے سے پہلے تیار کیا گیا تھا رفاھی محکموں کیلئے ۷ کروڑ ۶۲ لاکھ اور ۹۱ ھزار کی رقم مخصوص کی گئی تھی۔ سائنٹفک۔ کام۔تعلیم۔ ھیلتھ۔ زراعت۔ وٹرنری۔ کواپریشن۔ اور انڈسٹری۔یہ وہ رفاھی محکمے ھیں جن کے متعلق وزیر اعلیٰ صاحب نے اور ان کے بعد بہت سے مقررین نے بے حد خود ستائی سے کام لیا ھے۔ اور میری محترم بہن جہاں آرا شاھنواز صاحب نے تو یہاں تک فرما دیا ھے کہ یہ ایک معجزہ ھے۔ حالانکہ معجزوں کو صرف پیغمبروں سے منسوب کرنا چاھئے۔ اب میں جناب والا اس معجزہ کی حقیقت فاش کرتا ھوں۔ اس سال میں جو حاتم کی قبر پر لات ماری گئی ھے تو ان رفاھی محکموں کیلئے ۷ کروڑ ۲۶ لاکھ اور ۷۳ ھزار کی رقم رکھی گئی ھے۔ اسکے معنی یہ ھیں کہ گورنر کے رفاھی محکموں کے بجٹوں سے اس سال ۳۶ لاکھ ۱۷ ھزار روپے کم رکھے گئے ھیں۔ ھیلتھ میڈیکل اور پبلک ھیلتھ ان تینوں محکموں کو اکٹھا کر دیا گیا ھے۔اور اس میں پچھلے سال کی نسبت ۳۹,۱۸۰ روپے کم ھیں۔ زراعت میں پچھلے سال کے گورنری بجٹ سے اس سال ۲ لاکھ ۸۱ ھزار روپے کم ھیں۔ زراعت میں اس سال گورنری بجٹ سے ۷ لاکھ ۴ ھزار روپے کم ھیں۔ یہ کمی اور کچھ اور روپے تھوڑے سے تعلیم میں ڈال کر وہ چیز کی گئی ھے جسکا نام کوئی معجزہ رکھتا ھے اور کوئی کہتا ھے کہ ھم نے اتنا بڑا کمال کر دیا جو پہلے کبھی کسی نے نہیں کیا۔ اور حقیقت یہ ھے کہ آپ حضرات نے وہ بھان متی کا تماشا تو دیکھا ھو گا ۔ پیالے کی چیز ٹھوٹھے میں اور ٹھوٹھے کی پیالے میں اور گولیاں اتنی کی اتنی۔ وھی ھاتھ کی صفائی اس بجٹ کی تعریف ھے۔

اب میں دوسرے محکموں کی طرف آتا ھوں۔ دوسرے محکموں کے اس بجٹ کے متعلق خود مسلم لیگ پارٹی کے تقریر کرنے والوں نے اس قدر سخت اور توھین آمیز الفاظ برتے ھیں کہ اب صرف معقول دلائل سے اسکی وضاحت کر دینا ھی کافی ھوگا۔ کیونکہ حقیقت تو پہلے ھی واضح ھو چکی ھے ۔ میری بہن نے ایک طرف تو اس بجٹ کو معجزہ کہا اور دوسری طرف اسے دقیانوسی قرار دیا۔ میرے ایک اور دوست نے جو سامنے بیٹھے ھوئے ھیں اشارہ فرمایا کہ یہ بجٹ انگریز کی بنیادوں پر بنایا گیا ھے۔

اکبر نے ان بنیادوں کو شروع کیا اور انگریز نے ان کو مضبوط کیا اور انہی بنیادوں پر یہ بجٹ تیار کیا گیا ہے ۔ میرے ایک محترم مسلم لیگی آنریبل دوست نے یہ کہا کہ یہ ایک گلدستہ ادب ہے لیکن بے انصافیوں کا پلندا ہے ۔ لیکن میں یہ دلیل سے ثابت کرنا چاہتا ہوں اور حتی‌الوسع کوشش کروں گا کہ اس تھوڑے سے وقت میں یہ بیان کروں کہ یہ میزانیہ جس کے متعلق اس ایوان کے متقدر لیڈروں نے یہ فرمایا ہے کہ یہ میزانیہ مسلم لیگ کے وعدوں کو پورا کرتا ہے ۔ چہ جائے کہ یہ مسلم لیگ کے کسی وعدہ کو پورا کرے یہ انگریز کے اصولوں کو ضرور حرف بحرف پورا کرتا ہے اور اس کا ڈھانچہ وہی ڈھانچہ ہے جو انگریز کے بجٹوں کا ہوا کرتا تھا ۔ اس میں بھی وہی نقائص ہیں جو انگریز کے بجٹ میں ہوا کرتے تھے ۔ میں یہ عرض کردوں کہ انگریز کے بجٹ کا مقصد کیا ہوتا تھا اور مسلم لیگ کا وعدہ کیا تھا ۔ انگریز کے وقت میں جناب صدر جو بجٹ بنا کرتے تھے ان‌کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ وہ افسران جو ولائت سے آئیں اور جو کہ انگریز ہوں ان کو اتنی بڑی تنخواہیں دی جائیں کہ وہ مالا مال ہو جائیں اور انگلستان کو بھی مالا مال کر دیں اور اس کے برعکس جن عہدوں پر دیسی افسر مقرر ہوں ان کی تنخواہیں اس قدر قلیل رکھی جائیں کہ وہ بددیانتی کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ اگر وہ بد دیانتی کریں گے تو وہ خود اپنے اخلاق بگاڑ لیں گے اور اپنے ملک کے لوگوں کا اخلاق بگاڑ لیں گے ۔ انگریز کی پالیسی پہلے ہی سے یہ تھی کہ اس کی قوم کا فائدہ ہو ۔ لیکن ہماری مسلم لیگی حکومت نے یہ نہ کیا کہ وہ تنخواہوں کا توازن ہی قائم کرتی ۔ جہاں تک میزانیہ کا تعلق ہے اس کے متعلق میں کل تفصیلاً عرض کروں گا — آج جنرل پالیسی سے متعلق بہت سے محکموں کا ذکر کرنا ہے —

سب سے پہلے میں رفاعی محکموں کے متعلق کچھ عرض کروں گا جناب والا — انگریز کی ایک پالیسی یہ بھی تھی کہ یہ رفاعی محکمے ملک میں موجود بھی رہیں لیکن ایسی ذلیل حالت میں رہیں کہ محکوم قوم ان سے قطعی کوئی فائدہ نہ اٹھا سکے ۔ جس سے اس محکوم قوم کا معیار اخلاق ومیعاردیانت کبھی بلند نہ ہوسکے۔ انگریز نے ہر ایک‌ڈیپارٹمنٹ‌کا ایک ڈھانچہ بنایا تھا اور اس ڈھانچہ میں سے جو چیز نکلتی تھی وہ اس اصول کے مطابق نکلتی تھی — یہی اصول جناب صدر تعلیم کے متعلق تھا — ان کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستان میں جو تعلیم دی جائے

اس سے صرف کلرک پیدا ہو سکیں — حفظان صحت کا مقصد یہ تھا کہ ڈاکٹر یہاں بن جائیں لیکن وہ ٹرینڈ ہوں ولایت کے system of medicine سے تاکہ دوائیاں ولایت سے آئیں اور یہاں نہ بن سکیں — انڈسٹری کا مقصد یہ تھا کہ ولایت کی چیزیں یہاں آئیں اور مہنگے داموں بکیں ۔ اور انہی اصولوں کے تحت یہ بجٹ تیار کیا گیا ہے ۔ تعمیر ملت کا ہرگز خیال نہیں رکھا گیا ۔ سب سے پہلے جناب والا لیجسلیچر کو لیجئیے — ہم اپنے گھر سے ہی شروع کریں ۔ لیجسلیچر پر جو خرچ ہے ۔ میرے محترم لیڈر آف دی ہاؤس نے معلوم ہوتا ہے اس طرف توجہ نہیں کی ۔ لیجسلیچر کے اوپر جناب صدر گیارہ لاکھ بتیس ہزار روپیہ تنخواہوں کی صورت میں خرچ ہوتا ہے ۔ میں جناب کی وساطت سے آج ان لوگوں کو خطاب کر رہا ہوں جن کو گومینے چھوڑ دیا ہے لیکن ان لوگوں کا احترام میرے دل میں ہے ۔ میں نے ان کے ساتھ کئی سال کام کیا ہوا ہے — ان میں سے کئی ایسے ہیں جن کے متعلق میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ نیک نیت ہیں اور میں مسلم لیگ کے نام پر ان سے اپیل کرتا ہوں کہ ہم کس چیز کا ۳۰۰ روپیہ ماہوار لیتے ہیں — کیا اسی چیز کا کہ ہم پندرہ پندرہ دن یہاں رہیں پھر گھر چلے جائیں اور تین سو روپیہ ماہوار پاکستان کے خزانے سے لیتے رہیں اور اس کا میزانیہ ہو گیارہ لاکھ بتیس ہزار روپیہ — ان لوگوں کا حال دیکھیں جن کی عورتوں کے بدن پر کپڑا نہیں ۔ کھانے کو پیٹ بھر کے روٹی میسر نہیں اور وزراء وہ تنخواہیں لیں جو انگریز نے اپنے طاغوتی نظام میں مقرر کی تھیں جو ۳۶ لاکھ ۶۰ ہزار روپیہ بنتی ہیں — کیا خدا دیکھتا نہیں ہے — پہلے اصلاح اپنے گھر سے کرنی چاہئے — مجھے افسوس ہے کہ میں وضاحت نہیں کر سکتا اور وقت کی قلت کی وجہ سے صرف اشارے کرتا جاؤں گا —

اس کے بعد پولیس کا محکمہ ہے ۔ پولیس پر ۳،۳۲،۲۵،۳۰۰ روپیہ کا خرچ ہے میں آج یہ کہنے کے لئے کھڑا نہیں ہوا کہ یہ خرچ زیادہ ہے — میں آج یہ عرض کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں کہ پولیس پر جو یہ خرچ ہے — اس میں کوئی تناسب تنخواہوں کا مقرر نہیں کیا گیا — اب بھی وہی تناسب ہے جو انگریز کے وقت میں تھا — یعنی جس عہدہ پر انگریز ہوتا تھا اس کی تنخواہ بہت زیادہ اور جس پر دیسی ہوتا تھا (سب انسپکٹر پولیس سے لے کر کانسٹیبل تک) اس کی بہت کم — اور اب بھی وہی چیز موجود ہے اس کا یہ مقصد تھا کہ

چھوٹے ملازم بد دیانتی کریں — سکاٹ‌لینڈ یارڈ کی پولیس انہوں نے ایک بہترین پولیس بنائی تھی لیکن متحدہ ہندوستان کی پولیس ایک بد ترین پولیس بنائی گئی تھی — اس لئے کہ یہاں کے لوگوں کے اخلاق بھی خراب ہوں — کاش کہ پولیس کے محکمہ میں اصلاح کرنے کی آپ میں استطاعت ہوتی — آپ نے کوئی پولیس ٹریننگ سکول نہیں بنایا — کاش کہ آپ کوئی ایسا ٹریننگ سکول بنا دیتے یہاں آپ سکاٹ‌لینڈ یارڈ جیسی پولیس پیدا کرتے — صرف ایک پولیس ٹریننگ سکول پھلور میں تھا - یہاں بداخلاق استاد رکھ کر ان کا اخلاق خراب کیا جاتا تھا ان کو یہ سکھایا جاتا تھا کہ گریجوئیٹس کو اور پڑھے لکھے شریف انسان کو جوتے مارو اور گالیاں دو اور ان کو تھانے بلا کر ''بس لمیاں پا لو،، اور شریف آدمی کی بے عزتی کرو -

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب والا — اس کے بعد انڈسٹریز کو لیجئے —.....

مولانا داود غزنوی (لاہور نمبر ۵ مسلم مخصوص نشست) —

جناب والا — آج تیسرا دن ہے کہ زیر بحث بجٹ پر غور ہو رہا ہے اور اس کے حسن و قبح پر بحث ہو رہی ہے — بعض حضرات نے اس بجٹ کو معجزے سے تعمیر کیا ہے — بعض حضرات نے اسے یہاں متی کے پٹارے - سے تعبیر کیا ہے — اس قدر تفاوت کہ اللہ اکبر —

(ایک آواز — آپ کوئی درمیانی راستہ ڈھونڈھ لیں) —

بہر حال میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو بجٹ کو دیکھ کر یا قائد ایوان کی تقریر کو سن کر یہ کہیں -

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا
میںنے یہ جانا گویا یہ بھی سمجھے لئے ہے

یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ جزوی طور پر کئی باتیں اس میں ایسی ہیں کہ وہ مبارک باد کی مستحق ہیں لیکن میں اس دن وزیر خزانہ صاحب کو مبارک باد دوں گا جب ان کا بجٹ اسلامی اصولوں کے مطابق ہوگا جس میں ہر پنجابی کے لئے خوراک، لباس، مکان اور ضروری تعلیم اور حفظان صحت کا بندوبست ہوگا — جس دن وزیر خزانہ صاحب اس قسم کا بجٹ پیش کریں گے میں سب سے پہلے ان کو مبارک باد پیش کروں گا —

میں اس دن وزیر خزانہ کو بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد عرض کروں گا ۔ جب کہ وہ اسلام کے اس اصول پر مبنی ہو تو خذ من اغنیاء ھم و ترد علی فقرالیھم (حدیث) یعنی محاصل دولتمندی سے حاصل کئے جائیں اور غریبوں پرخرچ کئے جائیں ۔

افسوس کہ موجودہ بجٹ اس اصول پر پورا نہیں اترتا—اسمیں اس قسم کے Taxes ہیں جن کا بوجھ غریب، زمیندار ، غریب مزارع اور غریب شہری پر ہے — ان کے بوجھ کو ھلکا کرنے کی کوشش نہیں کی گئی —

جناب والا — میں اس بجٹ کے چند ایک پہلوؤں پر روشنی ڈالنا چاھتا ہوں — وقت کی تنگی اس کی اجازت نہیں دیتی کہ زیادہ تفصیل سے کچھ کہا جائے ۔ اس بجٹ کے حجم کو دیکھئے ۔ اس کے پھیلاؤ کو دیکھئے ۔ اور اس پر اظہار خیال کے لئے پندرہ منٹ تو دیکھئے ۔ بہر حال مجھے اس بجٹ کی صوری اور معنوی پہلوؤں پر کچھ عرض کرنا ھے ۔ صوری پہلو سے میری مراد ھے کہ یہ بجٹ انگریزی زبان میں پیش کیا گیا ھے ۔ میں اسے اپنے قومی وقار اپنی آزادی اور خودداری کے خلاف سمجھتا ہوں ۔ یہ غلامانہ زندگی کا مظاھرہ ھے اور میری گردن شرم سے جھک جاتی ھے جب میں ان حضرات کی طرف سے جو مسلم لیگ کے قائد اور نمائندہ ہیں جو مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت کہلاتی ھے ۔ جنہوں نے دنیا کو ڈنکے کی چوٹ کہا کہ اردو ھماری قومی زبان ھے اور ھم اس زبان کو زندہ رکھنے اور اس کو کامیاب بنانے کی کوشش کریں گے لیکن جب عمل کا وقت آتا ھے تو انگریزی ۔ انگریزی اور انگریزی ۔ کاش کہ ھم این ۔ ڈبلیو ۔ آر کے اس کرایہ نامہ (آوازیں این ۔ ڈبلیو ۔ آر اردو لفظ نہیں)

اس محکمہ کا نام ابھی تک اردو میں نہیں رکھا گیا ۔ (قطع کلامیاں)

صاحب سپیکر — آرڈر ۔ آرڈر ۔

مولانا داود غزنوی — جناب والا — اس محکمہ والوں نے کرایہ نامہ نظام اوقات اور قواعد اردو میں شائع کئے ھیں ۔ میں انہیں مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے قومی زبان میں کرایہ نامہ شائع کر کے اپنی قومی زبان کا احترام کیا ۔ نظام اوقات شائع کر کے ملت کی قومی زبان کی خدمت سرانجام دی ھے ۔ کاش کہ ھماری

وزارت ان کی تقلید کرتی - ان کی تقلید نہیں بلکہ اپنے منشور کے مطابق بجٹ کو اردو میں پیش کرتی - تو میں ان کو مبارک باد دیتا - لیکن افسوس کہ میں اس لحاظ سے ان کو مبارک باد نہیں دے سکتا - اگر اتنی ہی بات ہوتی تو شاید میں نظر انداز کر دیتا لیکن افسوس ناک صورت حال یہ ہے کہ ہماری صوبائی حکومت ہماری مرکزی حکومت تمام کے تمام اس جرم کے مرتکب ہیں - اور اس غلطی میں مبتلا ہیں کہ اردو کی جو اہمیت ہونی چاہئے تھی انہوں نے اسے وہ اہمیت نہیں دی - اور اس کی ترقی کی جو کوششیں ہونی چاہئیں تھیں وہ نہیں کی - آج بابائے اردو مولوی عبدالحق اپنی انجمن ترقی اردو کا دفتر بند کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں — انہوں نے پچھلے مہینے کی تنخواہیں ملازمین کو اپنی جیب سے ادا کی ہیں - کس قدر افسوس کا مقام ہے - کہ بھارت کی حکومت جس کے متعلق ہمارا یہ یقین ہے کہ اس نے اردو کے ساتھ معاندا نہ رویہ اختیار کر رکھا ہے - اس نے انجمن ترقی اردو جو ہندوستان میں ہے کی جو امداد کی وہ ۴۰ ہزار روپے سالانہ ہے - لیکن بابائے اردو نے اپنے بیان میں کہا کہ حکومت پاکستان نے اس سال مجھے ایک حبہ بھی نہیں دیا اور اس بجٹ میں آپ دیکھئے کہ بجٹ ۱۹۵۰—۵۱ء میں تین لاکھ روپے ترقی اردو فنڈ کے نام سے منظور ہوئے لیکن ترقی اردو کے لئے صرف ۲۲ ہزار روپے خرچ ہوئے — اور دو لاکھ ۷۸ ہزار روپے بچت ہوئی - ذرا ملاحظہ فرمائیے - پھر اس کے بعد ۱۹۵۱—۵۲ء بجٹ میں وہی ۲ لاکھ ۷۸ ہزار بچت والی رقم جمع دکھائی - اور اس میں خرچ ۹۰ ہزار دکھایا گیا - اب ۱۹۵۲—۵۳ء کا بجٹ آپ کے سامنے ہے - اس میں ایک لاکھ ۸۸ ہزار روپے کی رقم دکھائی گئی ہے - اور خرچ کا اندازہ ۱ لاکھ ۴۵ ہزار روپے دکھایا گیا ہے - اور پھر بچت ۴۳ ہزار روپے کی دکھائی گئی ہے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ ترقی اردو فنڈ کا عنوان دے کر آپ نے اردو کی کیا خدمت کی ہے اور اس قومی زبان کی ترقی اور ارتقا کے لئے کیا کیا اس کی تعلیمی و علمی لحاظ سے اسے دفتری زبان بنانے کے لحاظ سے آپ نے اس کی کیا خدمت سرانجام دی ہے - آج تو آپ اس پر قادر نہ ہوسکے کہ آپ اردو کو اپنے دفتروں کی زبان بنائیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں - کہ جب حالت یہ ہے تو ہم کیونکر یہ تصور کرسکتے ہیں کہ ہم اپنی قومی زبان کے ساتھ وفاداری کر رہے ہیں - اگر سمع عالی پہ گران نہ گزرے تو میں یہ عرض کروں کہ وہی پرانی رقم جو بچی چلی آتی ہے اس

کے لئے کافی سمجھی گئی ہے ۔ انصاف کا تقاضہ یہی ہے قومی مفاد کا تقاضہ یہی ہے کہ آپ مزید رقم اس مد میں دیجئے ۔ آپ اردو اکیڈیمی قائم کیجئے ۔ آپ دفتری زبان اردو کو صحیح معنوں میں ترقی دیجئے ۔ تاکہ وہ بہتر طریق پر خدمت سر انجام دے سکے ۔

جناب والا—اردو کے ساتھ تو یہ سلوک ہے۔ لیکن افیون ۔ بھنگ اور شراب کی business کو زندہ ۔ قائم اور محفوظ رکھنے کے لئے جو رقم مہیا کی ہے ۔ مجھے اس سے انتہائی صدمہ ہوا ہے ۔ ۱۹۵۲-۵۳ء میں سات لاکھ اور بیس ہزار روپے افیون کی خرید کے لئے رکھے گئے ہیں اور revised Budget ۱۹۵۱-۵۲ء میں چار لاکھ اور بیس ہزار روپے سے افیون کی خرید کی گئی ہے ۔ یہ روپیہ جو افیون کی خرید پر خرچ کیا گیا ہے ۔ اس کے متعلق میرے دوست فرماتے ہیں ۔ کہ یہ business ہے ۔ حالانکہ ۱۹۵۱-۵۲ کے Revised Budget میں اس کے لئے ۶ لاکھ ۲۰ ہزار compensation کے طور پر دیا گیا ہے ۔ اس کا معنی یہ ہے کہ جب ہماری وزارت کو نقصان نظر آیا تو جھٹ اس مد میں چھ لاکھ اور پچاس ہزار روپیہ اس کے لئے مہیا کر دیا تا کہ افیون کی تجارت گرنے نہ پائے ۔

جناب والا—ایک طرف تو اردو کے ساتھ نامناسب سلوک روا رکھا جاتا ہے کہ ۱۹۵۰-۵۱ء میں ۳ لاکھ روپے کی جو رقم ترقی اردو فنڈ کے لئے مخصوص کی گئی تھی دو تین سال میں بھی خرچ نہیں کی جاتی اور دوسری طرف افیون کی تجارت کو زندہ اور محفوظ رکھنے کے لئے چھ لاکھ اور پچاس ہزار روپیہ نقصان پورا کرنے کے لئے دیا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ صورت کسی بجٹ کے لئے بھی قابل تعریف نہیں ہو سکتی ۔ اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میں اس بنا پر کسی وزیر خزانہ کو اس بجٹ کے متعلق مبارکباد پیش نہیں کر سکتا ۔

جناب والا—اب میں تعلیم کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں تعلیم کے موجودہ نظام میں دینی تعلیم کو مڈل تک لازمی کرنے کی جو کوشش کی گئی ہے ۔ میں اس پر وزیر تعلیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ ایک قابل قدر اقدام ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت دینی

تعلیم رائج کرنے کے سلسلہ میں علما سے مشورہ کرے تو وہ حکومت کے سامنے ایسی مفید اور کار آمد تجاویز پیش کر سکتے ہیں جن پر عملدرآمد کرنے سے حکومت بہت حد تک دینی تعلیم کے سلسلے میں اپنا فرض نہایت خوش اسلوبی سے سر انجام دے سکے گی۔

اس کے علاوہ میں حکومت کی خدمت میں یہ بھی عرض کرونگا کہ یہ جو آپ نے بیرونی ممالک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے scholarships کی جو رقم تجویز کی ہے۔ اس میں سے عربی۔ فارسی۔ دینیات اور اسلامیات کی اعلیٰ تعلیم کے لئے بھی scholarships دیئے جانیں چاہئیں۔ اس کے متعلق بجٹ میں کوئی رقم مہیا نہیں کی گئی۔ آخر کیوں اس طالبعلم کو جو پنجاب یونیورسٹی کے عربی کے ایم۔ اے کے امتحان میں اول رہتا ہے۔ scholarships دے کر قاہرہ نہ بھیجا جائے۔ تا کہ وہ جامعہ اظہر میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکے۔ اور اسی طرح جو طالب علم ایم۔ اے فارسی میں اول رہے۔ اسے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے کیوں scholarship نہ دیا جائے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ایک شخص جو دینیات میں اعلیٰ درجہ کی تعلیم حاصل کر چکا ہو۔ اسے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے scholarship نہ دیا جائے۔ اگر آپ اس مسئلہ کو مد نظر رکھ کر بجٹ تیار کرتے تو میں سمجھتا یہ ایک بڑی علمی اور دینی خدمت ہوتی۔

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III) Sir, before I offer any comments on the budget proposals I would like to draw attention to a point made by the Honourable Chief Minister in his budget speech and eulogised by Malik Qadir Bakhsh. The Honourable Chief Minister in his budget speech stated that an opportunity was given to the entire population of the Punjab to pronounce upon the adequacy and competence of their national organisation, the Muslim League. The Muslim League, Sir, does not represent the entire population of the Punjab. It certainly does not represent the minorities. It may, however, represent those who refuse the long drudgery of thought and rely on the strength of numbers, to rather than reasons, to enforce its will on the people. Let there be no illusion. The very existence of an Opposition in this House and members of other parties should make it abundantly clear that the Muslim League does not represent the entire population. Further more, the absence of representatives of the peasants and workers clearly denotes that the Muslim League is still a Limited Liability Company, and, I can assure you, Sir, that it will very soon liquidate itself.

I shall now pass on to the budget proposals. We did not have an opportunity to discuss or even debate or pass the Budget Estimates for 1951-52. That privilege, for some reason or other, was deprived to this House. But, however, there is just one point to which I would like to invite attention and that is the expenditure on Civil Defence. It is stated that a sum of rupees one crore has been spent on the purchase of A.R.P. equipment, mobile hospitals and medical facilities. I suppose, Sir, we may be told where this A. R. P. equipment is; where are the mobile hospeitals.

and what are the medcial facilities ? No doubt, the details and plans of Civil Defence should not be made public so that the enemy may know of it, but I do feel that if you are to rely on the voluntary services of the people for the implementation of Civil Defence schemes the equipment ought to be made visible to the people. All that I have seen of this equipment is some old buckets, worn-out spades and stirrup-pumps presented at parades for the edification of notables and on that we suppose you have spent rupees one crore. Now, in the 1952-53 Budget, provision has been made for rupees 40 lakhs, as this type of equipment has not been completed. I would,, therefore, request Government to ensure that if you are going to buy more equipment for Civil Defence, that is for the defence of the nation, the equipment must be A. I and not old buckets painted with red paint. Such equipment will only destory rather than help to save us.

In the budget proposals for 1952-53, I notice that out of a total figure of Rs. 23·73 crores there is an estimated expenditure, in the course of the next year, of a sum of Rs. 7·26 crores on the Beneficent Departments. I observe, that the Beneficent Departments are Education, Public Health, Agriculture, Veterinary, Co-operative and Industry. I also observe, that the expenditure on Education is Rs. 3·72 crores and the anticipated receipts are Rs. 24 lakhs. Therefore, the actual expenditure will only be Rs. 3·47 crores. The expenditure on Health is Rs. 1·40 crores and the anticipated receipts Rs. 25 lakhs. The actual expenditure will only be Rs. 1·14 crores, and so on and so forth. The total estimated expenditure will be Rs. 7·26 crores, while the total receipts will be Rs. 2·51 crores, thus bringing the actual expenditure to Rs. 4·75 crores, out of which Rs. 4 crores will be spent on establishment and contingencies and only Rs. 75 lakhs will be available for the benefit of the people. So these, Sir, are your Beneficent Departments. Of the Beneficent Departments, I feel I ought to make an exception. There has certainly been some progress in the field of Education and, as much as I am prepared to criticise, I am also prepared to ap reciate and I applaud the Education Minister for this progress. I do however think that the Department of Health has not shown any progress. The Health Department is an eye sore and a canker in the body of administration of this province. The Department of Health has been torn as under by intrigues, jealousies, party politics and mercenary ideas and, as a result, the medical aid and assistance which ought to be given to the people is not forthcoming. On the other hand, much attention is paid in this Budget to salaries and allowances, officiating allowances, drivers of cars and ambulances for the benefit of officers and, last but not the least, pay and overseas allowances in England. If you are to meet all this expenditure from Rs. 1·40 crores nothing will be left to provide medicines and comforts to the ailing people. One of the most outstanding omissions, is the little importance which has been shown to tuberculosis, which is eating into the very vitals of the people and which has been treated as a kindergarten class. A small token grant-in-aid has been given to the Gulab Devi Hospital. No doubt, the Government has a Sanatorium at Samli, which it inherited from the Red Cross, and a sum of Rs. 2 lakhs is to be spent on that institution. Much of this will go in the way of salaries, allowances and contingencies and very little will be left for treatment and medical relief. I would, therefore, request that to this particular department greater attention be paid in the next year's budget and, for this year, if there is any money available anywhere it should be collected and applied towards the eradication and treatment of tuberculosis.

Now, under the same department, I find that a large sum of money has been collected and has yet to be collected to be spent on the development of the Nishtar Medical College. Somehow or other, I do not like the idea of another Medical College. When we do not possess the technical requirements for one Medical College, I cannot see how are you going to make a success of a second Medical College. I would have liked to see a Medical School whereby we may be able to produce a sufficient number of doctors who would practise in the villages and rural areas for the relief of the poor suffering people. It is extremely difficult, obviously, to find men with high degrees and qualifications condescending to lead a rural life. Either

we should be practical politicians, or like fools try to work against human nature. It is impossible to work against human nature and you will find that this scheme of promoting the Nishtar Medical College is going to be a failure.

Regarding Refugee Rehabilitation, I am afraid, this has been a collosal blunder. A policy of borrowing from Peter to pay paul and what will be the result? I think the result is written on the horrizon. Therefore, I need not say much more on this score, except to remind the Muslim League that, "you can fool some of the people all of the time, and all of thepeople some of the time, but you cannot fool all of the people all the time".

زینت جہان بیگم (مسلم زنانہ نشست ۔ راولپنڈی شہر) جناب والا امسال صوبے کا میزانیہ خسارہ دکھاتا ہے لیکن ہم سب جانتے ہیں کہ کسی میزانیہ کی خوبی یا برائی اس امر میں مضمر نہیں ہوتی کہ آیا وہ بچت دکھاتا ہے یا کہ خسارہ ۔ بلکہ میزانیہ کی خوبی یا برائی کا انحصار تو اس بات پر ہوتا ہے کہ اس میں جو اخراجات دکھائے گئے ہیں آیا وہ جائز اور مفید ملت ہیں اور ان کا صحیح بٹاؤ یا allocation کی گئی ہے یا کہ نہیں جو ٹیکس لگائے گئے ہیں ان کی تقسیم آبادی پر منصفانہ طور پر کی گئی ہے یا کہ نہیں ۔ اخراجات کے متعلق آخری اور ضروری بات جو ہم نے دیکھنی ہے وہ یہ ہے کہ آیا میزانیہ میں دکھائے ہوئے مصارف عوام کی زیادہ سے زیادہ بہتری اور خوشحالی کے لئے برداشت کئے گئے ہیں یا نہیں ؟

جناب والا جب ہم اس کسوٹی پر میزانیہ کو پرکھتے ہیں تو ظاہر ہوتا ہے کہ یہ میزانیہ ہماری قوم کی ترقی اور صوبے کی مالی حالت کی مضبوطی کا آئینہ دار ہے ۔ اس لئے میں اس میزانیہ کو ایک بہت اچھا میزانیہ سمجھتی ہوں اور میری ناقص رائے میں موجودہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس سے بہتر میزانیہ مرتب کرنا ناممکن تھا ۔

خرچ کے بٹاؤ کو اگر آپ پہلے لیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس کام میں دانشمندی اور گہری سوچ سے کام لیا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر آپ رفاہ عام کو ہی لیجیئے ۔ ہمارے صوبہ کی کل آمدنی کا ۱/۳ حصہ رفاہ عامہ کے کاموں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے ۔ اور وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں بجا فرمایا ہے کہ حقیقی ترقی کا صحیح اندازہ سوشل کاموں میں توسیع کے امکانات سے ہی لگایا جا سکتا ہے ۔ اور اس سلسلہ میں ہماری ہمت ہماری آرزؤں سے لازماً پیچھے رہ جاتی ہے لیکن دانشمندی اور عقلمندی اسی میں ہے کہ جب ہم کسی متوازن اور مسلسل ترقی کی منصوبہ بندی کریں تو

احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھیں تا کہ ہم کسی ایسے بوجھ کو اپنے سر پر نہ لے بیٹھیں جس کو اٹھانا بعد میں مشکل ہو جائے۔

جناب والا — اس میزانیہ میں کوئی غیر منصفانہ ٹیکس مجھے تو نظر نہیں آ رہا۔ زرعی آمدنی پر جو ٹیکس تھا اس میں کمی کی گئی ہے۔ یہ میرے نزدیک ایک نہایت ہی ضروری اور مستحسن اقدام ہے۔

جناب والا— ہماری آبادی کے نوے فیصدی حصہ دیہات میں آباد ہے۔ اور اس نوے فیصدی حصہ کو ہم اکثر و بیشتر اپنے ملک کی ریڑھ کی ہڈی بتاتے ہیں۔ جناب والا اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ کیا ہم اس ریڑھ کی ہڈی کی مناسب حفاظت اور دیکھ بھال کر رہے ہیں ؟ ہماری اقتصادی۔ تعلیمی اور ثقافتی ترقی کا اندازہ ہماری دیہاتی زندگی سے ہی لگایا جا سکتا ہے۔ آپ میں سے شاید کچھ نے سنا ہو کہ مسز روز ویلٹ آج کل مشرقی ممالک کا دورہ اس غرض سے کر رہی ہیں کہ ان کی اقتصادی حالات کا اندازہ لگائیں تا کہ وہ بعد میں اس پر ایک کتاب لکھ سکیں۔ اس سلسلہ میں جب وہ لاہور آنے والی تھیں تو ان کی خواہش کے مطابق ہمارا ایک گاؤں انہیں دکھانے کیلئے تیار کیا گیا۔ اس گاؤں میں ہماری پی۔ ڈبلیو۔ ڈی محکمہ حفظان صحت اور دیگر افسران نہایت کاوش سے کام کرتے رہے۔ بعد میں اگرچہ مسز روز ویلٹ کا پروگرام تبدیل ہو گیا اور وہ یہ گاؤں تو نہ دیکھ سکیں۔ مگر میری ناقص رائے میں وہ ہمارے لئے اور اس گاؤں کی آبادی کے لئے ایک لحمئہ فکریہ مہیا کر گئی ہیں۔

جناب والا—ہمارے صوبہ میں اناج کثرت سے پیدا ہوتا ہے اور اسی وجہ سے اس کو اناج گھر کہا جاتا ہے۔ سالہا سال سے آپ جانتے ہیں کہ ہمارے دیہاتی عوام کو روٹی اچھی یا بری کسی نہ کسی طور سے میسر آتی رہی ہے۔ لیکن جس چیز کی کمی تھی وہ اطمینان قلب۔ طمانیت یا جس کو انگریزی زبان میں security کہتے ہیں۔ تھی۔ اس کے علاوہ ہمارے کسان کیلئے اسکی کمائی کا ایک معقول حصہ محفوظ نہیں تھا۔ جناب والا ! ایسی چیز کو شاعر مشرق حکیم الامت علامہ اقبال رحمتہ علیہ نے بھی محسوس کیا اور اس طرح بیان کیا ہے۔

خدا کی زمین تھی مزارعوں نے جوتی
کمائی مگر چودھری جی نے کھائی

خدا کا شکر ہے کہ ہماری پارٹی مسلم لیگ نے اس بنیادی اور نمایاں کمزوری کو بھانپ لیا اور اپنے منشور میں اس چیز کا وعدہ کر دیا کہ

وہ اس کمزوری کو رفع کریں گے ۔ آج جناب والا ! ہمارے لئے مقام صد فخر و انبساط ہے کہ ہمارا وہ وعدہ پورا کر دیا گیا ہے اس معزز ایوان نے زرعی قوانین پاس کرکے دیہات کے اقتصادی نظام کو بالکل بدل دیا ہے ۔ مزارعین کے حقوق کا تحفظ ہوگیا ہے ۔ کسان کیلئے اسکی کمائی کا ایک معقول حصہ محفوظ ہوگیا ہے ۔ جناب والا یہ ایک بہت بڑا اور مشکل کام تھا ۔ کیونکہ جہاں پر تصادم مفاد کا سوال ہو وہاں آپ بہت کم انسان ایسے دیکھیں گے جو اصولوں اور وعدوں پر قائم رہیں ۔ لیکن مسلم لیگ نے وسیع‌النظری اور حقیقت شناسی کا ثبوت دیا اور اپنے آپ کو ایک بہت بڑی ذمہ داری سے عہدہ برآ کیا ہے ۔ اسلئے میں اس مرحلہ پر اپنی پارٹی کی خدمت میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ زبان حکیم‌الامت علامہ اقبال عرض کروں گی ۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

جناب والا ! ہم نے یہ تو دکھا دیا ہے کہ ہم اپنی ریڑھ کی ہڈی کی حفاظت کرنا جانتے ہیں اور اسکی حفاظت کرسکتے ہیں اور کرنا چاہتے ہیں ۔ لیکن اسی سلسلہ میں ابھی ہم نے بہت آگے جانا ہے ۔ ابھی ہماری منزل بہت دور ہے ۔ ابھی مسلم لیگ کیلئے اور بہت سی کڑی اور زیادہ مشکل آزمائشیں باقی ہیں ۔ کیونکہ بیچارہ کسان ۔ صدیوں سے فراموش کردہ کسان، بیماری ۔ گندگی اور جہالت کی پستیوں میں کھویا ہوا کسان ابھی مسلم لیگ سے اور بہت سی امیدیں وابستہ کئے بیٹھا ہے ۔

جناب والا ! ہمارے وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ انسانی زندگی کیلئے صرف روٹی کا ہونا ہی کافی نہیں ۔ میں ان سے اتفاق کرتی ہوں ۔ ہماری دیہاتی زندگی میں بہت سی خرابیاں ہیں ۔ ہم نے ان خرابیوں کو دور کرنا ہے ۔ اور بہت جلد دور کرنا ہے ۔ یہ خرابیاں دور کرنا کوئی نا ممکن بات نہیں ہے ۔ اسکے لئے صحیح منصوبہ بندی اور عمل کی ضرورت ہے ایسی منصوبہ بندی کی ضرورت کہ جس میں دل ہو ۔ جان ہو اور جو ہمت اور جرأت کے ساتھ کیگئی ہو ۔ اور جناب والا ! مجھے یقین ہے کہ مسلم لیگ میں ایسی طاقت ہے ایسی قوت ہے ایسی جرأت ہے اور وہ اس قسم کی منصوبہ بندی کر سکتی ہے اور بہت اچھی طرح سے کر سکتی ہے ۔ جناب والا ! جب یہ پارٹی اس منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہوگی تو اس وقت ہماری زندگیوں میں ایک نہایت ہی خوش گوار

انقلاب رونما ہوگا ۔ اس وقت ہم محسوس کریں گے کہ پاکستان حاصل کرنے کا مقصد آج پورا ہوا ۔ اور یہ وہی وقت ہوگا جبکہ ہمارے عوام آزادی سے ۔ با عزت ۔ صحت مند اور انسانوں کی سی زندگی بسر کرنے کے قابل ہو جائیں گے ۔ جب ہمارے عوام کیلئے تعلیم عام ہوگی ۔ ان کو اپنے آپ کو اور اپنے مالک حقیقی کو پہچاننے کے مواقع میسر ہوں گے ۔ جناب والا ! یہ ہے پاکستان کا وہ سنہرا خواب جو انشاءاللہ مسلم لیگ پارٹی کے ہاتھوں شرمندہ تعبیر ہوگا ۔ جناب والا ! دیہاتی زندگی کو سدھارنے کا کام جتنا اہم ہے اتنا ہی وسیع بھی ہے آجکل اگر آپ دیہات میں جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ ہر گاؤں کے پاس ایک گندے پانی کا تالاب ہے جو کہ سالہا سال سے مچھر اور ملیریا پیدا کر رہا ہے ہم نے ایسے تالابوں کو گاؤں سے باہر دور لے جانا ہے ۔ ہم نے گاؤں کے گھروں کو صاف کرنا ہے ہم نے ہوا اور روشنی کا سامان مہیا کرنا ہے ۔ ہم نے گاؤں کی گلیوں کو پختہ بنانا ہے ۔ ہم نے مساجد میں صفیں بچھوانی ہیں اور ایسے تربیت یافتہ اور روشن دماغ مولوی مہیا کرنے ہیں جو کہ دیہات میں بچوں اور بوڑھوں کو دینی اور دنیاوی تعلیم سے آراستہ کر سکیں اور یہی میری رائے میں تعلیم عام کرنیکا واحد طریقہ ہے ۔ جناب والا ! آج اگر کوئی بیرونی ممالک سے ہمارے ہاں آئے اور ہماری دیہاتی زندگی کو اور اسکی برائیوں کو دیکھے تو اس میں ہمیں ندامت محسوس کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں اور ہم باہر سے آنے والے لوگوں کو یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ برائیاں صدیوں کی غلامی کا نتیجہ ہیں ۔ اور ہمیں ورثہ میں ملی ہیں ۔

لیکن اگر خدانخواستہ آج سے پانچ یا دس برس اور یہی کیفیت رہی تو پھر لازماً ہمیں شرم محسوس ہوگی ۔ میں جانتی ہوں کہ پانچ یا دس برس کا عرصہ کسی قوم کی زندگی میں ایک لمحہ کے برابر بھی نہیں ہوتا ۔ تاہم میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہماری حکومت کو ملک اور قوم کی بہبودی کے لئے مناسب منصوبہ بندی ابھی سے کرنی چاہئے ۔ اور اس بات کا ہمیں فکر ہونا چاہئے ۔

جناب والا ۔ وزیر اعلیٰ نے ہماری ثقافتی ترقی کی بابت جو کچھ فرمایا ہے صحیح فرمایا ہے اور انہوں نے اس سلسلہ میں جو قدم اٹھایا ہے وہ بالکل درست ہے لیکن میں یہ چاہتی ہوں کہ ثقافتی ترقی کے لئے ہمیں اپنی روز مرہ کی زندگی میں پہلے چھوٹی چھوٹی باتوں کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئے مثال کے طور پر اگر ہم اپنے عوام کو خواہ وہ شہری ہوں یا دیہاتی، بچے

ہوں، جوان ہوں یا بوڑھے ہوں، یہ احساس دلا سکیں کہ روز مرہ کی زندگی میں بلا وجہ اور بغیر ضرورت کسی حد تک بد کلامی اور بد زبانی کرتے ہیں اور اس احساس کے بعد اگر وہ اپنی بری عادتیں چھوڑ دیں تو یقیناً یہ ہمارا ایک بہت بڑا قدم ہوگا جو ہم ثقافتی ترقی کے راستہ میں اٹھائینگے۔ دراصل ہمیں کسی چھوٹی چیز کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کیونکہ بعض اوقات چھوٹی چھوٹی چیزوں سے بڑے بڑے نتائج نکلتے ہیں۔ اس لئے اگر ہم اپنے عوام خواہ وہ شہری ہوں یا دیہاتی کو یہ احساس دلا سکیں کہ ہمیں فضول اور نا زیبا باتوں سے اجتناب کرنا چاہئے تو یہ نہایت ہی مناسب ہوگا۔ ہماری ثقافتی ترقی کی ابتدا اس طرح بھی ہو سکتی ہے کہ ہم عوام کو احساس دلائیں کہ ہمارے گلی کوچے ہمارے خوشنما باغ ہماری خوبصورت شاہراہیں اس غرض سے نہیں بنائی گئیں کہ ان پر بلا روک ٹوک تھوکا جائے یا انہیں بطور غسلخانہ استعمال کیا جائے۔ میں جب بھی ثقافتی ترقی کا ذکر سنتی ہوں تو آنکھوں کے سامنے کئی ایک گھناؤنے منظر آجاتے ہیں جنکا درست کرنا از بس ضروری ہے۔

جناب والا! ہم اکثر سنتے ہیں اور خود بھی کہتے ہیں کہ اب زمانہ بدل چکا ہے۔ اب نیا دور آگیا ہے اور یہ نیا دور دور آزادی ہے، اب قدریں بدل چکی ہیں نعرہ بازی اور سطحی کلموں کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ لیکن جناب والا محض یہ کہنا یا سننا ہمارے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتا تا آنکہ ہم اس کا کوئی عملی ثبوت نہ پیش کریں۔

جناب والا۔ اب میں چند تجاویز وزیر اعلیٰ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتی ہوں۔ سب سے پہلے یہ بات تو ہم سب جانتے ہیں کہ ہمارا ملک غریب ہے، ہماری اقتصادیات کا دارومدار زراعت پر ہے اور ہمیں روپیہ بہت مشکل سے مہیا ہوتا ہے۔ ان حالات کے باوجود ایک گراں قدر رقم رفاہ عام کے لئے وقف کردی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں اگرچہ روپیہ تو کافی دے دیا گیا ہے مگر ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس کا مصرف صحیح ہوتا ہے یا نہیں۔ جناب والا—میرے رائے میں اخراجات کا طریقہ صحیح نہیں کیونکہ اس طرح بہت سا روپیہ ضائع ہو جاتا ہے اور عوام کو اتنا فائدہ نہیں پہنچتا۔ مثلاً اگر کسی سکول یا ہسپتال پر دس ہزار روپیہ صرف ہونا چاہئے۔ تو حکومت کے فرسودہ طریقوں کی وجہ سے بیس یا تیس ہزار ضرور صرف ہوگا۔ اس لئے میں چاہتی ہوں کہ روپیہ کے بہترین مصرف کے لئے ایک بورڈ

قائم کیا جائے۔ اگرچہ بورڈ اور کمیٹیوں کے قائم کرنے کے متعلق میں ذاتی طور پر خلاف ہوں کیونکہ بعض اوقات وہ اہم امور میں بھی روکاوٹ ڈالتے ہیں لیکن اگر ایسا بورڈ قائم ہو جائے تو مفید ثابت ہوگا ۔ یا اگر بورڈ قائم نہ ہو سکے تو جن لوگوں کے ہاتھوں روپیہ صرف ہونا ہے انہیں واضع طور پر ہدایات جاری کر دی جائیں کہ وہ فرسودہ طریقے چھوڑ دیں اور اپنے دماغ کو کام میں لائیں تاکہ بہترین نتائج پیدا ہوں ۔ میری دوسری تجویز یہ ہے کہ دیہات سدھار کے لئے بھی میزانیہ میں کوئی معقول رقم مہیا کی جانی چاہئے ۔ کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ انگریز کے زمانہ میں ایک دیہات سدھار فنڈ قائم تھا ۔ جس طریقہ سے یہ استعمال ہوتا تھا اگر اس پر غور کریں تو شائد ہمیں اس کے نام سے بھی نفرت ہو ۔ لیکن میں سمجھتی ہوں کہ اگر اس کام کو قومی رنگ میں کیا جائے تو ہمارے لئے بے حد مفید ثابت ہوگا ۔ نیز تنخواہ داروں کے علاوہ رضاکارانہ طور پر جو لوگ کام کرتے ہیں ان میں مخلص خواتین بھی ہیں جو بڑی تندھی سے کام کر رہی ہیں ۔ ان کا استعمال بھی دیہات سدھار میں کیا جائے تو دیہاتی زندگی بہت تیزی سے سدھر سکتی ہے ۔ میں چاہتی ہوں کہ ایسی خواتین و حضرات کی مناسب مدد کی جائے تاکہ ان کا شوق بڑھے اور وہ اپنے رضاکارانہ کام میں زیادہ دلچسپی لے سکیں ۔ میری تیسری تجویز سرکاری ملازمین کے متعلق ہے ۔ رشوت ستانی کے اسباب و انسداد کا جو سوال ہے اسکی بابت تو وزیر اعلیٰ خود بہت کچھ جانتے ہیں۔ میں اس سلسلہ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ services سروسز کا وہ حصہ جو اس مرض سے محفوظ ہے اسکی مناسب تحسین و ہمت افزائی کی جائے تاکہ حکومت کی بے اعتنائی و سرد مہری سے جو تندرست افسر ہیں ان پر بھی کہیں پژمردگی نہ چھا جائے ۔

وزیر مال (آنریبل چودھری محمد حسین)—جناب والا ۔ میں کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتا تھا کہ اس میزانیہ پر کچھ اظہار خیال کروں ۔ میں نے حزب الاختلاف کے معزز ارکان کی تقاریر کو نہایت غور سے سنا مگر باوجود اس احترام کے کہ جو مجھے حزب الاختلاف کے معزز ارکان کا ہے اور باوجود اس کے کہ وہ مجھ پر عنایات فرماتے ہیں میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ انہوں نے میزانیہ پر تنقید نہیں فرمائی، کوئی تبصرہ نہیں فرمایا بلکہ انہوں نے ایک رسمی نکتہ چینی فرمائی ہے۔ چنانچہ اس رسمی نکتہ چینی کے متعلق عزت مآب وزیر خزانہ موزوں وقت پر جواب دیں گے ۔

مجھے حیرت ہوئی ہے کہ آج اس معزز ایوان کی روایات کو کیوں خیر باد کہ دیا گیا ہے—یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایوان کے بعض معزز اراکین میزانیہ پر بحث کے دوران میں عیسائی مذہب کی مسلمہ تعلیم کے خلاف بددعاؤں پر اتر آئے ہیں اور حزب‌الاختلاف کے مسلم ارکان نے شیوہ اسلامی کے خلاف ان کی تائید کی ہے—ہو سکتا ہے کہ ان کے دلوں میں گذشتہ انتخابات کی شکست کی خلش ہو مگر یہ خلش کتنی ہی زیادہ اور کتنی ہی شدید کیوں نہ ہو بد دعاؤں کی تائید تو کسی صورت میں بھی مناسب نہیں ہوا کرتی —

(ہئیر—ہئیر)

پیشتر اس کے کہ میں معزز رہنمائے حزب الاختلاف کے ارشادات کی طرف توجہ کروں میں ان کے نہایت ہی ٹھوس رکن (میری مراد رانا عبدالحمید خاں سے ہے) کے متعلق کچھ گزارش کروں گا—انہوں نے میزانیہ کے متعلق جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس کا جواب دو حرفوں میں دیا جا سکتا ہے۔ ان کے نزدیک یہ میزانیہ نہیں بلکہ شعر و شاعری ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ میزانیہ عزت مآب وزیر خزانہ کے پرواز تخیل کا حاصل نہیں ہے۔ انہیں معلوم ہونا چاہئیے کہ میزانیہ صوبے کے وسائل ذرائع آمدنی اور مختلف مدات خرچ جنکی نظم و نسق اور سماجی نظام کو قائم رکھنے کے لئے ضرورت ہوتی ہے ، کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ انہوں نے ایک نہایت ہی دل خراش بات کہی ہے جو ہرگز موزوں نہیں تھی۔ میں اس کی طرف اشارہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ ہم اس معزز ایوان کی روایات اور اس معزز ایوان کے وقار کو پہلے سے زیادہ بلند کریں۔ اس نقطہ نگاہ کے ماتحت جب وہ کوئی بات کریں تو وہ ایسی ہونی چاہئیے کہ حزب بر سر اقتدار ان کے اچھے مشوروں پر چلے اور صوبہ کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی مفید قدم اٹھائے —

جناب والا : مجھے ان کے کلمات سن کر بڑا ہی صدمہ ہوا کیونکہ انہوں نے عزت مآب وزیر اعلیٰ کی ذات گرامی کے متعلق ایک نہایت ہی دلخراش بات کہی اور انہوں نے اس میں معمولی سی بھی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی کہ وہ کسی کے متعلق یہ بات کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ وزیر اعلیٰ ذہین ہیں وزیر اعلیٰ فہیم ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ وہ دانشمند ہیں مگر وہ تخریب پسند ہیں۔ جناب والا—میں اس کلمہ کو عزت مآب وزیر اعلیٰ

کی ذات پر حملہ تصور کرتا ہوں کیونکہ اس کا میزانیہ سے کوئی تعلق نہیں تھا ۔ جب انہوں نے یہ فرمایا کہ وہ تخریب پسند ہیں تو شاید ان کے خیالات ان واقعات کی طرف رجوع کر گئے جو گزشتہ انتخابات میں آن کی شکست کا باعث بنے ۔ وہ مسلم لیگ کے اس زمانے کی طرف اشارہ کر رہے تھے جب مسلم لیگ کے دو گروہوں میں کشمکش تھی اور یہ وہ زمانہ تھا جب مشیران کرام صوبائی مسلم لیگ کے صدر اور نہایت ہی قابل احترام نائب رہنمائے حزب الاختلاف کی قیادت میں اس صوبہ پر حکومت کرتے تھے اور ہمارا نظام حکومت چلاتے تھے ۔ مجھے اس کا گلہ نہیں ۔ مجھے اس کا کوئی رنج نہیں اور نہ ہی رانا صاحب کو ہونا چاہئے تھا ۔ ایک قومی ادارے میں ایک ایسی تنظیم میں جس پر صوبے کے نظم و نسق کو ہی نہیں بلکہ پاکستان کے نظم و نسق کو چلانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہو دو گروہوں میں کشمکش ہو سکتی ہے ۔ وہاں مختلف نقطہ ہائے نگاہ ہو سکتے ہیں ۔ میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ ان کا اشارہ ان حالات کی طرف تھا ، ان واقعات کی طرف تھا ۔ میں ان واقعات کی تفصیل میں نہیں پڑنا چاہتا مگر یہ گزارش کئے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ اس وقت کن حالات میں وہ کشمکش ہوئی اور ان حالات میں کشمکش ہو جانے کے بعد صوبہ پر کیا مصائب آئے ۔ کیا یہ صحیح نہیں ہوگا ۔ جناب والا! اگر میں یہ کہوں کہ اس کشمکش کے بعد اس صوبہ میں چار سو اندھیرا تھا ۔ اس صوبہ میں تنظیم کا وقار کھویا جا چکا تھا ۔ اس صوبہ میں کوئی ایسی تنظیم نہ تھی جو علی الاعلان یہ کہہ سکے کہ وہ اس صوبے کے نظم و نسق کو بطریق احسن سر انجام دے سکتی ہے ۔ ایسے حالات میں ایسے اندھیرے میں اور اس وقت جب کہ وہ قومی ادارہ جو قائداعظم مرحوم و مغفور کا ورثہ تھا ۔ وہ قومی ادارہ جس کی ترقی کے لئے معزز نائب رہنمائے حزب الاختلاف اپنی سحر خیزی میں دعائیں کیا کرتے تھے ۔ اور وہ تنظیم جس کی خاطر وہ الہآباد، لکھنؤ، دھلی اور بمبئی جانے کے لئے تیار تھے، جس کو مضبوط کرنے میں تمام معزز ارکان حزب الاختلاف اس وقت بجا طور پر سرگرم عمل تھے—انہوں نے مسلم لیگ کے لئے جو کار ہائے نمایاں کئے میرے دل میں اب بھی ان کی قدر ہے ۔ مگر جب انہوں نے دیکھا کہ وہ قومی تنظیم وہ قومی ادارہ ان کا اجارہ نہیں رہ سکتا تو وہ اس جسد قومی کا گوشت نوچنے کے لئے پر تولنے لگے یا یوں کہہ لیجئے کہ ان لوگوں نے قومی تنظیم کی نیا کو ایک بھنور میں

پھنسا دیا اور وہ کہنہ مشق سیاست دان اس بات پر اپنی مساعی کو مرکوز کر بیٹھے کہ یہ بیڑا غرق کر دیا جائے ۔ جب قومی تنظیم کی نیا اس گرداب میں گھیری جا چکی، تو اس وقت اس کھویا نے اللہ پر بھروسا کرکے استقلال کا چپو ہاتھ میں لے کر اس میں قدم رکھا اور اسے ساحل مراد تک پہنچایا۔ (تالیاں اور نعرہ ہائے تحسین) ۔

میں جناب والا کے توسط سے نائب رہنمائے حزب الاختلاف سے یہ پوچھنے کی جسارت کرتا ہوں کہ کیا یہ تخریب تھی یا خود انہیں کے مرادوں کو بر لانا تھا، انہیں کی دعاؤں کو ثرور کرنا تھا، انہیں کی تمناؤں کو لوگوں کی خواہشات کے مطابق پایۂ تکمیل تک پہنچانا تھا ؟ کیا اسے ''تخریب پسندی،، کہا جائیگا ؟

اس کے بعد مجھے حسب عادت آج پھر حزب الاختلاف کو ایک مشورہ دینا ہے ۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا اور اس امر پر زور دونگا کہ جہاں حزب الاقتدار کی ذمہ داریاں ہوتی ہیں وہاں حزب الاختلاف کی ذمہ داریاں اس سے بھی زیادہ ہوتی ہیں ۔ ایسے ملک کے نظم و نسق کو چلانے کے لئے جہاں جمہوری طرز حکومت ہی ہو حزب مخالف پر بہت ہی گران ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ۔ میں اس وقت زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا مگر یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ میں نے کیوں محسوس کیا کہ اس وقت اس معزز ایوان میں کچھ کلمات کہوں ۔ جناب والا میں نے نہایت غور سے حزب الاختلاف کے معزز ارکان کی تقاریر کو سنا لیکن جتنا بھی غور میں نے ان پر کیا میں اس نتیجہ پر ہی پہنچا کہ ان کی تقاریر سے چند نہایت خطرناک رجحانات کا انکشاف ہوتا ہے ۔ وہ رجحانات کیا ہیں ؟ انہوں نے کیا ثابت کیا ؟ اس کے متعلق میں کچھ عرض کرونگا ۔ جناب والا حزب الاختلاف نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ۔ نادانستہ طور پر کیونکہ غور و فکر کے وہ عادی نہیں ہیں ۔ کہ جمہوریت کی ضرورت ہی نہیں اور اگر جمہوری طرز حکومت ہو تو کسی سیاسی پارٹی کی ضرورت نہیں اور اگر سیاسی پارٹی ہو بھی تو یہ اس سیاسی پارٹی پر فرض عائد نہیں ہوتا کہ وہ عامتہ الناس کے سامنے کوئی پروگرام تجویز کرے اور اگر وہ عامتہ الناس کے سامنے کوئی منشور پیش کو بھی دے جس پر ان کے مسائل کا حل مبنی ہو تو بھی اس سیاسی پارٹی پر یہ لازم آتا ہے کہ وہ مسند اقتدار پر متمکن ہونے کے بعد اس منشور کو بھول جائے ۔ میرا اشارہ ان فقروں کی طرف ہے جن میں معزز رہنمائے حزب مخالف نے فرمایا ہے کہ جب معزز رہنمائے ایوان نے میزانیہ کی

تقریر پڑھی تو انہیں یہ محسوس ہوا کہ وہ وزیر خزانہ کی تقریر نہیں ۔ وہ میزانیہ سے متعلق نہیں بلکہ وہ مسلم لیگ کے صدر کا خطبہ ہے ۔ جناب والا اگر میں اس کا تجزیہ کروں تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ حزب الاختلاف یہ چاہتی ہے کہ یہاں جو میزانیہ پیش ہو اور جو کچھ بھی کیا جائے وہ کسی سیاسی پارٹی کے ان مواعید کا عکس نہ ہو جو انہوں نے لوگوں کے سامنے کئے ہوں ۔

جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بڑا خطرناک رجحان ہے ۔ معزز رہنمائے حزب الاختلاف جب یہ کہہ رہے تھے تو شاید ان کے ذہن میں گزرے ہوئے واقعات تھے ۔ انہیں چاہئے کہ وہ ان واقعات کو بھول جائیں ۔ انتخابات ہوا کرتے ہیں، ان میں پارٹیاں جیتا بھی کرتی ہیں اور شکست بھی کھاتی ہیں ۔ مگر جو پارٹی شکست کھاتی ہے اس پر کچھ زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں—اسے چاہئے کہ عامتہ الناس کے سامنے ان کے مسائل کے ایسے حل پیش کرے جو ان کے لئے زیادہ قابل قبول ہوں، ان کی فلاح میں زیادہ مدد و معاون ہوں ۔ یہی وہ طریقہ ہے جس سے حزب مخالف عامتہ الناس میں سیاسی شعور پیدا کرتی ہے ۔ عامتہ الناس کی خفتہ صلاحیتوں کو بیدار کرنا ہی زب الاختلاف کا مقصد اولین ہونا چاہئے ۔ جناب والا جب معزز رہنمائے حزب الاختلاف نے یہ فرمایا کہ یہ مسلم لیگ کے صدر کا خطبہ صدارت ہے تو وہ بھول گئے کہ اسے مسلم لیگ کے صدر کا خطبہ ہی ہونا چاہئے ۔ وہ شخص جو عامتہ الناس کے سامنے جائے، ان کے مسائل کو سمجھے، ان کا حل ان کے سامنے پیش کرے، اور انتخابات میں عوام اس پر مہر تصدیق ثبت کریں، تو پھر اگر وہ وزیر خزانہ ہوجائے اور وہ دیانتدار بھی ہو تو یقینی طور پر اس کو وزیر خزانہ کی حیثیت سے ایسا ہی خطبہ صدارت دینا ہوگا ۔ (تالیاں اور نعرہ ہائے تحسین) اس کے بر عکس اگر وہ ایسا محسوس نہ کرے تو یہ صوبہ کے عوام کی بد نصیبی ہوگی ۔

اگر حزب مخالف اس، نہج پر نہیں سوچتی تو یہ صوبہ کی اور میں سمجھوں گا کہ ہماری بھی خوش نصیبی نہیں کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ کوئی ایسی پارٹی ہو جو ہمیں اس سے بھی آگے جانے کے لئے کہے اور ہم آگے جائیں ۔ مگر یہاں تو حزب الاختلاف کا تصور اور تخیل ہی اور ہے ۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ اگر حکومت آگے جانا چاہے ۔ اگر وہ ترقی کی راہ پر گامزن ہونا چاہے تو اس کی ٹانگ کو کھینچا جائے اور اس کو اور بھی پیچھے لے جایا جائے ۔ بہر حال میں یہ

گزارش کر رہا تھا کہ ہر سیاسی پارٹی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی تنظیم کرنے کے بعد اپنے لئے ایک منشور ڈھونڈے ۔ وہ کیا ہوگا ؟ وہ لوگوں کے مسائل پر غور کرنے کے بعد ان کے حل کرنے کے لئے چند تجاویز ہونگی ۔ وہ جب ان کے سامنے پیش کیا جائے اور وہ اس کو قابل قبول سمجھیں تو آپ کو ان کا یہ حکم ہوتا ہے کہ آپ وزیر خزانہ یا وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے اپنے مواعید کے ایفا کے لئے انتہائی کوشش کریں ۔ میں ان سے مودبانہ گزارش کروں گا کہ وہ ایسے فقرات استعمال کرنے سے پہلے سوچ لیا کریں کہ ایک سیاسی پارٹی کی اغراض و مقاصد کیا ہوتی ہیں ۔

دوسرا امر جسے میں خطرناک سمجھتا ہوں یہ ہے کہ انہوں نے حزب الاختلاف کے وجود کی ضرورت کو نہیں سمجھا ۔ میں ان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ جہاں بھی جمہوری نظام ہوگا وہاں حزب الاختلاف کی ضرورت ہوگی ۔ ان پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کا صرف یہ کام نہیں کہ اوہ رسمی باتیں کریں ۔ ان کا یہ کام نہیں کہ وہ گالی گلوچ پر اترآئیں ۔ ان کا یہ کام نہیں کہ وہ ایک خاص قسم کی تسکین حاصل کرنے کے لئے بد دعائیں دینے کے لئے ہاتھ اٹھانے پر آمادہ ہو جائیں بلکہ حزب الاختلاف کے فرائض بڑے اہم ہوتے ہیں اور انہیں ان فرائض سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کرنا چاہئے ۔

تیسرا خطرناک رجحان جو میں نے محسوس کیا وہ حزب الاختلاف کے ایک نہائیت ہی ذہین رکن کی زبان سے ارشادات سن کرمحسوس کیا اورمجھ پر جو اثر ہوا وہ بیان سے باہر ہے ۔ جناب والا میری مراد چودھری محمد افضل صاحب چیمہ کی تقریر سے ہے ۔ انہوں نے میزانیہ پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ زرعی اصلاحات نے صوبے میں نئے مسائل اور نئی الجھنیں پیدا کر دی ہیں ۔ مجھے ان سے اتفاق ہے ۔ کاش انہوں نے زرعی اصلاحات کا تجزیہ کیا ہوتا ۔ آج نو مہینے سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے اور اگر ان کے پاس وقت ہے تو آج ہی ان پر غور کرلیتے ۔ یہ درست ہے کہ الجھنیں پیدا ہونگی ۔ مگر زرعی اصلاحات کیا ہیں ۔ ان میں کیا کیا گیا ہے ۔ صرف یہی کہ مزارعین کو ان کی محنت کے مطابق پیداوار میں حصہ دینے کے لئے قانون بنایا گیا ہے ۔ اس میں کونسی خرابی ہے ۔ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ زمیندار کو کوئی حق نہیں ہوگا کہ وہ مزارع سے ناجائز

محاصل وصول کرسکے ۔ کیا اس میں کوئی خرابی ہے ؟ اس کے علاوہ اس میں کہا گیا ہے کہ جو مزارعین موروثی ہوں گے وہ مالک بنا دیئے جائینگے ۔ اس میں کونسی خرابی ہے ؟ الغرض زرعی اصلاحات تو وقت کی پکار تھیں اور صوبہ میں ایک متوازن معاشی اور معاشرتی نظام قائم کرنے کےلئے ان کا نفاذ ضروری تھا ۔ میں اب بھی اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ ان کے نفاذ سے نئے مسائل اور نئی الجھنیں پیدا ہوئی ہیں مگر اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ لوگوں کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جائے ۔ (خوب ۔ خوب) ہر پارٹی کے لئے خواہ وہ حزب اقتدار ہو یا حزب اختلاف یہ لازم ہے کہ وہ ان الجھنوں کا حل ڈھونڈے اور ان مسائل پر قابو پانے کی کوشش کرے ۔ یہ نہیں کہ ہمیں جمود کی تلقین کرے اور پیچھے کی طرف لے جانے کی کوشش کرے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک خطرناک رجحان ہے ۔

میں جب بھی اس ایوان میں گفتگو کرنے کی گستاخی کرتا ہوں اس نیت اور اس تمنا کے ساتھ کرتا ہوں کہ ہم اکٹھے ملکر باہمی مشوروں سے اپنے صوبہ کی فلاح کے لئے حل ڈھونڈیں (میاں عبدالباری —اور عمل کبھی اس پر نہ کریں)اور میں یہ بھی توقع رکھتا ہوں اور جائز طور پر کہ حزب الاختلاف کا یہی نظریہ ہونا چاہئے (مسٹر ابوسعید انور —ان کا کوئی نظریہ ہی نہیں ہے) مگر میں چند الفاظ میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ہمیں کس طرف لے جانا چاہتے ہیں ۔ معزز قائد حزب الاختلاف نے پٹواریوں کی ہڑتال کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے فرمایا اور نہایت ہی معصومانہ انداز میں (وزیر اعلیٰ ۔ جو ان کا ہمیشہ ہوتا ہے) یا یوں سمجھئے کہ بلا سوچے سمجھے انہوں نے یہ فرمایا ۔ مجھے ان کا احترام ملحوظ ہے اور میں بڑے عجز و نیاز سے یہ گزارش کر رہا ہوں بڑی دیانت داری سے ان پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ان کے منصب کے خلاف ہے ۔ بہر حال انہوں نے یہ فرمایا کہ ہمیں پٹواریوں کی تنخواہ میں ایزادی کے مطالبہ کو مان لینا چاہئے اس لئے کہ آئیندہ انتخابات میں وہ ہمارے ممدومعاون ہونگے ۔ کیا یہ نظریہ کسی صحیح الدماغ انسان کا نظریہ ہو سکتا ہے ۔ میں علی الاعلان کہتا ہوں کہ میں ان کے مطالبات پر ہر وقت غور کرنے کے لئے تیار ہوں مگر اس کی بنا یہ ہوگی کہ آیا وہ معقول اور جائز ہیں یا نہیں ۔ میں ان پر یہ واضح کر دوں کہ ہمارا یہ مسلک نہیں ہے کہ ہم افسروں کو اپنے انتخابات جیتنے کے لئے استعمال کریں ۔ یہ ایسے ہتکنڈے ہیں جو کسی بھی سیاسی پارٹی کو

اختیار نہیں کرنے چاہئیں ایسے ہتکنڈوں کی تلقین اور اتنے کھلے بندوں تلقین اور اس معزز ایوان میں تلقین اور قائد حزب الاختلاف کی طرف سے تلقین میں چاہتا ہوں کہ اس کی شدید مذمت کی جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حزب الاختلاف کے فرائض سے نہ صرف کوتاہی ہے بلکہ یہ ایک مجرمانہ فعل ہے ۔ اگر ہمیں کوئی ایسی ترغیب دے تو ہم ایسی جمہوریت سوز حرکت کی شدید مذمت کرتے ہیں ۔

اس کے علاوہ حزب اقتدار کی طرف سے بھی ایک دو بزرگوں نے صحیح طور پر حکومت کی توجہ چند مسائل کی طرف منعطف کرانے کی کوشش کی ۔ ان میں سے ایک میرے معزز دوست سید مبارک علی شاہ صاحب تھے ۔ انہوں نے اس معاملہ کی اہمیت بتانے کی غرض سے چند ایک سخت الفاظ استعمال فرمائے اور انہوں نے فرمایا کہ لوئر جہلم کی نہر پر پرانی آبادی اور نئی آبادی کے آبپاشی کے حقوق میں تفاوت ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ انگریز کی چھوڑی ہوئی لعنت ہے ۔ ادب مانع ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ انگریز کے بعد یہ خود ان کی چھوڑی ہوئی لعنت ہے ۔ انہوں نے اپنے عرصہ وزارت میں اس پر کوئی غور نہیں فرمایا ۔ میں نے ان کے کہنے کے بغیر اس معاملہ کی طرف توجہ کی اور اب میں یہ کہنے کے قابل ہوں کہ ان کے تفاوت حقوق آبپاشی کو میں نہر سے تو دور نہیں کرسکتا مگر اور طریقوں مثلاً ٹیوب ویلز کے ذریعہ ان کے حقوق آبپاشی کو اتنا کردوں گا جتنا کہ ان کی تمنا ہے ۔ ایک اور خطرناک رجحان جس کی ایک معزز رکن حزب اختلاف نے اس ایوان میں تلقین کی وہ یہ تھا کہ انہوں نے شہری اور دیہاتی کی تخصیص پر زور دیا ۔ (قطع کلامیاں)
جو کچھ پہلے میں نے عرض کیا ہے وہ تو ٹھیک ہے نا ؟ (آوازیں ۔ جی ہاں)

جناب والا مجھ سے غلطی ہوئی ۔ یہ کسی اور بھائی کی طرف سے تھا ۔ مگر انہوں نے اسکا اعتراف فرمایا ہے کہ پہلی بات انکی طرف سے تھی ۔ (قہقہہ) ۔ جس بھائی نے بھی یہ فرمایا میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ شہری اور دیہاتی کی تخصیص پیدا کرنا قابل مذمت بات ہے ۔ ہم نے جب بھی کسی پر کوئی ٹیکس عائد کرنا ہے تو اس کے ذرائع آمدنی کو ملحوظ رکھتے ہوئے کرنا ہے ۔ ہم نے یہ نہیں دیکھنا کہ وہ شہری ہے یا دیہاتی ۔ ہمیں کبھی بھی اپنے ذہن میں ایسے خیالات کو جاگزیں نہیں ہونے دینا چاہئے ۔

آخر میں معزز راهنمائے حزب الاختلاف نے پٹواری حضرات کے مطالبہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نےیہ کہا ہے کہ میں کسی دباؤ میں نہیں آونگا۔ انہوں نے یہ بھی اشارا فرمایا کہ یہ وقار اور یہ اقتدار آنی جانی چیزیں ہیں ۔ میں انکی خدمت میں عرض کردوں کہ قبل اسکے کہ اقتدار مجھ سے چھن جائے مجھے پہلے ہی اس بات کا شدید احساس ہے ۔ شاید انہیں یہ احساس اقتدار چھن جانے کے بعد ہوا ہو لیکن مجھے ابھی سے یہ احساس ہے کیونکہ میں نے قران حکیم میں پڑھا ہے کہ

وکل من علیھا فان

اور میں اس پر پورا عقیدہ رکھتا ہوں ۔ جب میں نے یہ الفاظ کہے تھے عامتہالناس کے نمائندہ کی حیثیت سے کہے تھے ۔ ذاتی طور پر میں حقیر اور کمزور ہوں مگر میں یہ کبھی نہیں کرسکتا کہ کسی مطالبہ پر غور و فکر کئے بغیر اسے مان لوں ۔ پٹواری حضرات جب اپنی تنخواہوں کی ایزادی کا مطالبہ لے کر میرے پاس آئے تو میں نے انکی خدمت میں عرض کیا کہ صوبہ کی مالی حالت کو بھی نگاہ میں رکھئے ۔ انہوں نے فرمایا یہ تو ایک معمولی سی بات ہے ۔ آپ مالیہ کی شرح کو دگنا کر دیں آبیانہ کی شرح کو بڑھا دیں ۔ کیا یہ معزز اراکین اس کے لئے تیار ہیں کہ زمینداروں ۔ کاشتکاروں اور کسانوں کو جو پہلے ہی انتہائی طور پر ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور زیادہ زیر بار کیا جائے ۔ میں کبھی بھی کسی کو کوئی ایسی مراعات دینے کیلئے تیار نہیں جن کو پورا کرنے کیلئے مجھے غریب کاشتکاروں کو زیربار کرنا پڑے ۔ میں ایسی تجاویز ماننے سے قاصر ہوں ۔ ہاں میں انکے جائز مطالبات پر غور کرنے کیلئے تیار ہوں اور دیانتداری سے غور کرنے کیلئے تیار ہوں ۔ مگر میں اس صوبہ میں ایسی غیر اسلامی اور خلاف جمہوریت روایات کو قائم نہیں کرنا چاہتا جو نظم و نسق کو تباہ و برباد کرکے رکھ دیں ۔ میں کسی تشدد کا قائل نہیں ۔ جو لوگ کسی مشاہرہ کو قبول کرلینے کے بعد وہ کام نہیں کرتے جو ان کے سپرد کیا جائے تو یہ ان کی اپنی مرضی ہے ہم جب بھی کسی مطالبہ پر غور کرینگے ہم یہ دیکھینگے کہ آیا وہ جائز ہے یا نہیں ۔ معقول ہے یا نہیں ۔ اور کیا ہماری مالی حالت ایسی ہے کہ اس بار کی متحمل ہو سکے ؟ اب وقت ختم ہو رہا ہے آئندہ انشا اللہ میں کچھ اور گذارشات بھی کرونگا۔

Mr. Speaker: At the special request of the Honourable Leader of the House I am adjourning the House now for Asar prayers to re-assemble at 4 p.m.

(The Assembly then adjourned for Asar Prayers)

The Assembly re-assembled at 4 p.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

EXEMPTION FROM T HE RULE SITTING OF THE ASSEMBLY

Chief Minister: (The Honourable Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana): Sir, I beg to move.

That the proceedings on the general discussion of the budget be exempted at this day's sitting from the provisions of the rule "Sitting of the Assembly".

The motion was carried.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

***وزیر اعلیٰ**—(عزت مآب میاں ممتاز محمد خان صاب دولتانہ)—

جناب والا! جس بات پر مجھے سب سے زیادہ ناز اور فخر ہے وہ یہ ہے کہ میں ایک ایسے ایوان کا رکن ہوں جو آزادی کی پیداوار ہے۔ ایک ایسا ایوان جس کے اراکین ہر لحاظ سے اپنی قابلیت میں اپنی فراست میں اپنی اہلیت قیادت میں اپنی حب الوطنی میں پنجاب کی تمام گذشتہ مجالس سے فوقیت رکھتے ہیں۔ ایک ایسا ایوان جس کے حزب حکومت میں خود اعتمادی ہے، اتحاد ہے جس کا حزب حکومت حکومت کی قابلیت اپنے آپ میں رکھتا ہے۔ ایک ایسا ایوان جس کے راہنمائے حزب مخالف میں حالانکہ اس وقت وہ یہاں موجوہ نہیں متانت ہے، سنجیدگی ہے۔ ایک ایسا حزب اختلاف جو گرم و سرد روزگار چشیدہ ہے۔ ایک ایسا حزب اختلاف جس کے متعلق جہاں تک مجھے معلوم ہے مجھے یقین ہے کہ وہ ایک حب الوطن حزب اختلاف ہے (ہیر۔ ہیر) مجھے یقین ہے کہ آپ کو حیرت نہیں ہوگی اگر میرے اس احساس افتخار و امتیاز کے مطابق اسی تناسب سے مجھے ان تین دنوں میں بجٹ پر general discussion کے دوران میں مایوسی ہوئی۔ جناب والا! ہم نے جس کوشش اور جس محنت شاقہ کے ساتھ یہ بجٹ تیار کیا تھا میں سمجھتا ہوں کہ اس کا جواب اتنے مطالعے سے اور اتنی محنت سے نہیں دیا گیا جو مجھے یقین تھا کہ یہ معزز ایوان اس بجٹ کے لئے مناسب سمجھے گا۔ مجھے یقین ہے کہ آپ یہ نہیں سمجھیں گے کہ مجھ پر کسی حد تک یہ گراں گزرا ہے کہ اس بجٹ کی کافی تعریف نہیں ہوئی۔ بجٹ کی تعریف تو ایک رسمی چیز ہوا کرتی ہے۔ پھر بھی ایوان کی ہر طرف سے جو کچھ اس بجٹ کی تعریف میں کہا گیا ہے مجھے اس کی انتہائی قدر ہے اور میں اس کا انتہائی شکر گذار ہوں۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ میرا یہ کہنا مناسب اور درست ہوگا کہ اس بجٹ کی آخری جانچ اس ایوان نے نہیں کرنی

*Uncorrected Speech.

بلکہ پنجاب کے عوام نے کرنی ہے ۔ اس بجٹ کی خرابیوں یا برائیوں کا اثر آج کے روز نہیں ہونا بلکہ ایک سال بعد اس کا صحیح جائزہ لیا جائے گا۔ اس بجٹ میں کئی خوبیاں تھیں اور کئی خرابیاں تھیں ۔ اس لئے مجھے اس بات کا قلق نہیں کہ حزب اختلاف نے اس خوش آئند روایت کو زیر غور نہیں رکھا جس کے مطابق رسمی طور پر بجٹ کی ہمیشہ تعریف کی جاتی ہے ۔ مجھے اس بات کا کوئی گلہ نہیں —

کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے ورنہ
ہے یوں کہ مجھے دور تہ جام بہت ہے

جناب والا! اگر صحیح طور سے دیکھا جائے تو general discussion کے دوران میں اس بجٹ کی جستدر تعریف ہوئی ہے اس سے زیادہ اور نہیں ہو سکتی ۔ کیونکہ ان تین دنوں میں میرے ان قابل ، عاقل اور فاضل دوستوں نے اس کو خوب غور سے جانچا عمیق نگاہی سے اس کی پڑتال کی، ہر پہلو سے اسے دیکھا مگر جناب والا نے بھی غور فرمایا ہوگا کہ شاید ایک رکن نے بھی جہاں تک اس بجٹ کا تعلق ہے ، ان کتابوں کا تعلق ہے جو آپ کے سامنے ہیں، سیر حاصل تبصرہ نہیں کیا ۔ وہ بجٹ جو اتنا اچھا اور جو اتنا نفیس ہو کہ اس کے متعلق ، اس کی تفاصیل کے متعلق ذکر کرنا بھی کوئی مناسب نہ سمجھے، اس کی تفاصیل کو جانچنے کی زحمت گوارا نہ کرے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ تعریف اس بجٹ کی اور کوئی نہیں ہو سکتی ۔ مجھے اس بات کا بھی احساس ہے کہ ہماری اسمبلی کی ایک اور روایت ہے اور وہ یہ کہ بجٹ پر general discussion کے دوران میں کھلی اجازت ہوتی ہے کہ ہر رکن جتنا چاہے اور جتنی دیر تک چاہے غیر متعلقہ امور پر بھی بحث کرتا رہے۔مجھے خوشی ہے کہ میرے دوستوں نے اس کھلی چھٹی سے پورا فائدہ اٹھایا ہے۔ مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ جہاں مجھے اس روایت کا پورا احساس ہے اور اس کی پوری تعظیم ہے وہاں میں سمجھتا ہوں کہ اچھا ہوتا اگر کبھی کبھی کسی نہ کسی تقریر میں بجٹ کی تفاصیل کا بھی ذکر ہو جاتا اور آج مجھے ضرورت نہ پڑتی کہ میں دوبارہ اس معزز ایوان کی توجہ بجٹ کی تفاصیل کی طرف مبذول کراؤں۔

بجٹ ہوتا کیا ہے۔بجٹ ایک سال میں ایک حکومت کے اخراجات کا تخمینہ ہوتا ہے۔ حکومت کی آمدنی کا اندازہ ہوتا ہے اور اس حکمت عملی کا اظہار ہوتا ہے جس کے مطابق آئندہ سال حکومت کو چلایا جانا ہو۔ میں

سمجھتا ہوں کہ ان تقاریر میں جو میں نہایت غور سے سنتا رہا ہوں ان تین چیزوں کا کوئی خاص ذکر نہیں ہوا۔ اس لئے مجھے اجازت دیجئے کہ میں تھوڑی دیر کیلئے ان چیزوں کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ منعطف کراوں۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ موجودہ بجٹ پنجاب کی تاریخ میں پہلا بجٹ ہے جسے صحیح معنوں میں ایک افادی اور ایک ویلفیر بجٹ کہا جا سکتا ہے۔ مجھے قائد حزب اختلاف سے اتفاق ہے کہ اس بجٹ کا کسی اور بجٹ کے ساتھ موازنہ نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ یہ بجٹ ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ بجٹ اس ایوان کی پیداوار ہے جو ایوان پنجاب کی تاریخ میں پہلی بارتمام بالغ عوام کی رائے سے منتخب ہوا ہے۔

جناب والا! یہ بجٹ صحیح معنوں میں آزادی کا پہلا بجٹ ہے۔ بہتر تو یہ تھا کہ آزادی کا پہلا بجٹ پنجاب کا پہلا افادی بجٹ ہوتا۔ میں اب یہ ثابت کرنے کی کوشش کرونگا کہ یہ بجٹ کس طرح صحیح معنوں میں ایک Beneficient ایک welfare اور ایک افادی بجٹ ہے۔اس سلسلے میں سب سے پہلی چیز جو میں پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اس سال پنجاب کے اخراجات۔ پنجاب کی ترقی کی سکیموں اور پنجاب کے افادی محکموں کیلئے جس قدر رقوم تعین کی گئی ہیں آج تک پنجاب کی تاریخ میں ان مدوں کے لئے اس کا پاسنگ بھی کبھی تعین نہیں کیا گیا۔ مجھے افسوس ہے کہ میرے محترم میاں عبدالباری صاحب جو کہنے کو بھی تیز اور سننے کو بھی تیز ہیں اس وقت یہاں تشریف فرما نہیں ہیں۔ انہوں نے جو اعتراض اس بجٹ پر کئے ان سے یوں معلوم ہوتا ہے گویا وہ بجٹ پر غور کئے بغیر ہی پیش کئے گئے ہیں۔ میں نے سب سے پہلے میاں صاحب کے اعتراضات کا جواب اس لئے دینے کی کوشش کی ہے کہ میں میاں صاحب کا پرانا دوست ہوں اور مجھے میاں صاحب سے خاص لگاؤ ہے۔

جناب والا! اس سال میں نے ترقی کے کاموں اور افادی محکموں پر صرف کرنے کےلئے دس کروڑ سے زائد رقم بجٹ میں مخصوص کی ہے۔ نواب صاحب ممدوٹ نے تقسیم کے بعد اور اس سے پہلے بجٹوں کے ساتھ اس کا مقابلہ کرتے ہوئے جو کچھ فرمایا اس کے بارے میں صرف یہ عرض ہے کہ ان بجٹوں کے وقت ہماری حالت خراب تھی۔ مہاجرین آ رہے تھے۔ اور رسل و رسائل کے تمام ذرائع ٹوٹے پھوٹے اور درہم برہم تھے۔ چونکہ حالات غیر معمولی تھے اس لئے ان کے لئے اخراجات بھی غیر معمولی برداشت کرنے پڑے۔ ہاں اگر اس بجٹ کا مقابلہ کرنا ہی تھا تو مغربی پنجاب کے بجٹوں کی بجائے متحدہ پنجاب کے بجٹوں سے کرتے۔ تاکہ

ان پر واضح ہو جاتا کہ جہاں ۱۹۵۲-۵۳ء کے بجٹ میں افادی محکموں کیلئے میں نے دس کروڑ روپیے کی رقم مقرر کی ہے وہاں Pre-partition کے سب سے بڑے بجٹ یعنی ۱۹۴۶-۴۷ء میں Beneficient Departments پر صرف چھ کروڑ اور ستتر لاکھ روپیے صرف کئے گئے تھے۔

جناب والا! اس کے علاوہ میں اس بجٹ کا مقابلہ گورنری بجٹ سے کرنے کے لئے تیار ہوں۔ پنجاب کے گزشتہ بجٹ کے مطابق جو رقوم میاں عبدالباری صاحب نے پیش کی تھیں۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے یہ رقوم بجائے کسی بجٹ سے لینے کے خود گھڑی معلوم ہوتی ہیں۔ اس غلطی کی دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ممکن ہے جناب میاں صاحب کو بجٹ دیکھنے کا اتنا محاورہ نہ ہو جتنا کہ ہونا چاہئے۔ چنانچہ وہ ایک محکمے کی گزشتہ مد کا مقابلہ اسی محکمے کی آئندہ سال کی مد سے نہ کر سکے ہوں۔ اس لئے میں ان کی معلومات کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وزارت سے پہلے گورنر صاحب نے جو بجٹ پیش کیا اس میں افادی محکموں کیلئے چھ کروڑ اور ستانوے لاکھ روپے کی رقوم تجویز کی گئی تھیں۔ یہ صحیح ہے کہ زیر غور بجٹ میں اس وزارت نے چھ کروڑ اور ستانوے لاکھ سے زیادہ روپیہ صرف کرنے کا فیصلہ کیا۔ اور اس طرح ہم نے ان حدود کو توڑا اور ان پابندیوں کو خیرباد کہا جو گورنری راج میں ہم پر عائد کی گئی تھیں۔ اس لئے ایک حد تک میاں باری صاحب نے صحیح فرمایا کہ گزشتہ سالوں میں افادی محکموں پر علی الترتیب چھ کروڑ ستانوے لاکھ اور سات کروڑ پنسٹھ لاکھ روپیہ خرچ ہوا۔ مگر آئندہ تو دس کروڑ روپیہ خرچ ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ افادی محکموں کے اخراجات میں یہ اضافہ کسی وزارت کی خوبیوں اور حکومت کے صحیح نظریے کا نتیجہ ہے۔

جناب والا! چونکہ میاں باری صاحب نے لب کشائی کی ہے اور موجودہ حکومت پر پھبتی کسی ہے اس لئے یہ نامناسب نہ ہوگا اگر میں ایوان ہذا کی معلومات کیلئے اس تھوڑے عرصے کے نظام کا اپنی حکومت کیساتھ مقابلہ کروں۔ اس زمانہ میں جب کہ اس صوبے میں Advisers کی حکومت تھی انہی محکموں پر پانچ کروڑ اور بیالیس لاکھ روپیہ خرچ ہوا۔ یہ اعداد بالکل صحیح اور درست ہیں اور ان میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہو سکتی۔ میرا یہ اعلان اور دعویٰ بھی صحیح اور درست ہے کہ اس سال حکومت نے افادی

محکموں کیلئے جو رقوم متعین اور مقرر کی ہیں وہ اس صوبے کے گزشتہ سالوں کی رقوم سے ڈیوڑھے سے بھی زیادہ ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ صرف اس دس کروڑ کی رقم سے جو افادی محکموں کے لئے متعین کی گئی ہے اس صوبہ کی رفتار ترقی کا جس کا آئینہ دار یہ بجٹ ہے۔ اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ کیونکہ یہ تو قومی ترقی کا ایک پہلو ہے۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ آپ کے صوبے کی حکومت قوم کی ترقی اور بہتری کیلئے۔ قوم کی حالت سدھارنے کی خاطر اور قوم میں آزادی کا صحیح نقشہ پیدا کرنے کی غرض سے دس کروڑ سے کہیں زیادہ رقوم خطیر صرف کر رہی ہے۔چنانچہ اب میں ان کی طرف بھی اس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

جناب والا! میں نے افادی محکموں پردس کروڑ روپیے کے اخراجات کا اندازہ لگایا ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے Satellite towns اور مہاجرین کی آبادکاری پر اڑھائی کروڑ کے قریب روپیہ صرف کرنا ہے۔ پھر ساڑھےچار کروڑ روپیہ تھل کی development کے لئے جو قومی ترقی اور بہتری کیلئے ایک نئی وسعت پیدا کرنے کی ذمہ دار ہوگی متعین کیا گیا ہے۔ اور اس کے علاوہ چودہ کروڑ سے زیادہ کی رقوم Capital expenditure کے طور پر قومی ترقی کے لئے سڑکوں۔ بجلی کی نئی سکیموں اور زرعی آبپاشی کے نئے ذرائع پیدا کرنے کے لئے صرف کی جائینگی۔ دراصل یہ چودہ کروڑ روپہ قوم کیلئے ترقی اور روشنی کی نئی راہیں کھولنے کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ اس لئے اگر آئندہ سال کی ان تمام رقوم کو جمع کیا جائے جو اس صوبہ کی حکومت قومی ترقی اور افادیت کیلئے صرف کرنا چاہتی ہے۔ تو یہ رقم اکتیس کروڑ سے بھی زائد ہو جاتی ہے۔(تالیاں) لو جناب—وہ میاں باری صاحب بھی آ پہونچے۔ (قہقہہ)

جناب والا! اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کسی قوم کے اقتصادی نظام کا انحصار اس قوم کی مالی ساخت کی بنیاد اور اس قوم کے بجٹ پر ہوتا ہے۔ مجھے اس ذمہداری کا پورا پورا احساس ہے۔ میرا یہ بجٹ میرے کچھ دوستوں کو پسند آئے یا نہ آئے میں جانتا ہوں کہ میرا یہ بجٹ پوری احتیاط۔تدبر۔دیانت۔متانت اور ذمہداری سے تیار کیا گیا ہے میرا یہ بجٹ حقیقت پسند بجٹ ہے۔ میرا بجٹ ہوائی قلعے تعمیر نہیں کریگا اور نہ ہی واہ واہ کے خالی نعروں سے قوم کو ایک ایسے صحرا میں دھکیل دیگا جہاں سے اس کا نکلنا مشکل ہو جائے۔ یہ ایک حقیقت پسندانہ متین اور محتاط بجٹ ہے۔ اور وہ اس لئے کہ یہ قوم کیلئے ترقی کی نوید کا اعلان کر رہا ہے آج ہم قوم کی بہتری اور بہبودی کیلئے اس کی

رفتار ترقی متعین کر رہے ہیں۔ اس رفتار ترقی کو قائم اور برقرار رکھنے کے لئے ہم نئے اخراجات برداشت کر رہے ہیں۔ یہ اخراجات اگرچہ اس سال کے لئے اخراجات ہیں۔ مگر اگلے سال وہ نئے اخراجات نہیں رہینگے بلکہ پرانے اخراجات کہلائینگے۔

جناب والا! بجٹ کی بنیاد کچھ geometricals progression سے بنا کرتی ہے۔ آج وہ بنیاد اس طریق سے رکھی گئی ہے کہ وہ اس عمارت کی متحمل ہو سکے جو آئندہ اس پر تعمیر کی جانی ہے۔ اس لئے میں ایسا کام کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ صرف آج کی واہ واہ کی خاطر یا کسی خاص طبقے کی پسندیدگی کے لئے پنجاب کی اقتصادیات پر ایک ایسا بوجھ ڈال دوں جس سے وہ بعد میں جان پر نہ ہو سکے۔ اس لئے میں نے اس بجٹ میں ترقی کا جو راستہ دکھایا ہے آئندہ مالی دشواریوں کے باعث نہ تو اس راستے کو (narrow) (تنگ) کرنے کی ضرورت پیش آئیگی اور نہ ہی اس رفتار کو سست کرنے کا سوال پیدا ہو گا۔ اس راستے کو بدلنا بھی نہیں پڑے گا بلکہ ترقی کی آئیندہ وسعتوں کے لئے بھی اس میں گنجائش رکھ دی گئی ہے۔ میں نے اس میزانیہ کی تشکیل و ترتیب میں صرف ان اخراجات کو ہی جگہ نہیں دی جو کہ فوری نوعیت کے تھے مثلاً فوری ضرورت کی سڑکوں اور سکولوں کی تعمیر بلکہ ایسے اخراجات کو بھی برداشت کرنے کی سعی کی ہے جن کی بدولت آئیندہ صوبے کے اقتصادی نظام میں وسعتیں پیدا ہو سکیں گی۔ ایک طرف رفتار ترقی کو جاری رکھنے کی کوشش کی گئی ہے اور دوسری طرف صوبے کے اقتصادی نظام کی مضبوطی اور استحکام کو بھی قائم رکھنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

جناب والا! مجھے حزب اختلاف سے بہت اور اپنی پارٹی کے بعض ارکان سے بھی یہ گلہ ہے کہ انہوں نے میزانیہ کی عمومی بحث کے دوران میں اپنی تقریروں میں تعلیم۔ صحت عامہ اور محکمہ تعمیرات عامہ پر تنقید کرتے ہوئے یہ تو ضرور کہا کہ فلاں سڑک دو میل ادھر یا دو میل ادھر ہونی چاہیے تھی مگر انہوں نے میرے میزانیہ کی ان امتیازی خصوصیات پر توجہ مبذول کرنے کی ضرورت محسوس نہ کی اور ان شقوں کے متعلق کچھ نہ کہا جو میں سمجھتا ہوں کہ اس میزانیہ کا طغرائے امتیاز ہیں اور جو ہمارے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے سنگ میل کا درجہ رکھتی ہیں۔ مگر میری مراد تھل ڈویلپمنٹ میانوالی ہائڈل پروجیکٹ۔ تونسہ

پروجیکٹ اور آبپاشی کے ان عظیم منصوبوں پر صرف کی جانے والی گران قدر رقوم سے ہے جو اس بجٹ میں رکھی گئی ہیں۔ کیا یہ کوئی کم فخر کی بات ہے کہ ہم نے بجٹ میں تھل کی ترقی کے لئے ساڑھے چار کروڑ روپے کی رقم مخصوص کی ہے۔ جناب والا! تھل وہ منظم منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے پنجاب میں تقریباً ۲۰ لاکھ ایکڑ مزروعہ اراضی کا اضافہ ہو گا۔ (تالیاں) اسی طرح میانوالی ہائیڈل الیکٹرک سکیم جس کے آغاز کا سہرا اسی وزارت کے سر ہے کی تکمیل سے صوبے کو ایک لاکھ دس ہزار کلو واٹ بجلی میسر آئے گی۔ اسی طرح تونسہ پروجیکٹ کے پانچ سال میں مکمل ہونے کے بعد جس کی داغ بیل بھی اسی حکومت نے ڈالی ہے صوبے کو مزید ایک لاکھ ۱۰ ہزار کلو واٹ بجلی حاصل ہو گی۔ اور تقریباً سات لاکھ ایکڑ بنجر زمین زیر کاشت آئے گی۔ یہ ایسے منصوبے ہیں جن پر صوبے کی خوشحالی۔ بہتری اور فارغ البالی کی بنیادیں استوار ہونگی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نے ۱۴ نئی بستیاں اور شہر آباد کرنے کے لئے ۱۵ کروڑ روپے کی رقم خطیر مخصوص کی ہے۔ یہ ہیں ہمارے ارادے اور عزائم۔ مگر جناب والا ہم ان پہلے اقدامات پر مطمئن نہیں ہیں ہمارا ارادہ ابھی اور آگے بڑھنے کا ہے۔ ہم صرف وہ راستہ دکھا رہے ہیں جس کی طرف مستقبل میں ہماری قوم کو اور ہمارے صوبے کو گامزن ہونا ہے۔ اسکے علاوہ جناب والا ہم چھ نئی ٹیکسٹائل ملز کا انتظام کر رہے ہیں اور ایک کاٹن فنانشل کارپوریشن کا اہتمام کررہے ہیں۔ یہ نہیں وہ چیزیں جن کے لئے ہماری حکومت واقعی مبارکباد کی مستحق ہے۔ آج تو میں یہ چاہتا تھا کہ حزب اختلاف کی طرف سے یہ آواز اٹھتی کہ پنجاب ان اخراجات کو برداشت نہیں کر سکے گا۔ مگر میں نے پنجاب کے اقتصادی اور مالی استحکام کا بھی خیال رکھا ہے اور رفتار ترقی کو بھی تیز تر کر دیا ہے۔ جس کے باعث پنجاب ایک شاندار صوبہ بن جائے گا۔ اس کا وقار بڑھ جائے گا اور یہ مالی لحاظ سے مضبوط اور مستحکم ہو جائے گا۔

جناب والا! منجملہ دیگر خصوصیات کے میرے میزانیہ کی ایک یہ بھی امتیازی خصوصیت ہے کہ ان نہایت گران قدر اور خطیر رقوم کے باوجود جو ہم نے ان منصوبوں کے لئے مخصوص کی ہیں اس بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس تجویز نہیں کیا گیا۔ نیا ٹیکس تجویز نہ کرنا اور محض پرانے ٹیکسوں کو قائم رکھتے ہوئے ترقی کی سکیموں اور رفاہ عامہ کے محکموں پر اتنی بڑی بڑی رقوم صرف کرنا اور صوبے کو مجموعی طور پر ہر شعبہ زندگی میں آگے لے جانا ممکن ہے حزب مخالف کے نزدیک کوئی

بڑا کارنامہ نہ ہو لیکن غیر جانب دار اصحاب میرے اس خیال سے اتفاق کریں گے کہ صوبے کے عوام پر کوئی نیا بوجھ نہ ڈالنے کے باوجود رفتار ترقی کو بڑھانا ایک تعمیری اور ٹھوس قدم ہے جس پر مجھے اور میرے رفقاء کو بجا طور پر فخر ہے۔ (تالیاں)

لیکن جناب والا! میں یہ بھی واضح کردوں کہ کوئی نیا ٹیکس نہ لگانا بذات خود کوئی قابل تعریف کام نہیں ہے بلکہ اگر قوم کی ترقی کے لئے روپیہ درکار ہو اور کوئی حکومت کم ہمتی کے باعث یا کوتاہ اندیشی کی وجہ سے نیا ٹیکس عائد نہ کرے تو میرے خیال میں وہ قوم سے غداری کر رہی ہوگی (تالیاں) لیکن رفتار ترقی کو دوگنا کر دینا اور عوام کے بوجھ میں کوئی اضافہ نہ کرنا واقعی قابل تعریف بات ہے۔

باجی رشیدہ لطیف: غریب عوام پر پہلے ہی بہت بوجھ ہے۔ پہلے اسے ہلکا کیجئے۔

وزیر اعلیٰ: (تسی کل بول لینا)۔

جناب والا! میں یہ چاہتا ہوں کہ عوام کی قوت خرید میں اضافہ کر کے اور ان کی آمدنی میں اضافہ کر کے ان کے بوجھوں کو ہلکا کیا جائے۔ اسی لئے انڈسٹریز کو فروغ دینے اور زیادہ اراضی کو زیر کشت لانے کے منصوبوں پر اتنی رقوم خرچ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تا کہ لوگوں کا معیار حیات بلند ہو اور انکی آمدنی بڑھ جائے۔ میری یہ دلی آرزو ہے کہ جہاں تک ہوسکے سابقہ ٹیکسوں کو نہ صرف آہستہ آہستہ کم کر دیا جائے بلکہ اگر ممکن ہو تو بعض کو منسوخ بھی کر دیا جائے۔ لیکن اسکے لئے ابھی ہمیں انتظار کرنا پڑے گا۔ جلد بازی میں کوئی عاجلانہ فیصلہ کرنا دانشمندی نہیں ہے۔

جناب والا! میری پارٹی تو اس پالیسی کی بھی دعویدار ہے کہ اگر پنجاب کی ترقی کی خاطر۔ اگر عوام کی بہتری کی خاطر۔ اگر پنجاب کے غربا کی خاطر اور انکی زندگی کے سکون۔ امن اور خوشحالی کی خاطر ہمیں اپنے اوپر اور زیادہ بوجھ سہارنا پڑے اور حکومت کو اس بوجھ کے سہارنے کے لئے بڑے آدمیوں پر بھاری ٹیکسیشن عائد کرنی پڑے تو ہم اس کے لئے بھی تیار ہیں۔

جناب والا! اس سلسلے میں دو مختصر باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ چونکہ ٹیکسیشن کا موضوع پیش نظر ہے اسلئے دو چیزیں جو اس

سے متعلقہ ہیں ان کا ذکر کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سلسلے میں چونکہ کوئی خاص بحث نہیں ہوئی اسلئے اس غلط فہمی کا ازالہ نہیں ہو سکتا کہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس کو کم کرنے کی کوشش کیوں کیگئی ہے ۔ جناب والا یہ چیز سراسر غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ میرا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ میں ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی شرح کو کم کروں ۔ میرا مقصد بالکل اور ہے ۔ جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۴۷ء میں جب میں وزیر خزانہ تھا تو خود میں نے ہی ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی تجویز پیش کی تھی اس وقت خاص حالات تھے اس صوبہ پر مہاجرین کا بوجھ بے انتہا تھا ہماری آمدنی کے ذرائع نہایت محدود تھے لہذا لازم اور ضروری تھا کہ کسی طریق سے اور فوری طور پر اپنے دولتمند شہریوں پر تھوڑا سا بوجھ ڈال کر کچھ روپیہ حاصل کیا جائے ۔ چنانچہ اس وقت ایگریکلچرل انکم ٹیکس تجویز کیا گیا ۔ مگر جناب اگر آپ اجازت دیں تو (میرے دوست بہت ناراض ہوتے ہیں کہ اردو زبان صحیح طور پر نہیں بولی جاتی) تو میں یہ عرض کروں گا کہ اسکی شرح اور اسکا طریق ایک اٹکل پچو حساب سے تھا ۔ ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی جو شرح اسکا جو نظام عاید کیا گیا تھا وہ کسی مالی اصول کے مطابق نہیں تھا ۔ کیونکہ ٹیکس ہمیشہ آمدنی پر ہوا کرتا ہے ۔ اور ایگریکلچرل انکم ٹیکس کا آمدنی سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اگریکلچرل انکم ٹیکس گذشتہ سال کسی زمیندار نے جو معاملہ ادا کیا ہو اسکی کسی ایک figure سے ضرب دیکر حاصل ہوتا ہے ۔ اس سال اگر کپاس یا گندم کی قیمتیں بڑھ جائیں یا کوئی اور تبدیلی زرعی حالات میں ہو جائے تو اس کا اثر ایگریکلچرل انکم ٹیکس پر نہیں پڑ سکتا ۔ اسلئے جناب والا ۔ صورت یہ ہے کہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس اسی طریق سے آمدنی پر عاید نہیں ہوتا جس طرح انکم ٹیکس ہوتا ہے ۔ جناب والا ! اس دفعہ میں نے جو کیا ہے وہ اتنا ہے کہ زرعی اصلاحات کے مطابق اور ان کے نتیجہ کے طور پر زمینداروں کی آمدن میں بیس فیصدی کی جو کمی ہوئی ہے میں نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کو اس حد تک کم کر کے اس بیس فیصدی کی کمی کو پورا کیا ہے ۔ یعنی میں نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی وہی شرح رکھی ہے جو پہلے تھی ۔ مگر میں نے یہ مناسب نہیں سمجھا کہ وہ طبقہ جو پنجاب کے تمام طبقوں میں سب سے پہلے قوم کی خاطر

قربانیاں کرنے کو تیار ہے اس پر ایک اور بوجھ پڑ جائے ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اسلئے میں نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کو کم نہیں کیا بلکہ ایگریکلچرل انکم ٹیکس کی شرح کو ایگریکلچرل انکم کے اس تفاوت کے مطابق کر دیا ہے جو زرعی اصلاحات کے نتیجہ کے طور پر واقع ہوا ہے ۔

خان عبدالستار خان نیازی — اور secret pact کیا ہوا ہے ۔

عزت مآب وزیر اعلیٰ — آپ کے ساتھ تو ہو نہیں سکتا ۔ اور اپنی پارٹی کے ساتھ سب open ہے ۔ (قہقہہ) تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ کہنا غلط ہو گا کہ میں نے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کو کم کر دیا ہے ۔ یا میں نے زمینداروں کے کسی بوجھ کو کم کیا ہے ۔ اب اگر کوئی یہ پھبتی کسے (اور ایسے اشارے ہوتے ہیں) کہ یہ زمینداروں کی حکومت ہے ۔ تو میں یہ کہوں گا ۔ کہ یقیناً زمینداروں کی حکومت ہے ۔ اور ہمیں ناز ہے اس بات پر کہ اس زمینداروں کی حکومت نے اپنے مفاد کی پروا نہ کرتے ہوئے ان زمینداروں کا پاس نہیں کیا جن کی یہ حکومت ہے ۔ آج وہ یہ پھبتی تو کستے ہیں لیکن کل جبکہ اس زمینداروں کی حکومت نے اپنے تمام پرانے حقوق اپنے privileges کسانوں اور چھوٹے زمینداروں کی خاطر چھوڑ دیئے تو اس وقت آپ میں سے تعریف کرنے والا کوئی نظر نہ آیا ۔ یقین رکھئے یہ زمینداروں کی حکومت . . . . . (قطع کلامیاں) Please keep quiet

خان عبدالستار خان نیازی

It is not your duty to order me to keep quiet. You cannot usurp the powers of the Speaker.

وزیر اعلیٰ—جناب نیازی صاحب کو کون کچھ کہہ سکتا ہے؟ کوئی ہوش کی بات سنے تو اسے آدمی کچھ کہے بھی ۔ (قہقہہ)

خان عبدالستار خان نیازی—حضور والا ! عرض یہ ہے کہ مقرر صاحب نے مجھے براہ راست یہ خطاب کیا ہے کہ آپ چپ رہئے ۔

حالانکہ یہ ان کا حق نہیں بلکہ آپ کا حق ہے ۔ اس گیدڑ بھبکی سے ہم مرعوب نہیں ہو سکتے ۔

وزیر اعلیٰ—اگر نیازی صاحب کو یہ گراں گذرتی ہے تو آئندہ آپ کے ذریعہ مخاطب کروں گا (قہقہہ)

جناب والا ! دوسری چیز یہ ہے کہ مہاجر cess کے متعلق کچھ ذکر کیا گیا ہے ۔ اور میری اپنی پارٹی کے ایک رکن نے جنکی قابلیت کا مجھے احساس ہے اور اس پر فخر بھی ہے انہوں نے فرمایا کہ یہ مہاجر cess شاید اس غرض سے عاید کیا گیا ہے کہ خسارہ کی رقم اور مقدار کو کم کیا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس غرض سے ایسا نہیں کیا گیا ۔ مہاجر cess پہلے عائد تھا اسکی پہلی شرح میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا اور میرے بجٹ کا یہ ایک مستحکم اصول ہے کہ میں نے ٹیکسیشن کو جوں کا توں رکھا ہے اور آپ کو دکھایا ہے کہ اسی ٹیکیشن سے ہم ترقی کی رفتار کیسے تیز کر سکتے ہیں ۔ اور میں نے آپکو اس بات کا اطمینان دلانے کی کوشش کی ہے کہ اگر ہم اسی طور سے کام کرتے گئے تو آئندہ رفتار ترقی بھی تیز ہو گی اور بوجھ بھی شاید کچھ حد تک کم ہونا شروع ہو جائے ۔ اسلئے میں نے جناب والا ! مہاجر cess کو نئے طور سے عائد نہیں کیا بلکہ میں نے اسے قائم رکھا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کا جو بوجھ ہے اور اس بوجھ کے ذریعہ جو چیزیں قوم کیلئے دیگئی ہیں انکو سامنے رکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ قوم کی اقتصادیات پر یہ ظلم ہوتا اگر یہ Source of income لے لی جاتی ۔ چنانچہ آئندہ سال کیلئے میں مجبور تھا کہ مہاجر cess کو جاری رکھوں ۔ مگر آپ یقین جانئے مجھے اس بات کا احساس ہے کہ اسکا بوجھ ہمارے کچھ غریب بھائیوں پر بھی پڑتا ہے ۔ اسلئے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جو کچھ استطاعت یا علم مالیات یا فنانس کا مجھے ہے ۔ میں اسے اس کوشش میں استعمال کروں گا کہ جلد از جلد اس بوجھ کو عوام کے سر سے ہلکا کر دیا جائے ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا ! اب میں چند الفاظ میں رفاہ عامہ کے محکموں کو جو نئی وسعت دی گئی ہے اسکی طرف اشارہ کروں گا ۔ کیونکہ بجٹ پر بجٹ کے دوران میں میں نے محسوس کیا ہے کہ یہ موضوع کچھ ان کے دماغ میں نہیں آیا ترقی کے کس حد تک ہوئی ہے ۔ اسلئے میں آپ کے

سامنے یہ چیز رکھنا چاہتا ہوں کہ رفاہ عامہ کے محکموں میں گذشتہ سالوں کے مقابلہ میں اس سال کیا ترقی ہوئی ہے ۔ پہلے تعلیم کے بجٹ کا ذکر کرتا ہوں مگر زیادہ تفصیل سے نہیں کیونکہ بجٹ کے دوران میں تعلیم کی گرانٹ پر بحث کیلئے علیحدہ دن رکھا گیا ہے ۔ نواب صاحب ممدوٹ نے فرمایا تھا کہ پارٹیشن کے بعد (پارٹیشن کے بعد کے بجٹ کا ذکر ان پر گراں گذرتا ہے کیونکہ وہ ان کا اپنا بنایا ہوا ہے)

خان افتخار حسین خان—وہ آپ کا بنا ہوا ہے ۔

عزت مآب وزیر اعلیٰ—جناب کی خدمت میں زہ کر بنایا تھا ۔ اور پھر آخری ذمہ داری تو آپ ہی کی تھی ۔ مگر میں آپ کو اس الجھن میں نہیں ڈالتا ۔ میں اسکا ذکر ہی چھوڑ دیتا ہوں ۔ جناب والا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں ۴۷-۱۹۴۶ کے بجٹ کا جس کے متعلق نواب صاحب نے کمال کاوش سے اعداد و شمار نکال کر ایوان کے سامنے پیش کئے تھے ۔ مگر شاید کوئی غلطی ہو گئی ہے ۔ غلطی ہوتی ہی رہتی ہے ۔ مگر میں تو ان کی کاوش کی داد دیتا ہوں ۔

جناب والا ! تعلیم کے متعلق ۴۷-۱۹۴۶ء میں متحدہ پنجاب کی حکومت کا خرچ تین کروڑ چار لاکھ تھا ۔ اس سال ۵۳-۱۹۵۲ء میں سولہ اضلاع والے پنجاب یعنی پاکستان کے پنجاب کی حکومت نے محکمہ تعلیم اور ترقیات کی مختلف سکیموں کے لئے پانچ کروڑ ساٹھ لاکھ روپیہ رکھا ہے ۔ اگر وہ ۳۰ لاکھ روپیہ کی رقم جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے اساتذہ کے لئے رکھی گئی ہے اس میں شامل کرلیں تو پھر یہ رقم قریباً چھ کروڑ ہو جاتی ہے ۔ گویا متحدہ پنجاب کے تعلیمی اخراجات کے مقابلہ میں اس سال صرف ۱۶ ضلعوں والے صوبے نے تعلیم کے لئے دگنا خرچ دکھایا ہے ۔ جناب والا ! اگر وہ خیال فرمائیں تو چھ کروڑ روپیہ اکیلے محکمہ تعلیم اور ترقیات کے لئے خرچ دکھایا گیا ہے ۔ جبکہ متحدہ پنجاب کے سارے افادی محکموں پر چھ کروڑ ۷۷ لاکھ تھا ۔

میں زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے دو چار خاص سکیموں کے متعلق آپ کی خدمت میں چند معروضات پیش کروں گا ۔ جناب والا ! ۱۲۰۰ نئے پرائمری سکولوں، دو نارمل سکولوں، چار ہائی سکولوں، چار مڈل سکولوں اور موجودہ سکولوں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے دس لاکھ روپیہ صرف ہوگا ۔ انجینئرنگ

کالج، نئی Residential یونیورسٹی اور خواتین کے لئے Domestic Science سکول بنانے کی بھی تجویز ہے، اس طرح سائنس کی لیبارٹریوں پر دس لاکھ روپیہ صرف ہوگا ۔ نیز اپنے نوجوانوں کو عسکری تربیت اور فزیکل ٹریننگ دینے کے لئے قریباً ۱۱ لاکھ روپیہ صرف ہوگا ۔ (یعنی دس لاکھ اور کچھ ہزار) ۔

جناب والا ! میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ تعلیم کے متعلق تقریروں کو زیادہ دھرانا نہیں چاہئے ۔ کیونکہ بحث کرنے کا آئندہ کافی موقع ہوگا ۔ مجھے افسوس ہے میرے محترم دوست ملک غلام نبی صاحب شاید یہاں نہیں ہیں ۔ انہوں نے اشارہ فرمایا تھا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

(حزب مخالف کی طرف سے) ہاں ہاں ۔ آپ کہیے ۔ ہم انہیں پہنچادیں گے ۔

جناب والا ! اس کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں مجھے نہایت ہی خوشی ہوئی ہے ۔ انہوں نے جس رجحان کا اظہار فرمایا ہے مجھے اس کا پورا پورا احساس ہے ۔ ان کی پارٹی کے لوگ جانتے ہیں کہ میرے دل میں ہمیشہ سے ان کی عزت اور احترام ہے اور جناب والا میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ان کا دل حقیقت میں ہمارے ساتھ ہے ۔ مگر حیران ہوں کہ ملک صاحب کونسی الجھن میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ ممکن ہے یہ ہو کہ ۔

مستی میں دیر چھوڑ کے کعبہ چلا تھا میں
لغزش بڑی ہوئی تھی، و لیکن سنبھل گیا

وہ جب مست جام ہوتے ہیں اور ساتھ ہی صحیح خیالات پیش کرتے ہیں تو مسلم لیگی معلوم ہوتے ہیں مگر ایسا معلوم ہوتا ہے جب انہیں لغزش آنے لگتی ہے تو جناح عوامی لیگ والے تھام لیتے ہیں اور وہ سنبھل جاتے ہیں ۔ جناب والا ! میں تو عرض کرونگا کہ اس بات سے مجھے نہایت خوشی ہوئی ہے ۔ کہ ملک صاحب اپنی تقریر میں جن کلمات اور جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے وہ نہایت صحیح ہیں ۔ انہوں نے تعلیم کی تمام خامیوں کے متعلق اپنی تقریر میں ایک فاضل اور قابل پروفیسر کی طرح حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلائی ہے کہ کس طرح آئندہ عوام کو تعلیم سے مالا مال ہونا چاہئے ۔

ایگ ممبر ۔ قاضی مرید احمد کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ؟

وزیر اعلیٰ ۔ بھئی وہ تو اپنے ہیں ۔ ممکن ہے ان پر آپ کی کوششیں ہوں ۔ البتہ ان پر میری کوشش ہے ۔ (قہقہہ)

جناب والا ! قاضی مرید احمد صاحب نے بھی اپنی تقریر میں ایک بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ حکومت کو عوام پر ایجوکیشن ٹیکس

عائد کرنا چاہئے ۔ خواہ امیر ہو یا غریب ۔ اور لوگ بھی اس کے لئے تیار ہیں ۔ ان کا یہ مشورہ نہایت اچھا ہے اور میں غور کر کے جلدی ہی اس سے مستفید ہونے کی کوشش کروں گا ۔

جناب والا ۔ اب تعلیم کے بعد حفظان صحت کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ مجھے خوشی ہے کہ نواب صاحب یہاں موجود ہیں ۔ پتہ نہیں انہوں نے کس کتاب میں پڑھا ہے، ممکن ہے بجٹ کے کسی پوشیدہ صفحہ پر یہ Digits لکھے ہوئے ہوں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ بجٹ میں ۹۶ لاکھ کا ذکر کیا گیا ہے ۔ جناب والا مجھے اچھی طرح یاد نہیں ۔ مختصراً عرض یہ ہے کہ ۱۹۴۶-۴۷ء کے بجٹ میں متحدہ حکومت نے ایک کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ رکھا تھا مگر ۱۹۵۲-۵۳ء میں پنجاب کی حکومت نے حفظان صحت وغیرہ پر اکھٹے تین کروڑ اکتیس لاکھ صرف کرنے کا فیصلہ کیا ہے

میاں عبد الباری — کیا اس Head میں کچھ کمی کی ہے ۔

وزیر اعلیٰ — گزشتہ سال سے کمی کر دی ہے مگر چونکہ تین محکمے ایک جگہ ہیں اس لئے معلوم نہیں ہوئی — اس کی وجہ میں عرض کرتا ہوں کہ گزشتہ سال ساٹھ و ستر ہزار روپیہ کی رقم بجٹ میں نشتر میڈیکل کالج کی Contirbution کے سلسلہ میں رکھی گئی تھی ۔ جب یہ حکومت برسراقتدار آئی تو فیصلہ کیا گیا کہ ہم سرکاری طریقوں سے چندہ لینے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ اس لئے اس ۶۰ ہزار کی شق کو نکال دیا ۔ ۶۰ ہزار کی کمی شاید میاں صاحب کی طبع نازک پر گران گزری ہو ۔

جناب والا — عرض یہ ہے کہ تین کروڑ اکتیس لاکھ روپیہ بجٹ میں ترقیات کی سکیموں کے لئے رکھا ہے — اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم نے موجودہ میڈیکل کالجوں اور صوبہ کے ہسپتالوں کو کس طرح بہتر بنانے کی کوشش کی ہے ۔ گلاب دیوی ہسپتال پر ۲۰ ہزار ۔ فاطمہ جناح میڈیکل کالج پر ۸ لاکھ ۔ ۶۰ ہزار خرچ کرنے کی تجویز ہے اور نشتر میڈیکل کالج ، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج اور ایڈی ویلگڈن ہسپتال کی بہتری کے لئے ۶۰ لاکھ روپیہ صرف ہوگا ۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر کلنک لبارٹری پر ۶۱ ہزار روپیہ خرچ ہوگا ۔ اس کے علاوہ ہر تحصیل میں ایک سفری دوا خانہ Mobile Dispensary کھولنے کی سکیم ہے اور یہ سکیم پہلی بار پنجاب کی تاریخ میں رائج ہوگی ۔ اس قسم کے ۷۰ سفری دوا خانے ہوں گے ۔ ان پر ۱۰ لاکھ روپیہ صرف ہوگا —

دیہاتی Dispensaries کی از سر نو اصلاح کی جائے گی ۔ ان پر چالیس لاکھ خرچ ہوگا ۔

جناب والا — سب سے زیادہ اہمیت جس بات کو میں دیتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہر ضلع میں نئے ہسپتال تعمیر کئے جائیں گے — بالکل اسی طرز پر جس طرح کہ میو ہسپتال ہے ۔ ان پر ۷۰ لاکھ روپیہ صرف ہوگا ۔ یہ ہیں وہ چیزیں جن کا اس بجٹ میں ذکر کیا گیا ہے ۔

چودھری محمد شفیق — یونانی طب کو Improve کرنے کے لئے کیا حکومت کچھ کر رہی ہے ۔

وزیر اعلیٰ — جناب والا — میں واضح طور پر عرض کر دیتا ہوں کہ میں نے اس بات کو نہایت خوشی سے سنا ہے ۔ میرا خیال ہے چودھری علی اکبر صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ اسے ترقی دینی چاہئے ۔ اگر ہم میڈیکل کی طرح یونانی طب کو اعلیٰ معیار پر لے آئیں ، امراض کی تشخیص کریں اور اپنے ماحول میں ترقی دیں تو نہایت مناسب ہوگا ۔ یہ مسئلہ پاکستان حکومت کے زیر غور ہے ۔ یہ حکومت بھی اس سے مستفید ہوگی اور ان کے مشورہ پر عمل کرنے کی کوشش کرے گی ۔

جناب والا ! دوسرا مسئلہ سڑکوں کا ہے میں فخر سے آپ کے سامنے یہ facts and figures رکھنا چاہتا ہوں ۔ پہلے ۴۴—۱۹۴۳ء سے لے کر ۴۷—۱۹۴۶ء تک پھر پارٹیشن کے بعد ۔

خان افتخار حسین خان — میں نے تو اس کا ذکر ہی نہیں کیا ۔

وزیر اعلیٰ — جناب والا ! جو بات نواب صاحب کو مفید تھی اس کا انہوں نے ذکر کر لیا جو مجھے مفید ہے میں اس کا ذکر کروں گا ۔ ایوان کے معزز ارکان کی معلومات کے لئے اگر میں یہ اعداد و شمار پیش کروں تو ناگوار نہیں گزرنا چاہئے ۔ (ایک آواز — مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان کا بھی ذکر کیجئے) اس کا بھی جواب دونگا —

جناب والا! پارٹیشن سے پہلے چار سال میں ۱۵۰ میل نئے سڑکیں تعمیر ہوئیں اور ان پر ۹۹ لاکھ روپے صرف ہوئے ۔ پارٹیشن کے بعد کے چار سال میں ۔ اور مجھے خوشی سے کہنا پڑتا ہے کہ نواب صاحب کو

بھی اس پر فخر ہوسکتا ہے ۔ ۹۱۲ میل لمبی سڑکیں بنی اور ان پر چار کروڑ ۸۰ لاکھ روپے صرف ہوئے ۔ اس کی اوسط ایک سال میں ۲۵۶ میل لمبی سڑک اور اس پر ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے آتی ہے ۔ اس سال ۵۳—۱۹۵۲ء میں ۳۳۱ میل لمبی نئی سڑکیں تعمیر کرنے کی تجویز کی گئی ہے اور ان پر دو کروڑ ۳۰ لاکھ کے خرچ کا ارادہ کیا گیا ہے ۔ اس سے زیرک لوگ خود اندازہ لگا لیں گے لیکن جنہوں نے اندازہ نہیں لگانا وہ میری توجہ دلانے پر بھی نہیں سوچینگے۔

سید شمیم حسین قادری — میاں صاحب ملک غلام نبی آگئے —

ملک غلام نبی — (سید شمیم حسین قادری سے مخاطب ہوکر) کی گل سی ۔

وزیر اعلیٰ — محبت دی گل سی ۔

جناب والا — اس کے بعد میں satellite towns کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ اس کے متعلق میں زیادہ عرض نہیں کرنا چاہتا — ارادہ یہ کہ چودہ نئے شہر بسائے جائیں — اگلے سال میں ان کو مکمل کر لینا یا ان سب کی بنیادیں رکھ لینا ناممکن ہے مگر ہم نے اتنا روپیہ مخصوص کر لیا ہے کہ اگر ہم چاہیں تو ان چودہ شہروں کی بنیادیں آئندہ سال میں رکھ سکتے ہیں ۔ میرا اپنا اندازہ ہے کہ تین کروڑ کے مصرف سے دو سال کے عرصے میں ان شہروں پر بہت حد تک کام مکمل ہو جائے گا ۔

جناب والا — اس کے بعد میں تھل ڈویلپمنٹ کی طرف آتا ہوں ۔ اس کے متعلق میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ تھل کی ترقی کا منصوبہ اس قدر شاندار ہے کہ ہمیں تمام دنیا اس کے لئے خراج تحسین پیش کر رہی ہے ۔ آج میں چاہتا ہوں کہ پنجاب کے عوام اور اس معزز ایوان کے ارکان تھل ڈویلپمنٹ کے منصوبہ کا خاص طور مطالعہ کرنے کی کوشش کریں ۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ آج اگر تمام دنیا میں کسی کام نے کسی کارنامے نے پاکستان کی ساکھ بنائی اور مضبوط کی ہے تو وہ یہ تھل کی ڈویلپمنٹ ہے ۔ میں جناب والا اس کی آپ کو مثالیں دیتا ہوں ۔ حال ہی میں ایک بہت بڑے شخص ۔ میں سمجھتا ہوں دنیا کی سب سے زیادہ طاقتور اور ذی اثر ہستی ۔ مٹریو — جی — بلیک جو ورلڈ بینک World Bank کے گورنر ہیں اور مجھے بھی

ان سے ملنے کا شرف حاصل ہے ، انہوں نے ایک ایسی بات کہی جس پر میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب کا ایک ایک آدمی جس قدر ناز کرے بجا ہوگا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ اینگلو ایرانیں آئل کمپنی اور ایران کا تنازعہ ہند اور پاکستان کے درمیان canal water dispute اور دوسرے کئی مسائل کو بھی ورلڈ بینک سلجھانے کی کوشش کر رہا ہے ۔ سویٹ یونین کے علاوہ باقی تمام ڈویلپمنٹ سکیمیں ورلڈ بینک ہی کے ہاتھ میں ہیں ۔ مسٹر بلیک نے فرمایا '' میں نے تمام دنیا کے پروجیکٹ دیکھے ہیں ۔ ایشیا ہی نہیں تمام دنیا میں کہیں اور میں نے اس قدر زیادہ ambitious عمدہ اور درست سکیم عمل میں آتی نہیں دیکھی ،،

(تالیاں اور نعرہ ہائے تحسین)

(اس موقع پر مولانا عبدالستار خان نیازی نے کچھ کہنے کی کوشش کی) جناب والا ایوان کا ان خیالات سے متاثر ہونا میانوالی کے دوستوں کو ناگوار گزرے گا کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کو نقصان ہو رہا ہے ۔ جناب والا میں تو اس معزز ایوان میں تمام صوبے کی طرف سے بول رہا ہوں ۔

جناب والا —اس تھل ڈویلپمنٹ کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آج سارے پاکستان کے ترقی کے منصوبوں کو دیکھتے ہوئے اگر دنیا کسی سکیم سے متاثر ہوئی ہے تو وہ تھل ڈویلپمنٹ ہے کینڈا کے لوگ اتنے متاثر ہوئے ہیں کہ بغیر مانگے اور بغیر کسی معاوضے کے وہ کئی کروڑ روپے اپنی خوشی کے اظہار میں آپ کو دینا چاہتے ہیں۔ اسی طرح آسٹریلیا والوں نے متاثر ہوکر ایک بڑی رقم پنجاب کی حکومت کو as a gift دینے پر آمادگی ظاہر کی ہے (ایک آواز — اس سکیم میں بہت خامیاں ہیں—) ممکن ہے اس میں خامیاں ہوں اور میں مانتا ہوں کہ میرا فرض ہے ان خامیوں کو درست کروں ۔ آپ کا بھی فرض ہے کہ اسے جیسی یہ ہے اس سے بھی زیادہ عمدہ بنائیں ۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ اس میں کوئی خامی نہیں یا یہ کہ اس میں بہتری کی صورت نہیں ہوسکتی ۔ پھر بھی جو کچھ یہ منصوبہ آج ہے یہ دنیا کے بہترین اور سب سے زیادہ بارونق منصوبوں میں سے ایک تصور کیا جاتا ہے اور آج تمام دنیا پاکستان سے اس لئے روشناس ہو رہی ہے کہ تھل کا ذکر آتا ہے ۔ جناب والا جب دنیا اس منصوبے کا ذکر کرتی ہے

تو اس کا اگر پنجاب کے باشندے بھی تھوڑا سا مطالعہ شروع کر دیں تو کوئی بری بات نہیں ۔

پھر جناب والا رانا عبدالحمید (اس موقع پر آنریبل وزیر اعلیٰ نے وزیر مال کو خطاب کیا) کیا کہا تھا آپ نے انہیں ؟

وزیر مال — ٹھوس (قہقہے)

وزیر اعلیٰ — جناب والا رانا صاحب حزب اختلاف کے ایک ٹھوس رکن ہیں ۔ (قہقہے) انہوں نے ایک ایسی اچنبھے کی بات کہی کہ میری حیرت آج تک ختم نہیں ہوئی ۔ انہوں نے فرمایا کہ اس تھل ڈویلپمنٹ کے متعلق ابھی تک یہ فیصلہ ہی نہیں ہو سکا کہ یہ جاری رکھی جائے یا نہ ۔ (ایک آواز—انہوں نے کہا تھا ''کامیاب ہو گی یا نہیں،،) جناب والا بیس لاکھ ایکڑ زمین ، اس پر ہزاروں نہروں کا نکالا جانا ، ساڑھے تین سو میل کی نئی پکی سڑکیں بن جانا ، ان امور کو رانا صاحب نے درخور اعتنا ہی نہیں سمجھا ۔ اب تک رانا صاحب پر واضح نہیں ہوا کہ کیا تھل ڈویلپمنٹ کامیاب سکیم ہے ۔ یا نہیں ۔ حیرت کی بات ہے کہ رانا صاحب کی ان باتوں کو سنے بغیر پنجاب کے عوام نے یہ فیصلہ کیا کہ اس صوبہ کے مفاد رانا عبدالحمید کے ہاتھ میں نہیں ہونے چاہئیں میرے ہاتھ میں ہونے چاہئیں (ایک آواز—دوست ہیں آپ کے) جی ہاں پاس پاس کے رہنے والے ہیں ۔ ساتھ ساتھ سیٹیں تھیں ۔

جناب والا انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ تھل ڈویلپمنٹ کے کام کو چھوڑ دیں اور اس منصوبہ کو چھوڑنے سے جو فاضلہ رقم گورنمنٹ کے ہاتھ میں آئے وہ پٹواریوں کی تنخواہوں پر صرف کی جائے ۔ ان کے اس فرمان کے متعلق میں کچھ عرض نہیں کرنا چاہتا ۔ میں صرف دعا دیتا ہوں کہ پنجاب کے عوام کی نگاہ انتخاب ان پر نہیں پڑ گئی ۔

اب حضور والا میں اختصار کے ساتھ ایک دو باتیں بجٹ کے متعلق کہنا چاہتا ہوں ۔ ایک یہ ہے کہ کہیں کہیں اور کبھی کبھی کچھ تقریروں میں مجھ سے گلہ کیا گیا ہے ۔ کہ پنجاب کے ۱۶ ضلعے رہ گئے ہیں مگر اب بھی خرچ جو ہے وہ متحدہ پنجاب سے کم نہیں ہوا ۔ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ پنجاب چھوٹا

ہوگیا ہے اور اخراجات کم نہیں ہوئے ۔ دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ پنجاب کی آج کی ترقی کی رفتار کا مقابلہ ۱۹۴۷ء کے پنجاب سے نہ کرو بلکہ متحدہ پنجاب سے کرو ۔ جب میں ترقی کی رفتار ۔ لوگوں کی بہبودی کے منصوبوں ۔ لوگوں کی حالت سدھارنے کی سکیموں کا موازنہ متحدہ پنجاب سے کرنا چاہتا ہوں تو یقیناً ان پر روپیہ بھی خرچ ہوگا کیونکہ اگر کوئی چیز حاصل ہوگی تو اس پر خرچ کرنا پڑے گا ۔ اس پر اخراجات بھی کرنے ہونگے ۔ ناممکن ہے مگر میں اس بات پر فخر کرتا ہوں کہ جہاں ترقی کی رفتار تیز ہوئی ہے وہاں ہمارے اخراجات متحدہ پنجاب سے زیادہ نہیں بڑھے ۔ آج جبکہ تمام دنیا میں حالات ایسے ہوگئے ہیں اور Value of money بہت کم ہو گئی ہے ۔ جب کہ ہر چیز پر خرچ زیادہ ہوگیا ہے جبکہ ڈیڑھ کروڑ کے قریب روپیہ ہم اپنی گورنمنٹ کے ملازمین کو زیادہ دے رہے ہیں ۔ جب کہ ہر چیز کا خرچ ۱۹۴۷ء کے مقابلہ میں دوگنا یا تین گنا ہو گیا ہے پھر بھی میرا یہ دعویٰ ہے کہ باوجود ان چیزوں کے ہمارا خرچ نہیں بڑھا لیکن ترقی کی رفتار متحدہ پنجاب سے بڑھ گئی ہے ۔ اس لئے یہاں بھی اگر وہ سوچتے تو اس قسم کا اعتراض نہ کرتے ۔

اس کے بعد دو یا تین باتیں اخراجات کے متعلق ہیں جن کا میں یہاں ذکر کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک تو یہ ہے اور میرا خیال ہے کہ یہ میاں عبدالباری صاحب نے کہی تھی کیونکہ ان کی بات تو مجھے ہمیشہ یاد رہتی ہے ۔ اس لئے میں انہیں کے متعلق اسے سمجھتے ہوئے انہی کو اس کا جواب دوں گا ۔ انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ پولیس کے محکمہ میں خرچ بڑھ گیا ہے (میاں عبدالباری— میں نے نہیں کہا تھا) معاف کیجئے شیخ محمد امین صاحب نے ڈسٹرکٹ ایگزیکٹو فورس کے متعلق فرمایا تھا ۔ کہ اس کا خرچ بڑھ گیا ہے کم نہیں ہوا ۔ کل جب شیخ صاحب نے تقریر فرمائی ان کو اسی روز ایک سوال کے جواب میں میں نے کچھ عرض کیا تھا اسے شائد انہوں نے سنا نہیں کہ ہماری پولیس کی تعداد متحدہ پولیس کی تعداد کے مطابق نہیں بلکہ تقریباً اسی تناسب سے ہے جو کہ ۱۶ اضلاع کے لئے تھی لیکن اس کے باوجود خرچ میں کمی نہیں ہوئی ۔ (شیخ محمد امین—اس کی تعداد میں زیادتی ہوئی ہے) زیادتی تو نہیں ہوئی ۔ ڈسٹرکٹ ایگزیکٹو فورس جو تعداد پہلے تھی اس میں زیادتی نہیں ہوئی ۔ اس کے متعلق میں نے سوال کے جواب میں عرض کیا تھا اور اس میں منجملہ دیگر باتوں کے ایک چیز میں

نے یہ کہی تھی کہ بہت سے فرائض ایسے ہیں جو کہ پہلے پولیس سے متعلقہ نہیں تھے بلکہ جن کا تعلق ملکی دفاع سے تھا لیکن اب ان فرائض کو پنجاب کی پولیس سر انجام دے رہی ہے ۔ ان کا ۴۰ فیصدی حصہ اب بارڈر پولیس ادا کرتی ہے ۔ جیسا کہ شیخ صاحب نے فرمایا ہے وہ فرض پنجاب کا نہیں ۔ بلکہ وہ سنٹر کا فرض ہے لیکن آج اس کا خرچ پنجاب کے بجٹ میں ہو رہا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم نے اپنی ایڈیشنل پولیس کی تعداد جو کہ گڑبڑ کے دنوں میں بنائی گئی تھی دو یا تین گنا بڑھا دی ہے ۔ اس وقت وہ وہ فرائض انجام دیتی ہے جو پہلے ہماری فوج ادا کرتی تھی ۔ چونکہ آج ہماری فوج پر بھاری اور گرانقدر ذمہ داریاں ہیں ۔ اس لئے ہم نے انہیں اس چھوٹی ذمہ‌داری سے فارغ کر دیا ہے ۔ اس کا بوجھ بھی ہم پر پڑا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم نے ان کی تنخواہوں میں جیسا کہ میں نے پڑھ کر سنایا تھا کہ پولیس کنسٹیبل۔ہیڈ کنسٹیبل اور پولیس افسروں کی تنخواہوں میں خاصا اضافا کر دیا ہے اور وہ تقریباً ۴۰ فیصدی کے قریب ہے ۔ (چودھری محمد شفیق— جو کہ اب ان سے واپس وصول کیا جا رہا ہے) یہ بات غلط ہے ۔ میں نے اس دن بھی سوال کے جواب میں عرض کیا تھا کہ اصل بات یہ ہوئی ہے کہ پنجاب گورنمنٹ نے پے کمشن کی ہدایات پر عمل کرنے میں کئی شکلوں میں اصولاً غلطی کی اور ان کو جتنی کہ ان کی تنخواہ بڑھائی گئی تھی اس سے کچھ زیادہ حصہ سہواً ایک یا دو ماہ کی تنخواہوں میں دیدیا اور جو تنخواہ سہواً دی گئی ہے اس کو واپس وصول کیا جا رہا ہے مگر گریڈ کسی کے کم نہیں کئے جا رہے ۔ اس کے علاوہ پولیس کے لئے ۵ لاکھ روپے خرچ کر کے موٹر گاڑیاں خریدی گئی ہیں ۔ پھر ۷۰ یا ۸۰ ہزار روپیہ کے بطور grant-in-aid رائفل کلبوں کو دیا گیا ہے ۔ اس لئے پولیس کے خرچ میں اتنی کمی نہیں ہوئی جتنی کہ ہونی چاہئے تھی مگر اس کے باوجود بھی آپ ملاحظہ فرمائینگے کہ گزشتہ سال کے مقابلہ میں کسی لحاظ سے پولیس کے اخراجات کو بڑھنے نہیں دیا گیا —

پھر انہوں نے ایک اور چیز فرمائی اور اب میں اس کو لیتا ہوں ۔ مجھے نہایت خوشی اور مسرت ہوئی جب میں نے شیخ محمد امین اور میر عبدالقیوم کی تقریروں کو سنا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے پنجاب کی مالی حالت کا صحیح اور درست جائزہ لیا ۔ اور اس کے بارہ میں انہوں نے صحیح اور درست مشورے دئے ۔ انہوں نے فرمایا کہ اگر پنجاب نے صحیح طریق میں ترقی کرنی ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ

مرکزی حکومت سنٹرل ریونیوز میں سے پنجاب کے حصہ میں اضافہ کرے۔ جب تک ایسا نہیں ہوگا اس وقت تک پنجاب اس سرعت سے ترقی نہیں کر سکتا جتنی کہ اسے کرنی چاہئے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر ہم نے پنجاب کو جو پاکستان کا بازوئے شمشیر زن ہے جو پاکستان کا دماغ بھی ہے اور قلب بھی اگر اسے ہم نے مضبوط اور توانا رکھنا ہے تو لازمی ہے کہ مرکز اور صوبوں کے درمیان اس وقت آمدنی کی تقسیم کا جو تناسب ہے اس کو بدلا جائے۔ ریزمین آوارڈ میں جو کچھ ہمیں دیا گیا ہے وہ محض اشک شوئی ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس سے پہلے سال کے لئے تو گزارہ ہو سکتا ہے لیکن بعد میں یہ ہمارے لئے بہت ناکافی ہوگا کیونکہ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں شروع میں چلنے میں acceleration ہمیشہ slow ہوتی ہے اور slow acceleration کے بعد جب ہم نے ترقی کی تو چار پانچ سال تک ہمارے بجٹ کو تین گنا ہونا پڑے گا۔ اس لئے جو موجودہ تقسیم ہے اس پر ہم ہرگز مطمئن نہیں اور اس پر مطمئن ہونا پنجاب ہی سے نہیں بلکہ پاکستان سے غداری کے مترادف ہے (خوب۔خوب) کیونکہ پنجاب ہی پاکستان کو بچانے والی چیز ہے اور پنجاب ہی وہ صوبہ ہے جس کے ذریعہ سے پاکستان انشاءاللہ تعالےٰ دنیا کا مضبوط ترین ملک بنے گا۔ (خوب۔خوب) اس لئے آج کسی اور وجوہ کی بنا پر یا کسی اور تخیل میں الجھ کر یا کسی prejudice میں پڑ کر پنجاب کے حقوق کو نہ ماننا صرف پنجاب ہی کے ساتھ بے انصافی نہیں بلکہ یہ پاکستان کی بھی بہبودی نہیں۔ (خان عبدالستار خاں نیازی۔ آپ نے اس آوارڈ کو مانا ہی کیوں تھا) بات یہ ہے نیازی صاحب کی طرح ہر چیز میں مجھے non-co-operate کرنے کی عادت نہیں۔ اس لئے کئی باتیں ہوتی ہیں جو مجبوراً ماننی ہی پڑتی ہیں بالخصوص جبکہ میں صوبہ پنجاب اور مرکز میں کوئی فرق نہیں سمجھتا۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں اپنے مطالبات۔ اپنے احساسات اور اپنی ضرورتوں کا اظہار پنجاب کی تمام طاقت اپنے پیچھے رکھتے ہوئے ان سے نہ کروں۔ میں اس کے لئے ہر وقت تیار ہوں (شیخ محمد امین—ہم نے ۱۰ کروڑ روپیہ ریفوجیز پر بھی خرچ کیا ہے) آپ کی بڑی مہربانی۔ آپ نے صحیح فرمایا ہے کہ ہم نے ۱۰ کروڑ روپیہ مہاجرین کی بہتری اور بہبودی کے لئے خرچ کیا ہے اور اکیلے ہم نے صرف کیا ہے۔ وہ دراصل سارے اہل پاکستان کا فرض تھا۔ لیکن پنجاب ناز کرتا ہے کہ اس نے ایسے نازک حالات میں اور پھر اکیلے اس بوجھ کو سہارا۔ یہ سچ ہے کہ یہ پنجاب کا حصہ نہیں تھا۔ یہ ریفوجیز کا مسئلہ

Central subject ہے ۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا مرکز کے ساتھ تعلق تھا ۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا Foreign affairs کے ساتھ تعلق تھا ۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا تعلق Defence کے ساتھ تھا ۔ یہ صوبائی مسئلہ ہرگز نہیں تھا لیکن ہم نے اس کا جوانمردی اور اس ایثار کے ساتھ کہ جس کا پنجابی ہمیشہ خوگر رہا ہے اور پھر تن تنہا اس خرچ کو برداشت کیا ۔ اس نازک وقت میں ہم نے باقی سارے پاکستان کو چین سے سونے دیا اور خود اس بوجھ کو سہارا ۔ اس میں نواب صاحب ممدوٹ بھی اتنے ہی شریک ہیں جتنا کہ کوئی اور ہے ۔ آج جب کہ پاکستان کے تمام صوبے خوشحال ہیں ۔ آج جبکہ مرکزی حکومت نے پے در پے surplus budget پیش کئے ہیں اور پنجاب نے ناجائز بوجھ مگر جائز خوشی کے ساتھ برداشت کیا لیکن پھر بھی وہ ہمارے ساتھ Central revenues کو منصفانہ طور پر تقسیم کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ (چودھری محمد شفیق—آپ کو اس کے خلاف ڈٹ جانا چاہئے) میں اس طرح نہیں کیا کرتا ۔ بہر حال میرے دوستوں نے جو نقطہ پیش کیا ہے میں ان سے متفق ہوں مگر میں میاں عبدالباری صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ پنجاب کی بد قسمتی کا باعث یہی تھا اور انہوں نے اس بات کو نہیں سمجھا کہ مرکز اور صوبوں میں کوئی فرق نہیں ۔ مرکز اور صوبے ایک ہی جسم کے حصے ہیں ۔ اور وہ اکٹھے مضبوطی اور استحکام کے ساتھ اسی صورت میں چل سکتے ہیں اگر وہ آپس میں تعاون کریں ۔ میں پنجاب کی بہتری کی خاطر پاکستان کو ایک لمحہ کے لئے نقصان پہنچانے کے لئے تیار نہیں — اور جناب والا میں سنٹر کے ایسے احکام کو مانتا رہونگا ۔ مگر مجھے یقین ہے کہ اگر پنجاب کی آواز متفقہ طور پر اٹھے ۔ اور حزب اختلاف اپنی بہت سی طاقت چھوٹے چھوٹے فضول جھگڑوں میں صرف نہ کرے بلکہ اس بات میں میرے ساتھ پورا تعاون کرے تو مجھے یقین ہے کہ جو چیز پنجاب چاہیگا۔ مرکز اسے مانے گا ۔ (تالیاں) ۔ مگر میں اپنے محترم دوست محمد امین صاحب سے اتنا عرض کرونگا کہ ان کے لئے مایوسی کی کوئی گنجائش نہیں ۔ انہوں نے اپنی تقریر میں پچھلے چار برسوں کے بجٹوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ہم تقریباً اڑھائی کروڑ روپے کے خسارہ میں رہے ہیں ۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ دس کروڑ روپیہ ہم نے مہاجرین پر صرف کیا ہے ۔ جس کے نتیجہ کے طور پر ہماری چھ سات کروڑ کی سیکیورٹیاں صرف ہو گئی ہیں علاوہ ازیں متحدہ پنجاب کے قرضہ کا بوجھ بھی ہمارے سر ہے ۔ جہاں تک قرضہ کا سوال ہے ۔ یہ تو بالکل ایسے ہی ہے جیسے متحدہ ہندوستان کے تمام قرضہ

کا بوجھ بھارت کے سر ہے ۔ بڑا یونٹ ہی تمام بوجھ برداشت کرتا ہے اور یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ۔ اگر کوئی یہ کہے کہ پنجاب کی مالی حالت مضبوط نہیں تو یہ غلط ہے ۔ بوجھ بے انتہا سہی ۔ مگر ہمارے ذرائع بھی اتنے ہی مضبوط اور توانا ہیں ۔ یقین مانئے میں یہ بات پوری ایمانداری اور دیانتداری سے کہہ رہا ہوں ۔ میں آپ سے کوئی چیز چھپا کر نہیں رکھتا نہ میری یہ مجال ہونی چاہیئے کہ میں اس معزز ایوان سے کچھ چھپاؤں میں آپ کو پورا یقین دلاتا ہوں کہ پنجاب کی مالی حالت بالکل مستحکم ہے اور پنجاب مضبوطی کے ساتھ ترقی کر سکتا ہے اور آئندہ جو بوجھ پڑیں گے انہیں بھی سہار سکتا ہے ۔ خدا ہم پر مہرباں ہے اور ہمارا حافظ و ناصر ہو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ ترقی کیلئے جتنا بھی بوجھ ہم کو سہارنا پڑیگا انشا اللہ اس کو سہارنے کی استطاعت اور طاقت ہم اپنے بازوؤں میں رکھتے ہیں ۔

اب جناب والا میں ان خاص خاص باتوں کی طرف آتا ہوں جن کا ذکر میرے بعض معزز دوستوں نے اپنی تقریروں کے دوران میں فرمایا تھا ۔ سب سے پہلے اگر کسی کا ذکر ہونا چاہیئے تو وہ محترم رہنمائے حزب مخالف اور میرے عزیز دوست نواب صاحب ممدوٹ ہیں ۔ اس لئے میں سب سے پہلے ان کی تقریر کا ذکر کرتا ہوں ۔ پہلے تو میں تمام ایوان کی طرف سے بالعموم اور اپنی پارٹی کے اراکین کی طرف سے بالخصوص نواب صاحب ممدوٹ کی خدمت میں اظہار تشکر کرتا ہوں کہ وہ بولے تو ۔ انہوں نے اپنی زبان کھولی تو ۔

گو نہ سمجھوں اسکی باتیں گو نہ پاؤں اسکے بھید
پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا

(قہقہے)

جناب والا پہلی بات جو میں کہنا چاہتا ہوں نواب صاحب ممدوٹ سے وہ یہ ہے کہ نواب صاحب کچھ ناراض ہو گئے اس بات پر کہ میں نے مسلم لیگ کا ذکر کیوں کیا ۔ جناب والا آپ میری طرف سے ان کو بتا دیجئے کہ مسلم لیگ کا ذکر میں نے اس لئے کیا کہ مسلم لیگ میری تاب و توان ہے ۔ مسلم لیگ میری جان ہے ۔ اگر میں اس صوبہ کا چیف منسٹر نہ رہوں تو مجھے ایک لحظہ کے لئے بھی فکر نہ ہوگی ۔ یہ آنی جانی چیز ہے ۔ لیکن ایک چیز جس پر مجھے فخر ہے اور رہیگا وہ یہ ہے کہ میں مسلم لیگ کا ایک ادنیٰ خادم ہوں ۔ (تالیاں) ۔ جناب والا آپ ان سے کہ

دیجئے کہ حرام ہے مجھ پر وہ دن جب میں اس ایوان میں وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے بیٹھوں گا۔ میں جب بھی یہاں بیٹھوں گا مسلم لیگ کے ادنیٰ خادم کی حیثیت سے بیٹھوں گا۔ (تالیاں) وہ دن نہ آئے میری زندگی میں کہ میں مسلم لیگ کو اپنی تمام سیاسی زندگی کا ذریعہ بنا کر کسی وقت اس سے غداری کر جاؤں۔ (تالیاں)۔ جناب والا اس لئے ذکر کیا میں نے مسلم لیگ کا کیونکہ مسلم لیگ ہی وہ جماعت ہے جس نے پاکستان بنایا۔ وہ پاکستان جس کے سایہ عاطفت میں آج میرے بلبل سر خوش اور اس قدر راگ الاپتے ہیں۔ پاکستان بنایا تو اس جماعت نے۔ اسے سنوارا اور مستحکم کیا تو اس جماعت نے۔ نواب صاحب ممدوٹ اسے چھوڑ گئے تو انہوں نے یہ خیال کیا کہ شاید ان کے بعد مسلم لیگ مر جائیگی لیکن مسلم لیگ زندہ ہے اور زندہ رہیگی۔ صرف اس کو چھوڑنے والے مر جائینگے یا ان کی زندگی موت کے مطابق ہو جائیگی۔ (تالیاں اور شور) تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مسلم لیگ کا ذکر میں نے اس لئے کیا کہ مسلم لیگ اکیلی ہی ایک ایسی جماعت ہے جس نے قوم کے سامنے ایک خاص نصب العین ایک صحیح پالیسی اور ایک واضح راہ عمل رکھی۔ نہ کہ وہ جماعت جو اب انتخاب سے ڈیڑھ سال بعد کراچی میں بیٹھ کر اپنا منشور بناتی ہے۔ جناب والا میں اس لئے مسلم لیگ کا ذکر کرتا ہوں کیونکہ یہی ایک ایسی جماعت ہے جس نے عوام سے جو وعدے کئے تھے پورے کئے۔ پاکستان بنانے کا وعدہ کیا تو پاکستان بنا کر دکھایا۔ دنیا کہتی تھی بنا ہوا پاکستان نہیں چلیگا۔ مسلم لیگ نے اسے چلا کر دکھایا۔ ہم غریبوں نے اپنی محدود استطاعت میں جو وعدے اپنی قوم سے کئے تھے انہیں ہم ایک ایک کر کے پورا کر رہے ہیں۔ اور انشاء اللہ کرتے چلے جائینگے۔ (تالیاں)۔ اس لئے میں نواب صاحب ممدوٹ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں جب بھی یہاں بولتا ہوں مسلم لیگ کے ایک کارکن اور صدر کی حیثیت سے بولتا ہوں وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے نہیں بولتا۔ اور اگر وہ بھی اس بات کو بھول نہ جاتے کہ مسلم لیگ ایک ایسی چیز ہے جو کبھی مر نہیں سکتی اور وزارت عظمیٰ آنی جانی ہے۔ تو وہ آج بھی وہاں ہوتے نواب صاحب ممدوٹ کی مجھ پر کوئی کرم فرمائی نہ سہی مگر انہوں نے اپنی غلطیوں سے میری اچھی رہنمائی کی ہے۔ (تالیاں)

جناب والا عام نظم و نسق کا ذکر میں کسی تفصیل کے ساتھ نہیں کرنا چاہتا۔ کیونکہ کل سے اس پر بحث شروع ہو جائیگی۔

اس بحث کے اختتام پر اگر کوئی ضرورت ہوئی تو میں انشا اللہ کچھ عرض کرنے کی جرأت کرونگا ۔ لیکن کل کی بحث کے جواب میں اختصاراً ایک تمہید کے طور پر میں اتنا عرض کر دوں کہ یہ نظم و نسق جس کا اتنا رونا ہے اور جس کی اتنی برائیاں بتائی جاتی ہیں وہ چیز ہے جو میرے پیشرو یہاں چھوڑ گئے تھے ۔ جس وقت یہ حکومت بر سر اقتدار آئی اس وقت یہاں نظم و نسق کی یہ حالت تھی کہ تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم ۔ ہمارے پہلے ہے راہرو رہنمائے صوبہ پنجاب کے ساتھ جو کچھ کر گئے تھے اس کا الزام جناب والا ہمیں دیا جاتا ہے ۔ اور کوئی برائی تو وہ بتا نہیں سکتے اس لئے وہ ہماری اچھائیوں کو برے رنگ میں پیش کرتے ہیں ۔ غالباً وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس طرح جذب اختلاف کی اخلاقی شان کو قائم کر رہے ہیں ۔ تو جناب والا وہ کہتے ہیں کہ ارے بھائی یہ تیرا نظم و نسق تو اتنا خراب ہے کہ تیرے پارلیمنٹری سیکریٹری نے اسکی خرابیوں پر ایک بڑی دھواں دھار رپورٹ لکھی ہے کہ نظم و نسق میں فلاں فلاں خرابیاں ہیں میں جناب والا عرض کرونگا کہ یہ جرأت کس کو ہوئی ۔ نواب صاحب ممدوٹ کو نہیں ۔ میاں عبدالباری کو نہیں ۔ یہ جرات ہوئی تو اس ناقص کی حکومت کو جسنے یہاں برسر اقتدار آتے ہی کسی چیز کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش نہیں کی اور اپنے معتمد آدمیوں کو بھیجا کہ جاؤ اور دیکھو کہ صوبہ کے نظم و نسق میں کیا خرابیاں ہیں ۔ کیا انہوں نے بھی اپنے زمانے میں کبھی یہ جرأت کی تھی ؟ میں جانتا ہوں کہ یہ خرابیاں ایسی ہیں جو ایک یا دو برس میں ٹھیک نہ ہو سکینگی ۔ یہ کوئی ایسی بیماری نہیں جو اپریشن سے پوری طور دور ہو سکے ۔ ہمنے یہ جرأت کی ہے کہ ہم ان خرابیوں کی جانچ پڑتال کریں اور ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ انکا جسقدر جلد ازالہ کیا جا سکے کریں ۔ میں یہ تو نہیں کہتا کہ یہ خرابیاں نواب صاحب ممدوٹ کے زمانے سے چلی آ رہی ہیں یا اب اتنی نہیں ہیں جتنی ان کے زمانے میں تھیں ؟

(حزب اختلاف کی طرف سے شور اور قطع کلامیاں)

جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ یہ ٹھیک ہے کہ خرابیاں ہیں لیکن اس سلسلے میں خاصے قدم اٹھائے جا رہے ہیں ۔ آپ بھی ہماری اس سلسلہ میں راہنمائی کریں ۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ ہم عوام کے اکٹھے خادم ہونے کی حیثیت سے ایک مربوط اور متحدہ کوشش کرنے کے لئے تیار ہیں تا کہ ان خرابیوں کو جلد از جلد دور کیا جائے ۔

اب جناب والا میں ایک اور چیز کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں نواب صاحب ممدوٹ نے سفارشوں کے متعلق کچھ فرمایا تھا کہ سفارشوں کے بغیر کام نہیں چلتا ۔ سفارشیں بیشک ہیں مگر جناب والا میں نے وہ زمانہ بھی دیکھا ہوا ہے اور آج بھی دیکھ رہا ہوں اور مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ نواب صاحب کے ڈیرہ میں ہر وقت لوگوں کے جمگھٹے ہوتے تھے ۔ شاید ان کو بھی وہ زمانہ یاد ہوگا ۔

مجھے یاد ہے وہ ذرا ذرا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں اور میں یہ بلا مبالغہ عرض کر رہا ہوں کہ میری پارٹی نے جس تنظیم اور مکمل اعتماد کے ساتھ حکومت کی باگ دوڑ میرے ہاتھ میں دی ہے اسکی کوئی مثال نہیں مل سکتی اور مجھے اپنی پارٹی کے M. L.As, پر ناز ہے کہ انہوں نے کبھی کسی مسئلہ کے متعلق ناجائز دباؤ نہیں ڈالا اور ہر بات میں حکومت سے پورا پورا تعاون کیا ہے جسکے لئے میں انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔

پھر جناب والا انہوں نے تبدیلیوں کے متعلق ذکر کیا ہے ۔ تبدیلیوں کے متعلق میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ کسی اہم افسر کا تبادلہ (میں چھوٹے ملازمین کا ذکر نہیں کر رہا ہوں) کسی سیاسی بنیاد پر جب سے میں power میں آیا ہوں نہیں ہوا ۔ اور میں آج اس ایوان کی وساطت سے اپنی سروسز کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ بے دھڑک ہو کر کام کریں ۔ کسی سے مت ڈریں ۔ کسی کے دباؤ میں نہ آئیں اور صحیح راستہ پر چلیں ۔ اگر کوئی ان کو تنگ کریگا اور ان پر کوئی وار کریگا تو میں اس وار کو بچانے کے لئے ڈھال بننے کو تیار ہوں ۔ مجھے پنجاب کے افسروں پر بڑا ناز ہے ۔ وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور اچھے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں ۔ میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ محنت سے کام کریں اور ایمانداری ۔ اور دیانت سے کام لیں ۔ کسی سیاسی دباؤ میں نہ آئیں ۔ اگر آپ ایمانداری ۔ دیانت اور محنت سے کام کرینگے تو میں آپ کے ساتھ ہونگا اور اگر برخلاف اسکے آپ غلط طریقے سے کام کرینگے تو یہ سارا ایوان ملکر بھی آپ کو بچا نہ سکیگا ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

پھر جناب والا ۔ سزاؤں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ چونکہ وقت تھوڑا ہے اس لئے میں جلدی جلدی عرض کر دیتا ہوں ۔ نواب صاحب نے کسی افسر کا ذکر کیا ہے ۔ اس کا نام نہیں لیا ۔ اور فرمایا ہے کہ اس نے

اقبال جرم کیا اور اسے کوئی سزا نہیں دی گئی - میں بھی نام نہیں لینا چاہتا صرف اتنا عرض کرونگا کہ نواب صاحب نے بھی اپنے زمانے میں ایک افسر کو اپنے گوشئہ عافیت میں جگہ دی تھی - مجھے بے حد افسوس ہے کہ قائد حزب اختلاف کو انکی پارٹی کی طرف سے من گھڑت قصے بتلائے جاتے ہیں اور غلط معلومات فراہم کی جاتی ہیں - اور میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس بڑے افسر کا انہوں نے ذکر کیا ہے اس بڑے افسر پر ایک کیس چلایا گیا تھا اور اس پر چارج شیٹ لگایا گیا تھا - چنانچہ جب ان کے خلاف انکوائری ہوئی تو انہوں نے یہ کہا کہ میں انکوائری face نہیں کرنا چاہتا اور میں یہ charges مان لیتا ہوں اور وہ charges یہ تھے کہ ۳۴۷-۱۵-۰ روپے کی رقم بطور T. A. انہوں نے وصول کی اور ۲۸۲-۱۱-۹ روپیہ کی رقم جو انہیں پٹرول کی cost سینٹرل کوآپریٹو بنک پاک پٹن کو دینی چاہئے تھی نہ دی - جب انہوں نے ان الزامات کو مان لیا تو اس صورت میں ہمنے یہ فیصلہ کیا کہ یہ افسر جو ایک بڑا highly placed افسر تھا جو اپنے گریڈ کے maximum پر پہنچ چکا تھا - ہمنے جناب والا اسکے متعلق یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہمنے اسکو کسی listed post کے hold کرنے سے permanently debar کر دیا ہے -

جو صاحب نظم و نسق کو سمجھتے ہیں وہ بتا سکتے ہیں کہ dismissal سے کم سب سے بڑی سزا جو ایک افسر کو دی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ چار سال تک اسے کوئی increment نہیں ملے گی - اس کی کوئی ترقی نہیں ہوگی - وہ کبھی بھی listed post نہیں لے سکے گا - چانچہ میں نے فیصلہ کرنے سے پہلے گورنر صاحب سے بھی مشورہ کیا کہ یہ آدمی اپنا قصور مانتا ہے - آٹھ سو روپے کا معاملہ ہے - اس سے کم سزا دینا غلطی ہوگی - اور ممکن ہے اسے dismiss کرنا زیادتی ہو - اس سلسلے میں اسے جو سزا دی گئی میں آج بھی یہ کہنے کو تیار ہوں کہ میری رائے میں یہ سزا درست اور صحیح تھی - اور مجھے اس پر پورا اعتماد ہے کہ میں نے جو فیصلہ کیا وہ حق بجانب ہے اور درست ہے - جناب والا—میں صرف دس پندرہ منٹ لونگا -

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The Governor has fixed the time for general discussion.

Mr. Speaker: The honourable member was not present at the time when the House accepted the motion made by the Chief Minister to the effect that the rule with regard to sitting of the Assembly be suspended.

Chaudhri Muhammad Shafiq: May I submit.

Mr. Speaker: No further discussion. I want to ask the Chief Minister how long will he take .

Chief Minister: I will talke about 15 minutes.

Mr. Speaker: If the Honourable Chief Minister wants to take longer time I shall have to adjourn the House for maghrib prayers.

Chief Minister: I will not put the members to any inconvenience. I will have an opportunity some other time to say something more.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I was present at the time when the House accepted the motion about the sitting of the House.

Mr. Speaker: That point of order is over-ruled. The honourable membe must know that the Governor fixes the day and not the time.

وزیر اعلیٰ— جب کبھی وہ تقریر کرتے ھیں تو میں صبر اور تحمل سے سنتا رہتا ھوں۔ جناب والا۔ میں دو چار چھوٹی چھوٹی چیزوں کا ذکر کرونگا۔ ایک چیز کے متعلق میں زیادہ وضاحت سے کہنا چاھتا تھا۔ وہ پنجاب میں food situation سے متعلق ھے۔ میرا خیال ھے کہ agriculture کی discussion پر صوفی صاحب سے اجازت لونگا کہ مجھے تھوڑا سا وقت دیں۔ بہر حال موجودہ discussion کو میں چھوڑتا ھوں۔

ایک معزز رکن— صوفی صاحب کا اس میں کیا تعلق ھے۔ (قہقہے)

صادب سپیکر— آرڈر۔ آرڈر

وزیر اعلیٰ—ایسی بحث کا جواب تو مجھ سے کہیں زیادہ درصع، کہیں زیادہ لطیف اور کہیں زیادہ شاعرانہ زبان میں میرے محترم دوست چودھری محمد حسین صاحب چڑھ دے چکے ھیں۔ نواب صاحب نے اپنی پرانی عادت کے مطابق کچھ لوگوں کو دوسرے لوگوں کے خلاف اکسانے کی کوشش کی تھی۔

خان افتخار حسین خان—یہ آپ کا کام ھے۔

وزیر اعلیٰ—انہوں نے کہا کہ یہ پٹواری لوگ بڑے اچھے ھیں۔ صاحب! ھم پٹواریوں کو کیوں ناراض کرینگے۔ یہ منسٹری ھمیشہ کے لئے تو نہیں رھے گی۔ یہ آنی جانی چیز ھے۔ اگر آج یہ ھاؤس کہے کہ میں دیانتدار نہیں ھوں تو میں اسی وقت اس پارٹی کی لیڈرشپ چھوڑنے کو تیار ھوں۔ یہ چیف منسٹری کوئی بڑی مزیدار سیٹ نہیں ھے۔ جب تک ھاؤس کو مجھ پر اعتماد رھے گا اور جب تک کسی اصول یا کسی پرنسپل یا کسی تنظیم کے مطابق میں پنجاب کی حکومت چلا سکوں گا میں یہ خدمت انجام دیتا رھوں گا۔ جہاں تک پٹواریوں کا تعلق ھے میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ ھم ان کے مطالبات پر ضرور غور کرینگے۔ نواب صاحب نے چودھری صاحب پر پھبتی کسی تھی کہ وہ کسی ڈر سے یا دباؤ میں آ کر کوئی فیصلہ کرنے کو تیار نہیں۔ یقیناً دباؤ میں آ کر ھم کوئی فیصلہ نہیں کرینگے۔ ھم جو فیصلہ کرینگے صحیح اور منصفانہ فیصلہ کرینگے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ ٹیچرز کے متعلق بھی میرا یہی رویہ تھا۔ انہوں نے جب سٹرائک

جاری رکھی تو میں نے یہ کہا تھا کہ ان کو جو دینا چاہئے تھا وہ دیدیا گیا ہے ۔ اس کے بعد میں نے ان کے ساتھ کسی قسم کا bargain نہیں کیا تھا۔ اسی طرح پٹواریوں کے متعلق بھی میرا یہی طرز عمل ہے۔ میں اس اصول کے خلاف ہوں کہ افسران ، حکومت کے اہلکار اپنے مطالبات منوانے کے لئے سٹرائک کریں۔ اس سے میرا مطلب یہ نہیں کہ labourers کو سٹرائک کا حق نہیں ہے ۔ اہلکاروں کے سٹرائک سے عوام الناس کو سخت نقصان پہنچتا ہے اور ان کے لئے تکلیف کا باعث ہوتا ہے ۔ اس سے نظم و نسق برباد ہوتا ہے۔ میں انکو ordinary labourers کے برابر سمجھنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ میں ان کے سٹرائک کو ناجائز سمجھتا ہوں ۔ میرا یہ فرض ہے کہ میں ان کے سٹرائک کو توڑوں ۔ میں سٹرائک کے ذریعے ان کا کوئی مطالبہ نہیں مانوں گا ۔ مگر جو ان کے جائز مطالبات ہیں میں ہر صورت میں انہیں پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔

ایک معزز رکن — جلدی کیجئے ۔

وزیر اعلیٰ — جلدی کرونگا ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ دیہاتی علاقوں کے متعلق کافی کچھ کہا گیا ہے ۔ جس چیز کا بار بار اعادہ کیا گیا ہے مجھے اس سے پورا اتفاق ہے کہ دیہاتی اور شہری کی تمیز نہیں رکھنی چاہئے ۔ اس معزز ایوان کو دیہاتی اور شہری تمیز کا کبھی ذکر نہ ہی کرنا چاہئے۔ کیونکہ یہاں ایک بات جو اشارۃ کہہ دی جاتی ہے صوبے کی سیاست پر اس کا بہت گہرا اثر پڑتا ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ نہ تو ہمیں شہری اور دیہاتی کی تمیز کو قائم رہنے دینا چاہئے اور نہ اپنی کسی پالیسی کو اس تمیز کے تحت چلانے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ مگر مجھے اس بات کا پورا احساس ہے کہ اس صوبے کی ۹۰ فیصدی آبادی کا دارومدار انکی ترقی انکی ثقافت ان کے کلچر اور انکی بود و باش سے تعلق رکھتا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ پنجاب کی زندگی کی اصل بنیاد پنجاب کے دیہاتی ہیں میں یہ جانتا ہوں کہ پنجاب اس روز اس وقت مضبوط ہوگا جب کہ پنجاب کا دیہاتی خوش حال ہوگا ۔ اور اس درجہ مضبوط ہوگا جب کے پنجاب کا دیہاتی خوش حال اور مطمئن ہوگا اسلئے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میری حکومت ہر وقت انتہائی کوشش کرے گی کہ پنجاب کی دیہاتی آبادی کی حالت کو سنوارا جائے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم نے اس سلسلے میں کیا کیا۔ جناب والا ۔ زرعی اصلاحات پر اس وقت میں بحث نہیں کرنا چاہتا مگر اتنا عرض کروں کہ زرعی اصلاحات اچھی تھیں یا بری تھیں بہر حال ایک انقلابی قدم ضرور تھا اور اپنی سمجھ کے مطابق یہ انقلابی قدم زرعی نظام کو بہتر بنانے کیلئے اٹھایا ہے ۔ ایک خاصہ مضبوط قدم اٹھایا ہے ۔ جس کے نتائج دوسں ہوں گے اس کے علاوہ ایجوکیشن پر جو خرچ ہے Health پر جو خرچ ہے سڑکوں پر جو خرچ

ہے ان تمام کا اثر شہریوں سے زیادہ دیہاتیوں پر ہے اور جناب والا ۔ تونسہ کی سکیم جو ہے تھل کی سکیم جو ہے ان کا تعلق دیہاتیوں کی زندگی بہتر بنانے سے ہے۔ اگر تین لاکھ کلوواٹ بجلی ہوگی تو اس کا بہت بڑا حصہ دیہاتیوں کے براہ راست فائدہ کیلئے ہوگا اور اگر براہ راست نہ بھی ہوا تو جب صنعتی ترقی ہوگی تو اس میں باقی آبادی کے حساب سے وہ برابر کے حصہ دار ہونگے ۔

جناب والا—میں تو صرف اس بات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی کے مطابق جن سکیموں کو امتیازی حیثیت حاصل ہے ۔ ان کو میرے بعض دوست اچھا سمجھیں یا نہ سمجھیں ان کی جتنی چاہیں مخالفت کریں ۔ مگر میں ایک چیز کا اعلان خاص طور سے کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ دیہاتی آبادی کی حالت کو سنوارنے اور سدھارنے پر ہی پنجاب کے استحکام کا مکمل طور پر انحصار ہے ۔

جناب والا—بجٹ کی عام بحث کے دوران میں کلچر۔ ثقافت اور تمدن کا ذکر بھی آگیا تھا ۔ جہانتک ثقافت ۔ تمدن اور معاشرت کی بحث کا تعلق ہے ۔ میں نے اپنی Budget Speech میں یہ کہا تھا کہ میری حکومت نے اس سلسلے میں بھی کچھ تھوڑا سا قدم اٹھایا ہے ۔ چنانچہ اس پر بھی اعتراض کیا گیا اس سلسلے میں میری عرض یہ ہے کہ ثقافت آداب اور تمدن کے متعلق حکومتیں کبھی اقدام نہیں کیا کرتیں ۔ اس کی ترقی کا دارومدار قوم کے افراد کی نجی محنت اور ذہنی کاوش پر ہوتا ہے ۔ حکومت تو صرف بعض انتظامی امور میں لوگوں کی جانشین ہوتی ہے ۔ لہذا دنیا میں آج تک کہیں بھی ایسا نہیں ہوا کہ litrature-poetry اور art کو سرکاری حیثیت دی گئی ہو لہذا میری عرض یہ ہے کہ art litrature تمدن اور ثقافت جس کی بہتری کے ذمہ دار ہمارے عوام ہیں ان کو چاہئے کہ اس کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دیں اور اپنی ثقافت اور اپنے تمدن کو دنیا کیلئے نمونہ بنانے کی کوشش کریں ۔ جن حضرات نے اس سلسلے میں اعتراضات کئے تھے میں ان سے عرض کرونگا کہ اگر وہ دنیا کی تاریخ کو بنظر عمیق ملاحظہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہوگا کہ روما کی ریاست نہ زہی جولیس سیزر کو آج کوئی نہیں جانتا Greeck کے بڑے بڑے مدبروں کا آج کوئی نام تک نہیں لیتا ۔ Fadiacius میں سے کسی کو کوئی نہیں جانتا ۔ مگر ان کے سقافتی اور تمدنی شاہکار آج تک ان کی قوم کیلئے باعث فخر ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں اپنے تمدن کی طرف آتا ہوں ۔ جب ہم اسلام کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں ۔ تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے تسلط کا زمانہ دنیا کی تاریخ میں علوم و فنون کی ترقی کا دور تھا ۔

انہوں نے اپنے بہتر تمدن اور ثقافت کی طفیل دنیا کو علوم و فنون لطیفہ سے مالا مال کیا ۔ خاندان بنو اُمیہ اور خاندان عباسیہ نے اپنے عہد حکومت میں تمام دنیا کے علوم و فنون اکٹھے کئے اور اس سلسلے میں ساری دنیا کی رہبری کی ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کو بجا طور پر اس پر ناز ہے ۔ آج ہمیں مغلیہ خاندان کی بہت سی چیزیں سب سے زیادہ یاد آتی ہیں ۔ اسی طرح علاؤلدین خلجی کے عہد کی شاہکار بھی ہمارے لئے خاص دلچسپی کا باعث ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جہاں ہم اپنے ملک کو ترقی دنیا چاہتے ہیں ۔ جہاں ہم اپنے ملک کے حالات کو بہتر بنانا چاہتا ہیں ۔ وہاں ہمیں اپنے ثقافتی اور تمدنی پہلوؤں پر بھی پوری طرح غور و خوض کرنا چاہیئے اور ان کو ترقی دینے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے ۔ ذاتی طور پر میں انہیں بہت اہمیت دیتا ہوں اس کے متعلق میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ اس سلسلے میں کوشش کریں گے میری حکومت ہمیشہ ان کے ساتھ تعاون کریگی اور ان کی محنت کی صحیح طور پر قدر کریگی ۔

جناب والا—اردو کے متعلق بھی بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اردو کی متعلق اس ایوان میں بڑی تلخ باتیں کہی گئی ہیں ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اردو کی ترویج کا سوال ہے ۔ یہ تو سارے پاکستان کا مسئلہ ہے ۔ بعض لوگ، کہتے ہیں کہ عربی قومی زبان ہونی چاہیئے اور بیشتر یہ چاہتے ہیں کہ اردو کی ترویج ہو ۔ اب اس کے متعلق فیصلہ کرنا اس صوبے کی حکومت کا کام نہیں بلکہ حکومت پاکستان کا کام ہے ۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ جہاں تک اس صوبے میں اردو رائج کرنے کا تعلق ہے ۔ میری حکومت نے اس سلسلے میں نہایت ہی موثر قدم اٹھایا ہے ۔ ہم نے صوبے میں اردو کو دفتری زبان بنانے کیلئے ایک کمیٹی مقرر کر رکھی ہے ۔ جس کے سیکرٹری حکیم احمد شجاع صاحب ہیں ۔ اس کمیٹی نے جو کام کیا ہے ۔ اس کی مدد سے صوبے بھر میں District Offices اور Lower Offices میں تو دفتری زبان اردو کر دی گئی ہے ۔ البتہ صوبے کے تمام دفاتر میں اردو کو دفتری زبان نہ بنانے کی وجہ یہ ہے کہ ابھی Technical Terms کے اردو ترجمے میسر نہیں آسکے ۔ چنانچہ اس مقصد کیلئے کمیٹی مذکور حکیم صاحب کی نگرانی میں قابل قدر کام کر رہی ہے ۔ اس کے علاوہ literature اور art کی خدمت کرنے اور اسے برقرار رکھنے کیلئے کچھ رقم اس بجٹ میں مہیا کی گئی ہے ۔ اور مجھے امید ہے کہ آئندہ

میں اس سے بھی زیادہ کرنے کی کوشش کرونگا ۔

جناب والا—بجٹ بننے کے بعد میں نے بابائے اردو مولوی عبد الحق صاحب کے متعلق وہ دلخراش خبر سنی جو غالباً میری Budget Speech کے دن اخباروں میں آئی ۔ اس سلسلے میں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ بابائے اردو کی سیکموں سے پورا پورا فائدہ اٹھانے اور ان کی مایوسی کو بالکل ختم کرنے بلکہ اسے پرامیدی میں بدلنے کیلئے انکی جو مدد بھی حکومت پنجاب سے ہو سکی وہ ہمیشہ ہر صورت اور ہر حال میں کی جائیگی ۔

جناب والا—میں دو تین چیزیں اور کہنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میری گذارش یہ ہے کہ میں گبن صاحب کی تقریر کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھتا ۔ کیونکہ ان کی باتوں کا جواب دینے میں لطف نہیں آتا ۔ علاوہ ازیں ان کی باتوں کا جواب عام عیسائیوں کے نمائندوں کی باتوں کا جواب سمجھا جاتا ہے ۔ جب ایک آدمی کمزور ہو تو اس پر کسی قسم کا بوجھ ڈالنا مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ اس لئے میں اپنی زبان پر ان کا ذکر لانا ہی نہیں چاہتا ۔

جناب والا—اقلیتوں کے متعلق میری گذارش یہ ہے کہ میرے دل میں پنجاب کے عام مسلمانوں کی نسبت minority کے لوگوں کی قدر و منزلت زیادہ ہے ۔ میں ان پر یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ پاکستان ایک جمہوری حکومت ہے اور یہ بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں ایک عیسائی ۔ اچھوت اور مسلمان میں شہری حقوق کے سلسلے میں کبھی کوئی امتیاز روا رکھنے کیلئے تیار نہ ہونگا ۔ (تالیاں) اور اگر کوئی امتیاز روا رکھنے کا موقع ہوا تو میں ہمیشہ عیسائی یا اچھوت کے حق میں فیصلہ کرونگا اور کبھی ان کے خلاف نہ جاؤنگا ۔ میں پھر انہیں اس امر کا یقین دلاتا ہوں کہ وہ ہم پر پورا پورا اعتماد اور بھروسہ رکھیں ۔ اگر ان کو کسی قسم کی تکلیف یا شکایت ہو تو وہ اس کے ازالے کیلئے حکومت تک پہنچیں ۔ میری حکومت پوری توجہ اور ہمدردی سے انہیں سننے کی کوشش کریگی ۔ اور جو وعدے حکومت کی طرف سے ان کے ساتھ کئے جا چکے ہیں حکومت انہیں پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریگی ۔

جناب والا—ایک اور مسئلہ جس پر اس ایوان میں بعض معزز ممبران نے بڑا زور دیا ہے ۔ وہ عدلیہ اور انتظامیہ کو الگ الگ کرنے کا سوال ہے ۔ اس کے متعلق میں حکومت کی پالیسی آپ کے سامنے پیش کرتا

ھوں ۔ اس حکومت کی پالیسی مسلم لیگ کے منشور کے مطابق یہ ھے کہ عدلیہ اور انتظامیہ علیحدہ علیحدہ ھونے چاھیئیں ۔ اور اسی لئے مسلم لیگ کی یہ حکومت اپنی پالیسی اس طور سے چلا رھی ھے کہ مسلم لیگ کے منشور کا وہ مطالبہ جلد از جلد پورا ھوسکے ۔ اس سلسلے میں جناب والا ۔ فرانس کے ایک مفکر Mountest نامی نے اپنی ایک کتاب میں پہلی دفعہ Legislature - Executive اور Judiciary کو الگ الگ کرنے کا اصول پیش کیا ھے ۔ جو آج تک دنیا کے کسی ملک میں کامیابی کے ساتھ نہیں چل سکا ۔

میاں عبدالباری—جی ھاں ۔ آپ کے کہنے سے ۔

وزیر اعلیٰ—جناب والا—میاں باری صاحب تو ھمیشہ وہ بات کرتے ھیں جو دنیا میں کوئی نہ کرے (قہقہہ) ۔ تو میں یہ عرض کر رھا تھا کہ ایسا کبھی کسی ملک میں نہیں ھوا ۔ امریکہ کا آئین بھی اسی اصول پر بنایا گیا تھا ۔ مگر اصل چیز اور اصول کو اس تقسیم نے بالکل تباہ و برباد کر دیا ھے ۔ سید امیر حسین شاہ صاحب یہاں تشریف فرما نہیں ۔ ورنہ ان سے پتہ چل سکتا تھا کہ روس میں کیا ھے ۔ میرے خیال میں یہ اصول روس میں بھی نافذ العمل نہیں ۔ تو جناب والا ۔ اگر ھمیں اس معاملے میں اس حد تک دقتیں پیش آ رھی ھیں اور پھر اس کے متعلق کوئی مثال بھی تو نہیں جہاں Executive اپنے فائدے کیلئے Judiciary کو استعمال نہ کرے ۔ تو پھر آخر کس اصول پر عمل کیا جائے ۔

مولانا داؤد غزنوی—خلفائے راشدین کے زمانے میں ایسا ھوتا رھا ھے ۔

وزیر اعلیٰ—اس کے متعلق آپ کو بھی اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا جائیگا تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ مجھے پورے طور پر علم نہیں کہ اسے کس طور سے عملی جامہ پہنانا ھے ۔ مگر چونکہ ھم اس اصول کو مان چکے ھیں ۔ اس لئے انشاءاللہ اس کے مطابق چلنے کی کوشش کرینگے ۔

جناب والا—میں زیادہ وقت نہ لیتے ھوئے آخر میں صرف اتنا عرض کرونگا کہ میرے بعض دوستوں نے یہ فرمایا ھے کہ یہ بجٹ جسے انقلابی بجٹ کے نام سے موسوم کیا جاتا ھے ۔ ھمیں تو اس میں کوئی انقلابی

چیز نظر نہیں آئی ۔ تو ان کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ لاکھوں ایکڑ زمین کا نئے سرے سے آباد ہو جانا کیا ان کے نزدیک انقلابی نہیں ۔ کیا مزارعین کی حالت کا بہتر ہو جانا ۔ industries کا قائم ہو جانا اور پندرہ نئے شہروں کا آباد ہو جانا انقلابی نہیں ۔ اس سے زیادہ انقلاب اور کیا ہو سکتا ہے کہ ہمارے آئندہ بجٹ میں سارے پنجاب کی خوشحالی اور فارغ البالی کا راز مضمر ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ راستہ جو ہم نے اپنے صوبے کی بہتری اور بہبودی کیلئے متعین کیا ہے ۔ اگر ہم اس راستے پر بڑی مضبوطی اور استحکام کے ساتھ چلتے جائیں تو میرے خیال میں ہمارے لئے یہی کافی انقلاب ہے ۔

The Assembly then adjourned till 1 p. m. on Thursday, the 6th March, 1952.

5 PLA—450—20-9-52—SGPP Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

THIRD SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Thursday, the 6th March 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

COMMITTEE TO EXAMINE CASES OF PROMOTION OF GAZETTED OFFICERS

***457. Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that a high powered Committee examines the cases of promotion of gazetted officers in the Province;

(*b*) the designation of the members of the said Committee;

(*c*) whether all cases of promotion are examined by the said Committee; if not, why not?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) Yes.

(*b*) (1) The Financial Commissioner Revenue, Punjab;

(2) The Chief Secretary to Government, Punjab; and

(3) The Head of the Department concerned.

(*c*) Yes, all promotion cases in which the Public Service Commission is required to be consulted are first scrutinized by this Committee.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: What is the idea in the scrutiny of these promotions?

Chief Minister: To have the promotions scrutinised.

CASES CHALLANED BY ANTI-CORRUPTION DEPARTMENT

***458. Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the total number of cases detected and challaned by the Anti-Corruption Department in the Punjab since its inception;

(*b*) the total annual expenditure incurred by the Government on running this Department;

(*c*) the total number of convictions obtained so far in the cases detected and challaned by the Anti-Corruption Department?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh):

(*a*) Detected	..	..	..	314
Challaned	..	..	..	133
Under investigation	..	..	..	52
(*b*) 1949-50	..	..	..	Rs. 49,559
1950-51	..	..	..	Rs. 1,30,330
1951-52	..	..	..	Rs. 1,61,320

(*c*) 36.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the number of convictions equal to the amount of corruption rampant in the province or does it indicate the actual state of affairs?

Mr. Speaker: Disallowed.

COUNSEL ENGAGED FOR COURT CASES IN WHICH GOVERNMENT WAS PARTY

*479. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the number of cases under adjudication by courts in the Province between the 1st October 1947 and 31st December 1949 to which Government was a party;

(*b*) the names of counsel engaged in each case;

(*c*) the expenditure incurred by the Government in each case?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): The reply seriatim to the above-noted question is as under :—

(*a*) The number of the cases (both Civil and Criminal) which were under adjudication by different Courts in the Province are not available in this office since representation on behalf of Government is not made in all the cases through this department.

(*b*) It is not possible to supply the names of counsel engaged in each case as evidently the collection of the requisite information from different Courts will require considerable time.

(*c*) The total expenditure incurred by Government on the conduct of the cases through this department is Rs. 2,26,930 during the period in question (1-10-47 to 31-12-49).

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : What procedure is adopted for the engagement of counsel for Government cases ?

Chief Minister : Obviously on merits the best people available are selected.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Only the best are selected or are there some other considerations as well ?

Mr. Speaker : It has already been replied.

JAILS INQUIRY COMMITTEE.

*646. **Mian Abdul Haq:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that in 1949 an Inquiry Committee was set up to inquire into the administration of jails in the Province and to recommend improved methods of reclaiming the prisoners;

(*b*) whether the said committee has submitted any report to the Government; if so, whether the report has been published; if not, the reasons therefor;

(*c*) when do the Government intend to implement the recommendations made by the Committee ?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) A Jails Reforms Committee was set up in September 1950 and not in 1949.

(*b*) As all the recommendations have not yet been implemented the report has not so far been published.

(*c*) Most of the recommendations of the Committee have already been implemented. Some of the recommendations involving heavy expenditure or administrative difficulties are at present under the active consideration of Government.

خان عبدالستار خان نیازی—کیا آنریبل وزیر اعلیٰ یہ بتلا سکتے ہیں کہ ان سفارشات کے ذریعہ قیدیوں کے لئے کیا کیا اصلاحات کی جائینگی۔

وزیر اعلیٰ—اس کے لئے اگر آپ نوٹس دیں تو جو کچھ اس سلسلہ میں جیل ڈیپارٹمنٹ میں ہوا ہے اس کی تفصیل پیش کی جاسکتی ہے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible to give some of the salient features of these recommendations ?

Chief Minister: Yes, if a proper notice is given. I cannot give the answer off-hand.

CRIMINAL CASES ENTERED IN REGISTER MAINTAINED UNDER DISTRICT OFFICE MANUAL RULES.

*720. **Mr. Ahmad Masud Said:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the class or classes of criminal cases required to be entered in the register maintained under District Office Manual Rules;

(*b*) the number of criminal cases entered in the register maintained under the District Office Manual Rules and the number of cases pending over for six months in all districts of the Province during the years 1950 and 1951, respectively;

(*c*) whether any loss of files of cases not required to be entered in the register under District Office Manual Rules has ever been reported to the controlling officers; if so, how many such cases have been reported during the years 1950-51, respectively in each district?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): The required information is being collected and will be supplied to the hon'ble member when ready.

FOREIGN FILMS CERTIFIED FOR EXHIBITION IN PUNJAB

*737. **Chaudhri Irshad Ullah:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the total number of (*i*) Pakistan made, and (*ii*) foreign made films certified for exhibition in the Punjab during the year 1951;

(*b*) whether it is a fact that the proportion of Pakistan made films certified for exhibition in the Province is very small as compared with the foreign made films; if so, the steps Government intend to take to encourage the Film Industry of the Province?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) (*i*) Pakistan made films 17

(*ii*) Foreign films 621

(*b*) Yes. The question is receiving the attention of the Pakistan Government.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: What steps, if any, is Government taking to see that films are not indecent and immoral?

Chief Minister: There is, of course, the Censorship Department. Apart from that I do not think that the Government is taking any steps. It is really for the private industry to do so and for public opinion to be mobilised so that only the very best are accepted by Government.

JUVENILE OFFENDERS

*760. **Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the number of juvenile offenders convicted for various offences since August 1947;

(*b*) the number of juvenile offenders released from Reformatories since August 1947;

(*c*) whether the activities of such offenders are watched even after their release; if so, how;

(*d*) the number of such offenders who learnt various trades in the Reformatories and the nature of the trades;

(*e*) the number of such released offenders who adopted these trades on their release;

(*f*) the number of such juvenile offenders who were convicted a second time after their release ?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) (*i*) The number of juvenile offenders convicted under various offences, other than those falling under the Reformatory Act, since August 1947 upto 1st March 1952 is 2,925.

(*ii*) The number of juvenile offenders convicted under the Reformatory Act since August 1947 upto 1st March 1952 is 85.

(*b*) 48.

(*c*) No.

(*d*) 48. The trades taught were tailoring, carpentry, cane-work, textile ink-making, tent-making, painting and polishing, dyeing and shoe-making besides compulsory education.

(*i*) Not available as no such record is maintained.

(*ii*) 212.

Chaudhri Muhamraad Afzal Cheema: Besides teaching juvenile offenders various trades, is the Government taking any steps for giving them moral training ?

Chief Minister : The honourable member knows that Government has under contemplation the introduction of legislation for this purpose.

CASES REGISTERED UNDER SECTIONS 107 AND 151 P.P. C.

*761. **Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) the number of cases registered under sections 107 and 151 P. P. C. during the period from 1st August 1951 to 31st January 1952, to avoid breach of peace between the tenants and their landlords and the numbers of persons involved in such cases ;

(*b*) the number of cases registered under the same sections for the corresponding period of the year 1950-51;

(*c*) the reasons which have led to an increase in the number of cases mentioned in (*a*) above and the action Government intend to take to combat this menace ?

The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana :

(*a*) 137 reports involving 969 persons were put in Court.

(*b*) 121 reports involving 630 persons were put in Court.

(*c*) The increase in the number of cases mentioned in (*a*) above is not large enough to warrant any special reasons being added for it.

RISE IN WHEAT PRICES

*456. **Mr. Shameem Ahmed Khan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the price of wheat has registered a sudden rise ; if so, the reasons therefor;

(*b*) whether it is also a fact that a very small portion of the Government stock of wheat was released to ease the situation; if so, whether Government intend to release more stocks in order to bring down the wheat prices ?

The Honourable Sooft Abdul Hamid Khan : (*a*) Yes, sir. The prices rose sharply during the last few months owing to the failure of the monsoons which adversely affected the kharif crop and also the sowings for the coming rabi.

(*b*) Provincial Reserve stocks of wheat are being released in accordance with the plan approved by Government.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it a fact that rising trend of prices was brought to the notice of the Government every month, yet no steps were taken ?

Minister : Steps were being taken throughout.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it a fact that Government feel complaisant over this question ?

Chief Minister : It is a matter of opinion.

FEE LEVIED ON KAPAS AS AGRICULTURAL TAX UNDER THE COTTON CONTROL ACT

***648. Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state—

(*c*) the tenancy shall be for a period of twenty years commencing on the ..... and ending on the..... without any option of renewal or of purchase.

(*d*) the tenant shall pay to Government when due in respect of the said land or any part thereof :—

(*i*) all land revenue assessments at Chahi rates (now fixed at Re. 1/4 per acre matured) occupires' rates cesses, charges, taxes and other such payments as may be assessed by competent authority under any law for the time being in force, and

(*ii*) rent at the follwoing rates ;—

(*a*) During the first year.....equal to the land revenue.

(*b*) During the 2nd and 3rd years.....double the land revenue.

(*c*) During the next seven years.....three times the land revenue.

(*d*) During the last ten years.....fours times the land revenue.

Provided that Government will remit the whole demand for the first two harvests and half the demand for the next two harvests gathered from the land on account of rent, rates and cesses.

Exceptions and Reservations by Government

2. (*a*) Government does not lease but hereby excepts and reserves to itself all mines, minerals and quarries including all substances of a mineral nature which may be won from the earth whether on the surface or below it, with liberty to search for, work and remove the same in as full and ample a say as if this lease had not been made.

(*b*) Government does not lease but hereby excepts and reserves to itself out of the land :—

(*i*) all rivers and streams with their beds and banks.

(*ii*) all watercourses and drainage channels.

(*iii*) all public thoroughfares now existing thereon or shown as proposed for construction on the plan or plans in the office of the Collector.

(*iv*) the rights of the public to traverse a width of 16½ feet along one side of the line bounding 27·8 acres squares wherever this may be considered necessary in the public interest by the Collector, and also to traverse a width of 16½ feet otherwise situated wherever the Collector considers this necessary in order to replace an existing thoroughfare and the tenant is prohibited from cultivating or otherwise obstructing the thoroughfare so provided.

(*c*) For the full discovery enjoyment and use of any of the rights hereby reserved or stipulated, or for the protection and maintenance of any property hereby excepted it shall be lawful for Government through its authorised agents or for any officer of the Crown duly authorised in that behalf to enter the land and occupy it temporarily.

(*d*) If the tenant at any time fails to erect or maintain proper boundary marks in accordance with the conditions of the lease, the Collector may, without prejudice to any of the rights hereby conferred or conferred by law on Government, cause such boundary marks to be erected or repaired, as the case may be and may recover the cost incurred thereby from the tenant.

(*e*) The Collector may after consultation with the Canal Officer, construct or cause to be constructed on the land any watercourse, or alter the direction of or entirely close any watercourse existing on the land.

Obligations of the Tenant

3. (1) The tenant convenants with Government as follows :—

(*a*) to pay to or on behalf of Government all payments mentioned in this lease which may become due under these presents at the proper time and place and in such manner as may be prescribed by law or by the order of any competent authority ;

(*b*) at his own cost, when so required by the Collector, to erect permanent marks on the lands hereby demised, demarcating correctly the boundaries and limits thereof, and at all times to maintain the same in good repair in accordance with any directions from time to time issued in that behalf by the Collector ;

(*c*) not to construct or alter any watercourse or drainage channel upon the land without the permission of the Collector and to pay the whole or such proportion of the cost of any watercourse from which a supply or water is available as the Collector may determine in accordance with the general or special orders of Government whether such watercourse may have already been constructed or may hereafter be constructed ;

(*d*) to surrender on notice by Government so much of the land as may be required for any purpose or for the exercise of the mineral rights hereby excepted and reserved to Government ;

(*e*) to surrender the whole or any part of the land which may be found to have been allotted or demised to any other person ;

(*f*) not to do or suffer to be done any act inconsistent with or injurious to any of the rights excepted and reserved to Government or any other person under this lease or otherwise, and in particular to permit without let or hindrance all officers or servants of the Crown or other person duly authorised by Government in this behalf to enter the land at all times and do all acts and things necessary for or incidental to :—

(*i*) The purposes of enforcing compliance with any of the terms of this lease ;

(*ii*) any purpose connected with the construction, maintenance and repair of thoroughfare, canal, drainage channels and watercourses, or ;

(iii) any purpose connected with the full enjoyment, discovery and use of the mineral or other rights hereinafter reserved to Government, witout claim to compensation whether by reduction of rent or otherwise except as hereinafter specifically provided ;

(*h*) not to interfere with the lawful use by the public of any thoroughfare on the land or with the exercise of any existing rights and easements thereon by any third person ;

(*i*) without the permission in writing of Government first obtained, not to assign, sublet or transfer by mortagage, or otherwise, or part with the land or any part thereof except by way of sublease to such sub-tenants as may be reasonably believed to cultivate the land with their own hands in the manner provided by this lease ;

(*j*) at the end of sooner terminaion of the lease, to leave the land and surrender peaceably to Government,

(*k*) to remain at all times of loyal behaviour and at any time of trouble or disorder to render active support to the Government and its officers and to accept the decision of Government as to whether this covenant has been fulfilled or not ;

(*l*) to render all such assistance in the prevention or discovery of crime as may be incumbent on any owner or occupier of land by any law or rules, for the time being inforce in the Punjab, and to be responsible in the same manner as headmen, watchmen or other inhabitants of villages are under any law for the time being in force in the Punjab ;

(*m*) to use the whole or any part of the land for no purpose other than that of agriculture by means of tube-well and not for irrigation by means of water derived from Government canal and not to erect any buildings except such buildings as may be in the opinion of the Collector be requirred for agricultural purposes ;

(*n*) to take up residence permanently in the estate in which the said land is situated within six months of the date of these presents and within one year of the same date he shall build a residential house to the satisfaction of the Collector, on a site allotted by the Collector or with the permission of the Collector on the provided that the condition about permanent residence may be relaxed by the Collector if a relation or any approved agent is appointed by the tenant to reside permanently in the said estate ;

(*o*) within 6 calendar months next after the date of these presents at his own cost to erect and finish fit for use on the land hereby demised, or elsewhere as near to the land as possible, houses, for the use of sub-tenants and dependents in accordance with a plan or plans to be approved in writing by the Collector and not erect or suffer to be erected on the demised land any building or permanent structure other than and except the said houses and buildings for agricultural purposes and to comply with all such directions as the Collector may issue from time to time as regards the construction of boundary marks and keep the same when erected in good repairs and order ;

(*p*) not to make any alteration in the plan or..... elevation of the said houses without such consent as aforesaid in order to use the same or permit the same to be used for any purpose other than that of houses for sub-tenants and dependents ;

(*q*) at all times to keep the said houses and premises in good and substantial repair and on the termination of this lease peaceably to yield up the property in such good and substantial repair upto the Government ;

(*r*) to secure that the method of farming, housing and living of sub-tenants and dependent conform as far as possible to the principles and programme of rural reconstruction laid down in the publications of the various departments of Government and the book 'Better villages' and

(2) Failure to comply with either sub-clause (*o*), (*p*), (*q*), (*r*) above or (*i*) below shall be deemed to be a breach of the terms of this lease and the Collectors' decision whether there has been a breach or non-fulfilment of the said clauses or any of them shall be final.

(*i*) to keep as tenants persons from his own or other waterlogged chaks of Jaranwala Tehsil.

Provisos

It is expressly agreed between the parties hereto as follows :—

(*a*) (*i*) If the tenant commits any breach of or fails to perform any of the terms or conditions of this lease or suffers or permits such breach or non-performance ;

OR

(*ii*) If the tenant is declared insolvent ;

then without prejudice to its rights otherwise Government shall be entitled to resume the land and/or adopt any other remedy provided for in the Act.

(*b*) The advance deposit of rupees one thousand shall be liable to forfeiture to Government if the Collector is satisfied that the tenant is negligent in the fulfilment of the conditions of this lease and in improving the land.

(c) On the expiry of the term of the lease the land shall revert to Government on payment of such compensation—

(*i*) for the improvements effected by the tenant in the land as is agreed upon by the parties to this lease ;

(*ii*) for damage caused to the surface of the land or to anything attached thereto, or to property of tenant by the act or negligent omission of any person duly authorised to enter the land in exercise of the mineral rights reserved to the Government, as may be assessed by the Collectors ; and

(*iii*) for damage to standing crops caused in exercise of the rights to construct or alter watercourses as may be assessed by the officer under whose orders such action is taken.

(*d*) If the tenant during the term of the tenancy surrenders any portion of the land he shall be allowed a proportionate reduction in the rent and other sums recoverable by Government.

(*e*) Any compensation payable by the Government to the tenant any sum or sums (otherwise) due to the Government from the tenant may set off against each other.

(*f*) If the tenant is ordered under section 118 of the Code of Criminal Procedure, 1898, to execute a bond to be of good behaviour, or is restricted to any area by an order under section 7, 8 or 12 of the Restriction of Habitual Offenders Act, (Punjab) Act of 1918, or is sentenced to a term of imprisonment of one year or longer and the order of sentence is not set aside or the sentence not reduced to a term of less than one year or appeal or revision, the Collector may order the resumption of the tenancy as provided in Section 24 of the Act.

(*g*) (*i*) If any question doubt or objection shall arise in any way connected with or arising out of these presents, or about the meaning or operation of any part thereof or the rights duties or obligations of either party ; then save in so far as the decision of any such matter has been hereinbefore provided for and has been so decided every such matter including the following questions shall be referred to the arbitration of the Commissioner :—

(*a*) whether any other provision has been made in these presents for the decision of any matter and if such provision has been made whether it has been finally decided accordingly, and

(*b*) whether the lease should be terminated or has been rightly terminated and what are the rights and obligations of the parties as the result of such termination.

(*ii*) The decision of the Commissioner shall be final and binding, and when any of the matters abovementioned involves a claim for or the payment, recovery or reduction of money only the amount so decided shall be recoverable in respect thereof.

Stamping and Registration

5. The tenant shall purchase the stamp an d within four months from the date of execution, shall present this instrument for registration at his own cost failing which without prejudice to Government's rights otherwise, such failure shall be regarded as breach of the conditions hereof.

Inter pretations

In these presents, unless the conte xt otherwise requires :—

(*a*) "the Canal Officer" means suc h officer of the Irrigation Branch of the Public Works Department, Punjab, as may be duly authorised to deal with any of the matters mentioned herein :

(*b*) "the Collector" means the Collector of the district for the time being and includes any other person duly authorised by general or special order to act on behalf of Government in this behalf ;

(*c*) "the Commissioner" means the Commissioner of the Multan Division for the time being ;

(*d*) "Government" shall include every person duly authorised to act for or represent the Government of the Punjab in relation to any matt er or thing contained in or arising out of the lease ;

(*e*) "the land" meant the land hereby demised ; and

(*f*) "the Tenant" includes jointly and severally the heirs, legal represe n- tatives and assigns of the tenant permitted by Government.

SCHEDULE A

DESCRIPTION AND BOUNDARIES OF THE LAND

An area of.....acres.....Kanals.....Marlas
situated in Mauza .....tehsil.....

the town of
district .....
Shown in the revenue records as No.

records of the local authoriry.

And bounded as follows :—

On the North by
On the East by
On the South by
On the West by

Plan

In witness whereof the said parties have hereunto set their hands at the places and on the dates hereinafter in each case specified.

Signatures of Executants and witness. { Signed for and on behalf of the Governor of the Punjab by ———

Officer of.....Acting Officer under the orders of the Governor of the Punjab, in the presence of.....

.....(address)

.....(description) Witness

on the.....day of.....

in the year one thousand nine hundred and.....

Signed by the said.....

in the presence of.....(Tenants)

.....(description) Witness

on the.....day of.....

in the year one thousand nine hundred and

.....

"IWZANA" PROCEEDINGS AGAINST PEOPLE LIVING IN THE VICINITY OF GOVERNMENT FORESTS.

176. Qazi Murid Ahmad: Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it has been brought to the notice of the Government that people living in the vicinity of Government Forest lands are often subjected to "Iwzana" proceedings and the "Iwazana" penalty is summarily imposed upon them; if so, the reasons therefor ;

(*b*) whether it is a fact that the victims of the "iwazana" proceedings have to make many appearances at distances ranging from sixty to seventy miles; if so, the action Government intends taking in the matter ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) Offenders under forest laws some-times volunteer to compound the cases in order to avoid prosecution. The compensation, so paid by them is fixed by matual agreement failing which the ordinary law takes its course.

(*b*) No.

GRAZING FEE IN GOVERNMENT FORESTS

177. Qazi Murid Ahmad: Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a few years ago the grazing fee for a goat in a Government forest was only two annas a year but now it has been raised to Rs. 6 a year; if so, the reasons thereof;

(*b*) the annual income which accrued to Government at the time when two annas fee was charged and the annual income when a fee of Rs. 6 is charges ;

(*c*) whether this enhancement of the grazing fee has led to an increase in the number of goats grazed in Government forests;

(*d*) what special developments have been made in Government forests as a result of the enhancement of the grazing fee ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan :—(*a*) Yes. With a view to improving the forest growth.

(*b*) The information is not available and would require sometime for collection.

(*c*) and (*d*). The number of goats has been reduced with a corresponding improvement in the Government forests which have thus been saved from browsing.

POINT OF PRIVILEGE.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I rise on a point of privilege. One honourable member on my right has just trespassed into our Party Benches. He must be removed to his own seat or he should declare that he has come to our side.

Mr. Speaker : The honourable member knows the Rule which says that when an honourable member rises to address the House, he can do so only in his own seat. That honourable member is not going to address the House from that seat.

Chaudhri Muhammad Shafiq : I want your ruling on the point whether a member can be removed to his own seat or not ?

Mr. Speaker : The point raised by the honourable member is simply frivolous.

DEMANDS FOR GRANTS

General Administration

Chief Minister (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana): Sir, I beg to move—

> That a sum not exceeding Rs. 1,32,13,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953 in respect of General Administration.

Mr. Speaker : Motion moved is—

> That a sum not exceeding Rs. 1,32,13,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953 in respect of General Administration.

General policy

*میاں عبدالباری (لائلپور حلقہ نمبر ۷ مسلم)— جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مطالبہ زر نمبر ۱۰ میں بقدر ایک روپیہ تخفیف کر دی جائے ۔ جناب صدر میں نے یہ تخفیف صرف اس لئے پیش کی ہے کہ اس مقتدر ایوان کے سامنے جس کی رائے اور عمل پر پنجاب کی فلاح و بہبود کا دارومدار ہے اور جس کی رائے اور عمل پر پاکستان کی تقویت کا دارومدار ہے اور جس ایوان کے ہر ایک فعل اور فیصلہ پر ملت اسلامیہ کی ساری دنیا میں امیدیں بندھی ہوئی ہیں اور جس مقتدر ایوان کے معزز ارکان نے خدا اور رسول کے سامنے جواب دہ ہونا ہے کہ ہم نے پاکستان کی اس بڑی عطا ملنے کے بعد کوئی ایسا کام تو نہیں کیا جو ملت اسلامیہ اور پاکستان کے لئے نقصان دہ ہو ۔ جناب والا! میں نے یہ تخفیف اس لئے پیش کی ہے کہ یہ ثابت کروں اس معزز اور مقتدر ایوان کے سامنے کہ یہ بجٹ کا مطالبہ زر نمبر ۱۰ صوبہ پنجاب کے لئے سخت نقصان دہ ہے اور میں یہ ثابت کروں اس مقتدر یوان

*Uncorrected Speech

کے سامنے کہ بجٹ کا یہ مطالبہ زر نمبر ۱۰ پاکستان کے لئے سخت نقصان دہ ہے اور میں یہ ثابت کروں اس معزز ایوان کے سامنے کہ بجٹ کا یہ مطالبہ زر نمبر ۱۰ اس مملکت خدا داد پاکستان کے مستقبل کے لئے تباہ کن ہے اور میں یہ ثابت کروں اس معزز ایوان کے سامنے کہ بجٹ کا یہ مطالبہ ذر نمبر ۱۰ پنجاب میں ایسی مہلک ٹریڈیشنز (traditions) قائم کر دیگا ۔ جو پاکستان کے لئے نہایت خطرناک اور مضر ثابت ہونگی اور میں یہ ثابت کروں اس معزز ایوان کے سامنے کہ بجٹ کا یہ مطالبہ زر.....

وزیر اعلیٰ : نمبر دس ۔

میاں عبدالباری :جماعت مسلم لیگ کے مواعید کے سراسر خلاف ہے اور میں یہ ثابت کروں اس معزز ایوان کے سامنے کہ یہ مطالبہ زر کسی اسلامی ریاست کے شایان شان نہیں ہے ۔ جناب والا میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ انگریزی راج میں انگریزی پالیسی کے تحت ان ایوانوں میں اپنے گورے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے ایسے مطالبات زر منظور کئے جاتے تھے اور مجھے یہ دیکھکر افسوس ہوتا ہے کہ آج ہمارے سانولے آقا مسلم لیگ کا لبادہ پہن کر اور اسلام کے کلچر کا نام لیکر ایک اس قسم کا بجٹ منظور کرانا چاہتے ہیں جو اپنی سامراجیت میں انگریز کے بدترین بجٹ کو بھی مات کر رہا ہے ۔

جناب‌والا! میں ان الزامات کے ثبوت میں جو میں آج اس بجٹ پر لگا رہا ہوں اور جن کو میں حقائق سمجھتا ہوں کوئی اس قسم کی دلیل پیش نہیں کرونگا جو کل اس مقتدر ایوان کے قائد جناب آنریبل میاں ممتاز دولتانہ صاحب نے اپنی بریت کے ثبوت میں پیش کئے ۔ یہ معزز ایوان جناب من ایک جج ہے جس نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ بجٹ جو پاکستان کی تعمیر کے بعد باقاعدہ منتخب شدہ اسمبلی کا پہلا بجٹ ہے ایک ایسی بنیاد رکھیگا جس پر مسلم لیگ کے وعدوں کے مطابق صحیح دیوار بنیگی ۔ جناب والا! یہ معزز ایوان ایسا بجٹ منظور نہیں کریگا جس سے اس ملک میں انگریز حاکم کی جگہ اب ایک آلیگار کی (oligarchy) قبضہ کرے اور وہ بالکل وہی عمل کرتی رہے جو انگریز کرتے تھے ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ میں اپنے پوائنٹس کے ثبوت میں ایسی دلیلیں پیش نہیں کروں گا جیسی کہ آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ اور آنریبل چودھری محمد حسین چٹھہ نے کل پیش کیں ۔ جناب من! الزامی دلیلیں ۔ ایسی دلیلیں جو دوستی اور دشمنی کی کہانیوں پر مشتمل ہوں ۔ ایسی دلیلیں جو طعن و تشنیع پر مشتمل ہوں ۔ ایسی دلیلیں جو الزام تراشی پر مشتمل ہوں اس

مقتدر ایوان کے شایان شان نہیں ہیں کیونکہ آج پاکستان بننے کے بعد انہی کے اوپر اس بنیاد کو رکھا جانا ہے جس پر کہ یہ عمارت کھڑی ہونی ۔ جناب والا آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ اکسفورڈ یونیورسٹی کے ایم اے اور بیرسٹر ہیں۔ وہ دلیلوں کی fallacy کو خوب سمجھتے ہیں ۔ وہ اس قسم کی دلیلوں کو جو صحیح نہ ہوں خوب سمجھتے ہیں ۔ لیکن اس ہاؤس میں کئی اصحاب ایسے بھی ہیں جو منطق نہیں جانتے ۔ ان پر واضح کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ میں ان کو بتلاؤں کہ جو دلیلیں آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے کل پیش کیں وہ سب کی سب fallacious تھیں ۔ میں قطعی طور پر کوئی ایسی دلیل پیش نہیں کرونگا اور آپ کی وساطت سے اس مقتدر ایوان کے ممبران سے درخواست کروں گا کہ وہ اس نازک وقت میں پارٹی الجھنوں سے بالا تر ہو کر اپنے آپ کو خدا کی سب سے بڑی امانت کے ذمہ دار سمجھتے ہوئے ان دلیلوں پر غور سے دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کریں کہ جو دلیلیں اس طرف سے پیش ہوئی ہیں وہ صحیح ہیں یا جو میں آج پیش کرنے والا ہوں وہ صحیح ہیں اور یہ خیال کرتے ہوئے فیصلہ کریں کہ ہم نے قیامت کے دن خدا اور رسول کے دربار میں اس بجٹ کا جواب دینا ہے کہ ہم نے تیری پہلی عطا کے بعد مجلس مشاورت میں جا کر یہ بنیاد رکھی ۔

اس کے بعد میں نہایت اختصار کے ساتھ ان مواعید کا ذکر کرتا ہوں جو جماعت مسلم لیگ نے ملت اسلامیہ کے ساتھ کئے اور جن کے متعلق وزیر اعلیٰ جناب میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے اپنی تقریر کی تمہید میں فرمایا کہ یہ وزارت اپنی ذمہ داری کا پورا عزم لیکر یہاں آئی ہے اور یہ جماعت تہیہ کر کے آئی ہے کہ مسلم لیگ نے عوام کے ساتھ جو وعدے کئے تھے ان کو پورا کرے گی ۔ ان وعدوں میں سے بڑے بڑے وعدے یہ تھے کہ مسلم لیگ پاکستان بننے کے بعد رشوت ستانی کا قلع قمع کرے گی ۔ مسلم لیگ اقربا نوازی کا قلع قمع کرے گی ۔ مسلم لیگ احیائے اسلام کرے گی اور مسلم لیگ حکومت کے اخلاق کو درست کرے گی اور سب سے بڑا وعدہ جو ہر میدان میں ہر ایک لیڈر نے چاہے وہ بڑا تھا یا چھوٹا یا جس کا قائد اعظم سے لیکر چھوٹے سے چھوٹے ورکر نے اعلان کیا یہ تھا کہ تنخواہوں کا تناسب جو انگریز نے مقرر کر رکھا تھا وہ ظالمانہ فعل ہے اور یہ متحدہ ہندوستان کو لوٹنے والی چیز ہے جس سے انگریز اپنا پیٹ بھرنا چاہتا ہے اور ہندوستان کو اپنی غلامی میں رکھنا چاہتا ہے اور ہم پاکستان بننے کے بعد پہلا کام یہ کریں گے کہ ہم تنخواہوں کے توازن کو قائم کریں گے ۔

جناب والا! اس تمہید کے بعد اس مقتدر ایوان کی توجہ ان چند امور کی طرف مبذول کرنے کے بعد جو میں نے پیش کئے ہیں میں سب سے پہلے ان اعداد و شمار کی طرف عود کرتا ہوں جو مطالبہ نمبر دس کے بارہ میں عزت مآب میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے بصد فخر و ناز کل پیش کئے تھے اور جن کے متعلق انہوں نے اتنی خود ستائی کی تھی کہ کوئی حد و حساب نہیں وہ اعداد و شمار جناب والا یہ ہیں ۔ جنرل ایڈمنسٹریشن کا پہلا مطالبہ الف (اے) ہے ۔ گورنر اور اس کے محکمہ کی تنخواہیں حسب ذیل ہیں ۔

ہیڈ آف دی پراونس ۔ گورنر ایک ۔ تنخواہ ماہوار چھ ہزار روپیہ اور اس کی سالانہ تنخواہ ۷۲ ہزار روپیہ ۔

سیکریٹریل سٹاف کی تنخواہ ۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ سیکریٹیریل سٹاف اس سیکریٹیریٹ کا سٹاف ہے جو وہاں بیٹھا ہوا ہے ۔ یہ سیکریٹیریل سٹاف وہ سٹاف ہے جو گورنر کا اپنا سٹاف ہے ۔ وہ اس کے گورنمنٹ ہاؤس میں رہتا ہے اور سیکریٹیریٹ میں نہیں بیٹھتا ۔ سیکریٹیریل سٹاف کی تنخواہ ۹,۳۵۰ روپے ہے ۔

ملک قادر بخش: (پارلیمنٹری سیکرٹری) On a point of order: گورنر اور اس کے محکمہ کے متعلق یہاں بحث نہیں ہو سکتی ۔

Mr. Speaker: The point of order is valid and the honourable member cannot make any reference to the Governor.

میاں عبدالباری: یہ اس وقت کی یادگار ہے جب انگریز یہاں ہوا کرتے تھے ۔ بہر حال میں آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں ۔ جو بڑی بڑی تنخواہیں میں نے سنائی تھیں وہ میں سنا چکا ہوں اور ہر ایک کو ان کا پتہ لگ گیا ہے ۔ اس کے بعد جناب والا کیا میں آپ سے پوچھ سکتا ہوں کہ آیا گورنر کی تنخواہ اور ان چیزوں کا اس مجلس میں تذکرہ بھی نہیں ہو سکتا ؟

Mr. Speaker: The honourable member cannot state anything more about it.

Mian Abdul Bari: I beg to submit that I want to give the statement in details.

Mr. Speaker: That means general discussion and that cannot be allowed.

Mian Abdul Bari: Most respectfully I beg to enquire if all the items mentioned in that particular place can be stated before the House or not ?

Mr. Speaker: I have said that no reference can be made to the Governor or his staff.

میاں منظور حسن: on a point of order کیا میں میاں صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ ان کی پریذیڈنسی کے عہد میں مشیروں کی جو تنخواہیں مقرر کی گئی تھیں وہ کس معیار کے مطابق مقرر کی گئی تھیں ۔

Mr. Speaker: Disallowed.

میاں عبدالباری: جناب صدر میں اس حصہ کو چھوڑتے ہوئے

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order, Sir. Rule 68 of the Rules of Procedure lays down as follows :—

"(1) The matter of every speech shall be strictly relevent to the matter before the Assembly.

(2) A member while speaking shall not—
(i) reflect upon His Majesty the King Emperor or use His Majesty's name for the purpose of influencing the debate;
(ii) reflect upon the Governor-General, His Majesty's Representative, or the Governor, in his personal capacity, provided that nothing in this sub-rule shall preclude any reference, subject to the provisions of the Government of India Act as adapted for the Dominion of Pakistan, to the Governor-General or the Governorin relation to any act done in his administrative capacity".

The Governor is drawing his pay in his administrative capacity and not in his personal capacity, hence he can be discussed because he is a part of the administration and is not out of it.

Mr. Speaker: This point of order is over-ruled.

وزیر اعلیٰ: میں صرف ایوان کو سمجھانے کے لئے—

Mr. Speaker: I have explained the position.

میاں عبدالجباری: جناب صدر ۔اسکے بعد دوسری شق ہے ۔ یہ شق تو ساری کی ساری ایسی ہے جسکے متعلق مجھے حکم ملا ہے کہ میں اسکی تفصیل میں کچھ اور عرض نہ کروں ۔ میں اسکی تعمیل کرتا ہوں ۔ اب میں وزرائے کرام کے مشاہرات کی طرف جناب کی توجہ مبارک اور جناب کی وساطت سے اس مقتدر ھاؤس کی توجہ مبارک منعطف کرانا چاھتا ہوں ۔ وزیر اعلیٰ صاحب صوبہ پنجاب کی سالانہ تنخواہ ۳۲ ہزار روپے ہے ۔ دیگر وزرائے کرام جن کی تعداد چھ ہے انکی سالانہ تنخواہ ۲۱ لاکھ اور ۱۶ ہزار روپے ہے ۔ (ایک آواز ۔ مشیروں کی تنخواہ کیا تھی ؟) ۔

میں یہاں اس چیز کا جواب بھی عرض کرونگا ۔ میں انکا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری توجہ اسطرف مبذول کرائی ۔ پانچ پارلیمنٹری حضرات ہیں جن کی سالانہ تنخواہ ۳۳ ہزار روپے ہے ۔ میزان تنخواہ ۲ لاکھ اور ۵۸ ہزار روپے ۔اسکے بعد سفر خرچ وزراء ۵۰ ہزار روپے ۔وزیر اعلی کا کرایہ مکان جو اس بجٹ میں درج ہے ۶ ہزار روپے ۔ دیگر وزرائے کرام کا کرایہ مکانات ۳۶۰۰ روپے ۔ میزان ۹۶۰۰ روپے ۔ آگے آئٹم ہے other contingencies اگر مزید ضرورت پڑے ۔اور ضرورتیں تو ختم ہی نہیں ہوتیں ۔اور یہ ہے ۷۲۰۰ روپے جناب والا اسکے بعد وزرائے کرام کے اخراجات کی میزان ہے ۳,۶۷,۸۰۰ روپے ان دونوں شقوں یعنی گورنر اور وزراء کے اخراجات کی میزان ہے ۷ لاکھ ۲ ہزار اور تین سو بیس روپے ۔ اس میں انکے اپنے عملے کے اخراجات شامل ہیں۔ جس قسم کے بھی وہ عملے ہیں ۔ وہ عملے نہیں جو سول سیکریٹیریٹ میں ہیں ۔ مجھے انکے سفر خرچ اور دوسرے کاموں کی تفاصیل بیان کرنے سے بند کر دیا گیا ہے ۔ ورنہ میں وہ بھی عرض کر دیتا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ انگریز

نے تو یہ تنخواھیں اور اتنی بڑی بڑی رقمیں اسلئے مقرر کی تھیں کہ وہ اپنا پیٹ بھی بھریں اور باقی لوٹ کر ولایت لے جائیں اور اسے مالا مال کریں۔ اب پاکستان بننے کے بعد ان چیزوں کیلئے کیا جواز ھے ؟ کیا جماعت مسلم لیگ نے عوام سے یہ وعدے نہیں کئے تھے کہ وہ تنخواھوں کے توازن کو درست کرینگے ۔ میں پوچھتا ھوں کہ کونسی چیز حارج تھی میرے نہایت معزز اور مقتدر وزیر اعلی پنجاب کی راہ میں کہ وہ ایک ایسی مثال قائم کرتے جسکی بنا پر وہ مجھ سے کسی قربانی کا مطالبہ کر سکتے ۔اس وقت پاکستان کی ابتدا ھے اس وقت ضرورت اس چیز کی تھی کہ وزرائے کرام اور خصوصاً میاں ممتاز محمد خان دولتانہ جن کو اللہ کی ذات مبارک نے دنیا کی ساری نعمتیں دے رکھی ھیں ایک ایسی مثال قائم کرتے جو آئندہ نسلوں کیلئے یادگار ھوتی ۔ جناب والا کسی کے گھر میں ایک بوری گندم کی لے جانے سے ملک کی اقتصادی کیفیت نہیں بدل جاتی ۔ حضرت عمر کے اس مشہور واقعہ کی جب وہ آٹے کی ایک بوری ایک ایسے گھر میں لے گئے جہاں عورتیں اور بچے بھوک سے بلک رھے تھے ۔ کیا اھمیت ھے ؟ اور جب غلام نے ان سے کہا کہ میں یہ بوری اپنے کندھوں پر اٹھا کر لے جاتا ھوں تو آپ نے اسے جواب دیا ۔ آج تو تو بوری اٹھا کر لے جائیگا کیا کل قیامت کے دن بھی تو میرا بوجھ اٹھائیگا ؟ میں یہ اسلئے عرض کر رھا ھوں کہ کل آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس وقت ابتدائے سلطنت میں نہایت ضروری ھے کہ ٹیکس لگائے جائیں ۔ بلکہ انہوں نے تو یہاں تک کہہ دیا تھا کہ وہ ٹیکسوں کو گھٹانا ملک سے غداری سمجھتے ھیں ۔ اور انہوں نے عوام کو ترغیب دی تھی کہ وہ پاکستان کیلئے ھر ایک قربانی کرنا سیکھیں ۔ خصوصاً اسلئے کہ یہاں تعمیری کام ھو رھے ھیں ۔ اور ترقی کی سکیمیں چلائی جا رھی ھیں ۔ یہ ملک اب آزاد ھے ۔ بہت بڑی ضرورت ھے یہاں دفاع کی ۔ تا کہ یہ ملک اتنا مضبوط ھو کہ کوئی اسکی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھ سکے ۔ ارشاد مبارک صحیح لیکن میں یہ پوچھتا ھوں کیا یہ تمام ارشادات صرف عوام کیلئے ھیں ۔ وزرائے کرام کیلئے کوئی ھدایت نہیں ؟ جو مثال حکمران قائم کریں عوام اسکی پیروی کرتے ھیں ۔ ابتدائے وقت میں اگر یہ قربانی کر دیتے اور اپنی تنخواھیں بھی گھٹاتے تو میں یقین سے کہہ سکتا ھوں کہ ان بڑے بڑے افسران میں سے جو انگریز کے وقت سے بڑی بڑی تنخواھیں پا رھے ھیں بہت سے ایسے ھیں جن کو کسی اور ترغیب کی ضرورت ھی نہ پڑتی ۔ وہ انکی مثال دیکھکر ھی قربانی پر آمادہ ھو جاتے ۔ لیکن آج بھی یہاں وھی اخراجات قائم رکھے جا رھے ھیں جو کسی

سر میلکم ہیلی یا کسی اور بد سے بد تر انگریز نے قائم کئے تھے ۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہونگا جناب والا کہ انگریز نے ایسے ٹیکس کبھی نہیں لگائے تھے جو آج یہاں لگے ہوئے ہیں ۔ انگریز نے اسی مالیہ زمین کے ساتھ دو لڑائیاں لڑی تھیں ۔ انگریز کو بھی یہ جرات نہ ہوئی کہ لڑائی کے دنوں میں جبکہ انگلستان کی زندگی اور موت کا سوال تھا اسے بھی یہ جرات نہ ہوئی کہ وہ معاملہ زمین کے ساتھ کوئی اور ٹیکس لگا سکے ۔اسنے دونوں لڑائیوں میں زمیندار سے صرف معاملہ اراضی ہی وصول کیا اور آج اپنی حکومت کا یہ حال ہے کہ مہاجر ٹیکس بھی ان لوگوں سے وصول کیا جاتا ہے جو خود مہاجر ہیں اور سیلاب ٹیکس بھی ان لوگوں سے لیا جاتا ہے جو خود سیلاب زدہ ہیں ۔ جناب والا ۔ پاکستان کی مخلوق بھوکی مر رہی ہے ۔ جن کے یہ نمائیندے ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ ان میں بہت سے ایسے ہیں جن کی عورتوں کے بدن پر کپڑا نہیں ۔ مخلوق کی حالت سے کون واقف نہیں ۔ میں ان سے اپیل کرتا ہوں مودبانہ درخواست کرتا ہوں کہ اس نازک وقت میں جبکہ ہمیں پاکستان کو کامرانی کی راہ پر گامزن کرنا ہے اسے پرانی روایات پر چلا کر تباہی کی غار میں نہ دھکیلیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر اعلیٰ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ خود پہلے کوئی مثال قائم کریں اگر وہ خود چھوٹی سی بھی قربانی کرینگے تو عوام ٹیکس کیا اپنی چمڑی بھی اتار کر آپ کو دیدینگے ۔ اگر آپ اپنی تنخواہوں کو گھٹا کر ایک مثال قائم کرینگے جو کہ دنیا کے مختلف ممالک میں قوم کے معماروں نے کی ہیں ۔ میں اس میں کس کس کا ذکر کروں ۔ خلافت راشدہ سے لیکر مصطفیٰ کمال تک کی مثالیں دیکھ لیں ۔ کسی نے اگر آپ حضرات کی طرح کیا ہو تو مجھے بتلاؤ اور اگر سب نے اس طرح کیا ہو جسطرح میں عرض کر رہا ہوں تو مجھے مان لو ۔ حضرت رسول اکرم ایک روز ٹوٹی ہوئی اور بوسیدہ چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے کہ حضرت عمر تشریف لائے اور رسول اکرم کی خدمت میں عرض کی کہ یا رسول اللہ قیصر و کسریٰ تو محلوں میں عیش کریں اور آپ دو جہاں کے بادشاہ ٹوٹی ہوئی چٹائی پر آرام کریں ۔ رسول اکرم نے فرمایا کہ میں اس دنیا میں ایک مسافر کی حیثیت سے رہتا ہوں جو ہر وقت آگے چلنے کے لئے کمر بستہ ہو ۔ اب آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جب رسول خدا کا یہ حال ہے تو آپ نے بھی کبھی اپنے متعلق کچھ سوچا ہے ؟ ایکدفعہ حضرت علی رات کے وقت دئیے کی روشنی میں بیٹھے حساب کتاب کر رہے تھے کہ ایک دوست ملنے کے لئے آئے ۔ جسوقت وہ ملاقاتی ان کے

پاس پہنچے حضرت علی نے دیئے کو بجھا دیا ۔ اس دوست نے پوچھا یا حضرت یہ کیا بات ہے ۔ وہ فرمانے لگے کہ میں اس تیل سے کام کر رہا تھا جو بیت المال کا ہے اور وہ میرا ذاتی کام نہ تھا ۔ اب یہ میرا ذاتی کام ہے اسلئے میں نے دیئے کو بجھا دیا ہے ۔ اب میں ان مثالوں سے ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نیک نیت ہیں اس لئے یہ تھوڑی سی مثالوں سے ہی سمجھ جائینگے ۔

اب میں زمانہ حاضرہ کا ذکر کرتا ہوں ۔ وہ سلطنت ترکیہ کا بانی مصطفیٰ کمال پاشا جو ہم جیسا ہی تھا ۔ جسکی وضع قطع بھی ایسی تھی جیسی آجکل کے کسی ماڈرن کیمرج یا آکسفورڈ کے گریجویٹ کی ہو ۔ جس کا طرز تمدن بھی ویسا ہی تھا جیسا کہ آپ کا ہے ۔ اس نے جب سلطنت عثمانیہ کی موت کے بعد قوم کو نئی احیا دی اور اس نے ٹرکی کو آزاد کرا کر انگورہ میں دارلخلافہ قائم کیا تو اس نے اپنی اقتصادی مشکلات کے باعث جسکا آج میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ وہی اقتصادی مشکلات جو ہر نئی مملکت کو پیش آتی ہیں اور انہی اقتصادی مشکلات کے باعث سرکار دو عالم کا یہ طریق عمل رہا کہ سارا عرب بھی فتح ہو گیا لیکن مسجد نبوی اخیر تک کچی رہی ۔ وہ مسجد نبوی جسمیں سے بہترین علما اور فضلا پیدا ہو کر سارے یورپ کے استاد بنے وہ آخیر تک کچی رہی ۔ یہانتک کہ جسوقت چھت سے پانی ٹپکتا تھا اور زمین پر کیچڑ ہو جاتا تھا تو وہ روئے مبارک پر لگ جاتا تھا ۔ جب سارا عرب فتح بھی ہو گیا تو پھر بھی اسے دوبارہ تعمیر نہ کیا اس لئے کہ ملک کے دوسرے مفید کاموں پر خرچ کرنیکو ترجیح دی گئی ۔ جناب صدر وہ تو تھی اس زمانے کی کیفیت اور اب اس زمانے کی کیفیت ملاحظہ کیجیئے کہ مصطفیٰ کمال پاشا ایک modernized اور بالکل آپ جیسا انسان جسکا طرز تمدن بھی وہی تھا جو آپ کا ہے ۔ اس نے اقتصادی مشکلات کو دیکھتے ہوئے پہلا کام یہ کیا کہ بڑے سے بڑے افسر کی تنخواہ پانچ سو روپیہ مقرر کر دی اور پانچ سو سے زیادہ تنخواہ کوئی افسر نہ لے سکتا تھا ۔ آجکل ہمارے سکول تو ولائتی گڑیاں پیدا کرتے ہیں ۔ اور ان کے سکولوں نے کمال اتاترک اور رؤف جیسی مجلیل القدر ہستیاں پیدا کیں جو عرصۂ دراز تک صرف پانچ سو روپیہ تنخواہ لیتے رہے ۔ حضرت عمر بھی خود بوری اٹھا کر ایک غریب کے مکان پر لے گئے ۔ جب حکمران ایک مثال قائم کرتا ہے ۔ توحکومت کے عمال اسکی پیروی کرتے ہیں ۔ اس لئے میں مودبانہ درخواست کرونگا کہ آپ انگریز کے بچوں کی تقلید کر کے اور مسلم لیگ کا نام لیکر عوام کو تباہ و برباد نہ کریں ۔ یہ قوم

کے ساتھ غداری ہے ۔ خدا کے لئے مسلم لیگ کا نام لیکر قوم اور اس مقتدر ایوان کو خراب نہ کریں ۔ (شور اور قطع کلامیاں)

جناب والا ۔ اس کے بعد میں نے صوبائی اسمبلی کے سالانہ خرچ کی صرف ایک شق کی طرف جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کرائی تھی ۔ آج ان ساری شقوں کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے معزز اور مقتدر رہنما لیڈر آف دی ہاؤس میاں ممتاز دولتانہ کو economy کا تو قطعی خیال نہیں رہا ۔ میں اس کی تفاصیل بیان نہیں کرونگا بلکہ مختصراً یہ کہونگا کہ ہم میں ہر ایک ممبر کی تین سو روپے ماہوار تنخواہ ہے ۔ اس وقت میاں ممتاز دولتانہ کو خدا نے بڑی اکثریت عطا کی ہے اور ایک بڑا دبدبہ عطا کیا ہے ۔ شروع سے ممبران کی تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ نہیں رہی ہے بلکہ اسے شروع ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہے ۔ مجھے سال یاد نہیں ۔ اس سے پہلے اسمبلی میں یہ قاعدہ تھا کہ جس دن ممبران اسمبلی میں آئیں اس دن سے یومیہ مشاہرہ ہوتا تھا ۔ اور اس کے ساتھ سفر خرچ ۔ اگر آج بھی اسی طرح کیا جائے تو صرف ممبروں کی تنخواہوں سے ۵ لاکھ ۶۱ ہزار اور ۵۵۰ روپے کی بچت ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ دوسری چیز سٹیشنری ہے ۔ میں یہ دیکھتا ہوں کہ ایک نوٹس ہمارے گھروں میں پہنچتا ہے ۔ جب ہم لاہور میں آتے ہیں تو ایک نوٹس اور آتا ہے ۔ پھر جب ہم اس اسمبلی ہال میں آتے ہیں تو ایک اور نوٹس تشریف لے آتے ہیں ۔ مجھے سٹیشنری کے متعلق اعداد و شمار معلوم نہیں ۔ وہ تفصیل اس بجٹ میں نہیں ہے ۔ لیکن جو سٹیشنری عیاشی کے طور پر ضائع ہوتی ہے میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر لیڈر آف دی ہاؤس اس طرف کچھ توجہ مبذول کرتے تو اس سے بے حساب غریب گھروں کو پالا جا سکتا تھا ۔ میری یہ درخواست ہے کہ اس کی طرف بھی توجہ کی جائے ۔

جناب والا ۔ میں گناہگار ہوں ۔ لیکن ساری عمر اس چیز کا کبھی خیال نہیں ہوا کہ میں دوسروں پر کوئی تنقید کروں اور اس پر خود عمل نہ کروں ۔ میں آپوزیشن کا ایک ممبر ہونے کی حیثیت سے آج یہ تنقید نہیں کر رہا بلکہ میں پاکستان کا ایک خادم ہونے کی حیثیت میں یا ان دوستوں کا پرانا رفیق کار ہونے میں یہ دیکھتے ہوئے کہ پاکستان دو راہوں پر گامزن ہے ۔ ایک طرف کامیابی اور کامرانی کی منزل ہے اور دوسری طرف وہ آگ کی غار ہے جس کے متعلق قرآن پاک میں ارشاد ہے ۔

و کنتم علی شفا حفرۃ من النار

ہم کامرانی اسی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں جب ہم خود دوسروں کیلئے مثال بن کر دکھائیں ۔ ملک و ملت کے لئے قربانی دیں ۔ اس لئے میں آج جناب کی موجودگی میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ میں آج کے بعد تین سو روپے ماہوار نہیں لونگا ۔ (آوازیں ۔ جزاک اللہ ۔ تالیاں) ۔ یہ کوئی بڑی قربانی نہیں ہے ۔ اس تین سو روپے ماہوار سے پاکستان کو کوئی بہت بڑا فائدہ نہیں ہو سکتا ۔ میں ایک غریب آدمی ہوں اور شکر ہے کہ خدا نے مجھے یہ فیصلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے یہ اعلان کسی فخر کیلئے نہیں کیا ۔ میں نے یہ اعلان کسی نمائش کیلئے نہیں کیا ۔ یہ اعلان میں نے صرف دو وجوہات کی بنا پر کیا ہے ایک یہ کہ قرآن کا ارشاد ہے ۔

یا ایھاالمومنون لما تقولون ما لا تفعلون

اے ایمان والو۔ تم وہ کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ۔ یہ اعلان میرے ان بزرگ دوستوں کی فہمائش کیلئے ہے ۔ تاکہ ہر شعبہ زندگی میں یہ سلسلہ جاری ہو جائے ۔ میری اپنی پارٹی کو یہ درخواست ہے کہ جب تک Treasury Benches کی طرف سے جب تک ایوان کے مقتدر لیڈروں کی طرف سے جب تک لیڈر آف دی ہاؤس کی طرف سے کوئی ایسی تجویز نہ آئے وہ یہ لیتے جائیں ۔ میں یہ درخواست کرونگا کہ جس طرح انہوں نے پہلے مہینے کی تنخواہ پارٹی فنڈ میں دی تھی اسی طرح یہ حضرات پارٹی فنڈ میں دیں ۔ پاکستان بننے سے پہلے ایک جماعت مسلم لیگ کی ضرورت تھی ۔ جس کے جھنڈے تلے سب مسلمان جمع ہوں ۔ آج اسی طرح ایک مضبوط حزب اختلاف کی ضرورت ہے ۔ جس کا کام حکمرانوں کے تشدد اور مظالم سے پاکستان کو بچانا ہے ۔ اس لئے جو روپیہ وہ پارٹی فنڈ میں دیں گے وہ پاکستان کی حقیقی ضرورت کو پورا کرے گا ۔

Chief Minister : It has nothing to do with the Budget.

میاں عبدالباری : جناب صدر — اس کے بعد اس شق میں انتخاب کی Item ہے ۔ ان انتخابات پر ۲ لاکھ ۴۶ ہزار اور ۵۸۰ روپے خرچ ہوئے ۔ میں نہایت اطمینان اور سکون قلب سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس خرچ سے مسلم لیگ پارٹی نے جو کلنک کا ٹیکا پنجاب اور پاکستان کے ماتھے پر لگا دیا ہے وہ عرصہ دراز تک کبھی نہیں دھل سکتا ۔ سکے گا ۔ ان انتخابات سے عوام کی دیانت اور اتحاد کو ٹھیس لگی ہے ۔ ان انتخابات نے دنیا میں پاکستان کو بدنام کر دیا ہے ۔ جناب آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ

نے کل اپنی جمہوریت کے متعلق بہت بلند بانگ دعوے کئے تھے - جمہوریت کا انحصار جناب والا آزادی ضمیر پر ہے -

شیخ ظفر حسین : On a point of order, Sir. جناب والا - آنریبل ممبر ایک ایسے مسئلے پر بحث کر رہے ہیں جو عدالت میں pending ہے - انتخابات کی بے ضابطگیوں کے متعلق کوئی reference دینا اس وقت مناسب نہیں کیونکہ انتخابات کے متعلق petitions ابھی pending ہیں-

خان بہادر کپتان ملک مظفرخان: On a point of order, Sir جناب والا - کیا اس ایوان کا سارا وقت آپ انہیں کو دینگے - ہمیں بھی وقت ملنا چاہئیے - تاکہ ہم بھی اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں - ہم کوئی گونگے بیل تو نہیں -

صادب سپیکر :آرڈر - آرڈر -

میاں عبدالباری :جناب والا - پنجاب کےانتخابات وہ بنیاد تھے جس پر پاکستان کی تعمیر کا انحصار تھا - وہ روپیہ جو انتخابات کی اس مد میں دکھایا گیا ہے اور جو پچھلے سال انتخابات پر خرچ کیا گیا اس نے اس بنیاد کو ٹیڑھا کر دیا ہے - اور ایسا ٹیڑھا کیا ہے جس کا کوئی حد و حساب نہیں - میں آپ کی وساطت سے حکومت پر واضح کردوں کہ اگر اس نے اس کی اصلاح نہ کی تو میں پورے وثوق اور یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ غرض جس کیلئے پاکستان قائم ہوا تھا بالکل فوت ہو جائیگی - جناب والا - پاکستان اس لئے بنا تھا کہ اس میں ضمیر کی آزادی ہو - ووٹ کی آزادی ہو - ہر شخص آزاد ہو اور اپنی مرضی کے مطابق - بغیر کسی قسم کے ناجائز بیرونی دباؤ کے ووٹ دے سکے - میں جناب وزیر اعلیٰ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ سے پوچھتا ہوں - کیا وہ چھاتی پر ہاتھ رکھکر کہہ سکتے ہیں کہ جس طرح صوبہ سرحد میں مسلم لیگ نے انتخابات لڑے ہیں اسی طرح ہمارے صوبہ کے انتخابات میں بھی بے ضابطگیاں اور بے قاعدگیاں نہیں ہوئیں ؟

وزیر اعلیٰ : جناب والا - میں چھاتی پر ہاتھ رکھکر کہتا ہوں کہ پنجاب کے انتخابات بالکل fair ہوئے ہیں -

صادب سپیکر : صوبہ سرحد کا حوالہ بالکل غیر متعلق ہے -

میاں عبدالباری : جناب من - اب میں Civil Secretariat کی طرف آتا ہوں- اس کیلئے اٹھائیس لاکھ دو ہزار اور تین سو پچاس روپے - پبلک سروس کمیشن کیلئے ایک لاکھ چھیالیں ہزار اور چھ سو دس روپے - فنانشل کمشنران کیلئے سات لاکھ اٹھاسی ہزار اور نو سو روپے اور لوکل

فنڈ آڈٹ کیلئے دو لاکھ ستائیس ہزار اور تین سو اسی روپے - اور کل میزان انتالیس لاکھ پینسٹھ ہزار اور دو سو تیس روپے - اس کے علاوہ ایک بہت بڑی مقدار میں دوسرے اخراجات بھی ہیں جن میں بڑے بڑے افسروں کی تنخواہیں شامل ہیں - ان میں آئی - سی - ایس - افسر بھی ہیں اور دوسرے بھی - میں سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر اعلیٰ اِس میں کمی کی بین تجویز پیش کر سکتے تھے اور یہ اس طرح کی جا سکتی تھی کہ حکومت کے وزرا اور حکام اعلیٰ کی تنخواہوں میں کمی کر کے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کے بوجھ کو ہلکا کرتے - میں سمجھتا ہوں اگر حکومت کے وزرا اور حکام اعلیٰ ایک دفعہ قربانی کی مثال بر وقت پیش کرتے تو کم تنخواہ پانے والے ملازمین کے علاوہ عوام بھی ان کے قائل اور گرویدہ ہو جاتے - جب انہیں قربانی کیلئے کہا جاتا ہے تو فرماتے ہیں کہ صاحب ہم نے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی حالت کو بہتر بنانے کیلئے Pay Commission کے احکام کی تعمیل اور او ر تکمیل کر دی ہے - اس سے زیادہ اور کیا کر سکتے ہیں - میں ان پر واضح کر دوں کہ Pay Commission کے احکام ان مواعید کو پورا نہیں کرتے جو مسلم لیگ نے متحدہ ہندوستان کے وقت سرکاری ملازمین سے کئے تھے - کس قدر افسوس کی بات ہے کہ Pay Commission جن لائنوں پر تقسیم سے قبل بنایا گیا تھا انہی پر پاکستان بننے کے بعد بھی قائم رکھا گیا - چنانچہ اس نے انگریز کے بنائے ہوئے انہی پرانے قواعد اور اصولوں کے مطابق اپنی سفارشات پیش کیں -

جناب صدر - انگریز کا ہمیشہ یہ اصول رہا ہے کہ وہ اپنے فائدے کی خاطر اپنی رعایا میں مختلف طبقات پیدا کیا کرتا تھا - جب کچھ دینا ہوتا تھا تو ایک طبقے کو اپنی نوازشات سے مالامال کر دیتا تھا اور دوسرے کو بالکل مفلس اور تباہ حال - ایک طبقے سے گٹھ جوڑ اور رابطہ و اتحاد قائم کر کے دوسرے کو لوٹتا تھا - چنانچہ میں جانتا ہوں کہ اس ملک میں اب بھی ایسے لوگ موجود ہیں - جن کا انگریزوں کے ساتھ گٹھ جوڑ تھا اور جنہوں نے اسی گٹھ جوڑ کی بنا پر غریبوں کو خوب لوٹا - چنانچہ جناب صدر Pay Commission مذکور بھی ان ہتھکنڈوں میں سے ایک تھا - میں سمجھتا ہوں کہ اس کی سفارشات کم تنخواہ پانے والے ملازمین کیلئے بالکل ناکافی ہیں - اگر اس Commission کو انہیں پرانی لائنوں پر قائم رکھکر اور اس کی پیش کردہ سفارشات پر عمل کرتے ہوئے ہمارے وزرائے کرام سمجھیں کہ وہ ملک و ملت کو اس chaos سے بچا لینگے جو نظر آرہا ہے تو یہ ان کی خام خیالی اور غلط فہمی ہے - آج عوام آپ کی طرف

نظریں لگائے بیٹھے ہیں کہ دیکھیں وہ مسلم لیگ جو انتخابات سے پہلے اس قدر بلند بانگ دعوے کیا کرتی تھی وہ کس طرح اپنے وعدے پورے کرتی ہے ۔ آج اگر میاں ممتاز دولتانہ صاحب قوم کی بہتری و بہبودی کی خاطر قربانی پیش کرتے ہوئے صوبے کے عوام کو ایک ہی رنگ میں رنگنے کی کوشش کریں۔جیسا کہ وہ کہہ تو دیتے ہیں مگر اس سلسلے میں کرتے کچھ نہیں۔ تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ عوام جو اس وقت آپ کے ٹیسکوں سے بیزار ہیں اگر آپ ان پر کوئی نیا ٹیکس لگانے کی تجویز کرینگے تو وہ آپ کو اپنی چمڑی آدھیڑ کر پیش کر دینگے ۔ مگر کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ میاں ممتاز دولتانہ اور محمد حسین چٹھہ صاحب خود تو ایک چھوڑ دو دو موٹروں میں سوار ہوں ۔ اعلیٰ قسم کی کوٹھیوں میں رہائش رکھتے ہوں اور سب سے زیادہ زمینوں کے مالک ہوں (ایک معزز ممبر ۔ ذرا اپنی جائداد کو بھی تو ملاحظہ فرمائیے) ۔اور تو اور ان کے سامنے ان سے بڑی کسی ہستی کا ذکر آجائے تو زبان بندی کر دیتے ہیں ۔ ان حالات میں جناب والا ۔ آپ خود ہی خیال فرمائیں کہ وہ عوام سے غلط اور نامناسب توقعات کیونکر وابستہ کر سکتے ہیں ۔ اور لوگ ان کے عائد کردہ ٹیکسوں کی تعظیم و تکریم کیسے کر سکتے ہیں ۔ جناب صدر ۔ قربانی پیش کر کے عوام کیلئے مایک مثال قائم کرنے سے پاکستان کے ذرائع اور وسائل میں یقیناً اضافہ ہوگا ۔ ابھی ابھی میرے بھائی نے ادھر سے میری جائداد کے متعلق حوالہ دیا ہے ۔ جناب ۔ جس بات کو میں ۱۹۴۰ سے نہ کہنا چاہتا تھا اور آج تک نہ کہی تھی اب عرض کئے دیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : This is irrelevant.

میاں عبدالباری :جناب والا : میں ان کی طرف صرف اشارہ ہی نہیں کرتا بلکہ صاف طور پر یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میرا تو اس وقت سے کوئی Bank balance ہی نہیں ۔

Mr. Speaker : That is irrelevant .

میاں عبدالباری ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ Civil Secretariat کے لئے اتنی بڑی رقم یعنی انتالیس لاکھ پینسٹھ ہزار اور دو سو تیس میں توفیف کی بہت سی مفید اور کار آمد تجویزیں پیش کی جا سکتی ہیں ۔ بشرطیکہ وزیر اعلیٰ صاحب اس سلسلے میں خود مثال قائم کرنے کیلئے تیار ہوں ۔ اس سے صوبے کی حالت بھی بہت حد تک بہتر ہو سکے گی اور ان کی نیک نامی بھی ہو جائیگی ۔

جناب من ۔ اس کے بعد ضمن ای اور ڈی ہیں ۔ ان میں کمشنروں ۔ اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں اور سب ڈویژنل افسروں کے اخراجات درج ہیں ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اضلاع کے ان اخراجات میں اکثر ایسی جگہ کمی کی جا سکتی ہے جہاں عملے پر عملہ چڑھا ہوا ہے ۔ کیونکہ یہ چیز مشاہدے میں آ چکی ہے کہ جہاں پہلے ایک تحصیلدار کام کیا کرتا تھا وہاں اب آٹھ ہیں ۔ جہاں ایک قانون گو ہوتا تھا اب دس ہیں اور جہاں ایک افسر حکومت کا کام چلانے کیلئے متعین ہوتا تھا وہاں اب بارہ ہیں اس تجویز میں کافی تخفیف کی گنجائش ہے ۔ حکومت کو چاہئیے کہ فالتو اور زائد عملے کا پتہ چلانے کیلئے کوئی موثر قدم اٹھائے تاکہ فالتو عملے کو کم کرنے سے بچت کی صورت نکل آئے ۔

جناب صدر ۔ میں میاں ممتاز محمد خان دولتانہ صاحب کو اس ایوان میں ہمیشہ ان کے پورے نام سے خطاب کرتا ہوں ۔ بھلا یہ کس لئے کہتا ہوں ۔ محض اس لئے کہ اس ایوان کے آداب قائم رہیں ۔ اس کے علاوہ اور کوئی وجہ نہیں ۔

Mr. Speaker : The honourable member should realise that it would be much better if he refers to members by designation and not by name. This is the convention of the House of Commons.

میاں عبدالباری : بہت اچھا جناب ۔ میں تو ہر معزز رکن کا نام ادب سے لیتا ہوں خواہ وہ میرے بیٹے جتنا ہو خواہ وہ میرے بھتیجے جتنا ہو ۔ میں اسے معزز رکن یا آنریبل ممبر کہہ کر ہی پکارتا ہوں ۔

Mr. Speaker: The honourable member would do well to establish a good convention.

میاں عبدالباری : مگر جناب والا ۔ آنریبل وزیر اعلیٰ جنہیں اپنی جمہوریت پسندی پر ناز اور گھمنڈ ہے کسی ممبر کا پورا نام بھی نہیں لیتے خواہ وہ ان کے باپ کی عمر کا ہو یا چچے کا ہم عمر ہو ۔ مجھے وہ چاہے کسی نام سے بلائیں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ خیر تو میں عرض کر رہا تھا کہ آنریبل وزیر اعلیٰ کو اپنے بجٹ پر بڑا ناز ہے ۔ اور وہ بڑے طمطراق سے صوبے کی اقتصادی ساکھ پر فخر کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The honourable member should confine himself to the policy underlying this particular item and not enter on a general discussion.

میاں عبدالباری : I am coming to that. انہوں نے لغات میں سے ہر تعریفی لفظ چن چن کر اپنی مدح سرائی میں استعمال کر ڈالا ہے ۔ مشکل سے کوئی تعریف کا کلمہ باقی رہ گیا ہوگا جو انہوں نے خود ستائی میں صرف نہ کیا ہوگا ۔ اپنے بجٹ کی تعریف میں انہوں نے بے حد

گوھر افشانی کی ھے مثلاً حزم و احتیاط ۔ تدبر ۔ دور اندیشی ۔ متانت ۔ متین لیاقت غرض ھر طرح کی تعریف . . . .

Mr. Speaker : Will the honourable member please note what I have said.

میاں عبدالباری—جناب والا میں اچھی طرح نوٹ کر چکا ھوں کہ آپ نے کیا فرمایا ھے اور مجھے کیا کرنا ھے ۔ میں جنرل ایڈمنسٹریشن کی اسی خاص آئٹم پر ھی بحث کر رھا ھوں جو آج زیر غور ھے ۔ میں عرض کر رھا تھا کہ آنریبل وزیر اعلیٰ نے اپنے میزانیہ کی تعریف میں وہ سب کچھ کہ ڈالا ھے جو کسی ڈکشنری میں مندرجہ تعریفی کلمات کی فہرست میں موجود ھو سکتا ھے ۔ مگر جناب والا میں حیران ھوں کہ ان کی اپنی پارٹی کے ارکان نے کیوں ان کی یہ تعریفیں نہ کیں جو آنریبل وزیر اعلیٰ کو یہ ساری تکلیف خود ھی کرنی پڑی ۔ انہوں نے ھر بار خود ھی اپنے ''بھانڈے،، کو سراھا اور اپنی داد آپ ھی دی ۔ آخر اپنے منہ سے میاں مٹھو بننا اور اپنی تعریف آپ ھی کرنا تو قرین دانش نہیں ھوتا ۔ بلکہ یہ تو قابل ملامت بات ھے کہ کوئی شخص بھری محفل میں اپنی تعریف آپ ھی کرے ۔ یہ تو ایک قابل رحم حالت کی غمازی کرتا ھے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order.

کیا جنرل ایڈمنسٹریشن کے سلسلے میں آنریبل وزیر اعلیٰ کے کام پر تنقید نہیں کی جا سکتی ؟

Mr. Speaker : The honourable member has not listened to what I have said. What I said was that general discussion of the budget as a whole cannot be permitted at this stage, but only the policy underlying this particular item can be discussed.

Chaudhri Muhammad Shafiq : But he was discussing the Chief Minister.

Mr. Speaker : Please resume your seat.

میاں عبدالباری :جناب والا۔پنجاب کے اقتصادی نظام کی ساکھ کی تعریف میں آنریبل وزیر اعلیٰ نے سارے تعریفی کلمات استعمال کر ڈالے ھیں مثلاً احتیاط ۔ تدبر دیانت ۔ متین ۔ وغیرہ ۔

Mr. Speaker : The honourable member should keep in mind the remarks that I have made.

میاں عبدالباری : انہوں نے خودستائی کے عالم میں یہ دعوی بھی کیا کہ اقتصادی نظام کے متعلق میرا نظریہ یہ ھے ۔ایسے اخراجات برداشت کرنے چاھئیں جن سے ھمارے اقتصادی نظام میں وسعت پیدا ھوجائے ۔ نہ صرف سکول اور سڑکیں بنائی جائیں بلکہ اقتصادیات کو وسیع تر کیا جائے ٹیکسوں کو عوام پر سے گھٹانا قوم سے غداری ھوگی ۔

Chief Minister : On a point of personal explanation.

I have never said so.....

میں نے یہ کہا تھا کہ اگر قوم کی ترقی کو تیز تر کرنے کے لئے زیادہ ٹیکس عائد کرنا ضروری ہو تو مزید ٹیکس نہ لگانا قومی مفاد کے خلاف ہوگا ۔ اور ایسا کرنا قوم سے غداری کرنے کے مترادف ہوگا ۔

Mian Abdul Bari : You said so. (*interruptions*)

Mr. Speaker : Please do not interrupt the Honourable Leader of the House.

Mian Abdul Bari : I am not interrupting him, but he is interrupting me. Please stop him.

Mr. Speaker : Will the honourable member please sit down. The Honourable Chief Minister wanted an occasion for personal explanation and he was allowed to do so.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Explanations cannot be allowed if the honourable member, who is in possession of the House, is not prepared to give way.

Mr. Speaker : It can be allowed at any stage.

میاں عبدالباری : جناب صدر ۔ میں اسی نظریہ کے متعلق تقریر کر رہا ہوں کہ جس کا تذکرہ آنریبل وزیر اعلیٰ نے جنرل ایڈمنسٹریشن کے سلسلے میں کیا تھا ۔

Mr. Speaker : I must interrupt the honourable member again. The demand under discussion does not relate to the item which he has named.

Mian Abdul Bari : I have named only two items.

Mr. Speaker : The honourable member cannot do so. I have already said that the honourable member cannot enter into a ge neral discussion of the budget.

Mian Abdul Bari : I am taking only those things which have been stated in my motion.....

Mr. Speaker : The honourable member must remember.....

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order, Sir.

Mr. Speaker : There can be no point of order w hen the Speaker is addres sing the House. The honourable member must remember the general rule of the House of Commons which I will enforce now. I thought it would not be necessary to do so, but now I see that it is necessary to enforce that rule. That rule is that reference to debates which have taken place in the same session cannot be permitted. For the benefit of the honourable member I will read the relevant passage from May's Parliamentary Practice :—

"Reference to debate of current session is discouraged even if such is not irrelevant as it tends to reopen matters already discussed."

میاں عبدالباری—اسکے علاوہ جناب والا ۔ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ علاقہ تھل کی جن سڑکوں اور نہروں کی تعمیر پر وہ اتنا فخر و ناز کر رہے ہیں وہ تو سر سکندر حیات خان مرحوم کے زمانے میں تجویز ہوئی تھیں اور اب اگر سر سکندر مرحوم کے منصوبوں میں سے بعض پر تھوڑا بہت عمل ہوا ہے تو اس پر اس قدر اترانے کی کیا ضرورت ہے ؟ مگر ہمارے وزیر اعلیٰ سر سکندر حیات خان مرحوم کے کارناموں کا کریڈٹ (credit) بھی خود ہی لیکر اپنی تعریف میں رطب‌اللسان ہو رہے ہیں ۔ اور دوسروں کے

سوچے ہوئے منصوبوں کو اپنی طرف منسوب کر کے خود ستائی کے پل باندھ رہے ہیں ۔ ایک ایک سکول اور ایک ایک سڑک اور ایک ایک بلڈنگ اور نہر کا نام لیکر وہ خود ستائی کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔ مگر ان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ کسی ملک کا قابل فخر سرمایہ وہاں کی سڑکیں ۔ نہریں اور بلڈنگیں نہیں ہوا کرتیں بلکہ قوم کا اصل سرمایہ اور متاع وہ افراد ہیں جن کی شہری آزادی اور حریت کو وہ آج کچل رہے ہیں ۔ اور جو اس ملک میں بس رہے ہیں اور پس رہے ہیں ۔ ان افراد کی آزادی کو تو آپ نے دبا رکھا ہے مگر سڑکوں اور نہروں پر بے دریغ روپیہ صرف کر رہے ہیں حالانکہ عوام زندگی کی ابتدائی ضرورتوں کو ترس رہے ہیں ۔ جناب صدر ! جناب وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ مسلم لیگ کے مواعید کے ایفا کا ہم نے تہیہ کیا ہے ۔ لیکن charity begins at home میں نے یہ ثابت کیا ہے ان اعداد و شمار سے جو اسوقت میں نے پیش کئے ہیں کہ اس ضمن میں صرف یہی نہیں کہ انہوں نے کوئی خدمت نہیں کی بلکہ انہوں نے پرانی مثال قائم رکھتے ہوئے ملک و ملت کیلئے ایک ایسی راہ نکال دی ہے جسکی بنا پر انگریز اس بجٹ کے ذریعہ سے ہندوستانیوں کو پھسلایا کرتے تھے اور ان میں سے ایک طبقہ کو توڑ کر اپنے ساتھ ملایا کرتے تھے ۔ اسی طرح یہ لوگ انگریزوں کی گدی لے کر اور کچھ لوگوں کو اپنے ساتھی بنا کر اس ملک میں ایک oligarchy قائم کرنا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The honourable member has stated this thing at least 15 times.

میاں عبدالباری : جناب صدر ! اب اسکے بعد میں باقی کی چند مدات جن کا اس بجٹ میں سے ذکر کرنا باقی ہے پیش کروں گا ۔ ایک چیز جسکی طرف جناب کی وساطت سے خاص طور پر ایوان کی توجہ دلانے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ باقی سب کچھ ہے ۔ اگر خانہ خالی ہے تو کونسا ؟ وہ جناب جس ضمن میں لکھا ہوا ہے ۔ نام ہے اور باقی اللہ بیلی ۔ وہ ہے ڈائرکٹر آف اسلامک ریکنسٹرکشن ۔ یہاں ڈائرکٹر آف اسلامک ریکنسٹرکشن کے آگے پھوٹی کوڑی بھی نہیں رکھی گئی ۔ ممکن ہے میرے دوست کہدیں (ہمیں تو آج ہی بولنے کا موقع ملا ہے اور وہ تو جب چاہیں بول سکتے ہیں) ہاں تو ممکن ہے میرے دوست یہ کہدیں کہ ہم نے محکمہ اسلامیات کو ڈیڑھ لاکھ روپیہ دیدیا ہے ۔ تو جناب صدر ! میں پہلے تو یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ڈیڑھ لاکھ روپیہ بتیس کروڑ میں سے پاکستان بننے کے بعد جو دیا گیا ہے یہ جو حاتم کی قبر پر لات ماری ہے اگر اس میں سے کوئی ڈائرکٹر مقرر کر دیتے پھر تو گاڑی بھی چلتی ۔ لیکن اب اس محکمہ کی جو کیفیت

میں دیکھتا ہوں وہ یہ ہے کہ سوائے اسکے کہ وہ اس کام کیلئے رکھے جائیں جو انگریز یہاں مسلمانوں کو قابو کرنیکے لئے اپنے بلارے چھوڑ کر کیا کرتا تھا اور یہ محکمہ بنایا کرتا تھا ۔ اور کوئی غرض اس محکمہ سے نہیں ہے ۔ میں پوچھتا ہوں پولیس کیلئے جو نہایت بڑا اور ایک چلتا ہوا محکمہ ہے اسکے لئے ہزاروں روپیہ کی تنخواہ لینے والا شخص ضروری ہے ۔ دوسرے ہر ایک محکمہ کیلئے چاہے وہ زراعت ہو چاہے صنعت ہو چاہے حرفت ہو یا چھوٹے سے چھوٹا محکمہ ہو ۔ اسکے لئے ایک بہت بڑے تنخواہ دار کی ضرورت ہے ۔ یہ سب کچھ ہمارے فاضل دوست نے منظور کیا ہے ۔ لیکن اسلامیات کو ایک ایسا ڈائرکٹر بھی عطا نہیں کیا جس کا اتنا صحیح دماغ ہو کہ اس محکمہ کی بنیاد رکھ سکے ۔ اور اس وعدے کو پورا کر سکتے جو ملت اسلامیہ کے ساتھ کیا گیا تھا ۔ جناب والا ! اسلامیات کی شق سے میں آپ پر یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ محکمہ قطعاً انہی اغراض کیلئے بنایا گیا ہے جن اغواض کیلئے انگریز مولویوں کو اپنے دست راست بنایا کرتے تھے ۔ جناب صدر آپ دیکھیں گے کہ کوئی ڈائرکٹر نہیں ہے ۔ اسکے لئے بھی honorarium لے رہے ہوں گے ۔ اور پبلک ریلیشنز والے بھی یہ کام ہی کر رہے ہونگے ۔ اسکے بعد جناب والا آپ دیکھیں گے کہ total pay چودہ ہزار چار سو پچاس روپیہ ہے ۔ Conveyance and Travelling Allowance چھ ہزار آٹھ سو پچاس روپیہ Other Allowances نو ہزار ایک سو پچاس روپیہ اور contingencies ایک لاکھ پانچ ہزار چار سو پچاس روپیہ ۔ آپ مجھے دنیا میں کوئی ایسی شق دکھا دیں جہاں ڈاڑھی سے مونچھیں بڑی ہوں ۔ باقی کاموں کیلئے سینکڑوں اور ہزاروں اور contingencies کیلئے لاکھوں ۔ یعنی ایک لاکھ پانچ ہزار چار سو پچاس روپیہ ۔ اسکے بعد ڈیپارٹمنٹ آف اسلامیات کا سارا میزان ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ ۔ اسکے علاوہ پنتیس ہزار روپیہ کتابوں کی تالیف کیلئے ۔ اور دس ہزار روپیہ کس لئے ؟ علما کی انجمن مشاورت کیلئے میں پوچھتا ہوں .....

خان عبدالستار خان نیازی — on a point of order, Sir. قطع نظر اسکے کہ انکی بات صحیح ہے یا غلط ۔ یہ Miscellaneous کی ڈیمانڈ میں ہے ۔ یہاں نہیں ہے ۔

میاں عبدالباری — میں اسلئے بیان کر رہا ہوں ۔ .....

Mr. Speaker : Please listen. I have told the honourable member that he can refer only to those items which come under this particular demand and not others.

Mian Abdul Bari : Can I not refer to those items which are to be referred to by the Honourable Chief Minister ?

Mr. Speaker : I do not know to what he is going to refer. If he refers to such things which are not permissible, I will stop him.

Mian Abdul Bari : Thank you, Sir. You are not only stopping me but you will also stop him.

جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کتابوں کیلئے پینتیس ہزار روپیہ رکھا گیا ہے ۔ تاکہ پرانی کتابیں جو نہ ملیں ان کو چھاپ دیا جائے ۔ اور contingencies کیلئے ایک لاکھ پانچ ہزار چار سو پچاس اور ڈائرکٹر کوئی نہیں ہوگا ۔ انجمن مشاورت جسکو چاہے مقرر کر دے ۔ اسکے لئے دس ہزار روپیہ ۔

Mr. Speaker : To which item of the demand is the honourable member referring ?

Mian Abdul Bari : I am referring to the item which is to be referred to by the Honourable Chief Minister.

Mr. Speaker : Which particular item of demand No. 10.

Mian Abdul Bari : I am referring to the item, 'Director of Islamic Reconstruction'.

Mr. Speaker : There is no reference to any contingencies here.

Mian Abdul Bari : I will just show it to you. It is at page 183, last item of (c). It is Director of Islamic Reconstruction. I have said that he is not given anything. He has named 1,50,000 and out of that he has not appointed even one Director of Islamic Reconstruction.

Mr. Speaker : So far as the criticism with regard to non-appointment of the Director of Islamic Reconstruction was concerned, it was perfectly valid. But since demand No. 10 does not contain any reference to other items, he has referred to, he cannot bring them under discussion.

Mian Abdul Bari : All right, Sir.

جناب والا ! اس کے بعد اس بجٹ میں جو چیز قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ اس میں بھلائیوں کے جتنے خانے ہیں وہ سب خالی ہیں اور برائیوں کے جتنے خانے ہیں وہ پر ہیں ۔ ایک خانہ ہے اس میں (G) Expenditure from Rural Reconstruction Grant. (اخراجات اصلاح دیہات) کا ذکر ہے ۔ اس کے لئے ایک کوڑی بھی نہیں ۔ پھر Director of Islamic Reconstruction ہے اس کے لئے بھی ایک کوڑی نہیں رکھی گئی ۔ اس کے بعد (H) Special Development Programme. (اصلاحی پروگرام) ہے جس کے لئے کچھ نہیں ۔ ایک اور (I) Peasants Welfare Programme. (دیہاتیوں کی بھلائی کا پروگرام) ہے اس کے لئے خانے موجود ہیں مگر ان میں سب کچھ گم ہے ۔

Sheikh Zafar Hussain : Fill in the blanks.

Khan Abdul Sattar Khan Niazi : But he cannot do so.

بیان عبدالباری — جناب والا! یہ ہیں وہ عام اعداد و شمار جو زیر نگاہ بجٹ میں دئے گئے ہیں ۔ کیا کوئی شخص کوشش کر کے

صرف دو ایام میں اتنی چیزیں پیش کر سکتا ہے جتنی کہ میں نے اپنی تقریر میں جناب پیش کی ہیں ۔ اگر میں یہ کہوں کہ میں حسابات میں ماہر ہوں تو یہ غلط ہوگا ۔

جناب صدر اس میں کچھ ایسی اصولی غلطیاں ہیں جن کی وجہ سے آج ہم اس بجٹ کو پاس کرنے سے پنجاب کو ہی نہیں بلکہ سارے پاکستان کو ایک ایسی منزل کی طرف غلط راستہ پر گامزن کر دیں گے جس سے ایشیائی ممالک میں ایک نئی تباہی آ جائیگی ۔ چند حکمران کچھ اس قسم کی لائنز اختیار کرتے ہیں اور جابرانہ طور پر ایسا بجٹ بنا کر گٹھ جوڑ کر لیتے ہیں جو عوام کے لئے بد تر ہوتا ہے ۔ یہ وہ غلطیاں ہیں جن میں انگریز نے ہندوستان کو مبتلا کر رکھا تھا ۔ اس کی مثال ایران اور دوسرے ایشیائی ممالک میں بھی ملتی ہے ۔ اس لئے میں اس ایوان کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے آپ پارٹی کے اختلاف سے بالاتر ہو کر بھول کر بھی ایسا نہ کریں ۔ میں نے خدا کو حاضر ناظر سمجھتے ہوئے اس بجٹ پر اظہار خیال کیا ہے ۔ اگر آپ یہ اعداد و شمار جو پیش کئے گئے ہیں ، مسلم لیگ کے جو مواعید میں نے سنائے ہیں، جو دلائل دئے ہیں اور جو قصے بیان کئے ہیں ، ان کو صحیح سمجھتے ہیں تو اس بجٹ کو پھینک دیجئے ۔

میں اپنے محترم بھائی اور دوست وزیر اعلیٰ کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ خدا کے لئے ایسا بجٹ پیش کر کے اس قسم کی بری بنیاد قائم نہ کریں بلکہ اس بجٹ کی مثال ایسی ہو جس سے آئندہ نسلوں کے حکمران قربانی کی منزلوں پر گامزن ہوں اور شکم پروری کی منازل کی طرف گامزن ہو کر قوم کو تباہ نہ کر دیں ۔ جناب صدر ۔ ہم سب کو ایک اللہ کے سامنے جانا ہے جس نے ہم سے پوچھنا ہے کہ اس ایوان کے اندر جب پنجاب کی قسمت کا فیصلہ کرنے کے لئے تمہیں بھیجا تھا تو تم نے کیا کیا ۔ پاکستان جو ہم نے تمہیں دیا تھا کیا تم نے اسکی بھلائی کو نظر میں رکھا ۔

جناب صدر یہ ہیں وہ چند معروضات جو میں وزیر اعلیٰ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

و آخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—
That the total demand be reduced by Re. 1.

مسٹر ابو سعید انور — (لاہور کارپوریشن نمبر ۳ مسلم)
جناب والا ! میں آنریبل نائب رہنمائے حزب مخالف کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنی تمام تقریر کی بنیاد ایک ایسی جماعت کے وعدوں پر رکھی ہے جسے

وہ اب خیرباد کہ چکے ہیں ۔ انہوں نے اس بات کا عملی ثبوت دیا ہے اور وہ اس بات کے متمنی ہی نہیں بلکہ متوقع بھی ہیں کہ مسلم لیگ اپنے وعدوں کو ایفا کرے جو اس نے عامتہ الناس سے کئے ہیں ۔ جناب والا ! پیشتر اس کے کہ میں ان تمام الزامات کے متعلق جو محترم نائب لیڈر حزب مخالف نے عائد کئے ہیں کچھ عرض کروں میں چاہتا ہوں کہ سب سے پہلے ان واقعات کی طرف ایک معمولی سا اشارہ کردوں جو اس بات کی بنیاد ہیں کہ مسلم لیگ نے اپنے مستقل مبسوط اور مربوط منشور کے ساتھ عامتہ الناس میں کس طرح مقبولیت حاصل کی ۔

Mian Abdul Bari : On a point of order. Can any other honourable member discuss anything except that which you have ordered him to talk ?

Mr. Speaker : No.

Mian Abdul Bari : Right Sir. Then I draw your attention to it.

مسٹر ابو سعید انور : جناب والا! میاں صاحب نے مسلم لیگ کے وعدوں کا تو ذکر فرما دیا اور اسے اپنے ارشادات کی بنیاد سمجھا ۔

Mr. Speaker : Will the honourable member kindly confine his remarks to the criticism made against the demand.

مسٹر ابو سعید انور ! جناب والا ۔ سب سے پہلے میاں صاحب نے تخفیف اخراجات کا ذکر کیا ہے اس سلسلہ میں مجھے ان سے اصولاً اس بات پر اتفاق ہے کہ ہمارے ملک کے اخراجات جتنے کم ہو سکیں ، کئے جائیں لیکن ان کی یہ حکمت عملی منفیانہ حکمت عملی ہے ۔ ہمارا ملک نیا ہے ہماری حکومت نئی ہے ، اور یہ عامتہ الناس کی خوش حالی اور فارغ البالی کی ضامن ہے اور اس کا فرض ہے کہ وہ ملک کے ذرائع آمدنی میں اضافہ کرے عوام کی اقدار کو بلند کرے ۔ اس کے فرائض یہی نہیں ہیں کہ کٹوتیاں دکھائے اور بچت کر کے دنیا کو بتائے کہ ہمیں اخراجات پر پورا قابو ہے ۔ آج اس حکومت نے جو سکیمیں ملک کے سامنے اپنے پروگرام میں پیش کی ہیں اور جن پر عمل در آمد شروع ہو گیا ہے میں سمجھتا ہوں وہ ایک آزاد حکومت کی بنیاد ہیں ۔ وہ سکیمیں ملک کی دولت کے متعلق ہیں اور ملک کی ترقی کے لئے ہیں ۔ چنانچہ اب ہمیں دیکھنا ہے کہ یہ سکیمیں صحیح طریق سے کامیاب ہوں ۔ جناب والا میں اس ضمن میں ان کے اعتراضات کا بالتفصیل جواب دینا اس لئے ضروری نہیں سمجھتا کیونکہ ان کی بنیاد محض منفی پروگرام پر استوار ہے ۔ انہوں نے کوئی ایسی تجویز پیش نہیں کی، نہ وہ اس پوزیشن میں تھے کہ وہ کوئی تجویز بتاتے ۔ حضور والا ہمیں تو ملک کی دولت کو بڑھانا ہے ، معیار زندگی کو بلند کرنا ہے ۔ ایک طرف تو حزب مخالف یہ کہتی ہے کہ پٹواریوں کی تنخواہوں کو بڑھانا چاہئے افسران اور

ایڈمنسٹریشن کی بہتری کے لئے مطالبات کئے جاتے ہیں اور یہ کہا جاتا ہے کہ یہاں ایک model حکومت ہو ۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ رشوت کا قلع قمع کیا جائے اور اس کے لئے ملازمین کے معیار زندگی کو بلند کیا جائے مگر دوسری طرف وہ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ لوگوں کی تنخواہیں گھٹا کر ان کو اقتصادی مشکلات میں ڈال دیا جائے تاکہ نہ کسی کو ان سے نجات ملے اور نہ کوئی اچھا کام کر سکے ۔

جناب والا! میں سمجھتا! ہوں کہ ان تنخواہوں کے اخراجات کا گھٹانا اپنی قوم اور اپنی ایڈمنسٹریشن کو رشوت ستانیوں کی طرف راغب کرنا ہوگا ۔

میاں عبدالباری — زندہ باد ۔

مسٹر ابو سعید انور—جناب والا ! جہاں تک محترم نائب رہنمائے حزب مخالف کا یہ فرمانا ہے کہ وزراء جو خرچ کرتے ہیں ان کی تنخواہوں وغیرہ پر خرچ کو کم کر دیا جائے اس کے متعلق شاید میاں صاحب نے کبھی اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ کانگرس کی منسٹریوں نے آزادی کی تحریک کے بعد ۱۹۳۷ء میں وزراء کی تنخواہیں پانچ پانچ سو روپے رکھی تھیں ۔ میاں صاحب کو ایک پرانے سیاست دان ہونے کی حیثیت سے معلوم ہونا چاہئیے کہ جب ان کانگرسی وزارتوں کے اخراجات کے گوشوارے شائع ہوئے تو ان کی کوٹھیوں کے اخراجات ان کی موٹروں کے اخراجات ان کے پرائیویٹ عملہ کے اخراجات جو گورنمنٹ کے ذمہ ڈالے گئے اس خرچ کی نسبت تین گنا تھے ۔ دنیا کو دھوکہ دینے کے لئے پانچ پانچ سو روپیہ تنخواہیں رکھ لینا اور باقی سب خرچ سرکار کے خزانہ پر ڈال دینا یہ تو صرف میاں صاحب کے دور مشاورت میں ہی ہو سکتا تھا ہمارے دور وزارت میں نہیں ہوگا ۔

جناب والا !حزب مخالف کل تک جس بات کو صحیح سمجھتی تھی وہ آج کیسے غلط ہو گئی ۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے کہ میاں صاحب کی کوششوں سے ان کی سفارش پر پانچ مشیر مقرر ہوئے ۔ ان کی تنخواہیں

میاں عبدالباری — On a point of explanation, Sir. ان مشیروں کی تنخواہیں گورنر اور وزیر اعظم نے مقرر کی تھیں حالانکہ میں اس بات کے حق میں تھا کہ ان کی تنخواہیں کم ہونی چاہئیں ۔

سردار ممتاز علی — میاں صاحب نے ان مشیروں کو استعفے دینے کے لئے کیوں نہ کہہ دیا ؟

Mr. Speaker : That is irrelevant.

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! جہاں تک میاں صاحب نے سفر خرچ اور وزراء کے دوسرے اخراجات کا ذکر کیا ہے اس سلسلے میں میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ یہ پنجاب اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی وزارت ہے جس نے یہ احکام جاری کئے ہیں کہ کوئی وزیر یا کوئی افسر اپنے دوروں پر کوئی پبلک ڈنر نہیں لے سکتا یعنی کوئی دعوت قبول نہیں کر سکتا ۔ وزراء ڈاک بنگلوں میں ٹھہریں اور اپنا خرچ کریں ۔

میاں عبدالباری — بڑی تیغ ماری اے ۔

مسٹر ابو سعید انور — میاں صاحب کسی کام کی اہمیت کو ماننے کے لئے تیار ہی نہیں ۔ بہر حال مجھے وزارت کی طرف سے ان کے ڈیفینس کی ضرورت نہیں ہے ۔ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس اپنی wind up speech میں ان معاملات پر روشنی ڈالینگے ۔

جناب والا میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ موجودہ بجٹ مملکت پاکستان کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا اور یہ tendency مملکت پاکستان کے لئے تباہ کن ہوگی ۔ میں نہیں سمجھتا کہ انہوں نے کن خدشات کے پیش نظر یہ بات کہی ہے۔ کیونکہ موجودہ بجٹ میں ایک خاص طریقہ سے ایک خاص سلیقہ سے اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ ملک کے ذرائع آمدنی کو بڑھایا جائے۔ اس کے قدرتی وسائل سے زیادہ سے زیادہ دولت پیدا کی جائے ۔ افادی کام کئے جائیں ! جناب والا۔ خرچ تخمینہ کا تابع ہوتا ہے اور تخمینہ آمدن پر کیا جاتا ہے۔ میاں صاحب نے لفظ ''تابع،، کے ڈکشنری میں کوئی اور ہی معنی سمجھے ہیں ۔ میں میاں صاحب پر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بجٹ جسے انہوں نے پاکستان اور پنجاب کے لئے ''تباہ کن،، بتایا ہے حقیقت میں تعمیری ہے ۔

جہاں تک میاں صاحب کا انتخابات کے خرچ پر تنقید کا تعلق ہے کہ یہ خرچ کیسے ہوا اور اس انتخاب میں مسلم لیگ نے کیا کیا میں عرض کرونگا کہ انہیں انتخابات کی طفیل معزز اراکین یہاں بیٹھے ہیں ۔ یہ کام بغیر خرچ کے تو سر انجام نہیں دیا جا سکتا تھا ۔ انتخابات کی آمد آمد تھی وہ لوگ جو مسلم لیگ کی ذلت کا باعث ہوئے ۔جنہوں نے مسلم لیگ کے روشن نام کو بدنام کرنے کی کوشش کی جب انہوں نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ سے یہ جماعت ذکلی جا رہی ہے تو انہوں نے ایک نئی سیاسی جماعت بنانے کی کوشش کی ۔ انہوں نے سمجھا ۔

Mian Abdul Bari : Point of order, Sir. Is it relevant ?

Mr. Speaker : That is for me to decide.

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! انہوں نے عوام کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے ایک نئی پارٹی قائم کرنی چاہی اور سیاسی مقاصد کے لئے اس مرحوم و مغفور عظیم‌الشان ہستی کا نام استعمال کیا گیا ۔

Mr. Speaker : That is irrelevant.

مسٹر ابو سعید انور —جناب والا! یہاں پر ہم نے دیکھا کہ انتخابات سے پہلے مشروم آرگنائزیشنز نکل آئیں اور ان تمام جماعتوں نے ملکر ایک کانفرنس کی کہ مسلم لیگ جس کے پاؤں تلے سے ان کے خیال کے مطابق زمین نکل چکی تھی اس کی جگہ اپنی حکومت قائم کی جائے۔ جناب والا! ان تمام کوششوں کے باوجود ان کو اپنی political bankruptcy کا ثبوت مل چکا ہے ۔

Mr. Speaker : That again is irrelevant.

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا! انہوں نے دیکھ لیا کہ عامتہ الناس میں مسلم لیگ کو بدنام نہیں کیا جا سکا اور .....

Mr. Speaker : Muslim League is not under discussion.

مسٹر ابو سعید انور — بہت بہتر جناب والا ! ان انتخابات نے جو کچھ بتایا اس کا نتیجہ ظاہر ہے ۔ ان کی آمیدیں موہوم ہو کر رہ گئیں ۔

جناب والا—میاں صاحب نے اپنی تقریر میں کوئی خاص بات نہیں کی جس کا میں جواب دوں ۔ کچھ معمولی چیزیں ہیں جن کا میں جواب دونگا اور .....

خان افتخار حسین خان — آپ کی سمجھ سے بالاتر تھیں ۔

مسٹر ابو سعید انور — جی ہاں سخن از عالم‌بالا ست ۔ جناب والا! میاں صاحب نے لوکل آڈٹ فنڈ اور فنانشل کمشنرز کے دو ہیڈز کے متعلق بھی ذکر فرمایا ۔ ان دونوں ہیڈز میں اس وقت جو کچھ بھی خرچ ہو رہا ہے وہ کسی طرح بھی pre-partition days سے یا ان کے دور حکومت سے زیادہ نہیں ہے ۔ اس سلسلے میں ایک آنریبل ممبر نے ۔ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ملک قادر بخش صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ ہمارے آڈٹ سسٹم میں ایک سپر آڈٹ سسٹم ہونا چاہئیے تاکہ ہمارے ملک کی وہ دولت اور وہ خزانہ جو عوام کی contributions اور محنت سے جمع ہو صحیح طور پر خرچ ہو سکے ۔ میرے خیال میں بھی لوکل آڈٹ فنڈ میں جتنا روپیہ خرچ ہو وہ درست ہے اور ہمیں اس کی efficiency کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ ہمارے انتظامات زیادہ بہتر ہو سکیں اور اخراجات کا گوشوارہ بھی درست ہو ۔

جناب والا ! پے کمیشن Pay Commission کی سفارشات کے متعلق بھی میاں صاحب نے اشارہ کیا تھا ۔ یہ سفارشات پاکستان کی اقتصادی

زندگی سے تعلق رکھتی ہیں ۔ ہمیں اس بات کو مد نظر رکھنا ہے کہ ہم اپنے صوبہ کے اندر ان چھوٹی تنخواہوں کے لئے جو گرانٹ دے رہے ہیں یا جو عام لوگوں کی تنخواہوں میں اضافہ کر رہے ہیں یہ اس لئے ہے کہ ان کے معیار زندگی میں اور ہمارے ہمسایہ صوبوں کے معیار زندگی میں کوئی تفاوت نہ رہے ۔ پنجاب پاکستان کا ایک حصہ ہے ۔ ہماری پالیسی اور ہمارا اقتصادی نظام ایک مجموعی اقتصادی نظام ہے۔ اور ہمیں چاہئیے کہ اس مجموعی اقتصادی نظام کو ایک رسی میں پروئے رکھیں ۔ جناب والا! ہمارے لئے لازمی ہے کہ اس نظام کو درہم برہم کرنے کی کوشش نہ کریں ۔ مرکز جس سے کہ ہمیں ہدایات ملتی ہیں ہمارے لئے مشعل راہ ہے ۔ ہمیں کوئی ایسا قدم نہیں اُٹھانا چاہئیے جو اس کے ساتھ مطابقت نہ کرتا ہو ۔ اضلاعی ایڈمنسٹریشن کے متعلق بھی میاں صاحب نے کچھ فرمایا تھا ۔ کل جب انہوں نے جنرل ڈسکسشن میں تقریر کی تھی تو انہیں بڑی شکائیت پیدا ہوئی تھی اور انہوں نے اضلاعی ایڈمنسٹریشن کے سلسلہ میں ایسے ریمارک کئے تھے....

Mr. Speaker : Discussions of yesterday cannot be brought under reference.

مسٹر ابو سعید انور — بہر حال اس قسم کی غلط بچت سے اضلاعی ایڈمنسٹریشن کی efficiency پر اثر پڑیگا ۔ میں بنیادی طور پر اس کے متعلق کہہ چکا ہوں ۔ ہمیں دیکھنا ہے کہ ہم ایسی کنجوسی نہ کریں اور ایسے مصارف سے ہاتھ نہ کھینچیں کہ جن مصارف کے بغیر ایڈمنسٹریشن میں حرج ہو یا جن کے بغیر ملک کی عام حالت میں خرابی واقع ہو ایسی economics میاں صاحب نے پڑھی ہوگی اور کسی اچھی حکومت کو ایسی economy پر مجبور کرنا بہت بڑا ظلم ہے (میاں عبدالباری ۔ وزراء کی تنخواہیں کم کر دیجئے) ان کی تنخواہیں بھی کم کر دینگے ۔ آپ دیکھیں گے کہ بہت کچھ ہوگا ۔ آپ نے تو بڑی قربانی فرمائی اور اپنے ۳۰۰ روپے نہ لینے کا اعلان کر دیا ۔ یہ تو انفرادی اعلان ہو کے رہ گیا ہے ۔ میں سمجھتا تھا کہ آپ حزب اختلاف کی طرف سے اعلان فرمائینگے کہ وہ سب کے سب آج کے بعد اپنی تنخواہیں وصول نہیں کیا کرینگے ۔ جب آپ کو اپنے گھر میں کنٹرول حاصل نہیں تو .....

Mr. Speaker : I ruled that part of the speech as irrelevant and, therefore, that part of the speech should not be brought under discussion.

مسٹر ابو سعید انور — بہت بہتر ۔ مجھے ان کی irrelevant باتوں کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ۔ آخیر میں اسلامیات کے متعلق بھی کہا گیا تھا ۔ جناب والا ! جس دن سے سیشن شروع ہوا ہے اس دن سے ہم یہ

برابر سنتے چلے آ رہے ہیں کہ فلاں چیز اسلام کے قانون کے مطابق نہیں ہے ۔ فلاں چیز غیر اسلامی ہے اور فلاں چیز اسلام کے مطابق نہیں ہے ۔ اور بجٹ پر جو تقریر کی گئی ہے وہ غیر اسلامی ہے اور وزراء کو اسلام کے متعلق پتہ نہیں اور اسلام صرف ان ممبروں میں رہ گیا ہے جو میرے اس جانب بیٹھے ہیں ۔ میں اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ جناب والا میں تو حکومت کو اس اقدام پر مبارکباد دیتا ہوں کہ اس نے اسلامی کتابوں کا وہ ذخیرہ جو بالکل ناپید ہو گیا تھا اور اسلامی لٹریچر کی وہ کتابیں جو آج بازار میں نہیں ملتیں ان کو دوبارہ پرنٹ کرنے کا تہیہ کیا ہے ۔ اس میں آپ کو غیر اسلامی بات کیا نظر آتی ہے ۔ جہاں تک اس معاملہ کو میں سمجھتا ہوں اور اسلام کے متعلق جو تھوڑا بہت علم مجھے ہے مجھے اجازت مرحمت فرمائیے جناب والا ! کہ اس کے متعلق دو تین باتیں حزب اختلاف کے نائب کی خدمت میں عرض کر دوں ۔

Mr. Speaker : The only point is about the appointment of Director of Islamiat.

مسٹر ابو سعید انور — جہاں تک ڈائرکٹر اسلامیات کی تقرری کے سوال کا تعلق ہے حکومت کو غالباً ابھی تک کوئی موزوں اُمیدوار نہیں ملا اگر مولوی صاحب بتا دیں یا اگر وہ خود اس کے لئے اُمیدوار ہوں تو حکومت اس پر غور کرے گی ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : Can an honourable member make reference to another honourable member as to whether he is a candidate for that post or not?

Mr. Speaker : The whole discussion is irrelevant. I have ruled it out of order. There were two items under discussion on which criticism was made by the honourable member.

مسٹر ابو سعید انور — پھر جناب والا انہوں نے فرمایا کہ سٹول سکریٹیریٹ کے لئے ۲,۸۲,۳۰۵ روپے اور پبلک سروس کمیشن کے لئے ایک لاکھ اور کچھ ہزار جو رکھے گئے ہیں اس کے بھی وہ خلاف ہیں ۔

Mian Abdul Bari : I never said that.

Mr. Speaker : The honourable member did discuss Public Service Commissiin.

Mian Abdul Bari : I never said that its present expenses are too much.

مسٹر ابو سعید انور — یہ حکومت چاہتی ہے جیسا کہ حزب مخالف کی طرف سے بھی بار بار اس کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ مقابلے کے امتحان کے ذریعہ ملازمتوں میں لوگوں کو رکھا جائے ۔ وہ یہ چاہتی ہے کہ اس طرح کنبہ پروری اور اقربا نوازی اور دوست نوازی نہ ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پبلک سروس کمشن کا یہ ادارہ ایسا ہے جس کے توسط سے ہم مقابلے کے امتحان کے ذریعے اپنی سروسز میں آدمیوں کو لے سکتے ہیں ۔ اور ہم

پبلک سروس کمیشن کے اس طریق کار کے اوپر فخر کر سکتے ہیں ۔ ان کے انتخاب کے اوپر صوبہ کے کونے کونے سے ہمیشہ اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے ۔ میری ناقص رائے میں میاں صاحب نے اس کی اہمیت کو سمجھا ہی نہیں اور انہوں نے اس کے خرچ کے اوپر جو اعتراض کیا ہے وہ برائے اعتراض ہے اور کچھ نہیں ۔

Mian Abdul Bari : I never made any remarks about this item. The honourable member should not make a wrong statement.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The honourable member cannot read from his papers.

مسٹر ابوسعید انور — پھر جناب والا انہوں نے سیکریٹیریٹ کے متعلق فرمایا ۔ وہ ابھی فرمادیں کہ انہوں نے اس کا ذکر کیا تھا یا نہیں

Mian Abdul Bari : No. I said I can make suggestions for.

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! میاں عبدالباری صاحب نے سول سیکریٹیریٹ .....

Mr. Speaker : Will the honourable member resume his seat. The only point under discussion with regard to Civil Secretariat, as I understood was about the high salaries given to the officers and if the honourable member wants to say anything about that he can do so.

مسٹر ابو سعید انور — پھر انہوں نے افسروں کی تنخواہوں کے سوال کو لیا ۔ اس کے متعلق میں کہہ چکا ہوں کہ اگر کسی اچھے مزدور کو اچھی تنخواہ نہ دی جائے تو ہم اس سے اچھے کام کی توقع نہیں کر سکتے۔ ہم نے تو اپنے ملک کا معیار زندگی بلند کرنا ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہم کلرکوں کی تنخواہیں بڑھائیں ۔ سپاہیوں کی تنخواہیں بڑھائیں ۔ ہیڈ اسسٹنٹوں کی تنخواہیں بڑھائیں ۔ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ کام بھی سب ہو جائیں اور تنخواہیں نہ بڑھیں تو یہ ناممکن بات ہے ۔ جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے نائب لیڈر حزب اختلاف سے کہنا چاہتا ہوں ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Honourable members who are anxious to indulge in conversation can go to the lobbies.

مسٹر ابوسعید انور — جناب والا اگر یہی وطیرہ حزب اختلاف کے بارہ میں بھی اختیار کیاجائے تو وہ ایک item پر بھی نہ بول سکیں ۔

Mr. Speaker : Order please.

مسٹر ابو سعید انور — ایک اور چیز ہے جس کے متعلق مجھے کچھ عرض کرنا ہے ۔ میاں صاحب نے فرمایا کہ کسی ملک کا کریڈٹ اس کا وہ پٹا ہوا سرمایہ نہیں ہے جو زمینوں کی صورت میں ۔ نہروں کی صورت میں ۔ سکولوں کی صورت میں یا ہسپتالوں کی صورت میں ہے۔بلکہ یہ ایمان کا کام ہے۔

ان کی یہ عالم بالا کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی ۔ ایک ایسا ملک جس میں صرف انسان ہی انسان بستے ہوں اور ان کے ترقی کے وسائل کوئی نہ ہوں ۔ ان کی زمینیں اناج نہ اگاتی ہوں ۔ ان کی نہروں میں پانی نہ ہو ۔ ان کے پن کارخانے نہ ہوں اور ان کو اچھی تنخواہیں نہ ملتی ہوں ۔ میرا خیال ہے کہ میاں صاحب اس دنیا کا نہیں بلکہ کسی اور جنت کا ذکر کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : All this is irrelevant. If the honourable member has nothing to say he should resume his seat .

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! مجھے ایک بات یہ کہنی ہے کہ ہمارے اسی صوبہ کی اقتصادی زندگی کے لئے اور اس جنرل ایڈمنسٹریشن کو بہتر بنانے کیلئے ایک چیز جسے ہم نے سامنے رکھنا ہے وہ ہے sense of duty وہ لوگ جو سرکاری خزانہ سے تنخواہیں پاتے ہیں ۔ جن کے متعلق ہمارے آنریبل لیڈر نے فرمایا کہ انکو کسی قسم کا (pressure) کسی قسم کا خوف نہیں ہونا چاہئیے ۔ اگر ان کا مطالبہ یہ ہے کہ انکے معیار زندگی کے اندر کسی قسم کی کمی نہیں ہونی چاہئیے تو انکو یہ بھی سمجھ لینا چاہئیے کہ sense of duty اور دیانتداری کے بغیر جنرل ایڈمنسٹریشن نہیں چل سکتی اور نہ اسکی خرابیاں دور ہو سکتی ہیں (تالیاں) ۔

جناب والا ! میاں عبدالباری صاحب نے اس ایوان میں جو کچھ فرمایا اسکے جواب میں میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں ۔

گیا دور مشیر کاری گیا تماشا دکھا کر وہ باری گیا (تالیاں اور شور)

Mr. Speaker : Will the hon'ble member please withdraw his remarks ?

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! I withdraw, Sir. جہانتک میاں عبدالباری صاحب کی تقریر میں جنرل ایڈمنسٹریشن کے مختلف items اور اسکی خرابیوں کا تعلق تھا وہ تمام باتیں صرف پانچ منٹ میں کہی جا سکتی تھیں ۔ لیکن آپ نے اس معزز رکن کو ڈیڑھ گھنٹہ تک غیر متعلقہ باتیں کہنے کی اجازت فرمائی (شور) ۔

Mr. Speaker : That is not for the hon'ble member to say. Will he please withdraw these words ?

مسٹر ابو سعید انور — جناب والا ! میں I withdraw, Sir سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات میں ان provisions سے جو اس بجٹ میں جنرل ایڈمنسٹریشن کے لئے رکھی گئی ہیں بہتر provisions نہیں ہو سکتی تھیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ جناب والا میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

خان عبدالستار خان نیازی ۔ (میانوالی نمبر ۲ مسلم) — جناب والا ! میں آپکی وساطت سے اس ایوان کے معزز اراکین کے سامنے

یہ بحث نہیں کرنا چاہتا کہ اس مد کے اخراجات کم ہیں یا زیادہ ۔ بلکہ میں تو صرف یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب ایڈمنسٹریشن کے لئے کل بجٹ ۲۳ کروڑ ۲۷ لاکھ روپے کا سولھواں حصہ

Mr Speaker : That is not under discussion.

خان عبدالستار خان نیازی—آپ سن تو لیں ۔ میں صرف مسائلت بیان کر رہا ہوں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق جو خرچ ہے وہ کل بجٹ کا ۱/۱۶ (سولھواں) حصہ ہے ۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ اسکی اہمیت بے حد زیادہ ہے ۔ اور جب تک اس چیز کو پیش نظر نہ رکھا جائے کہ اس نے کو نسے کام کو سر انجام دینا ہے اور کس نقطہ نگاہ کے پیش نظر اسکو سر انجام دینا ہے ۔ اس وقت تک اخراجات کی اس مد کے لئے کوئی وجہ جواز (justification) نہیں ہو سکتی ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ جنرل ایڈمنسٹریشن یا نظم و نسق تو صوبہ کے تمام اخراجات پر نگرانی رکھنے اور انہیں کنٹرول کرنے کیلئے ہوتا ہے ۔ اور نگران کیلئے دیانتدار ہونا اور کام کو بطریق احسن سر انجام دینے کی اہلیت رکھنا لازمی ہوتا ہے ۔ ایڈمنسٹریشن کے موجودہ حالات میں جن وسائل و ذرائع کو پیش نظر رکھا جارہا ہے وہ ایسے ہیں کہ ہم انکے ذریعہ حکومت کے دوسرے اداروں پر نگرانی رکھ کے خلق خدا کی فلاح و بہبود کیلئے کام نہیں کر سکتے اور نہ انہیں آرام و آسائش اور ناگزیر ضروریات زندگی مہیا کر سکتے ہیں ۔ اس صوبہ کے اندر جنرل ایڈمنسٹریشن کے ذریعہ وہ کچھ کیا جا رہا ہے جو نا قابل برداشت ہے ۔ کیا یہ جنرل ایڈمنسٹریشن اسلئے ہے کہ اسکے ذریعہ پبلک سیفٹی ایکٹ کی ظالمانہ روایات کو برقرار رکھا جائے ؟ کیا اس مد کے اخراجات اسلئے برداشت کئے جا رہے ہیں کہ ان غریب لوگوں کو جو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت جیلوں میں سڑ رہے ہیں جیلوں کے اندر بند رکھا جائے ؟ قوم کے ان دیرینہ خادموں کو کہ جن کی تنظیمی صلاحیتوں سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا ۔ بغیر مقدمہ چلائے یا قصور بتائے لا محدود عرصہ کے لئے محبوس رکھا جائے ۔ میری مراد علامہ عنایت اللہ خان مشرقی سے ہے جو اس وقت جیل میں سڑ رہے ہیں۔ آپ کو علامہ مشرقی کے سیاسی کردار سے اختلاف ہو سکتا ہے لیکن پاکستان سے اُسکی وفاداری شک و شبہ سے بالاتر ہے ۔ اس لئے اُن کا جلد از جلد رہا کیا جانا ضروری ہے جب تک وزیر اعلیٰ سے لے کر چپڑاسی تک جنرل ایڈمنسٹریشن کے تمام ذمہ دار اراکین کے دلوں میں خوف

خدا پیدا نہیں ہوتا اور وہ اپنے آپکو خدا کے سامنے جوابدہ اور ذمہ دار نہیں سمجھتے یہ نظم و نسق خلق خدا کے لئے مستقل عذاب بنا رہیگا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (شیخ ظفر حسین) — کیا میں آنریبل ممبر سے پوچھ سکتا ہوں کہ انہوں نے خاکسار تحریک سے استعفیٰ کیوں دیا تھا ؟

خان عبدالستار خان نیازی — میں اسکا جواب بھی عرض کرونگا ۔ میں کبھی خاکسار نہیں رہا ۔ اس لئے استعفا کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ مجھے علامہ مشرقی سے موجودہ مصیبت میں ہمدردی ضرور ہے ۔

Mr. Speaker : That is irrelevant and need not be answered.

خان عبدالستار خان نیازی — ضرورت یہ ہے کہ موجودہ صورت حالات میں اس نکتہ نگاہ کو سامنے رکھا جائے کہ نظم و نسق کیلئے سب سے ضروری چیز ایمانداری اور دیانتداری ہے ۔ جب تک ہم ان اصولوں کے مطابق سیکریٹیریٹ کے اندر آدمی مقرر نہیں کرتے ۔ وہ آدمی جو تمام اداروں اور تمام محکموں سے کام لینے کیلئے اور انہیں کنٹرول میں رکھنے کیلئے مقرر کئے جاتے ہیں ۔ اس وقت تک صوبہ کے عوام کی فلاح و بہبود کا انتظام نہیں ہو سکتا ۔ قیام پاکستان کے بعد وفاداری اور کارگذاری کا تصور یکسر بدل چکا ہے ۔ پہلے انگریز کی خوشنودی مزاج معراج تھا ۔ اب رب العالمین کے احکام کی پابندی رسول اللہ کی متابعت اور امت کی منفعت مقصود و منتہی ہے ۔ ظاہر ہے کہ اس بدلی ہوئی وفاداری کے مطابق خدمت اور امانت efficiency and honesty ہی معیار ترقی ہوگا ۔ اس لئے ہمارے عمال سلطنت کو اب خدمت اور بے لوث خدمت کا جذبہ اپنے اندر پیدا کرنا ہوگا ۔ مگر میں یہ دیکھتا ہوں کہ جو لوگ جنرل ایڈمنسٹریشن کے اندر ہیں اور جنہیں بجٹ کی اس provision سے provide کیا جائیگا ۔ اور جن کی عزت و آبرو اس روپے کے ساتھ ہوگی ۔ انکا نقطہ نگاہ بالکل فرنگیانہ ۔ غیر منصفانہ اور ناعاقبت اندیشانہ ہے ۔ خود اس ایوان کو دیکھئیے ۔ اسکی چھت کی طرف نگاہ دوڑائیے ۔ باوجود اس امر کے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کو ہر قسم کے اختیارات حاصل ہیں اور جنرل ایڈمنسٹریشن کے سب سے بڑے افسر خود وزیر اعلیٰ ہیں ۔ ابھی تک اس ایوان کی چھت پر وہی لایعنی نقش و نگار اور وہی یونینسٹ پارٹی کے مشرکانہ آثار نظر آتے ہیں ۔ وہی ابھرتا ہوا سورج ہے اور وہی پانچ دریا وزیر اعلیٰ بآسانی ان آثار کو مٹا کر

ع—نویس اللہ بر لوح دل من

کے مصداق یہاں پر کلمہ شہادت کا نقش مرتسم کرا سکتے تھے

لیکن ایسا کیوں نہیں ہوا ۔ اس لئے کہ ان لوگوں کے دل و دماغ اسلام کے آفاقی تصور سے بیگانہ ہیں ۔ ان سے کوئی انقلابی تبدیلی نہیں ہو سکتی ۔ کیا آپ ان لوگوں کی مقلدانہ زندگی اور عقیم ذہنیت سے یہ توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ آپکے سامنے اپنے براقی ذہن اور جودت طبع سے کوئی نئی تخلیق پیش کر سکیں گے ؟ ہرگز نہیں ! جب تک کلچر یعنی تمدن اور ثقافت کے متعلق انکا نظریہ ۔ بدل نہیں جاتا جب تک یہ توحید و رسالت کو اپنے کلچر کی اساس قرار نہیں دے لیتے ایسا نہیں ہو سکتا ۔

مسٹر ابو سعید انور — پوائنٹ آف آرڈر سر ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آنریبل ممبر بجٹ کے کس آئٹم کا ذکر کر رہے ہیں ؟

خان عبدالستار خان نیازی —

ع سمجھے گا نہ تو جب تک بے رنگ نہ ہو ادارک ۔

(اس مرحلہ پر نماز عصر کیلئے نصف گھنٹہ تک اجلاس ملتوی ہو کر دوبارہ منعقد ہوا) ۔

جناب والا ! میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ جب تک ہم نظم و نسق کو چلانے والے افسران کا نقطہ نگاہ نہیں بدلیں گے اور ان میں خدمت بنی نوع انسان کا صحیح جذبہ پیدا نہ کریں گے اس وقت تک نظم و نسق کی خرابیوں کو دور کرنا اور اس میں دور رس اصلاحات نافذ کرنا نا ممکن ہے ۔ افسروں کی افسرانہ ذہنیت بدلنے، ان میں خوفخدا پیدا کرنے اور تقویٰ و طہارت اور اتباع کتاب و سنت کے مطابق نظریۂ حیات کی ترویج کے لئے اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ان کو اسوۂ حسنہ جناب رسول اللہ صلعم کے مطابق انتظام ملکی کی صحیح لائینوں پر تربیت دیجائے اور انہیں محسوس کرایا جائے کہ وہ مخدوم نہیں بلکہ خلق خدا کے خادم ہیں ۔اس مقصد کے لئے سب سے پہلے ہمیں اپنی منزل مقصود متعین کر لینی چاہئیے اور فیصلہ کر لینا چاہئیے کہ اس سفر حیات میں ہمارا منتہائے نظر اور مقصود حیات کیا ہے۔ ہمیں کہاں جانا ہے ؟ آیا ہمیں ماسکو جانا ہے یا امریکہ پہنچنا ہے یا ان دونوں منازل کو کفر و گمراہی جان کر مرکز رشد و ہدایت قبلہ عالم اسلام مکہ معظمہ کا رخ کرنا ہے ؟ جب ہم نے یہ طے کر لیا تو اگلا سفر آسان ہو جائیگا ۔

جناب والا ۔ اس زاویۂ نگاہ کے بعد اب ہم نے یہ جائزہ لینا ہے کہ جن قابلیتوں کو ہم موجودہ تعلیم کے ذریعے ابھار رہے ہیں آیا وہی ہمارے افسروں کے لئے درکار ہیں یا ان کو revise کرنا پڑے گا ؟ ہمیں خوب سمجھ لینا چاہئیے کہ ہمیں کس قسم کے افسروں ۔ خادموں ۔

اہلکاروں ۔ عہدیداروں اور ملازموں کی ضرورت ہے اور انہیں کن کن صفات و خصوصیات کا حامل ہونا چاہئیے ۔ جن جن قابلیتوں کا ان میں ہونا لازم ہے وہ پہلے سے متعین کر لینی چاہئیں ۔ مگر وائے بر حال ما کہ منزل مقصود کا پتہ مفقود ہونے کی وجہ سے عوام بیچارے گوناں گوں مصائب و آلام میں گرفتار ہیں اور ادھر افسران پرانی طرز میں رنگ رلیاں منا رہے ہیں ۔ ہم نے ابھی تک سروسز کے لئے نئے قواعد و ضوابط تک مرتب نہیں کئے ۔ وہی پرانے طور طریقے اور غیر ملکی اور غیر ملی عزائم افسروں پر مسلط ہیں ۔ اور یہ افسران عوام پر پہلے سے زیادہ مظالم ڈھا رہے ہیں ۔ عوام جذبۂ حریت سے سرشار ظلم کی گرفت سے نکلنا چاہتے ہیں لیکن افسر اپنے ظالمانہ اقتدار کو برقرار رکھنے کے لئے ناجائز حرکات کر رہے ہیں ۔ وزیر اعظم سے لیکر چپراسی تک آئی ۔ جی ۔ پولیس سے لیکر فٹ کنسٹیبل تک اور بڑے سے بڑے افسر سے لیکر معمولی سے معمولی اہلکار تک جوں کے توں موجود و قائم ہیں جسطرح انگریز انہیں مقرر کر گیا تھا ۔ ان میں کوئی کمی نہیں ہوئی بلکہ اگر غور کیا جائے تو عملہ میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا ہے ۔ قومی بیت المال کو محکمہ سازی اور کلرک نوازی پر بے دریغ خرچ کیا جا رہا ہے ۔ حکومت کے ان بلند بانگ دعاوی کے باوجود عوام قعر مذلت میں گرے ہوئے ہیں ۔ اس نظام حکومت اور مسلم لیگی وزارت میں ہمارا حال اس بنئیے کا سا ہے کہ جس نے ایک دریا کو اپنے کنبے سمیت عبور کرنے سے پہلے دریا کی گہرائی کی اوسط اپنے افراد کنبہ کے قدوں کی اونچائی کی اوسط سے مقابلہ کیا تھا اور سوچا تھا کہ چونکہ یہ دریا کہیں سے ۲ فٹ کہیں سے ۳ فٹ کہیں سے ۴ فٹ اور کہیں سے ۵ فٹ گہرا ہے اور چونکہ اسکی اوسط گہرائی سے اس کے افراد کنبہ کی اوسط بلندیٔ قامت زیادہ ہے لہذا وہ اور اسکا کنبہ اس دریا کو سلامتی کے ساتھ عبور کر جائیں گے ۔ مگر جب وہ عین منجھدار کی گہرائیوں میں پہنچا تو اسکا سارا کنبہ غرق ہو گیا اور وہ بصد مشکل جان بچا کر دریا کے کنارے پہنچ کر اپنے حساب اور اربعۂ متناسبہ کی پڑتال کرنے کے بعد حیرت زدہ ہو گیا اور شش و پنج کے عالم میں بار بار کہتا تھا کہ :

''اربع جوں کا توں اور کنبہ ڈوبا کیوں ؟'' (قہقہہ اور تالیاں)

جناب والا ۔ یہی حال ہماری گورنمنٹ کا ہے ۔ بادی النظر میں سب کچھ ٹھیک ٹھاک نظر آتا ہے ۔ تمام محکمے بدستور قائم ہیں بلکہ ان میں بڑی حد تک اضافہ ہوا ہے نئے نئے پروجیکٹ نکل رہے ہیں اور خرچ کی نئی نئی مدات قائم کی جا رہی ہیں ۔ لیکن افادیت کے اعتبار سے نتیجہ صفر ہے ۔ قوم

دن بدن غرق ہو رہی ہے ۔ نظام حکومت کا رعب و وقار ختم ہو چکا ہے ۔ رشوت کا دور دورہ ہے۔ حکام کام چور اور راشی ہیں ۔ انصاف مہنگا ہے ۔ تعلیم بغیر روپیہ کے مشکل ہے ۔ لیکن عاملانہ مشینری بدستور چل رہی ہے اور ایک کڑور ۸۰ لاکھ روپے کی رقم خطیر صرف نظم و نسق پر خرچ کی جا رہی ہے۔ مگر عوام مصیبتوں میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ وزراء خوشحالی کے نعرے لگا رہے اور عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے کراہ رہے ہیں ۔ ادھر مرکزی دستور ساز اسمبلی میں قرارداد مقاصد منظور ہو چکی ہے۔ مگر عوام کو تا ہنوز enable نہیں کیا گیا کہ وہ اس اسلامی ریاست کے اندر رہ کر اس سے انعامات اور فیوض و برکات سے مالا مال ہو سکیں ۔ نظم و نسق میں اسلامی روح قطعاً ناپید ہے۔ سرکاری ملازموں کی بھرتی کے لئے مقابلے کے امتحانات اسلامی تقاضوں اور ضروریات ملی کو پورا کرنا تو کجا ان تصورات کو در خور اعتنا بھی نہیں سمجھا گیا ۔ یہاں امانت و دیانت ۔ تقویٰ و طہارت اور عفت و پاکیزگی کی جستجو نہیں کی جاتی ۔ سرکاری ملازموں میں اس جنس کا ڈھونڈے سے سراغ نہیں ملتا ۔ بلکہ جسطرح فرنگی کے دور میں ہر افسر صاحب بہادر بن کر خلق خدا کو خاطر میں نہ لاتا تھا وہی حال اب ہو رہا ہے۔ یہ فرنگی برہمن زادے قوم کے غریب افراد کو اچھوتوں سے بدتر سمجھتے ہیں ۔ بیگانوں کی طرح جب تک ان کے دربار میں پہنچکر کوئی اپنی مصیبت کا اظہار خود نہ کرے یہ ٹس سے مس نہیں ہوتے ۔ انہیں یہ احساس نہیں کہ قیام امن و امان کے علاوہ ظالم کا دماغ درست کرنے اور مظلوم کی دستگیری کرنے کے لئے انہیں از خود مصروف عمل ہونا چاہئیے تھا ۔ جناب والا ۔ کسی ملازم کا محض عالم و فاضل ہونا کافی نہیں ۔ علم و لیاقت میں تو حضرت معلم الملکوت کو بھی بڑا ناز تھا ۔ پاکیزگیٔ نگاہ ۔ تقویٰ اور اتباع سنہ و کتاب لازمی چیز ہے ۔ کاش ہماری گورنمنٹ بھی حضرت فاروق اعظم کی طرح دیانت دار اور نیک اشخاص کی جستجو کرتی جس طرح وہ پکار اٹھے تھے ۔

کاش آج ابو عبیدہ بن جراح موجود ہوتے تو میں ان کو مسلمانوں کی امامت کے لئے تجویز کرتا کیونکہ میں نے ان کی بابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا کہ ابو عبیدہ امین الامت ہیں ۔ یا اگر آج آن کا غلام سالم زندہ ہوتا تو میں اسے مسلمانوں کا سردار مقرر کرتا ۔ کیونکہ اس کے متعلق بھی آنحضور کی زبان مبارک سے میں نے سنا تھا کہ سالم للہیت کا شیدائی ہے ۔ لیکن اب تو کسی کو ایسی تڑپ ہی نہیں ہے کہ حکومت کے لئے پاکیزہ سیرت اشخاص کی تلاش کرے ۔ اس بنیادی صفت کو مدنظر

رکھکر اب ہمیں اپنی سلطنت کے لئے ایسے ہی عمال تیار کرنے ہونگے ۔ ان کے تقرر کی شرط یہ رکھنی چاہئیے کہ وہ کتاب و سنت کی ضروری تعلیمات سے آگاہ ہوں اور دوسری شرط یہ کہ انٹرویو کے وقت جہاں ان سے محکمہ متعلقہ کی بابت سوالات کئے جائیں وہاں مرد مومن کی سیرت کاملہ کی خصوصیات کا بھی انہیں علم ہونا چاہئیے ۔ اور تیسرے یہ کہ جس ماحول میں ایسا امیدوار رہتا ہے وہاں سے خفیہ رپورٹ حاصل کرنی چاہئیے ۔ کہ اس کی اصل زندگی کیسی ہے ۔ یہ شرائط رکھکر ہمیں سرکاری ملازمین میں اتباع کتاب و سنت کا شوق پیدا کرنا چاہئیے ۔ مگر ہو کیا رہا ہے ؟ یہاں پر ڈیڑھ لاکھ روپیہ اسلامیات کے لئے منظور کر کے حکومت مطمئن ہے کہ گویا اس نے مسلمانوں کی دینی ضروریات کے لئے کافی سے زیادہ اہتمام کر لیا ہے ۔ حالانکہ اس کی حیثیت ایسے ہی ہے جیسے کہ بھارت کی حکومت اچھوتوں کی ترقی کے لئے یا برھمن فرقہ کو باقی رکھنے کیلئے کچھ فنڈ منظور کرکے فارغ خطی حاصل کر لے ۔ ہم نے اسلامیات کو بطور تتمہ یا لاحقہ کے treat نہیں کرنا بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں اس کی کار فرمائی اور بالا دستی کو قبول کرنا ہے ۔ اسی نقطۂ نگاہ کو سامنے رکھکر جب تک حکومت اپنی حکمت عملی کو نہ بدلے گی اور نظم و نسق کے چلانے میں کتاب الٰہی کو اپنا حکم اور قاضی نہ بنائے گی نظم و نسق کی اصلاح ناممکن ہے ۔ جب بنیاد کی اینٹ ہی غلط ہے ۔ عمارت کیسے درست ہو سکتی ہے ۔

خشت اول چوں نہد معمار کج

تا ثریا می رود دیوار کج

جب کبھی کلچر یا تہذیب و تمدن کی بات آتی ہے تو اس ایوان کی گمراہ قیادت بجائے قرن اول کی مثالی سوسائٹی کو اپنے لئے واجب التقلید سمجھنے کے اپنی رہنمائی کے لئے نہیں انہیں پوری ملت کے لئے یونان کی فرسودہ اور دقیانوسی تہذیب اور کلچر کے نظائر پیش کرتی ہے ۔ اسے سنت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا دھیان ہی نہیں ۔ اسے یاد ہی نہیں کہ رسالت صرف اخلاقی اصلاح کے لئے نہیں آتی بلکہ زندگی کی تمام ضروریات تہذیب ۔ تمدن اور ثقافت بلکہ جملہ امور میں رہنمائی کی ضامن ہوتی ہے ۔ اس لئے ہمیں بجائے ادھر اُدھر بھٹکنے کے اسی مرکز رشد و ہدایت سے وابستہ رہنا چاہئیے ۔ بقول اقبال ۔

چوں مصطفےٰ اندر حرا خلوت گزید

دین و آئین و شریعت آفرید

رسالت کا یہ جامع تصور پیش نظر رکھنا ہوگا۔ لیکن کیا کیا جائے اس فرنگی تعلیم کی پھیلائی ہوئی گمراہی کا کہ ارکان حکومت نے اپنے دماغوں کے ارد گرد کئی جال بن رکھے ہیں اور کئی غلاف اوڑھ رکھے ہیں جو ان کے خیالات کو جکڑے ہوئے ہیں اسی قسم کی ذہنیت کا ذکر قرآن شریف میں یوں آیا تھا ۔

''یضع عنھم اوزارھم ولا غلال التی کانت علیھم۔ ۔ ۔ ۔ ''۔ اللہ نے اپنے نبی کو اس لئے بھیجا کہ وہ احکام سکھائے ۔ تزکیہ نفوس کرے اور ان گمراہ اقوام کو کفر و جہالت کی ایسی تمام زنجیروں اور الجھنوں سے نجات دلا دے جن میں وہ جکڑی ہوئی اور الجھی ہوئی تھیں ۔ مگر وائے بر حال ما ایک دفعہ ان نحوستوں سے بوسیلہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نجات حاصل کر نے کے بعد جاھلیت حاضرہ کی پھیلائی ہوئی ضلالت و زندقہ کی پھر وھی زنجیریں اور بیڑیاں ھم نے پہن لی ھیں جن سے اسلام نے ھمیں نجات دلائی تھی ۔ لیکن دانش حاضر کی لغو منطق اور بیہودہ فلاسفی نے ھماری اس گمراہ قیادت کو خود ساختہ تکلفات اور بے بنیاد تصرفات میں بری طرح دبوچ رکھا ھے ۔

جناب والا ! ھمیں بڑے بڑے افسروں کو پھر درس قرآن دینا ھے ۔ اور ان کے دل و دماغ کو ان ''اوزار'' و ''اغلال'' کی لعنتوں سے آزاد کرنا ھے اور اس کے بعد عوام کے سروں سے ان کی بھاری بھاری تنخواھوں اور بھتوں کے بوجھ کو بھی دور کرنا ھے ۔ ان بڑے بڑے افسروں میں اطاعت رسول اللہ اور جذبہ خدمت پیدا کرنا ھے ۔ جب یوں ھم نے افسران کی تربیت کر لی اور نیا ضابطۂ سروس بنا کر قوم کے ذمہ دار ارکان سلطنت میں للھیت اور زمہ داری کا احساس پیدا کر لیا تو ایک طرف تو عوام ٹیکسیشن کے عذاب الیم سے بچ جائیں گے اور دوسرے محکمہ سازی اور کلرک نوازی کی لغویت ختم ھو جائیگی ۔

جناب والا ! نظم و نسق کی اصلاح اوپر سے ھوگی ۔ یعنی پہلے لیڈر شپ کو بدلنا ھوگا ۔ موجودہ قائدین کے اوھام و وساوس کو دور کر کے انہیں ایمان و ایقان کی دولت سے مالا مال کرنا ھوگا ۔ اپنے ان لیڈروں کو بتانا ھوگا کہ تمہیں محمد الرسول اللہ والذین معہ، کا نمونہ ھر وقت سامنے رکھنا ھوگا ۔ بقول اقبال

تمدن آفرین خلاق آئین جہانگیری
وہ صحرائے عرب یعنی شتربانوں کا گہوارا

وهی لوگ تهے جو مسجد نبوی کے دارالتربیت سے نکل کر ایک طرف صوبوں کا نظم و نسق سنبهالتے تهے تو دوسری طرف افواج کی کمان کرتے تهے ۔ هائے افسوس همیں اب انهیں کے کردار کی ضرورت هے۔

نه ایراں میں رهے باقی نه توراں میں رهے باقی
وه بندے فقر تها جنکا هلاک قیصر و کسری

اب بهی صحیح راه همیں انهیں لوگوں کی نظر آتی هے جو صحراؤں میں بیٹھ کر اور اس تسخیر کائنات کے آفاقی تصور کو اپنے دماغ میں رکھکر مشرق و مغرب کو اپنے ماتحت کر لیا کرتے تهے ۔ مگر افسوس که همارے ان لیڈروں کے ذهن میں وه تصور آ هی نهیں سکتا ۔ یه اگر حواله دیتے هیں تو یونان کی لغو اور بیهوده تهذیب کا ۔ ان کے دماغ میں اگر کوئی تصور آتا هے تو وهی فرنگی تمدن کا پست اور بودا تصور آتا هے ۔ نظم و نسق کی اصلاح کیسے هو یه حضرات ساری تاریخ اسلام میں جب کوئی زریں عهد تلاش کرتے هیں تو مجهے حیرانی هوتی هے که یه بنو امیه اور بنو عباس کی خلافتوں کا ذکر کرتے هیں اور میں سوچتا هوں که صاف طور پر یزید اور هارون الرشید کا ذکر کیوں نهیں کر دیتے ۔ اس دور میں جن آثار کو یه فنون لطیفه اور کلچر کهتے هیں اور جسے اُمت کے عروج کی تاریخ بتاتے هیں میں اسے دنیا کی دوسری سلطنتوں کی طرح سمجهتا هوں ۔ کلچر کیا هے نظم و نسق کی اس بحث میں اسکا ذکر غیر متعلق هے تا هم اس قدر عرض کرنا ضروری سمجهتا هوں که همارا کلچر شریعت کی تابعداری میں پیدا شده سوسائٹی کے اعمال و افکار کا نام هے فنون لطیفه ان اعمال و افکار کے اظهار کی شکل میں تهذیب و تمدن کی تعمیری و تخلیقی رجحانات کی مصوری هے ۔ یه سمجهتے هیں که مسلمان اس زمانه میں عروج پر تهے ۔ همارے لئے عروج کا دور صرف رسالت اور دور خلافت راشده هے اس سلسله میں رسول خدا صلی الله علیه وسلم کا قول مبارک هے که میرا دور خلافت الله هے میرے بعد جو دور خلافت آئیگا وه خلافت علی منهاج النبوت هوگی یعنی میرے نمونه پر اسکے بعد خلافت جبر و عصوض کی هوگی که اس میں ملوکیت کا اور ظلم و ستم کا دور دوره هوگا ۔ ثمه تکون ماشا الله یعنی یه بهی کچهه عرصه رهیگا ۔ لیکن حضور نے اُمت کو مایوس نهیں کیا بلکه همت بندهائی هے که اس ظلم و ستم کے دور کے بعد پهر ایک دور آئیگا که جب تکون خلافت علی منهاج النبوة هوگی یعنی جب اس ظلم و ستم کے دور کا نظام دوباره میرے نظام کے مطابق هو جائیگا ۔ تو میرا عرض کرنے کا مطلب یه هے که همیں ادهر اُدهر کے لغو تصورات کو ذهن سے خارج کر کے اس تصور کو پیش نظر رکهنا

چاهئے - اور جس بابرکت دور کی حضور نے بشارت دی ہے اسی کے لئے ماحول کو تیار کرنا چاهئے - آپ کی تعلیمات اور احکامات کی روشنی میں سلطنت کے کارکنوں اور کارفرماؤں کے از سر نو امتحانات مقابلہ رکھے جائیں - امتحان مقابلہ کے لئے نشست و برخاست کے اندر گفتگو کے اندر اور سیرت کے اندر بورڈ یا کمیشن یہ دیکھے کہ اسوۂ حسنہ جناب رسالت مآب کی کہاں تک پابندی ہے - تصور خلافت علی منہاج النبوۃ ہی ہمارا مقصود منتہی ہے - کیونکہ یہی تصور مسلمانوں کی متاع عزیز اور ان کے لئے مشعل راہ ہے - مگر اسکے لئے شرط اول ایمان ہے اور ایمان کے متعلق قرآن مجید میں اتا ہے ''یا یھاالذین آمنو آمنواء بانفسکم،، کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ پھر اپنے اوپر بھی ایمان لائیں یعنی "believe in yourself" will be your motto اور یہ ایمان اسطرح پیدا ہو سکتا ہے کہ ریفرشرز کورس ہوں ہمارے وزراء کیلئے - ایم - ایل - ایز کیلئے - فنانشل کمشنروں کیلئے - کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کیلئے - ایسے ریفرشرز کورس کہ جن میں ان کو اس تصور کا درس دیا جائے جسے لیکر مسلمان اٹھے تھے اور دنیا پر چھا گئے تھے انہیں بتایا جائے کہ ان کے وجود کا مقصد و مدعا یہ ہے کہ وہ مخلوق خدا کی خدمت کریں - انہیں بتایا جائے کہ ہمارے سامنے اگر کوئی مثال قابل تقلید ہو سکتی ہے خواہ وہ rationalization کے بارے میں ہو یا زرعی اصلاحات کے بارے میں ہو - تو وہ مثال اگر ہے تو رسول خدا کی - آپ کے بعد خلفائے راشدین - امراء صالحین اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی ہو سکتی ہے - عمر بن عبدالعزیز کی مثال موجودہ حالات پر زیادہ صادق آتی ہے - کیونکہ ظلم و تشدد سے حاصل کی ہوئی جائدادوں کو ختم کرنے کے لئے آپ نے قینچی ہاتھ میں لے لی اور کہا کہ تمام اموال و املاک - زمینداریوں اور جاگیروں کے قبالے لاؤ کہ میں انہیں اس قینچی سے کاٹ دوں اور انہوں نے سب سے پہلے اپنی اور اپنے خاندان کی جاگیروں کے قبالے کاٹے - ہماری فلاح تبھی ممکن ہوگی جب ہم اس مثال کو اپنا مقصود و منتہا بنا کر اٹھیں گے - مگر اس کے لئے شرط اول یہ ہے کہ ہمارے حکام اور عمال کو بلکہ ہم میں سے ہر ایک کو اس بات کا احساس ہونا چاهئے کہ ہم مخلوق خدا کے حاکم بن کر نہیں آئے بلکہ ان کی خدمت کرنے کیلئے آئے ہیں - اور دوم یہ کہ ہمیں اس امر کا بھی احساس ہونا چاهئے کہ ہماری خوشامد کرنے والے ہمارے دشمن ہیں اور ہمیں گمراہ کرنے والے ہیں - اور ہمیں غلط راستے پر ڈالتے ہیں - بالخصوص ہمارے

وزراء کو خوشامد کرنے والوں کو اپنے سے دور رکھنا چاہئے کیونکہ اس خوشامد نے انہیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے بلکہ بقول حضرت اقبال ان خوشامدیوں کا حال یہ ہے کہ

کر تو بھی حکومت کے وزیروں کی خوشامد
دستور نیا ہے اور نئے دور کا آغاز
معلوم نہیں ہے یہ خوشامد کہ حقیقت
کہدے کوئی الو کو اگر رات کا شہباز

وہ انہیں کہدیں کہ تم ہمیں گمراہ کر رہے ہو اور دھوکے میں ڈال رہے ہو ۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ اگر مخلوق خدا بھوک سے ہو تو ہمیں چین نہ آئے ۔ مخلوق خدا تکلیف میں ہو تو ہمیں آرام نہ آئے ۔ اگر ایسا ایڈمنسٹریشن بنا سکو تو یہ تمام اخراجات جائز ہو سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The honourable member should only discuss the demand under consideration.

خان عبدالستار خان نیازی — جناب والا ! اس کے بعد دوسری چیز میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ڈپٹی کمشنروں کو پبلک کے ساتھ راہ و رسم اور رابطہ رکھنے کیلئے اس چیز کو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ پبلک میں جو مخلوق خدا کے سچے خادم ہیں ۔ اور جو لوگ مقبول عوام ہیں وہ ایسے لوگوں کا تعاون حاصل کریں ۔ کیونکہ اس کے بغیر میں سمجھتا ہوں کہ یہ رفاہ عامہ اور فلاح عامہ کچھ چیز نہیں ہیں ۔ یہ بات ہمارے مشاہدے میں آئی ہے اور ہمیں اس کا شدید احساس ہے ۔ کہ ان کمیٹیوں کے افراد محض ذاتی وجاہت اور سفارشات مقاصد کے لئے کام کرتے ہیں ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ایڈمنسٹریشن کے جو انچارج ہیں انہیں بھی اس امر کا احساس ہونا چاہئے کہ جب تک پبلک کے حقیقی خیر خواہوں کا تعاون حاصل نہ ہوگا ۔ جب تک local responsibility کی عادت پیدا نہیں ہوگی ۔ تب تک آپ کی کوششیں بے کار اور بے سود ثابت ہونگی اور ان کا کوئی نتیجہ نہ نکلے گا ۔ اور یہ احساس صرف سلف صالحین کی صحیح تقلید سے پیدا ہو سکتا ہے آپ کہتے ہیں کہ جن بزرگوں کی مثال میں دیتا ہوں ان کی برابری کون کر سکتا ہے ؟ مگر میں کہتا ہوں کہ کم از کم آپ کا نکتہ نگاہ تو بدل جائے ۔ راہ عمل تو متعین ہو جائے کم از کم اس طرف آپ رخ تو کرنے لگ جائیں ۔ میں آپ کو بڑی مثالیں نہیں دیتا کیونکہ پھر آپ اعتراض کریں گے کہ حضرت عمر کون ہو سکتا ہے میں آپ کو شیر شاہ سوری کے نظم و نسق سے ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ شیر شاہ سوری

کا نظم و نسق یہ تھا کہ جب کسی علاقہ میں قتل کی کوئی واردات ہو جاتی تو شیر شاہ کی جانب سے اس علاقہ کے جو چودھری یا سردار مقرر ہوتے تھے ان سے باز پرس کی جاتی تھی ۔ اگر وہ ایک ہفتہ کے اندر اندر اس قتل کا سراغ نہ بتاتے تھے تو ان سے سختی سے جواب طلبی کی جاتی تھی ۔ اسی طرح چوری یا ڈاکہ کے یہ لوگ ذمہ دار تھے کہ ملزم پیش کریں ورنہ رقم اپنی گرہ سے ادا کریں ۔ اسی طریقے سے اگر یہاں پر بھی اس local responsibility کا احساس پیدا کیا جائے تو یہاں کا نظام بھی درست ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ چور یا ڈاکو یا قاتل کسی سے چھپا ہوا نہیں ہوتا ۔ اس علاقے میں کسی نہ کسی شخص کو ضرور اسکا علم ہوتا ہے ۔ اور علاقے کے سردار یا مکھی بآسانی اسکی شناخت کر سکتے ہیں ۔ لیکن آج یہاں ذہنیت یہ ہے کہ کوئی سچی گواہی دینے پر آمادہ نہیں ہوتا ۔ اسلئے کہ اسے کسی ذمہ داری کا احساس نہیں ۔ وہ اپنے اوپر کوئی ذمہ داری محسوس نہیں کرتا اور پھر بڑے بڑے آدمی اٹھکر صفائی دینے کیلئے تیار ہوجاتے ہیں ۔ ان حالات میں ایڈمنسٹریشن کا جو حال ہوگا وہ آپ سے پوشیدہ نہیں

Mr. Speaker : All this is wholly irrelevant.

خان عبدالستار خان نیازی — جناب میں اسکی relevancy ثابت کرنے کیلئے تیار ہوں ۔

ملک قادر بخش — جناب یہ نہیں مانیں گے ۔ یہ irrelevent ہونے کے عادی ہیں ۔

خان عبدالستار خان نیازی میرا مطلب یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنروں ۔ کمشنروں ۔ اور فنانشل کمشنروں کو اور جو لوگ اسی ایڈمنسٹریشن سے متعلق ہیں ۔ ان کو واضح ہدایات ہونی چاہئیں کہ وہ یہ local responsibility کا احساس عوام کے اندر پیدا کریں ایڈمنسٹریشن تبھی صحیح ہوسکتی ہے اور تبھی یہ لوگ اپنی تنخواہوں کے حقدار ہو سکتے ہیں ۔ اور تبھی یہ تنخواہیں ان کے لئے حلال ہوں گی ۔ جب آپ عوام اور حکام کے درمیان اخوت اور تعاون کا ایک ایسا رابطہ قائم کر دیں ۔ کہ جس سے پبلک کے حساس افراد از خود ایڈمنسٹریشن کی تطہیر کے موجب بن جائیں ۔

تیسری بات یہ ہے کہ اس وقت جتنے مجسٹریٹ یا ڈپٹی کمشنر ہیں وہ پولیس کے سامنے دبے ہوئے ہیں ۔ پولیس سے ڈرتے ہیں ۔ جو کیس آتا ہے انکی کوشش یہ ہوتی ہے کہ ملزم کو کسی نہ کسی طرح سزا ہو جائے ۔ اس ڈر اور دباؤ کی وجہ سے اتنی دقتیں پیدا ہو جاتی ہیں کہ ان کا کوئی حد و حساب نہیں ۔ اگر کوئی ملزم ضمانت کی درخواست دے تو حالانکہ ڈپٹی کمشنر اسکے متعلق آخری حکم دے سکتا ہے ۔ پھر کسی

کیس کے متعلق ڈپٹی کمشنر چاہے تو اس کو واپس لے سکتا ہے ۔ اسکے لئے گورنمنٹ کو لکھ سکتا ہے کہ اسے واپس کیا جائے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر اور مجسٹریٹ اپنی ذمہ داری کو محسوس نہیں کرتے ان کا کام صرف یہ رہ گیا ہے کہ اگر کوئی چوری یا قتل کی واردات ہو جائے اور کیس ان کی عدالت میں آ جائے تو مقدمہ چلتا رہے ۔ انصاف ہو یا نہ ہو ان کی بلا سے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ڈپٹی کمشنروں اور مجسٹریٹوں کو اس امر کی ہدایت ہونی چاہئیے ۔ مرکزی ایڈمنسٹریشن کی طرف سے ۔ اور اس چیز کو خود سمجھیں اور اس پر عمل بھی کریں کہ کوئی مجسٹریٹ جس علاقہ کا انچارج ہے اس علاقہ کے نظم و نسق کے متعلق اسکی ذمہ داری یہیں پر ختم نہیں ہو جاتی کہ اسکی عدالت کے اندر جو کیس آ جائے وہ اس کا فیصلہ کر دے بلکہ وہ خود دورہ کرے ۔ اندرون حلقہ میں خود جائے اور جا کر ذمہ دار لوگوں سے بات کرے ۔ معلوم کرے کہ حالات و کوائف کیا ہیں ۔ جب یہ احساس ذمہ داری پیدا ہو جائےگا ، جب آپ کے حکام یہ رویہ اختیار کر لیں گے تب آپ کی ایڈمنسٹریشن خود بخود صحیح ہو جائے گی ۔ آج ایڈمنسٹریشن میں یہ خرابیاں کیوں ہیں ۔ اسلئے کہ حکام اپنے آپ کو عوام کے خادم نہیں بلکہ آقا سمجھتے ہیں ۔ حق و انصاف کیلئے ان کی گردنیں خم نہیں ہوتیں ۔ اور یہ بھی اسلئے ہے کہ ملک میں کوئی عوامی تنظیم نہیں ہے ۔ یہ لیگ جو کچھ آپ کے سامنے ہے ۔ سب ایک لمیٹڈ کمپنی ہے ۔ ایک دھوکا ہے ۔ fraud ہے ۔ اور غرض مندوں کا گروہ ہے ۔

شیخ ظفر حسین — دونوں طرف ؟

خان عبدالستار خان نیازی — دونوں طرف ۔ اسلئے کہ یہ تنظیمیں عوامی نہیں بلکہ لمیٹڈ کمپنیاں اور غرضمندوں کے گروہ ہیں ۔ ان کے سامنے ایڈمنسٹریشن کو سر تسلیم خم نہیں کرنا چاہئیے بلکہ عوام کی خدمت کو اپنا مقصد اولیٰ تصور کرنا چاہئیے ۔ حکام کو اس چیز سے بالاتر ہونا چاہئیے ۔ کہ کوئی شخص کس جماعت سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس کا صدر ہے یا کارکن ہے ۔ جناح عوامی لیگ ہو یا آزاد پاکستان پارٹی یا سرکاری مسلم لیگ ۔ لیکن میں یہ دیکھتا ہوں کہ وزیروں میں سے کسی ایک کا دورہ ہو یا مرکز کے اعلیٰ افسران کا دورہ ہو ۔ اس سلسلہ میں کوئی جلسہ منعقد کرنا ہو یا کچھ اور کرنا ہو تو تمام کام مسلم لیگ ہی کے سپرد ہوتا ہے ۔ اور ڈپٹی کمشنر مع اپنے ماتحتوں کے مسلم لیگ کا آلہ کار بنکر خدمت سرانجام دیتا ہے ۔

Mr. Speaker : Please confine yourself to the demand under consideration.

خان عبدالستار خان نیازی — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ

حکام جب تک اس طریق کار کو اختیار نہیں کرتے جب تک وہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے اندر اس قسم کی تبدیلیاں نہیں لاتے جب تک مرکز سے اس قسم کی اصلاحی اور انقلابی ہدایات جاری نہیں ہوتیں ایک کروڑ چالیس لاکھ چھوڑ - ہم ایک پائی بھی اس مد میں منظور کرنے کیلئے تیار نہیں - وہ بالکل نکمے ہیں - اور مفت خورے ہیں - قوم کے خزانے پر بوجھ ہیں اور قوم کی خدمت کرنے کی بجائے اسکی مصیبتوں میں اضافہ کرنے والے ہیں - مقدمات کو فیصل کرنے میں حوصلہ شکن حد تک التوا ہو رہا ہے - یہاں تک کہ ہزاروں انتقالات رکے پڑے ہیں - فائلوں کے ڈھیر ایک افسر دوسرے کو دے جاتا ہے - حتیٰ کہ نمبر داریوں اور تقسیم کے مقدمات پانچ پانچ - چھ چھ سال تک لٹکتے رہتے ہیں - میں جناب والا - یہ عرض کروں گا - کہ موجودہ حالات میں جورواستبداد کا دور دورہ ہے خدا کی زمین ظلم و ستم سے بھر گئی ہے - قد ملئت الارض ظلما و جوراً - کوئی اپنے آپ کو دھوکا دینا چاہے تو بڑے شوق سے دے لے - مگر حقیقت یہ ہے کہ آج غریب آدمی انصاف کی خاطر اپنے آپ کو ایک مصیبت کے اندر محسوس کرتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ جب تک اسکے پاس سفارش نہ ہو وہ کسی مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا - ان عدالتوں سے انصاف حاصل کرنے کے لئے قارون کا خزانہ - جھوٹے گواہوں کی فوج رشوت کی تھیلیاں - عمر نوح اور صبر ایوب کی ضرورت ہے - بسا اوقات یہ سب چیزیں میسر ہوجاتی ہیں لیکن انصاف حاصل نہیں ہو سکتا - سکھا شاہی کے طور طریقے جاری ہیں - میں کہتا ہوں کہ اس سلسلے کو ختم کرنا چاہئے - اس چیز کو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ اگر ہم میں سے کوئی سفارش کرے تو خود وزیر اعلیٰ اور باقی وزراء صاف انکار کر دیں اور کہدیں کہ ہم سفارش نہیں مانتے لیکن انہیں معلوم ہے کہ لوگ معمولی معمولی اہلکاروں کی تقرریوں اور ترقیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں - وزراء اگر سفارش اور کنبہ پروری ترک کر دیں تو سارا نظم و نسق ایک دن میں ٹھیک ہو سکتا ہے اور افسروں کے جو آئے دن محض اپنے خوشامدیوں کی خاطر تبادے کرتے رہتے ہیں اور ان بیچاروں کو فٹ بال بنا رکھا ہے - یہ مصیبت بھی ختم ہو جائے اور افسر بجائے اس کے وزراء کے خوشامدیوں کا لحاظ کرنے سے رائے عامہ کا احترام کریں -

Mr. Speaker : I would again ask the honourable member to confine himself to the demand under consideration.

خان عبدالستار خان نیازی — میں آپ کے سامنے ایسی مثالیں پیش کرتا ہوں جن سے میرا نقطۂ نظر واضح ہو جائیگا - اس وقت اس صوبہ کے اندر ایسے مجسٹریٹ موجود ہیں جن پر الزامات لگ چکے ہیں - انکوائریاں

ہو چکی ہیں لیکن وہ بدستور موجود ہیں ۔ لائلپور میں ایک دوسرے مجسٹریٹ کے متعلق بھی مجھے معلوم ہے جو سول سپلائیز میں تھا اور آج بھی وہاں موجود ہے ۔ اسکے متعلق بھی الزامات لگے اور انکوائری ہوئی مگر وہ دوران تحقیقات میں وہاں موجود رہا اور اسے ناکام بنائے رکھا خیر سے اب بھی موجود ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایڈمنسٹریشن تبھی مطہر اور پاکیزہ ہو سکتی ہے کہ جب الزامات لگیں اور انکوائریاں ہوں تو جس پر الزامات لگیں وہ اپنا اثر و رسوخ استعمال نہ کر سکے ۔ اور اس سٹیشن سے تبدیل کر دیا جائے ۔ ان افسروں کے خلاف ابھی تک شکایات موجود ہیں ۔ حکومت کی جانب سے اُن کو warnings بھی آ چکے ہیں لیکن مرکز اپنے احباب کی خاطر ان کو تبدیل نہیں کرتا ۔ چوتھی بات یہ ہے کہ تبادلہ کے سلسلہ میں پہلے انگریز کے زمانہ میں دستور تھا وہ بری بات نہیں تھی ۔ رسول اللہ کا ارشاد ہے ۔ ''الحکمت ضالتہ المومنین،، (دانائی کی بات مومن کی اپنی کھوئی ہوئی چیز ہے) ۔ یہ اچھا ہے کہ آپ اسے جاری رکھیں ۔ کوئی آدمی اچھا ہے یا برا ۔ یہ چیز ایک بار طے ہو جائے ۔ برے سے قوم کو نجات دلائیں اور اچھے کو ضابطہ و قانون کا پابند بنائیں جسطرح پہلے ۳ سال کا عرصہ مقرر تھا اور کوئی شخص ایک جگہ اس سے زیادہ عرصہ کے لئے نہیں رہ سکتا تھا بلکہ اسے تبدیل ہونا پڑتا تھا ۔ اسی طرح آج بھی ہونا چاہئے میرے سامنے ایسے کئی واقعات ہیں جو میں جانتا ہوں ۔ کہ باوجودیکہ افسر کا تبادلہ ہونا ضروری ہے لیکن وہ اپنے ممدوحین کی مدد سے بدستور مسلط ہے اور یہی حال Promotions کا ہے ۔ جس کے پاس کوئی سفارش نہیں وہ بالکل بیکار ہے ۔ کسی پٹواری یا دوسرے غریب اہلکار کی مستقلی کے لئے نام کا اندراج ہونا ہوتا ہے ۔ تو سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کے لئے سفارشوں کی اور وہ بھی ڈپٹی کمشنر تک کی سفارش کی کیوں ضرورت در پیش ہوتی ہے کہ ہمارا نام رکھا جائے ۔ ہمیں مستقل بنایا جائے ۔ حالانکہ یہ سب ایک Routine کے اندر درج ہوتا ہے اور اگر کوئی زیادہ دیانت دار ہو ، پورا معیار موجود ہو تو وہ از خود Promote ہو جائیگا ساتھ ہی ساتھ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس چیز کو پورے طور پر اپنے ذہن میں رکھنا چاہئے کہ ملازمین کی تنخواہ اور الاؤنس مقرر کرتے وقت اس چیز کو مد نظر رکھنا چاہئے کہ افراد قوم کی اقل قلیل ضروریات زندگی کیا ہیں Administration میں وزراء ہیں ، وزیر اعلیٰ ہیں اور ایک معمولی کلرک بھی ہے ۔ اس لئے سب کی ناگریز حاجات کودیکھنا ہے اور اسی کے مطابق تنخواہوں کا معیار قائم کرنا ہے میں تنخواہ کے متعلق زیادہ بحث نہیں کرتا ۔ اور نہ ہی یہ کہتا

ہوں کہ ممبران کا ساہوار الاؤنس جو تین سو روپیہ ہے وہ واپس لے لو ۔ یہ نقطہ نگاہ غلط ہے ۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہر فرد ملت کی ضروریات زندگی فراہم ہونی چاہئیے ۔ (ہئیر ۔ ہئیر)۔ بلکہ ہم کو یہ نقطہ نگاہ سامنے رکھنا چاہئے کہ ہم نے ان لوگوں کی ضروریات پوری کرنی ہیں ۔ تنخواہ سو روپیہ ہو یا ساٹھ روپیہ ہو اس سے معیار زندگی میں کوئی خلل نہیں پڑتا ۔ بشرطیکہ ضروریات زندگی کی فراہمی کا انتظام موجود ہو یہ غلط نظریہ ہے کہ سب کی تنخواہیں کم کر دیں اس طرح ان کو اتنی آسائش نہیں ہوگی ۔ البتہ بڑوں کی تنخواہیں کم ہوں اور چھوٹے ملازموں کی بڑھائی جائیں ۔ چاہئے تو یہ کہ ان ادنیٰ ملازمین کے بچوں کو تعلیم مفت دی جائے ۔ فری میڈیکل ایڈ دی جائے اور اسی طرح دیگر ناگزیر ضروریات زندگی مہیا کی جائیں تو پھر آپ کی اس نئی بدلی ہوئی Administration کے ایام ان ملازمین کے لئے باعث رحمت ہوں گے ۔ اور خلق خدا کو بھی آرام ملیگا ۔ اگر ایسا ہو جائے تو یہ لوگ جو تنخواہ لے رہے ہیں وہ اس کے مستحق ہیں۔میں سمجھتا ہوں کہ انہیں حق حاصل ہے کہ وہ اپنے عہدوں پر متمکن رہیں ۔ علاوہ ازیں میں آخر میں یہ گذارش کروں گا کہ اب ہم نے حکومت حاصل کر لی ہے ہمیں چاہئیے کہ ہم ایک صحیح اور فیصلہ کن راہ عمل اختیار کریں ۔ ایسے انقلاب کے بعد جب کوئی سلطنت ملتی ہے تو اس سلطنت کا باقی رکھنا جان جوکھوں کا کام ہے ۔ کیونکہ بقول حضرت اقبال رح

جہاں بانی سے ہے دشوار تر کار جہاں بینی
جگر خوں ہو تو چشم دل میں ہوتی ہے نظر پیدا

چنانچہ ہر فرد خدا کو حاضر ناظرجان کر یہ سمجھے ''کہ خدا مجھے دیکھ رہا ہے اور میں ہمیشہ دیانت داری اور انصاف کو مد نظر رکھوں گا،، لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر اور دیگر حکام تک پولیس سے ڈرتے ہیں انہیں یہ سمجھنا چاہئیے کہ وہ خادم ہیں عدل و انصاف کے ، وہ خادم ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ، اور خادم ہیں خلق خدا کے خلفائے راشدین کے سامنے یہ بات clear cut تھی ۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ان خلفائے راشدین کی طرز حکومت کو سامنے رکھیں اور ان کی سنت اور طریقوں پر چلیں اور اسلامی تہذیب و ثقافت کو خلافت بنو امیہ یا عباسیہ کی شاندار عمارات حسین مقابر اور ظاہری شان شکوہ میں تلاش نہ کریں اسلامی تہذیب کو بندگان الہی کے کردار اور انداز فکر قرآنی سے پیدا شدہ علوم و فنون کی شکل میں تلاش کریں ۔ جب اس ایوان کے کسی شخص کو کبریٰ واہمہ پیدا ہو جب کسی شخص کو غلطی لگے کہ ابتدائے آفرینش

سے لیکر آج تک کبھی بھی نظم و نسق کے اندر عدلیہ اور انتظامیہ جداگانہ نہ تھے تو میں بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ کائنات اراضی کے اندر انبیائے علیہم السلام کی سیاست اور اُن کے نیکو کار متبعین کی سیاست میں بالخصوص خاتم النبیین محمد کریم علیہ الصلواۃ و السلام اور آپ کے نائبین کی سیاست میں تو عدلیہ ھی انتظامیہ کو کنٹرول کرتی تھی۔امیرالمومنین ایک عامی کی طرح عدالت میں پیش ہوتا تھا ۔ اسکی سینکڑوں مثالیں پیش کی جا سکتی ھیں ۔ چونکہ سر دست یہ موضوع بحث نہیں ھے اس لئے میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاھتا ۔ مگر یہ بات دعویٰ سے کہتا ہوں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحابہ کرام نے عدلیہ اور انتظامیہ کا فرق اتنا واضح کر دیا ھے کہ آنکھ کا اندھا بھی اسے دیکھ سکتا ھے ۔ اس لئے ھمیں اپنے ایڈمنسٹریشن میں اس امر کو نمایاں طور پر پیش کرنا چاھئے ۔

Mr. Speaker : That point is not under discussion.

خان عبدالستار خان نیازی — مقصود یہ ھے کہ ڈپٹی کمشنروں یا دیگر حکام کو عدالتوں میں مداخلت نہیں کرنی چاھئے اور اگر وہ کرتے ھیں تو اس کا مطلب یہ ھے کہ ان کے سامنے صحیح قرآنی تصور نہیں ۔ بجٹ میں Administration کے اخراجات جس مقصد اور جس غرض و غایت کے لئے رکھے گئے ھیں میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ایک مرکزی نقطہ اور ایک مرکزی تصور ھمارے سامنے ہونا چاھئے۔ھم جب اس Administration کے ذریعہ اس تصور کو اس نقطہ نگاہ کو ، اور اس مقصود حیات کو پا لیں گے تو ھم واضح کر دیں گے کہ ھم کاشتکاروں کی قوم نہیں بننا چاھتے ، ھم مجاھدین کی قوم بننا چاھتے ھیں ، ھم فوجی بننا چاھتے ھیں اور عزت اسلامی کی خاطر جان قربان کرنا چاھتے ھیں ۔ ایسا ھوگا تبھی ھماری کامیابی یقینی ھو سکتی ھے ۔ جب یہاں Administration کے اندر ذمہ دار ارکان آ جائینگے تو پھر یہ آرٹ کونسل اور آرٹ گیلری کا کلچر جو طبلہ کی تھاپ اور گھنگرو کو اسلامی کلچر کا نام دیتا ھے ختم ھو جائیگا ۔ اور اس کے بجائے صحیح اسلامی کلچر کے مطابق ضرب لا الہ الا اللہ اور شہادت ان محمد الرسول اللہ ھی قوم کی تہذیب و ثقافت کے ضامن قرار پا جائیں گے ۔

سید ذوبہار شاہ (ملتان نمبر ۱۱ مسلم) — جناب والا ۔ میں اس Demand پر کچھ عرض کرنا چاھتا ہوں ۔ بحث یہ ھو رھی تھی کہ آیا یہ اخراجات درست ھیں یا غلط ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاھتا ہوں کہ یہ اخراجات آخر کن کے لئے ھونگے اور کن لوگوں نے ان اخراجات کو ادا کرنا ھے ان میں وہ غریب دیہاتی ھیں جن کا ذریعہ معاش نہایت ھی محدود

ہے جو اراضی نہیں رکھتے اور نہ کسی چیز کے مالک ہیں کیا ان کی بہتری کی خاطر یہ اخراجات کئے جا رہے ہیں ۔ حقیقت میں یہ دیہاتی عوام کی بردباری ہے یا مزارعین کی بردباری ہے اور اس بردباری کا یہ بین ثبوت ہے کہ وہ خود نہیں کھاتے اپنے بال بچوں کو بھوکے رکھتے ہیں لیکن اپنی ذمہ دار حکومت جو اپنے متعلق یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ خادم قوم ہے کے لئے یہ لوگ ہزار ہا روپیہ دینے کے لئے تیار ہیں ۔ اس وقت مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ایسا کیوں ہوا یا اسکی کتنی ضرورت تھی ۔ یہ تو خود وزیر صاحبان اچھی طرح جانتے ہیں ۔

جناب والا میں یہ سمجھا دینا چاہتا ہوں اور واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے غریب کسان ہمارے دیہاتی بھائی ضرور مطمئن ہو جاتے اگر ہمارے رہبر ہمارے لیڈر اس روپے کو جس کام کے لئے یہ دیا گیا تھا اسی کام پر صرف کرتے اور جو ذمہ داریاں ان پر عائد تھیں ان کو صحیح معنوں میں پورا کرتے پھر تو ہم خوش ہوتے کہ واقعی اس کا صرف نہایت اچھی طرح سے ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ وہ کونسی امانت تھی وہ کونسی ذمہ داریاں تھیں جو ہمارے دیہاتیوں نے ہمارے عوام نے ہمارے رہبروں کے ذمہ کیں ۔ جناب والا ان کی طرف ذرا توجہ کیجئے ۔ سب سے پہلے شہری آزادی ہے ۔ جناب والا اس صوبہ کا کوئی باشندہ ایسا نہیں جو اطمینان سے کہہ سکے کہ وہ مطمئن ہے اور اس پر کوئی آفت ناگہانی نازل نہیں ہوگی ۔

جناب والا ہمارے عوام کو یقین دلایا جانا چاہئے کہ انہیں انصاف سستا ملیگا ان پر کوئی ظلم نہیں ہوگا ان کی طرز معاشرت اور ان کی اقتصادی حالت نہایت ہی بہتر بنا دی جائیگی ۔ حضور والا اگر یہ کام ہمارے رہبر ٹھیک اور اچھی طرح سے سر انجام دے رہے ہیں تو یہ قوم ان کو سراہنے کے لئے ہر وقت تیار ہے ۔ لیکن اگر وہ اپنا فرض صحیح معنوں میں سر انجام نہیں دے رہے تو ہمارے رہبروں کا یہ اخلاقی فرض ہے کہ وہ دنیا اور قوم پر رحم کھائیں ۔

حضور والا یہ وہ مسلم لیگ ہے جس نے pre-partition days میں خضر حکومت کی بنیادیں ہلا دیں اور شہری آزادی پر آنچ نہ آنے دی ۔ اپنے آپ کو جیلوں میں محبوس کرایا اپنے آپ کو زخمی کیا گولیاں کھائیں لیکن شہری آزادی کو بحال رکھا ۔ حضور والا مجھے افسوس ہے کہ آج جب کہ ہماری مسلم لیگ کونسل نے بھی سیفٹی ایکٹ کے خلاف ریزولیشن پاس کر دیا ہے ہماری دستور ساز اسمبلی کے ممبر جو پنجاب سے وابستہ

ھیں انہوں نے بھی متفقہ طور پر ایک قرارداد سنٹر کو بھیج دی ھے اور حضور والا اس کے متعلق انہوں نے ایک بیان بھی دیا ھے ۔ حضور والا جب کہ ھمارے چیف جسٹس ——چاھے وہ پنجاب ھائی کورٹ سے تعلق رکھتے ھیں چاھے فیڈرل کورٹ سے ——انہوں نے بھی اس کالے قانون اس انگریزی لعنت کو دور کرنے کی کوشش کی ھے اور اس پر تنقید کی ھے (نعرہ ھائے تحسین) ۔ جناب والا جب کہ ھمارے پارلیمنٹری سکرٹری نے اس ھاؤس میں اعلان کرتے ھوئے یقین دلایا ھے کہ یہ خرابیاں دور کر دی جائینگی مجھے افسوس ھے کہ اس کے باوجود اب تک حکومت کے دل میں ذرہ بھر بھی خیال نہیں آیا انہوں نے نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھا کہ اتنی بے چینی کیوں ھے۔ جناب والا ھر وقت اس سیفٹی ایکٹ کی تلواریں ھر شہری پر لٹکتی ھوئی نظر آرھی ھیں اور شہری ان سے کانپ رھے ھیں ۔ اطمینان قلب کسی کو حاصل نہیں (قطع کلامیاں اور شور) ھم پر جو پارٹی ٹسپلن ھے اس کا کیا عرض کروں (قطع کلامیاں اور شور) حضور والا آپ اس کو اچھی طرح سے جانتے ھیں لیکن جو حقیقت ھے وہ بیان کرنی پڑتی ھے (حزب مخالف کی نشستوں سے ''ھیر ۔ ھیر،، کی آوازیں) جناب والا ھم اس ایوان میں اس لئے نہیں آئے کہ اپنی ضمیروں کو مردہ کر کے جائیں اور اپنے عوام کی صحیح ترجمانی نہ کریں (حزب مخالف کی نشستوں سے شور اور آوازیں ۔ مسلم لیگ کو چھوڑ دیں)۔

شیخ ظفر حسین—اپنے بندے نوں بولن تے دیو بھئی ۔

سید نو بہار شاہ ۔ جناب والا ھمیں یہ دیکھنا چاھئے کہ آیا ھم صحیح طور پر آزاد بھی ھیں یا نہیں ۔ حضور والا یہاں آزادی کی کوئی گنجائش ھی نہیں ۔ یہ خوف یہ ڈر یہ حیرت میں کہہ سکتا ھوں کہ یہ آزادی نہیں ھے ۔ حضور والا میں اپنے وزیر اعلےٰ سے درخواست کرونگا کہ اس لعنت کو بہت جلد دور کیا جائے اور ھمارے عوام کو مطمئن کیا جائے ۔

حضور والا اس کے بعد میں نے عرض کیا تھا کہ عوام کو انصاف سستا ملنا چاھئے ۔حضور والا عوام اس وقت انصاف سستا حاصل نہیں کر سکتے ان کو ایک زبردست قیمت ادا کرنی پڑ رھی ھے ۔ کیا آج اس ھاؤس میں کوئی معزز رکن یہ کہہ سکتا ھے کہ فلاں محکمہ رشوت ستانی سے پاک ھے ؟ حضور والا میرے محترم لیڈر نے کل پھر اس امر سے اتفاق کیا کہ بے شمار زخم ھیں ھم کس کس جگہ مرھم لگائیں ۔ حضور والا یہ صحیح ھے کہ اس ایڈمنسٹریشن کو بہت زخم لگ چکے ھیں اور اس کو اب پٹی کرنے کی ضرورت نہیں ۔ جناب والا یہ تو ناسور بن چکے ھیں یہ شفایاب نہیں ھونگے یہ ایڈمنسٹریشن پھاھے لگانے سے ٹھیک نہیں ھوگی ۔ (ایک آواز آپریشن

چاهئے) - اس کے لئے صحیح معنوں میں آپریشن چاهئے - وہ تو آپ سمجھتے هی هیں کہ کس قسم کا آپریشن اس کے لئے ضروری هے - دن بدن جناب والا یہ ناسور ترقی کر رها هے اور هاؤس اس امر کو دیانتداری سے سمجھتا هے اب اس کے لئے ایک زبردست جراح چاهئے - (ایک آواز - جراح کیا فرماتے هیں اس مسئله کے متعلق) حضور والا - جناب والا سیکرٹیریٹ کی حالت کے متعلق کیا عرض کروں - میں سمجھتا هوں کہ ملک قادر بخش نے اس کے متعلق جو لکھا تھا وہ نہایت دیانتداری کے ساتھ لکھا تھا - همارے لیڈر کو چاهئے تھا کہ اس کے نسخے اپنے پریس میں چھاپتے اور عوام میں مفت تقسیم کرتے اور کوشش کرتے کہ وہ برائیاں دور هو جائیں - نہ صرف یہ بلکہ ان کو چاهئے تھا کہ وہ ان خرابیوں کو چند دنوں یا چند مہینوں میں دور کر کے اپنے عوام کو دکھا دیتے کہ ملک قادر بخش نے اپنی رپورٹ میں جن خرابیوں کا ذکر کیا تھا ان کو آج انہوں نے دور کر دیا هے - جناب والا کیا میں آنریبل وزیر مال سے پوچھ سکتا هوں کہ آیا انہوں نے کبھی تکلیف گوارا کی هے کہ وہ سیکریٹیریٹ یا فنانشل کمشنر کے دفتر میں جائیں اور وهاں جا کر دیکھیں کہ کتنی مثلوں کی مثلیں وهاں پڑی هوئی هیں جن کی disposal نہیں هوتی - حضور والا میں کیا عرض کروں کہ آوارڈ کے ملنے کے بعد هندوستان اور پاکستان تو دنوں میں تقسیم هو جائیں لیکن غریب زمینداروں کی زمینیں تقسیم کرنے میں گورنمنٹ کو اتنی دقت محسوس هو کہ بارہ بارہ سال گذر جاتے هیں لیکن وہ تقسیم نہیں هو سکتیں - یہ ایڈمنسٹریشن کی حالت هے - اور اس کا بین ثبوت ان کو اپنی فائلوں سے مل سکتا هے -

وزیر مال - هم تو آٹھ مہینوں کے ذمہ دار هیں -

سید دلبہار شاہ - کیا هی اچھا هوتا اگر ان آٹھ مہینوں میں هماری حکومت اس طرف زیادہ توجہ دیتی - خدا کرے یہ اب بھی اس طرف توجہ دے اور ان چیزوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھے اس وقت دیہاتیوں پر کیا کیا مظالم ڈھائے جا رهے هیں میں ان کو بیان نہیں کر سکتا - پھر اگر سوال هوتا هے اور پوچھا جاتا هے کہ یہ کیوں هو رها هے تو وہ کہتے هیں کہ همیں تو خبر هی نہیں - کسانوں اور زمینداروں کو تنگ کرنے اوران سے چندہ وصول کرنے کے لئے حکومت کی تمام مشینری حرکت میں آ جاتی هے لیکن جب پوچھا جاتا هے تو وہ کہ دیتے هیں کہ همیں علم نہیں - (خوب خوب) میں ان وزراء صاحبان سے پوچھنا چاهتا هوں کہ جس وقت یہ چندے وصول کئے جاتے هیں اس وقت کیا وہ پنجاب کو چھوڑ جاتے هیں اور کیا

وہ اپنی آنکھیں اور کان بند کر لیتے ھیں یا وہ کسی بے ھوشی کے عالم میں ھوتے ھیں کہ انہیں یہ معلوم ھی نہیں ھوتا کہ ان کے افسر کیا کر رھے ھیں ۔ اس سلسلہ میں جناب والا میں ایک مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ھوں ۔ ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجھہ کو ان کے ایک بھائی نے طعام کی دعوت دی حضور نے یہ منظور فرمائی ۔ جب آپ اپنے بھائی کے ھاں طعام کھانے کے لئے گئے تو آپ نے ان سے پوچھا عقیل تم کو بیت المال سے قلیل تنخواہ ملتی ھے تم یہ کھانا کہاں سے لائے ھو ۔ اس نے عرض کیا کہ اے خلیفہ رسول میں نے اپنی یومیہ خوراک کم کر کے یہ خوراک جمع کی کہ جو آپ کا حصہ ھے ۔ آپ نے کہا بہت اچھا اور اس کے بعد کیا حکم دیا کہ جتنی خوراک یہ بچا سکتے ھیں اتنی بیت‌المال سے ان کے حصہ سے کم کر دی جائے ۔ (ایک آواز ۔ اور انہوں نے زمیندار کے حصہ کے متعلق کیا کہا تھا ؟) ۔ حضور والا جب ھمارے صوبہ میں رضاکار ھزاروں کی تعداد میں جمع ھو کر ریلیاں کر کے دکھائیں کیا ھمارے وزیر اعلیٰ نے جب ان کی سلامی لی ھوگی کبھی یہ بھی دریافت کرنے کی کوشش کی کہ ان کی یہ وردیاں کہاں سے آئیں اور یہ کہ لاکھوں روپیہ کے اخراجات انہوں نے کس طرح برداشت کئے ۔ جناب والا جب تک ھمارے وزیروں میں جستجو کی عادت نہیں پڑتی ۔ جب تک ان میں ایڈمنسٹریشن ٹھیک کرنے کی عادت نہیں پڑتی اس وقت تک ایڈمنسٹریشن ٹھیک کس‌طرح ھو سکتی ھے ۔ جناب والا ایسی زندہ مثالیں موجود ھیں ۔ سرگودھا کی بار ایسوسی‌ایشن نے ایک ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے خلاف ایک ریزولیوشن پاس کیا ۔ درخواستیں کیں اور حکومت کو یقین دلایا کہ وہ اس کے خلاف رشوت ستانی کو ثابت کرنے کے لئے تیار ھیں لیکن کسی نے پرواہ نہ کی ۔ پھر ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ مظفر گڑھ کے متعلق میں کیا عرض کروں ۔ ان کے خلاف ایک محکمہ انسداد رشوت ستانی نے کئی کیس رجسٹرڈ کئے لیکن ان پر بھی غور نہ کیا گیا ۔ (خان افتخار حسین خان ۔ سابقہ یا موجودہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے متعلق) سابقہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے متعلق ۔ میں کئی مثالیں پیش کر سکتا ھوں ۔ جناب والا میں اپنے وزراء سے کہتا ھوں کہ خدا کے لئے انصاف سستا کرو اور اپنے ان افسروں کو ترقیاں دو جو دیانت دار ھیں اور ان لوگوں کو قرار واقعی سزا دو جنہوں نے رشوت ستانی کا بازار گرم کر رکھا ھے ۔ کسی شخص کا یہ توقع کرنا کہ وہ بغیر روپیہ خرچ کئے کوئی کام کرا لے گا عبث ھے ۔ اس وقت ان چیزوں کا روکنا اور انسداد کرنا ھماری حکومت کا اولین فرض ھے ۔ اگر صوبہ سے

رشوت ستانی کی لعنت دور نہیں ہو سکتی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ صوبہ کا اخلاق درست نہیں ہو سکتا اور اگر اخلاق درست نہیں ہو سکتا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ انہوں نے کوئی کام ہی نہیں کیا ۔ میں یہ چیز آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ محکمہ انسداد رشوت ستانی کو جتنی تقویت دی جائے اتنی ہی تھوڑی ہے اس کو دور کرنے کے لئے شب و روز کوشش کی ضرورت ہے ۔

حضور والا inefficiency کا کیا حال ہے اور ہمارے کتنے محکموں میں ہے میں ابھی عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا پولیس کو دیکھئے ۔

Malik Qadir Bakhsh : On a point of order. Police is not a part of this demand.

Mr. Speaker : That is correct the honourable member cannot discuss it. Please confine yourself to demand No. 10. To which particular item.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order.

Mr. Speaker : I have said more than once that no point of order can be raised when the Speaker is speaking. To which particular item is the honourable member referring ?

چودھری محمد شفیق — on a point of order پولیس کا محکمہ discuss کیا جا سکتا ہے کہ منسٹر Law and order کے جو پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ہیں ان کی تنخواہ voted ہے ۔

Mr .Speaker : I am not going to allow any discussion of the ruling which I have given. Which particular item is the honourable member discussing now ?

سید نو بہار شاہ — وزراء کی تنخواہ ۔ جناب والا inefficiency کا جو مظاہرہ کیا گیا ہے وہ آپ کے سامنے ہے ۔ ہمارے قائد ملت کو راولپنڈی میں شہید کر دیا گیا لیکن inefficient افسروں کا جنہوں نے صحیح معنوں میں اپنی کارکردگی نہیں دکھائی ان کا نوٹس تک نہ لیا گیا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے معزز وزراء ان خرابیوں کو دور کریں اور ہم نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے جو وعدے عوام سے کئے تھے انہیں پورا کرنے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ایک اور بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس صوبہ میں ان لوگوں کو جن کی ذاتی جائدادیں ہیں قطعاً اطمینان نہیں کہ انکی یہ جائدادیں سلامت رہینگی یا نہیں ۔ کسی کاروباری آدمی کو یہ اطمینان نہیں کہ اسکا جو ذریعہ معاش ہے جس پر اسکی گذر اوقات ہو رہی ہے وہ قائم رہیگا یا نہیں ۔ حضور والا ہر طرف ایک بے اطمینانی ہے ۔ خوراک کی یہ حالت ہے کہ اس صوبہ میں جو خوراک کے لحاظ سے سر پلس (Surplus) تھا مزدور بھوکوں مر رہے ہیں ۔ اگر حکومت کے

اعداد و شمار صحیح ہوتے یا اسے عوام کا کچھ خیال ہوتا تو یہاں یہ دن نہ آتے کہ عوام فاقہ کشی کر رہے ہیں - دیہات میں جائیے حضور والا وہاں ایک ڈپو تک نہیں - جہاں سے لوگ گندم خرید سکیں - اور کہا یہ جاتا ہے کہ چونکہ دیہاتی بہت بردبار ہیں اسلئے ان پر زیادہ ٹیکس لگا دینا ٹھیک ہے - دیہات میں تو ۵ روپے آمدنی والے پر بھی ٹیکس ہو اور شہروں میں تین تین ہزار آمدنی والوں پر بھی کوئی ٹیکس نہ ہو - ویسے تو کہا جاتا ہے کہ اسلام مساوات کا علمبردار ہے مگر جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہمیں تو اس اسلامی مساوات سے بے بہرہ ہی رکھا جاتا ہے - ہمیں دیہات میں حفظان صحت کی مراعات حاصل نہیں - پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ گاؤں میں ایک مڈل سکول تک نہیں - دیہات میں بیماروں کیلئے کوئی دوائی نہیں ملتی - کوئی ڈاکٹر نہیں ملتا - آج اس بجٹ میں یہ تجویز کیا جا رہا ہے کہ انکے لئے سکول کھولے جائیں - شہروں کیلئے تو کالج ہوں اور ہمارے لئے دیہات میں سکول کھولے جائیں -

Mr. Speaker : Which item of demand No. 10 the honourable member is referring to ?

سید ذو بہار شاہ — جناب والا - وزراء جنرل ایڈمنسٹریشن میں آتے ہیں - میں اس امر کے متعلق بحث کر رہا ہوں آیا انکو تنخواہ ملنی چاہئے یا نہیں - وہ صحیح کام کرتے ہیں یا نہیں -

Mr. Speaker : The honourable member should know that according to Government of India Act the salaries of Ministers are not voted. They are charged.

سید ذو بہار شاہ — اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ صحیح کام کرتے ہیں تو انکو تنخواہ لینی چاہئے اور اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ صحیح کام نہیں کرتے تو انکو تنخواہ نہیں لینی چاہئے -جناب والا میں نے جو کچھ کہنا تھا کہ چکا ہوں - اب دعا چاہتا ہوں اور اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Shafiq.

Khan Iftikhar Hussain Khan : On a point of order. Will the honourable member be allowed to continue his speech tomorrow.

Mr. Speaker : After having been called once, he will not be called tomorrow.

چوہدری محمد شفیق — (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب والا مجھے جنرل ایڈمنسٹریشن پر کچھ نکتہ چینی کرنی ہے - کچھ مشورے دینے ہیں اور ایک آنریبل ممبر نے جو چند باتیں اپنی تقریر کے اندر کہی ہیں انکا جواب دینا ہے - جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق میں صرف ایک شعر پڑھے دیتا ہوں -

اک چاک ہو تو سی لوں یا رب گریبان اپنا
ظالم نے پھاڑ ڈالا ہے تار تار کر کے

ہماری جنرل ایڈمنسٹریشن میں ایک بھی ایسی بات نہیں کہ ہم اسے کسی آزاد مملکت کی جنرل ایڈمنسٹریشن کہہ سکیں ۔ جناب والا میں اسے دو طرح سے پرکھونگا ۔ ایک تو یہ کہ وہ رفاہ عامہ کے کام کسطرح کر رہی ہے اور دوسرے یہ کہ وہ ملک و ملت کے مفاد کیلئے کیا کچھ کر رہی ہے ۔ اور تیسرے جناب والا میں یہ بتلاؤنگا کہ ایک لا' اینڈ آرڈر کے پارلیمنٹری سیکرٹری کے الفاظ کے مطابق ہماری جنرل ایڈمنسٹریشن کسطرح سے بد عنوانیوں میں مبتلا ہے ۔ اور کس حد تک نا اہل ہو چکی ہے ۔ اور ان لوگوں نے جنہیں اس مد سے پیسے دئے جاتے ہیں اسکی اصلاح کیلئے کیا کچھ کیا ہے ۔ سب سے پہلے تو میں یہ کہونگا کہ عام نظم و نسق کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس میں کوئی خامی نہ ہو ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان اور خاص طور پر لا' اینڈ آرڈر کے پارلیمنٹری صاحب کو جو تنخواہ دی جاتی ہے وہ بالکل ضائع ہو رہی ہے ۔ کیونکہ انہوں نے نظم و نسق کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے ایک رپورٹ لکھی تھی جو کہ بالکل سچی رپورٹ تھی ۔ مگر اس سچی رپورٹ کے مطابق وہ کوئی اصلاح نہیں کر سکے ۔ اسلئے اب وہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی مدات میں سے تنخواہ نہیں لے سکتے ہیں ۔انکو اس مد سے ایک پیسہ بھی نہیں دینا چاہئے ۔ اسلئے کہ انہوں نے یہ سچی رپورٹ مرتب کرنے کے بعد اپنے لیڈر کے سامنے سجدہ سہو کرتے ہوئے ان تمام چیزوں کو چھپانے کی کوشش کی ۔ اور اسطرح اپنے فرض کی ادائیگی میں ناکام رہے اپنی رپورٹ کو مفصل طور پر عوام کے سامنے پیش نہ کیا ۔ انہوں نے اپنی اس رپورٹ میں سب سے زیادہ انصاف کے متعلق لکھا تھا کہ انصاف اس صوبہ سے مفقود ہو چکا ہے اور اب یہاں بے انصافی کا دور دورہ ہے ۔ ہماری فوجداری عدالتیں مسلم لیگ کی باندی بن چکی ہیں ۔ یہ وہ عدالتیں ہیں جو ایک وزیر کی آمد پر اسکے استقبال کی خاطر لوگوں پر انصاف کے دروازے بند کر کے صبح سے شام تک ڈاک بنگلوں پر کھڑی رہتی ہیں ۔ پھر جناب والا انہوں نے پولیس کی چیرہ دستیوں کو دیدہ و دانستہ چھپایا ۔ اگر انکے لیڈر نے انہیں کہہ بھی دیا تھا کہ وہ پولیس کی جانچ پڑتال نہ کریں تاہم انکا یہ فرض تھا کہ وہ پولیس کے حالات کا جائزہ لیتے ۔ انہیں معلوم ہونا چاہئے تھا کہ انکی تنخواہ کی منظوری اس ایوان نے دینی ہے اور وہ اس ایوان کے سامنے جواب دہ ہونگے کہ انہوں نے اپنے فرائض کو اچھی طرح سے سر انجام دیا ہے یا نہیں ۔

The Assembly then adjourned till 2-30 p. m. on Friday, the 7th March 1952.

14 PLA—450—26-8-52—SGPP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

THIRD SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, 7th March, 1952.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 2-30 p.m., of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly).

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Cases of Thefts and Robberies registered by Railway Police

***459. Mr. Shameem Ahmed Khan :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the total number of cases of thefts and robberies registered by the Railway Police during the year 1951;

(*b*) the measures, if any, adopted by the Railway Police authorities to combat this evil?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh):

(*a*) Thefts—1,213.

Robberies—24.

(*b*) Systematic patrolling, surprise visits and checks at the Police Stations and running trains to keep the staff on the alert, and systematic and proper preventive action were the measures adopted to combat this evil.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware that checks at the stations are not true index of the stoppage of crime ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Shamim Hussain Qadri : What are the causes of the increase of crime on the railways ?

Chief Minister : It is not indicated that there is any substantial increase in crime.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware that many cases are dropped and are not registered so that there may not appear to be any rise in crime ?

Chief Minister: It is somewhat vague. Until I am given more definite information I cannot give any authoritative statement on the subject.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware that constables in the railway police are definitely, in some cases, share-holders of pick-pockets?

Chief Minister: I do not know.

Externment Order on the acting General Secretary of the Pakistan Trade Union Federation

***513. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state whether it is a fact that the Government has served an externment order on the acting General Secretary of the Pakistan Trade Union Federation; if so, the period for which the externment order shall remain in force and the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh): It is a fact that an externment order was served on the person mentioned in the question. It is regret

ted that the reasons for this action cannot be disclosed. This order shall remain in force unless and until it is varied or revoked by Government.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is Government aware that such orders should not be passed against people in a democracy ?

Mr. Speaker: Disallowed.

QAUMI RAZAKARS

***725. Rana Ghulam Sabir Khan:** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to lay on the table a district-wise statement in respect of the Qaumi Razakars showing :—

(*i*) the total number of Qaumi Razakars in the Province ;

(*ii*) the number of those among them who belong to the urban areas ;

(*iii*) the number of those among them who belong to the rural areas ;

(*iv*) the number of those among them who belong to the border districts ?

Parliamentary Secretary (Malik Qa lir Bakhsh):

(*i*)
(*ii*)
(*iii*) } The statement is laid on the table.
(*iv*)

STATEMENT

(*i*) The total number of Qaumi Razakars in the Province is 76,570.

(*ii*) The number of those who belong to urban areas is 45,479.

(*iii*) The number of those who belong to rural areas is 31,091.

(*iv*) The number of those who belong to border districts is 48,485.

BALANCE STANDING AGAINST LAHORE FOODGRAINS SYNDICATE

***654. Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the balance which still stands unpaid in the name of the Lahore Foodgrains Syndicate and the circumstances which led to it ;

(*b*) why the account position was not determined and the amount due recovered at the proper time;

(*c*) whether the Government verified its account position *vis-a-vis* the Foodgrain Syndicate before its dissolution ; if so, how many times during the year 1948-49 and on what dates verification took place and whether the Government is prepared to lay a copy of the verification report on the table ; if not, why not ;

(*d*) the time by which the amount outstanding against the Lahore Foodgrain Syndicate is likely to be recovered and the cause of the delay in the recovery of the said amount ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) and (*d*) Thirty five lakhs and eighty thousand rupees. The circumstances which led to delay in the settlement are the counter-claims against Government by the Syndicate which have to be settled and set off against the amount due.

(*b*) and (*c*) Do not arise in the light of answer to parts (*a*) and (*d*).

مسڈر محمد امین— کیا آنریبل وزیر بتائینگے کہ ۳۵ لاکھ روپیہ جو سنڈیکیٹ نے ادا نہیں کیا اسکی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے ؟

وزیر—ذمہ داری کے متعلق یہ عرض ہے کہ پاکستان بننے کے بعد تمام حسابات اس قدر گڑ بڑ ہو گئے تھے کہ اسکی ذمہ داری کسی پر عائد نہیں ہو سکتی ؟

مسٹر محمد امین—کیا آنریبل وزیر بتا سکتے ہیں کہ سنڈیکیٹ کی طرف اتنا روپیہ کیوں رہنے دیا گیا ؟

وزیر—مجھے اس کے لئے نوٹس درکار ہے ؟

مسٹر محمد امین—کیا آنریبل وزیر اس معاملہ کی تحقیقات کرنے کی زحمت گوارا فرمائینگے ؟

وزیر—حکومت اپنی امکانی کوشش کر رہی ہے کہ یہ روپیہ ان سے وصول کیا جائے مگر چونکہ انہوں نے بھی جوابی کلیمز کر رکھے ہیں اور انکی تحقیقات بھی ہو رہی ہے اسلئے یہ دیر ہوگئی ہے ۔

مسٹر محمد امین—اگر یہ روپیہ وصول نہ ہوا تو یہ گورنمنٹ کا نقصان ہوگا

Mr. Speaker: I must make one thing quite clear. Supplementary questions are allowed only for the elucidation of the answers given and do not confer any right of cross-examination on honourable members.

EXPENSES INCURRED BY WHEAT PURCHASING CENTRES

*655. **Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the incidental expenses per maund incurred by wheat purchasing centres in the year 1951-52 showing separately the expenses incurred against commission, brokerage. cartage, shortage, storage, bag-filling, bag stitching;

(*b*) the incidental expenses per maund incurred by wheat conssming centres in the year 1951-52 showing separately the expenses against transportation, cartage. etc;

(*c*) the quality of bags used as wheat containers;

(*d*) whether it is a fact that depot-holders are allowed to keep empty bags as commission for selling wheat ;

(*e*) whether it is a fact that about 40 per cent is added by way of expenses to the cost of wheat detained through Government agency ; if so, the reasons therefor ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan : (*a*) The actual expenditure on different items varies from time to time and mandi to mandi; generally speaking the break-up of incidental expensses at purchasing centres is as under :—

	Rs. A. P.
Commission to arhati	.. 0-1-0 per maund.
Transport etc., from mandi to godown	.. 0-2-6 per maund.
Godown expenses	.. 0-2-0 per maund.
Shortages in storage and in transit ..	.. 0-3-0 per maund.
Quality deductions allowance ..	.. 0-1-0 per maund.

(*b*) Average cost of transportation Re. 0-9-0 per maund; inclusive charges at despatch and receipts stations Re. 0-6-0 per maund.

(*c*) New.

(*d*) Yes, Sir.

(*e*) No, the minimum actual expenditure only is added to the purchases price.

مسٹر محمد امین—کیا یہ تجارت کےاخراجات عام اخراجات کے برابر ہیں ؟

وزیر—یہ تو آپ بہتر جانتے ہیں -

مسٹر محمد امین—آپ کو اسکے متعلق کچھ معلوم نہیں ہے ؟

وزیر—مجھے تو اتنا معلوم ہے کہ یہ اخراجات درست ہیں-

DAMAGE BY INSECTS TO FOOD GRAINS STORED UNDER GOVERNMENT STORAGE SCHEME

*662. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that the foodgrains stored by the Government under the Government Storage Scheme have been damaged by insects; if so, the steps Government have taken to avoid such damage in future ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: The reply is in the affirmative, but the damage was below normal. Proposals for the construction of improved and up-to-date storage accommodation are already under active consideration of the Provincial and Central Governments.

PRICES OF FOODGRAINS

*673. **Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that prices of foodgrains have shown an abnormal rise subsequent to the declaration of Government's intention to take effective steps against hoarders ;

(*b*) whether it has also been represented to Government that foodgrains have gone into the black market ; if so, the action the Government has taken to check this upward trend of a foodgrain prices ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) No, Sir.

(*b*) Yes, Sir but as the prices of foodgrains are not controlled, the question of black market does not arise.

	Multan	Montgomery	Lyallpur	Sargodha
	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.
26th January 1952 ..	13 8 0 to 14 2 0	14 8 0 to 14 12 0	15 10 0	15 0 0 to 16 0 0
2nd February 1952 ..	14 6 0 to 15 0 0	15 0 0 to 15 4 0	No sale	12 8 0 to 13 14 0
9th February 1952 ..	13 0 0 to 14 0 0	14 12 0 to 14 14 0	13 10 0	13 0 0 to 14 0 0
16th February 1952 ..	14 0 0 to 14 8 0	14 4 0 to 14 12 0	14 8 0	14 0 0 to 15 0 0
23rd February 1952 ..	16 0 0 to 17 0 0	No sale	No sale	15 4 0

Thus there was no abnormal rise; in fact, prices started to rise in October when prospects of timely sowings of rabi became obscure.

مسٹر محمد امین—کیا حکومت ان قیمتوں کو غیر معمولی طور پر زیادہ نہیں سمجھتی ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—کیا آپ فرماسکتے ہیں کہ قیمتوں میں اسقدر تفاوت کیوں ہے ؟

آنریبل وزیر زراعت—یہ تو ہمیشہ ہوتا ہے کہ ہر منڈی میں مختلف بھاؤ ہوتے ہیں ؟

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر زراعت بتلا سکتے ہیں کہ گورنمنٹ کیس نرخ پر لوگوں کو گندم مہیا کر رہی ہے ؟

Mr. Speaker: It does not arise out of the answer given.

INCOME FROM GUZARA FORESTS

*674. **Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether he is aware of the fact that only two per cent of the income from Guzara Forests is being spent on public welfare ;

(*b*) whether he will be pleased to supply the following information with respect to the Guzara Forests:—

(*i*) the pre-partition income under this head ;

(*ii*) the amount accumulated under this head which came into the possession of Government after partition ;

(*iii*) the total income from the Guzara Forests of the Rawalpindi district from the 15th August 1947 to the 31st of December 1951 ;

(*iv*) the details of expenditure under this head in respect of the following items :—

(1) the annual payment made to the Guzara Forest Officers, their staff and to the owners of land ;

(2) the total amount spent on public welfare ;

(3) the balance left in the Guzara Fund ;

(*c*) whether Government intends to reduce the expenditure incurred in respect of Guzara Fund ; if so, when, if not, why not ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) The total expenditure on public welfare after partition amounts to Rs. 3,16,705-15-9. This is 21% of the gross income.

Year	Payments made to owners of land	Payment made to Guzara Forests	Amount spent on public welfare
	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.
1947-48	27,948 4 3	30,505 12 0	6,832 0 0
1948-49	14,216 2 9	32,257 6 0	40,076 0 0
1949-50	19,166 13 0	40,791 0 6	33,710 0 0
1950-51	75,967 9 6	51,183 7 0	97,801 0 0
1951-52	96,784 1 6	19,719 0 0	1,38,286 0 0
Total ..	2,34,082 15 0	1,74,456 9 0	3,16,705 15 0

GUZARA FUND ACCRUING FROM GUZARA FORESTS

*675. **Syed Ghulam Mustafa Shah Khalid Gilani:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that the Government intend to adiministor the Guzara Fund accruing from the Guzara Forests in the Province on a co-operative basis; if so, when, if not, why not ?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: No, Sir, because the existing arrangements are quite satisfactory.

COTTON GROWERS DEMAND REGARDING RESERVATION OF LAND FOR 4/F COTTON

*763. **Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister of Agriculture be plased to state:—

(*a*) whether it is a fact that cotton growers of Okara tehsil, Montgomery district, have represented on several occasions that the land in this tehsil be reserved for growing 4/F Cotton in preference to 289/43F Cotton, as this land gives better yield in the case of 4/F Cotton;

(*b*) whether it has also been represented to Government that ginners in Okara have to gin 4/F Cotton, imported from outside the Zone, as the 289/43/F cotton grown in the Zone is insufficient for their needs;

(*c*) whether the Government is aware of the fact that the import of 4/F cotton from outside the zones has been helpful in bringing DESI to Okara and led to mixing ;

(*d*) whether the Government is prepared to consider the persistent demand of this Ilaqa for changing this Zone into a 4/F Zone; if not, why not?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: (*a*) Yes Sir. Such representations have been made by Zamindars belonging to a part of the Okara tehsil

(*b*) No such representation has been received by Government.

(*c*) The import of 4/F cotton to Okara has been permitted only from the 4/F Zone of the Okara tehsil where the growing of Desi Cotton is not permitted and as such this concession has not been instrumental in bringing Desi Cotton to Okara.

(*d*) No Sir, the Government are not for the present prepared to change this Zone into a 4/F Zone. The matter was considered on 2nd February 1952 by a subcommittee of the Punjab Cotton Control Board who advised against any such change. Moreover, the suggestion made by the Zamindars, if accepted, will create pockets of 4/F cotton in the 289/43-F Zone which will obviously be detrimental to the purity of our cottons.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Government aware that in the first instance demarcation of land for growing several varieties of cotton was made provisionally and therefore the whole policy needs revision ?

Mr. Speaker: It does not arise out of the answer. Disallowed.

CASES OF CORRUPTION IN CIVIL SUPPLIES DEPARTMENT

*789. **Mr. Abdul Waheed Khan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether any cases of corruption or nepotism in the Civil Supplies Department have come to the notice of the Government during the last year; if so, how many criminal or departmental cases have been instituted against the offenders by the Government and with what results?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: Nepotism. No, Sir Corruption 15 cases, 4 of which were sent to court and 11 were dealt with departmentally. In the court cases, 2 were acquitted and 2 are still under-trial. The services of the persons concerned in 11 cases dealt with departmentally, were terminated.

Mr. Abdul Waheed Khan : Why were these 11 cases not sent to court and why was no criminal action taken against those 11 persons and why departmental action was considered enough ?

Minister: Because it was very difficult to prove those cases in the court.

Mr. Abdul Waheed Khan: Am I to understand that the case against them was weak ?

Minister: Yes, judicially it was weak.

Mr. Abdul Waheed Khan : I do not want to ask my question No. *790.

COMPLAINTS OF CORRUPTION AND BLACK-MARKETING AGAINST DEPOT-HOLDERS

***791. Mr. Abdul Waheed Khan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether any complaints of corruption and black-marketing were received against the depot-holders at various places in the province; if so, what action was taken by the Government against the offenders?

The Honourable Soofi Abdul Hamid Khan: Yes, Sir. Adequate punishments of fines, suspension and cancellation were impossd in accordance with the circumstances of each case.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: : Is it a fact that only favourite Muslim Leaguers were appointed depot-holders ?

Mr. Speaker: Disallowed.

CIVIL HOSPITAL AT CHAKWAL

***507. Mr. Shameem Ahmad Khan:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that he visited the Civil Hospital at Chakwal in the Jhelum district during the year 1951; if so, on what date;

(*b*) the difficulties explained to him by the Doctor Incharge of the said hospital and the public during his visit and the action taken by him to remove those difficulties?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) Yes, on 14th May, 1951.

(*b*) The difficulties explained by the Medical Officer, Incharge Civil Hospital, Chakwal, were as follows :—

(*i*) the building required repairs.

(*ii*) the District Board was delaying sanctioning Travelling Allowance for the official who was to go to Lahore to bring back the steam sterilizer which was lying there duly repaired by Messrs. Ghulam Nabi and Sons, Lahore. A burner to work the steam sterilizer was also reported to be the immediate need of the hospital.

(*iii*) short supplies of medicines by the Medical Stores Depot authorities.

2. To meet the above difficulties the following action was taken:—

(*i*) As the hospital is maintained by the District Board the Sub-Divisional Officer, Chakwal, was asked to take up the matter with the District Engineer concerned ;

(*ii*) particular attention of the Chairman, District Board and the District Health Officer, Jhelum, was drawn to the matter. The steam sterilizer is reported to have since been restored to the hospital duly repaired by Messrs. Ghulam Nabi and Sons in perfect working order.

(*iii*) A list of such medicines was obtained from the Medical Officer and the Director, Health Services, Punjab, was asked to take up the matter with the Medical Stores Depot authorities.

BUILDING OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL, GOJRA

***514. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the present building of the Government High School, Gojra, is in a dilapidated condition;

(*b*) whether it is a fact that classes are made to sit inside the tottering class-rooms which are also being used alternatively for hostel purposes;

(*c*) whether it is a fact that incidents of the collapse of class rooms have occurred elsewhere in the province resulting in the death of students; if so, what action, if any, does the Government propose to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) There is no Government High School for boys at Gojra.

(*b*) Does not arise.

(*c*) Not in any Government controlled Schools. This Department is not aware of any such incidents that took place in non-Government institutions. Government has, however, provided Rs. 16,80,000 in the Social Uplift Scheme, 1951-52 for giving grants-in-aid for building purposes to all educational institutions including private ones. In the case of private institutions, half the cost has to be borne by Government and half by the management concerned.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I never mentioned boys high school in my question.

Mr. Speaker: Yes, the question is with regard to Girls High School.

Minister: The building is all right.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: What is the answer.

Mr. Speaker: The question has been wrongly conveyed to the Honourable Minister. The reply will be given at a later stage.

PLAYGROUND FOR GOVERNMENT GIRLS HIGH SCHOOL AT GOJRA

***515. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that there is not a single playground attached to the Government Girls High School at Gojra;

(*b*) whether it is a fact that plot of Government land measuring 20 kanals is lying vacant just adjacant to the school building;

(*c*) whether it is a fact that several representations have been made to the Government for the acquisition of this plot of land for the school; if so, what action if any, has the Government taken or proposes to take in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) Yes. A net-ball court has, however, just been made.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes. The case of allotment of this plot of land for the school referred to is under consideration of the Deputy Commissioner, Lyallpur, who will take further steps to transfer the land to the Education Department and submit the case to Government for necessary sanction.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Government aware that this is one of the biggest Girls High Schools ?

Minister: Possibly.

ASSURANCE GIVEN BY HONOURABLE MINISTER OF EDUCATION TO BOARD TEACHERS UNION

***683. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that when the Teachers went on a token strike in May 1951, an assurance was given to the representatives of the Board Teachers Union by the Government that their demands will be accepted in two or three months time; if so, the action taken in the matter?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: Assurance was given to the Board Teachers' Union that their demands would be considered. All their demands have been met excepting two the provincialisation of Local Body Schools and the exemption of Board Teachers from the payment of Professional Tax.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it a fact that many promises were given to the teachers by the Honourable Minister.

Mr. Speaker: Fresh questions cannot be asked as Supplementaries.

ACTION BY GOVERNMENT ON STRIKE NOTICE BY BOARD TEACHERS UNION

***684. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state what initial steps were taken by the Government on the notice of strike given by the Board Teachers Union on the 18th November 1951?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*i*) Departments concerned were consulted.

(*ii*) Local Bodies' views were taken.

(*iii*) Finances were looked into.

ACTION AGAINST DISTRICT BOARD TEACHERS FOR PARTICIPATING IN STRIKE

***685. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a written assurance was given to the Board Teachers Union in the month of May 1951 to the effect that no action would be taken against strikers who participated in the last strike;

(*b*) whether it is a fact that copies of this written assurance to the Board Teachers Union were not sent either to the Deputy Commissioners of the districts or to the Chairman of the District Boards; if so, why;

(*c*) whether it is a fact that in spite of the written assurance to the Board Teachers Union Maulvi Muhammad Murad, President of the Board Teachers Union and 4 other teachers were suspended by the Chairman of the Multan District Board; if so, the action taken by the Government in the matter;

(*d*) whether it is a fact that the Chairman of the Gujrat District Board dismissed four teachers as punishment for taking part in the last strike, if so, the action taken by the Government in view of the above-mentioned assurance?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) Yes. Instructions were issued that they were not to be victimised for the strike.

(*b*) No.

(*c*) and (*d*) No official intimation has been received from the Districts.

Syed Shamim Hussain Qadri: What steps Government intend to take in the case of those officers who have taken action irrespective of the fact that Government has issued instructions to the contrary ?

Minister: It is a double question. It is first to be presumed whether facts are correct or not. If a notice is given, I will find out.

BUILDING OF MIDDLE SCHOOL, GOGERA BANGLA, IN OKARA TEHSIL

***724. Rana Ghulam Sabir Khan:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether the Middle School at Gogera Bangla in Okara tehsil has got any building of its own ;

(*b*) whether he is aware of the fact that teaching arrangements have been made in some of the rooms of the Rest-House building at Gogera ;

(*c*) whether there is a scheme under the consideration of the District Board, Montgomery, for the construction of a school building at Gogera Bangla: if so; when is this scheme likely to be implemented ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (a)N.o

(*b*) Yes.

(*c*) No. The present building was once the District Courts when Gogera Bangla was district headquarters. When the headquarters were shifted to Montgomery, 8 rooms of the building began to be utilized for the school, and only 2 large rooms on one side for the Rest House. There are vast grassy plots with fine shady trees attached to this building. This arrangement is working most satisfactorily a nd suits the climatic conditions of the area. Therefore, there is no necessity of adding any further scheme on the part of the Government.

REGULATING CHARGES MADE BY MEDICAL PRACTITIONERS

***764. Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large percentage of deaths among the middle and poor classes in the Province is due to their inability to obtain suitable medical aid ;

(*b*) whether the Government intend making a survey of this condition with special reference to the charges made by medical practitioners in the Province; if not, the reasons therefor?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) It is possible that some percentage of deaths among the poor classes may be due to their inability to obtain suitable medical aid.

(*b*) Government have under their consideration the question of fixing the fees to be charged by different categories of Government Doctors. The question of putting the fees charged by private medical practitioners under statutory check is also being considered.

GOVERNMENT AID FOR TIBBIA COLLEGE OF ANJUMAN-I-HIMAYAT-I-ISLAM

***781. Sardar Muhammad Zafarullah:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether the Government are aware of the fact that Anjuman-i-Himayat-i-Islam, Lahore, is running a Tibbia College, which is the only recognised Tibbia Institution in West Pakistan;

(*b*) whether the institution is on the list of the institutions aided by the Punjab Government; if so, the amount of aid given to it;

(*c*) whether the Punjab Government intends to start a Government Tibbia College in the Province; if not, what action the Government intend to take to make the Tibbia College mentioned in (*a*) above a self-sufficient institution ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) Yes.

(*b*) Yes. Rs. 2,625 annually.

(*c*) No. Government are considering the question of increasing this grant-in-aid.

ADOPTION OF RECOMMENDATIONS OF INDIGENOUS MEDICINE COMMITTEE REGARDING DESI TREATMENT

***783. Sardar Muhammad Zafarullah:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in 1938 an Indigenous System of Medicine Committee was appointed by the Punjab Government consisting of some Tabibs, Doctors and Members of the Assembly ;

(*b*) whether it is a fact that the Committee gave its finding that the Desi System of Treatment is effective, cheap and suited to the people's temperament and was, therefore, popular among them ;

(*c*) whether Government intends adopting the recommendations of the aforesaid Committee ; if not, the reasons therefor ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The Pakistan Government have set up an enquiry Committee and its report is awaited. A Central Legislation is proposed to be enacted and pending this legislation the Central Government have directed that no steps should be taken by the Provincial Government for registration of practitioners of indigenous systems of medicines in the Province.

Syed Shamim Hussain Qadri: Is it a fact that Government has been repeatedly requested to give help to the Anjuman-i-Himayat-i-Islam College but no step has been taken by the Government so far ?

Minister: The question is a new one, but Government is seriously considering how much aid is to be given to that college.

Syed Shamim Hussain Qadri: How long will the Government take to decide that question ?

Mr. Speaker: Disallowed.

TUBE-WELL SINKING SCHEME

***765. Mian Ghulam Muhammad:** Will the Honourable the Minister of Revenue be pleased to state whether the Government intend to extend the Tube-well Sinking Scheme to Montgomery district ; if so, when, and in what particular part of the district ?

The Honourable Chaudhry Muhammad Hussain Chatha: Government want zamindars to install tube-wells; applications for taccavi loans would be considered.

COAL PURCHASED BY PUBLIC WORKS DEPARTMENT FROM PUNJAB COLLIERIES AND BALUCHISTAN COLLIERIES

***508. Mr. Shamim Ahmad Khan:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the total quantity of coal purchased and consumed by the Public Works Department (Buildings and Roads and Irrigation both) during the year 1951;

(*b*) the quantity of coal purchased from Punjab Collieries during the year 1951 ;

(*c*) the quantity of coal purchased from Baluchistan Collieries during the same year ?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari:

	Buildings and Roads Branch	*Irrigation Branch*
(*a*)	13,194 tons and 11 Cwt.	26,434 tons.
(*b*)	1,538 tons	3,215 tons.
(*c*)	11,656 tons and 11 Cwt. during 1951, and 10,000 tons during January 1952.	23,219 tons.

RENTAL INCOME FROM EVACUEE PROPERTY USED AS COMPENSATION FOR ADMINISTRATIVE EXPENSES

***663. Mr. Muhammad Ameen:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Provincial Government is allowed by the Central Government to charge 10 per cent of the rental income from evacuee property as compensation for administrative expenses ;

(*b*) whether it is a fact that charge of 10 per cent is not sufficient to meet the actual expenditure ;

(*c*) whether it is a fact that there was an estimated deficit of about 16 lacs during the year 1950-51 in this respect, if so; the steps the Government have taken to obtain compensation from the Central Government and how far their efforts have proved successful ?

The Honourable Shaikh Fazal Ilahi Piracha: The answer to this question is not ready.

ACQUISITION OF LAND FOR ELECTRIC POWER HOUSE NEAR MONTGOMERY

***726. Rana Ghulam Sabir Khan:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies, Punjab be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 3 squares of land in Chak No. 135/A/9-L near Montgomery have been acquired for the purpose of constructing an electric power house ;

(*b*) whether it is a fact that all these squares were allotted to the refugees; if so, how many of them are being deprived of their allotted land ;

(*c*) whether arrangements have been made for fresh allotments in adjoining chaks to those affected by this acquisition; if not, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): (*a*) No, only fifty-two acres of agricultural land have been acquired from squares Nos. 1,2,8,9 and 10 of Chak No. 135-A/9-L under the orders of the Pakistan Government ;

(*b*) The entire acquired land is at present temporarily allotted to the refugees. Eleven families will be deprived of this land ;

(*c*) Necessary arrangements have already been made for the provisional permanent settlement of these eleven families. Six of them, who are small land-owners, are to be settled in the same village. The remaining five families which comprise of big land-owners are proposed to be settled in Chaks Nos. 134/9-L. and 136/9-L. Of these five one family has actually been settled in the latter village

---

EVACUEE REGISTERED FACTORIES IN PUNJAB

*769. **Syed Shamim Hussain Qadri:** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state the number of evacuee registered factories in the Punjab and the names of their allottees ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz): The total number of evacuee registered factories and other industrial concerns in the Punjab is 553, The honourable member can see the names and addresses of their allottees in the office of the Secretary, Punjab Industrial Rehabilitation Board.

Syed Shamim Hussain Qadri: Is it a fact that there are numerous allotments in the name of one individual ?

Minister: I am not aware of it.

Syed Shamim Hussain Qadri: Is it a fact that Faridsons of Lahore have got the allotment of 7 or 8 cotton ginning factories ?

Minister: I want notice.

مسٹر ابو سعید انور—کیا یہ ممکن نہ تھا کہ فہرست مذکور ایوان کے میز پر رکھدی جاتی ؟

وزیر—یہ ایک بہت لمبی list ہے اس لئے نہیں رکھی گئی ۔

خواجہ محمد صفدر—کیا یہ امر واقعہ ہے کہ سیالکوٹ میں بعض رجسٹرڈ فیکڑیاں خراب ہو چکی ہیں ۔ مگر ابھی تک allot نہیں ہوئیں ؟

وزیر—بعض ایسی فیکٹریاں ہیں جو خراب ہو چکی ہیں اور ابھی تک allot نہیں ہوئیں ۔ ان کے لئے بورڈ کی سیٹنگ ہو رہی ہے ۔ چنانچہ ان کے متعلق بہت جلد فیصلہ ہو جائیگا ۔

DEMAND FOR GRANT

GENERAL ADMINISTRATION

General policy

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on Demand No. 10—General Administration.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order. Yesterday your honour was pleased to say that discussion on General Administration will be confined only to the items that are given under that head, and if I have not misunderstood, your honour also ruled that an honourable member while discussing General Administration could not discuss all various branches of administration other than those specifically mentioned in the demand.

Mr. Speaker: What is your point of order. I do not want a speech.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: My point of order is that there are rulings to the contrary because it is also opposed to Parliamentary Practice.

Mr. Speaker: I cannot allow any discussion on any ruling given by me. Since there is some misunderstanding about my ruling I will make it further clear. In a discussion on the demand and on the cut proposed on the demand honourable members can discuss the questions of policy so far as they relate to the demand made. Other general discussion will not be permitted.

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) — جناب صدر ۔ کل میں اس ایوان کے سامنے ملک قادر بخش صاحب پارلیمنٹری سیکرٹری کی رپورٹ کا حوالہ دے چکا ہوں ۔ آج میں حکومت کے اس رکن کی وہ رائے جو انہوں نے عام نظم و نسق کے متعلق ظاہر کی ہے ۔ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ اس کے ساتھ ہی عام نظم و نسق کے نقائص ۔ ان پر تنقید اور ان نقائص کو درست کرنے کیلئے تجاویز جو ہماری پارٹی کی طرف سے پیش کی جا سکتی ہیں آپ کی وساطت سے وزیر اعلیٰ کی خدمت میں پیش کرونگا ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں آنریبل چیف منسٹر صاحب کی خدمت میں (جو صوبہ کے لاء اینڈ آرڈر کے انچارج ہیں) ۔ ان کے محکمہ پولیس کے متعلق چند معروضات پیش کرونگا ۔ جناب صدر ۔ پولیس کی مسلسل زیادتیوں اور رعب جمانے کے عام ہتھکنڈوں کے متعلق میری گذارش یہ ہے ۔

Mr. Speaker: Where is the police mentioned in this demand and will the honourable member kindly look at page 183.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Please refer to page 183 of the Budget (e) District Administration. Then I will refer to the police rules para. 1·15.

Mr. Speaker: No further reference is necessary.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں وہ خیال جو حکومت کے ایک رکن نے پولیس کی زیادتیوں اور رعب کے متعلق ظاہر کیا ہے اور جس کا اثر مجسٹریٹوں پر ہوتا ہے ۔ صرف اس حد تک وہ الفاظ اس رپورٹ میں سے پڑھکر سناؤنگا جس حد تک وہ روزنامہ ''امروز'' مورخہ ۷ نومبر ۱۹۵۱ء میں چھپے ہیں ۔ جو یہ ہیں ۔ مجھے اضلاع میں یہ دیکھکر از حد صدمہ ہوا کہ مجسٹریٹ احساس کمتری کا شکار ہیں۔ میں نے دیکھا کہ وہ کام کرتے وقت بے حد سراسیمہ ہو جاتے ہیں ۔ بد قسمتی سے صوبے میں ایک ایسی حالت پیدا ہو گئی ہے جس میں مجسٹریٹوں نے یہ محسوس کرنا شروع کر دیا ہے کہ اپنے حلقہ اثر میں ان کو پولیس افسروں پر کوئی اختیار حاصل نہیں ۔ ایک وقت تھا کہ جب ایک ضلع کے پولیس افسر قیام امن کے سلسلہ میں اپنے آپ کو علاقہ مجسٹریٹوں کے ماتحت خیال کیا کرتے تھے ۔ لیکن اب مجسٹریٹوں کے حلقے میں یہ احساس پایا جاتا ہے کہ آج کل کی پولیس انہیں کسی لمحہ نقصان پہنچا

سکتی ہے ۔ ،، اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کرونگا کہ پولیس رولز میں واضح طور پر یہ حکم درج ہے۔ کہ کوئی پولیس افسر جب وہ صدر مقام پر پہنچے ۔ تو اس کا سب سے پہلا فرض یہ ہوگا ۔ کہ وہ علاقہ مجسٹریٹ سے مل کر اپنے علاقے کے تمام حالات اس کے سامنے پیش کرے اور اگر اس کے علاقہ میں کوئی بد نظمی ہو تو اس کی رکاوٹ کیلئے اس سے مشورہ کرے اور اس سے حکم حاصل کرے ۔ یہ قاعدہ انگریز کے زمانے میں بنایا گیا تھا۔ موجودہ حالات کے متعلق حکومت کے ایک رکن اپنی رپورٹ میں وضاحت کر چکے ہیں ۔ جناب صدر ۔ اب معاملہ بالکل الٹ ہو چکا ہے اور اس کے الٹنے کے متعلق نہ کوئی حکم ہے اور نہ ہی کوئی نیا قاعدہ بنایا گیا ہے ۔ مگر مجسٹریٹ خود پولیس افسروں کے گھروں پر جا کر ان سے مشورے کرتے ہیں کہ کس طریقہ سے مقدمات کے فیصلے کئے جائیں ۔ ان سے پوچھتے ہیں کہ کس مقدمے میں ملزم کو سزا دیں اور کس میں چھوڑ دیں ۔ کن ملزموں کی ضمانت لیں اور کن کی نہ لیں ۔ پولیس اتنی جار ہو چکی ہے کہ ہماری مجسٹریسی magistracy پر وہ قطعی طور پر حاوی ہے ۔ اور آج ہمارے مجسٹریٹوں میں وہ بات نظر نہیں آتی جو انگریز کے زمانے میں تھی ۔ یہ اس محکمے کی حالت ہے جو لاء اینڈ آرڈر law and order کے سلسلہ میں ہمارے آنریبل وزیر اعلیٰ کے ماتحت ہے ۔

جناب والا ۔ عام نظم و نسق کے head کے تحت وافر اخراجات صرف اس مقصد کے پیش نظر کئے جاتے ہیں کہ اضلاعی انتظام کے منتظم صحیح لائنوں اور صحیح طریقوں کے مطابق یعنی (رشوت ستانی سے بالاتر ہو کر) اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہوئے عمل میں لائیں ۔ مگر مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ نظم و نسق ان اخراجات کے باوجود بھی بے ضابطگیوں اور بے قاعدگیوں سے مبرا نہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے وہ اراکین جن کو اس ایوان کی اکثریت نے اس صوبے کے نظم و نسق کے فرائض سونپے تھے ۔ وہ انہیں سر انجام دینے میں ناکام رہے ہیں ۔

اب میں آپ کے سامنے پولیس کی کارگزاریوں میں سے چند ایک پیش کرتا ہوں ۔ کہ کس طرح جھوٹے مقدمات درج کئے جاتے ہیں ۔ در اصل ایسے تمام مقدمات جو بعد میں خارج از وقوع کر دئے جاتے ہیں سینئر افسران کبھی نہیں پوچھتے کہ متعلقہ سب انسپکٹر پولیس نے کیوں جھوٹے مقدمات دائر کرائے تھے ۔ بلکہ الٹا ان سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے ۔ سالانہ اعداد و شمار کی رپورٹ میں ان سب خارج شدہ مقدمات کو

جرائم کی کمی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ اور انہیں گنا نہیں جاتا ۔ اگر متعلقہ افسران کی جواب طلبی کی جائے تو آنکو ایسے جھوٹے مقدمات دائر کرانے کی آئیندہ جرأت نہ ہوگی ۔ بے شمار مقدمات عدم پتہ رہنے کے باعث اسلئے خارج کر دئے جاتے ہیں کہ جرائم کی کمی دکھائی جا سکے اگر گزیٹیڈ پولیس افسران کو اس بارے میں جواب دینا پڑے تو معاملہ صاف ہو جائے مگر یہاں تو کوئی پوچھنے والا ہی نہیں ہے ۔ در اصل جھوٹے مقدمات کا اخراج یا مقدمات کا عدم پتہ رہنا پولیس کی نا اہلیت پر دلالت کرتا ہے ۔ پولیس افسران کا نا اہل ہو جانا اور اس محکمہ سے عمدگی کار کا مفقود ہو جانا چند خاص وجوہات کی بنا پر ہے ۔ میں وہ وجوہات بھی بیان کئے دیتا ہوں ۔ مجھے خود ذاتی علم ہے اور میں ذاتی تجربے کی بنا پر کہ سکتا ہوں کہ تقسیم ملک کے بعد اکثر پولیس افسران نے قسمیں کھا کھا کر عہد کر لیا تھا کہ پاکستان بن جانے کے بعد وہ بے ایمانی اور رشوت ستانی چھوڑ دیں گے اور صدق دل سے پاکستان کی خدمت کرینگے ۔ مگر ایسے اچھے افسران کو یکے بعد دیگرے چن چن کر محکمہ سے نکال دیا گیا اور باقی ماندہ کو shuttle cock کی طرح جگہ بجگہ منتقل کیا گیا حتے کہ وہ دل چھوڑ بیٹھے ۔ نیز بد دیانت افسروں کو ترقیاں دی گئیں اور نظم و نسق کے بڑے سفید ہاتھیوں نے اپنی من مانی کارروائیاں کر کے محکمہ پولیس کو نکما بنا کر چھوڑا ۔ ورنہ دیانت دار افسران تو اس محکمہ کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتے تھے ۔جناب والا ۔ ایک اور وجہ جس نے پولیس افسروں کو نا اہل بنایا وہ یہ ہے کہ سرگودھا میں پولیس ٹریننگ سکول جاری کیا گیا — اس میں ٹریننگ دینے والے نالائق افسر رکھے گئے جو سائینٹفک تفتیش کے طریقے اتنے بھی نہیں جانتے تھے جتنے کہ سیکھنے والے جانتے تھے ۔

نیز ان سائنٹفک طریقہائے تفتیش کو عملی طور پر کبھی استعمال نہیں کیا گیا بلکہ ان کو تو اب قطعاً ترک کر دیا گیا ہے ۔ اضلاعی انتظام دھڑے بندیوں اور پارٹی بازیوں کا شکار ہو کر رہ گیا ہے ۔ اور پولیس نے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے ۔ سپرنٹنڈنٹوں نے اپنے ماتحت دلال سب انسپکٹر رکھے ہوئے ہیں ۔ جو باقاعدہ طور پر سرکاری کام نہیں کرتے بلکہ ایس۔ پی صاحب کی خوشامد اور ذاتی خدمت کرتے ہیں اور صرف اسطرح اچھی رپورٹیں حاصل کر لیتے ہیں ۔

پھر جناب والا ۔ جو افسران تھرڈ ڈگری methods اور ناجائز سختی استعمال کرتے ہیں انکی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ تفتیش کے علمی

اور سائنٹفک طریقے چھوڑ کر پست درجے کے ذرائع جن کو third degree methods کہا جاتا ہے استعمال کئے جاتے ہیں - سائنٹفک اور علمی طریقہائے تفتیش کی appreciation نہیں کی جاتی - اب اگر جناب صدر اجازت دیں تو میں مثالیں بھی عرض کر سکتا ہوں کہ کس طرح پست و ناجائز طریقے استعمال کر کے پولیس ہماری قوم کی تذلیل کر رہی ہے

چودھری محمد افضل چیمہ - جناب والا - پوائنٹ آف آرڈر کے طور پر عرض ہے کہ وہ معزز رکن سو رہے ہیں - (قہقہہ) -

آنریبل سپیکر —

I have already requested the honourable member not to raise frivolous points of order.

چودھری محمد شفیق — جناب والا - پولیس کی نا اہلیت کی یہ بھی وجہ ہے کہ جب موقعہ دیکھنے کے لئے بڑے افسر جاتے ہیں تو موقعہ پر واقعات کا مشاہدہ کرنے کی بجائے وہ جھوٹی شہادتیں مہیا کرنے کی کوشش کرتے ہیں - اور چھوٹے افسروں کو اور بھی نالائق اور ناکارہ بنانے کا موجب بن جاتے ہیں - اس طرح ۷۰ فی صدی جھوٹے مقدمات چلائے جاتے ہیں اور صرف وہی بد قسمت انسان اس میں سزایاب ہوتے ہیں - جو غریبی یا بے چارگی کے باعث قانونی مدد حاصل نہیں کر سکتے -

اسکے علاوہ ظلم وتشدد کے ناجائز طریقے اب بھی استعمال ہوتے ہیں اور خود وزیر اعلیٰ جہاں علاقے سے منتخب ہو کر آئے ہیں اس علاقے میں مہاجرین کے ایک گاؤں چک نمبر ۷۰ تحصیل وہاڑی میں ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر نے ایک انسانیت سوز حرکت کی کہ جن آدمیوں نے رات کا پہرا نہیں دیا تھا ان کو ایک پبلک مقام پر کھڑا کر کے منہ کالے کر کے حکم دیا کہ کتوں کیطرح بھونکیں اور ہر گذرنے والے کی طرف کتوں کی طرح لپکیں اور ان کے کپڑے پھاڑیں (نعرہ ہائے نفریں) -

اگر حکومت کی پارٹی میں جرأت ہے تو کوئی صاحب کھڑے ہو کر اس واقعہ کی تردید کریں - میں اپنے وقت میں سے انہیں وقت دینے کے لئے تیار ہوں - یہ خود وزیر اعلیٰ کے حلقہ نیابت کا ذکر ہے اور اس محکمے کا ذکر ہے جس کے وہ براہ راست انچارج بھی ہیں - ۰۰ یا ۰۰ ایم - ایل - اے حضرات نے اس واقعہ کی اطلاع اپنے دستخطوں سے وزیر اعلیٰ کو دی تھی - مگر اسکے باوجود کوئی ایکشن نہیں لیا گیا -

جناب والا - میں اس آنریبل ممبر صاحب کو جو کہ وہاں سے مہاجرین کے نمائندے ہیں موقع دینے کو تیار ہوں کہ اگر وہ اسکی کوئی تفصیل دینا چاہتے ہیں تو بڑی خوشی سے دے سکتے ہیں -

مولوی عبدالسلام on a point of order, Sir میں اس واقعہ کی تصدیق کرتا ہوں (شور) ۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

چودھری محمد شفیق — جناب والا ! اسکے علاوہ ظلم و تشدد کی اور کیا کیا مثالیں پیش کروں ۔ ایک نہیں سینکڑوں بلکہ ہزاروں ہیں ۔ میں ایک اور واقع پیش کرتا ہوں جو میرے اپنے حلقہ نیابت سے متعلق ہے جناب صدر ! برج والا کے تھانے میں ان زرعی اصلاحات جنکا ڈھول ہمارے آنریبل وزیر اعلیٰ ہر جلسے میں ۔ اس ایوان میں ۔ اپنی تقریروں میں اور ہر جگہ پر پیٹ رہے ہیں ، ان زرعی اصلاحات کے اثر کا آپ کو ایک نظارہ دکھاتا ہوں ۔ بہت سے مزارعین اکٹھے ہو کر عارف والا کے مقام پر ہمارے قائد ایوان کے سامنے پیش ہوئے کہ ہمیں بتائیے کہ ہم کیا کریں ۔ ہمیں زمینوں سے نکالا جا رہا ہے ۔ ہمارے لئے کوئی انتظام کیجئے ۔ بصد مہربانی آپ نے انکو جواب دیا (جو کہ مزارعین نے ہمیں بتایا) کہ آپ ڈپٹی کمشنر کے سامنے جاکر پیش ہو جائیے ۔ وہ آپکی داد رسی کرنے کی کوشش کرینگے ۔ وہ بیچارے ڈپٹی کمشنر کے پاس آئے ۔ برج والا کے مقام پر ۹۶/۵ ایل چک میں ایک مزارع کو ایک بڑا زمیندار صرف آموں کی ٹہنیاں زمین میں گاڑ کر کھیتوں کو باغ بنانے کی کوشش کرتے ہوئے زبردستی بیدخل کر رہا تھا ۔ چنانچہ درخواست ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیگئی ۔ انہوں نے سب انسپکٹر کو لکھا اس نے کہا کہ جاؤ جا کر اپنے ہل چلاؤ ۔ وہ مزارع سمجھا کہ حکومت نے بڑا اچھا اقدام کیا ہے وزیر اعلیٰ کے حکم کی پوری تعمیل ہوئی ہے ۔ اس نے جا کر ہل جوت دئے ۔ اب زمیندار صاحب فوراً پولیس کے پاس پہنچ گئے اور پولیس نے اس آدمی کو تھانہ میں بلایا ۔ دوسرے دن جسوقت میرے پاس وہ پہنچا تو اسکے چوتڑوں پر چار انچ چوڑے اور قریبا چھ چھ انچ لمبے نشانات موجود تھے اور وہ بمع ڈاکٹری سرٹیفیکیٹ کے میرے پاس آیا اور کہا کہ مجھے تو زرعی اصلاحات کا پھل مل گیا ۔ تھانیدار نے بلا کر مجھے خوب زد و کوب کر دی ہے اسلئے کہ ہل کیوں جوتا تھا ۔ اور جب میں نے کہا کہ آپ کے حکم سے جوتا تھا تو جواب ملا کہ بالکل نہیں ۔ اسوقت میں نے اسے ایس ۔ پی کے پاس بھیج دیا مگر معلوم نہیں ہو سکا کہ کیا ایکشن لیا گیا ۔

چودھری فضل الٰہی — اچھے با خبر ہو ۔

شیخ ظفر حسین — اس کی فیس بھی واپس کی تھی یا نہیں ؟

چودھری محمد شفیق — اسکے علاوہ میں اپنے حلقہ نیابت کے اندر

اس ظلم و تشدد کا ایک اور مظاهره آپکی وساطت سے اس ایوان کے سامنے پیش کرتا هوں تاکه وزیر اعلیٰ کے نوٹس میں آجائے اور انکو معلوم هو جائے که ان کی جنرل ایڈمنسٹریشن کے تحت انکی پولیس کیا کارنامے کر رهی هے - جناب والا ! تھانه نور شاه کے علاقه میں لائلپور کے ضلع سے ایک مسلی کی لڑکی کو اغوا کیا گیا - اسکے بعد اسکو کچھ عرصے تک نور شاه کے علاقے میں رکھا گیا - قصبه نور شاه کے ایک زمیندار نے اغوا کرنے والے کی اعانت کی اور اس سے اس لڑکی کی بہن اور بھائی کے خلاف ۳۶۶ کا پرچه دلوا دیا که میری اس سے شادی هو چکی هے اور اسکی ماں اور بہن بھائی اسکو زبردستی لے گئے هیں - پرچه کی تفتیش هوئی اور کچھ ایسے واقعات نه نکلے - دوسرا تھانیدار آیا اس نے حالات کو دیکھا مگر وه زمیندار کے رعب کے نیچے تھا - اس نے جا کر انکو گرفتار کر لیا - اور گرفتاری کے دوران میں اسکی بہن کو جب کھینچا تو اسکا معصوم بچه اسکے هاتھوں سے گر گیا اور وهیں پر مر گیا - وه بھاگے اور لائلپور کے ایس - پی کے پاس پہنچے که هماری سنئیے - تھانے میں نہیں سنی گئی - لائلپور کے ایس - پی کے پاس درخواست دیگئی - اور وه واپس آئی - حشر کیا هوا اس پرچه کا ؟ یه کہا گیا که اس عورت نے خود بچے کو گرا کر مار دیا هے - یه اس پرچه کے اخراج کیلئے کیا گیا - اور کہا گیا که یه واقعه جھوٹا هے - اور دوسری طرف جب نور شاه کے سب انسپکٹر نے دیکھا که میرے ماتحت کے خلاف پرچه دیا گیا هے تو اس نے ان کے تمام مویشیوں کو اکٹھا کر لیا اور انکو تھانے کے اندر بند کر دیا - وه بچارے عدالتوں میں بھاگے - میجسٹریٹ کے پاس بھی شنوائی نه هوئی - کیونکه اس پر پولیس کی طرف سے احکامات سخت تھے - آخر بعد میں جو کچھ هوا وه یه تھا که اس مجرم کو جو پولیس کے پاس کافی عرصه ره چکا تھا - مفرور قرار دیدیا گیا - اس کی ملکیت ایک جانور بھی نہیں تھا مگر اس گاؤں کے تمام کے تمام جانور قرق کر لئے گئے - جب مجسٹریٹ نے حکم دیا که واپس کرو تو پھر بھی ایک بھینس کو رکھ لیا گیا یه کہه کر که تین چار سال هوئے یه بھینس چوری کیگئی تھی - اور بعد میں ان لوگوں کو رعب اور دبدبه سے کہا گیا که تمام مقدمات واپس لو - اور وه واپس لے لئے گئے - یه هیں حالات اس پولیس ایڈمنسٹریشن کے جن کے منتظمین پر آج هم تنقید کرتے هیں - جناب والا ! اسکی وجوهات کیا هیں - میں وه بھی عرض کئے دیتا هوں که کیوں یه چیزیں هو رهی هیں - اسکی وجوهات یه هیں که جب کوئی مالک اپنے ایک ملازم سے خود بدعنوانیاں کروائے - جب وه اسے کہے که تم الیکشن کے دوران میں یه بدعنوانیاں کرو - یه بے ایمانی کرو - تو کیا وه مالک دوسرے دن جا کر اسے کہه

سکتا ہے کہ اب بد عنوانیاں بند کرو ۔ جنرل ایڈمنسٹریٹرز نے کھلی چھٹی دی ہوئی ہے کہ جو مرضی آئے کرو ۔ اور اسی کے تحت تمام چیزیں ہو رہی ہیں ۔ ان کو پتہ ہے کہ اگر ہمیں ایک مسلم لیگی کارکن کی بھی حمایت حاصل ہے تو ہمیں دنیا میں کوئی نہیں چھیڑ سکتا ۔ ہم ہر غریب پر ظلم و تشدد کرسکتے ہیں۔ ہم سب کچھ کر سکتے ہیں ۔ جناب والا اس کا حل ایک ہی ہو سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جہاں تک ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے آپ تمام چیزوں میں جماعتوں اور تنظیموں سے بالاتر ہو جائیے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ جماعتیں نہ بنائیں لیکن جہاں تک ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے آپ ان چیزوں سے بالاتر ہو کر انصاف کے دروازے ہر شخص کیلئے برابر کھول دیجئیے ۔ چاہے وہ کسی سیاسی جماعت سے تعلق رکھتا ہو ۔ پاکستان کے ہر شخص اور ہر فرد کو پاکستان کے ہر شہری کو حق حاصل ہو کہ وہ پاکستان کے اندر انصاف حاصل کر سکے ۔ جناب والا ! آپ کی وساطت سے میں اسکے بعد پولیس کے ایک اور کارنامے کی طرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ضابطہ فوجداری کے اندر اسکے بنانے والوں نے ایک دفعہ ۱۰۹ بنا دی ہے اب پولیس کی سب سے بڑی کارگذاری کیا ہے ؟ ۱۸۶۱ میں بھی ایس - پی یہ پوچھا کرتے تھے کہ انسدادی کارروائی کیا کی ہے ؟ اور آج بھی ایس - پی اسی شد و مد کے ساتھ تھانیدار سے پوچھتے ہیں کہ ۱۰۹ کے تحت کتنی کارروائی کی ہے ؟ تھانے دار صاحب کارروائی پوری کرنے کیلئے تھانے کے سامنے سے جاتی ہوئی موٹر میں سے کسی غریب کو اتار لیتے ہیں اگر وہ بچارا پوچھتا ہے کہ جناب میرا کیا قصور ہے ۔ مجھے فلاں جگہ ضروری جانا ہے تو جواب ملتا ہے کہ کوئی بات نہیں ۔ تمہیں سرکاری خرچ پر پہنچا دیا جائیگا ۔ اور اس طرح بچارے کا ۱۰۹ میں چالان ہوتا ہے ۔ سال چھ مہینہ اندر رہنے کے بعد حفظ امن کی ضمانت ہوتی ہے بصورت دیگر اسے جیل ہو جاتی ہے ۔ اس وقت نہ اس کے اگلوں کو پتہ ہوتا ہے نہ پچھلوں کو اور اگر کسی سرکاری آدمی یا تھانے دار نے دفعہ ۱۰۹ کے ماتحت پھر پکڑ لیا تو کہیں دو سال کے بعد گھر پہنچا ۔ جناب والا ۔ اس کی ایک مثال نہیں ۔ آپ کو بیسیوں مثالیں دے سکتا ہوں ۔ در اصل ان لوگوں کو اپنی کاغذی کارگذاری پیش کرنی پڑتی ہے اس لئے وہ محض figure work سے اسطرح پیش کر تے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ کے سامنے حال ہی کا ایک واقعہ پیش کرتا ہوں۔ ایک میجسٹریٹ صاحب نے جب یہ دیکھا کہ سال کے اختتام پر یا مہینے کے اختتام میں اس کے یونٹ کم رہ گئے ہیں تو اسے پورا کرنے کے لئے وہ ضلع منٹگمری کے ایک تھانہ حجرہ میں جاتے ہیں اور تھانہ دار سے پوچھتے

ھیں کہ تھانہ میں redress کی کتنی درخواستیں آئی ہوئی ھیں ۔ بلاؤ سو پچاس آدمیوں کو ۔ چنانچہ آدمی بلا کر ان کو کھڑا کیا جاتا ھے ۔ ایک کو کہتے ھیں تم اس طرف آؤ ۔ دوسرے کو کہتے ھیں تم اس طرف آؤ ۔ اس طرح دفعہ ۱۰۷ کے مقدمات بنا کر یونٹ بن جاتے ھیں ۔ مجھے یہ واقعہ ایک آنریبل ممبر صاحب نے بتایا ھے ۔

Saiyad Shah Nawaz—He is telling wrong, Sir.

چوہدری محمد شفیق — جناب والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ مجھے ایسا کہنے کی کیا ضرورت ھے ۔ میں یہ صحیح کہتا ہوں ۔ ابھی کل ھی اسمبلی کی سیڑھیوں میں مجھے بتایا گیا ھے ۔ یہی وہ آنریبل ممبر ھیں جنہوں نے یہ واقعہ خود بتایا تھا اب وہ خود ھی اس کا جواب دیں ۔ وھاں دو ممبر اور بھی تھے ۔

سید شاہ نواز — On a point of Explanation جناب والا ۔ کوئی واقعہ ایسا نہیں ہوا ۔ نہ ھی مجھے خود پتہ ھے ۔ یہ کہانی انہوں نے خود بنا لی ھے ۔

Chief Minister: I would like to intervene at this stage only to this extent that the honourable member having much larger experience of crime than any other person in this hall, is giving as a catalogue of those cases. He is referring to some M. L. As by name. I do not think this is the right procedure.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I did not give way.

Mr. Speaker: No reference to individual members.

چوہدری محمد شفیق — جناب والا۔ اب اس کے آگے میں آپ کی توجہ صوبہ میں جرائم کی طرف دلانا چاھتا ہوں کہ لاء اینڈ آرڈر کے محکمہ نے کتنے جرائم کو کم کیا ھے ۔ یہ صحیح ھے کہ figures کم کر دئے ھیں اور پہلے اس امر کی طرف توجہ دلائی جا چکی ھے اس لئے یہ figure play work ھے ورنہ جرائم زیادہ ھیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرتا ہوں کہ نظم و نسق میں پولیس کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ یہ ھے کہ پولیس کو ایسے جرائم کی طرف توجہ دینے کا بہت کم وقت ملتا ھے ۔اس کی ایک مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ پرسوں صبح ۹ بجے کے قریب بد قسمتی سے مجھے شیخوپورہ جانا پڑ گیا ۔ لاھور سے لیکر شیخوپورہ تک دونوں طرف پولیس کے سرخ پٹکوں والے قطاریں باندھے کھڑے تھے ۔جناب والا میں نے دیکھا کہ یہ جرائم کو روکنے والے یہ لاء اینڈ آرڈر کے محافظ آج اس سڑک پر کیوں اکٹھے ہو رھے ھیں ۔ آخر میں نے ایک سے پوچھ لیا کہ یہ بات کیا ھے تو پتہ لگا ۔ کہ آج ایک آنریبل وزیر صاحب اس سڑک پر تشریف

فرما ہیں ۔ اس لئے ہم راستہ پر پہرہ دے رہے ہیں تا کہ وہ آسانی سے گذر جائیں۔ جناب والا تقریباً ۸۰ یا ۹۰ پولیس افسر صبح سے لیکر میرے واپس آنے تک اس سڑک پر تعینات تھے ۔ کاش اگر وزیر موصوف نے ان سب کی تنخواہوں کا اندازہ لگایا ہوتا ۔ کہ انہوں نے اس دن کوئی اور کام نہیں کیا ہوگا ۔ مگر کتنی تنخواہ وصول کی ہوگی تو پھر انہیں معلوم ہوتا ۔

جناب والا ۔ ان کی ہر دلعزیز منسٹری کو اگر حفاظت کی اتنی ہی ضرورت تھی تو تین چار بندوقوں والے سپاہیوں کو اپنی کار میں بٹھا کر لے جا سکتے تھے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ ان وزراء صاحبان کو جو ایوان کے اندر ببانگ دہل یہ بات کہہ دیتے ہیں کہ مسلم لیگ نے کتنے زیادہ ووٹ حاصل کئے ہیں اور مسلم لیگ ایک پاپولر جماعت ہے پھر اس کے لیڈروں کو کیا ضرورت ہے کہ پولیس کی حفاظت میں باہر نکلیں ۔ اس جماعت کے لیڈر جب اتنے ہر دلعزیز ہیں تو اپنی حفاظت پر کیوں اتنا خرچ کر رہے ہیں ۔ یہ فرسودہ نظام انگریز ہی کی چیزیں ہیں ۔ وہ اس لئے ۔ کہ وہ لوگ باہر سے آئے ہوئے تھے ۔ انہیں ڈر تھا کہ اس ملک کے باشندے اپنی آزادی حاصل کرنے کے لئے کہیں ان پر حملہ آور نہ ہو جائیں اس لئے وہ اپنی حفاظت کرتے تھے ۔ مگر اب تو ماشاءاللہ ہم لوگ ۵ سال سے آزاد ہو چکے ہیں ۔ اگرچہ محض نام کو ہیں ۔ اور ہماری پاپولر منسٹری بھی بر سر اقتدار ہے ۔ ہم جانتے ہیں کہ اُدھر ۸۵ فیصدی اصحاب بیٹھے ہوئے ہیں مگر حیرانی اس بات کی ہے کہ وہ لال صافے والے کے بغیر چار قدم بھی باہر نہیں نکل سکتے ۔ کیا یہی ہر دلعزیز وزارت ہے ۔ جناب والا یہ اُس فرسودہ نظام کی مثالیں ہیں جب کہ انگریز یہاں پر حاکم کی حیثیت سے موجود تھا ۔ دوسرے ملکوں میں جا کر دیکھیں ۔ کیا چرچل کے ساتھ بھی کوئی پولیس کی گاردیں موجود ہوتی ہیں ۔ ان مثالوں کو یاد کریں ۔ کہ اس معزز ایوان کے اندر بھی جب کبھی کوئی سوال پیدا ہوتا ہے ۔ کوئی قاعدہ دیکھنا ہوتا ہے تو ہم فوراً میز پارلیمنٹری پریکٹس کو دیکھ کر اس اصول کو سامنے رکھ لیتے ہیں ۔ یعنی اس ملک کی روایات کو ہم کہتے ہیں کہ وہ ہماری روایات ہیں ۔ کیا یہ روایات ہمارے لئے صرف ''میز پارلیمنٹری پریکٹس،، تک ہی محدود ہیں ؟ کیا ان لوگوں کی جن سے ہم نے یہ جمہوریت لی ہے دوسری اچھی چیزیں جو ان کی جمہوریت کے اندر موجود ہیں ہم تک نہیں پہنچینگی ؟ جناب والا میں آپ کی وساطت سے آنریبل چیف منسٹر سے استدعا کرتا ہوں کہ ۱۸۶۳ کا بنا ہوا پولیس کا پروگرام کہ جب منسٹر یا گورنر صاحبان آئیں تو ان کی حفاظت کیلئے سڑکوں پر دو رویہ پولیس—

کھڑی ہو ، رضاکار کھڑے ہوں ، ٹریفک بند کر دی جائے پبلک کے آدمی دو رویہ کھڑے ہو جائیں ، راستے بند کر دئے جائیں اور لاریاں روک دی جائیں ۔ کب تک جاری رہے گا ۔ کیا یہی آزادی ہمیں ملی ہے ؟ اور یہی ہماری ہر دلعزیزی ہے ۔

جناب والا ۔ میں عرض کرونگا کہ آنریبل وزیر اعلیٰ ان اخراجات کو کم کریں ، صوبہ کی حالت پر رحم فرمائیں اور اپنی قوم میں بڑھتے ہوئے جرائم کی طرف توجہ دیں ۔ اگر وزیر اعلیٰ ان امور کی طرف راغب ہوں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا اور اس طرح سے وہ صوبے کے بہت سے اخراجات کی بچت کر سکینگے ۔ اول تو ہم کہتے ہیں کہ انشاالله کوئی ایسی چیز ہر دلعزیز وزارت کے ساتھ ہو ہی نہیں سکتی پھر بھی اپنی حفاظت کیلئے وہ بڑی خوشی سے دو دو ، تین تین ، چار چار سٹین گنر رکھ لیں ۔ وہ کافی سے زیادہ ہونگے ۔ آنریبل وزیر اعلیٰ کے کہنے کے مطابق حزب اختلاف محب الوطن ہے ۔ ہم بھی ان کو اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ حزب اختلاف محب الوطن ہے ۔ وہ ان کے راستے میں کوئی روڑا اٹکانا نہیں چاہتی ۔ انہیں خوشی ہے کہ آپ ان نشستوں پر بیٹھے ہیں ۔ حزب اختلاف تو صرف اتنا چاہتی ہے کہ آپ اس آزاد ملک کو جسے اتنی تکالیف کے ساتھ حاصل کیا ہے ترقی کی طرف بڑھانے کی کوشش کریں اور انگریز کے فرسودہ نظام کو نیچے سے نیچے گرانے کی کوشش کریں ۔ (اس موقع پر صاحب ڈپٹی سپیکر کرسئی صدارت پر جلوہ افروز ہوئے) جناب ڈپٹی سپیکر صاحب

(**Voices :** He is Speaker now).

جناب والا پہلے تو میں آپ کو اول بار اس کرسئی صدارت پر متمکن ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں (آوازیں ۔ پہلے بھی بیٹھ چکے ہیں) میری غیر حاضری میں بیٹھے ہونگے ۔ ۔

20 چونکہ اس وقت کرسئ صدارت پر ایک مائنورٹی کے ممبر متمکن ہیں ، میں اس مائنورٹی کے ساتھ جو سلوک کیا جارہا ہے اس کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔جناب صدر میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ جو ظلم اور تشدد پولیس کے ذریعے مائنورٹی کے ساتھ کئے جا رہے ہیں ان کو ختم کیا جائے ۔

ملک فیض حسین — On a point of explanation, Sir

اس کا یہ سامنے نمونہ ہے کہ وہ سپیکر بن کر بیٹھے ہیں (تالیاں اور ہیر ہیر کی آوازیں) ۔

چودھری محمد شفیق — جناب والا جیسا کہ مجھے معلوم ہے ہمارے وزیر اعلیٰ مائنورٹیز کا خاص خیال رکھتے ہیں پھر بھی ممکن ہو

سکتا ہے کوئی ایسا واقعہ ہوا ہو جو ان کے نوٹس میں نہ لایا گیا ہو ۔ جیسا کہ مجھے بتلایا گیا ہے کہ کچھ ایسے واقعات ہیں ۔ اگر وہ وزیر اعلیٰ کے نوٹس میں لائے جائیں تو ان پر لازم ہے کہ وہ ان کا انسداد کریں اور پولیس کے اس عملے کے خلاف جس نے اس معاملے میں زیادتی کی ہو ۔ ان کے ساتھ ناروا سلوک رکھا ہو ، سخت کارروائی کی جائے ۔

جناب صدر اب میں پولیس میں خرابیوں کی ایک اور وجہ پیش کرتا ہوں ۔ آپکی وساطت سے میں جناب وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس معزز ایوان میں تو یہ کہتے ہیں کہ ہماری حزب مخالف محب الوطن ہے لیکن کیا ان کو یہ معلوم ہے کہ ان کا پولیس کا محکمہ حزب مخالف کی تمام خط و کتابت کو سنسر کرتا ہے ؟

وزیر اعلیٰ — On a point of personal explanation. Sir میں نے یہ عرض کیا تھا کہ مجھے امید ہے حزب مخالف محب الوطن ہے ۔

خان افتخار حسین خان — آپ کو یقین ہونا چاہئیے ۔

چودھری محمد شفیق — اگر ان کو اب بھی صرف امید ہی ہے تو میں آنریبل وزیر اعلیٰ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری طرف سے یہ امیدیں جو ہم پر ظاہر کی جا رہی ہیں وہ ایسی امیدیں نہیں ہیں جیسے کہ مسلم لیگ کے وعدے ؟

وزیر اعلیٰ — کیا امید چھوڑ دیں ؟

چودھری محمد شفیق — اگر مسلم لیگ کے وعدے چھوڑ دئے ہیں تو

خان افتخار حسین خان — یقین کرئے ۔

چودھری محمد شفیق — آپ کو یقین ہونا چاہئیے ۔ میں یہ بڑے شد و مد سے کہہ سکتا ہوں اور یہ عین ممکن ہے کہ آپ سے زیادہ ہم محب الوطن ہوں ۔ آپ لوگوں کے ہاتھ میں عنان حکومت ہے ۔ پانچ سال کے عرصے میں آپ نے کیا گل کھلائے ہیں (قطع کلامیاں اور شور) ۔

مسٹر ابو سعید انور — اُدھر سے پوچھئے جنہوں نے گل کھلائے ہیں ۔ پچھلے باغبان کی شکایت ہم سے نہ کیجئیے ۔

چودھری محمد شفیق — پچھلے باغبان بھی مسلم لیگی اور آپ میں سے ہی تھے ۔

Mr. Deputy Speaker: Order, order.

چودھری محمد شفیق — جناب والا وہ ممبر صاحبان جو خلل انداز ہو رہے ہیں ان کو ایسا کرنے کا حق نہیں پہنچتا ۔ ان کو متنبہ کیا جائے ۔

میں عرض کر رہا تھا کہ وہ شکوک جو آنریبل وزیر اعلیٰ کو اپوزیشن کے محب الوطن نہ ہونے کے متعلق ہیں اور جن پر ابھی وہ صرف امید رکھتے ہیں کہ وہ محب وطن ہیں اور یقین نہیں رکھتے اگر وہ شکوک اس ایوان کے سامنے پیش کریں تو ہم ان کو دور کر دینگے ۔

مولانا عبدالستار خان نیازی: وہ کس کو Suspect کرتے ہیں؟

چودھری محمد شفیق: دیکھنا اس چیز کا ہے کہ پاکستان بننے سے پیشتر کون لوگ تھے جو پاکستان کے حامی تھے اور وہ زیادہ تعداد میں کن کے ساتھ ہیں ؟ اس کے برعکس وہ لوگ جو پاکستان کے خلاف تھے جو پاکستان کے غدار تھے ، جنہوں نے پنجاب کی تقسیم کروائی ، جنہوں نے وہ وہ حرکتیں کیں جو آج تک ہمیں یاد کر کے رونا آتا ہے ملاحظہ فرمائیے کہ یہ کن کے ساتھ ہیں ؟ کیا مسلم لیگ کی ۸۵ فیصدی اکثریت انہیں سے بھر پور نہیں ہے ؟ (قطع کلامیاں اور شور) ۔ کیا حزب مخالف کے قائد اس وقت پاکستان کی تحریک کے قائد نہیں تھے ؟ آپ تو اس وقت ایک اسسٹنٹ کی حیثیت میں تھے ۔

وزیر اعلیٰ: اسسٹنٹ کے اسسٹنٹ ۔ شاباش ۔

چودھری محمد شفیق: جناب والا میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ ہماری محب الوطنی کا یقین کریں ۔

جناب والا اس کے بعد میں محکمہ پولیس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کیا آنریبل وزیر اعلیٰ کو معلوم ہے کہ انہوں نے سپرنٹنڈنٹ پولیس صاحبان کے نام ایک سرکلر جاری کیا تھا جس میں ان کو ہدایت کی گئی تھی کہ پولیس کی تفتیش کے دوران میں مسلم لیگی کارکنوں کو بھی شامل تفتیش کیا جایا کرے ۔ ہمارے ضلع منٹگمری کے اندر سب انسپکٹروں کی ایک میٹنگ بلائی گئی اور اس میں ان کو یہ کہا گیا کہ دیکھو ہمارے پاس اس قسم کے احکام موصول ہوئے ہیں ۔ اس میٹنگ میں سب انسپکٹروں نے صاف طور پر ایس۔پی صاحب کو کہا کہ اگر وہ لوگ جو جرم زیادہ کرتے ہیں زیادہ تر مسلم لیگی ہوں تو کیا اس صورت میں ہم بطور امداد مجرموں کو شامل تفتیش کر لیا کریں ۔ اس طرح وہ میٹنگ بغیر کسی فیصلہ کئے برخاست ہوگئی ۔ کیا یہ واقعہ نہیں ہے ۔ میں وزیر اعلیٰ سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا یہ بات ان کے نوٹس میں نہیں لائی گئی کہ ان کے ضلعوں کے کارکن پولیس کے کام میں اور مقدمات میں مداخلت کرتے ہیں ۔ کم از کم مجھے اپنے ضلع کے متعلق تو کافی سے زیادہ تجربہ ہے اور میں وثوق سے

کہہ سکتا ہوں کہ شاید سو میں سے دس یا پندرہ مقدمات ایسے بچتے ہوں گے جن میں مسلم لیگی کارکن سفارش کے ذریعہ سے مداخلت نہ کرتے ہوں ۔ میں پوچھتا ہوں کیا یہ درست نہیں ہے کہ پچھلے سال ضلع منٹگمری میں دو سو مقدمات پریذیڈنٹ ضلع مسلم لیگ کے کہنے پر withdraw کئے گئے ۔

Chief Minister: Absolutely wrong.

چودھری محمد شفیق: آپ کی وساطت سے میں وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ وہ واقعات ہیں جن میں بہت سی چیزیں زبانی ہوتی ہیں ۔ آج رانا عبدالحمید صاحب یہاں موجود نہیں ہیں جن کے سامنے اپ کے ضلع منٹگمری کے حاکم اعلیٰ نے کہا تھا کہ صاحب میں کیا کروں یہ میرے بس کی بات نہیں ہے ۔ صدر مسلم لیگ کا کہنا کیسے نہ مانیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

جناب والا اب میں اس ایوان کی توجہ پولیس کے اس ظلم کی طرف بھی دلانا چاہتا ہوں جو کہ رضاکار ایکٹ کے ماتحت کیا گیا ہے ۔ رضاکار تحریک کے متعلق میں تین جگہ کے واقعات پیش کرتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ رضاکاروں کے لئے وہ کونسا فنڈ ہے جس سے ان کو وردیاں دی جاتی ہیں یا جس میں سے جب وہ ریلی پر جاتے ہیں تو ان کو کرایہ یا خوراک دی جاتی ہے ؟ اب میں ایوان کے سامنے تین جگہ کی مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ غریب رضاکار امیر تو رضاکار ہو ہی نہیں سکتا ۔

Mr. Ahmad Said Kirmani: I want to know how much time has been fixed for the speakers.

Mr. Deputy Speaker: No time has been fixed.

چودھری محمد شفیق: جناب والا میں تین جگہوں کے واقعات کی طرف آپ کی توجہ منعطف کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک تو آپکے ضلع شیخوپورہ میں ہوا تھا ۔ وہاں رضاکاروں کی ریلی ہوئی تھی ۔ اس کے لئے جو چندہ جمع کیا گیا وہ کس طریقے سے جمع کیا گیا تھا ؟ آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ چندہ سب انسپکٹروں نے جمع کیا تھا ۔ ہر ایک سب انسپکٹر کے ذمہ ۵۰۰ روپیہ چندہ جمع کرنا لگایا گیا تھا ۔ کئی سب انسپکٹروں نے پانچ سو روپیہ سے زائد رقمیں وصول کیں مگر اس کا کوئی اکاؤنٹ نہیں رکھا گیا اور نہ رسیدیں جاری کی گئیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا ہز ایکسیلنسی گورنر پنجاب کے پاس اب تک ان کے بارہ میں درخواستیں موصول نہیں ہو رہیں جن میں لوگوں نے یہ لکھا ہے کہ ہم سے جبر سے چندہ وصول کیا

گیا ہے اور کیا وہ درخواستیں جن افسروں کے خلاف دی گئیں تھیں انہی کے پاس واپس نہیں پہنچ چکی ہیں ۔ کیا اگر کسی ہیڈ کنسٹیبل نے چندہ اکٹھا کیا اور اس کے خلاف کوئی درخواست دی گئی ہے تو وہ اس کے پاس نہیں بھیج دی گئی کہ فلاں شخص نے تمہارے خلاف شکایت کی ہے اور تم اس سے اپنا بدلہ لے لو اور اس پر رپورٹ بھی کر دو (مسٹر ابو سعید انور ۔ کیا آپ کے پاس بھی کوئی درخواست آئی ہے ؟) O. S. D. کے پاس جاتی ہیں جناب والا میں آپ کی وساطت سے عرض کرونگا کہ وزیر اعلیٰ کو ان چیزوں کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے ۔

ضلع منٹگمری کے اندر عارف والہ کے مقام پر جو ریلی کی گئی تھی اور اس کے لئے جو روپیہ جمع کیا گیا تھا اس کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ وہ کس طرح حاصل کیا گیا تھا ؟ وہ روپیہ فی سربعہ ۲۰ روپیہ کے حساب سے وصول کیا گیا تھا اور اس کے لئے نہ کوئی رسید دی گئی ۔ کتنی دیدہ دلیری کے ساتھ یہ اکٹھا کیا جاتا ہے ۔ اور پھر اس کی رسید بھی نہیں دی جاتی ۔ اور جب ہم اس کے متعلق ایوان میں پوچھتے ہیں تو اس سے انکار کر دیا جاتا ہے ۔ چنانچہ عارف والہ کے مقام پر بھی چندہ اکٹھا کیا گیا اور اس لئے کہ رضاکاروں کو کھانا دیا جائیگا ۔ لیکن میں کیا عرض کروں کہ ایک نہیں بلکہ سینکڑوں رضاکار وہاں دو دن بھوکے رہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آیا یہ سچ نہیں ہے ۔ کہ وزیر اعلیٰ نے جو وہاں موجود تھے رضاکارو ں کو نئی نئی وردیاں پہنے ہوئے دیکھکر ان سے یہ پوچھنا تھا کہ اے میری قوم کے افراد یہ تو بتاؤ کہ یہ وردیاں تم نے کہاں سے حاصل کیں اور تم کو کیسے مل گئیں ۔ کیا تم نے یہ اپنے مکانوں کو بیچ کر تو نہیں لیں ؟ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

ملک فیض حسین : On a point of order جناب والا رضاکار تحریک سب سے پہلے ضلع سیالکوٹ میں شروع ہوئی اور اس کی تربیت اور تنظیم وہیں ہوئی (آوازیں ۔ کیا یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے) ۔

چوہدری محمد شفیق : سارٹیفیکیٹ لے لیجئے ۔ جناب والا میں اپ کی وساطت سے وزیر اعلیٰ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ بات درست نہیں ہے کہ پولیس کو مسلم لیگ کی حمایت کے لئے اکسانے کے لئے حکومت نے خود رشوت دی (وزیر اعلیٰ — وہ کیسے) اگست یا ستمبر ۱۹۵۰ میں ان کی تنخواہیں بڑھا دی گئی تھیں اور اس کے بعد جس وقت الیکشن ہو چکے تو اب ان کی تنخواہوں میں سے پیسے کاٹے جا رہے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ — بہت افسوس ہے کہ باوجود بار بار بتانے کے آپ یہی کہے جا رہے ہیں ۔

(اس کے بعد اسمبلی کا اجلاس عصر کی نماز کے لئے ملتوی ہوا) -

The Assembly re-assembled at 4-30 p.m., of the clock. Mr. Deputy Speaker in the chair.

Mr. Deputy Speaker: The honourable member has already taken about an hour. As some other members are anxious to speak from both sides I would like the honourable member to wind up what he wants to say within 5 minutes so that we are in a position to give a chance to other members.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I may submit that the Parliamentary Practice in this matter is that no time limit can be fixed and in the history of the Punjab legislature this limit has never been fixed for speeches on Demands. Under the law 5 minutes duration has never been fixed. It is not a ruling: I hope it is a request.

Mr. Deputy Speaker: So far as fixing of time is concerned I am fortified by the rules of this House and by law. I would like to draw attention to the Punjab Legislative Assembly Debates Volume 25 where a time limit was fixed, and when the time was up the Speaker always said 'the honourable member's time is up'. The honourable member may take 5 minutes to wind up his speech.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. If I put the rulings to the Chair on the subject that no time limit was fixed, will the Deputy Speaker be ready to consider and review his ruling. I submit to the ruling of the Chair but because there are authorities on this point which are in number and in force, I think a wrong practice may not be created in this House.

Mr. Deputy Speaker: This is the decision of the Chair and I am sure the honourable member will abide by it. The honourable member may wind up his speech within 5 minutes.

Chaudhri Muhammad Shafiq: The Deputy Speaker will at least hear the references on Parliamentary Practice which I want to put before the Chair.

Mr. Deputy Speaker: The honourable member is wasting the time of the House.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of privilege. It is a convention of this House created by the Speaker in the last session.

Sheikh Zafar Hussain: On a point of order. The honourable member may be told that this time will also be deducted from the 5 minutes allowed by you

Mr. Deputy Speaker: I am sorry that the honourable member does not want to abide by the ruling given by the Chair. I am allowing him 5 minutes to wind up his speech.

Malik Ghulam Nabi: The honourable Deputy Speaker can reconsider his ruling.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Will the Deputy Speaker hear me on the point of privilege and then give me time. I have raised a point of privilege in the first instance. I may submit that it is the practice in this House and in the last session the Honourable Speaker gave a ruling and on the next day for reviewing his own ruling he heard arguments on that ruling. I submit that nobody can go against the Government of India Act our constitution unless provided for by the rules. There are no specific rules on this point in the Rules of Procedure of the Punjab Legislative Assembly.

Mr. Deputy Speaker: The honourable member has already taken more than 5 minutes. Will the honourable member be prepared to wind up his speech so that I may call upon some other honourable member.

Chaudhri Muhammad Shafiq: What is the ruling on the point of privilege. When a point of privilege is raised it is the duty of the Speaker to give a ruling on that point, because the point of privilege is one of the most important points which can be raised in the House and I have raised a point of privilege.

Mr. Deputy Speaker: There is no point of privilege. Please sit down.

میاں عبدالباری: جناب صدر ۔ جب اس ایوان کا کوئی معزز ممبر Chair کے سامنے کوئی ruling پیش کرنا چاہے تو اس سلسلے میں اس ایوان کی tradition ہمیشہ سے یہ چلی آتی ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک legislature کی tradition یہی ہے کہ اسے وہ ruling پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے ۔ آج تک کسی legislature میں یہ نہیں ہوا کہ جب کوئی آنریبل ممبر کوئی ruling پیش کرنا چاہے تو اسے روک دیا گیا ہو ۔ اس لئے میں با ادب درخواست کرونگا کہ Chair سےاس قسم کا ruling پیش ہو جانے سے وہ privilege جو اس سلسلے میں ایوان ہذا کے معزز ممبران کو حاصل ہے ۔ کہیں کھو نہ جائے اور ضائع نہ ہو جائے ۔

شیخ محمد سعید: (پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب والا! اس ایوان کے روبرو کل سے بڑی لمبی چوڑی بحث کی جا رہی ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کو حزب اختلاف کی مرضی کے مطابق کیوں نہیں چلایا جارہا ہے ۔ سیاسی اغراض سے سستی شہرت حاصل کرنے کے لئے اس ایوان کے سامنے عوام کی ہمدردی کا رونا رویا جارہا ہے لیکن ہم نے دیکھا ہے کہ جب عوام کی مصیبت کے وقت انکی امداد کرنے کی ضرورت تھی تو ایوان کے ان معزز ارکان نے غریب عوام کے حق میں ایک لفظ تک نہیں کہا تھا ۔ لیکن اگر کہیں مدرس شور مچائیں تو یہ عوام کے ہمدرد نظم و نسق کو خراب کرنے کی نیت سے ان کے ساتھ ہو لیتے ہیں اور اگر کہیں پٹواری سٹرائک کریں تو بھی یہ حزب اختلاف کے ارکان اس نوکرشاہی کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے ان کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں اور نوکر شاہی کی حمایت کر کے سستی شہرت حاصل کرنے کی ڈگر پر ہو لیتے ہیں نظم و نسق پر نکتہ چینی کرتے وقت انگریزوں کی پیدا کی ہوئی نوکر شاہی جماعت کی امداد کرنا ان کا شیوہ بن گیا ہے حالانکہ ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ انگریزوں کے دور اقتدار میں انہوں نے ایک ایسی جماعت پیدا کر رکھی تھی جو ہر وقت نوکر شاہی کی حمایت کرتی تھی اس کو روزمرہ کی ضروریات سے بے نیاز کر دیا جاتا تھا تا کہ وہ عوام سے رابطہ رکھنے کے محتاج بھی نہ رہیں بلکہ ان کو احساس برتری رہے ۔اور وہ اپنے آپکو بلند درجہ کے انسان سمجھیں اور عوام سے نفرت کریں ان پر رعب جمائیں چنانچہ اس جماعت کو عوام پر ایک خاص فوقیت اور برتری حاصل ہوتی تھی ۔ معاشی اور اقتصادی لحاظ سے وہ دولت میں کھیلتے تھے حالانکہ عوام نان شبینہ کو بھی ترستے تھے ۔ اس سے انگریزوں کا مطلب اور منشا یہ تھا کہ

عوام اور ان کے درمیان ایک خلیج حائل ہو جائے ۔ افسوس ہے کہ آج انہی غریب عوام اور پس ماندہ لوگوں کے لئے کوئی ہمدردی کا لفظ ہماری حزب مخالف کے پاس نہیں رہا بلکہ انکی تمام ہمدردیاں انگریزوں کی طرح ملازم پیشہ لوگوں کیلئے وقف ہو گئی ہیں اور یہ انہی کا معیار حیات بلند تر کرنے کیلئے کوشاں نظر آتے ہیں افسوس کہ حزب مخالف اس پر غور نہیں کرتی کہ پنجاب میں عوام کی اوسط ماہوار آمدنی فی کس بمشکل ۱۵ روپے ہے مگر پھر بھی ان غریب عوام کے مقابلے میں یہ معزز ارکان ان ملازموں کی آمدنی دگنی تگنی کرانے پر تلے ہوئے ہیں جو پہلے ہی بہت زیادہ حصہ لے رہے ہیں ۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ عوام کی اقتصادی اور معاشی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے کون سے اقدامات کی ضرورت ہے مگر حزب مخالف پٹواریوں کی ایجی ٹیشن اور مدرسین کی شورش کو ہوا دے رہی ہے اور کہتی ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بڑھائی جانی چاہئیں ۔ لیکن حکومت تو وہ کام کرے گی جو ملت کے فائدے اور قوم کے فائدے کا ہوگا ۔ جس سے اسکی معاشی زندگی بہتر ہو اور معیار حیات بلند ہو مگر حزب مخالف اس قابل مبارکباد کام کو چھوڑ کر ایڈمنسٹریشن کو خراب کرنے والی ایجی ٹیشنوں اور تحریکوں کی حمایت کرتی ہے جن کا مقصد حکومت پر دباؤ ڈال کر اپنا الو سیدھا کرنا یا ایڈمنسٹریشن کو خراب کرنا ہے حزب مخالف کے ارکان جھوٹ موٹ کی ہمدردی کے آنسو ایسے ملازمین کے حق میں بہا رہے ہیں جن کا معیار معیشت پہلے ہی غریب عوام کے مقابلے میں بہتر ہے ۔ سرکاری ملازم تو دیہات میں پہلے ہی ایک بادشاہ اور حاکم کی حیثیت رکھتا ہے ۔ چھوٹے سے چھوٹا ملازم بھی اپنے آپکو اس ملک کا حکمران سمجھتا ہے ۔ اور آج اسکے غم میں آپوزیشن گھلی جا رہی ہے اور غلط پروپیگنڈا کر رہی ہے ۔ وہ در اصل اپنی ذمہ داری سے غفلت برت رہی ہے ۔ اور شور و غوغا کرنے والوں کو شہ دے رہی ہے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The honourable member is not addressing a meeting in the Mochi Darwaza : he should mind the rule of procedure because he is addressing a meeting of the Assembly.

شیخ ظفر حسین : معزز رکن نے موچی دروازہ کا نام بڑی توہین امیز طریقے سے لیا ہے ۔ اور اس سے ایوان ہذا کی تحقیر کرنے کی بھی کوشش کی ہے حالانکہ ان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ان کی پارٹی کے لیڈر اسی موچی دروازے سے منتخب ہو کر اس ایوان میں آئے ہوئے ہیں ۔

Khan Iftikhar Hussa n Khan: Has any time limit been fixed for speeches?

Mr. Deputy Speaker: I have decided to fix a time limit for speeches.

Khan Iftikhar Hussain Khan: What is that time limit ?

Mr. Deputy Speaker: Twenty minutes for all members except the Chief Minister.

Chaudhri Muhammad Shafiq: The Deputy Speaker has given a ruling which was not previously given, that he is putting a limit of 20 minutes on each speech. But according to Parliamentary Practice as given in the Punjab Debates of 1939 Volume VIII and of 1938 Volume III the time limit for such speeches was never fixed.

Mr. Deputy Speaker: I have already given my ruling.

شیخ محمد سعید : جناب والا اس ایوان میں حزب مخالف کی تقریروں کو ہم نے نہایت صبر اور سکون کے ساتھ سنا ہے مگر وہ تھوڑی دیر کے لئے بھی ہماری بات سننے کی تاب نہیں رکھتے ۔میں ان کو چند حقائق سنا رہا ہوں ۔ انہوں نے ملک قادر بخش کی رپورٹ کا حوالہ دیا تھا ۔ حالانکہ وہ اس حکومت کی ایک اچھی چیز کی طرف دلالت کرتی ہے کیونکہ اس سے ایک مرض کی تشخیص کی گئی ہے ۔ مگر حزب مخالف کو تو اس امر کی توفیق اپنے عہد حکومت میں نہیں ہوئی تھی کہ وہ اپنی حکومت کی خامیوں کا پتہ لگا سکتے ۔ آخر ہم نے ممدوٹ کے زمانے کی خرابیوں کا پتہ لگایا ہے تو اس میں کونسی بری بات ہے ؟ دفعہ ۹۲ کی خامیاں اور پرانی لعنتیں ہم دور کر کے رہیں گے ۔ اور ایڈمنسٹریشن کو بہتر بنا دیں گے ۔ بلکہ ہمیں تو دعویٰ ہے کہ نظم و نسق پہلے سے کہیں بہتر ہو چکا ہے ۔ باقی نقائص بھی سب دور ہو جائیں گے ۔ افسران اب آرام سے کام کر رہے ہیں مگر عہد ممدوٹی میں تو مجسٹریٹ صاحبان کام ہی نہیں کرتے تھے ۔اگر ایڈمنسٹریشن کے اس ورثہ کے متعلق کوئی نکتہ چینی کی جا سکتی ہے تو میں یہ خیال کرتا ہوں کہ اس میں ہمارے حزب اختلاف کے بھائی بھی اسی طریق سے شامل ہیں جس طریق سے ہم پر الزام تراشی کی جاتی ہے ۔ جناب والا اب یہ وقت نہیں ہے کہ ہم عوام کی معاشی زندگی اور اقتصادی زندگی کے معیار کو کسی طریق سے کم رہنے دیں ۔ اب یہ وقت ہے کہ ملازمین کی تنخواہیں اس حد تک نہ بڑھائی جائیں کہ

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The honourable member while speaking is not addressing the Chair.

Mr. Deputy Speaker: It is no point of order (*Interruptions*).

Chaudhri Muhammad Shafiq: He is being allowed an unparliamentary practice.

مسٹر ابو سعید انور : On a point of order, Sir آنریبل ممبر نے ایسے الفاظ کہے ہیں جو کہ چیئر کے اوپر aspersion ڈالتے ہیں ۔

He must withdraw these words.

شیخ محمد سعید : جناب والا۔میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں ہمیں طبقے پیدا نہیں کرنا چاہئیں ۔ یا اس قسم کے گروہ یا جماعتیں پیدا نہیں کرنا چاہئیں کہ ملک میں طبقاتی جنگ ہو ۔ جہاں اس صوبہ کے

exchequer پر ملازمین کی خاطر ایک کڑور روپیہ کا بار گران ڈالا گیا ہے (اور میں کہتا ہوں کہ وہ صحیح ہے) تو وہاں ہمارے عوام بھی مستحق ہیں -

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. While the honourable member was speaking, the Secretary passed twice between the member and the Chair.

Mr. Deputy Speaker: It is no point of order.

شیخ محمد سعید: جناب والا میں عرض کررہا تھا کہ جہاں ہم نے ایک کروڑ روپیہ کا بارگران اس صوبہ کے مصارف پر ملازمین کی تنخواہوں کے متعلق ڈالا ہے - وہاں ہمارا یہ بھی فرض ہے کہ ہم صوبہ کے عوام کے لئے ان کی بہتری کے لئے بھی ایسے کام کریں-ایسے . . .

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of privilege. I may submit that the Secretary has just approached me and has told me 'you should write a new book on parliamentary practice' I will submit that it is no part of the duty of the Secretary to approach members of the House and address like that when the proceedings in the house are in progress. I will submit that members of the House will not tolerate it in the presence of the Chair, it is a clear breach of their privilege in this house. I will submit that it was no part of the duty of the Secretary to come and say that. The point of privilege is that a member in the sitting of the assembly cannot be interrupted by the servant of the house as has been done by the Secretary he should bring any matter required to be conveyed to a member through the Speaker. He has committed breach of the privilege of the house. I want a ruling and action. When the speaker is sitting the member is not to act on the wishes of the Secretary.

Mr. Deputy Speaker: There is no point of privilege. Unfortunately the honourable member has tried to abuse the Chair. I would like that the members of the House and especially Chaudhri Muhammad Shafiq will try to be very relevant and very responsible.

Minister of Education: On a point of information. Sir, if honourable members of the Opposition try to interfere with the speeches of the Government benches, members on this side also know how to interfere with their speeches. I have noticed an attempt on the part of a certain section of this House to play with its discipline and to show disregard to the dignity of the Chair. I would tell them, through you, Sir, that we respect the dignity of the Chair, and we also know how to keep it. If the rulings of the Chair are not obeyed, and if in any way any aspersion is thrown on it, or an attempt is made to play with it, this House will not tolerate it.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of explanation. I have been named by the Minister. I want to give an explanation on that point (*Voices*: he has not named anybody).

شیخ محمد سعید: جناب والا! اس ایوان میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ ملازمین کی تنخواہ کو زیادہ اونچا کردو - حالانکہ صورت یہ ہے کہ ہمارے عوام اور چھوٹے طبقہ کے لوگ اس نوکر شاہی کے جورو تشدد اور انکی رشوت ستانی سے پستے چلے جا رہے ہیں - ہم نے کوئی ایسی تجویز نہیں کی جس سے انکے لئے بے جا رعایات یا ناجائز روپیہ کمانے کے دروازے بند کر دئے جائیں -ہم نے عوام کے لئے وسائل مہیا کرنا فراموش نہیں کیا - جناب والا ! اگر

حزب مخالف کے دوست یہ چاہتے ہیں کہ ایک طبقہ کی نمائندگی کی جائے وہاں کیا وہ اس طبقہ کو بھول گئے کہ جس نے ان کو ووٹ دے کر یہاں بھیجا ۔ جسکے سامنے وہ جواب دہ ہوں گے ۔ جو ان پر محاسبہ کر سکتا ہے ۔ غریب عوام کیلئے تو حزب اختلاف کے پاس ایک لفظ بھی نہیں ہے۔ اور یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ فلاں کی تنخواہ بڑھا دو ۔ فلاں کو ترقی دے دو ۔ فلاں ملازمین کے طبقہ کے previleges کو زیادہ کردو ۔ حالانکہ ضرورت یہ تھی کہ عوام کیلئے بھی کوئی تجویز کی جاتی ۔ عوام کی قوت خرید کم ہو رہی ہے ۔ ملک کی پیداوار میں اضافہ کرنے کیلئے کارخانوں اور فیکٹریوں کی ضرورت ہے ۔ اسکے لئے لازم ہے کہ تنخواہوں کے بوجھ کو اس توازن سے گھٹا دیا جائے کہ عوام کی قوت خرید اسکو برداشت کر سکے ۔ جناب والا در آں حالیکہ یہاں پندرہ روپیہ ماہوار ایک شہری کی اوسط آمدنی ہے اس ایوان میں اسوقت یہ کہا جاتا ہے کہ پٹواری کی تنخواہ میں دس یا پانچ کا اضافہ کر دیا جائے ۔ لیکن ایسے عوام کیلئے جنکی قوت خرید (قطع کلامیاں) ۔

I seek the protection of the Chair. My friends on the other side are interrupting me.

جناب وقت چونکہ مقرر ہے ۔اسلئے عرض کرونگا کہ اتنا وقت مجھے زیادہ دیا جائے جتنا حزب اختلاف نے ضائع کر دیا ہے (قہقہہ) ۔

تو جناب والا ! حزب اختلاف کی طرف سے یہ نہیں کہا گیا کہ عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے پہلے پندرہ روپیہ ماہوار والے کے وسائل کو زیادہ کرو ۔ اسکو مزید مواقع مہیا کرو ۔ اسکی ہمت کو بلند کرو ۔ پھر جناب والا اس معزز ایوان کے ایم۔ایل۔اے صاحبان کے متعلق کچھ فرمایا گیا ہے ۔ نائب لیڈر حزب مخالف نے انکی تنخواہ کے متعلق بھی کچھ ارشاد فرمایا ہے ۔ لیکن میں تو فخر محسوس کرتا ہوں کہ یہ ایوان عوام کی ازادی کی اساس ہے انکی خود اختیاری کا مظہر ہے اور ہم اس طرح نوکر شاہی ، استبداد اور استعمار کو ختم کر سکتے ہیں ۔ کیا وہ چاہتے ہیں کہ ملک میں کوئی ڈکٹیٹر ہو یا کوئی آمر ہو یا شہنشاہ ہو ۔ کیا وہ سمجھتے ہیں کہ نمائندہ وزارت یا نمائندہ اسمبلی اس ملک کو درکار نہیں ۔ جس کے ذریعہ عوام کی آواز پہنچائی جائے ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ ایم۔ایل۔اے حضرات کی طرف سے ایڈمنسٹریشن میں دخل اندازی ہوتی ہے ۔ میں حیران ہوں کہ اس وزارت کے برسراقتدار آنے کے بعد ایم۔ایل۔اے حضرات کے متعلق یہ شکایت کیونکر پیدا ہوئی ۔ میں جانتا ہوں کہ یہ ایک منظم سازش ہے سرکاری افسر عوام کے ساتھ نفسیاتی طور پر بددیانتی کرنے کے ماہر ہیں۔ جناب والا جب عوام کے نمائندوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو یہ ایڈمنسٹریشن

کے افسران کے پاس جاتے ہیں ۔ وہ جان بوجھ کر انہیں نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ان کی گذارشات کی شنوائی نہیں ہوتی وہ یہ کہہ دیتے ہیں کہ ایم۔ایل ۔اے حضرات دخل اندازی کرتے ہیں ادھر تو عوام کو یہ شکایت ہے اور یہ گلہ ہے کہ یہ ایم۔ایل۔اے نمائندہ حضرات عوام کے دکھوں کی شنوائی نہیں کراتے ان کی تکالیف کا ازالہ نہیں کراتے میرے فاضل دوست ارباب حزب اختلاف ایم۔ایل۔اے صاحبان کے سامنے بھی اس قسم کی دقت پیش آ رہی ہے ۔ اور دوسری طرف عوام کی آواز پہنچانے والوں کو اس طرح بے وجہ بدنام کیا جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ میرے حزب مخالف کے دوست جذبات کی رو میں بہ گئے ہیں ۔ جذبات میں یہ نہیں دیکھتے کہ معزز ایوان کے ممبران ایک خاص احترام کے مستحق ہیں ان کی آواز کیا ہے ، ان کی شکایات کیا ہیں اور وہ کس اہمیت اور توجہ کے مستحق ہیں ۔ وہ لکھوکھا عوام کے نمائندہ ہیں اور نوکرشاہی سے بالا ہیں ۔ یہ درست ہے کہ وہ الاؤنس لیتے ہیں مگر عوام کے فائدہ کے لئے عوام کی ترجمانی کرتے ہیں اور تکلیف کا ازالہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کسی سازش کا شکار ہو رہے ہیں آپ خواہ مخواہ اس بات کا شور مچاتے ہیں کہ ایم ۔ ایل ۔ اے ایڈمنسٹریشن کو کمزور کرتے ہیں ۔ حضرات

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The honourable member is again using the same word which is not meant for the members of this House.

شیخ محمد سعید : جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے ان حضرات سے مخاطب ہوتا ہوں ۔ جناب والا ہم کو خود یہ گلہ ہے کہ ایڈمنسٹریشن کے افسران عوام کے نمائندوں سے تعاون نہیں کرتے ۔ اگر عوام کے درمیان طبقاتی جنگ پیدا ہو تو وہ مخالف عنصر کو بڑھاتے ہیں ۔ کشمکش اور جنگ و جدل کی آگ کو ہوا دیتے ہیں ۔ ایک دوسرے کے ساتھ دھڑا بندی پیدا کرتے ہیں ۔ یہاں تک کہ جماعت مسلم لیگ ہو یا جناح عوامی لیگ ۔ انکی سیاست میں وہ دخل اندازی کرتے ہیں ۔ اور کوشش کرتے ہیں کہ ان کے مطلب کے آدمی اس جماعت میں آ جائیں ۔

(حزب مخالف کی طرفسے آوازیں ۔ یہی ہم چاہتے ہیں) ۔

میں عرض کرونگا کہ یہ احساس کمتری ہے ۔ اگر آپ کو پارٹی پر اعتماد ہوتا ۔ آپ اس کے نقطہ نگاہ کو بیان کرتے تو سارا ہاؤس آپ کی تائید کرتا ۔ جناب والا میرے فاضل دوست یہ نہیں سمجھتے کہ معزز ارکان عوام کی آواز ہیں ۔ انہیں چاہئے کہ کوشش اور محنت کے ساتھ

اپنے فرائض کو سر انجام دیں اُن کو ان کے جذبات کی ترجمانی کی طرف پوری توجہ دینی چاہئے تھی اور خیال کرنا چاہئے تھا ۔ آج جہاں اس بجٹ میں تنخواہوں کو زیادہ کر دیا گیا ہے اور کئی قسم کے مصارف بڑھا دئے گئے ہیں ۔ انہیں چاہئے تھا کہ وہ ہماری صحیح رہنمائی کرتے ۔ مگر ایسا نہیں ہوا۔ وہ بھی تنخواہوں میں زیادتی سے عوام کا بوجھ زیادہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ مسلم لیگ کے ان کارکنوں کو جو تقسیم سے پہلے ملت کے ساتھ تھے اور قربانیاں کرتے رہے ۔ انہیں سابقوں الاولوں کا درجہ ملنا چاہئے تھا ۔ مسلم لیگ کے افراد ملت کے مخلص افراد ہیں ان کی بے حد قربانیوں کے سبب ہی تو پاکستان وجود میں آیا ہے ۔ مگر اس بجٹ میں ان کے لئے provision موجود نہیں ۔ میری نگاہ میں وہ ایک خاص عزت کے مالک ہیں تقدس کے مالک ہیں اُن کے لئے کچھ نہ کچھ provision رکھنا لازمی تھی تا کہ ہم یہ ثابت کر سکتے کہ ملت کے اُن سپاہیوں کو نظر انداز نہیں کیا گیا ۔ جنہوں نے ملت کے لئے قربانیاں دیں ان کے لئے کچھ نہ کچھ انتظام ضرور ہونا چاہئے تھا۔ وہ قوم کے خدمت گذار اور وفادار کارکن ہیں جنہوں نے قوم کے لئے اپنی زندگی وقف کر دی ہے ۔

میاں عبدالباری: جناب والا ۔ معزز رکن ایوان میں demand کے کسی حصہ پر گفتگو نہیں کر رہے ۔ سپیکر صاحب کا رولنگ تھا کہ کوئی بات demand سے باہر نہیں کی جائیگی ۔ اور اجازت نہیں دی جائیگی اس لئے میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ Chair نے یہ بیس منٹ قاعدے کے خلاف کیوں استعمال کئے ہیں ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. I want to speak on the same point of order raised by Mian Abdul Bari. Yesterday such speech of Mr. Abu Saeed Anv r was declared irrelevant by the Honourable Speaker.

Mr. Deputy Speaker: But I have not.

Mian Abdul Bari: Was it relevant.

Mr. Deputy Speaker: The honourable member is not to criticise the decision of the Chair.

شیخ محمد سعید: نہیں منت کش تاب شنیدن داستان میری ۔ جناب والا ۔ ملت کے ایسے مخلص کارکنوں کے لئے کچھ نہیں کیا گیا ۔ ان کے بال بچے آج بھوکے مر رہے ہیں ان کے گذارے اور وسائل روزگار کا انتظام نہیں ہوا ہے ۔ ہم نے بے حد نا شکری کا ثبوت دیا ہے ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. It has nothing to do with any item under General Administration.

شیخ محمد سعید: جناب والا دیکھنا یہ ہے کہ اس معزز ایوان میں یہ ذکر ہوا ہے کہ ایڈمنسٹریشن کس قسم کی کوشش کر رہی ہے

اس کے متعلق عرض ہے کہ ایوان کے معزز ارکان جانتے ہیں کہ صحیح سیاسی رجحان رکھنے والے یعنی مسلم لیگ کے افراد کسی طرح ذلیل کئے جا رہے ہیں ان پر قید و بند کی پابندی لگائی جاتی ہے ہم نے دیکھا ہے کہ ہمارے صوبہ میں ایک افسر ضلع نے ایک مخلص نوجوان کارکن کو سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کر لیا تھا ۔ اگرچہ اس وزارت نے اس کو فی الفور رہائی دے دی ۔ لیکن آج تک اس افسر کے برخلاف کوئی ایکشن نہیں لیا گیا ۔ آج تک پوچھا نہیں گیا کہ تم نے ایسا کیوں کیا ۔ اس کارکن نے جماعت کا کوئی نقصان نہیں کیا تھا ۔ وہ ملک کا ایک مخلص وفادار سپاہی تھا ۔ اس نے بھارت میں بھارتیوں کی قید سہی ، وہاں اس ملک کی دوستی میں اس مسلم لیگ کی محبت میں ، پاکستان بنانے کے جرم میں دو مہینے قید رہا ۔ جب وہ یہاں پہنچا تو بجائے اس کے کہ ہم اس کے کارناموں کو سراہتے ہم نے اسے گرفتار کر لیا ۔ ایسا کیوں کیا گیا ؟ کیا اس لئے کہ وہ ہونہار اور لائق تھا اس لئے کہ اب بھی وہ مسلم لیگ کا سیکرٹری تھا پڑھا لکھا تھا وکیل تھا ؟ جناب والا اسے اس لئے گرفتار نہیں کیا گیا کہ اس کے خلاف کوئی غداری کا الزام تھا بلکہ اسے اس لئے گرفتار کیا گیا کہ اس کو یہ جرأت کیوں ہوئی کہ اس نے ایک افسر کی اس طریق سے مدح سرائی نہیں کی جیسی کہ وہ پسند کرتا تھا۔

گلۂ جفائے وفا نما جو حرم کو اہل حرم سے ہے
کسی بت کدے میں بیاں کروں تو کہے صنم بھی ''ہری ہری،،

(''واہ واہ کی،، آوازیں)

جناب والا پھر بھی حزب مخالف کہتی ہے کہ ایڈمنسٹریشن کی تنخواہوں کو بڑھاؤ لیکن ایڈمنسٹریشن کی یہ حالت ہے (قطع کلامیاں اور شور) ۔ جناب والا ایک معزز رکن نے تو یہ کہہ دیا کہ بڑے افسروں کی جو تنخواہیں کاٹی گئی ہیں ان کو بھی بحال کر دیا جائے ۔ لیکن انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ عوام کے ساتھ کیا سلوک کیا جا رہا ہے ۔ جن کے لئے یہ حکومت معرض وجود میں آئی ہے ۔

چودھری محمد شفیق : On a point of explanation, Sir. یہ بھی اسی کل کے ایک پرزے ہیں جس کا رونا رو رہے ہیں ۔

شیخ محمد سعید : جناب والا حکومت کے سارے کام ایک وزارت محض قانون سازی سے نہیں کر سکتی ۔ ایڈمنسٹریشن کو صحیح طریقہ پر چلانے کے لئے اس کے نقائص جو ہمیں ورثہ میں ملے ہیں ان کو دور کرنے کے لئے ہمیں وقت درکار ہے۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. Sir. You have just rung the bell and that is done only when the time of the honourable member, who is speaking, is finished. But the honourable member is still going on with his speech.

Mr. Deputy Speaker: It is a warning bell before 2 minutes.

شیخ محمد سعید: جناب والا میرا وقت جو مسلسل قطع کلامیوں سے حزب مخالف نے غصب کیا ہے میں گذارش کرونگا کہ وہ بھی مجھے دلایا جائے ۔

جناب والا میرا گلہ تو یہ تھا کہ جہاں تک قانون کا تعلق ہے جہاں تک ہدایات کا تعلق ہے جہاں تک غلطیوں کے ازالہ کے متعلق ہے وہ کام تو اس وزارت نے ہمیشہ نہایت مستعدی سے سر انجام دیا ہے ۔ سوال یہ ہے کہ کیا پانچ یا سات وزراء سارے ملک کی فضاء کو ٹھیک اور ہموار کر سکتے ہیں ؟ حزب مخالف کو چاہئے کہ صحیح معاملات میں ہمارے ساتھ اتفاق کرے ۔ ایسے معاملات میں اسے ہماری ہمنوائی کرنے کی جرأت ہونی چاہئے ۔ لیکن اس کے بر عکس حزب مخالف پٹواریوں کی تنخواہ کے لئے شور مچا رہی ہے ۔ ان ملازمین کے لئے تو معزز ارکان حزب مخالف واویلا کر رہے ہیں لیکن عوام جس کی وہ نمائندگی کرتے ہیں جن کے مفاد کی خاطر یہ معزز ایوان بنا ہے اُن کے ساتھ انہیں پٹواریوں کا کیا سلوک ہے ۔ ایک ایک جمع بندی کی نقل دینے میں ایک ایک خسرہ گرداوری کی نقل دینے میں وہ پچاس پچاس روپے رشوت لیتے ہیں ۔ ایک ایک allotment کے سلسلے میں وہ سینکڑوں روپے رشوت لیتے ہیں ۔ وہ پٹواری جن کی رشوت ستانی کا یہ عالم ہے اُن کے متعلق تو یہاں تک فرمایا گیا ہے کہ دس بیس روپیہ کا اضافہ کردیا جائے ۔جبکہ عوام بھوکے مررہے ہیں۔ ہماری فیاض حزب مخالف کو چاہئے کہ ان کی تکالیف پر بھی غور کرے ۔ جو ان سب ملازمین کی حرص و آز کا شکار ہیں ۔ جن کے لئے آپ کو یہاں بھیجا گیا ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور حلقہ نمبر ۹ مسلم): جناب والا ۔ میں حضور کی اجازت سے عام نظم و نسق کے مطالبہ زر میں بقدر ایک روپیہ کے تخفیف کی تجویز پیش کرتا ہوں

مسٹر ابو سعید انور: کوئی نئی تجویز پیش کر رہے ہیں کیا ؟

ملک قادر بخش — جناب والا جب تک ہاؤس یہ فیصلہ نہ کر لے کہ کٹ کی پہلی تجویز جو ہاؤس کے سامنے ہے اس پر کیا فیصلہ ہوا ہے دوسری تجویز پیش نہیں ہو سکتی (شور اور قطع کلامیاں) ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am also rising on a point of order.

Sheikh Zafar Hussain: That is not your monopoly.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, two are standing at a time. (*Voices* Order, Order).

Mr. Deputy Speaker: I am sorry the honourable members are trying to be unruly. This is a very precious time which should not be wasted. No new motion can be moved. If Chaudhri Muhammad Afzal Cheema wants to speak on general administration, I will allow him.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I support it.

Mr. Deputy Speaker: Sheikh Zafar Hussain.

شیخ ظفر حسین (گوجرانوالہ حلقہ نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) : حضور والا حزب مخالف کی طرف سے بہت سی مثالیں جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق پیش کی گئیں جن میں کئی ایک اے ۔ ایس ۔ آئیز ۔ اور دوسرے چند ایک آدمیوں کا ذکر کیا گیا ۔

Mian Abdul Bari: Have you allowed him to speak, Mr. Deputy Speaker?

Mr. Deputy Speaker: I called Chaudhri Muhammad Afzal Cheema and he said that he supported it.

Khan Iftikhar Hussain Khan: But he was going to speak.

شیخ ظفر حسین— جناب والا میں آپ کی وساطت سے معزز ممبران پر یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جو کچھ حکومت کے متعلق کہا گیا ہے میں اس کا جواب دے رہا ہوں ۔ اس لئے انہیں اسے تحمل سے سننا چاہئے (قطع کلامیاں اور شور و غوغا) ۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable members are trying to break all rules of the House. This is very precious time, as I said before, and it should not be wasted. So I am sure the honourable members will try to preserve the order of the House.

Mian Abdul Bari: And preserve the rules also.

Mr. Deputy Speaker: And listen to the Speaker calmly. I will also request the honourable member to confine his remarks to the motion before the House.

شیخ ظفر حسین: جناب والا میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ آج تک کوئی ایسا مشیر ۔ کوئی ایسا سیاسی لیڈر یا کوئی ایسا وزیر پہلے نہیں گذرا جس نے اس قسم کی بوریہ نشینی کی ہو ۔ ہم نے ان کو بر سر اقتدار دیکھا ہے لیکن اس وقت ہمیں اس قسم کی بوریہ نشینی ان میں نہ نظر آئی اور نہ ہم نے ان کو ان کے دور اقتدار میں اس حیثیت میں دیکھا ۔ میں پھر یہ دھرانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ اپنے لئے مہر چند مہاجن جیسے امیر و کبیر ہائی کورٹ کے جج کی کوٹھی کو جو پنجاب گورنمنٹ نے ان کے حوالے کی تھی اپنی رہائش کے قابل نہیں سمجھتے تھے وہ آج ہم کو بوریہ نشینی کی تلقین کر رہے ہیں (شور و غوغا اور قطع کلامیاں) ۔

Mr. Deputy Speaker: Order please. I have already told the honourable member not to repeat this thing.

شیخ ظفر حسین: جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ حزب اختلاف کے ممبر کہنے کی تو جرأت رکھتے ہیں لیکن سننے کا حوصلہ نہیں رکھتے میں ان سے کہتا ہوں اب جگر تھام کے بیٹھو میری باری آئی ۔ (شور و غوغا) ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ ہمیں اپنے افسروں کو اتنی تنخواہیں دینی چاہیں جو ۔ہم انہیں اس چیز سے بے نیاز کرنا چاہتےہیں تاکہ ان کو غلط قسم کی آمدنی حاصل کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہو ۔ ہم انہیں اس مہنگائی کے زمانے میں ایسی تنخواہیں دینا چاہتے ہیں جس سے وہ اپنے دل و دماغ کو ٹھنڈا رکھ کر اور مالی پریشانیوں میں مبتلا نہ ہو کر ہمارے کام کو نقصان نہ پہنچائیں ۔ جناب والا حزب مخالف کے ارکان اصولی اور عملی طور پر تو یہ تسلیم کرتے ہیں کہ‌اس کے بغیر گذارہ نہیں ۔ اگر وہ اس کے بغیر گذارہ ممکن سمجھتے ہیں تو وہ اپنے دور اقتدار میں ایسی قطع تعلقی اور بوریہ نشینی کر کے دکھا دیتے ۔ ان کو اچھی طرح معلوم ہے کہ ایسی بوریہ نشینی سے گذر اوقات نہیں ہو سکتی ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ ایک ہی ایسی مثال پیش کریں کہ اس حکومت نے کسی افسر سے کوئی بد دیانتی کروائی ہو جو اس غریب کی dismissal کا باعث ہوئی ہو ۔ (ملک غلام نبی — رونے والے تجھے کس بات پہ رونا آیا) میں دعوی کے ساتھ یہ کہ سکتا ہوں کہ ہمارے حزب اختلاف کے ممبر جو well informed ہیں ایک چیز بھی ایسی پیش نہیں کر سکتے جس سے وہ یہ ثابت کر سکیں کہ ہمارے وزیروں میں سے کسی نے کسی افسر سے کوئی خلاف قواعد کام کروایا ہو جس سے وہ خود فوجداری مقدمہ میں involve ہو گیا ہو ۔ میں یہ دعوی کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جس دن ہمارے وزیر اعلیٰ یہ سمجھینگے کہ وزراء کی تنخواہیں زیادہ نہیں ہونی چاہئیں تو وہ اس قسم کی تجویز پیش کر دینگے اور اگر ان کی پیش کی ہوئی تجویز کوئی وزیر نہ مانے گا تو وہ فوراً استعفے دے دینگے ۔ اور اس وقت وہ یہ نہیں کہیں گے کہ میں نے تو کہا تھا کہ مشیروں کی تنخواہیں کم کر دو لیکن حکومت اس تجویز کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں تھی اور کہ مشیروں کی تنخواہیں گورنر نے مقرر کر دیں اور وغیرہ وغیرہ اور پھر اس کے بعد وہ اپنی تنخواہیں حاصل کرتے رہے ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔ حضور والا میں آپ کی وساطت سے ان پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ رشوت کا لینا اور دینا اس طرح بند نہیں ہوگا جس طرح کہ وہ تجویز کرتے ہیں کہ افسروں کی تنخواہیں گھٹا دی جائیں تو رشوت بند ہو جائیگی ۔ رشوت دینے والے لوگ چونکہ خود بد دیانتی کرتے ہیں اس لئے وہ چاہتے ہیں

کہ افسران ان کی بد دیانتی کا اخفا کریں ۔ وہ خود جرم کر کے مال حاصل کرتے ہیں ۔ ان کے لئے یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ اخفا کرنے والے کو حصہ نہ دیں جو جرم کرے گا اور جو بد دیانتی کرے گا اس سے وہ جو اس کا اخفا کرے گا حصہ ضرور مانگے گا ۔ اگر وہ جرم نہ کرے گا اور بد دیانتی نہ کرے گا تو رشوت دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

پھر میں ان پر یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے یہ غلط item select کی ہے انہوں نے بحث کے لئے allowances of ministers کی مد منتخب کی ہے منسٹری تو حکومت کی روح ہے اور بہترین منسٹری سے بہترین سٹیٹ کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اسلئے میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ اس مہنگائی کے زمانہ میں اگر منسٹروں کو معقول تنخواہیں نہ دی جائیں تو وہ اس قسم کی چیزوں سے بے نیاز نہیں ہو سکتے ۔ اگر اس وقت کسی ایسی چیز کو قبول کر لیا جائے تو مجھے معاف کیجئے اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسے ایم ۔ ایل ۔ ایز ۔ اس ایوان میں آئینگے جن کے پاس مربعے ہوں یا جنہوں نے فیکٹریوں میں حصے الاٹ کرالئے ہوں ۔ صرف ایسے لوگ ہی آسکتے ہیں اور دوسرے یہاں نہیں آ سکتے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ آنے والی نسلوں کے صرف ایسے وزیر بنا کریں جیسے میاں ممتاز محمد خان دولتانہ ہیں یا جن کی آمدنی کے وسائل بہت وسیع ہوں ۔ وہ ایسی مثال قائم کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی غریب آدمی کہ جس کو کسی اور ذریعہ سے آمدنی نہ ہو اور وہ بد دیانتی نہ کرنا چاہے اور دیانتداری کے ساتھ آمدنی کمانے کا اس کے پاس کوئی اور ذریعہ نہ ہو تو وہ کبھی وزیر نہ بن سکے ۔ اس کا صاف طور پر مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص وزیر نہیں بن سکے گا تا وقتیکہ اسے پانچ یا دس ہزار روپے کی آمدنی کسی دوسری جائیداد سے حاصل نہ ہوتی ہو ۔ جناب والا ان الفاظ کے ساتھ میں اس dangerous proposal کی مخالفت کرتا ہوں ۔

(At this stage Mr. Deputy Speaker called upon Chaudhri Muhammad Afzal Cheema to make a speech.)

Sheikh Muhammad Said: On a point of order. My honourable friend was already given an opportunity to speak and now he has lost that opportunity)

مسٹر ابو سعید انور On a point of order کل آنریبل سپیکر صاحب نے چودھری محمد شفیق صاحب کے بارے میں یہ رولنگ دیا تھا کہ اگر کسی ممبر کو ایک دفعہ بولنے کے لئے کہا جائے اور وہ نہ بولیں تو دوسری دفعہ انہیں تقریر کرنے کے لئے نہیں بلایا جائے گا۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم) : جناب والا یہ بدقسمتی ہے کہ اس معزز ایوان کا مزاج کچھ ایسا خراب ہو گیا ہے کہ وہ آپ

کی آرزو مندی کے متحمل نہ ہوتے ہوئے ایسے ایسے کام کررہے ہیں جن سے وہ خواہ مخواہ اس ہاؤس کی قیمتی روایات کو خراب کرنا چاہتے ہیں۔ جب سے سپیکر صاحب گئے ہیں اس وقت سے یہ مظاہرہ ہورہا ہے

جناب والا یہ جو مطالبہ نمبر دس ہے اس کے ساتھ دس نمبر کی بہت سی چیزیں وابستہ تھیں (قطع کلامیاں شور و غوغا اور withdraw these words کی آوازیں)

Mr. Deputy Speaker: Please withdraw these words.
Ch. Muhammad Afzal Cheema: I withdraw.
(At this stage the House adjourned for Maghrib prayers).
(نماز مغرب کے بعد ۵ بجکر ۰ منٹ پر اجلاس دوبارہ منعقد ہوا)

صاحب سپیکر کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہوئے

***وزیر اعلیٰ** (عزتمآب میاں ممتاز محمد خان صاحب دولتانہ)۔ جناب والا ! عام نظم و نسق کے متعلق گذشتہ دو روز سے اس ایوان میں جو بحث ہوتی رہی ہے میں نے اسے انتہائی غور سے سنا ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order. Before this House adjourned for prayers I was in possession of the House and the Deputy Speaker who was then in the Chair had allowed me 20 minutes. Hardly 5 minutes had passed when we adjourned for prayers. Now your honour has asked the Chief Minister to speak.

Mr. Speaker: The last hour of the session today must be given to the Chief Minister because the Demand has to be put to vote before we disperse.

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا ! میں نے دو روز اس بحث کو غور سے سنا اور اگر میں آپ کی خدمت میں اپنے تاثرات پیش کروں کہ مجھے ایک بات سے تو انتہائی مسرت ہوئی اور ایک چیز سے قدرے مایوسی ہوئی ۔ خوشی تو مجھے اس بات پر ہوئی کہ میں نے دیکھا کہ آزادی کے تقاضوں کے مطابق ہمارا معیار امتحان بڑھتا چلا جا رہا ہے ۔ مجھے اس بات کی خوشی ہوئی کہ اس ایوان کے ممبر صاحبان اپنی ذمہ داریوں کا پورا احساس رکھتے ہوئے ہر چیز کو غور سے دیکھتے ہیں ۔ ہر چیز کا غور سے مطالعہ کرتے ہیں ۔ مجھے وہ وقت بھی یاد ہے جب کہ انگریز کے زمانے میں انہی ایوانوں میں کسی کو ہمت نہیں ہوتی تھی کہ ایسی بات کریں اور ہمت کے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے آپ میں اتنا اعتماد نہیں تھا ، ہمیں اپنی رفتار ترقی کو تیز کرنے کی اتنی تمنا نہ تھی ، ہم میں اس قدر تڑپ اور تند احساس زیاں نہ تھا جتنا کہ اب آزادی کے بعد مجھے خوشی ہے کہ ہم میں پیدا ہو گیا ہے ۔ اس بات سے میں انتہائی درجہ مسرور ہوں کیونکہ مجھے ایوان کے کسی ممبر سے کم احساس نہیں ان کوتاہیوں کا اور ان نقائص کا جو ہمارے نظم و نسق میں ہیں ۔ اور میں یہ کہنے کی جرأت کرتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ ایوان کا کوئی ممبر متمنی نہیں کہ ہمیں جلد از جلد

*Uncorrected Speech.

سرعت کے ساتھ نقائص کو رفع کرنا ہے ۔ اور پنجاب جو پاکستان کا دل ہے اس کے نظم و نسق کو وہ درجہ دینا ہے جو کہ زندہ دلان پنجاب کا حصہ ہونا چاہئے ۔ اس سلسلے میں جناب والا ۔ میں مختصراً ایک ہلکی سی طنز کا جواب بھی دینا چاہتا ہوں جو کہ حزب اختلاف کی طرف سے نہایت عمدہ لہجے میں آئی ۔ دوران مباحثہ میں جب انہوں نے دیکھا کہ مسلم لیگ کے ممبر صاحبان بھی نظم و نسق کے متعلق اپنی رائے رکھتے ہیں اور اس پر تنقید کرتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ لو بھائی یہاں تو اب ان کی اپنی ہی پارٹی کے ممبر حکومت کی باتوں کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں کہنا چاہتا ہوں ۔ کہ مسلم لیگ وہ جماعت ہے جس پر آج حکومت کی ذمہ داریاں ہیں ۔ اس لئے حزب اختلاف سے کہیں زیادہ ایوان کے اس طرف بیٹھے ہوئے ممبر صاحبان کی ذمہ داریاں ہیں کہ وہ نظم و نسق کے ایک ایک پہلو کو بڑی کڑی نگاہ سے جانچیں ۔ بڑی سختی سے اس پر تنقید کریں ۔ کیونکہ آخرکار اصل ذمہ داری ان کی ہے ۔ میری ہمیشہ یہ تمنا رہی ہے چیف منسٹر کی حیثیت سے بھی اور مسلم لیگ کا کارکن ہونے کی حیثیت سے بھی کہ مسلم لیگ اپنے محاسبے کو ڈیوٹی سمجھ کر پہلے سے زیادہ آج محسوس کرے گی ۔ کیونکہ آخرکار ہمارا محاسبہ ہے جو کارگر ہوگا ۔ ہماری تنقید ہے جس کا فوری اثر ہوگا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس پر طنز نہیں کرنی چاہئے بلکہ اس کی ایک درجہ تعریف کرنی چاہئے کہ میری پارٹی میں وہ جذبہ ہے میری پارٹی میں وہ حب الوطنی ہے ، میری پارٹی میں وہ محبت ہے اپنی حکومت سے اور مسلم لیگ کی reputation سے کہ وہ بیباک ہو کر وہ تمام چیزیں کہنے کو تیار ہیں جو ان کے دل میں کھٹکتی ہیں ۔ اور وہ ایسا کیوں نہ کریں ۔ یہ نظم و نسق کوئی انکا بنایا ہوا نہیں ، کوئی میرا اختراع کیا ہوا نہیں یہ نظم و نسق ایک پرانا ورثہ ہے جس ورثے کو ہم نے درست اور صحیح کرنا ہے ۔ دیکھنا صرف یہ ہے کہ کیا ہم نیک نیتی اور دیانتداری سے اپنی استطاعت کے مطابق یہ کوشش کر رہے ہیں یا نہیں کہ یہ نقائص جلد از جلد دور ہوں ۔ اور ایک صحیح ، ایک منصفانہ اور ایک متوازن نظم و نسق پنجاب میں رائج ہو جائے ۔ مجھے آنریبل ممبران کی تنقید سن کر بہت خوشی ہوئی ہے ۔ اگر تھوڑی سی مایوسی ہوئی تو وہ اس بات پر کہ دوران مباحثہ میں اراکین اسمبلی نے میری کوئی وسیع رہنمائی نہ کی ۔ مجھے کوئی واضح اور غیر مبہم لائحہ عمل نہ بتایا ۔ انہوں نے تنقید کے دوران میں یہ بھی فرمایا کہ نظم و نسق میں بہت سے نقائص اور خرابیاں ہیں ۔ مگر میں واضح کر دوں کہ ان نقائص کے متعلق ہم سب ذمہ دار ہیں ۔

ان کے متعلق آج ہماری اکثھی اور مشترکہ ذمہ داری ہے ۔ صرف میری اکیلے کی نہیں ۔ آج میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں اکیلا اتنی قابلیت رکھتا ہوں یا مجھے یہ فضیلت حاصل ہے کہ ان مشکل حالات میں تمام مسائل کا ل مجھ اکیلے کی عقل ڈھونڈھ سکتی ہے۔مجھے تو ہر مر حلے پر ہر وقت اور ہر قدم پر اس ایوان کے معزز اراکین کی مدد درکار ہے انہیں یہ نہ سمجھنا چاھئے کہ کچھ وقت کیلئے اپنی مرضی سے انہوں نے اس صوبے کی جو باگ ڈور میرے سپرد کر دی ہے تو اس سے ان کی ذمہ داریاں کم ہو گئی ہیں ۔ یا اپنی قیادت کے فرائض مجھے سونپ کر وہ اپنی ذمہ داریوں سے بالکل سبکدوش ہو گئے ہیں ۔ میں چاھتا ہوں کہ وہ constructive thinking کو اپنا نصب العین بنالیں ۔ اس ایوان میں ایسی تنقید کریں جو تعمیری ہو ۔ تنقید محض تنقید کی خاطر نہ کریں ۔ کیونکہ یہ حربہ انگریز کے زمانے میں مناسب معلوم ہوتا تھا ۔ اس وقت تنقید سے ہمارا مقصد اس نظم و نسق کی تخریب تھا خواہ وہ ہمارے ملک کیلئے نقصان دہ ہی کیوں نہ ہوتی ۔ ہم چاھتے تھے کہ حکومت کا نظام ٹوٹ جائے ۔ ملک میں ایک chaos انتشار اور vaccuum پیدا ہو جائے ۔ حتیٰ کہ غلامی کو رد کر نے اور اس سے نجات پانے کیلئے ہم انتشار تک کو قبول کرنے کیلئے تیار تھے۔ مگر آج میں ہوں یا معزز قائد حزب اختلاف ۔ یہ ذمہ داری ہم سب کی ہے ۔ آج ہم سب نے اس نیا کو چلانا ہے ۔ اس ملک کو مضبوط اور مستحکم بنانا ہے ۔ اس لئے ہمارا ہر خیال تعمیری ہونا چاھئے ۔ ہماری تنقید اور نکتہ چینی سب تعمیری ہو اور ہمیں ہر لمحہ پاکستان کا استحکام پیش نظر ہونا چاھئے۔ اگر خدا نخواستہ پاکستان کمزور ہوا (جو مجھے یقین ہے کبھی نہ ہوگا) تو نہ صرف حزب حکومت ڈوبیگی بلکہ حزب اختلاف کیلئے بھی کوئی جائے فرار نہ ہوگی ۔ اس واسطے میری مایوسی کی بڑی وجہ یہ تھی کہ اگرچہ اس ایوان کے معزز ممبران نے نظم و نسق کے نقائص تو بہت بیان کئے مگر ان کو درست کرنے کیلئے کوئی لائحہ عمل میری رہنمائی کیلئے پیش نہ کیا ۔ مگر خیر یہ کوئی ایسی گلہ کی بات نہیں۔

جناب والا ! دنیا میں کوئی جمہوری حکومت ایسی نہیں جس کی پالیسی پر مخالف پارٹیوں کو اعتراض نہ ہو ۔ میں تو ذاتی طور پر اچھے مباحثے کی قدر کرتا ہوں ۔ اور اسے بہت زیادہ اہمیت دیتا ہوں ۔ مگر حکومت کی پالیسی پر تمسخرانہ رنگ میں تنقید کو قطعاً نا پسند کرتا ہوں اور اس کی اجازت دینے کے لئے ہرگز تیار نہیں ۔

جناب والا ! اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ general discussion کے دوران میں میں نے عام نظم و نسق کے متعلق چند باتیں آپ کی خدمت میں عرض کی تھیں ۔ ان میں سے بعض کا میں اعادہ کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ یہ نظم و نسق اور ایڈمنسٹریشن اس حکومت کی پیداوار نہیں جسے قائم ہوئے ابھی دس ماہ کے قریب ہوئے ہیں ۔ بلکہ یہ تو اسے ورثے میں ملی ہے ۔ اور یہ ورثہ ہمیں سب سے زیادہ انگریزوں اور غیر ملکی آقاؤں سے ملا ہے۔ یہ وہی administration ہے جسے تباہ و برباد کرنے اور جس سے اپنے ملک کو نجات دلانے کیلئے ہم سب نے متحد ہو کر کوشش کی تھی اور بالآخر کسی حد تک کامیابی حاصل کی تھی ۔ اس کے بعد جناب والا یہ General administration ہمیں ان حکومتوں سے ورثے میں ملی ہے جو تقسیم ملک کے بعد پنجاب میں یکے بعد دیگرے عمل پیرا ہوئیں ۔ علاوہ ازیں وہ تمام دقتیں ۔ دشواریاں اور مشکلات جن میں پاکستان بنا اورگزرا وہ بھی آپ کے سامنے ہیں ۔ ان کا بھی ہماری administration پر کافی اثر ہوا ۔ یہ چیز میں طنزاً ہرگز پیش نہیں کر رہا بلکہ حقیقت کے طور پر پیش کر رہا ہوں تا کہ اس ایوان کے ان معزز اراکین کو جنہوں نے نظم و نسق پر اعتراضات کئے ہیں زیادہ احساس ذمہ داری ہو جائے ۔

جناب والا ! یہ نظم و نسق ہمیں ان سے ورثے میں ملا ہے جو آج حزب اختلاف ہیں ۔ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں موجودہ حزب اختلاف کوئی انقلابی جماعت نہیں ۔ یہ وہ لوگ نہیں جو آج تک office میں نہ رہ چکے ہوں ۔ بلکہ وہ لوگ ہیں جو ہمیشہ ایک مبہم خواب کی تمنا میں اپنی کوششیں مرکوز کرتے رہے ہیں ۔ یہ Idealists نہیں ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو حزب حکومت رہ چکے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔ تو جناب یہ حزب اختلاف در اصل ایک پرانی حزب حکومت ہے۔ ان میں اور ہم میں فرق صرف یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے عوام نے ان پر اعتماد کیا ۔ مگر اب پچھلے دس ماہ سے عوام نے ہم پر اعتماد کیا ہے ۔ اس سے زیادہ کوئی فرق نہیں ۔ حزب اختلاف کے جن بزرگوں نے حکومت پر تنقید کی ہے وہ اس کا مطلب ہم سے بہتر سمجھتے ہیں ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تنقید ان کے پارٹی پراپیگنڈہ سے متعلق ہے ۔ وہ اس ایوان میں بھی اپنا پارٹی پراپیگنڈہ جاری رکھنا چاہتے ہیں ۔ ورنہ وہ تو خود ان تمام مشکلات میں سے گزر چکے ہیں ۔ اور خود اپنی آنکھوں سے یہ سب خرابیاں دیکھ چکے ہیں ۔ انہوں نے بہت حد تک ان خرابیوں کا سدباب کرنے کی کوشش بھی کی مگر اس میں کامیاب نہ ہو سکے اور نتیجتاً صوبہ کو ایک ایسی

حالت میں چھوڑا جس کے متعلق پنجاب کے عوام ان سے کسی صورت میں بھی مطمئن نہ تھے ۔ تو جناب میرا یہ کہنے سے مقصد صرف یہ ہے کہ ہم سب وہ لوگ ہیں جو یہ چیزیں دیکھ چکے ہیں ۔ اس میدان میں سے گزر چکے ہیں ۔ اس لئے ہم زیادہ ذمہ داری کے ساتھ انہیں محسوس کر سکتے ہیں اور ان مشکلات کا حل سوچ سکتے ہیں ۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہونگا کہ حزب اختلاف جو اس میدان میں سے گذر چکی ہے اس سلسلے میں better equipped ہے ۔

جناب والا ! اب میں آپکے سامنے ایک نہایت اہم چیز جس کے متعلق ہمیں نہایت سنجیدگی کے ساتھ سوچنا چاہئیے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ موجودہ دقتیں، دشواریاں اور مشکلات جو ہمارے سامنے ہیں ان کا پس منظر کیا ہے ۔ ان دقتوں، خرابیوں اور نقائص کا سب سے زیادہ اہم پس منظر انگریز کے نظام کی روایات ہیں ۔ ہماری حکومت کے جتنے عمال اور افسر ہیں ۔ جتنے وہ لوگ ہیں جن پر تمامتر حکومت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ ان کی نیک نیتی میں کوئی شک نہیں ۔ وہ بھی ہماری طرح متمنی ہیں کہ پاکستان مضبوط بنے ۔ ترقی کرے ۔ اور سر بلند ہوتا چلا جائے۔ مگر وہ جس ماحول میں رہے اور جن روایات کے ماتحت انہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ گزارا انہیں بھلانے میں لازماً کچھ عرصہ لگے گا ۔ ہمارے تمام حکام و عمال اور کارکن ایک خاص قسم کی روایات و اقدار کو اپنا چکے ہیں اور ان کی ذہنیتوں میں وہ پرانی اقدار اس حد تک جا گزین ہو چکی ہیں کہ اب وہ آہستہ آہستہ ہی بدل سکیں گی۔ اور پھر یہ چیز جناب والا سرکاری افسروں اور ملازمین تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ صدیوں کی پرانی غلامی کی وجہ سے پرانی روایات اور ماحول میں ہم سب جکڑے ہوئے ہیں ۔ اب یہ صدیوں کی غلامی کی گندگی دو تین سال میں صاف نہیں ہو سکتی ۔ عمال حکومت ہوں یا جمہور و عوام ہر قماش کے لوگ پرانی اقدار کا شکار رہ چکے ہیں ۔ اب وہ کروٹ لے رہے ہیں مگر یاد رکھنا چاہئیے کہ انگریز کے چلے جانے سے اور ملک کے تقسیم ہو جانے سے ایک سیاسی انقلاب تو آ گیا لیکن ذہنی انقلاب نہ آ سکا ۔ تقسیم کے ساتھ ہمارے ملک میں جو سیاسی بھونچال آیا اس نے ملک کے استحکام کو ایک ایسا دھکا لگایا کہ دشمن تو دشمن اکثر دوستوں کا بھی خیال تھا کہ پاکستان اس ضرب کاری سے جانبر نہ ہو سکے گا ۔ تمام تجربہ کار اور سینیر افسر جو غیر مسلم تھے یہاں سے چلے گئے اور ان کی جگہ جونئیر اور کم تجربہ رکھنے والے مسلم افسروں کو نظم و نسق کی بھاری ذمہ داریاں سنبھالنی پڑیں ۔ اس وقت نہ صرف تجربہ

کار افسروں کی کمی تھی بلکہ سٹاف بھی نہ تھا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایسے ایسے لوگوں کو فوراً ترقی دیکر ایک اعلیٰ ذمہ داری کے عہدوں پر لگانا پڑا جو عام حالات میں آئندہ پندرہ بلکہ بیس سال تک بھی اس قابل نہ ہو سکتے تھے کہ ایسی بھاری ذمہ داریوں کو سنبھالنے کی اہلیت اور تجربہ کے بلند معیار پر پورے اتر سکتے ۔ بعض تو شائد اپنی ساری عمر میں بھی ان اعلیٰ عہدوں پر نہیں پہنچ سکتے تھے ۔ جہاں انہیں فوراً ترقی دیکر پہنچا دیا گیا ۔ مگر میں تسلیم کرتا ہوں کہ ان میں بعض واقعی ان شاندار ترقیوں کے اہل و مستحق ثابت ہوئے۔ البتہ عام طور پر اکثر اصحاب اتنی ذمہ داری کے اہل و حقدار نہیں تھے ۔ پھر بھی آپکو یاد رکھنا چاہئے کہ آزادی کے دروازے میں داخل ہوتے ہی اس ملک کو ان حالات اور مشکلات سے دو چار ہونا پڑا جنکا مقابلہ اس کے سوا کسی اور ملک کو شائد تاریخ عالم میں نہیں کرنا پڑا ہوگا ۔ لاکھوں مہاجرین کی آمد نے حالات کو بےحد پیچیدہ بنا دیا ۔ افسر نئے اور ناتجربہ کار تھے ۔ ایڈمنسٹریشن کی مشینری پرانی اور بوسیدہ تھی جسے صدیوں کی غلامی نے خراب کر رکھا تھا ۔ پھر جناب والا اس سیاسی بھونچال کے ساتھ ساتھ ایک اخلاقی بھونچال آیا جس نے اخلاق کی تمام مسلمہ قدروں کو دفعتاً بدل دیا ۔ جس جدو جہد کے بعد پاکستان حاصل ہوا تھا اسکے بعد ایک ردعمل ظہور میں آیا ۔ لوگوں نے سمجھا کہ اس strenuous effort کے بعد شاید اب آرام کا وقت آگیا ہے ۔ اس سے لوگوں کے standard of conduct میں تبدیلی واقع ہو گئی ۔ ایک قدرتی reaction set in ہو گیا ۔ عوام کی اس ذہنی تبدیلی کا اثر لازماً افسران پر بھی ہوا (ایک آواز ۔ If you like an apology, (A beautiful apology. مگر یہ تو ایک سانحہ اور مشترکہ مسئلہ ہے جس it must be rather good. کا ذکر میں کر رہا تھا ۔ میں تو حزب مخالف کو بھی ایک دعوت فکر دے رہا ہوں ۔ تو خیر جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ تبدیلی حالات کے ساتھ عوام کا رویہ یکسر بدل گیا ۔ انہوں نے آزادی حاصل ہو جانے کے بعد ہر بات حکومت پر چھوڑ دی ۔ جہاں پہلے عوام کا یہ تقاضا ہوا کرتا تھا کہ گورنمنٹ کم سے کم مداخلت کرے یعنی less and less government ہو وہاں اب عوام زیادہ سے زیادہ حکومت کی مداخلت کے متمنی ہو گئے ۔ آزادی کے بعد ان کا نکتۂ نگاہ یکسر بدل گیا ۔ اب وہ سمجھنے لگے کہ جب حکومت اپنی بن گئی تو اب انہیں خود فکر مند ہونے کی کیا ضرورت ہے۔ سب کام حکومت ہی کرے گی ۔ چنانچہ partition کے بعد پرانی values اور اقدار بدل گئے۔ لوگوں نے more and moreGovernment کا تقاضا کیا اور ہر

کام حکومت پر چھوڑ دیا کہ وہی اسکو کرے ۔ ہر انجمن نے یہی سمجھا کہ اب اسے اپنا کام کرنے کی ضرورت نہیں ۔ جب حکومت ہی اپنی ہے تو پھر الگ الگ انجمنیں کیوں کام کریں ۔ عوام ملکر ہسپتال کیوں بنائیں ۔ سکول کیوں کھولیں ۔ کیوں نہ حکومت ہی سارے کام کرے ؟ یہ تھی جناب والا ذہنی تبدیلی جو عوام میں پیدا ہوگئی ۔ حکومت سے توقعات بڑھ گئیں۔ حکومت پر لوگوں نے آخری حد تک strain ڈال دیا اور نظم و نسق پر حد سے زیادہ بوجھ آن پڑا ۔ اسکے علاوہ جناب والا ۴۹-۱۹۴۸ء میں مہاجرین کا دباؤ ابھی بدستور تھا کہ ۱۹۵۰ء کے اگست میں طوفان باران کے باعث دریاؤں کی طغیانی اور سیلاب نے ہمارے صوبے کو آلیا اور نظم و نسق کو ایک نیا چیلنج دے دیا ۔یہ تمام added بوجھ تھے جو کہ اس نظم و نسق کو برداشت کرنے پڑے ۔ اب جناب والا ! ایک آخری چیز جس کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جہاں حکومت کی مشینری میں ان تمام وجوہات کی بنا پر نقائص اور کمزوریاں پیدا ہو گئی تھیں وہاں آپ کی اور میری کوششوں سے عوام میں سیاسی شعور بھی زیادہ بڑھا۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں آج ہمارے لئے ممکن ہے یہ شعور کچھ دقت کا باعث ہو لیکن آخر میں آخری وقت پر ہماری فلاح کی وجہ بھی یہی سیاسی شعور ہوگا ۔ جناب والا ! اگر آج سے دو یا تین سال پہلے یہی خامیاں ہوتیں تو کوئی انکے متعلق سوچتا بھی نہ۔ مگر آج ہمارے لوگ جن کو آپ نے اور میں نے اور میرے ان بزرگوں نے جو ادھر بیٹھے ہوئے ہیں اپنی جانکاہ محنت سے بیدار کیا ہے انکو نئی قدریں بتائی ہیں ۔ انکو نئی values سکھائی ہیں ۔ آج ہمارے وہ عوام سیاسی شعور سے سرشار ہیں۔ انکے مطالبات نئے ہیں اور وہ ہر چیز کو نئی نظروں سے جانچتے ہیں ۔ اور یہ بات (یہ بھی آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائے گی) کہ جہاں consciousness of rights آگئی ہے وہاں اسی حد تک consciousness of duties نہیں آئی ۔ یا یوں کہئے کہ consciousness of duties has not kept pace with the consciousness of rights اور یہ بات ہمیشہ ہوتی ہے ۔ اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں ۔ افسوس کی کوئی بات نہیں ۔ جیسے اگر کل کو میرے دوست امیر حسین صاحب روس چلے جائیں (اور انشاء اللہ وہ ضرور جائینگے) تو وہ دیکھیں گے کہ انہیں وہاں کی زبان لکھنے سے پہلے بولنی آجائیگی ۔ کچھ چیزیں ہیں جو پہلے آ جاتی ہیں اور کچھ بعد میں آتی ہیں ۔ اسی طرح ہمیں اپنے rights کا احساس پہلے ہوا ہے اور duties کا احساس آہستہ آہستہ ہو رہا ہے ۔ یہ درمیانی عرصہ کا ایک خلا ہے جو ہمارے لئے دقت کا باعث ہو رہا ہے ۔اس لئے جناب میں یہ عرض کرونگا کہ یہ خاص حالات تھے جن سے آپ اور میں سب واقف ہیں ۔ میں زیادہ تفصیل

میں نہیں جاؤں گا اور اسکے لئے وقت بھی نہیں ہے صرف اتنا عرض کرونگا کہ یہ ایک ایسا ماحول ہے جسے ہمیں ہمیشہ اپنی نگاہ میں رکھنا چاہئیے۔ اور کیوں رکھنا چاہئیے ؟ اسلئے کہ میں آج یہاں چیف منسٹر ہوں ۔ آج مسلم لیگ کی پارٹی بر سر اقتدار ہے ۔ کل کو شاید نہ ہو ۔ اور آج جو اصحاب سامنے بیٹھے ہوئے ہیں وہ کل کو ان بنچوں کی زینت بنیں ۔ مگر میں ہوں یا وہ ہوں کام انہی سروسز سے چلانا ہوگا ۔ انہی لوگوں سے کام لینا ہوگا ۔ اسلئے میں یہ چاہتا ہوں کہ ہم ان کے نقائص کو درست تو کریں مگر انہیں کوس کر نہیں ۔ ہم ان کی اصلاح تو کریں مگر انہیں معاندانہ اور مفسدانہ رنگ میں گالیاں نہ دیں ۔ کیونکہ آخر آپ ہوں یا میں کام انہی لوگوں نے کرنا ہے ۔

میاں عبدالباری — گالیاں کس نے دی ہیں ؟

وزیر اعلیٰ — حضور ! میرا روئے سخن آپ کی طرف نہیں ۔
''روئے سخن کسی کی طرف ہو تو رو سیاہ'' ۔

(قہقہہ)

میں تو صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ اگر ایسا کیا جائے تو یہ مستحسن نہیں ۔ اور اسی واسطے میں اسے برا سمجھتا ہوں ۔ تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ اس ماحول کو ہمیں اپنی نگاہ میں رکھنا چاہئیے ۔

خان عبدالستار خاں نیازی — ہومیو پیتھک ٹریٹمنٹ کر رہے ہیں؟

وزیر اعلیٰ — جی نہیں ہومیو پیتھک ٹریٹمنٹ نہیں ہے ۔

I will just tell you what wo are trying to do.

چودھری فضل الٰہی — نیازی صاحب تو تعویذوں سے کام نکالنا جانتے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ — ہاں ممکن ہے کہ
ابلیس کے تعویذ سے کچھ روز سنبھل جائے ۔

(قہقہہ)

اب جناب والا ! میں یہ مانتا ہوں کہ محض میرا یہ کہدینا کافی نہیں کہ یہ دقتیں تھیں اور یہ دشواریاں تھیں ۔ یہ میرا ۔ آپ کا اور سب دوستوں کا فرض ہے کہ ہم ان دقتوں کا جوانمردی سے مقابلہ کریں ۔ اور ہمدردانہ طور پر مقابلہ کریں۔ کیونکہ ہماری زندگی اور موت اس سے وابستہ ہے ۔ مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی عرض کر دوں کہ نہ میرے دوستوں کو یہ توقع ہونی چاہئیے اور نہ مجھے یہ گھمنڈ ہے کہ ان خرابیوں کو آناً فاناً درست کیا جا سکتا ہے ۔ وہ خود جانتے ہیں انہوں نے خود ذمہ داری کا بوجھ اٹھا کر دیکھ لیا ہے کہ یہ خرابیاں آناً فاناً صحیح نہیں ہو سکتیں دیکھنا

یہ ہے کہ کہیں ہم اس طور سے اس کمان کو سیدھا نہ کریں کہ کمان ہی ٹوٹ جائے ۔ میں اسے اس طور سے سیدھا کرنے کی کوشش کر رہا ہوں کہ رفتہ رفتہ مگر مضبوطی کے ساتھ اور اس یقین کے ساتھ کہ یہ آہستہ آہستہ درست اور سیدھی ہوتی چلی جائیگی ۔ تو جناب والا اس نکتہ نظر کو پیش کرتے ہوئے میں عوام کے سامنے ذمہ داری اٹھانے کو تیار ہوں کہ میں اس رفتار سے کام کروں گا ۔ مضبوطی سے مگر دلجمعی سے۔ اللہ کے بھروسے سے اور عوام کے اعتماد اور یقین کے ساتھ کرونگا مگر اپنی طرز سے کروں گا ۔ یہ ذمہ داری میں عوام کے سامنے لینے کو تیار ہوں اور مجھے یہ معلوم ہے کہ میرے بھائی جن کا سیاسی شعور ایسا ہے کہ دنیا کے کسی ملک کے عوام ایسا شعور رکھنے والے نہیں ۔ یہ اسقدر دقتوں کو برداشت کرنے والے ہیں ۔ مسئلہ کی تہ کو پہنچنے والے ہیں کہ قائدین میں نقص ہو تو ہو مجھ میں نقص ہوگا ۔ سامنے تشریف رکھنے والوں کے قائدین میں ہوگا مگر ان میں (عوام میں) نہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ہم بڑھے چلے جا رہے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ باوجود ان تمام مشکلات کے پے در پے مصیبتوں کے کہ جنکے سامنے سب کے پاؤں ڈگمگا جاتے ہیں ۔ ان پنجاب کے رہنے والوں کے پاؤں نہیں ڈگمگائے ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ۔

میرا دعویٰ ہے اور میرا وعدہ ہے کہ ہم اپنی بساط کے مطابق ان خرابیوں کو درست کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

جناب والا ! وقت تھوڑا ہے لہذا میں اختصار کے ساتھ دو چار چیزیں جو ہم کرنا چاہتے ہیں اور کر رہے ہیں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک بات پر بڑا تمسخر ہوتا رہا اور وہ یہ ہے کہ بھئی یہ خرابیاں جو ہیں تم نے جرأت کیوں کی ہے ان کی پڑتال کرنے کی ۔ وہ کہتے ہیں کہ تم میں یہ ہمت کیوں ہوئی کسی کو بھیج کر جائزہ لو کہ خرابیاں کیا ہیں ۔ جناب والا ! یہ تو اسی طرح ہے کہ اگر کوئی ڈاکٹر کسی مریض کی تشخیص کرے کہ اسے تپ دق ہے تو مریض کے گھر والے یہ کہیں کہ یہ ڈاکٹر ہی کی برائی ہے یا ڈاکٹر کسی کو بتائے کہ اسے نمونیہ ہے تو وہ یہ کہے کہ ڈاکٹر صاحب ہی نے اپنے دست مبارک سے نمونیہ کر دیا ہے ۔

خان عبدالستار خان نیازی — Idea

وزیر اعلیٰ — قطع کلامی نہ کیجئے ۔

خان عبدالستار خان نیازی — We are praising you

وزیر اعلیٰ — thank you چنانچہ جناب والا ! پہلا کام جو ہم نے کیا وہ یہ تھا اور میں عرض کرونگا کہ ہو سکتا ہے میرا پروگرام غلط ہو کیونکہ یہ پروگرام آخر میرے اپنے دماغ کے مطابق تھا ۔ بہر حال وہ یہ تھا کہ پہلے ہمیں پلیننگ کرنی چاہئے ۔ میں جس وزارت میں پہلے شریک تھا اور اس کو میں کوئی بری وزارت نہیں سمجھتا ۔ میں جسوقت اس میں تھا اس وقت کیلئے بھی اور اس کے بعد بھی میں اسے اتنی ناکامیاب وزارت نہیں سمجھتا ۔ اگر نواب صاحب یہاں تشریف رکھتے تو میں انکی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتا ۔ تو اس وزارت میں جو چیز میں نے دیکھی وہ یہ تھی کہ ہم محنت تو کرتے تھے ۔ کوشش تو کرتے تھے مگر منصوبہ بندی نہیں کرتے تھے ۔ پلیننگ نہیں کرتے تھے ۔ اور اب میرے دوست جو حزب اختلاف میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ اس بات کو مانیں گے کہ ایسا ہی تھا ۔ میں نے جناب والا یہ کوشش کی کہ پہلے غلط یا صحیح منصوبہ بندی کی جائے ۔ میں یہ چاہتا تھا کہ پنجاب یہ فیصلہ کرلے کہ اس نے کہاں جانا ہے وہ اپنا رخ متعین کر لے ۔ یہ فیصلہ ہو جائے کہ اسکی resources کو کس طرح develope کرنا ہے ۔ کہاں نئی بجلی لگانی ہے ۔ کہاں نئی نہریں نکالنی ہیں ۔ غرضیکہ پنجاب کی future development کی پلیننگ ہو جائے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ میں نے ضرور اچھا ہی سوچا ہے کیونکہ جو کچھ میرے کمزور دماغ میں آتا تھا ۔ وہی میں نے سوچتا تھا ۔ میرا یہ خیال تھا کہ چلنے سے پہلے راہ متعین کر لی جائے ۔ میں سمجھتا تھا کہ یہ کام پہلے ہو جائے اور باقی چیزیں بعد میں ہوتی رہیں گی ۔ اسلئے پہلی توجہ میں نے اسی پلیننگ کو دی اور اپنی بساط کے مطابق اپنی تسلی کے مطابق اس پلیننگ کو بنانے میں کامیاب ہوا ہوں ۔

Ch. Muhammad Shafiq—But we want a quick pace.

Hon'able Chief Minister—I want it even quicker.

آپ بھی چاہتے ہوں گے کیونکہ اگر آپ نہ چاہتے ہوں تو پھر آپ محب وطن کیسے کہلا سکتے ہیں ۔ اور پھر ہو سکتا ہے کہ کل کو لوگ میری رفتار سے تنگ آ کر آپ سے کہیں کہ آپ اس گاڑی کو چلائیں ۔

ایک آنریبل ممبر — وہ ان کی رفتار دیکھ چکے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ — ودھ وی سکدی اے ۔ کی پتہ اے acceleration کرا آئے ہوں (قہقہہ)

چودھری محمد افضل چیمہ—تشخیص کر کے نسخہ تجویز کیا جائے۔

وزیر اعلیٰ — جناب والا ہم نے ہر ممکن کوشش کی ہے اور تمام حالات کا جائزہ لیا ہے ، نقصان قبول کیا ہے ، اس کے علاوہ ملک قادر بخش صاحب نے کسی حد تک لمیٹیڈ ماحول میں اپنے لمیٹیڈ فرائض کو انجام دیتے ہوئے کوشش کی ، بہت سے طریقے اور بہت سی Agencies استعمال کیں ۔ جناب والا میرے دوست کہتے ہیں کہ ہر چیز صرف اس وجہ سے منظر عام پر آتی ہے کہ ہم اسے منظر عام پر نہیں لاتے ہیں میں اس بات کا معترف ہوں کہ ایسی صورت میں عامیانہ باتوں سے اس سے زیادہ مشکلات پیدا ہوتی ہیں ۔ اس لئے جناب والا کام آخر کار کام ہے اور اس کو درست اور صحیح کرنا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم اس کا جائزہ لیں اور کوشش کریں۔ چنانچہ سب سے پہلے ہم نے یہ کیا ہے کہ جسطرح بھی ہو رشوت ستانی کم ہو ۔ میں اس سلسلہ میں زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ کیونکہ سوالات کے جواب میں بار بار ایوان کی میز پر وہ تمام سرکار اور ہدایات رکھی جا چکی ہیں جو اس سلسلہ میں جاری کی گئیں ۔ ہم نے اب ایک قدم آگے اٹھایا ہے اور اس معزز ایوان کے حزب مخالف اور دوسرے دوستوں نے میری اس بات کی تائید کی ہے کہ ہم نے رشوت ستانی کے محکموں کو پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط کر دیا ہے ۔

Ch. Muhammad Shafiq—Do some field work.

Chief Minister—We cannot do field work by telepathy.

وزیر اعلیٰ — جناب والا ۔ بنیادی کارروائی جو ہم نے کی ہے وہ یہ ہے کہ تمام محکموں کو اور تمام ضلعوں کے انچارج افسروں کو یہ کہا گیا ہے کہ یہ کافی نہیں کہ ہم دیکھیں کہ تمہاری رپورٹیں اچھی ہیں یا کیسی ہیں ۔ ہماری تسلی کے لئے تم خود ایماندار بنو اور رشوت نہ لو ۔ تمام اضلاع کے افسروں اور محکموں کے افسروں پر یہ ذمہ داری عائد کر دی ہے کہ اگر کسی افسر کے ماتحت رشوت ستانی زیادہ ہوئی یا کوئی رشوت کے Cases جو تم Detect نہ کر سکے اور ہم نے کر لئے تو پھر اس کی مکمل ذمہ داری اس افسر پر ڈالی جائیگی ۔ اسے بتایا گیا ہے کہ ضرورت کام کی ہے۔ اہمیت محنت کی ہے۔ سالانہ رپورٹ کے وقت لیاقت نہیں بلکہ دیانت کو دیکھا جائیگا ۔ چونکہ تم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے اس لئے سب سے زیادہ اس طرف توجہ دو ۔ جناب والا اس کے علاوہ جو فیصلہ کیا گیا ہے اس پر عمل ہوتا چلا جائے گا ۔ رشوت کے Cases اور تمام مقدمات کو فوقیت دی گئی ہے۔ رشوت کے Cases کے لئے موجودہ ماحول میں کام کرنا اتنا آسان نہیں جتنا سمجھا جا رہا ہے کیونکہ کئی اصحاب رشوت پکڑے جانے کے بعد رشوت خور کو بچانے

کے مقتضی ہو جاتے ہیں اور اپنی رقیق القلبی کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ Psychological make up ہے ۔ آپ اور میں زیادہ ذمہ دار ہیں ۔ مگر کچھ لوگ (حزب مخالف کی طرف سے آواز) ۔ کہیں یہ کمزوری اس طرف سے نہ ہو ۔

وزیر اعلیٰ — ہاں ساریاں وچ ای ہوندی اے ۔ مگر وہ طریقے جو آپ استعمال کرتے ہیں ۔ ہم سب جانتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں ایک قدم یہ بھی اٹھایا گیا ہے ۔ کہ ہم نے ان کے لئے رولز بنا دئے ہیں ۔ یعنی ۲۵ سالہ رول ۔ کہ بغیر کسی وجہ دئے گورنمنٹ سرکاری ملازم کو کہہ دے کہ اب تمہاری ضرورت نہیں ۔ ہم اس رول کو ہر محکمہ میں مظبوطی کے ساتھ نافذ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم یہ بھی خیال رکھتے ہیں کہ کسی افسر کو خواہ مخواہ سزا نہ دی جائے ۔ ہمیں اپنے ضمیر پر پورا یقین ہے اور ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ جس طرح بھی ہو یہ رول استعمال کیا جائے ۔

An Honourable Member: There should be a strict watch.

وزیر اعلیٰ — کیا پنسلین استعمال کریں لیکن ڈر ہے وہ مار ہی نہ دے ۔

ایک آنریبل ممبر — پنسلین سے مرا نہیں کرتے ۔

وزیر اعلیٰ — جناب والا اس کے علاوہ ایک دو چیزیں اب میں ذرا وضاحت سے بیان کرونگا ۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جبری چندے وصول نہ ہوں میں آگے جا کر عرض کرونگا کہ اس پر عمل ہو رہا ہے ۔ اس ہدایت کے مطابق مقابلتاً پہلے سے خاصہ فرق ہے ۔ آپ جانتے ہیں یہ چیزیں ایک دن میں حاصل نہیں ہوتیں اور اتنی جلدی پرانی روائتوں کو توڑ نہیں سکتے ۔ آپ ہمیں طریقے بتائیں کہ یوں کریں ہم اس پر عمل کرنے کی کوشش کرینگے ہمنے افسروں کو ممانعت کر دی ہے ۔ کہ اپنے ضلع میں کسی جگہ عوام سے دعوتیں ، طعام ، چائے یا اس قسم کی چیزیں نہ لیں ۔ اس کے بموجب ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں ۔ علاوہ اس کے جب اپنے اضلاع میں ہوں تو کوئی ایسی دعوت قبول نہ کریں ، لوگوں کو نچوڑنے سے باز رہیں اور ان کی تباہی کا باعث نہ ہوں ۔ ایک اور چیز یہ ہے کہ چھوٹے اہلکاروں کو ممانعت کر دی ہے اور ہدایات جاری کر دی ہیں کہ وہ دیہاتیوں کے اوپر نہ رہیں Not live on the Country side. ان لوگوں کے ذریعہ اپنے پیٹ نہ پالیں ۔ ان ہدایات کے متعلق اگر آپ بھی Vigilent رہیں تو یہ پرانی وبا فی الفور دور ہو جائیگی ۔

جناب والا اس بات کو مختصراً طور پر عرض کرتا ہوں کہ اس چیز کا جو نتیجہ پچھلے دنوں میں ہوا وہ یہ ہے کہ دس ماہ میں ۲۰۱ افسروں کی تفتیش کی گئی ۔ Anti-corruption کے ۱۰۶ Cases میں سے ۳۴ کو سزا ہوئی ۔ ۴۰ cases عدالتوں میں چل رہے ہیں ۔ ۳۳ کی Departmental Inquiry ہوئی اور مناسب کارروائی کی گئی ۔ ۵۳ کی تفتیش کی جا رہی ہے ۔ ۷۷ کی Inquiry ہوئی اور بری ہو چکے ہیں ۔ ۶۰ عدالتوں میں Acquit ہوئے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — ان میں بڑے افسر کتنے ہیں ؟

وزیر اعلیٰ — حضور والا ۔ مینے اجمالاً ذکر کیا ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — مینے پوچھا تھا کہ ان میں بڑے افسر کتنے ہیں ؟

وزیر اعلیٰ — Interruption کا یہ طریقہ اچھا نہیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ میرے بھائی چونکہ ہمیشہ جوش میں آ جاتے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کی سیٹ میں کوئی کیل لگی ہوئی ہے ۔ میں ان کا دشمن گو نہیں ہوں ۔ ان کو میری باتیں معلوم ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے اس بات سے بہت خوشی ہوئی ۔ جب میرے محترم بھائی عزت مآب چودھری محمد شفیق صاحب اتفاقاً مجھے ملے اور مجھے معلوم ہوا کہ وہ قوم کی بہتری کے خواہاں ہیں ۔ جب ان کا نظریہ قوم کے متعلق ایسا ہے تو مجھے انتہائی خوشی و مسرت ہوتی ہے ۔ میرے دل میں ان کی بے حد عزت پیدا ہو گئی ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا میرے سوال کا جواب نہیں ملا ۔

(آوازیں — Interrupt نہ کریں) ۔

Chief Minister—I am not effected by the interruptions but I am interested in them.

چودھری محمد افضل چیمہ — وہ تو point of information تھا ۔ مینے تو صرف آپ کی توجہ مبذول کرانی چاہی تھی ۔ Interrupt کرنے کا مقصد نہیں تھا ۔

مسٹر ابوسعید انور — آپ supplementary پوچھ رہے ہیں ؟

وزیر اعلیٰ — آپ نے فرمایا کہ بڑے بڑے افسر ان میں کتنے تھے میں صرف مثال دیتا ہوں ۔ illustrative کہ بڑے بڑے افسروں کے

خلاف کیا کارروائی کی گئی ۔ ان دس ماہ میں ایک چیف انجینئر کو نکالا گیا ۔ سولہ اضلاع میں سے چار ڈپٹی کمشنروں کو revert کیا گیا ۔ ان میں سے ایک ڈپٹی کمشنر کے متعلق یہاں ذکر بھی آیا تھا ۔ شاید میرے منحنی دوست سید نو بہار شاہ نے ان کا ذکر کیا تھا ۔

میاں عبدالباری — un-parliamentary الفاظ تو استعمال نہ کریں ۔

وزیر اعلیٰ — منحنی تو un-parliamentary نہیں ہے ۔ یہ تو پیار کا لفظ ہے ۔ وہ ڈپٹی کمشنر صاحب اپنے آپ کو خود ریٹائر کر چکے ہیں ۔ وہ اب سروس میں موجود نہیں اور ان پر جو cases ہیں ان کی باقاعدہ باوجود ان کی ریٹائرمنٹ کے انکوائری ہو رہی ہے ۔ (ہیر ۔ ہیر کی آوازیں) ۔ جناب والا اس کے علاوہ ایک کمشنر کو revert کیا گیا اور وہ بھی اب ریٹائر ہو گئے ہیں ۔ ایک اور دوست کا یہاں ذکر آیا تھا ۔ ایک ڈپٹی کمشنر صاحب ہیں جن کے متعلق کسی ضلع کی بار ایسوسی ایشن نے الزام لگایا ہے ۔ جناب والا بار ایسوسی ایشن کی قرارداد کی مجھے قدر اور احترام ہے لیکن جس طرح عام ایسوسی ایشنز میں پارٹی بازی ہوتی ہے بار ایسوسی ایشنز میں بھی ہے ۔

چوہدری محمد سفیق — تنقید نہ کرئیگا ۔

وزیر اعلیٰ — بار ایسوسی ایشنز اسی طرح عدالتوں کی پابند ہوتی ہیں جس طرح دوسری ایسوسی ایشنز ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ انہوں نے غلط کہا مگر میں یہ کہتا ہوں کہ بار ایسوسی ایشن کا اس طرح بغیر ثبوت کے ریزولیشن بھیج دینا قطعاً درست نہیں ہے ۔ انہیں بھی دوسرے لوگوں کی طرح قانون کے مطابق قدم اٹھانا چاہئے ۔ بہر حال میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس معاملے میں قانون کے مطابق سختی سے انکوائری ہوگی ۔ (ایک آواز ۔ بار کے ممبر بھی تو عام لوگوں میں سے ہیں) ۔عام کہاں وہ تو خاصوں کے بھی خاص ہیں ۔

مولانا عبدالستار خان نیازی — آپ نے انکوائری کا وعدہ کیا تھا ۔ اور اسی سیشن میں کیا تھا ۔

وزیر اعلیٰ — قانون کے مطابق انکوائری ہوگی ۔ انہیں procedure کا زیادہ پتہ ہونا چاہئے ۔

جناب والا یہ لسٹیں جن کا میں ذکر کر رہا تھا ابھی مکمل نہیں ہیں ۔ کیونکہ ابھی کل ہی میں نے facts and figures جمع کرنے شروع کئے ہیں ۔ session کے دوران میں کسی دن مکمل کر کے پیش کرونگا ۔ پولیس کے ڈیپارٹمنٹ میں علاوہ ان لوگوں کے جو ۲۳۰ کیسز ہیں

جن کا میں نے پہلے ذکر کیا ہے آ چکے ہیں سولہ آدمیوں کو Corruption کی وجہ سے ریٹائر کر دیا گیا ہے ۔ Irrigation Department میں سات آدمیوں کو corruption کی وجہ سے ریٹائر کر دیا گیا ہے ۔ ان کے علاوہ ہر محکمہ نے علیحدہ علیحدہ disciplinary action لیا ہے اور سزائیں دیں ہیں ۔ ان محکموں کی فہرستیں جب مجھے وصول ہونگی تو میں آپ کے سامنے پیش کرونگا ۔

جناب والا ان چیزوں کے علاوہ corruption کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ services کی recruitment پہلی وزارتوں نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہوئی تھی ۔ یہ چیز fovouritism اور nepotism کے بے انتہا مواقع دیتی تھی ۔ ہمنے دو تجاویز کیں ۔ ایک تو یہ کہ بھرتی کو تیز کر دیا کیونکہ services میں بہت کمی ہے ۔ اگر higher ranks میں آج کمی پوری کرنی شروع کی جائے تو دس سال میں پوری ہوگی ۔ اس کے ساتھ ہی یہ تہیہ کیا گیا کہ کسی قسم کی بھرتی competition کے علاوہ نہیں کی جائیگی (نعرہ ہائے تحسین) ۔

جناب والا مقولہ ہے

The evil that men do lives after them the good is oft interred with their bones.

خیر یہ تو ہوتا چلا آیا ہے ۔

جناب والا میری ایک کوشش اس سلسلے میں ہے جس پر میں بڑے زور سے عمل پیرا ہونا چاہتا ہوں ۔ آپ بھی اس میں میری امداد کیجئے اور بدظن نہ ہو جئے ۔ میرا یہ تہیہ ہے کہ services میں اور services کے کام میں سیاسی مداخلت کو بالکل برداشت نہیں کرونگا۔ میں مانتا ہوں کہ اس کام میں تحصیلوں اور تھانوں میں وقت لگیگا لیکن میں اس ایوان کے ذریعے warn کرتا ہوں کہ اگر کوئی افسر کوتاہی عمل کے جواز میں یہ حیلہ پیش کریگا کہ اس نے کسی با اثر آدمی کے دباؤ سے کوئی کام کیا ہے تو اگر اسے پہلے ایک پرسنٹ سزا ملنی تھی تو اس پر اسے دو پرسنٹ سزا ملیگی کیونکہ اس نے دو گناہ کئے (نعرہ ہائے تحسین)۔ آپ شاید نہ مانیں کیونکہ آپ نے ایسی پارٹیاں دیکھی ہی نہیں مگر میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک میرا تعلق ہے میری پارٹی کا تعلق اس معاملے میں مجھ سے زیادہ مظبوط ہے اور اگر مجھ سے کوئی لغزش ہوئی بھی تو میری پارٹی مجھے مضبوط رکھے گی ۔ (قطع کلامیاں) ۔

مولانا عبدالستار خان نیازی —اپنی پارٹی کی یہ حوصلہ افزائی اچھی ہے ۔

وزیر اعلیٰ — میں بالکل سچ عرض کر رہا ہوں (قطع کلامیاں) تو پھر تم نے دیکھے ہی نہیں ناز و نزاکت والے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ مسائل تصوف یہ تیرا بیان غالب ۔

وزیر اعلیٰ — بادہ خوار تو پھر ہم اکٹھے ہوئے ۔

جناب والا ایک دوسری بات جس میں اس معزز ایوان کے ارکان کے تعاون کا خواہاں ہوں وہ یہ ہے کہ عمال حکومت میں ہمنے خود داری پیدا کرنی ہے ۔ ہمیں ان کو تسلی دینی ہے کہ ہم تمہیں کریم آف دی سوسائٹی مانتے ہیں ۔ تم ہمارے باپ ہو تم ہمارے بیٹے ہو تم ہم میں سے ہو اور تم نے اپنے لئے پاکستان کو مضبوط رکھنا ہے کیونکہ پاکستان کی مضبوطی کے ساتھ تمہاری امیدیں زیادہ وابستہ ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ ان عمال حکومت میں خود داری پیدا ہو ۔ یہاں دو دن آپ نے انہیں برا بھلا کہا اور بروں کو برا کیوں نہ کہتے ۔ مگر جناب والا میں اپنی نحیف سی آواز میں کچھ ان کی تعریف میں بھی کہنا چاہتا ہوں ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں ۔ کہ ان افسروں نے جو ملک آپ کے لئے بنایا تھا۔ میں جانتا ہوں افسروں نے نہیں بنایا تھا ۔ مگر اس پاکستان کو میری اور آپ کی کمزوریوں کے باوجود ان افسروں نے قائم رکھا ۔ انہوں نے بڑی مضبوطی سے کام کیا ۔ refugees کی rehabilitation کا وقت یاد رکھئے ۔ وہ طغیانی کا وقت یاد رکھئے ۔ اس وقت لوگ یہ کہتے تھے کہ پنجاب شاید بچ کر نہیں نکلیگا ۔ مگر تین مہینے کے بعد کسی کو یاد بھی نہیں رہا کہ طغیانی آئی تھی ۔ اس کے علاوہ آپ سول ڈیفینس کو لیں یا کسی اور کام کو لیں ۔ مثال کے طور پر جب نہر میں تیس میل پاٹ ہو گیا ہو تو انہیں لال پگڑیوں نے جن کی آپ نے مذمت کی انہیں لال ٹوپی والوں نے دس دن میں وہ کام کیا جو انگریز کے زمانے میں دس سال میں نہیں ہوتا تھا ۔

جہان آرا بیگم شاہنواز — وہ تو army نے کیا ۔

وزیر اعلیٰ — وہ آرمی نے ضرور کیا ۔ ہمیں ان کی قدر ہے ۔ مگر یہ کام ہمارے انجینیرز نے کیا ۔ اگر آج آپ فوج والوں سے پوچھیں تو وہ بیگم صاحبہ سے زیادہ فراخدلی سے کام لینگے۔

Mr. Speaker—The Hon'ble Chief Minister has only five minutes more.
Chief Minister : This is a very desparate situation.

وزیر اعلیٰ — جناب والا ۔ معزز ارکان نے یہ کہا تھا کہ افسران میں خرابیاں ہیں ۔ میں مانتا ہوں کہ ان میں خرابیاں ہیں اور ہم نے انہیں

دور کرنا ہے ۔ ہم سب نے ملکر ان خرابیوں کو دور کرنا ہے ۔ جناب والا اس کے ساتھ ہی ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ ہم میں بھی خرابیاں ہیں ۔ عوام میں بھی رشوت دینے اور رشوت لینے والے موجود ہیں ۔ وہ مجبور کرتے ہیں کہ اگر رشوت نہ لو گے تو تمہارا بیڑا غرق کرنے کی طاقت رکھتے ہیں ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ ہمیں کوشش کرنی ہے اور ایک نیا اخلاقی معیار پیدا کرنا ہے ۔ ہم سب نے اپنی اپنی بساط کے مطابق کام کرنا ہے اور اس طرح ایک اعتماد اور تہیہ کے ساتھ ہمیں آگے بڑھنا ہے ۔ اس طرح مجھے امید ہے کہ ہم کچھ کر کے دکھا سکینگے ۔

جناب والا دو چار پوائنٹس اور ہیں جن کے متعلق میں جلدی جلدی اپنے خیالات کا اظہار کر دینا چاہتا ہوں ۔ پہلے تو میاں باری صاحب۔ نہیں عزت مآب مولانا عبدالباری صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا (قطع کلامیاں) (میاں عبدالباری — شکریہ آپ نے میرا نام تو صحیح لیا) ۔ میاں صاحب میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کسی گستاخی کی وجہ سے نہیں بلکہ پرانی مانوسیت کی وجہ سے میں آپ کا نام اس طرح لینے کی جرأت کر لیا کرتا ہوں ۔ تو عزت مآب مولانا عبدالباری صاحب نے اپنی تقریر میں افسروں کی تنخواہوں کے متعلق ذکر فرمایا تھا۔ اس کے متعلق میں کہتا ہوں اور یہاں بھی میں کوئی پھبتی نہیں کسنا چاہتا کہ حزب اختلاف کے صدر نے ۱۸ مہینے تک حکومت کی (میاں عبدالباری — میں نے نہیں کی) حزب اختلاف کے قائد نے جب حکومت کی تو انہوں نے اس معاملہ پر نہ سوچا ۔ پھر ان کے بعد حزب اختلاف کے نائب صدر نے جب حکومت کی سرپرستی فرمائی تو انہوں نے بھی اس چیز کے متعلق غور نہ کیا ۔ لیکن اس کے باوجود جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہ اچھی چیز ہے تو ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے ۔ چاہے اس پر کسی اور نے غور کیا ہو یا نہ ۔

اس کے علاوہ دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ کل جب گورنر صاحب کا ذکر اس ایوان میں آیا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا گورنر کا ذکر اور ان کا conduct اس ایوان میں زیر بحث ہے ۔ لیکن ہم تو یہ روایت قائم رکھنا چاہتے ہیں کہ گورنر non-party آدمی ہے ۔ وہ آپ کا اور میرا دونوں کا اکٹھا ہے ۔ اس لئے مناسب یہ ہے کہ ان کی ذات مباحثہ میں زیر بحث نہ آئے ۔ اس سلسلہ میں دوسری وجہ جو ٹیکنیکل ہے یہ ہے کہ ان کی تنخواہ کے جو اخراجات ہوتے ہیں وہ بجٹ کے اس حصہ میں شمار نہیں ہوتے جن پر ایوان ہذا میں بحث یا رائے شماری ہو سکتی ہو ۔

پھر جناب والا میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا کہ اگر قربانی مانگتے ہو تو پہلے خود قربانی کرو ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ قربانی بھی ایسی کرو جو کہ ہمیشہ قائم رہنے والی ہو ۔ وہ قربانی ایسی ہو جو ہمیشہ ہمیشہ تک ہماری زندگیوں اور ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیوں پر اثر انداز ہو ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے ایسی قربانی کی ہے ۔جس وقت نواب صاحب ممدوٹ وزیر اعظم تھے تو اس وقت میری حیثیت ان سے ادنے تھی لیکن اس وقت بھی میں ہی تھا جس نے زمینداروں پر ہمیشہ کے لئے ایگریکلچرل انکم ٹیکس عائد کیا اور جس شخص پر اس کی سب سے زیادہ زد پڑی وہ میں تھا ۔ جناب والا تیس ہزار روپیہ سالانہ تنخواہ کیا ہے ۔ اس لگان کا میں نے ۹۰ ہزار سے ایک لاکھ روپیہ سالانہ ٹیکس حکومت کو دیا ۔ انہوں نے اپنی قربانی کا ذکرکر دیا لیکن میں ان کو عرض کر دوں کہ وقتی اور ہنگامی قربانی کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا (خان عبدالستار خان نیازی — اور کتنا آپ نے ادا نہیں کیا) نیازی صاحب کچھ رقمیں تو آپ نے بھی ادا کرنی ہیں یاد کرو ۔ جناب والا یہ بھی میں طنزیہ نہیں کہہ رہا ۔ اس کے علاوہ لینڈ ریفارمز کے سلسلہ میں وہ لیجسلیشن لایا ہوں جس کے ذریعے میری ذاتی آمدنی میں ۶۰ یا ۷۰ ہزار روپیہ کی ہر سال کمی ہوگی ۔ جناب والا مجھے اسے قربانی نہیں کہنا چاہئیے ۔ یہ تو ایک فرض تھا جو میں نے ادا کر دیا۔میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ اگر قوم کے لئے یہ بہتر ہے کہ میں اس کے راستے سے ہٹ جاؤں ۔ اگر میں قوم کے راستے میں کوئی رکاوٹ ہوں تو قوم کو چاہئیے کہ وہ مجھے پیس دے ۔ اس لئے ہمیں یہ نہیں کہنا چاہئیے کہ ہم نے کوئی قربانی کی ہے یہ تو ہم نے اپنا فرض ادا کیا ہے ۔ بہر حال میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ لوگوں کو غلط فہمی میں مبتلا نہ کیجئیے کہ آپ قوم کے لئے کوئی حقیقی یا رسمی قربانی کرتے ہیں ۔

وزراء کی تنخواہوں کے کم کرنے کے بارہ میں میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں کسی سطحی یا ہنگامی بنا پر اس کا فیصلہ نہیں کرنا چاہئیے ۔ جناب والا مجھے یاد ہے کہ جب ہماری پارٹی جس کے صدر نواب صاحب ممدوٹ تھے میں یہ مسئلہ اٹھایا گیا تھا اور میں ۔ ان سے پوچھ لیجئیے ۔ اس مسئلہ کے اٹھانے والوں میں تھا تو اس وقت ہم نے اس کے بارہ میں قائداعظم مرحوم و مغفور سے مشورہ کیا تھا ۔ انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ یہ ایسے کرنے والا کام نہیں ۔ اسے سوچ سمجھ کر کرنا چاہئیے کہ اس کا کیا اثر ہو گا ۔ آپ کے وزراء کے سامنے یہ اصول ہونا چاہئیے کہ وہ دیانتداری اور ایمانداری سے اس سوال پر غور کریں اور ان کی پوزیشن یہ نہیں ہے کہ وہ کسی ہنگامی یا وقتی وجوہ کی بنا پر اپنی تنخواہیں کم کر دیں ۔ ممکن ہے کہ ایسے

حضرات ہوتے ہوں جیسے ہمارے ہمسایہ صوبہ میں ہیں کہ وہ نام کو تو لیتے ہیں ۰۰۰ روپے تنخواہ اور حقیقی ہوتی ہے چار ہزار روپے - ۰۰۰ روپیہ تنخواہ لے لی - ۰۰۰ روپیہ موٹر کا خرچ لے لیا - ۰۰۰ روپے entertainment کے طور پر لے لیا so much income tax free وغیرہ وغیرہ اور اس طرح چار ہزار روپے تنخواہ بنا لی - بہر حال یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے متعلق ہم اس وقت قطعی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتے - اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ خود مسلم لیگ کے منشور میں درج ہے - ہماری پارٹی نے اس مسئلہ پر سوچنا ہے اور دیانتداری اور ایمانداری کے ساتھ سوچنا ہے اور اس کے بعد یہ فیصلہ کرنا ہے کہ قوم کے لئے کونسی چیز مفید ہے -

چناب والا—آج سے تقریبا چالیس پچاس سال پیشتر گورنمنٹ نے یہ محسوس کیا کہ پہاڑوں کی چوٹیاں جہاں سے پانی بہہ کر نیچے آتا ہے چراگا ہیں بننے کی وجہ سے ننگی ہو گئی ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال بطور چراگاہ حکماً بند کر دیا گیا تا کہ درخت اُگیں اور جب بارش ہو تو صرف پانی میدانوں میں آئے ۔ ریت نیچے آ کر میدانوں کو خراب نہ کرے ۔ ان چراگاہوں میں گھاس اور اس قسم کی جڑی بوٹیاں مثلاً ہرڑ ۔ بہیڑہ ۔ آملہ وغیرہ لگایا گیا اور وہاں لوگوں کا گزران انہیں پر تھا ۔ مگر کاغذات میں لکھا ہے کہ وہ زمین '' غیر ممکن پہاڑ ،، یا ''غیر ممکن ریت ،، ہے ۔ جناب والا چونکہ میں ہوشیار پور کا رہنے والا ہوں اس لئے وہیں کی مثالیں اس وقت دے رہا ہوں ۔ ہوشیار پور کا بندوبست ۱۹۱۱ء میں ہوا ۔ اس وقت جو اراضی '' غیر ممکن ریت تھی ،، بعد میں کوآپریٹو سوسائٹیاں بنا کر وہاں جنگل کے قانون کا نفاذ کر دیا گیا اور وہاں جڑی بوٹیاں اور درخت وغیرہ لگائے گئے ۔ وہاں کوئی علاقہ ایسا نہیں تھا جس کی تقریباً دس یا بارہ ہزار روپے سالانا کی آمدن ایسی اراضیات سے نہ تھی ۔ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز اور جنگلات کے محکمہ سے ریکارڈ مل سکتا ہے کہ وہاں کس قسم کی زمینیں تھیں ۔ اب ''غیر ممکن،، کے لئے بنجر قدیم سے بھی نصف نمبر مقرر کئے گئے ہیں ۔ جس زمین میں یہ چیزیں پیدا ہوتی تھیں جن چیزوں سے ہزاروں روپے کی آمدنی ہوتی تھی کیا وہ لیہ اور شور کوٹ کے بنجر علاقوں کی نسبت بھی کم قیمت کی ہیں؟ ''تھور،، زدہ اراضی جو واقعی غیر ممکن ہوتی ہے اس کے بیس نمبر دئے جا رہے ہیں اور اس کے برعکس پہاڑ کے غیر ممکن رقبہ کو ساڑھے تین نمبر دئے جا رہے ہیں ۔ میرا ان تمام مثالوں کو پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک حکم دے دیا گیا ہے لیکن یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کی گئی کہ اس سے نتائج کیا برآمد ہوتے ہیں

جناب والا ہمارا مطالبہ تھا کہ پروڈیوس انڈیکس درست گنتی چونکہ پندرہ دن کا کام ہے ۔ ہمیں اجازت دی جاوے ہم گنتی وغیرہ کر کے اس کام کو جلد ختم کر کے دکھا دینگے ۔ لیکن اس کام کے لئے محض تنخواہ دار افسروں پر بھروسہ کیا گیا

اور ان افسروں نے اپنی ڈیوٹی کو صحیح طور پر انجام نہیں دیا ۔ اور ایک سال کے عرصہ میں بھی وہ درست گنتی نہیں کر سکے ۔

جناب والا صرف یہی نہیں ہے کہ یہ پروڈیوس انڈکس بناتے وقت ratio غلط بنائی گئی ہے بلکہ بہت سے ایسے کیسز (cases) بھی ہیں جن میں آج تک گنتی بھی غلط ہے ۔

۴۰ کیسز کی جو سابق چھ مہینے میں درستیاں ہوئی ہیں وہ تمام کی تمام ایسی ہیں کہ کسی نے جا کر بتا دیا کہ جناب آپ نے ۶ ضرب ۳ کو ۱۸ نہیں لکھا بلکہ ۱۰ لکھا ہوا ہے ۔ تو درستی جب کر دی گئی اس قسم کی غلطیاں اب بھی موجود ہیں ۔ ان غلطیوں کی پڑتال کر کے دور کیوں نہیں کیا جاتا ؟ اس بات کے لئے اب بھی دس یا پندرہ دن لگا کر ان تمام اغلاط کو دیکھیں ایک کمیٹی بنائیں اور ان کی گنتی وغیرہ کر کے اس کام کو ختم کریں تا کہ جو باہر کے پٹواری کام کر رہے ہیں وہ اطمینان سے کام کر سکیں ۔ اگر آج کسی کی ۵۰ گھماؤں زمین تصدیق ہو کر آتی ہے اور اس کا حساب کر کے اس کو جتنی زمین بنتی ہے گنتی وغیرہ کر کے دیدی جائے ۔ مگر نمبر بدلنے کی صورت میں دوبارہ حساب کرنا پڑتا ہے ۔ یہ نہیں ہونا چاہئے ہر طرح تمام کام ادھورا پڑا رہنے کا احتمال ہے ۔

جناب والا میری سب سے پہلی گذارش یہ ہے کہ اس پروڈیوس انڈکس کے معاملے کو آخری دفعہ سوچ کر finalize کر دیا جائے ۔ لیکن دوبارہ عرض کرونگا کہ اس طرح سے finalize نہ کیا جائے کہ حکم صادر کر دیا جائے " آج تک جو کچھ کرنا تھا کر چکے ۔ جو بد قسمت رہ گیا رہ گیا ۔ جو ہونا تھا ہو گیا " میں اب بھی دعویٰ سے کہتا ہوں کہ کرنال اور کانگڑہ کی ratio اور ہے اور آپ نے اور (Ratio) سے ضرب اور دی ہوئی ہے ۔

اسی طرح اور جگہوں پر بھی غلطیاں سر زد ہوئی ہیں ان کو بھی درست کر کے پھر finalise کرنے کا حکم صادر ہونا چاہئے ۔

اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سکیم پر دیہات میں جو عمل ہو رہا ہے اس کے ضمن میں اے ڈی سیز (A. D. Cs.) اور نائب تحصیلداروں کو جو اختیارات یا یوں کہئے کہ جو uncontrolled اختیارات دئے گئے ہیں ان سے بد نتائج نکلنے کا احتمال ہے میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اکثر جگہوں میں جو بہت سی corruption ہے اس کی ایک تو وجہ یہ ہے کہ لوگ ویسے ہی corrupt ہیں لیکن دوسری اور سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس سکیم کے ماتحت مذکورہ بالا افسروں کو بہت وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔

Ch. Muhammad Shafiq. The honourable member is addressing the members.

Mr. Speaker. The honourable member should address the Chair.

چودھری علی اکبر خاں— جناب والا میں آپ کی وساطت سے معزز ممبر کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ انہیں اس قسم کی تکلیف نہیں محسوس کرنی چاہئیے۔

Ch. Muhammad Shafiq: The honourable member is making personal remarks.

Mr. Speaker: No personal remarks please.

چودھری علی اکبر خاں: جناب والا میں دوسری گذارش یہ کر رہا تھا کہ جس طریق میں اس سکیم پر اضلاع میں عمل ہو رہا ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ چند موٹی موٹی باتوں کے سوا اس کے بارہ میں اور کوئی تفصیلی ہدایات جاری ہی نہیں کی گئیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اضلاع کے۔ اے۔ڈی۔سیز کو بہت زیادہ discretion حاصل ہے۔ جس ضلع میں اے۔ ڈی۔ سی صاحب تفصیل کے ساتھ ہدایات جاری کرتے ہیں وہاں یہ کام ایسے طریق سے ہو رہا ہے کہ لوگوں کو زیادہ شکایت نہیں لیکن دوسری جگہوں پر جہاں پر اے۔ ڈی۔ سی مفصل ہدایات جاری نہیں کرتے وہاں ہر چیز گرداور قانونگو اور پٹواری کے اختیار میں ہوتی ہے اور وہ جیسا کہ ان کا دل چاہے ویسا کرتے ہیں۔ چنانچہ مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ سب سے پہلی جو چیز ان لوگوں کے اختیار میں ہوتی ہے یہ ہے کہ اگر ایک شخص کسی گاؤں میں allottee ہو تو اس کا حساب و کتاب کرنے کے بعد اس کی جس قدر زمین بنتی ہو اس کے بارہ میں پٹواری۔ گرداور یا نائب تحصیلدار کو یہ پورا اختیار ہوتا ہے کہ اسے کل کا کل رقبہ جہاں چاہے دیدے۔ اگر وہ چاہے تو اسے اس کے allotted رقبہ کے ملحقہ رقبہ میں زمین دیدے یا چاہے تو دو میل کے فاصلہ پر دیدے۔ چنانچہ ہر شخص کے تجربہ میں یہ بات آئی ہوگی کہ لوگ پٹواریوں۔ نائب تحصیلداروں اور تحصیلداروں کے لئے سفارشیں ڈھونڈتے ہیں تاکہ انہیں یہ زمین اپنی الاٹ شدہ زمین کے ملحقہ رقبہ میں مل جائے اور اگر ان کو اس طرح زمین مل جائے تو وہ ان افسروں کی بہت بڑی مہربانی تصور کرتے ہیں اور اگر کسی کو ان کے پاس سفارش نہ ملے تو وہ لوگ اپنا کام روپیہ سے چلاتے ہیں اور یہ افسر روپیہ لیتے ہیں اور لے سکتے ہیں کیونکہ انہیں یہ اختیار ہے اور کوئی ایسا قاعدہ نہیں ہے جس کے ماتحت انہیں یہ صریح ہدایت ہو کہ زمین کس طرح الاٹ کی جائے جو congested districts ہیں وہاں دو ہزار یونٹ زمین دی جاتی ہے۔ بقایا اراضی کے لئے صلائے عام ہے۔ سارے پنجاب میں جس جگہ کوئی چاہے زمین ڈھونڈ لے۔ چاہے سرگودھا میں ڈھونڈ لے یا میانوالی میں ڈھونڈ لے یا شیخوپورہ میں۔ بلکہ جس جگہ کا کوئی نائب تحصیلدار مان جائے کہ میں تمہیں زمین دونگا لوگ یہ کوشش کرتے پھرتے ہیں کہ کونسا نائب

تحصیلدار مانتا ہے ۔ میری نظروں سے کئی ایک ایسی درخواستیں گذری ہیں کہ جس پر نائب تحصیلداروں کا لکھا ہوا ہوتا ہے کہ تمہارے لئے گنجائش نہیں ۔ (قطع کلامی) چنانچہ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس بارہ میں مفصل ہدایات جاری کی جانی چاہئیں تاکہ Chances of corruption جتنے کم ہوں سکیں کئے جائیں ۔ حضور والا آنریبل وزیر مال صاحب مجھے بار بار میرے ذاتی کام کی نسبت سنا رہے ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ مجھے چٹھ صاحب جیسے چند دوستوں کی مہربانی سے اور کچھ میرے ایم ۔ ایل ۔ اے ہونے کی وجہ سے شیخوپورہ میں زمین مل گئی ورنہ باقی لوگوں کی طرح مجھے بھی روپیہ خرچ کرنا پڑتا (چودھری محمد شفیق ۔ اسی لئے آپ کی تحصیل کے نمبر بڑھ گئے ہیں) میرے خیال میں اس بارہ میں میرے دوست کو تکلیف نہیں ہونی چاہئیے ۔ بہر کیف میری یہ گزارش ہے کہ یہ ہدایات اتنی صحیح ہونی چاہئیں کہ شبہ کا کوئی احتمال ہی نہ رہے اس میں اس وقت بہت سی خامیاں ہیں ۔ مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ ایک گاؤں میں ایک شخص کو زمین عارضی طور پر الاٹ ہے لیکن وہ اپنا claim form تبدیل کر کے کسی اور جگہ چلا جاتا ہے اور اس کے چلے جانے کے بعد اس کی زمین کسی اور کو تقسیم کر دی جاتی ہے مگر جس جگہ وہ جاتا ہے جب اسے وہاں زمین نہیں ملتی تو وہ اپنا کلیم واپس لے آتا ہے ۔ تو اسے کہا جاتا ہے کہ تمہاری زمین تو تقسیم ہو چکی ہے ۔ اب تمہیں وہ زمین نہیں مل سکتی مگر وہی افسر اسی دن دوسرے کیس میں اس کے برعکس حکم لکھ دیتا ہے ۔ چونکہ کسی قسم کی صریح ہدایات نہیں ہیں اس لئے انہیں پورا اختیار ہے کہ جو چاہیں کریں ۔ اگر کوئی اچھا افسر ہو تو وہ اپنے اختیارات کو اچھی طرح استعمال کر لیتا ہے اور کوئی دوسرا افسر ان کو اپنے لئے جائیداد جمع کرنے کا ذریعہ بنا لیتا ہے ۔ بنا برین میری یہ گزارش ہے کہ ہر معاملہ کے متعلق صریح ہدایات ہونی چاہئیں کہ اس کے بارہ میں کیا کیا جانا چاہئیے ۔ یہی ایک طریق ہے جس سے corruption روکی جا سکتی ہے ۔ پھر سب سے زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ رولز اور قاعدے ایسے بنا دئے جانے چاہئیں کہ جن کے ماتحت discretion کی گنجائش کم از کم ہو ۔ اس وقت اس سکیم میں افسروں کو مکمل discretion کا اختیار حاصل ہے کہ وہ جیسے چاہیں ویسے کریں ۔ میری گزارش کا اصل مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو تباہی اور بربادی سے بچایا جائے ۔ چنانچہ جو

لوگ پڑھے ہوئے ھیں یا بڑے با رسوخ ھیں وہ تو زمین تلاش کر لینگے لیکن جو ان پڑھ ھیں ان کےلئے بڑا مشکل ھے ۔ جناب والا میں produce index کی بابت کہہ چکا ھوں کہ وہ اتنا complicated formula ھے کہ اسے تو پڑھا لکھا آدمی بھی سمجھ نہیں سکتا کہ اس کے ماتحت اس کی زمین کتنی بنتی ھے ۔ مگر ان پڑھ لوگوں کےلئے تو ھز معاملہ عراب ھے۔

اس کے علاوہ میں یہ گزارش کرنا چاھتا ھوں کہ جو لوگ مشرقی پنجاب میں مالک تھے ان کے بارہ میں تو اس سکیم میں یہ حکم دیا گیا ھے کہ ان کی جو زمینیں وھاں تھیں ان کا حساب و کتاب کرنے کے بعد ان کو پوری زمینیں دے دی جائیں ۔ مگر جو لوگ مشرقی پنجاب میں دفعہ ۵ کے علاوہ موروثی تھے انہیں نصف اراضی دی جاوے ۔ چنانچہ اس کے متعلق عزت مآب شیخ فضل الہی صاحب سے ایک سوال بھی پوچھا گیا تھا اور انہوں نے اس کے سلسلہ میں تصریح فرمائی تھی کہ جو دفعہ ۵ کے موروثی ھیں وہ چونکہ بہت تھوڑا مالکانہ ادا کرتے ھیں اس لئے ان کے حقوق باقی دفعات کے موروثیوں کی نسبت زیادہ ھوتے ھیں اس لئے انہیں پوری زمین دی جاتی ھے ۔ جو دفعہ ۶ اور ۸ کے موروثی ھوتے ھیں ۔ چونکہ وہ پیداوار کا حصہ دیتے ھیں اس لئے ان کا حصہ نصف کر دیا گیا ھے ۔ جناب والا میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرتا ھوں کہ ان کی یہ معلومات صحیح نہیں ھیں کیونکہ دفعہ ۶ کے موروثی بھی وہ ھیں جو کہ ایک روپیہ مالکانہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ ۱۲ آنے لگان ادا کرتے تھے ۔ تمام مشرقی پنجاب میں تقریباً ۹۹ فیصدی ایسے موروثی تھے جو کہ ایک روپیہ معاملہ کے پیچھے cash rent چھ آنے یا آٹھ آنے یا پھر وہ بھی ادا نہیں کرتے تھے ۔

اس لئے اگر مالکوں کو پوری زمین دی جا رھی ھے تو موروثیوں کو بھی پوری زمین ملنی چاھئیے ۔ اسی طرح باغات کی الاٹمنٹ کے متعلق بھی حکومت کو فوراً ھدایات جاری کر دینی چاھئیں ۔ تقریباً ایک سال ھوا باغات کی الاٹمنٹ کا کام ایک کمیٹی کے سپرد کیا گیا تھا ۔ اور تقریباً ،،دو سال ھوئے کہ لوگوں سے پانچ پانچ روپے لے کر ان کے کلیم فارمز داخل کئے گئے تھے ۔ لیکن ابھی تک وہ کمیٹی اپنا کام ختم نہیں کر سکی ۔ میں نے ابھی کل ھی دریافت کیا تھا تو معلوم ھوا یہ کمیٹی ابھی تک صرف لاھور ڈویژن کے ان باغات کا فیصلہ کر چکی ھے جن کے کلیمز تصدیق ھو کر آ گئے ھیں ۔ اصل میں بات یہ ھے کہ کمیٹی کے ممبران ایسے ھیں جن کو دیگر مصروفیات بہت زیادہ ھیں ۔ اکثر لوگ اس انتظار میں بیٹھے

ہیں کہ انہیں کوئی باغ مل جائے تو وہ اس کا قبضہ حاصل کریں۔ یا اگر انہیں باغ نہ ملنا ہو تو اس کے عوض انہیں دوسری زمین ہی دیدی جائے۔ ایسے لوگ بہت تذبذب میں ہیں۔ اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ جیسے بھی ہو باغات کی الاٹمنٹ کا فیصلہ بہت جلد ہونا چاہیئے۔

اس کے بعد میری یہ گزارش ہے کہ جنوری ۹۴ میں زرعی اراضی کلیم فارمز مانگے گئے تھے مگر آج تک ان کو داخل کرنے کی اجازت ہے۔ جب تک ایک خرآی تاریخ مقرر کر کے کلیمز لینے بند نہ کر دئے جائیں گے یہ کام ختم نہیں ہوگا۔ پھر جناب والا یہاں سے جتنے کلیمز تصدیق ہو کر گئے ہیں ان میں سے ۴۰ فیصدی کے متعلق عذر لوگوں نے داریاں کر رکھی ہیں۔ لوگوں کا یہ مطالبہ ہے کہ انہیں معقول فیس دے کر اپنی جمعبندیاں ملاحظہ کرانے کی اجازت دے دی جائے تاکہ ان کی تسلی ہو۔ اب جبکہ ریکارڈ افسر یہ اعلان کر چکا ہے کہ وہ اپنا کام ختم کر چکے ہیں۔ اور اسی بنا پر چار صد پٹواریوں کو بھی فارغ کیا جا چکا ہے۔ اب اگر لوگوں کو معقول فیس ادا کرنے کے بعد اپنی جمعبندیاں ملاحظہ کرانے کی اجازت دے دی جائے تو اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ اب جو لوگ بار بار عذر داریاں کر رہے ہیں وہ اپنی تسلی کر لینے کے بعد ایسا نہیں کرینگے۔

جناب والا میں ایک بار پھر اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ دیہات کی آباد کاری کی جو سکیم ہے اس کے رولز اور ضابطے اس قدر مفصل بنا دئے جائیں کہ افسروں کی مرضی پر بہت کم امور چھوڑے جائیں۔ تاکہ بد دیانتی کیلئے کم مواقع رہیں۔

پھر جناب والا ایک بڑی شکایت یہ ہے کہ مشرقی پنجاب کے سرکاری ملازمین جو یہاں آکر ملازم ہو چکے ہیں انکو اگر کوئی مکان الاٹ ہوتا ہے تو ان کے تبادلہ کی صورت میں ان سے وہ مکان چھین لیا جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ یہ لوگ آج تک حیران و پریشان ہیں۔ اگر ہر ضلع کے صدر مقام میں یا ایسے ملازموں سے پوچھ کر جہاں وہ پسند کریں انکو انکی حیثیت کے مطابق دس پندرہ یا بیس مرلے قطعہ اراضی الاٹ کر دیا جائے تاکہ وہ حکومت سے یا کسی امدادی سوسائٹی سے قرضہ لے کر اس پر اپنا مکان بنا سکیں تو اسطرح انکی پریشانی رفع ہو جائیگی۔ جو لوگ مشرقی پنجاب میں لوکل باڈیز کے ملازم تھے اور یہاں آکر بھی لوکل باڈیز میں ملازم ہو چکے ہیں انکو یہ شکایت ہے کہ انکی سینیارٹی کا لحاظ نہیں رکھا جا رہا اور ان سے کم تنخواہ پانے والے لوگوں کو ان سے سینیر کر دیا گیا ہے۔ ہمارے وزیر مہاجرین صاحب کا یہ فرض ہے کہ

وہ ضرور اس بات کی انکوائری کریں کہ آیا ان لوگوں کو جو مشرقی پنجاب میں ڈسٹرکٹ بورڈوں ۔ میونسپلٹیوں یا دیگر اداروں میں ملازم تھے انکے حقوق مل چکے ہیں یا نہیں ۔ کیونکہ یہ لوگ بہت حیران ہیں ۔

پھر جناب والا ان لوگوں کا مسئلہ ہے جو مشرقی پنجاب میں صنعتی ادارے چھوڑ کے آئے ہوئے ہیں ۔ کہا تو یہ جاتا ہے کہ ایسے تمام لوگوں کو یہاں الاٹمنٹ دے دی گئی ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جائز حقدار آج تک مارے مارے پھر رہے ہیں اور جن کا حق نہیں تھا انکو تین تین چار چار الاٹمنٹیں کر دی گئی ہیں ۔ حالانکہ مغربی پنجاب میں صنعتی ادارے اس قدر زیادہ تھے کہ اگر ایسے مہاجرین میں سے ایک ایک کو تین تین بھی الاٹ کر دئے جاتے تو شاید پورے ہو جاتے ۔ مثال کے طور پر مشرقی پنجاب میں برف کے کارخانے صرف سات تھے ۔ اور سب سے بڑا کارخانہ برف کا اور کولڈ سٹوریج (اسکے اپنے دعوے کے مطابق) ایک شخص نے ہوشیار پور میں تعمیر کیا ہوا تھا ۔ اسکو یہاں تین سال کی کوشش کے بعد ایک برف خانہ کا نصف حصہ دیا گیا ہے ۔ اور اس سے کہا یہ جاتا ہے کہ ہمارا فرض تمہارے گذارے کی صورت پیدا کرنا ہے تمہیں معاوضہ دینا نہیں اسکے بر عکس قصور کے بعض مقامی لوگوں کو جن کے ایک دو کارخانے تھے ۶ جننگ فیکٹریاں اور ۲ برف کے کارخانے الاٹ کر دئے گئے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔ اس فرم کا نام فرید سنز ہے ۔ پہلے انکا نام غلام فرید محمد لطیف تھا ۔

چنانچہ میں عرض کر رہا تھا کہ اسی طرح سے جو مقامی لوگ ہیں انہیں متروکہ صنعتی ادارے الاٹ کر دئیے جاتے ہیں ۔ جناب والا یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ جو لوگ مشرقی پنجاب میں صنعتی ادارے چھوڑ کر آئے ہیں وہ اگر اپنی متروکہ جائیداد سے انہیں تبدیل کرانا چاہیں تو کرا سکتے ہیں ۔ لیکن اگر کوئی شخص تبدیل کرا لیتا ہے تو اسے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسکی ایک مثال میں عرض کرتا ہوں ۔ بٹالہ میں ایک فونڈری تھی جس کا نام زمیندار فونڈری تھا اس کے مالکان کے خاندان کے تقریباً ۶۰ افراد ہیں ۔ ان تمام افراد کا انحصار اسی فونڈری پر تھا اور ایک آئیس فیکٹری پر تھا تو جب یہ لوگ گورداسپور سے یہاں آئے تو انہوں نے یہاں کر سب سے پہلے ۷-۳-۱۲-۴ کو ڈائرکیٹر آف انڈسٹریز کو ایک درخواست دی کہ

لائلپور میں ایک فیکٹری دھنپت مل جوالا داس کی لائل پور میں ہے اسے ہم اپنی فیکٹری سے تبادلہ کر رہے ہیں وہ ہمیں الاٹ کر دی جائے پھر اسکے بعد انہوں نے اسکے متعلق ایک ریمائنڈر بھیجا ۔ اسکے متعلق جناب والا میرے پاس تفصیل کے ساتھ ایک لمبا چٹھا موجود ہے انہوں نے اسکے بعد بھی کئی درخواستیں دیں کہ ہم اس فیکٹری کا تبادلہ کر رہے ہیں یہ ہمارے نام الاٹ کر دی جائے مگر وہ انہیں الاٹ نہ کی گئی بلکہ وہ فیکٹری عبدا لطیف غلام فرید کو الاٹ کر دی گئی ۔ اس دوران میں جناب والا وہ فیکٹری انہوں نے exchange کروالی اور اسکی رجسٹری بھی ہو گئی ۔ اسکے بعد انہوں نے درخواست دی کہ ہمنے اسکا تبادلہ اپنے نام کروا لیا ہے اور جب دوبارہ اسکی الاٹمنٹ کی جائے تو ہمارے نام کر دی جائے ۔ مگر جناب والا وہ پھر بھی اسے الاٹ نہ کی گئی ۔ تو اسی تگ و دو میں ان کے پاس جو روپیہ تھا خرچ ہو گیا اور جو رقم باقی بچی وہ انہوں نے کسٹوڈین سے کلیرنس سارٹیفکیٹ اور ڈائریکٹر آف انڈسٹریز سے No objection certificate لینے پر صرف کر دی ۔ انہوں نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح انہیں قبضہ مل جائے ۔ کبھی وہ بورڈ کے پاس جاتے ہیں کبھی کسی کے پاس جاتے ہیں اور وہ ٦٥ آدمی جو مشرقی پنجاب کے مشہور صنعت کار تھے بھوکے مر رہے ہیں اور وہ بورڈ ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کر سکا ۔ وہ اشخاص میرے ہمراہ انڈسٹری منسٹر صاحب کی خدمت میں بھی حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اب تو گزارے کی کوئی سبیل نہیں بنتی اور خود کشی پر نوبت پہنچ گئی ہے ۔ اتنا عرصہ ہو گیا ہے کہ بورڈ نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا ۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ سینٹرل گورنمنٹ کا کام ہے ۔ اب تقریباً چار ماہ ہوئے کہ کسٹوڈین صاحب نے حکم دیا کہ فیکٹری کی inventory بنائی جائے ۔ مگر صورت یہ ہے کہ کوئی تعمیل نہیں کرتا ۔ آخر تنگ آکر انہوں نے کسٹوڈین صاحب کو درخواست دی کہ اس فیکٹری کا جو کرایہ جمع ہوا ہو وہی ہمیں گزارہ کے لئے دیا جائے ۔ تاکہ ہم پیٹ کو پال سکیں مگر پتہ چلا کہ کرایہ کسی نے آجتک جمع نہیں کرایا ۔ اب جناب تحصیلدار صاحب لائلپور نے الٹا انہیں حکم دیا ہے کہ وہ مالک ہونیکی حیثیت سے ۱۸۴۴ روپیہ بطور معاملہ زمین ادا کریں ۔ اسکے علاوہ ایک ہزار روپیہ پراپرٹی ٹیکس اور ہاؤس ٹیکس بھی مانگا جا رہا ہے ۔ ۔ یہ چیزیں جناب نہیں والا میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ جس وقت تک مہاجرین کو پوری پوری سہولتیں بہم نہیں پہنچائی جاتیں وہ آباد

فہیں ہو سکتے۔ ایک بات اس وقت میں دیہاتی آباد کاری کے سلسلہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ آج سے تین ماہ پیشتر میں ضلع شیخوپورہ میں گیا ۔ اور وہاں میرے نوٹس میں آیا کہ کئی ایسے صاحب ہیں جن کے کلیم تو وہاں داخل نہیں لیکن وہ اپنے اثر و رسوخ سے فنانشل کمشنر کے دفتر سے کلیم لیجا کر افسران سے مل ملا کر اپنے نام الاٹمنٹ کرانا چاہتے ہیں ۔ چونکہ مجھے یہ کہا گیا تھا کہ یہ کاغذات فرضی ہیں ۔ میری بد قسمتی کہ میں صوفی صاحب سے اس کا ذکر کر بیٹھا انہوں نے مجھے فوراً کہا کہ وزیر مہاجرین کو لکھ کر بھیج دو ۔ میں نے انہیں لکھ کر بھیج دیا ۔ قریباً اڑھائی ماہ ہوئے ہیں مگر نتیجہ یہ ہوا کہ جس شخص کے بیان پر میں نے لکھ کر دیا تھا اسکی ہی زمین cancel کر دی گئی ہے اور وہ بیچارہ ڈر کر کسی دوسری جگہ چلا گیا ہے ۔ مگر جس کے خلاف اس نے درخواست دی تھی اسے زمین الاٹ ہو گئی ہے اور اس کے نام پر پرچی بھی جاری ہو گئی ہے میرے لکھے ہوئے کو کسی نے پوچھا تک نہیں جب تک اس معاملہ میں strict vigilance سے کام نہیں لیا جاتا یہ کام ٹھیک نہیں ہو سکتا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جس وقت شروع شروع میں زمینیں الاٹ کی جا رہی تھیں تو اس وقت ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی کہ وہ surprise visits کر کے دیکھے آیا کوئی فرضی الاٹمنٹ تو نہیں ہو رہی ۔ اسوقت تو عارضی الاٹمنٹ کا سوال تھا لیکن اب جبکہ مستقل الاٹمنٹ کا کام ہو رہا ہے ۔ اسوقت بیحد ضرورت ہے کہ چار پانچ قابل افسران پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے جو surprise visits کر کے دیکھے کہ فرضی کلیم فارموں پر زمین الاٹ تو نہیں کی جا رہی اور حقدار کا حق غصب تو نہیں ہو رہا ۔ اسلئے جناب میری گزارش یہ ہے کہ اب ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے جو الاٹمنٹ کے کام کی موقعہ پر اچھی طرح پڑتال کرے اور دیکھے کہ کام درست ہو رہا ہے یا نہیں ۔

جناب ایک عرض میں اور کرونگا وہ یہ کہ اکثر مہاجروں کی یہ شکایت بھی ہے کہ ان کے سینکڑوں بلکہ ہزاروں روپے مشرقی پنجاب کی عدالتوں میں رہ گئے ہیں جو انہوں نے مقدمات کے سلسلہ میں وہاں جمع کروائے تھے اور انکو refund کروانے کے سلسہ میں ابھی تک کچھ نہیں ہو سکا ۔

اسکے علاوہ تیسری چیز یہ ہے کہ اکثر مہاجرین کے پاس اسلحہ تھا جو ان سے بارڈر پر پاکستان آتے وقت لے لیا گیا تھا اور ان کو اس اسلحہ کی رسیدیں دی گئی تھیں لیکن ان کے اسلحہ کی واپسی کے بارے میں ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ۔ یہی حال ان مہاجر ٹھیکیداروں

کا ہے جو اپنا روپیہ مشرقی پنجاب میں لگا آئے ہیں اور انہیں اب تک کوئی رقم نہیں ملی۔

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order. My point of order is to enquire whether my privilege subsists in speaking on this motion, because I feel that according to the past procedure which was followed for about 20 years by the Hon'ble Sir Shahab-ud-Din, and the late Speaker, first came the cut motions on items then on the summary and then on the total demand. I might request you kindly to read page 270.

Mr. Speaker: What is the point of order ? I do not want a speech.

Mr. C. E. Gibbon: The point of order is whether I will have the privilege to speak on this cut motion.

Mr. Speaker: I call upon hon'ble members to speak on the cut motions in the same order as the one suggested by the hon'ble member. With regard to the question put by the hon'ble member that will be decided at the proper stage.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. The point of order is that on the paper, as it stands, there are 4 cut motions, out of which Mr. Gibbon's motion is to reduce the demand by Rs. 100 and other motions are to reduce the demand by Re. 1. According to the practice of the Indian Legislature as given in the Decisions from the Chair as well as in the Parliamentary Practice 'Introduction to the Procedure of the House of Commons by Champion, page 270, when several amendments are moved to the same figure, priority is given to the amendment proposing the greatest reduction, then to that proposing the next greatest reduction and so on. The greatest reduction on this paper is Rs. 100 and Mr. Gibbon should have been allowed first. We want your ruling on this point.

Mr. Speaker: I have already given my ruling on the point. Obviously the honourable member has not understood me. The cut motion whether it is for Rs. 100 or for Re. 1, I regard as the same and the order which I have fixed will be maintained.

Mr. C. E. Gibbon: What is the order ?

Mr. Speaker: The same according to which I have called upon Chaudhri Ali Akbar Khan.

چودھری علی اکبر خان— جناب والا—اب میں چند گذارشات شہری مکانوں اور دکانوں کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں—دیہات میں تو زمینیں Provisional permanent bases پر الاٹ کی جا رہی ہیں—لیکن شہروں میں یہ حالت ہے کہ وہ لوگ جو مشرقی پنجاب میں اپنے مکانات اور دکانات چھوڑ کر آئے ہیں اور وہ جن کے مکانات وہاں نہیں تھے تمام ایک ہی سطح پر treat کئے جارہے ہیں—اس لئے جو لوگ مشرقی پنجاب میں مکانوں اور دکانوں کی شکل میں جائداد چھوڑ کر آئے ہیں جب ان سے کہا جائے کہ ان مکانوں اور دکانوں کا کرایہ ادا کرو تو ان پر بہت زیادہ بار گران گزرتا ہے—ہمارے اور حکومت مشرقی پنجاب کے معاہدے کے مطابق جو کرایہ ان کی جائداد کا وصول ہو رہا ہوگا جو معاہدات کے مطابق کہا جاتا ہے کہ یہ ان کو ادا کیا جائے گا۔ اگر اب سے ہی ان سے یہ کرایہ وصول نہ کیا جائے جو ان سے وصول کیا جاتا ہے۔ تو میرے خیال میں یہ ان کی جائز مدد ہوگی

اور یہ ضرور کرنی چاہئیے - چنانچہ اکثر لوگوں کی یہ خواہش ہے کہ انہیں موقع دیا جائے کہ وہ یہ ثابت کرسکیں کہ مشرقی پنجاب میں وہ اس قدر جائداد کے مالک ہیں - اگر ایسے لوگ یہ ثابت کرسکیں تو انہیں یہ رعایت دے دینی چاہئیے- اس سلسلہ میں ایک اور گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ D. R. C. صاحبان کی طرف سے دکانوں اور مکانوں کی جو الاٹمنٹ ہو رہی ہے ہر شخص کو تقریبا ڈیڑھ سال مقدمہ بازی میں پڑنا پڑتا ہے — کیونکہ سب سے پہلے R. O. فیصلہ کرتا ہے پھر D.R.C. کو اپیل ہوتی ہے—اس کے بعد R. C. Miscellaneous کے پاس اپیل کی جاتی ہے اور اس کے بعد سنٹرل گورنمنٹ کو اپیل جاتی ہے — یہ چار افسر deal کرتے ہیں اس دکان کو جس کا کرایہ دو یا پانچ یا چھ روپے ہوتا ہے تو اس لئے چاہئیے کہ ایک حد مقرر کر دی جائے — کہ کم ازکم ۳۰ روپے یا ۴۰ روپے کرایہ کے مکانوں یا دکانوں کیلئے اپیل کا اختیار ہو سکے — R. O. فیصلہ کرے تو D. R. C. کا فیصلہ Final ہو اور اگر D. R. C. فیصلہ کرے تو R. C. Miscellaneous کا فیصلہ final ہو — یہ چیز ایسی ہے جس سے لوگوں کو بہت زیادہ اطمینان ہو جائے گا اور وہ مقدمہ بازی سے بچ جائیں گے — اب میں زرعی اصلاحات کے متعلق جو پچھلے سشن میں پاس کی گئی ہیں اپنے وزیر مال کی خدمت میں گذارش کروں گا — ان اصلاحات کا اثر مہاجرین پر سب سے زیادہ اس لحاظ سے پڑتا ہے کہ مہاجرین اس وقت نہ کسی زمین پر قابض ہیں نہ ان کے باغات ہیں — انہیں proprietary rights حاصل نہیں — ایک مقامی شخص کو اختیار ہے کہ وہ ۸۰ ایکڑ زمین کاشت کرتا ہے تو بدستور اس پر قابض رہے — لیکن ایک مہاجر کو صرف ۲۵ ایکڑ پر قبضہ مل سکے گا - باقی لازماً مزارعین کے پاس رہے گی - جن لوگوں کے باغات ہیں ان کو جو رعایت مل رہی ہے وہ مہاجر کو نہیں مل رہی - مہاجر کو Proprietary rights ملنے کے بعد یہ اختیار ہونا چاہئیے کہ اگر وہ باغات لگانا چاہے تو لگا سکے گا - میں حضور والا کی وساطت سے وزیر مال کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اس ایکٹ کی وہ شق جس میں گورنمنٹ کو اختیار دیا گیا ہے کہ اگر وہ چاہے تو کسی خاص قسم کی زمین کو مستثنے کر سکتی ہے - تو مہاجرین جن کے مفاد کھلے دل سے استعمال ہونے چاہئیں ان الفاظ کے ساتھ جناب والا میں گزارش کرونگا کہ اس ملک میں مہاجر اور مقامی کے تعلقات کو زیادہ بہتر بنایئے اور اس تمیز

کو ختم کرنے کیلئے از بس ضروری ہے کہ جلد از جلد مہاجرین کو یہاں کی معاشی زندگی میں اس طرح سے جذب کر لیا جائے کہ یہ تمیز باقی نہ رہ سکے۔ اور ملک کیلئے بہتری کے مواقع جلد پیدا ہوں۔ چنانچہ اس کا یہی طریقہ ہے کہ مستقل آبادکاری کی سکیموں کو جلد سے جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے مہاجرین کو locals کے برابر کر دیا جائے تا کہ یہ سوال ختم ہو جائے۔

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 66,48,140 on account of Net Total J-10—Expenditure in connection with Rehabilitation of Refugees be reduced by Rs. 1.

The cut motion which has been moved by Chaudhri Ali Akbar Khan relates to item of Rs. 66,48,140 on account of Net Total J-10 at page 597. Mr. Gibbon's cut motion also relates to one of the items on the same subject. Therefore, Mr. Gibbon can discuss it.

Mr. C. E. Gibbon: (PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO-PAKISTANI III): Mr Speaker, Sir, the Honourable Chief Minister in his budget speech at page 12 on this part of the budget stated.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. Once a cut motion has been moved by an honourable member and another member wants to oppose it would another motion be moved in the first instance or would it be opposed?

Mr. Speaker: I will throw the motion open to discussion. Patience is a virtue.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, he said as follows:—

"The present Government reflects the consistent policy of the Muslim League Organization that the rehabilitation of refugees is its foremost task and duty and in many ways is the real touchstone by which its final success will have to be measured. Four years ago when I had the honour to present the budget to the Punjab. Legislative Assembly in March 1948, I observed of the Muhajareen: "They are now an essential and valued element in our life, and it must be our constant and sacred endeavour to heal from their soul the sting of the memory of unspeakable suffering, both of body and mind, which they have undergone. Pakistan owes more to their struggle, their tenacity and their heroic self-sacrifice than it does to us who have inherited it, and it is no more than their due that we should yield to them the pride of place in the economy of our land, and a fullest share in the ordering of our affairs, for they are the architects of our freedom. History will record that their savage transplantation was a manure to the fertility of our soil, and gave ripeness and flavour to the cultural and material achievements of Pakistan". Every year that has passed since, every year with its own history of sufferings heroically borne and of endeavours, magnificently justified has confirmed me in the views and hopes I then expressed."

History has many heroes. But History also records that the greatest of all heroes are not only those who lay down their lives for the cause, but also those who, by their suffering and patience, sustain the cause. Sir, while we are prepared and shall show the greatest amount of consideration, sympathy, support and co-operation for the rehabilitation of our unfortunate brethern, we feel that those who helped to sustain the cuase may also share in this Rehabilitation Scheme. Now, Sir, in order that I might have the sympathy of this House which for some reason or other, appears to be lacking, I think it is very necessary that I state the broad facts to show how and in what manner and to what extent those, who have not been included in this Rehabilitation Scheme, have helped to sustain the cause what was the cause? The establishment of Pakistan, which Quaid-i-Azam visualised as a socialistic state based on the Islamic principles of justice, tolerance and equality and, in pursuit of those ideals, it is necessary that I give reference to a statement made on the floor of this House at the commencement of the last session a statement charged with certain implications; a statement which has been and is being not only misconstrued but used as a weapon to deprive those who helped to sustain the cause, of the sympathy of a very large section of this House. That statement fell from the lips of no less a person that the Honourable

Leader of the House and it more or less charged the minorities, and its accredited representative of having made no contribution whatsoever for the struggle for Pakistan.

Mr. Speaker: That is not under discussion. Will the honourable membe kindly discuss, if he likes, the policy underlying this cut motion.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I have no intention of discussing that statement but I have merely mentioned it by way of leading up to my case for giving consideration towards those who helped to sustain the cause and in that context it is necessary to determine who those people are; what contribution they made and why they should benefit under this Rehabilitation Scheme for which , Sir, you ask us to give a vote either for or against. At present, this demand is the demand under J-Miscellaneous and Unforeseen Charges, and there are further details under the Net Total—J-10 Rs. 66,48,140. Scrutinising the demand against J-1 observes that the total pay of officers is Rs. 3,33,620, and that of their establishment Rs. 17,91,480. Their travelling allowance is Rs. 3,89,000 and other allowances Rs. 11,50,750 and contigencies Rs. 1,32,500. The grand total is Rs. 37,97,350. This is a summary of just one item under this total demand for Rs. 66,48,140. My humble submission is that those who helped to sustain the eause; those who made their contribution towards the establishment of Pakistan; those who nursed the sick and wounded ; those who buried the dead and those who served the muhajareen in refugee camps and at other places are entitled to their share in this part of the Rehabilitation Scheme, because they too, are the natives of the soil and the sons of the soil and they too, to a very large extent, sustained the cause. I have noticed, much to my regret, that when any reference is made from this side of the House in respect of the struggle for Pakistan, there is a particular Minister, who develops a cynical grin on his physignomy; little does he knows that we, who were in the thick of the battle, have a pretty good record of the contribution which we made towards this struggle and, therefore, Sir, I would consider it a courtesy to this part of the Housc if that particular Minister were to remove the grin from his face when any of us or others are addressing theHouse To persuade him Sir, it is necessary that I take your protection. I plead the cause of those unfortunate people here and it is necessary that those people sho uld be looked upon as brothers. I do not at this stage wish to draw a red-herring between the majority and the minority nor do I wish to draw a line between Muslims and non-Muslims. In this particular instance, the question of Muslims and non-Muslims does not arise. In this particular instance, the Sepis and Athris, whose cause I here intend to plead, are not concerned with the superficial definition of Muslims and non-Muslims. They are the sons of the soil, they are the tillers of the soil and their concern is about having a piece of land wherewith to live a respectable and honest life. It is necessary that I do take this opportunity because the contributions made by them appear to have been lost sight of and here we have the Honourable Leader of the House giving reference to something which he tried to do, a task which he does not seem to have succeeded in achieving even upto now.

I humbly submit that the present rehabilitation policy is, as I had reason to observe, a colossal blunder from start to finish, and I do not retact from that statement because, action speaks louder than words and, thank Almighty God, all of us in this House have got eyes to see, ears to hear and brains to reason and what we see and what we hear establishes my statement that this policy, this so-called policy of rehabilitating the muhajareen is an absolute deception on the intelligence and consciousness of the people of the Province. The deception lies in the direction, that while you endeavour to satisfy a certain section of discontents you create, on the other hand, a strong and powerful section of malcontents and, while you pursue the policy of robbing peter to pay Paul, you create that very situation which has been voiced on the floor of the House,and you established, beyond any measure of doubt, a thoroughly corrupt and disorganised adiministration from top to bottom, a dunghill adiminstration.....

Mr. Speaker: These words are unparliamentary. Please withdraw them

Mr. C. E. Gibbon: I withdraw. Now it is necessary for me to take your thoughts back. On March 2nd, 1947—I start from there, the Khizar Ministry resigned. On March 3, this Assembly adjourns not to meet again till the establishment of Pakistan. I need not go into the episode which was enacted on the steps of this honourable House on that memorable day. Suffice it to say, that all of us Christians, who were members of this House on that day, made a decision from which we have not and never shall detract. That decision was, that having witnessed the intolerance of the Hindu majority towards the Muslim minority we, the little minorities, joined hands with our brother Muslims and stood for Pakistan. That, Sir in the face of a huge, powerful and influential Hindu majority is the greatest contribution which we could make to sustain the cause of Pakistan. Of that contribution alongwith our Muslim brethren, and of that decision, we are justly proud and Sir, in making that contribution we did it willingly; we were not influenced by any outside party or sources. We were not bribed into that decision. We made it with your pladly and in making that decision we expected, as we now expect, that we shall in this state of Pakistan have the right to live as free men, have the right to speak as free men and have the right to die, if necessary, as free men. Therefore, Sir, since we believe in this freedom; since we are partisans of this freedom; we hold that those who helped to sustain the cause will share in the Rehabilitation Scheme and will have its due share of the soil and should not be excluded as they have been or as it has been envisaged in a recent order issued by the Rehabilitation Commissioner (Lands). This order supports my previous contention that you borrow from Peter to pay Paul.

The story is not doubt a long one and it is a story of the struggle (An honourable member : cut it short) I have no intention of cutting it short. I may speak until 5 o' clock. On Tuesday, March 4th, serious riots broke out at Amritsar and Lahore. The same day, Sir Khizar Hayt Khan tendered the resignation of his as a caretaker Government and Governor Jenkins imposed Section 93 rule. On Wednesday, March 5th rioting broke out in Jullundur and other parts of the Punjab. On Thursday, March 6th a curfew was imposed practically throughout the Punjab. The same evening, a Punjab Peace Committee, consisting of the leaders of all the communities, was formed here in Lahore and I notice from the reports in the newspapers that the committee consisted of the Khan of Mamdot, Master Tara Singh, Malik Feroz Khan Noon (A voice: what a committee!) Lala Bhim Sen Sachar, Sirdar Shaukat Hyat Khan, Chaudhri Lehri Singh and Mian Mumtaz Daultana. (Khan Iftikhar Hussain Khan : What a committee). The convener of this Committee, by a unanimous vote, was our late friend and your predecessor, Dewan Bahadur S. P. Singha, and the Secretary of that committee was this honourable member standing before you. Therefore, you will see why it was necessary for me just in passing and not for the purpose of discussing the hollowness of that remark 'what contribution did you make towards the struggle of Pakistan'. Sir, the pages of history are write with the contribution we made and we are proud of it ; and that contribution has not been made alone it has been made along with our fellow countrymen. Whatever contribution we have to make, in future, will be made along with our fellow countrymen. No doubt, in this House, we may be divided into separate constituencies but that division has not been made by us. We are not responsible for it ; it has been made by the authorities of the state and in pursuance of that procedure we are here. We have a duty to perform, each to his own constituency in the first instance, collectively to his own community in the second instance, and to the nation as a whole in the last though foremost instance. We are here ready to co-operate, ready to accomodate, ready to play our part. But, Sir, would it be impertinent on my part to observe that there has been manifest demonstrations from a section of the House that our co-operation is not desired ?. It has been suggested, on more than one occasion, that we are a nuisance and, if the suggestion has not been made so impertinently, it is certainly thought so. Sir, I made it clear, not very long ago, that when we decided to stake our all for our country that decision was made on the basis of equal rights and eq ual oppertunities for all and, if that is denied to us

in the slightest measure, we shall continue to be a nuisance, because we must make a certain section of this House realise that not very long ago they were a minority ; they were considered to be a nuisance, because they asked for their rights, and they had a right to ask for the rights. and we supported that right and we will continue to support that right, but that right is also our right and that right must in all fairness be given us. I do not ask for favour, I am not asking for 'sifarash'. I want that right which is now our birth-right and if you deny that right to us you will only be denying to yourselves your birth-right. Some members of the house may think, as it is obvious, that what I say is melodrama ic. Let me tell them, in. No uncertain langu ge that what I say is not melodramatic. What I say is the very essence; the very fundamental principle on which you propose to build the edifice and structure of an Islamic state. Islam, more than other religions in the world, lays emphasis on social justice, tolerance and equality (hear, hear) and we, on that score, have stood for Pakistan, and since we have placed our feet on that plank, we intend not to take our feet off that plank, and the only way you will be able to top us off is by tipping yourself off. Therefore, Sir, what I have stated is said with very great consideration. I am not a chicken in this Legislature. I believe that I am quite an old legislator and I have gone through quite a lot. I have seen the struggle for Pakistan from a view point and through glasses which no Muslim Leaguer has seen and there is good reason for it. It is very simple, because we were placed in a position where we could go into mohallas and abadis of the Hindus, where you could not go. We could go into the mohallas and abadis of the Sikhs, where you could not go. We could go into the mohallas and abadis of the Muslims, where we were and where we are and where we intend to stay as long as God wishes us to stay (A voice : You were hand and gloves with them) Therefore, Sir, to cast aspersions on our loyalty and to make disparaging remarks on the floor of the House is the very height of intolerance and the very negation of Islam.

I appeal to my honourable friends that even if they do not like what I have to say they may, at least, rest assured that in this minority and in its leadership you have a people who are prepared to lay down their lives for their country to the last man, woman and child. Since we are prepared to offer that sacrifice you will and you must give us equal rights and equal treatment and you must treat us with tolerance and with justice.

In March 1948, Sir, the then Government passed an order which reads as follows:—Rehabilitation of Muslims Sepis and Christian labourers. Reference, West Punjab Government Memorandum No. 166-R.L., dated 19th January 1948. The order reads:—

"Government have decided that Muslim Sepis as well as Christian labourers who have lost their occupation through evacuation from Pakistan of their former non-Muslim employers should be treated as eligible for rehabilitation.

2. Athris and Sepis of Christian and other communities should accordingly be allotted land on a limited scale at the rate of 2 acre per family in each chak or village.

3. Rent will be charged at the rate of 6 times the land revenue in respect of the areas allotted to the Athris and Sepis.

4. It will be a condition of allotment that the allottees will do the sep and carry out the other duties in the Chak usually associated with them."

This order is dated 28th April 1948, when the Honourable Leader of this House was a member of the Mamdot Ministry and this order, we take it, did not envisage at that time, nor is it anywhere here stated that those allotments of land to the Sepis and Athris were of a temporary nature. No mention whatsoever is made in his order, and nothing has yet come out of this order which will give one the impression that it is just a matter of convenience that the Sepis and Athris should be allowed to stay on the land which he was cultivating at the time of partition, in case the Sepis and the Athris and the Muslim and the Christian labourers may cause a nuisance (?) This order, I am almost certain, did not mean to eject the Sepis and Athris from their lands, from what I know of the Sincerity of purpose of the Chief Minister at that time and of his ministry. I am absolutely certain, that he did not

have it in mind that after 4 years the Sepis and Athris were to be deprived of their lands and those lands should be taken away from them and given to the muhajreen. Do not mistake me, Sir, I do not wish that the muhajreen should not get land. The muhajreen should get the greatest share of land. What I would like to know is, that in 4 years time you were unable to settlet his muhajreen question and then you think that I am quite unjust in describing this Rehabilitation Department as a colossal blunder. We can fight a war in 4 years time and yet we cannot rehabilitate the muhajreen in 4 years time. They are still like gypsies wandering from pillar to post. One post is being vacated in order to accommodate the other gypsy and so they go round in circles shaking hands with one another. After this order, the then Ministry resigned and Governor's rule was imposed. A very small percentage of the Sepis and Athris were actually allotted land and a very large percentage of Sepis and Athris were allotted paper lands, that is land on paper, for which revenue is being taken from them up to this very day people who have never cultivated the land, people who have not taken a grain from the land are being made to pay land revenue and every time we speak about it, the Honourable Minister in charge of that portfolio grins at us. Is this not a policy of robbing peter to pay Paul? If I were sitting on the Treasury benches, I would hang my head in shame (hear, hear) Do you think that a people bursting with the vitality of a martial race, consider it worthy for their gallantry and valour, that Government have been unable to settle this refugee problem in 4 years time. It is a shame.

Now, Sir, as I have observed in the beginning I do not wish to make this a Communal issue. I do not wish to disassociate the Chiristian from his Muslim brother because it is the Sepis and Athris as a whole and as a class of people who are suffering under the yoke of this order. This order which now supersedes that order of 1948 is dated 19th December 1951 and it reads as follows:

> It has been decided that if the evacuee land allotted to Sepis as a temporary measure, is to be or has been brought under the Rehabilitation Settlement Scheme, these Sepis will be provided with other evacuee land which is not to be allotted under the said Scheme. If however, such other land is not very attractive, the Sepis will be allotted this land up to 4 acres per family instead of two acres, for which they will be required to pay rent at 3 or 6 times the land revenue as the case may be.

The number of the order is 9670-R (L) issued from the Financial Commissioners Office, Lahore on the 19th December 1951. A copy is forwarded to the Director of Public Relations, Lahore, for favour of wide publication in the press. In short, for favour of wide publicity and for advertising to the whole world that we have failed, and failed miserably, to rehabilitate our unfortunate brothers when we have all the resources of the state at our disposal. Here Sir, we have a people groaning under the yoke; and what do we do, we admit our failure and set about to create another class of displaced persons.....

The Assembly then adjourned for Asr prayers

(The Assembly re-assembled at 4-30 p. m. of the clock Mr. Speaker in the chair)

Mr. Speaker: Before the honourable member begins I must point out that in view of the fact that there are 4 more cut motions to be moved and we have to finish tomorrow afternoon, I cannot allow the honourable member more than 10 minutes.

Mr. C. E. Gibbon : I shall pick up the threads from where I left, by drawing attention to the use of the term "temporary measure" in the Financial Commissioner's order. There seems to be absolutely no connection between the order of 1948, and that now made which gives anybody the clue that these Sepis and Athris, who were allotted evacuee land, would be required after a period of 4 years or more to leave that land and to wander about in the wilderness until such time as the land envisaged in the new order is found. The land envisaged in the new order is the land which has not been brought under the Rehabilitation Settlement Scheme. Of this, I presume there are two types of land ; one is Government land and the other

is the land which nobody has cared to cultivate for the last 4 years. I suppose the reason for that is that the land is not fit for cultivation and, with all the sweat and toil of the cultivator and the labour put into it, it will produce nothing due to its barrenness and, I suppose, in keeping with the old order, he will still be required to pay the land revenue on land which has failed to produce anything.

Speaking of the new order of which the Director of Public Relations was asked to give wide publicity my enquiries show that the officials in the districts who were charged with the duty of allotting such lands say that they have received no orders from the Government that these Sepis and Athris who are being displaced today in large number are to be allotted other lands. That is the first part of the story ; thay have no order, and the second part of the sotry is that they have no land. So, Sir, nearly half the population of the Punjab is going to be a refugee population once again and that is what is envisaged in the statement of the Chief Minister which says, "In pursuance of the undertaking given in the Muslim League Manifesto the Government took rapid stock of the situation and arrangements were soon made to begin the work of permanent settlement in right earnest and to complete i , if possible, within a year. The Rehabilitation Resettlement Scheme was in full stride in June 1951".

We are now in March 1952. The Rehabilitation Resettlement Scheme was in full stride in June 1951, and no alternative arrangements have so far been made for the displaced Sepis and Athris. I ask you to just imagine what is the condition in our rural areas and to realise the sufferings these unfortunate people are being put to through no fault of their own. Mass ejections are taking place in villages. Homes which had been occupied for a long time are being forcibly vacated. As I had observed, paper lands were allotted ; revenue is still being collected ; standing crops are being cut down as fodder for patwaris. There is one particular instance which I would like to bring to the notice of this House and that is in regard to the A. R. O. Narowal, who, when approached by a representative of this House in respect of this treatment towards the Sepis and Athris and particularly towards the minority community, was pleased to observe that "Pakistan will not suffer if a few thousand of you people die". That is the mental attitude amongst these lower officials that Pakistan will not suffer if a few thousand of you people die. But, the same official would have taken good care to ensure that the Sepis and Athris did not die if a fair share of their earnings went into the pockets of the lower officials but now, since you have ejected the Sepis and Athris, the patwaris and naib-tehsildars do not care if they die.

Well, Sir, you have restricted my time and, therefore, I think I should conclude my speech. I ha! quite a lot to say. This is a sad state of affairs. I sincerely hope there is going to be a bit of heart-searching on this issue because this displacement of Sepis and Athris does affect the majority and the minority. As I have already stated, I take my stand on this question in the name of the majority and the minority because we are brothers in arms. On this score, we either rise or fall together. I shall conclude my remarks by observing, what others before me have observed, that to have freedom is only to have that which is absolutely necessary to enable us to be what we ought to be and to possess that which we ought to possess and to feel that we possess the soil of our motherland, and, no man is free who is not master of himself and the master of his own destiny. (*applause*).

خان عبدالستار خان نیازی — (میانوالی نمبر۲ مسلم)

جناب والا ! یہ چیز ہر فرد و بشر پر اچھی طرح واضح ہے کہ قیام پاکستان کے بعد قوم کے سامنے آبادی مہاجرین کا مسئلہ آیا ۔ وہ اتنا عظیم الشان ۔ اس قدر اہم اور ذمہ داریوں کا کام تھا کہ اس سے بطرز احسن عہدہ برآ ہونا اور اسے خوش اسلوبی سے سر انجام دینا ہی اس قوم کی تعمیری صلاحیوں کا آئینہ دار تھا ۔ اور یہ بھی عجیب بات

ہے کہ حصول آزادی کے ساتھ ہی ساتھ جن آزوؤں اور جن امنگوں کے پیش نظر ہم نے پاکستان کا مطالبہ کیا تھا ان کو پورا کرنے کے لئے فوراً اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک امتحان میں ڈال دیا ۔ صرف یہ دیکھنے کیلئے کہ ہم اپنے ملک و ملت کی تعمیر کیسے کرتے ہیں ۔ ہم اجڑے ہوؤں کو کس طرح آباد کرتے ہیں اور کس طرح یکسانیت اور توازن کے ساتھ اپنے فرائض اور ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوتے ہیں ۔ بکہ بموجب آیتہ کریمہ ''وکذالك جعلنا کم خلائف من بعد هم لنظر کیف تعملون،، اور ہم نے (ایران و روم کے بادشاہوں کے بعد) اُن کے بعد تمہیں بادشاہ بنایا ۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ تم کیسے نظام حکومت چلاتے ہو ۔ بنا بریں تسلسل حیات کے اصول مسلمہ کے پیش نظر ہمارا فرض تھا کہ اس سلسلے میں سب سے پہلے ہم ماضی کو حال سے وابستہ کرتے اور اپنی ذمہ داریوں کو پورے طور سے محسوس کرتے ہوئے قومی تعمیر کے اس اہم کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتے۔مگر افسوس کہ ہماری حکومت سے ایسا نہ ہو سکا۔کس قدر نامکمل اور کمزور استدلال ہے ۔ اور آج کس معصومانہ انداز میں کہا جاتا ہے کہ چار سال پہلے کی ذمہ داری اس حکومت پر عائد نہیں ہوتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دلیل اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی بجائے ان سے راہ فرار اختیار کرنے کے مترادف ہے ۔ کیونکہ اس ایوان کی اکثریت س side پر ہو یا اُس side پر ۔ میرے نزدیک مسلم لیگ کی تنظیم کے اراکین ہونے کی حیثیت میں ماضی کے معاملوں میں بالواسطہ یا بلا واسطہ دخیل تھی ۔ اس لئے ان ذمہ داریوں سے اپنے آپ کو یکسر چھڑا لینا اور ان سے بالکل سبکدوش ہو جانا نا معقول ہے اور اس وقت کی برسراقتدار حکومت کے شایان شان نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ خطرناک انجام و عواقب کی ذمہ داری قبول نہ کرنا یہ ایک منسدانہ اور بزدلانہ فعل ہے ۔ یہ راہ فرار اختیار کرنا ہے ۔ ابتدا میں اگر کسی قسم کی منصوبہ بندی نہ تھی یا مہاجرین کو آباد کرنے کے سلسلے میں کوئی انتظام نہ کیا گیا تھا تو اس کی دلیل یہ پیش نہیں کی جا سکتی کہ اس وقت ہم نے اس مسئلہ کے مالہ و ما علیہ کے متعلق سوچا نہ تھا اور اب اس پر ہر طرح سے غور و خوض کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب بھی جو کچھ انہوں نے بزعم خویش سوچا ہے وہ محض یہ ''شیخ چلی،، کی طرح خام سکیمیں ہیں ۔ ہم دیکھیں گے ''یہ شیخ چلی کی وزارت،، ان سکیموں کو کب اور کیسے پایۂ تکمیل تک پہنچاتی ہے ۔ میں تو

صرف یہ جانتا ہوں کہ planning خواہ آپ کچھ کریں یا نہ کریں - جو کچھ بھی آپ کے حجلئہ دماغ میں مستور ہے - وہی بمصداق ''آنچہ در دیگ است بروں می آید'' منصئہ شہود پر جلوہ گر ہوگا - اگر آپ کے دماغ میں کوئی مادۂ تخلیق ہے یا اس کے اندر کوئی تعمیری صلاحیت ہے تو اسے عملی جامہ پہنائیے آپ کا عمل بتادیگا - اسے کاغذی کارروائی تک ہی محدود نہ رکھیئے - میں نے دیکھا ہے اور بیشتر لوگ آج تک اسے دیکھ رہے ہیں کہ حکومت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ آخر مہاجرین کی آباد کاری اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ہم اپنی گرہ سے کہاں تک اخراجات برداشت کریں - کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اس ضروری خرچ کے سلسلے میں آن کی صرف اپنی گرہ پر ہی نظر پڑی اور یوں خوئے بد را بہانہ بسیار کا مظاہرہ کیا کفار کی وہ جائداد متروکہ بموجب فنۂ اسلامی جو مال فے ہے اور بیت المال المسلمین کی امانت کی صورت میں جو ہمارے پاس مکانوں - دوکانوں کارخانوں سیم و زر کے ڈھیروں اور نقد کیش کی صورت میں موجود تھی وہ بالکل اپنی بے تدبیری سے برباد کر دی گئی - یہ ذرائع اتنے وسیع اور گرانقدر تھے کہ اگر امانت و دیانت کے اصول کے مطابق انتظام ہوتا تو ان کی آمدنی سے ہم مہاجرین کی آبادکاری کے ہر قسم کے اخراجات کے کفیل ہو سکتے تھے - اپنی گرہ سے کچھ خرچ کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا بلکہ میں تو اسے بھی رب العالمین کا فضل کبیر سمجھتا ہوں کہ جس قادر مطلق نے مہاجرین کا یہ مسئلہ پیدا کیا - اس نے خزانہ غیب سے اس کی کفالت کے لئے بھی ہمیں کافی سے زیادہ مال و متاع مرحمت فرما دیا - میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اسلامی فقہہ کی رو سے مال فے یعنی کفار کا وہ مال و منال اور جائداد - وہ مساکن اور املاک جو بغیر جدال و قتال کے مسلمانوں کے ہاتھ آجائیں - وہ صرف حاجت مند مسلمانوں کی ضروریات پر صرف ہو سکتے ہیں - اس سلسلے میں آپ کے اپنے عمال کی ناعاقبت اندیشی اور اس کے لئے مرکز اور صوبوں کی وزارتوں کا تذبذب اور بے تدبیری اور اس کا آج تک مصرف کے سلسلہ میں clear نہ ہونا بلکہ عیب و تشکک میں گرفتار رہنا یہ سب آپ کی دوغلی پالیسی کا نتیجہ تھے - لازم ہے کہ اسے جلد از جلد حل کرنا چاہیئے اور ہمارے یہ کار فرما بین الاقوامی معاہدات کی خاک چھاننے کی بجائے مہاجرین کی آباد کاری اور ان کی حالت کو بہتر بنانے کی تدابیر سوچیں اور ان کو عملی جامہ پہنائیں - میں سمجھتا ہوں کہ اسی تذبذب کے پیش نظر اور

اس گمراہ کن نقطہ نگاہ کے طفیل کوئی مردانہ پالیسی مرتب کر کے اور آئندہ کے لئے کوئی جرات مندانہ منصوبہ بندی کر کے اس پر عمل کرنے کا کوئی فیصلہ آج تک نہ کیا جا سکا ۔ پالیسی کے متعلق مزید دو دلا پن نہیں چل سکتا جلد از جلد فیصلہ کرنا چاہیئے —

اس کے علاوہ وہ مال و متاع جو براہ راست ہمارے بعض عمال کے ہاتھوں میں تھا ۔ اگر وہ اسے خود ہڑپ نہ کر جاتے خوف خدا کو دل میں جگہ دیتے ہوئے قومی ضروریات پر صرف کرتے تو میں سمجھتا ہوں یہ مال و املاک اتنے گرانقدر اور بیش بہا تھے کہ خالی ان کی مدد سے مہاجرین کو خوش اسلوبی سے آباد کرنا تو درکنار ۔ ہم پانی پت کی چوتھی لڑائی بھی جیت سکتے تھے ۔ جس کا قرضہ آج تک ہمارے سر ہر ہے اور جسے ہم نے بفضلہ تعالیٰ چکانا ہے ۔ اور اپنے مظلوم بھائیوں اور مجبور بہنوں کا انتقام لینا ہے —

جناب والا—اب میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت جو مسائل ہمارے سامنے ہیں ہمیں ان سے کیسے عہدہ برآ ہونا ہے ۔ مجھے تو حکومت کے موجودہ منصوبوں اور سکیموں میں کوئی یکسانیت توازن اور تدبیر نظر نہیں آتی ۔ میں تو اس نظریے کا مالک ہوں کہ اگر یہ Rehabilitation Department نہ ہوتا ۔ اور اگر ہمارے وزیر متعلقہ اور ان کے موئیدین و معاونین نہ ہوتے تو شاید اس سلسلے میں مہاجرین کو اتنی مشکلات پیش نہ آتیں جو آج در پیش ہیں اور شاید وہ از خود ان کا حل ڈھونڈنے میں جلدی کامیاب ہو جاتے ۔ مہاجرین کی آباد کاری کے متعلق آپ کی جتنی تجاویز ہیں ان میں میں نے ایک چیز خاص طور سے محسوس کی ہے ۔ وہ یہ کہ آپ کے ہاتھ میں زمام اقتدار اور وسائل اختیار آنے پر آپ نے صرف یہی شہکار پیش کیا ہے کہ زید کی پگڑی محمود کے سر پر رکھدی ہے ۔ ایک کی ٹوپی اٹھائی اور بغیر سوچے سمجھے محض اپنی ادنیٰ خواہشات پر دوسرے کے سر پر رکھدی ۔ مگر آخر یہ سلسلہ کب تک جاری رہیگا ۔ اور آپ کب تک قوم کو اسی نحوست کے چکر میں اسیر رکھینگے ۔ آپ کے اس غلط اقدام سے مقدمے بازی اور رشوت ستانی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اس کا ذکر کرتے ہوئے ہر احساس انسان کو شرم آتی ہے ۔ اضلاع اور تحصیلوں میں وہ مصیبت اور ہنگامہ نفسی نفسی گرم ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا ۔ آپ کے دفاتر کے سامنے مہاجرین کے گروہ کے گروہ بیٹھے ہوئے آپ کے سر بخت کو دعائیں دیتے ہوئے نظر آتے ہیں ۔ ان کے حالات سدھارنا تو درکنار ان بیچاروں کے مقدمات ایسے لمبے

ہوئے ہیں کہ تین تین چار چار سال سے طے ہونے ہی میں نہیں آتے ۔ اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ مہاجرین کی حالت سدھرے اور وہ بھی صوبے کے خوشحال شہری بنیں تو سب سے پہلے حکومت کو اس امر کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہیئے نہ صرف مقدمات کے جلد تصفیہ کے لئے بلکہ آباد کاری کے تمام مسائل سے عہدہ برآ ہونے کے لئے حکومت کی پالیسی یکسانیت ۔ توازن اور تدبر پر مبنی ہو اور اسے عملی جامہ پہناتے وقت یہ چیز ملحوظ خاطر ہو کہ وہ کونسے مسائل ہیں جن کو جلد از جلد حل کرنا صوبے کے لئے اشد ضروری ہے ۔ اور ان کے علاوہ وہ کونسے مسائل ہیں جن کے طے ہونے کا تھوڑی دیر کے لئے انتظار کیا جا سکتا ہے ۔ ہمیں اس امر کا خیال رکھنا چاہیئے کہ جہاں ایک طرف مہاجرین کی آباد کاری کے سلسلے میں ان کی تکالیف کا علاج کیا جا رہا ہے وہاں ان کا علاج کرتے وقت دوسری طرف سے اتنے ندھے نہ ہو جائیں کہ صوبہ کے انصار اور مقامیوں کے اندر نئے قسم کے بیکس اور ضروریات زندگی سے عاری مقامی مہاجرین کا ایک گروہ پیدا کر دیں جن کو دوبارہ rehabilitate کرنا پڑے ۔ اور اسی روایتی پیٹو مہمان کی بسیار خوری سے عاجز آ کر ہمیں عرب شاعر کا ہمنوا ہو کر کہنا پڑے —

یاد ضیفنا لو زدتنا لو جدتنا نحن الضیوف و انت رب المنزل

(اے ہمارے مہمان اگر دوبارہ تو واپس آیا تو دیکھیگا کہ ہم تیرے مہمان ہوں گے اور تو ہمارا میزبان) —

جناب والا ! میرے ضلع میں Thal Development کے ماتحت مہاجرین کو آباد کیا جا رہا ہے اس پر میں خوش ہوں کہ مہاجرین کو وہاں آباد کیا جا رہا ہے ۔ مگر ان کو آباد کرتے کرتے وہاں کے مقامی لوگوں کو بے گھر نہ کر دینا چاہیئے ۔ اور اس چیز کا خاص خیال رکھنا چاہیئے کہ ضلع کے وہ لوگ جو تقسیم سے قبل ان علاقوں میں رہائش پذیر تھے جو اب Thal Development Scheme کے اندر آ چکے ہیں اور جہاں یتامیٰ ۔ مساکین ۔ بیوگان اور دیگر حاجت مند لوگوں کو بھی عارضی کاشت پر یہ رقبے دئے جاتے تھے ۔ اور جن مربعہ جات سے سیلاب زدہ اور دریا برد علاقوں کے غریب زمیندار اپنی روزی کا سامان پیدا کرتے تھے ان کو بھی اسی تھل سکیم کے ماتحت آباد کیا جائے — ان لوگوں کی بربادی ہو جائے گی کیونکہ ان کے پاس جو رقبے تھے ان کو اب ٹنڈروں پر دیا جا رہا ہے یا کسی اور حیلے بہانے سے چھینے جا رہے ہیں۔ پچھلے دنوں ڈپٹی کمشنر صاحب نے افسر مال کو حکمنامہ

جاری کیا کہ جن لوگوں کے پاس ۵ ایکڑ یا اس سے کم رقبہ قابل کاشت بچ گیا ہے اور باقی دریا برد یا برباد ہو چکا ہے۔ سیم زدہ ہے تو وہ تھل ڈیویلپمنٹ سکیم کے ماتحت اعطائے مربعہ جات کے لئے درخواستیں ارسال کریں میرے ضلع کے کم و بیش ایک لاکھ آدمیوں نے ایسی درخواستیں دی ہونگی عرائض نویسوں کی جیبیں پر کی گیں۔ آمد و رفت کے اخراجات ہوئے لیکن ایک ڈیڑھ ماہ یوں ذلیل کرنے کے بعد صاحب ڈپٹی کمشنر نے اعلان کیا کہ الاٹ منٹ کوئی نہ ہو گی۔ اب پبلک کی اس تکلیف اور زیان مایہ کا کوئی ہرجانہ ادا کرے۔ اسکے علاوہ وہ ہزاروں آدمی روزانہ ڈی۔ آر۔ سی کے دفتروں کا طوائف کرتے پھرتے ہیں مگر نتیجہ وہی ٹائیں ٹائیں فش۔ پرانے مہاجرین کو بسانا تو کجا اب حکومت کی نئی سکیم کے ماتحت نئے مہاجر پیدا کئے جا رہے ہیں کیونکہ جو لوگ گزشتہ چار سال سے بعض رقبہ جات پر قابض تھے یا مالک بن چکے تھے اور ان سے استفادہ کر رہے تھے اب ان کو ایسی اراضیات سے بے دخل کیا جا رہا ہے۔ میں تجویز کروں گا کہ ایسے بے دخل شدہ لوگوں کو بھی مہاجرین کی طرح treat کیا جائے اور ان کے بسانے کی ذمہ داری بھی پوری طرح حکومت اٹھائے۔ اس کے علاوہ حکومت نے نئی سکیم نکالی ہے کہ جن لوگوں کے پاس سیلاب یا سیم کی تباہ کاری کی وجہ سے یا دریا بردی کی وجہ سے تھوڑا رقبہ رہ گیا ہے ان کو فی کنبہ ۱۰ ایکڑ اراضی کسی اور جگہ دی جائے آفات اراضی و سماوی کے سبب برباد ہو جانے کے باوجود اس وقت پانچ ایکڑ سے کم رہ گئی ہے۔ جن کے پاس ۱۰ ایکڑ سے زائد رقبہ ہے ان کو زمین الاٹ نہیں کی جائیگی۔ صرف اس زمیندار کو دی جائیگی جس کے پاس اوسط پیداوار کو کسی کنبے کی ضرورت سے کم سمجھتا ہوں میرے خیال میں ۵ ایکڑ کی کاشت سے تو اخراجات کاشت ہی بمشکل پورے ہوتے ہیں اس لئے اس Uneconomic holding کی بجائے کم از کم ۱۰ ایکڑ اراضی فی کنبہ کی حد مقرر کرنی چاہئے اور جس زمیندار کے پاس ۱۰ ایکڑ یا اس سے کم آباد قابل زراعت رقبہ نہری آبادی یا سیلابہ کا بچ گیا ہو اسے تھل میں مزید رقبہ اسکے کنبے کی ضروریات کی کفالت کے لئے الاٹ کیا جائے تاکہ غریب لوگ اپنا پیٹ تو پال سکیں اس کے علاوہ میں دیکھتا ہوں کہ شہروں میں ہمارے پاس غیر مسلموں کی جتنی جائداد۔ مکانات۔ دوکانات۔ یا کارخانہ جات کی صورت میں آئی وہ سب خراب ہو رہی ہے۔ ان کی از سر نو تعمیر یا مرمت وغیرہ کی ذمہ داری occupants نہیں لیتے چنانچہ عمدہ عمدہ مکانات برباد ہو کر

کھنڈروں کی شکل اختیار کرتے جا رہے یہ زندہ ثبوت ہے ہماری حکومت کی بے تدبیری کا ۔ اور ذمہ داری کے نا اہل ہونے کا ۔ ہم اپنے آپ کو خدا کی دی ہوئی ان نعمتوں کے مستحق ثابت نہیں کرسکے ۔ لاکھوں روپے کا یہ مال فے ہماری تحویل میں آیا تھا اگر یہ تمام مکانات intact رہتے تو قوم کی ڈگمگاتی کشتی کو سہارا دینے کے لئے یہ مال فے کافی تھا میں نے جنوری ۱۹۴۸ء کو سابقہ اسمبلی کے اس ایوان کے اندر حکومت کو انتباہ کیا تھا کہ وزارت کے لالچیوں نے غریب مہاجرین کو کیمپوں میں بند کرکے اسطرح خوار کیا ہے جسطرح کھانچوں میں چوزوں کو بند کرکے خوار کیا جاتا ہے ۔ پھر اس ڈر سے کہ اگر یہ آبادیاں کسی ایک جگہ consolidate ہوگئیں یا compact رہیں تو آئندہ الیکشن میں ان کے بلاک فیصلہ کن حیثیت اختیار کر جائیں گے اس خطرہ کے پیش نظر وزارت کے لالچیوں نے ان کو گاؤں گاؤں قریہ قریہ بکھیر دیا بلکہ ضلعدار یا تحصیلدار تو بجائے خود قریہ وار بھی آباد نہیں کر سکے مہاجرین کو اجتماعی سکیم کے مطابق پاکستان میں نیا اجتالہ ۔ نیا ہوشیار پور ۔ نیا جالندھر اور ہر وہ نیا شہر آباد کرنا چاہئیے جس کو وہ بھارت میں چھوڑ کر یہاں آئے ہیں ۔ مگر نئے شہر آباد کرنا تو ایک طرف رہا حکومت نے ان شہروں اور قصبوں کو بھی کھنڈر بنا دیا ہے جو ہندو اور سکھ یہاں چھوڑ گئے تھے جناب والا : ان طریقوں سے مہاجرین کو Rehabilitate نہیں کیا جا سکتا ۔ اب حکومت نے اعلان کیا ہے کہ ۱۱ لاکھ (امثلئہ حقوق) کلیم فارم ہندوستان سے تصدیق ہو کر آئے تھے جن میں سے ۳ لاکھ حقوق کی تصدیق پاکستان میں ہو چکی ہے اور اتنے لوگوں کو یہاں پر آباد کر دیا گیا ہے بھلا اس تھوڑے عرصے میں جسکا ذکر وزیر مہاجرین نے کیا ہے باقی آٹھ لاکھ امثلہ حقوق کی تصدیق ماہ اپریل تک کس طرح ہو جائیگی ۔ کام اگر اسی انداز اور رفتار سے جاری رہا تو مدتوں یہ آبادکاری کا کام مکمل نہیں ہو سکے گا ۔

یہ Rehabilitation نہیں ہے بلکہ Re-adjustment ہے ۔ یعنی احمد کی پگڑی محمود کے سر پر رکھی جا رہی ہے ۔ حکومت کبھی ایک سکیم سامنے رکھتی تو کبھی دوسری سکیم سامنے رکھ کر کام شروع کرتی ہے میرے خیال میں حکومت کے پاس کوئی واضح سکیم اور کوئی پختہ نظریہ آبادکاری کا نہیں ہے مسلم لیگ اور قائداعظم کی گدی پر نئے نئے مجاور اور سجادہ نشین بیٹھ گئے ہیں اور پرانے مجاہدین کا کوئی پرسان حال نہیں ہے ۔ قوم کے سچے اور وفادار خادم پریشان روزگار اور آشفتہ حال پھر

رہے ہیں ۔ ان کے خاندان بیکارو خانماں برباد ہیں ۔ میری مراد عظمت علی واسطی اور بہاالدین گیلانی اور پیر زادہ ذکاء اللہ جیسے نامورمجاہدین مسلم لیگ سے ہے جنمیں سے پہلے دو ۱۹۴۳ء کی قیادت میں شہید ہوئے اور تیسرا پاکستان میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر گیا ان کے علاوہ سینکڑوں ایسے کارکن مر کھپ گئے جن کے کوائف کا آپ کو علم تک نہیں ان کے افراد خاندان کی مفلوک الحالی تک کا کسی کو اندازہ نہیں ہے ۔ مگر اب تو قائداعظم کے نئے سجادہ نشین مسلم لیگ پر قبضہ جمائے فاتحہ خوانی میں مصروف ہیں ۔ پرانے مجاوروں اور جاروب کشوں کو کہیں بھی accommodate نہیں کیا جا رہا ہے میری مراد شمع حریت کے ان پروانوں سے ہے جو مولانا محمد علی مرحوم کے زیر کمان جنگ آزادی میں حصہ لیتے رہے مولانا ظفر علی کے ماتحت کام کرتے رہے قائد اعظم کے زیر فرمان جان پر کھیلتے رہے آج ان کو تو کوئی پوچھتا نہیں البتہ جنرل منٹگمری اور جنرل ایزن ہوور کے ماتحت لڑنے والوں کی ہمت افزائی ضرور ہوئی اور ان کو کسی حد تک داد شجاعت ضرور دی گئی ہے اسی بجٹ میں بھی ہزار ہا روپیہ ان فوجیوں کے انعامات کے لئے رکھا گیا ہے مگر جن آزادی کے پروانوں اور اسلام کے مجاہدوں کا نام میں پہلے لے چکا ہوں وہ نان شبینہ کے محتاج ہیں ۔ میں خوش ہوں کہ یہ حکومت پرانی جاگیریں ضبط کر رہی ہے مگر اسے صرف ''ضبطو حکومت،، ہی نہیں بننا چاہئے اسے لینے کا ڈھنگ آتا ہے دینے کا ڈھنگ بھی سیکھنا چاہئے ان مخلص خادمان ملک و ملت کو جو جو آزادی کی صف اول میں کام آئے ۔ بھول جانا احسان فراموشی ہوگا وہ جانثاران قوم موجودہ سرداران قوم کے مقابلہ میں بلند مقام کے مالک تھے ہمارے بالائی طبقات نے ان کے مقابلہ میں کوئی قابل قدر قربانی نہیں کی ۔ پہلے انگریز کی خوشامد کر کے برسر اقتدار تھے اب اس کی سجادگی کر کے برسر اقتدار ہیں ۔ ذاتی قابلیت اور جوانمردانہ اقدامات سے یہ بڑی حد تک عاری ہیں ۔ جناب والا جیسا کہ چودھری علی اکبر صاحب نے مفصل طور پر فرمایا ہے حکومت کی بے تدبیری اور بے عملی کی وجہ سے مہاجرین کی آبادکاری کا کام ابھی تک تکمل پذیر نہیں ہو سکا ۔ پھر جناب والا سکیم اور پلان بنانا الگ کام ہے مگر اس پر عمل کرنا اور کرانا دوسری بات ہے ہر سکیم کی کامیابی اسکو چلانے والے لوگوں کی کارکردگی پر منحصر ہوتی ہے مگر حکومت کے پاس مخلص اور صحیح کارکنوں کی بے حد کمی ہے ۔ اب حکومت ہم پر الزام لگا رہی ہے کہ ہم نے کوئی تعمیری تجاویز پیش نہیں کیں مگر میں ان سے پوچھتا

ہوں کہ اس ایوان میں حزب اختلاف اور سرکاری بنچوں کی جانب سے جو کڑی تنقید ہوئی ہے کیا یہ ان کی روح کو ایصال ثواب کیلئے کی گئی ہے (قہقہے اور تالیاں) حکومت کے کارندے اہلیت کار ہی نہیں رکھتے اور شوق خدمت سے بھی محروم ہیں - وہ سب کے سب انگریز کی ورثت ہیں جو وہ پیچھے چھوڑ گیا ہے بلکہ یہ لیڈر شپ بھی انگریز کی واثت ہے - (تالیاں) اگر ہماری حکومت قلندرانہ اقدام کرے تو administration کی تمام خرابیاں یک دم دور ہو سکتی ہیں - لیکن اس مقصد کے لئے حکومت کے کارکنوں کو اپنی loyalties یک قلم بدلنی پڑیں گی - اور خدا و رسول کے ساتھ پیمان وفا باندھنے کے بعد انہیں اپنا تصور زندگی بدلنا پڑے گا - عوام آج ہر طرف سے مصیبت میں گرفتار ہیں - رشوت ستانی سے انکی جان ایک عذاب میں ہے اور ادھر حکام نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ یہ تمام خزانہ ہمیں باپ دادا کی طرف سے مل گیا ہے اور اس جاگیر کا من مانا استعمال کر رہے ہیں - جناب والا ! میں ان بدعنوانیوں کی داستانیں سن سن کر تنگ آگیا ہوں - میں نے میانوالی کے ایک جلسہ عام میں اعلان کیا کہ حضرات اسمبلی کا اجلاس ہونے والا ہے - آپ اپنی تکالیف میرے سامنے لائیے - میں حیران ہوگیا یہ دیکھ کر کہ آدھی رات تک لوگوں کا ایک ہجوم رہا - وہ بے شمار دکھوں اور پریشانیوں میں مبتلا تھے ور دو روز کے اندر میرے پاس قریباً پانچ سو درخواستیں پہنچ گیں - میں نے انکی تحقیق کی - چھان بین کی - اور اس نتیجہ پر پہنچا کہ افسوس ان غریب لوگوں کے آنسو پونچھنے والا تک بھی کوئی نہیں - عمال حکومت سے کوئی انکی دستگیری کرنے والا نہیں - اور یہ ظلم و ستم کی چکی کے دو پاٹوں میں پسے جا رہے ہیں - میں نے فوراً ڈی - آر - سی سے بات کی - کہ یہ ہیں غرباء کی مصیبت کی داستانیں - انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس سب مصیبت زدہ ہی آتے ہیں میں نے کہا کہ وہ جائیں کہاں ؟ لوگوں کی درخواستوں کو مختلف عنوانوں میں تقسیم کیا - تکالیف تقریباً ایک ہی نوعیت کی تھیں - محکمہ کی طرف سے بے اعتنائی - اور دوست نوازی بہر حال ہر موضوع کی درخواستیں جدا کر لیں - عام نظم و نسق کے علاوہ آبادکاری کی بدعنوانیوں کے سلسلہ میں کافی مواد تھا - چنانچہ ہوں درخواستوں کو چھانٹنے کے بعد تقریباً بیس ایسی نکال لیں کہ اگر ان کے بارے کوئی اقدام کیا گیا تو ساری پالیسی واضح طور پر متعین ہو جائیگی اور اصلاح احوال کی گاڑی چل نکلیگی پہلی ملاقات کے لئے ایسی کچھ درخواستیں میں ساتھ لے گیا دوران گفتگو میں ایک

ایک درخواست ان کے ساتھ ڈسکس (Discuss) کرتا رہا ۔ جب تمام ختم ہوگئیں تو کہنے لگے کہ یہ کام نہیں ہو سکتا ۔ میں نے کہا کہ نہیں ہو سکتا تو لکھ دیں تا کہ میں میاں ممتاز محمد دولتانہ کو بھیج دوں کہ یہ لوگ اس کام کو نہیں کر سکتے ۔ اور آپ نے یہ کام کرنا ہوگا ۔ انہوں نے کہا کہ آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں ۔ میں آپ کے سامنے ذمہ دار اور جوابدہ نہیں ہوں ۔ میں نے کہا درست ہے لیکن میاں ممتاز محمد دولتانہ کی معرفت ہمارے سامنے آپ ضرور جواب دہ ہیں اور یوں بھی پبلک سرونٹ ہونے کی حیثیت میں آپ قوم کے سامنے جوابدہ ہیں ۔ بس یہ کہنا تھا کہ ان کی حالت غیر ہوگئی ۔ سانس پھول گیا اور کہنے لگے کہ میں کسی درخواست پر آرڈر نہیں لکھونگا ۔ میں نے عرض کی اچھا جناب یہ سب وزیر اعلیٰ کو بھیجی جائینگی اسپر بھنا گئے اور یوں گویا ہوئے کہ آپ کو مجھ پر اعتماد نہیں ادھر لائیے میں ان کو Dispose کردوں ۔ میں نے تامل کیا ۔ بالاخر اچھے ماحول میں درخواستیں ان کے پاس چھوڑ کر میں چلا آیا لیکن ان صاحب کی اس حرکت پر افسوس ضرور ہوا ۔ اس میں حوصلہ اور صبر نام کو نہیں ۔ یہ لوگ جن پر ایک اعضابی کمزوری چھائی ہوئی ہے یہ کسی کی مصیبت اور تکلیف کو حوصلہ سے سن بھی نہیں سکتے ۔ غریب مہاجرین درخواستیں دیتے ہیں تو انہیں طاقچہ نسیان میں رکھ دیا جاتا ہے ۔ ان کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا ۔ میں آپکو بتاتا ہوں کہ کندیاں کے اندر ایک مہاجر سید اسماعیل کے نام مکان الاٹ ہو چکا تھا لیکن اس پر قبضہ ہو گیا تحصیلدار کا ۔ میں نے اسکی درخواست پیش کی ۔ ڈپٹی کمشنر نے حکم دیا کہ اسے مکان خالی کر کے دیا جائے ۔ لیکن اس تحصیلدار نے درخواست پھاڑ دی ۔ درخواست دوبارہ گئی اور پھر پھاڑ دی گئی ۔ تیسرا ڈپٹی کمشنر بدل چکا ہے لیکن اسکا وہی حال ہے میں یہ تنگ آ کر کہتا ہوں کہ آپ لوگ اپنے احکام بھی نافذ نہیں کروا سکتے ۔ یہ آدمی آپ کا کہا کیوں نہیں مانتے ۔ آپ کی مثال ایک اناڑی سوار کی ہے ۔ جس کے نیچے تند و تیز گھوڑا کاہلیں کرتا ہے اور اپنے اناڑی سوار کو قبول نہیں کرتا ۔ اسی طرح یہ ایڈمنسٹریشن آپکو آپکے اناڑی پن اور نا اہلیت کے سبب سے سواری نہیں کرنے دیتی ۔ آپ کے احکامات کی تکمیل نہیں کرتی ۔ اسکا علاج اس کے سوا کچھ نہیں کہ آپ ان پر اپنی اہلیت ثابت کریں اور ان پر اس طور سے قابو پائیں کہ انہیں سرتابی کی مجال نہ ہو ۔ اور وہ وہی کچھ نہ کرتے جائیں جو ان کے فرنگی آقا بتا گئے ہیں ۔ اسکے لئے نظام حکومت

خلافت راشدہ کا آپ کے سامنے موجود ہے ۔ اس کی تقلید کریں اور اہلکاران سلطنت سے کام لیں ۔ حضرت عیاض بن غنم رضی اللہ عنہ کی جب شکایت پہنچی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں فرمایا کہ چونکہ تم نے انصاف نہیں کیا اسلئے تمہارا علاج یہ ہے کہ کچھ عرصہ تمہیں گورنری سے الگ کر دیا جائے اور ایک عامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کردیا جائے اور آپ نے اونٹ کے بالوں کا بنا ہوا ایک دھسہ یا کمبل انہیں دیا اور کہا کہ تم دو تین ہفتے کیلئے بکریاں چراؤ ۔ تاکہ تمہارا دماغ درست ہو جائے ۔ اس نے کہا کہ حضرت اس سے تو موت بہتر ہے ۔ آپ نے کہا کہ موت بہتر نہیں ہے بلکہ یہ علاج بہتر ہے ۔ اس سے تمہارا دماغ درست ہوگا ۔ اور اس سے تمام رعونت نکل جائیگی ۔ آخر انہیں قبول کرنا پڑا ۔ ایک گورنر کو کولہو میں جوت دیا گیا کہ اسے چلاؤ تاکہ تمہارا دماغ درست ہو جائے ۔ گورنر کیلئے پابندی تھی کہ چھنے ہوئے آٹے کی روٹی نہیں کھا سکتا ۔ اپنے دروازے پر پہرے دار نہیں رکھ سکتا ۔ باریک کپڑے نہیں پہن سکتا ۔ ڈیوڑھی نہیں بنا سکتا ۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم سے یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ میں اپنی تاریخ کو کدھر لے جاؤں ۔ آخر یہ روایات ہم کس کے سپرد کریں کون ان پر عمل کرے ۔ آپ کہتے ہیں کہ یہ کام اس زمانے کے لوگ کرتے تھے ۔ ہم سے نہیں ہوتے ۔ میں کہتا ہوں آپ جو کی روٹی نہ کھائیے گندم کی کھائیے ۔ چارپائی میسر ہے تو زمین پر نہ سوئیے ۔ لیکن آپ یہ اصول تو اختیار کریں کہ لوگ بھوکے ہوں تو آپ کو بھی چین نہ آئے ۔ لوگ بے چین ۔ بے کل اور مضطرب ہوں تو آپ کو بھی آرام نہ آئے ۔ آپ خود یہ تصور سیکھیں اور پھر اپنے حکام و عمال کو بتائیں ۔ تب جا کر مہاجرین کی بحالی ہوگی ۔ یاد رکھئے ! سلطنت پر متمکن ہونے کے بعد بحالی صرف مہاجرین ہی کی نہیں بلکہ آپ نے اپنے کلچر کی ۔ تمدن اور ان اقدار یعنی values کی بحالی کرنی ہے جنہیں انگریز برباد کر گیا ہے ان سب کو آپ نے بحال کرنا ہوگا ۔ اور یہ بحالی ، میں سمجھتا ہوں اسی صورت میں ہو سکتی ہے جبکہ اہلکاران سلطنت باز پرس کا احساس اپنے اندر بیدار کریں ۔ اقتدار اعلیٰ کے سیاست ۔ رعب اور دبدبہ ایسا ہو کہ آپ کے ماتحت جتنے عہدیدار ہیں وہ سب لرز رہے ہوں ۔ ڈر رہے ہوں ۔ ان کے دل دھڑک رہے ہوں کہ پراچہ صاحب وزیر مہاجرین ہیں ۔ ان کو پتہ چل گیا کہ ہم نے کام ٹھیک نہیں کیا تو ہماری چمڑی ادھیڑ لیں گے ۔ اور ہمیں جہنم رسید کردیں گے ۔ احساس ذمہ داری کی

یہ کیفیت پیدا ہوگی تب انکا دماغ درست ہوگا ۔ اس وقت صورت یہ ہے کہ ہر طرف سے شکائیتیں سننے میں آتی ہیں ۔ مجھے لائلپور کے ۔ ڈی ۔ آر ۔ سی کے متعلق علم ہے ۔

میر عبدالقیوم— آپ لائل پور کے نمائندہ کب سے بن گئے ؟

ممبر موصوف ۔ جب میاں ممتاز دولتانہ نے آپکی زبانوں کو تالے لگا دیئے ہیں تو اس علاقے کے بے زبان عوام کا کون ترجمان ہوگا یہ ایوان ایک وحدت ہے ۔ قومی پارلیمنٹ ہے اس لئے میں صوبے کے عوام کے حقوق اور شکایات کی ترجمانی اپنا فرض منصبی تصور کرتا ہوں ۔ ہاں جناب والا ! میں عرض کر رہا تھا کہ اس افسر نے پندرہ چھت کے پنکھے اپنے قبضے میں کر رکھے ہیں اور ان کا کوئی حساب کتاب نہیں ۔ پھر ہر کولیس کی ایک سائیکل اپنے قبضہ میں لے رکھی ہے اور دفتر میں اسکی جگہ ایک ٹوٹی پھوٹی سائیکل رکھ دی گئی ہے ۔ اس طرح ان کے خلاف ایسی اور کئی معمولی معمولی شکایات ۔ ادنے ادنے چیزوں کے خورد برد کرنے کی ہیں کہ جن کا کوئی شمار قطار نہیں ۔ پھر دفتر کے اوپر چند کمرے کچھ عورتوں کو دے رکھے ہیں اور وہ کوئی کرایہ ادا نہیں کرتیں ۔ یہ کمرے بغیر کرائے کے کیوں دیئے گئے ہیں؟ اسی طرح یہ کہ خود ہی لوگوں کی ejectment کرتے ہیں اور پھر خود ہی انکی revision کر دیتے ہیں۔ اور اپنے فیصلوں کو خود ہی بدل ڈالتے ہیں گویا پبلک ان کی تختہ مشق ہے ۔ اس قسم کی ایک مفصل عرضداشت میں نے پراچہ صاحب کو بھیجی انہوں نے کمشنر کے پاس بھیجی لیکن پراچہ صاحب کو ان کے خوشامدیوں نے بتا رکھا ہے کہ افسر موصوف نہایت ہی دیانت دار آدمی ہے یا وہ خود خوشامد درآمد کر کے اپنا معاملہ ٹھیک ٹھاک کر دیتا ہے نتیجہ یہ ہے کہ نہ اس کی یہ بدعنوانیوں کا آپ کو علم ہو سکتا ہے اور نہ ہی اپنی کمزوریوں کا احساس ۔ کام بطرز احسن ہو سکتا ہے ۔ لیکن کیا کریں آپ کے دماغ میں تو آپ کے خوشامدیوں نے جو آپ کے خیر خواہ نہیں ہیں ۔ یہ بٹھا دیا ہے کہ آج تک آپ سے بہتر تو کوئی پیدا ہی نہیں ہوا ۔ حضرت فاروق اعظمرض کا ارشاد تھا کہ میرا خیر خواہ وہ ہے جو میرے عیب میرے منہ پر دے مارے ۔ مگر آپ کے خوشامدی کہتے ہیں کہ آپ سے بہتر نہ کوئی آیا ہے اور نہ آئیگا ۔ آپ بھی اس غلط فہمی میں مبتلا ہو کر اپنی بابت یہ سمجھنے لگ جاتے ہیں کہ

آفتاب تازہ پیدا بطن گیتی سے ہوا
آسمان ڈوبے ہوئے تاروں کا ماتم کب تلک

یہ آفتاب تازہ نمودار نہیں ہوں گے ۔ میں نے جس وقت عرضداشت پیش کی تو مجھے کہا گیا ہے کہ وہ ڈی۔آر۔سی تو فرسٹ کلاس آدمی ہے اس سے زیادہ ایماندار۔ دیانتدار آدمی مل ہی نہیں سکتا ۔ اس کی ایمانداری دیکھ لی گئی جو چھت کے پنکھوں اور ہرکولیس سائیکل کے معاملہ میں دیانت دار نہیں وہ بڑے مسائل میں کیسے دیانت دار ہو سکتا ہے —

ایک اور چیز میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ آپ کے نظم و نسق کے اندر بے شک ایسے افراد بھی ہوں گے جو دیانتدار ۔ متقی اور خوف خدا رکھنے والے ہیں ۔ اور عوام کے حقوق کے محافظ ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ ذمہ داری آپ کے سر پر ہے کہ صرف پہلے Impression پر نہ رہیں بلکہ ان کی روز مرہ کی کار کردگی سے اپنی رائے بدلتے رہیں ہم حیران ہیں کہ آپ کو اس نظم و نسق کے اندر اپنے ماتحتوں کے متعلق اتنا بھی پتہ نہیں کہ کون اچھا ہے اور کون برا ہے ۔ بحالیات کے ایک تحصیلدار پر الزام لگا کہ فلاں وقت پر جب تم فلاں جگہ تھانیدار تھے۔ تمہاری وجہ سے ایک مہاجر لڑکی کے ساتھ ایک ناروا اور نا واجب سلوک ہوا ہے جسکے لئے تم ذمہ دار اور جوابدہ ہو۔ وہ کہتا ہے کہ میں وہ آدمی نہیں ہوں میں کبھی بھی اس علاقے میں تعینات نہیں ہوا۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ تم ہی وہ آدمی ہو ۔ وہ ہزار ثبوت دیتا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوتی ۔ اسے محکمہ سے الگ کر دیا جاتا ہے لیکن پھر اسکو موقع بھی نہیں دیا جاتا کہ اپنی پوزیشن explain کرے ۔ پوری پوری انکوائری بھی نہیں کی جاتی ۔ اور اس پر اس قسم کے بے بنیاد الزامات لگا کر بالاخر اسکی سروسز terminate کر دی جاتی ہیں ۔ اس بیچارے کے واویلے پر ایف — سی کے حکم سے اسکے بعد پہلی بار تحقیقات ہوتی ہے اس پر اے—ڈی—سی لکھتا ہے ۔ کمشنر لکھتا ہے کہ یہ بے گناہ ہے لیکن اس کے باوجود ,,کس نمی پرسد کہ بھیا کیستی،،؟ پھر اس بچارے کے خلاف صرف اسی پر اکتفا نہیں کی جاتی بلکہ اسکی وہ زرعی الاٹمنٹ جو باضابطہ طے پا چکی تھی وہ بھی جناب وزیر مہاجرین Cancel کر دینے کا حکم صادر فرماتے ہیں حالانکہ اس کے لئے وہ پہلے سے ہی اجازت حاصل کر چکے تھے چنانچہ ایف—سی صاحب سارے واقعات کی تحقیقات کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ الاٹمنٹ جائز ہے ۔ لیکن ابھی تک اس بیچارے کی گلوخلاصی نہیں ہوئی—

جناب والا—جب میں تنقید کرتا ہوں تو محض اس چیز کو پیش نظر رکھکر کرتا ہوں کہ میں عوام کی تکالیف حکام متعلقہ تک پہنچانے

پر مکلف ہوں ۔ نیز جب افسران کی شکایات اس ایوان میں پیش کرتا ہوں تو محض خوف خدا کو پیش نظر رکھ کر کرتا ہوں ۔ مجھے کبھی بھی ذاتی طور پر کوئی پرخاش نہیں اور نہ ہی کسی افسر کے ساتھ کوئی خاص دلچسپی ہے ۔ افسرانہ حیثیت میں وہ قوم کے خادم ہیں اور اس کے لئے ہمارے سامنے جوابدہ ہیں۔

ان حالات میں میں آپ سے گذارش کرونگا کہ اس ایوان میں اس مقام پر جس مقصد کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میں یہ خصوصیت سے عرض کرونگا اور میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ مجھے ایوان کی اس طرف کے ارکان یا اس طرف کے ارکان میں سے کسی کے ساتھ کوئی مخاصمت نہیں ۔ ان سب سے میرے اچھے روابط ہیں ۔ میں ان کی عزت کرتا ہوں لیکن یہاں صوبہ پنجاب کے اس ایوان میں جس مقام پر ہوں مجھے کہنا پڑیگا کہ

غلامم جز رضائے تو نہ جوئم
جزآن راہے کہ فرمودی نہ پوئم
ولیکن گر بہ این نادان بگوئی
خرے را اسپ تازی گو نہ گوئم

میں کسی نا اہل کو ہنرمند نہیں کہہ سکتا اور نہ ہی قوم کو نقصان پہنچانے والے کو قوم کا بہی خواہ سمجھ سکتا ہوں ۔ جو بے تدبر اور نا عاقبت اندیش ہیں انہیں عقلمند نہیں کہہ سکتا اور اسی طرح نہ بزدل کو شجاع سمجھ سکتا ہوں بلکہ بقول حضرت علامہ اقبال حقیقت یہ ہے کہ میں کسی گدھے کو عربی گھوڑا نہیں کہہ سکتا ۔ ان حالات میں آپ کے لئے سب سے پہلے بات جو میرے نزدیک ضروری ہے وہ یہ ہے کہ آپ تدبیر کیجئے کوئی پلین بنایئے کوئی عملی سکیم بنایئے ۔ میں حیران ہوں ۔ آپ کی تھل میں منڈیوں کی جو سکیم قائد آباد اور جوہر آباد وغیرہ کے نام سے بنانے کی ہے وہ نہ جانے کب مکمل ہو گی مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گھوڑے کے آگے گاڑی جوتی جا رہی ہے جو کام بعد میں کرنے کے تھے وہ پہلے کئے جا رہے ہیں۔

''شہر بسے پیچھے اچکے پہلے پہنچ گئے''

یہ کس نے کہا ہے کہ پہلے قائد آباد بناؤ ۔ جوہر آباد بناؤ ۔ یہ سب ہم خود بنا لینگے ۔ آپ پہلے اندرون تھل میں زمین آباد کریں مہاجرین کو آباد کریں ۔ جب ان کی چھوٹی چھوٹی آبادیاں بن جائیں

تو اس کے بعد شہر آباد ہوتے ہیں پھر آبادی بھی بڑھتی ہے مگر پہلے آبادکاروں کے لئے ہر ممکن سہولتیں مہیا کی جانی چاہئیں ۔ آپ لوگوں کو دکھانے کے لئے امریکہ کو دکھانے کے لئے ۔ انگریز کو دکھانے کے لئے تھل ڈیویلپمنٹ کا تجربہ کر رہے ہیں ۔ یہ غلط ہے ۔ آپ کو تو فوری ضروریات کو دیکھ کر سکیم بنانی چاہئے تھی ۔ باقی روپیہ قومی دفاع کے لئے محفوظ کرتے اور ساری قوم کو جنگی بنا دیتے لیکن آپ ایک ایسے شغل میں لگے ہیں کہ کاشتکاروں کی قوم بن کر رہ جائیں گے ۔ وہ جو آپ کے لئے کراماً کاتبین ہیں ۔ ان کے لئے ایسا کرتے ہیں چونکہ اب انہوں نے کہہ دیا ہے ۔ آپ نہ صرف دشمنوں پر اعتماد کر رہے ہیں بلکہ اُن کے سرٹیفکیٹ فریم لگوا کر نمائش کر رہے ہیں انہوں نے جو کہہ دیا کہ "You have done miracle" اس لئے آپ خوش ہیں میں تو کہتا ہوں کہ ہمیں خود خیال آنا چاہئے ۔ آپ کو جو کچھ انگریز دے گئے ہیں یا امریکہ والے دے رہے ہیں ۔ ان پر اعتبار نہ کیجئے ۔ یہ سب دشمن دین ہیں دنیا والوں نے آپ کو ایک شغل بنا لیا ہے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ آپ کاشتکار بن جائیں مگر میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم کاشتکار نہیں بننا چاہتے ہم مجاہدین بننا چاہتے ہیں ۔ دراصل وہ لوگ آپ کو ورلڈ بنک کے چکر میں اسیر کرنا چاہتے ہیں کیا ورلڈ بنک آپ سے یہ سلوک فی سبیل‌اللہ کر رہا ہے جو ایران سے نہیں وہ آپ سے کیوں کر رہا ہے ۔ محض اس لئے کہ آپ کو صید زبوں سمجھتا ہے میں نے ۱۹۴۸ء میں بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا تھا ۔ کہ یہ پھوہڑ اور بے تدبیر بیوی کا بجٹ ہے موجودہ بجٹ کے متعلق میں کہونگا کہ یہ ایک وضع دار اور طرح دار بلکہ ہرجائی بیگم کا بجٹ ہے جو خاوند کو یہ کہے کہ فلاں ہمسایہ کیسا اچھا ہے اس نے میرے لئے غرارہ بھیجا ہے ۔ اور فلاں دوکاندار کتنا بھلا مانس ہے آج ہی اس نے ننھے کو کھلونا خرید دیا ہے ۔ میاں حیرت سے منہ تکتا رہ جائے کہ ان ہمساؤں سے میری تو کوئی راہ و رسم نہیں یہ بیگم کے کیسے واقف بن گئے یہی حال امریکہ ۔ کینیڈا ۔ نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کا ہے ۔ ملت اسلامیہ کی تو ان کے ساتھ کوئی علیک سلیک اور اخوت و محبت نہیں ہماری وزارت بیگم کے تعلقات کہاں سے پیدا ہو گئے ۔ میں ان قرض کی مے پینے والوں اور مفت کے احسان اٹھانے والوں کو ہر وقت وارننگ دیتا ہوں کہ کہیں ملت کو گروی نہ رکھ دو جناب والا ۔ میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ دنیا میں بہت سے ایسے دینے والے ہیں جو

بظاہر آپ پر احسان کرتے ہیں لیکن بباطن آپکو غلام بنانا چاہتے ہیں جب تک آپ قوم کو ایک زندہ پائیندہ قصب‌العین نہیں دینگے ہم کسی پر اعتبار نہیں کر سکتے۔ پھر مختلف سکیموں کے متعلق ذکر کیا گیا ہے ان میں میانوالی منڈی کی سکیم بھی تھی۔ اس کے لئے بہت چیخ و پکار ہوئی اور بار ہا یہ چیز کہی گئی ہے کہ اسے ملتوی کر دیں یا موجودہ موقع سے جنوب کی طرف اسکو قائم کیا جائے اور اس شور و شر کو سنکر آپ نے اسے رہنے دیا۔ حالانکہ آپ کو قبل از وقت عوام کے جائز مطالبہ کا احساس کر لینا چاہئے تھا میرے نزدیک تو آپ ایسا کرتے ہیں۔ جسطرح بلی چوہے کے ساتھ کرتی ہے پکڑ لیتی ہے۔ چھوڑ دیتی اور پھر پکڑ لیتی ہے یہ اسکا کھیل ہے۔ اسی طرح آپ بھی پہلے ایک سکیم چالو کرتے ہیں۔ اسے ترک کرتے ہیں پھر شروع کر دیتے ہیں تم قوم کا سر مونڈ کر تجربات کر رہے ہو۔ کیا یہی آبادکاری ہے یہ تو مشق ہو رہی ہے اور ستم بالائے ستم یہ ہے کہ نو آموزی پر پھر آپ خوش ہوتے ہیں اور اپنے تجربات کے لئے اس قوم کو تختہ مشق بناتے ہیں جو سکیم آپ نے بنا رکھی ہے میں نے دیکھی ہے قوم کی گاڑھے پسینے کی کمائی بے دردی سے اللے تللے میں اڑائی جا رہی ہے اور نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات اگر آپ ساری ایڈمنسٹریشن کے اندر دیکھیں تو آپ اس نتیجہ پر پہنچینگے کہ اہلکار قوم کا روپیہ چرانے کے لئے عجیب عجیب طریقے اختیار کرتے ہیں اس طرح کی آبادکاری برباد کاری ہے ہمارے مصیبت زدہ لوگوں کو ان کے جائز حقوق نہیں ملے وہ دریا بردی اور خشک سالی کے عذاب کی لپیٹ میں آ چکے ہیں اور ہائیڈل سکیم کی شب و روز انتظار کر رہے ہیں محض انہیں خوش کرنے کے لئے کہہ دیا جاتا ہے کہ ان کی مدد ہونی چاہئے لیکن کچھ نہیں ہوتا علاوہ ازیں ایک اور بات میں نوٹ کر رہا ہوں کہ آپ کے ہاں لوگ مطالبات پیش کرتے ہیں۔ ہڑتالوں کے نوٹس دیتے ہیں۔ پھر ہڑتال کر دیتے ہیں تب کہیں جا کر آپ اُن کی جانب توجہ مبذول کرتے ہیں۔ یہی طریقہ انگریز کا تھا۔ آپ کو تو لوگوں کی تکالیف از خود معلوم کرکے اُن کا ازالہ کرنا چاہئے اور قوم کے پیمانۂ صبر و شکیب کو نہیں چھلکانا چاہئے۔

Mr. Speaker : General Discussion is not premitted.

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو طریقہ یہاں پر فارین گورنمنٹ نے اختیار کیا تھا ۔ ہو بہو آپ وہی کرتے ہیں ۔ حیف ہے آپ اسے بھی مفید سمجھتے ہیں حالانکہ یہ انتہائی طور پر درد ناک ہے پھر آپ کی حکومت بچوں کی

طرح پہلے آگ میں انگلی ڈالتی ہے اور جب آگ جلانے لگتی ہے تو پھر انگلی کھینچ لیتی ہے۔ آپ میں دور اندیشی ہونی چاہیے حالات کا جائزہ لیکر اقدام کرنا چاہیے اور کام کے لئے آپ اس جگہ لکیر کھینچئے جو درست ہو۔ آپ ان لوگوں کے اندر رہکر ان سے محبت کرنا سیکھیں ایسا نہ کریں کہ پہلے ان کے منہ پر طمانچے لگائیں اور پھر ان کے آنسو پونچھیں اور اظہار افسوس کریں ۔ آپ کا یہ عمل بمصداق آیت کریمہ ''و ان یا توکم اسارٰی تفادوھم وھو محرم علیکم اخراجھم،، (ترجمہ—جب تمہارے پاس قیدی آتے ہیں تو تم ان کو رہا کرانے کے لئے زر فدیہ ادا کرتے ہو ہاں پہلے سے ان کا گھروں سے نکالنا حرام تھا) آپ یہودیوں کی طرح نہ کیجئے۔ جسطرح وہ کسی کو پہلے گرفتار کرا دیتے تھے پھر ان کو بچانے کے لئے سفارشیں کرتے تھے اور زرفدیہ ادا کرتے تھے آپ کے پاس کوئی صحیح تدبیر یا منصوبہ بندی ہونی چاہیے ہر کام کے لئے سب سے پہلے آپ مناسب منصوبہ بندی کریں اور پھر اس مناسب تجویز کو اس انداز اور اس طریق سے عملی جامہ پہنائیں کہ لوگوں میں آپ کے خلاف جو بے اعتمادی پھیل رہی ہے ان میں جو آپ کے نظام کے سلسلہ جو Confidence نہیں رہا وہ دوبارہ پیدا ہو جائے۔ علاوہ ازیں کارخانہ جات وغیرہ کی الاٹ منٹ کے سلسلہ میں مرکزی بورڈ کی بد نظمی کی بابت بھی کچھ کہنا ہے مرکزی بورڈ میں جو ہمارے نمائندے ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ مرکز کے نمائندے ہر الاٹ منٹ میں اپنی مرضی کے مطابق فیصلے نافذ کراتے ہیں اور ان کی ایک بات بھی نہیں مانی جاتی میں سمجھتا ہوں کہ ایسے بورڈ میں ہماری نمائندگی کا جب عدم وجود برابر ہے تو بالکل تعاون نہیں کرنا چاہیے میں دیکھ رہا ہوں کہ مرکزی الاٹمنٹ بورڈ تو در اصل مرکز نے ایک تماشہ بنا رکھا ہے۔ جو لوگ ان کے آگے سجدہ ریزی کرتے ہیں اور سرتسلیم خم کرتے ہیں وہ کامیاب ہیں ۔ عزت مند اور مستحقین ٹکریں مار رہے ہیں یہ خوشامد کرنے والوں کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس لئے آپ پنجاب کے نمائندگان ڈائرکٹر آف انڈسٹریز اور کمشنر لاہور ڈویژن کو کیوں نہیں کہتے کہ وہ اس بورڈ سے استیفیٰ دے دیں اور یہ کہہ دیں کہ وہ اس یکطرفہ بورڈ کے اندر رہنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ علاوہ ازیں آخیر میں اس سلسلہ میں میری گزارش ہے کہ پنجاب کی جانب سے درخواست کنندگان کے استحقاق کی قطعی طور پر پڑتال کر لی جائے جن کا استحقاق کم تر ہے ان کو قطعی طور پر آگاہ کر دیا جائے تا کہ وہ مطمئن ہو کر بیٹھ جائیں کراچی سے لیکر

لاہور تک کا چکر نہ لگاتے رہیں۔پھر الاٹ منٹ کے لئے جلد از جلد چھان بین کی جائے یہ عجب بات ہے کہ درخواستوں پر ابھی تک غور نہیں ہو سکتا قطعی فیصلہ تو بعید کی بات ہے وہ ان کو دانستہ معلق رکھتے ہیں اور اس طریق سے انہیں تختۂ مشق بناتے ہیں یہ attitude بے حد افسوس ناک ہے۔ خدا کے لئے اپنا طرز عمل درست کیجئے اور مخلوق خدا پر رحم کیجئے۔ کیا یہ بہتر ہے کہ آپ انہیں معلق رکھیں لٹکا کر وعدے دیتے رہیں یا کھلم کھلا کہدیں کہ آپ کا استحقاق نہیں ہے وقت ضائع نہ کیجئے اب جناب والا اس Item نمبر ۱۰ کے متعلق مختصراً میری حتمی گزارشات یہ ہیں۔ کہ

(۱) آپ ماضی کی تمام لغزشوں کو درست کریں۔مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں اور پس منظر کو پیچھے رکھیں۔

(۲) جو کام آپ کریں اس کے لئے پہلے تدبیر کریں اور منصوبہ بندی کریں تاکہ اچھا نتیجہ برآمد ہو۔

(۳) ایڈمنسٹریشن جس کے ذریعہ سے اس کام کو کرنا چاہتے ہیں اس پر کڑی نگرانی رکھیں۔ تاکہ وہ جلد صحیح ہو سکے۔

جناب والا— ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی گزارشات کو ختم کرتا ہوں۔

سید شمیم حسین قادری (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) جناب والا—محکمہ بحالیات کے متعلق اس ایوان میں کافی دیر تک بحث ہوتی رہی ہے اور اس محکمہ کی بہت سی خامیاں حزب حکومت کی طرف سے چودھری علی اکبر صاحب نے بیان فرمائی ہیں۔ جناب صدر مجھے مسرت ہوئی ہے کہ چودھری صاحب نے اپنی تقریر میں وہ خامیاں جن کا ان کو علم تھا یغیر کسی رعب و داب کے اس ایوان میں بیان فرمائی ہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے بہت سی ایسی چیزیں جن کا انہیں علم تھا۔ نہیں بتائیں۔ میں ان کی یاد دہانی کیلئے کھڑا ہوا ہوں اور آپ کے سامنے پیش ہوں۔

جناب والا—محکمہ بحالیات کا کام جہاں تک میں سمجھتا ہوں مہاجرین کی آبادکاری کا تھا۔ لیکن گزشتہ چار سال کے عرصہ میں مہاجرین کی آبادکاری جس طریق سے ہوئی اور ایک کے بعد دوسری حکومت اور دوسری حکومت کے بعد اس حکومت نے جو کچھ کیا وہ ہم سب پر عیاں اور واضح ہے۔جناب والا— بڑی آسان بات ہے کہ اٹھ کر یہ کہہ دیا جائے کہ

ہمیں سب کچھ انگریز کے ورثہ میں ملا ہے ممدوٹ کے ورثہ میں ملا ہے، مشیروں کے ورثہ میں ملا ہے۔اخر یہ ورثے کب تک ۔اور وہ کب تک یہی راگ الاپتے رہینگے۔ وزارت کا قلمدان سنبھالے ہوئے آج آپ کو ۸ ماہ کا عرصہ ہو گیا ہے۔ آپ بتائیں ۔ کہ اس عرصہ میں آپ نے کونسا ایسا کام کیا ہے جس کی رو سے آپ یہ کہہ سکیں کہ آپ نے کوئی غلطی نہیں کی آپ یہ بانگ دہل کہتے ہیں کہ ہم نے مہاجرین کی آبادکاری گاؤں اور شہروں میں کی۔ اب اس کی تکمیل ہو رہی ہے۔ جناب والا میں آپ کے توسل سے ان کی خدمت میں اتنا عرض کرتا ہوں کہ آیا یہ ان کے دماغ کی اختراع ہے۔

یہ سکیم ان سے پہلے بن چکی تھی — اس کو انہوں نے اپنے ہاتھ میں لے کر عمل درآمد شروع کیا لیکن اس کا نتیجہ کیا ہوا —

جناب والا — چودھری علی اکبر صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ کس طرح رشوت کا بازار گرم ہے ۔ جناب والا پھر چودھری علی اکبر صاحب نے . . . . . .

Mr. Speaker : I pointed out to hon'ble member that no reference should be made to any member of this House by name.

سید شمیم حسین قادری —بہت بہتر جناب والا — جہاں معزز ممبر نے زمین الاٹ کرائی ہے میں اس علاقہ کا ایک قصہ آپ کے توسل سے اس ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ وہاں پر رشوت کا ایسا دور دورہ ہے کہ مہاجرین سے دس دس روپے فی ایکڑ claim form تبدیل کرنے کے لئے لئے جاتے ہیں— الاٹمنٹ نہیں کی جاتی صرف اتنا کہا جاتا ہے کہ claim form لے آؤ ۔ اور جب اس طرح لاکھوں روپے وصول ہو جاتے ہیں تو جناب والا ہوتا یہ ہے کہ claims زیادہ آجاتے ہیں اور وعدے پورے نہیں ہو سکتے ۔ اب پھر اس رشوت پر رشوت لی جاتی ہے اور پھران claims کا preferential treatment کے ساتھ فیصلہ کیا جاتا ہے ۔ جناب والا — جہاں تک آباد کاری کا تعلق ہے آنریبل وزیر مہاجرین نے کئی دفعہ فرمایا ہے کہ یہ جلد مکمل ہو جائیگی ۔ پہلے اپریل کا وعدہ کیا تھا ۔ ہو سکتا ہے کہ یہ کام ان کے توسل سے ان کے خاص اثر سے اور ان کی نگرانی سے جلد مکمل ہو جائے لیکن میں ان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ان کے عمال قطعی طور پر ان کے ساتھ تعاون نہیں کرتے اور اگر ان کا عملہ ان سے تعاون کرتا تو یقیناً یہ سکیم اپریل ہی میں ختم ہو جاتی ۔

جناب والا — زرعی اصلاحات جن کا ڈھول بڑے زور سے پیٹا جاتا ہے مہاجرین کی آباد کاری کے سلسلے میں اس کی قلعی کھل گئی ہے ۔ جناب والا پہلے تو چھ چھ ایکڑ کے حساب سے زمین مہاجرین میں تقسیم کی گئی اور آج ان مہاجرین کے سر پر ایک ایک بڑا زمیندار مسلط کیا جا رہا ہے ۔ وہ مہاجر جو حکومت کو تین گنا دینے سے قاصر تھا آج اسے یہ کہا جاتا ہے کہ تم بڑے مہاجر زمیندار کو حصہ دویا اس کا مالیہ ادا کرو ٹھیکہ ادا کرو — جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ بحالیات کی پالیسی میں یہ بہت بڑی خامی ہے ۔ زمین تو اتنی میسر ہے کہ اگر جائز طریقہ سے اور کسی پالیسی کو سامنے رکھ کر الاٹمنٹ شروع کی جاتی تو یہ بڑے اور چھوٹے زمیندار کا سوال کبھی پیدا نہ ہوتا ۔

جناب والا — وقت بڑا تھوڑا ہے اور بہت سی باتیں آپ کے توسل سے ایوان کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The honourable member should try to finish his speech before the closing hour.

سید شمیم حسین قادری — بہت بہتر جناب والا ۔ جہاں تک ارضیات کا تعلق تھا اس کا فیصلہ تو ہو گیا ۔ خواہ عمدگی سے ہوا یا بدنظمی سے ۔ بحالیات کا یہ کام میرے خیال میں اگر پورا نہیں ہوا تو پورا ہونے کے قریب ہے ۔ لیکن جناب والا میں پوچھتا ہوں کہ ان مکانات اور ان دوکانات کا جو ہندو یہاں چھوڑ گئے ہیں حکومت کو کرایہ وصول کرنے کا کیا حق پہنچتا ہے ۔ وہ مہاجر جو اپنے گھر ادھر چھوڑ کر آئے ہیں ان سے گورنمنٹ یہاں پر کرایہ کیوں وصول کرتی ہے ۔ کیا محض اس لئے کہ حکومت پاکستان اور حکومت ہندوستان کا آپس میں معاہدہ ہے ۔ ذرا دیکھئے وہ معاہدے جو آج تک آپ نے ہندوستان سے کئے ہیں ان کی کتنی عزت ہو رہی ہے ۔ کس طرح ہندوستان اور مشرقی پنجاب میں ان کی بے عزتی کی جاتی ہے ۔ بڑے بڑے گھروں کے کرائے پانچ پانچ اور سات روپے لگائے جاتے ہیں ۔ لیکن اس کے برعکس آپ ڈنڈوں کے زور سے اور بے دخلی کے دباؤ سے کرائے وصول کرتے ہیں اور انسروں کو دھمکی دیتے ہیں کہ اگر تم کرائے وصول نہیں کرتے تو تمہیں نکال دیا جائیگا ۔ ڈی ، آر ، سیز کی میٹنگز ہوتی ہیں آر ، سی ، جی کو حکم ہوتا ہے کہ اگر کرایہ وصول نہیں کرو گے تو یہ action لیا جائیگا ۔ وہ action لیا جائے گا ۔

میں پوچھتا ہوں کہ آپ کو کرایہ وصول کرنے کا کیا حق پہنچتا ہے ۔ اگر آپ نے ان لوگوں کو زمین یا مکان دئے ہیں جو زمین وغیرہ ادھر چھوڑ کر آئے تھے تو یقین مانئے یہ ان لوگوں کا حق تھا۔ آپ نے کوئی احسان نہیں کیا ۔ آپ کو ان لوگوں سے جو وہاں مکان چھوڑ کر آئے ہیں کرائے نہیں لینے چاہئیں ۔ جب وزیر بحالیات سے پوچھا جاتا ہے تو وہ یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں کہ ہم نے ایک سکیم بنا کر بھیج دی ہے ابھی مرکز سے منظوری نہیں آئی ۔ (ایک آواز — تا تریاق از عراق اورده شود ۔ مار گزیده مرده شود) ع

کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

میں وزیر بحالیات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب تک یہ سکیم منظور ہو کر نہیں آتی آپ اپنے افسروں کو حکم دیجئے کہ مہاجرین پر سختی نہ کی جائے ۔ جناب والا — یہ وہی مہاجرین ہیں جن کی قربانی سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے اور آپ آج حکومت کر رہے ہیں ورنہ سالہا سال کیا ساری عمر آپ کو موقعہ ہی نہ ملتا ۔

مسٹر ابو سعید انور — آپ کو بھی نہ ملتا —

سید شمیم حسین قادری — آپ کا اپنے متعلق کیا خیال ہے ۔

جناب والا — اس کے بعد صنعتی بحالیات جس کے متعلق چودھری علی اکبر صاحب نے ایک مثال بھی دی تھی میں کچھ عرض کروں گا ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ مسلم لیگ کو سب سے زیادہ چندہ دینے والے لوگ آج مسلم لیگ کی حکومت میں دربدر پھر رہے ہیں ۔ میں مسلم لیگ کے معاملات میں جانا نہیں چاہتا ۔

مسٹر ابو سعید انور — آپ تھے کب مسلم لیگ میں ؟

سید شمیم حسین قادری — میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آج آپ کے ہاتھ میں حکومت دی ہے اگر آپ نے اس حکومت کا ناجائز فائدہ اٹھایا جیسا کہ آپ اٹھا رہے ہیں تو پھر یقین جانئے کہ وہ دن قریب ہے جب آپ کا حساب ہوگا ۔ یہاں بھی ہوگا اور اللہ کے گھر میں بھی ہوگا ۔ (ایک آواز — جب حساب رکھینگے

(تو ہوگا) میرے پاس وقت ہوتا تو ساری قلعی کھول دیتا (قطع کلامیاں اور شور) جناب والا صنعتی بحالیات کے متعلق جس واقعہ کا معزز ممبر نے ذکر فرمایا ہے - وزیر بحالیات اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمائیں کہ کیا Secretary, Industrial Rehabilitation Board Director of Industries نہیں ہے - آج حکومت یہ کس طرح کہہ سکتی ہے کہ ''صاحب یہ معاملہ ہمارے ذمہ نہیں ہے - یہ معاملہ تو مرکز کا ہے'' کیا Director of Industries پنجاب کی حکومت کا ملازم نہیں ہے - اور کیا اس نے انہیں آدمیوں کو چودھری علی اکبر صاحب کی موجودگی میں یہ نہیں کہا کہ آپ کیوں روپے وصول نہیں کر لیتے - کیوں یہ فیکٹری بیچ نہیں دیتے - جو صاحب اقتدار ہیں جن کا وزارت پر اثر ہے جس کا چیف سکرٹری پر اثر ہے ڈائریکٹر اف انڈسٹریز پر اثر ہے اور جس کا Central Government پر اثر ہے اس کے تو سب کام ہو جاتے ہیں -

مسٹر ابو سعید انور — شیخ صاحب کول بیٹھے ہوئے نہیں -

سید شبیر حسین قادری — ان بیچاروں کو کچھ پتہ نہیں - (ایک آواز — ۹۹ ملاں بے کے کچھ پتہ نہیں -) جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ Industrial Rehabilitation Boar کا اس صوبہ سے بہت زیادہ تعلق ہے اور یہ کام آپ کے ذمہ دار افسروں کے سپرد ہے - اگر نالائقی کی وجہ سے یا رشوت کی وجہ سے ان افسروں سے جو بے ایمانی کرتے ہیں آپ پوچھ پرتیت نہیں کرتے تو یقین مانئے کہ حساب آپ نے دینا ہے ، ان افسروں نے نہیں دینا (ایک آواز — وہ دے رہے ہیں آپ عنقریب دینگے -)

جناب صدر میں اب ایک منٹ میں اپنی تجویز پیش کرتا ہوں اس بحالیات کے محکمہ کے متعلق جس کو ''بربادی کا محکمہ'' کہا جاتا ہے - اور مناسب ہے اس کا یہی نام رکھ دیا جائے - محکمہ بحالیات مہاجرین کو آباد کرنے میں ناکام رہا ہے - اس لئے اس محکمہ کو توڑ کر بحالیات کا کام کسٹوڈین کے سپرد کر دیا جائے - اس طرح رشوت ستانی اور بے انصافیوں کا خاتمہ ہو جائے گا - تھوڑا سا عملہ اس کو چلا لے گا یہ بے لیجئے اور پیچھا چھوڑئے -

جناب صدر میں صرف ایک بات اور عرض کرنی چاہتا ہوں کیا اس محکمہ بحالیات کو صرف اس لئے حکومت نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہوا ہے کہ لوگ حکومت کے زیر اثر رہیں اور اپنی ضمیر فروشی کریں —

The Assembly then adjourned till 1 p. m. on Tuesday, the 11th March 1952.

APPENDIX

(ANSWERS TO QUESTION NO. *804,—*vide* PAGE 484 *ante*)

THE HONOURABLE MIAN MUMTAZ MUHAMMAD KHAN DAULTANA : (*a*) The number of cases of murder, dacoity and burglary reported during the calendar years 1948, 1949, 1950 and 1951 and during the month of January 1952, are given below. Figures for financial years are not available. Similarly separate figures of cases of pick-pockets are not available, and instead figures of cases of theft which include pick-pocket have been given. :—

Year	*Murders*	*Dacoities*	*Burglaries*	*Thefts*
1948 ..	1,466	436	14,672	11,904
1949 ..	1,120	98	10,779	10,482
1950 ..	1,011	72	9,817	93,66
1951 ..	1,126	65	10,422	8,267
January 1952 ..	64	5	647	833

(*b*) & (*c*) It will be seen that dacoities and thefts have been on the decrease since 1948. The reasons for the increase in murders and burglaries are as follows :—

(1) Increase of population without a proportionate increase in the strength of the Police Force.

(2) Absence of village officials, *i.e.*, Zaildars and Sufaidposhes, who were in a position to render valuable assistance to the criminal administration in the matter of collecting intelligence.

(3) Arrival of a large number of bad characters as refugees whose previous record it has not been possible so far to obtain and who have, therefore, escaped surveillance.

(4) Delayed trials.

(5) Rising cost of living.

(ANSWER TO QUESTION NO. *875, *vide* PAGE 487 *ante*)

THE HONOURABLE SHEIKH FAZAL ILAHI PIRACHA—There are some evacuee shops in out-of-the-way unpopular towns which are lying closed and there is no demand for them even from locals. It is very difficult to ascertain the number of shops which are doing only nominal business and it will be dangerous if any provision is made to interfere with the allotments of these who are doing only nominal business. As regards the shops which may have been given by the allottees on higher rents the policy of Government is to treat these as cases of breach of conditions of allotment and where such cases are noticed suitable action is taken.

(ANSWER TO QUESTION NO. *187, *vide* PAGE 514 *ante*)

PARLIAMENTARY SECRETARY (MALIK QADIR BAKHSH): (*a*) It is not of public interest to disclose the number of rifles distributed in the border villages in Lahore district.

(*b*) It is not public interest to disclose the reasons why rifles have not been distributed in certain villages. Government, however, intend to distribute rifles in border villages which have not yet been provided with these weapons after the licences have received the requisite instruction in the care and maintenance and use of rifles.

13 PLA—450—20-10-52—SGLP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

THIRD SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Tuesday, 11th March 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

AMOUNT REALISED BY CENTRAL GOVERNMENT FROM THE PROVINCES AS SALES TAX AFTER PARTITION.

***699. Mr. Muhammad Ameen :** Will the Hon'ble the Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the amount realized yearly by the Central Government from the Province as Sales Tax after partition;

(*b*) the amount given to the Province as its share by the Central Government according to Sir Jeremy Raisman Award;

(*c*) whether it is a fact that share of the Punjab is comparatively less than that of other provinces; if so, the reasons therefor;

(*d*) whether the Government is satisfied with the Award; if so, the reasons therefor, if not, have the Government made any representation to the Central Government to have its share increased; if not, why not?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) This information is not available with the Punjab Government because the realization on account of Sales Tax from the Provinces are made direct by the Central Government through the Income-Tax Department both within the Province and at Karachi.

(*b*) According to the report of Sir Jeremy Raisman, the Punjab Government will get 50 per cent of the collections made in the Province and the same principle will apply to the other Provinces in West Pakistan. In addition to this the Punjab will get 54 per cent of the collections made at Karachi. The amounts given to the Provinces are worked out on the figures of actual realizations and vary from year to year. During the current financial year we have been allotted a sum of Rs. 518 lakhs.

(*c*) No on the contrary the Punjab's share in the poolable collections at Karachi has been raised from 50 per cent to 54 per cent.

(*d*) The Punjab Government is not fully satisfied with the award as it had urged that the entire proceeds from the Sales Tax should revert to the Province. This contention was, however, not accepted by Sir Jeremy Raisman and since his report was in the nature of an award, no representation was made against it.

RETRENCHMENT IN POSTS OF DEPUTY INSPECTORS-GENERAL OF POLICE

***741. Mr. Muhammad Ameen :** Will the Hon'ble the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that Deputy Inspector-General of Police, Lahore Range, has also been working as Deputy Inspector-General of Police, Multan Rage, in addition to his own duties for a considerable period during the year 1951

(*b*) whether it is a fact that Superintendent of Police, Rawalpindi has been officiating as Deputy Inspector-General of Police, Rawalpindi Range in addition to his own duties during the year 1951.

(*c*) whether the Government intend to reduce the posts of Deputy Inspector-General of Police in the Province, if not why not?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) Yes, as a temporary measure.

(*b*) Yes as a temporary measure.

(*c*) Holding of dual charge by an officer as a temporary measure does not necessarily indicate that the need for that post has ceased. Government does not intend to retrench posts of Deputy Inspectors-General of Police.

چودھری محمد شفیق : کیا آنریبل وزیر اعلیٰ یہ بتلا سکیں گے کہ آیا ایک ڈپٹی انسپکٹر جنرل ان دونوں Ranges کے لئے کافی نہیں ہے ؟

Mr. Speaker: Matter of opinion : disallowed.

چودھری محمد شفیق : کیا وزیر اعلیٰ یہ بتلا سکینگے کہ یہ عارضی انتظام (temporary arrangement) کب تک رہیگا ؟

وزیر اعلیٰ : یہ temporary arrangement بہت جلد ختم کر دیا جائیگا اور permanent appointments کر دی جائینگی ۔

چودھری محمد شفیق : کیا وزیر اعلیٰ یہ بتلا سکینگے کہ آیا انسپکٹر جنرلز کی دو پوسٹیں ضرورت سے زیادہ نہیں ہیں ؟

Mr. Speaker: Question of opinion: disallowed.

REPORTS OF THEFT OR DACOITY

***795. Mr. Abdul Waheed Khan :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) whether any reports were received of theft or dacoity in the month of December 1951, January and the beginning of February 1952, alleged to have been committed in broad day light in the city of Sialkot and within the limits of the Lahore Corporation; if so, the number of such cases and the number of cases in which the culprits have been traced;

(*b*) whether any special measures were taken by the Government to guard the public against such offenders; if so, the nature of such measures?

*ANSWER—*See* Appendix page 649.

چودھری محمد شفیق : کیا آنریبل وزیر اعلیٰ بتلا سکتے ہیں کہ سیالکوٹ میں ان وارداتوں کے ہونے کی خاص وجوہ کیا تھیں؟

وزیر اعلیٰ : یہ میں تو آپ کو نہیں بتا سکتا ۔ البتہ جنہوں نے یہ وارداتیں کی ہیں اگر ان سے آپ یہ سوال پوچھیں تو وہ اس کا بہتر جواب دے سکتے ہیں ۔

چودھری محمد شفیق : کیا آپ نے اس امر کے بارہ میں پڑتال کرنے کی کوشش کی ہے کہ وہاں ان وارداتوں کے بڑھنے کی وجوہ کیا ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

چودھری عبدالرحیم : کیا یہ امر واقعہ ہے کہ ان ڈکیٹی کی وارداتوں میں محکمہ متعلقہ کے لوگوں کا بھی کوئی ہاتھ تھا ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

چودھری محمد شفیق : کیا آنریبل وزیر اعالیٰ کو معلوم ہے کہ ان ڈکیتی کی وارداتوں کی وجہ سے ضلع سیالکوٹ کے لوگوں میں بے چینی پیدا ہو گئی ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

FOODGRAINS RESERVES

***519. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the reserves of foodgrains with the Government at the present moment;

(*b*) whether the above stock is adequate to feed the needy population until such time as the near harvest comes in, if not, the action Government intend to take in the matter ;

(*c*) if not, the action Government has taken or intends to take to ease the situation?

وزیر—مجھے آنریبل ممبر نے request کی تھی کہ انہیں زمین دی جائے۔ میں نے کہا کہ اگر میرے پاس کاغذات آئے تو میں غور کروں گا ۔

چودھری محمد شفیق—کیا وزیر مہاجرین تحقیقات کروانے کے لئے تیار ہیں کہ جو درخواستیں ریفیوجی ریہیبلیٹیشن سوسائٹی منٹگمری کو دی گئی تھیں لوکل آفیسرز نے انہیں آج تک دبائے رکھا ہے ؟

وزیر—آپ درخواست دیں میں enquiry کر لونگا ۔

چودھری محمد شفیق—کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتا سکینگے کہ آیا وہ زمین سستے داموں پر مہاجرین کو دینے کے لئے تیار ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

AUCTION OF CROWN LANDS IN MONTGOMERY TOWN

***705. Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government have sold crown lands by means of public auction in Montgomery town;

(*b*) what were the maximum and the minimum rates of sale;

(*c*) whether the land in Rabwah (district Jhang) was also sold by public auction to Qadianies; if not, what was the rate charged by the Government and whether the Government intend to sell the land to refugees in Montgomery town at the rates at which it was given to Qadianies; if not, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : (*a*) Yes.

(*b*) The minimum and the maximum rates of sale in the restricted auction to refugees and open auction (Refugees and others) were as under :—

	Open auction		Refugees	
	Maximum	Minimum	Maximum	Minimum
	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
1. Shop-*cum*-House sites ..	500 per marla	180 per marla	365 per marla	127 per marla
2. Bungalow sites ..	2,000 per kanal	1,000 per kanal	1,387 per kanal	1,000 per kanal
3. Houses ..	310 per marla	50 per marla	267 per marla	51 per marla

(*c*) (1) No. It was sold by private treaty—(2) The rate charged was Rs. 10 per acre. (3) No because the land in the Montgomery town is very valuable and the land at Dhagian was barren and undeveloped and it was sold by private treaty for the construction of a township and the question of sale of Crown land in the Montgomery town to refugees at this rate does not arise.

چودھری محمد شفیق— کیا آنریبل وزیر مہاجرین یہ بتا سکیں گے کہ آیا منٹگمری ریفیوجی سوسائٹی کو صرف اس لئے زمین نہیں دی گئی کہ مہاجرین سے گورنمنٹ زیادہ سے زیادہ رقم وصول کرنا چاہتی تھی جیسا کہ انہوں نے یہ ریٹ بتایا ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق— کیا وزیر مہاجرین یہ بتا سکیں گے کہ اس زمین کے بارے میں مرزائی ریفیوجی جیسا سلوک دوسرے مہاجرین کے ساتھہ کیا جا سکتا ہے ؟

وزیر — سوال کا جواب دیا جا چکا ہے — اگر کوئی ایسی زمین ہے جو undeveloped ہو یا out of way ہو تو اس کے متعلق غور کیا جا سکتا ہے —

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتا سکیں گے کہ ربوہ میں قادیان والوں کو یہ دس روپے ایکڑ زمین کے بارے میں preference کیوں دی گئی ؟

وزیر اعلیٰ — میرا خیال ہے کہ یہ سوال آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن سے پوچھہ لیجئیے تو زیادہ مناسب ہو گا کیونکہ ان کے زمانے میں یہ کیا گیا تھا —

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر اعلیٰ بتا سکیں گے کہ اس وقت وزیر خزانہ کون تھے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق — کیا آنریبل وزیر مہاجرین یہ بتا سکیں گے کہ جیسا کہ ربوہ میں دس روپے ایکڑ زمین دی گئی ہے اس کے برابر منٹگمری میں proportionate قیمت پر مہاجرین کو زمین دی جائے گی ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق — قادیان والوں کو ربوہ میں اس زمین کو حاصل کرنے میں کتنا عرصہ لگا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

REFUGEE CLAIMANTS SETTLED ON LAND UNDER PROVISIONAL PERMANENT SETTLEMENT SCHEME

***806. Khawaja Muhammad Safdar :** Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state :—

(*a*) the percentage of refugee claimants settled on land under the provisional permanent settlement scheme in each district of the Province ;

(*b*) the date by which this scheme is expected to be completed and every refugee settled ?

Parliamentary Secretary (Malik Abdul Aziz) : (*a*) A statement** is laid on the table.

(*b*) The precise date cannot be anticipated but it should not take very long now.

**Page 31

A statement showing approximate percentages of the claims finally settled in the Punjab up to end of January 1952.

Serial No.	Name of the District	Percentage of claims finally settled
1	Lahore	30·19
2	Sialkot	69·07
3	Gujranwala	25·41
4	Sheikhupura	38·53
5	Gujrat	13·93
6	Shahpur	22·07
7	Jhelum	75·92
8	Rawalpindi	32·05
9	Attock	67·34
10	Mianwali	26·91
11	Thal	60·27
12	Montgomery	38·26
13	Lyallpur	18·21
14	Jhang	39·55
15	Multan	30·97
16	Muzaffargarh	35·98
17	Dera Ghazi Khan	75·10
18	Nili Bar Colony	45·59
19	Haveli Project	21·16

خواجہ محمد صفدر— کیا آنریبل وزیر بحالیات ارشاد فرمائینگے کہ not very long سے ان کی کیا مراد ہے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

چودھری محمد شفیق— کیا آنریبل وزیر مہاجرین بتلا سکتے ہیں کہ آج کل پٹواریون نے جو ہڑتال کر رکھی ہے — اس سے مہاجرین کی settlement پر کوئی اثر پڑا ہے یا نہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

TRACTORS, BULLDOZERS AND AGRICULTURAL IMPLEMENTS PURCHASED FROM ABROAD

***575. Mr. Shameem Ahmed Khan :** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state whether it is a fact that Tractors, Bulldozers and other miscellaneous agricultural implements have been purchased from abroad by the Thal Development Authority during the last three years; if so, will he kindly state :—

(i) the total expenditure so far incurred on the purchase of machinery mentioned above;

(*ii*) whether it was bought at a price shown in the price lists or any commission was allowed ;

(*iii*) the percentage of commission allowed, if any;

(*iv*) whether the accounts have been properly checked and scrutinized if not, why not;

(*v*) whether any checking has been done to ascertain whether the material was worth the price indicated in the books; if not, why not;

(*vi*) whether a comparative study of the prices quoted by different firms engaged in the manufacture of agricultural machinery was undertaken; if so, with what result ?

The Hon'ble Syed Ali Hussain Shah Gardezi : The answer to this question is not ready. (*See* Appendix at page 650.)

SPORTS INDUSTRY IN SIALKOT

***715. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Hon'ble Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Sialkot was the biggest industrial centre of sports goods manufacture before partition;

(*b*) The approximate number of Muslim workers and craftsmen engaged in the sports industry in Sialkot before partition and at present;

(*c*) the steps, if any, taken by Government to rehabilitate the sports industry in Sialkot ;

(*d*) the steps, if any, the Punjab Government has taken to facilitate export of sports goods directly to foreign countries.

The Hon'ble Syed Ali Hussain Shah Gardezi: (*a*) Yes.

(*b*) Before partition .. 20,000

At present .. 16,000

(*c & d*) Details of the steps taken to rehabilitate this industry and to facilitate the export of sports goods have been given more than once on the floor of this House in reply to various starred questions. A summary of these steps is, however, placed at the table.

The following steps have been taken to rehabilitate the sports goods industry of Sialkot.

(1) The industry has been re-organized on co-operative lines and several industrial Co-operative Societies have been formed at Sialkot.

(2) More electric power has been made available.

(3) Sports goods have been completely exempted from the operation of the sale tax.

(4) Training facilities in Japan at Government expense were provided to one of the sports goods industrialists.

(5) The Central Co-operative Bank, Sialkot, has earmarked about Rs. 20 lacs for advances to the sports goods industrialists as loans on easy terms.

(6) Custom duty on raw- material of finished goods has either been abolished or reduced.

(7) Freight charges have also been reduced.

(8) Financial assistance in the form of subsidies and loans is being given to individual sports goods manufacturers.

(9) Smuggling of semi-finished sports goods across the border has been stopped.

(10) Indiscriminate export of raw-material required for the manufacture of sports goods has been stopped.

(11) Arrangements have also been made for stock-piling the raw-material required by the sports industry and for this purpose a big evacuee factory has been allotted to a sports goods Industrial co-operative society.

(12) Import licences are now granted by the Central Government on a more liberal scale to the Sialkot industrialists.

(13) Export of sports goods which do not bear the inscription (Made in Pakistan) has been stopped.

(14) The use of Pakistani sports goods in educational institutions is encouraged.

(15) To make the industry less dependent on imported raw-material attempts are being made to produce such material within the country itself.

The following steps have been taken to facilitate the direct export of sports goods to foreign countries :—

(1) The Board of Trade in U. K. has been successfully persuaded to raise the import quota of Pakistani sports goods substantially.

(2) More banking facilities including foreign exchange have been made available.

(3) While entering into trade pacts with other countries care is taken to include sports goods as one of our important items of export.

(4) Greater publicity is given to Pakistani sports goods in foreign countries through diplomatic and trade channels.

(5) Indian propaganda against Pakistani sports goods in foreign countries has been successfully counteracted through diplomatic and trade channels.

(6) Arrangements have been made for the display of Pakistani sports goods at the British Industrial Fair and other international, commercial and industrial exhibitions.

(7) With a view to attract an increased demand for Pakistani Sports Goods in other countries, the State Bank of Pakistan has increased the rate of Commission granted to our agents in foreign lands.

(8) The sports goods industrialists of Sialkot have been persuaded to open branches of their business in foreign countries, especially in London which imports nearly half the output of sports goods manufactured at Sialkot. One such office has already been established while more are expected to be opened shortly.

POINT OF PRIVILEGE

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I rise on a point of privilege and it is this that on Friday, when the proceedings in this House were going on, the Secretary of the Assembly approached me and tauntingly said, "You should write a new book on parliamentary practice". On that I place the point of privilege.

Mr. Speaker : This is a matter which the honourable member should bring to my notice in my chamber. It has nothing to do with the House.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Another point of privilege and it is this that the thing which happened on Friday last happened in the open House here.

Mr. Speaker : I have already given my ruling and I cannot allow the honourable member to discuss it.

DEMANDS FOR GRANTS

MISCELLANEOUS

Rehabilitation Policy

Mr. Speaker : Before resuming discussion on demand No. 31 I wish to make one announcement and that is this. Yesterday after we adjourned several honourable members approached me with the request that they should be allowed to speak. Of course, I told them that I could not take down any names, but I would call anybody to speak who happened to catch my eye. In view of the fact that quite a large number of honourable members want to speak, I propose to impose a time limit and therefore I will allow only 10 minutes per speech. Now, I call upon Chaudhri Mehtab Khan to speak.

چودھری مہتاب خان—(لاہور نمبر ۶ مسلم—مخصوص نشست)
جناب والا : دیہاتی مہاجرین کو جو تکالیف پیش آ رہی ہیں میں ان کو بیان کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں تاکہ ان کے ازالہ کی کوئی صورت نکالی جائے—

جناب والا—پاکستان بننے کے بعد بہت سے مقامی حضرات نے جو کاشتکار نہیں تھے غیر مسلموں کی متروکہ اراضیات پر قبضہ کر لیا تھا—مگر جب مہاجرین آگئے تو انکو آٹھ آٹھ ایکڑ کے حساب سے زمین الاٹ کی گئی—اور مقامی حضرات کے علاوہ بعض مہاجر بھی جو کاشتکار نہیں تھے انہوں نے بھی آٹھ آٹھ ایکڑ زمین الاٹ کرا لی— نتیجہ یہ ہوا کہ آج پانچ سال کا عرصہ گزر جانے کے بعد ان مہاجر الاٹیوں کو زمین کا قبضہ نہیں دلایا گیا—میں ضلع لاہور کے ان دیہات کے نام بیان کرونگا جہاں کئی مہاجر خاندان ابھی تک زمین کے قبضے کو ترس رہے ہیں—اور جن کو تین گنا مالیہ ادا کرنا پڑتا ہے مگر زمین کا قبضہ نہیں ملا—گاؤں مندرجہ ذیل ہیں :—

تحصیل لاہور میں لالو کو بھلر
دیو کاں
کانا نو
کانا کاچھا
روڑا
نیپال
بوگن
آسا سلیمان
سرائج

میکے
ھگوکی
رمڑائچ
ریائیاں
راجہ جنگ
گنڈا سنگھ
سدی خورد
تحصیل چونیاں میں بولیانہ
نتھا سنگھہ
کمیشنر
کڑیال
تارا گولہ
پلید ،
شلجم
جا گو والا

جناب والا : ان دیہات میں مہاجرین کے قریباً ۲۰۰ یا ۲۵۰ خاندان ہنوز ہونگے جن کو الاٹ شدہ اراضی کا قبضہ نہیں ملا—اور جو الٹا گورنمنٹ کو تین گنا مالیہ ادا کر رہے ہین—اور فائدہ اٹھانے کو قابضین موجود ہین جو ان اراضیات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں—اسکے علاوہ ۱۹۴۹ میں کلیمز فارم (Claims forms) تصدیق ہونے گئے تھے مگر ابھی تک ۵۰ فی صدی لوگوں کے فرد حقیت نہیں آئے جس کے باعث لوگ خوامخواہ پریشان ہیں کیونکہ بھارت سے فرد حقیت منگانا حکومت کا کام ہے غریب مہاجر تو واگہ پار جانے سے قاصر ہیں—اب سر پر عارضی مستقل بندوبست آ کھڑا ہے—غریب مہاجر کیا کریں—انبالہ ڈویژن والے کچھہ تو ویسے ہی دیر سے آئے جبکہ اچھی زمینیں بٹ چکی تھیں مگر جو کچھہ ملنا تھا وہ بھی اچھی طرح انکو نہیں ملا—ریاست الور—بھرتپور اور انبالہ ڈویژن کے لوگوں کو حکومت نے پروڈیوس انڈکس (Produce Index) کے ذریعے بڑا نقصان پہنچایا ہے—دراصل حکومت نے پروڈیوس انڈکس کو عوام اور پبلک کے سامنے پیش کر کے اسکے اصولوں پر رائے نہیں لی—اس میں بڑی غلطیاں ہیں جن کو پبلک کے نوٹس

میں لاکر اسکے رفع کرایا جاسکتا تھا—مگر حکومت نے پبلک کو اس کے راز اور اصول یا پالیسی سے آگاہ نہیں کیا—مگر اس پروڈیوس انڈکس کی چھری سے انبالہ ڈویژن اور ریاست بھرت پور نیز الور کے لوگوں کو ذبح کر دیا ہے اور ان کے حقوق کو تباہ کر دیا ہے—

اگر عارضی مستقل بندوبست میں بھی ان بے قاعدگیوں کو مستقل کر دیا گیا تو یہ غریب کہاں جائیں گے ؟

پھر جناب والا الاؤنس ہولڈر جو گورنمنٹ سے ہزاروں روپے کے الاؤنس لے رہے ہیں ان کو بھی زمین الاٹ ہوگی تو وہ پھر غریب مہاجروں کی زمین الاٹ کرا لیں گے—میرے علاقہ میں اس کی کئی مثالیں ہیں—ایک ایک موگے پر بڑی سے بڑی زمین اڑھائی بیگھے ملی ہے جس سے گزارہ مشکل سے چل سکتا ہے—اب تیسری مشکل یہ ہے کہ جس الاٹی کو الاٹ شدہ زمین کا قبضہ نہیں ملا اسکو اب نصف کی جگہ تیسرا حصہ ملے گا جس سے اس کی آمدنی اور بھی کم ہو جائے گی—پہلے ہی یہ مہاجر گھاس کاٹ کاٹ کر گزارہ کر رہے ہیں پھر کم آمدنی پر ان کا کیا حال ہوگا—اس لئے گورنمنٹ کو چاہیے کہ الاٹیوں کو زمین کا قبضہ ضرور دلانے اور جلد دلائے—ہمارے بھائیوں نے الور اور بھرتپور کی ریاستوں میں پاکستان کی خاطر بے شمار قربانیاں دی تھیں پھر یہاں آکر بھی ہمیں قربانی کا بکرا بنایا جا رہا ہے اور ہماری جائز امداد بھی نہیں کی جا رہی ہے بلکہ ہمیں الٹا نقصان پہنچایا جا رہا ہے ۔ مہربانی کر کے ہمیں قبضہ بھی دلایا جائے اور پروڈیوس انڈکس کی بے انصافی کو بھی دور کیا جائے تاکہ ہماری داد رسی ہو سکے ۔ نیز ہمیں زیادہ اراضی عطا کی جائے جس سے ہمارا گزارہ تو چل سکے ۔

آخر میں جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت تو چلتا پھرتا سایہ ہے ۔ یہ سدا کسی کے پاس نہیں رہا کرتی ۔

اسلئے ہم غریب مہاجروں کے ساتھ انصاف کرنے کی کوشش کی جائے اور ہمیں بڑے مالکان اراضی کے مظالم سے بھی چھڑایا جائے ۔

الحاج حکیم میاں خورشید احمد قریشی(شاہپور - نمبر ۱۱ مسلم مخصوص نشست) جناب والا ! صول پاکستان کے سلسلہ میں مہاجرین نے جو تکالیف اٹھائیں وہ محتاج بیان نہیں ۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ انہوں نے اپنی جان ۔ مال ۔ بیوی ۔ بچے ۔ اور نام و ناموس پاکستان

کے لئے قربان کر دیئے ۔ اس کے پیش نظر مہاجرین کو اب جو حقوق دیئے جا رہے ہیں وہ قطعاً کافی اور مناسب نہیں ۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ ان کو اپنی قربانیوں کا صلہ ملتا ۔ لیکن افسوس ہے کہ اس پانچ سال کے طویل انتظار کے باوجود مہاجرین کو کسی قسم کی رعایات نہیں مل سکیں ۔ اور وہ اب تک آباد نہیں ہو سکے ۔

چونکہ وقت تھوڑا ملا ہے اسلئے مہاجرین کو جو تکالیف در پیش ہیں ان کو دور کرنے کیلئے مختصر طور پر چند تجاویز پیش کرونگا ۔ پہلی یہ کہ ہر اس مہاجر کو جو تین ایکڑ سے زیادہ کا مالک اراضی تھا کم از کم آٹھ ایکڑ اراضی الاٹ کی جائے ۔ اور جو مہاجر تین ایکڑ سے کم کے مالک تھے ان کو دوسری جگہوں پر ۔ تھل میں یا کسی اور جگہ پر اراضی دیجائے ۔ تھل کے رقبوں میں آباد کرنے کی سکیم مہاجرین کیلئے بالکل بےفائدہ ہے ۔ جب تک کہ گورنمنٹ انکی مالی امداد نہ کرے ۔ کیونکہ رقبوں کو آباد کرنے کیلئے سرمایہ کی ضرورت ہے ۔ اس وقت جن مہاجرین کو وہاں زمین دی جاتی ہے وہاں اول تو قبضہ ملنا مشکل ہوتا ہے ۔ قبضہ کے بعد ایک سال کیلئے زمین کو آباد کرنے کا خرچ انکے لئے بار گراں ہوگا ۔ علاوہ ازیں پانی ۔ چارہ اور دوسری چیزوں کا میسر ہونا بہت مشکل ہے ۔ یہ چیزیں مہاجرین کیلئے ناقابل برداشت بوجھ ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ آباد کرنے میں مالی امداد دے اور جس طرح بھی ممکن ہو ان کو آباد کرے ۔

تیسری چیز یہ ہے کہ جب تک مہاجرین کے کلیم فارمز تصدیق ہو کر نہ آئیں ۔ ان کے پاس جو الاٹ شدہ رقبے ہیں وہ دوسرے مہاجرین کو الاٹ نہ کئے جائیں ۔ اس وقت پٹواری یہ کہہ رہا ہے کہ حکومت نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ایک سال تک الاٹ منٹ پوری کر دو ۔ مگر یہ تمام الاٹ منٹ کاغذی ہے ۔ عملی طور پر کوئی الاٹ منٹ نہیں ہو رہی ۔ آپ جا کر چکوک میں اور دیہات میں دیکھیں ۔ پٹواری کہتے ہیں کہ ہمیں الاٹ کرنے دیجئے ۔ چاہے کسی کو قبضہ ملے یا نہ ملے ۔ لعنت ہے ایسی الاٹ منٹ پر جسکا کوئی فائدہ نہ ہو ۔ نتیجہ اسکا یہ ہوگا ۔ کہ وہ لوگ ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا کریں گے اور ایک دوسرے کے سر پھوڑیں گے ۔

چھوتھے عارضی مستقل الاٹ منٹ جو ہو رہی ہے ۔ اس میں یہ شرط رکھی گئی ہے کہ جو رقبہ کسی مہاجر کو الاٹ ہے وہ بدستور

اسی کے پاس رہے اور وہ مزارع کے طور پر قابض رہے - اب اگر پانچ ایکڑ اراضی ملتی ہے تو پہلا مزارع اگر چالیس فیصدی پیداوار کا مالک ہے تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اتنے رقبے سے اس کے کنبہ کی کسطرح پرورش ہو سکتی ہے ایسا نہیں ہونا چاہئے - اگر اراضی کسی کو الاٹ ہو تو الاٹی کو فوراً قبضہ ملنا چاہئے - تاکہ وہ اسے خود کاشت کر سکے اور بال بچوں کا پیٹ پال سکے -

منشور میں یہ کہا گیا تھا کہ مہاجرین کیلئے متروکہ اراضی کم ہوئی تو سرکاری زمینیں الاٹ کی جائیں گی - پانچ سال میں تو یہ نہیں ہوا - اس دفعہ دیکھ رہے ہیں کہ سرکاری اراضی کے لئے سرکار جاری ہوا ہے اور سنا گیا ہے کہ وہ مہاجرین کو دی جائے گی - یا لوکل مزارع کو دی جائے گی اور چھ گنا معاملہ وصول کیا جائے گا - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ چھ گنا معاملہ وصول کیا گیا تو یہ کیا الاٹمنٹ ہوئی - میں چاہتا ہوں کہ حکومت سرکاری زمین اپنے وعدے کے مطابق مہاجرین کو الاٹ کر دے اور صرف معمولی معاملہ یا آبیانہ لیا جائے - چھ گنا نہ لیا جائے - یہ مہاجرین کیلئے نقصان کا موجب ہو گا -

اسکے بعد Produce Index ہے جب ہم اسے دیکھتے ہیں تو حیرانی ہوتی ہے کہ چودھری علی اکبر صاحب نے میاں عبدالعزیز صاحب کے پاس بیٹھ کر خدا جانے کس گوشے میں اسے تیار کیا تھا - غالباً انہوں نے ہندوستان و پاکستان کا کوئی اور ہی نقشہ اپنے سامنے رکھا ہوگا - کیونکہ اس انڈکس نے جو علاقے سرسبز اور شاداب تھے انکو بنجر دکھایا ہے اور جو بنجر تھے انکو زرخیز بنا دیا ہے - تعجب ہے کہ انہوں نے ہوشیار پور پارانی علاقوں کیلئے تو ۸۱ نمبر حاصل کرلیئے اور گورداسپور جیسے ضلع کو جو ہوشیار پور کا ملحقہ ضلع ہے نمبر ۴۳ دئے ہیں -

مہاجرین کو تین گنا معاملہ کے واسطے جو آرڈر دیا گیا تھا - پھر سنا کہ واپس لے لیا گیا - لیکن اب سنا ہے کہ وہی تین گنا وصول کرنے کا پھر حکم ہو گیا ہے - افسوس ہے کہ مہاجر پہلے ہی تین ، چار یا پانچ ایکڑ سے اپنے پیٹ نہیں پال سکتے - وہ معمولی معاملہ ہی نہیں دے سکتے - اور انکو تین گنا دینے کیلئے کہا گیا ہے - میں گذارش کروں گا کہ یہ احکام واپس لئے جائیں —

مکانوں اور دکانوں کے کرایوں کے متعلق سنتے آ رہے ہیں کہ معمولی ہوں گے ۔ لیکن قابل افسوس بات ہے کہ ملازمین کا کرایہ ان کی تنخواہوں سے کاٹنے کے لئے آرڈر ہوئے ہیں — اور دوسرے مہاجرین سے ان پر جبر کرکے اور ڈرا دھمکا کر وصول کئے جا رہے ہیں — یہ کہکر کہ الاٹمنٹ منسوخ کر دی جئے گی — کرائے جبراً وصول کئے جا رہے ہیں مجھے یاد ہے کہ الیکشن کے دوران میں میں دو مہینے کے لئے کرایہ دینا بھول گیا تو مجھے ejectment نوٹس آ گیا — اس سے زیادہ کیا کہہ سکتا ہوں کہ محکمہ کیا کر رہا ہے Rehabilitation کے سلسلہ میں کئی مثالیں موجود ہیں اور میں انہیں پیش کرتا لیکن وقت کم ہے صرف ایک مثال پیش کرتا ہوں کہ رام کشن والہ تحصیل لاہور میں ایگ آرڈر ہوا — اس پر تاریخ ۳۱-۸-۱۹۴۸ کی ہے — لوکل مزارع نے ڈی-آرسی کے پاس یہ درخواست دی کہ ہم نے اس زمین کو نہایت اچھا بنایا ہے — اس لئے یہ ہمارے ہی نام رہے — اس پر ڈی-آر-او اور آر-او نے رپورٹ لگھی — ظفرالاحسن صاحب نے جو اس وقت ڈپٹی کمشنر تھے — اس پر یہ آرڈر لکھدیا —

"As recommended by D. R. O. (Lands) and the Revenue Assistant, the tenants should not be ejected. It has been reported they have made substantial improvements in t e land under reference. This area can however be allotted to muhajirs who do not cultivate the land themselves. They will receive the rent due from the tenant."

میں اس وقت یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تمام متروکہ جائیدادوں- مکانوں - دکانوں -پلاٹنگوں اور کارخانوں کی مرمت گورنمنٹ خود کرائے — کیونکہ مکانات خراب ہو رہے ہیں — یہ متروکہ جائیدادیں جو سنٹر کے ماتحت کر دی گئی ہیں یہ بالکل غلط چیز ہے — کیونکہ سنٹر کو کیا معلوم ہے کہ کیا کرنا ہے اور کیا ہونا ہے — جو الاٹمنٹیں ہو رہی ہیں وہ بالکل غلط ہیں — میٹرک تک تمام مہاجر لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم مفت ہونی چاہئے — ملازمتوں میں ان کے لئے پورا تناسب ہونا چاہئے — پبلک سروس کمشن کا جو ڈھونگ رچایا ہوا ہے — یہ بالکل غلط ہے — محکموں کے افسران اعلے جس طرح پہلے کرتے تھے اسی طرح اب بھی انتخاب کریں — اور ترقیاں دیں — مہاجر ملازمین کو مستقل ملازم کیا جائے — food purchase چینی کے ڈپو اور route پرمٹ مہاجرین کو ان کے تناسب سے دئے جائیں — مجھے افسوس ہے کہ Truck route Permit میں آج تک انہیں پانچ فی

صدی بھی لائیسنس نہیں دئے گئے — مہاجرین کو کاروبار اور تجارت کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہے — لہذا ان کو سرمایہ دیا جائے —

رائے نصر اللہ خان — (لائل پور — ۱۱ مسلم مخصوص نشت) جناب والا بحالیات کے متعلق جو اتنی تکالیف مہاجرین کو پیش آئی ہیں وہ صرف اس وجہ سے ہیں کہ شروع میں مہاجرین کو ضلع وار یا دہ وار نہ بسایا گیا — جن مہاجرین نے ضلع وار بیٹھنے کا مطالبہ کیا ان کے سینے گولیوں سے چھلنی کئے گئے اور ان ذمہ وار لوگوں کے ہاتھ آج بھی مہاجرین کے خون سے داغدار ہیں — آج وہی لوگ محکمہ آبادکاری کو ہنس ہنس کر محکمہ برباد کاری کہ رہے ہیں — یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر مہاجرین ضلع وار بٹھائے جاتے تو جمعبندیوں اور عذر داریوں کی اتنی تکلیف اور پریشانی نہ ہوتی بلکہ ایک ضلع کی جمع بندیاں ایک ضلع میں ہونے سے کام جلد درست اور سہولت سے سرانجام پاتا — مگر اب

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

کا معاملہ ہے ایسے حالات میں جس طریق پر اب آبادکاری ہو رہی ہے اس سے بہتر نہیں ہو سکتی تھی گو اس سے مہاجرین کی آبادکاری کا مقصد اس حد تک فوت ہو جاتا ہے جہاں تک ان کے اکھٹے بٹھائے جانے کا تعلق تھا —

بحالیات کے بجٹ کے متعلق میں یہ کہنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں کہ مغربی پنجاب میں لائل پور کی زمین کو بہت اچھا سمجھا یا کہا جا رہا ہے اگر اسے بارانی تصور کرکے اس کی آمدن دیکھی جائے تو ایک پیسہ بھی آمدن نہیں ہو سکتی — ادھر مشرقی پنجاب میں بارانی زمینیں بارش سے کافی زیادہ آمدن دیتی تھیں مگر ان کے نمبر مقابلتاً کم رکھے گئے ہیں — اگر نمبر لگانے کے لئے ان بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھیں جن پر یہ نمبر لگائے گئے ہیں تو آپ پر یہ حقیقت واضع ہو جائے گی کہ ان اصولوں سے جتنے نمبر بنتے ہیں اس سے بھی ۲۰ فی صدی باقی اضلاع اور ۳۶ فی صدی ضلع لائل پور کو نمبر زیادہ دیئے گئے ہیں — لائل پور کے اس لحاظ سے ۵۶ سے کچھ کم و بیش نمبر بنتے ہیں مگر اسے ۸۱ نمبر دئے گئے ہیں — اسی طرح مشرقی پنجاب میں ضلع لدھیانہ کے نمبر اسی اوسط سے کم کر دئے گئے ہیں جس کا مطلب سمجھ سے باہر

ہے — شہری زمینوں کے متعلق (میونسپل حدود کے اندر کا رقبہ) مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ مشرقی پنجاب میں میونسپل کمیٹی کے پریذیڈنٹ اکثر مسلمان تھے یعنی مسلمان شہری علاقوں میں اکثریت میں تھے اور اس کے برعکس مغربی پنجاب میں میونسپل کمیٹیوں پر ہندو قابض تھے - مشرقی پنجاب میں میونسپل کمیٹی کی حدود محض اس غرض سے نہیں بڑھائی جاتی تھیں — کہ ہندو رقبہ زرعی نہ خرید سکے گا — اس لئے حدود شہر کی دیواروں کے ساتھ ختم ہو جاتی تھیں — اس کے برعکس مغربی پنجاب میں میونسپل حدود تین تین میل بڑھا دی جاتی تھی تاکہ ہندو مسلمانوں سے زمینیں خرید کر ان کو شہر کے نزدیک پھٹکنے نہ دیں اس طرح ہندوؤں کے نمبر ۱۵۰—۲۰۰—۲۵۰ تک ہو گئے — جو شہر سے تین میل دور واقع ہے اور مشرقی پنجاب میں ایسی ہی زمینیں جو شہر کی دیواروں کے ساتھ تھیں اور نہایت قیمتی تھیں ان کے وہی معمولی عام نمبر رہ گئے — اس کا انسداد ہونا ضروری ہے —

پروڈیوس انڈکس کی تلوار اگر پانچ سات ایکڑ سے کم مالکان مہاجرین پر نہ چلائی جاتی تو وہ غریب اقتصادی یونٹ کے لحاظ سے نہ مرتے — اب پانچ ایکڑ کی ۱/۲ ۱ یا دو ایکڑ مل رہی ہے جس سے وہ کاشتکاری نہیں کر سکتے — ایسے قلیل رقبے والے لوگ مزارع سے کسی صورت بھی بہتر نہیں ہیں — اب نہ وہ کاشتکار رہے ہیں اور ان کے پاس دکانیں ہیں — وہ کسی طرف کے بھی نہ رہے جب گورنمنٹ مزارع کو perennial اور non-perennial basis پر آٹھ سے ساڑھے بارہ ایکڑ دیتی ہے تو ان کے لئے کیوں بے انصافی کرتی ہے — نئی چٹھی کے مطابق مہاجر کاشت کار کو ۴۰۰ یونٹ تک سرکاری رقبوں پر بیٹھنے کی اجازت ہے — زرعی اصلاحات میں جس طرح مقامی زمیندار کو ایک یا دو مربع حق خود کاشت دیا گیا ہے اسی طرح مہاجر زمیندار کو کیوں نہیں دیا گیا —

وہ لوگ جو ٹرکوں اور لاریوں پر پہلے اپنا سب کچھ سمیٹ کر پاکستان پہنچ گئے انہیں یہاں اچھی زمین اچھی دکانیں اور اچھے مکان بھی فوراً مل گئے — مگر وہ غریب جو مرتے کٹتے بعد میں پیدل ہزاروں مصیبتوں کے بعد پاکستان پہنچے انہیں کوئی چیز نہ مل سکی اور وہ خدا جانے کس طرح گذر اوقات کرتے رہے — جن کو پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے وہ آج

بھی non-allottee ہیں ۔ یہ ایک بہت بڑی بے انصافی ہے ۔ جب ان ملازمین اور الاؤنس ہولڈروں کو جو ہزاروں کی تعداد میں تنخواہ اور الاؤنس لیتے ہیں allottee تصور کیا جا رہا ہے تو پھر ان غریبوں کا کیا قصور ہے ۔ انہیں کیوں الاٹی تصور نہیں کیا جاتا ۔

مسٹر مشتاق احمد خان (لائل پور ۱۰ - مسلم مخصوص نشست)— جناب عالی ۔ موجودہ حکومت نے گذشتہ سال میں یہ وعدہ کیا تھا کہ مہاجرین کی بحالیات کا مسئلہ ایک سال کے عرصہ میں ختم کر لیا گیا ہے ۔ لیکن آج ایک سال گذرنے کے بعد ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ جہاں سے شروع ہوا تھا ابھی تک وہیں ہے ۔ مہاجرین کی آبادکاری کے مختلف پہلو ہیں ۔ سب سے پہلے میں اراضیات کی آبادکاری کے متعلق دیہاتی مہاجرین کی مشکلات کا ذکر کرونگا ۔ اس ضمن میں سب سے پہلا مسئلہ پروڈیوس انڈکس کا ہے ۔ پروڈیوس انڈکس کے ترازو میں تولنے کی تلوار اراضیات میں تبدیلی ، بے رحمی ، اور ظالمانہ اصولوں کی بنا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس سے اُن کی آخر کس حد تک حق تلفی ہوگی ۔ اس فارمولا کے مطابق جو کچھ کیا جائے گا وہ ہر آدمی کے لئے سمجھنا بہت مشکل ہے ۔ یہ پروڈیوس انڈکس ۹۰۸ ء سے لیکر ۱۹۱۶ء تک کی بندوبستی رپورٹ سے مرتب کیا گیا ہے اور اس وقت کی value کے مطابق کیا گیا ہے ۔ value کو enhance کرکے Ratio مقرر کی گئی ہے ۔ میں یہ وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ مغربی پنجاب کے اضلاع میں Ratio کو enhance نہیں کیا گیا ہے ۔ مشرقی پنجاب میں پروڈیوس انڈکس کم کر دیا گیا اور Ratio بہت کم کی گئی ہے ۔ جب ہم نے پرانے ریکارڈ اور رپورٹ حاصل کی اور عائد کردہ Ratio کے متعلق فنانشل کمشنر کی توجہ اس طرف مبذول کرائی تو اس وقت یہ کہہ کر ٹال دیا گیا کہ یہ مسئلہ بہت لیٹ ہو چکا ہے ۔ یہ Ratio انجہانی خان بہادر میاں عبدالعزیز فلک پیما نے مقرر کی تھی ۔ یہ معلوم نہیں کہ کس طرح نکالی گئی ہے ۔ تعجب ہے کہ جس مسئلہ پر ہماری زندگی اور موت کا دار و مدار ہے اور ہماری آئندہ نسلوں کا دار و مدار ہے ۔جس مسئلہ کے لئے ہم آئندہ نسلوں کے سامنے جواب دہ ہیں اس کے متعلق یہ کہہ کر ٹال دیا جائے کہ اب وقت گذر گیا ہے ۔ حضور والا ۔ یہ بے حد نا انصافی ہے اور ہمارے لئے مصیبت کا باعث ہے ۔ اس سے میں تو عرض کروں گا کہ بحالیات میں رکاوٹ پیدا ہوگی ۔ چنانچہ حکومت کو چاہئے کہ بنیادی اصول کی طرف توجہ دے ۔ یہ کہکر کہ دیر ہو گئی ہے انہیں

ان کے حقوق سے محروم نہ کریں کیونکہ ایسا کرنا مناسب نہیں ہے۔ ہم متعدد بار حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرا چکے ہیں اب میں یہ بھی یہاں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے مطالبات پر ہمدردی سے غور کیا جائے اور اس پروڈیوس انڈکس میں مناسب تبدیلی کی جائے کیونکہ یہ غلط طریقہ پر بنایا گیا تھا۔ ہم نے وزارت form کرنے کے بعد اپنے عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم اس پروڈیوس انڈکس کو revise کرینگے۔ وہ revise تو ہوتا رہتا ہے لیکن ناکردہ طریقے پر۔ کبھی اس میں چند نمبر ایزاد کر دئے جاتے ہیں کبھی گھٹا دئے جاتے ہیں۔ ہمارا مطالبہ ہے اور میں پرزور طور پر اپنے وزیر محکمہ بحالیات کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ پروڈیوس انڈکس کے مسئلے کو آخری اور قطعی طور پر revise کرکے جہاں جہاں پر نمبر زیادہ کرنے ہیں جن جن لوگوں کو ان کے حقوق ملنے ہیں وہ انہیں دلائے جائیں اور اس مسئلہ کا ہمیشہ کے لئے فیصلہ کر دیا جائے۔جناب والا—سب سے عجیب بات یہ ہے کہ ریاست ہائے ہند جو مشرقی پنجاب کے ملحقہ علاقوں میں ہیں چونکہ ان کا بندوبست ریکارڈ یہاں موجود نہیں ہے اس لئے ان کو ان کے ملحقہ علاقوں کے نمبر تفویض کئے گئے ہیں۔ یہ کسی طرح بھی صحیح طریقہ نہیں تھا۔ ان علاقوں کی زمین میں بہت زیادہ تفاوت ہے۔ ملحقہ علاقوں اور ان ریاستوں کی زمین کا مقابلہ کریں تو ہمیں تعجب ہوتا ہے۔ گورنمنٹ کیسے یہ دعویٰ کرتی ہے کہ ان علاقوں کی زمین ایک جیسی ہے۔ میں مثال کے طور پر ریاست پٹیالہ کی تحصیل سرہند کا ذکر کرتا ہوں۔ اس تحصیل کا ریکارڈ نہ ہونے کی وجہ سے اسے ضلع حصار اور ہانسی کے نمبر دئے گئے ہیں حالانکہ ان علاقوں میں دو سو میل کا فرق ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ تحصیل سرہند اور ضلع حصار کو نقشہ پر نمبر دینےوالے صاحب نے کس طرح اکٹھا کر دیا۔

جناب والا—اس کے بعد میں یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ مختلف علاقوں کے لئے اس انڈکس میں مختلف اصول بنائے گئے ہیں۔ کہیں تو mature area پر ratio لگائی گئی ہے اور کہیں cultivated areas پر۔ جن اراضیات کو اس پروڈیوس انڈکس میں colony districts ہونے کی وجہ سے آپ زرخیز دکھاتے ہیں اگر ان میں پانی کی بہم رسانی کا سامان نہ ہو تو وہ ہر طرح سے مشرقی پنجاب کی اراضیات سے کمتر ہیں۔ مشرقی پنجاب میں بارش افراط سے ہوتی ہے

اور ان علاقوں میں پانی کے بغیر بھی زراعت ہوتی تھی۔ نیز وہاں فصلیں زیادہ اچھی پیدا ہوتی تھیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس افسر نے اس بات کو کیوں نظر انداز کر دیا کہ وہاں بارش زیادہ ہوتی تھی۔

جناب والا ۔ مہاجرین کی مشکلات اتنی زیادہ ہیں کہ ان مشکلات کو دور کرنے کے لئے ایک طویل عرصہ درکار ہے۔ اس سے بھی مجھے انکار نہیں کہ جو کچھ ہماری حکومت کے بس میں تھا جو کچھ ہماری حکومت کر سکتی تھی، اس نے ایک سال کے قلیل عرصہ میں اسے کرنے کی کوشش کی۔ اس کا بھی مجھے اعتراف ہے کہ انہوں نے ہر ممکن کوشش کی کہ ان مواعید کو جو ہم نے اپنی الیکشن لڑنے کے وقت کئے تھے پورا کیا جائے۔ مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ عارضی مستقل الاٹمنٹ کبھی مکمل نہیں ہوگی اگر ہم نے اس پر مزید جد و جہد سے کام نہ کیا۔ جناب والا اس عارضی مستقل الاٹمنٹ کے سلسلہ میں سب سے بڑا پریشان کن مسئلہ زمینوں پر قبضہ ملنے کا ہے۔ عارضی مستقل الاٹمنٹ کا سوال اس وقت تک حل نہیں ہوگا جب تک کہ مہاجرین کو الاٹ شدہ اراضی کا قبضہ نہ دلایا جائے۔ جس مہاجر کو دو یا چار مربعے زمین ملتی ہو وہ اگر مزارع سے کاشت کرا ے یا پیدا وار کا بہت کم حصہ لے لے تو اسے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ لیکن اس مہاجر کا آپ کیا کرینگے جس کو چار یا چھ ایکڑ اراضی ملتی ہے۔ میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ یہ economic unit نہیں ہے۔ جناب والا میں congested area کا رہنے والا ہوں اور بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اتنی کم زمین economic unit نہیں ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ چھ یا آٹھ ایکڑ اراضی ایک ہی جگہ نہیں ملتی اور بقیہ کے لئے دوسرے اضلاع میں جانا پڑتا ہے۔ زمین کم ہے اور الاٹی زیادہ ہیں۔ یہ بات مہاجرین کو اور زیادہ منتشر کرنے کا باعث ہوگی۔ کچھ عرصہ پہلے اس معزز ایوان نے زرعی اصلاحات کا سنہری قانون نافذ کیا ہے اور مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کو اس پر بجا طور پر فخر ہے کہ اس پارٹی کے ذریعہ ہم اپنے عوام کی مشکلات کا حل تلاش کرتے ہیں۔ مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہم مہاجرین کے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کر رہے ہیں اور مہاجرین بیچارے خاموشی کے ساتھ سب کچھ برداشت کر رہے ہیں ۔ مثال کے طور پر جس زمیندار کے پاس چار مربعے یا کم

اراضی ہے اسے حق خود کاشت دیا گیا ہے لیکن مہاجر بیچارے کو ہم نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ کیونکہ آج اس کے پاس کوئی اراضی نہیں اس لئے ۲۵ ایکڑ سے زیادہ اسے خود کاشت کے لئے نہیں دیا جائیگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی بے انصافی ہے ۔ جناب والا زمین کا قبضہ لیتے وقت مشکلات بہت زیادہ ہیں ۔ یہاں ایسے کاشتکار مہاجر ہیں جو غیر مالکان اراضی تھے ۔ اور ایسے مسلمان مزارعین بھی ہیں جو لوگل ہندؤں کی زمینوں پر آباد ہیں ۔ ان سب لوگوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں یہ کہنا پڑیگا کہ مہاجرین کی مشکلات میں اور اضافہ ہوگیا ہے ۔ حکومت نے ایک Press Communique کے ذریعے واضح کیا تھا کہ مہاجر مالکان اراضی کو حصہ ملیگا اور بٹائی ملیگی لیکن حقیقت یہ ہے کہ انہیں نہ بٹائی ملتی ہے اور نہ حصہ ملتا ہے ۔

اس کے بعد میں claim forms کی تصدیق کے متعلق، ان دعووں کے متعلق جن کی بنا پر ہمارے حقوق کا فیصلہ ہونا ہے کچھ عرض کرونگا ۔ جناب والا اکثر دیہات کی جمع بندیاں نہیں آئیں اور اگر آئی ہیں تو ان میں بہت غلطیاں ہیں ۔ مہاجر ایک دفعہ عذر داری کرتا ہے دوسری دفعہ عذر داری کرتا ہے اور جب اس کا claim پٹواری کے پاس پہنچتا ہے تو وہ پٹواری دفتر میں ہی بیٹھ کر لکھ دیتا ہے "No land" ۔ اس کی بنا پر وہ مہاجر زمین سے محروم رہ جاتا ہے ۔ پٹواری صاحبان نہ فنانشل کمشنر کی پرواہ کرتے ہیں نہ وزیر بحالیات کی نہ چیف منسٹر صاحب کی لیکن جب وہ اپنے مطالبات منوانے کے لئے حکومت کو threat دیتے ہیں اور ہڑتال کرتے ہیں تو اس معزز ایوان کے ارکان میں بھی ان کے لئے ہمدردی کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں ۔ تعجب ہے کہ وہ پٹواری جس نے چار سال تک مہاجرین کا خون چوسا جس پر ہم کوئی قانون لاگو نہیں کر سکے جس کے پاس کئی سربفے زمین خالی تھی مگر اس کی الاٹمنٹ کے لئے اس کو کوئی مجبور نہ کر سکا آج اس پٹواری کے لئے بھی اس معزز ایوان میں ہمدردی کے جذبات پائے جائیں ۔ اس پٹواری نے ہمارے خون سے ہولی کھیلی اور زمینوں کی فرضی allotment دکھا کر ان کو خالی پڑا رہنے دیا اور یہ ایسی حالت میں جب حکومت اس کو ایک خاصی تنخواہ دے رہی ہے ایسی تنخواہ جو سول سکرٹیریٹ کے کلرک کی تنخواہ کے برابر ہے ۔ وہ کلرک بیچارہ اگر لاہور میں بیٹھ کر اس تنخواہ پر گذارہ کر سکتا ہے تو پھر یہ کس طرح کہا جاتا ہے کہ پٹواری کی تنخواہ کم ہے ۔

میں مانتا ہوں کہ پٹواری صاحبان بھی ہماری قوم کا ایک حصہ ہیں ہمیں ان کے جائز مطالبات پر ہمدردی سے غور کرنا چاہئے لیکن ہڑتال کے زور سے نہیں -

جناب والا اس کے علاوہ ایک دوسرا مسئلہ جو بہت ہی زیادہ توجہ کا مستحق ہے وہ ریستھائے ہند کے ملازمین کا ہے - جس وقت سٹاف کی کمی تھی ان لوگوں کو رکھ لیا گیا کیونکہ وہ Revenue کے کام میں trained تھے - لیکن اب کیونکہ ہمارا کام مکمل ہو رہا ہے ان سب کو نوٹس دے دیا گیا ہے - ان کی ملازمتیں ختم کر دی گئی ہیں - باوجود اس کے کہ وہ ٹرینڈ اور qualified ہیں - میں درخواست کرونگا کہ ان کے مطالبات پر ہمدردی سے غور کیا جائے -

جناب والا ایک اور مسئلہ قصباتی مکانوں کے کرانے کا ہے - میں عرض کرونگا کہ جو لوگ وہاں مکانات چھوڑ کر آئے ہیں ان سے کرایہ لینے میں ہم کسی طرح بھی حق بجانب نہیں ہیں - دوکانوں سے یا فیکٹریوں سے کرایہ لیا جا سکتا ہے لیکن رہائشی مکانوں کا کرایہ لینے کی حکومت کسی طرح بھی مستحق نہیں -

اس کے علاوہ میں آپ سے یہ بھی عرض کر دوں مشرقی پنجاب میں عام زمیندار دیہات میں رہتے تھے اور وہاں ان کے پختہ مکانات تھے اور مجھے وثوق کے ساتھ معلوم ہے کہ اس علاقہ میں اور بالخصوص کالونی ڈسٹرکٹس میں غیر مسلم مالکان آراضی تو قصبات میں رہتے تھے اور ان کے مزارعان کچے جھونپڑوں میں رہتے تھے اور ان کے مکانات اس قسم کے نہیں تھے -

مسٹر احمد سعید کرمانی: (کارپوریشن شہر لاہور ۔ مسلم) جناب والا میں آج اس لئے نہیں کھڑا ہوا کہ بحالیات کی پالیسی کی اچھائیوں کو برائیوں سے تعبیر کروں یا بحالیات کی پالیسی کی برائیوں کو اچھائیاں ظاہر کروں بلکہ میری کوشش یہ ہوگی کہ ایک حقیقت پرست کی نگاہ سے اس کے سارے پہلوؤں پر غور کروں - جناب والا پچھلے چند روز سے آپ نے نوٹس کیا ہو گا کہ اس ہاوس کے چند معزز ارکان کچھ ایسی باتیں کرتے رہے ہیں جن کو حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے - اور انہوں نے اس ہاوس کے ممبران کو اور باہر کی پبلک کو یہ تاؤ دینے کی کوشش کی ہے کہ آج تک ہماری حکومت نے

مہاجرین کے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہماری حکومت نے جو کچھ آج تک کیا ہے وہ مکمل اور کافی نہیں ہے اور اس سلسلہ میں ہماری حکومت کو کچھ اور کرنا چاہئے لیکن یہ بڑی بے انصافی ہو گی اگر ہم اس ہاوس میں کھڑے ہو کر اس خدمت اور اس کام کو جو بحالیات کے محکمہ یا بحالیات کی وزارت نے کیا ہے بالکل نظر انداز کر دیں (خوب۔ خوب) جناب والا آج میں کوشش کرونگا کہ اس محکمہ کی اس پالیسی کا ذکر کروں جس کا تعلق مہاجرین سے کم اور مقامی حضرات سے زیادہ ہے۔ چنانچہ میں سمجھتا ہوں کہ مہاجرین کے بارہ میں حکومت جس پالیسی پر عمل پیرا ہے اس سے جن مہاجرین کا تعلق ہے ان کے بارہ میں مقامی لوگوں کو کچھ نہ کچھ واسطہ پڑتا رہتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ مہاجرین کو نکال کر اور ان کے حقوق غصب کر کے مقامی لوگوں کو دئے جائیں۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ مقامی لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کر دیا جائے۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ ہمیں مہاجرین کے لئے بہت کچھ کرنا چاہئے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ان لوگوں نے ہمارے ملک کو آزاد کرایا ہے اور ان لوگوں نے اس ملک کو بنایا ہے اور ان لوگوں کے خون کے صدقے آج ہم یہاں حکومت کر رہے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ ہمیں یہ نہیں بھول جانا چاہئے بلکہ اس کا خاص خیال رکھنا چاہئے کہ ہم ان سکیموں کو چلا کر کہیں ایسے حالات تو پیدا نہیں کر رہے جن سے چند سالوں کے بعد یہاں مقامی مہاجرین کا مسئلہ پیدا ہو جائے جس کے بارہ میں ہماری حکومت کو سوچنا پڑے اور ان لوگوں کے بارہ میں جن کو ہم آج تک نظر انداز کرتے رہے ہیں ایک اور پالیسی وضع کرنی پڑے۔ اور ان کے سلسلہ میں بھی مہاجرین کی طرح سوچنا پڑے۔ جناب والا یہ مقام مسرت ہے کہ حکومت نے دیہاتی آباد کاری کے سلسلہ میں جو بلکہ جیسا کام کیا وہ بہت خوش کن ہے گو میرے چند دوستوں نے اسے ناکافی قرار دیا ہے۔ مثال کے طور پر عرض ہے کہ مہاجرین میں سے ۳۰ لاکھ مہاجرین عملی طور پر مستقل آباد ہو چکے ہیں اور ۱۱ لاکھ کلیم فارم درج کئے جا چکے ہیں — جناب والا یہ رفتار بڑی حوصلہ افزا ہے — ہمیں اپنے صوبہ کے حالات کا ہمسایہ صوبہ کے حالات سے موازنہ کرنا چاہئے — جب ہم اپنے ہمسایہ صوبہ مشرقی پنجاب پر نظر ڈالتے ہیں جہاں مہاجرین کے لئے وہاں کی حکومت نے کچھ نہ کچھ کام کیا ہے تو ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے

صوبہ کی حکومت نے کسی لحاظ اور کسی پہلو سے بھی مہاجرین کے لئے کم کام نہیں کیا۔

جناب والا اب میں شہری مہاجرین کی طرف آتا ہوں اور اختصار کے ساتھ ان کے بارہ میں اپنے چند جذبات بطور ناراضگی کے نہیں بلکہ ایک ہمدرد کے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہماری حکومت نے انصاف پسندی سے کام لیتے ہوئے اس بات کا اعتراف کیا ہے۔ کہ ہماری شہری آبادیوں میں مکانات کی قلت ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہاں اس بارہ میں کچھ کرنا چاہئے۔ آنریبل وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں ۱۳ سکیموں کا ذکر کیا ہے۔ وہ سکیمیں لائلپور کے لئے تین۔ لاہور کے لئے ایک۔ ملتان کے لئے ایک۔ گوجرانوالہ کے لئے ایک۔ سرگودھا کے لئے ایک۔ روالپنڈی کے لئے ایک۔ سیالکوٹ کے لئے ایک۔ تھل کے لئے تین شہر اور ۴۰ گاؤں بسانے کی دو سکیمیں اور جھنگ کے لئے ایک سکیم اور اس طرح یہ تیرہ سکیمیں بنتی ہیں۔ ان تمام سکیموں پر ۱۰ کروڑ روپیہ خرچ ہو گا — یہ سکیمیں بہت اچھی ہیں لیکن اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان سکیموں کے بارہ میں ایک بات مد نظر رکھنی چاہئے۔ لاہور ایک بہت بڑا شہر ہے اور دارالسلطنت ہے۔ اس شہر میں شہری آبادی کو بہت تکلیف ہے۔ یہاں زیادہ satellite towns بنانے چاہئیں تھے کیونکہ رہائش کا جتنا حقیقی سوال لاہور شہر میں ہے پنجاب کے کسی اور شہر میں نہیں ہے۔ میری گذارش یہ ہے کہ جو satellite towns لاہور کے نزدیک آباد کئے جائیں تو مہاجرین کو نظر انداز نہ کر کے بلکہ ان کو آباد کرنے کے بعد اگر گنجائیش ہو سکے تو اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جو مقامی باشندے حکومت کی نگاہ میں یا پبلک کی نگاہ میں essential ہوں اور ان کو بھی satellite towns میں حصہ ملنا چاہئے — میں یہ نہیں کہتا کہ مہاجرین کو نکال کر ان کو حصہ ملنا چاہئے۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ اگر مہاجرین پورے طور پر آباد ہو جائیں تو اس کے بعد اگر کوئی گنجائش نکلے تو اس میں ان مقامی حضرات کو آباد کیا جائے — اور ان پر یہ راستہ بند نہ کیا جائے —

میری دوسری گزارش یہ ہے کہ اگر وزارت بحالیات لاہور شہر اور اسی طرح دوسرے شہروں میں squeezing the allotments کی پالیسی اختیار کرے تو یہ بہت بہتر ہوگا — کیونکہ دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ بعض علاقوں میں بعض شہروں میں — بعض مہاجرین اپنی ضرورت سے

زیادہ مکانات اور کوٹھیاں سنبھال بیٹھے ہیں اور ان کے برعکس ایسے بھی مہاجرین ہیں جو بیچارے مارے مارے پھرتے ہیں اور ان کے پاس روتے اور چلاتے ہیں اور منتیں سماجتیں کرتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ جتنیں قربانیاں تم نے پاکستان کے لئے کی ہیں اتنی ہی ہم نے کی ہیں لیکن وہ مہاجرین اپنے ان مظلوم مہاجرین بھائیوں کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے — تو میری گزارش یہ ہے کہ شہروں میں squeezing the allotment کی پالیسی کو جاری کیا جانا چاہئے — تاکہ اگر کسی مہاجر کے پاس اس کی ضروریات سے زیادہ مکان یا کوٹھی ہے تو اس سے چھین کر دوسرے مستحق کو دلائی جائے —

جناب والا - اب میں مکانات کی مالیت کے مسئلہ کے بارہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں — آپ جانتے ہیں کہ جب اس ملک میں انگریز کی حکومت تھی اور ہندو کا معاشی اقتدار تھا تو لاہور شہر اور اسی طرح دوسرے شہروں میں مکانات کی مالیت بہت زیادہ تھی- اب مکانات کی قیمتیں کم ہو گئی ہیں اس لحاظ سے اب کرائے بہت حد تک گھٹا دینے چاہئیں اور حکومت کو چاہیے کہ وہ اس بارہ میں اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرے - اس وقت نئے حالات میں حکومت کو ان کی نئی شرح کرایہ مقرر کرنی چاہیے — اس سلسلہ میں میری دوسری گزارش یہ ہے کہ جس طرح دیہاتی علاقوں میں جمع بندیاں منگوا کر مستقل عارضی آبادکاری کردی گئی ہے اسی طرح شہری لوگوں کے بارہ میں کیا جائے - مشرقی پنجاب میں جو مہاجر اپنے اپنے شہر میں جائیداد چھوڑ کر آئے ہیں وہاں کی میونسپلیٹیوں کے متعلقہ افسروں سے ان کی جائیداد کی تفاصیل منگوا کر ان کے بارہ میں بھی مستقل عارضی آبادکاری کی سکیم کو نافذ کیا جائے - آخر میں جناب والا میں بحالیات کے مقدمات کے بارہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - دیکھنے میں آیا ہے کہ ان مقدمات کا فیصلہ کرنے میں بہت دیر لگتی ہے- یہ تو اچھا ہوا کہ سینٹرل گورنمنٹ نے بحالیات کے مقدمات کے سلسلہ میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس بارہ میں speedy justice دی جائے لیکن حالات بتا رہے ہیں کہ یہ اتنی جلدی نہیں ملتی جتنی کہ ملنی چاہئے حکومت کو ایسے ذرائع اختیار کرنے چاہئیں جن کے ذریعہ مہاجرین کے مقدمات کا فیصلہ کم سے کم عرصہ میں ان کے حق میں یا ان کے خلاف ہو- جناب والا - یہ ناانصافی ہوگی اگر میں ادب سے عرض نہ کروں کہ ہم میں سے ایسے لوگ ہیں جن کے نام ایک سے زائید الاٹمنٹیں ہیں - اور یہ ایک ناقابل

برداشت بات ہے۔ میں حیران ہوں کہ وہی مہاجرین جو مہاجرین کا نام لیکر حکومت کو کوستے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ظلم ہوا ہے۔ جب ان کو کچھ مل جاتا ہے تو پھر وہ اور کچھ لینے کے لئے کوشش کرتے رہتے ہیں اور بسا اوقات حاصل بھی کرلیتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ آیا حکومت نے کوئی کوشش کی ہے کہ ایسے لوگوں کی حوصلہ افضائی نہ کی جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مہاجرین میں کچھ ایسے بھی ہیں جنہیں اپنا تو دکھ ہے لیکن اپنے دیگر مہاجر بھائیوں کا دکھ نہیں ہے۔

راؤ عبدالرحمان خان —(ملتان و— مسلم مخصوص نشت) — جناب والا۔ میں مہاجرین کے مسئلہ کے بارہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں — میری یہ گزارشات ایمانداری اور دیانتداری پر مبنی ہونگی اور مجھے یقین ہے کہ ایوان انہیں توجہ سے سنیگا۔ آجکل یہ حالت ہے کہ مہاجرین کے نام کے ساتھ پس ماندگی اور بے کسی وابستہ ہو چکی ہے —

مسٹر سپیکر—ذرا بلند آواز سے فرمائیے —

راو عبدالرحمان خان— جناب والا۔ میں یہ عرض کررہا تھا کہ اپوزیشن کے محترم لیڈر نے جن کی خدمات پاکستان اور مسلم لیگ کیلئے بے بہاھیں اپنی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ یہ جو آباد کاری کی سکیم ہے یہ آبادکاری کی سکیم نہیں بلکہ در اصل بربادکاری کی سکیم ہے — میں ان کی ذات کا احترام کرتے ہوئے ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ اس بربادکاری کی پہلی اینٹ کن مقدس ہاتھوں نے رکھی تھی —

مسٹر سپیکر — یہ بات غیر متعلق ہے—

راو عبدالرحمان خان — جناب والا — اس برباد کاری کی تین وجوہ ہیں — پہلی سابقہ حکومت — دوسری موجودہ حکومت اور تیسرے مہاجرین خود — جناب والا اس برباد کاری کی پہلی اینٹ اس وقت رکھی گئی تھی جب مہاجرین یہاں آنے شروع ہوئے تھے اور انہوں نے مطالبہ کیا تھا کہ انہیں ضلع وار بسا دیا جائے تاکہ انکا گزشتہ ماحول برقرار رہے اور وہ اپنے بال بچوں اور رشتہ داروں کے ساتھ ملکر سکون دل کے ساتھ اپنے دن گزار سکیں — مگر اس وقت ہمارے اس مطالبہ کا جواب دیا گیا اسے میں کیا بیان کروں — وہ منٹگمری کے میدان سے پوچھئے — ان بے گوروکفن لاشوں سے پوچھئے جن کے سینے گولیوں سے چھلنی ہوئے —

اس کا یہ نتیجہ ہے کہ ایک ایک چک میں تیرہ تیرہ چودہ چودہ ضلعوں کے مہاجر آباد ہیں – جن کے تمدن میں یکسانیت نہیں — جن میں ایک دوسرے کے لئے محبت یا التفات نہیں ۔ جو دن رات ایک دوسرے سے لڑتے رہتے ہیں ۔ انکے عزیز اور رشتہ دار دور دور ہونے کے باعث دیہاتی مہاجر کی نصف آمدنی تو ریل وغیرہ کے کرایوں پر ہی خرچ ہو جاتی ہے ۔ اگر ایک بھائی مظفرگڑھ میں ہے تو دوسرا راولپنڈی اور تیسرا کیمبل پور میں ۔

جناب والا ! یہاں میرے ایک محترم بھائی نے اپنی حکومت کی آبادکاری کا مقابلہ بار بار ہندوستانی حکومت سے کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یا تو میرے دوست نے مبالغہ سے کام لیا ہے اور یا وہ ان سکیموں کو پورے طور پر سمجھ نہیں سکے ۔ انکو معلوم ہونا چاہئے کہ وہاں بیس ہزار کی مالیت سے اوپر کے جتنے مکانات اور جائدادیں تھیں وہاں کی حکومت نے ان سب کی انکوائری کر کے انکی ملکیت کے سرٹیفیکیٹ دے دئیے ہیں ۔ مجھے اخبارات سے معلوم ہے کہ انہوں نے الاٹمنٹ تین ماہ کے اندر کر دی تھی ۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے سب کو جالندھر میں اکٹھا کر کے پرمٹ کیلئے آرڈر دے دئے تھے ۔ یہ سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ ہم جو جائدادیں وہاں چھوڑ کے آئے تھے وہ بہت کم تھیں اور وہ یہاں بہت کچھ چھوڑ کے گئے تھے ۔ یہ ہماری بدقسمتی تھی کہ وہ اتنا مال یہاں چھوڑ کے گئے ۔ کیونکہ وہ سب مال مسلمانوں نے ضائع کر دیا ہے ۔ بہتر تھا کہ وہ اتنا مال یہاں چھوڑ کے نہ جاتے ۔ یہ تو ایک درمیانی بات تھی ۔ اصل بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہاں مشرقی پنجاب کے مقابلے میں مکانوں کے کرائے بہت زیادتی سے لگائے گئے ہیں ۔ میرے بہت سے دوستوں نے مجھے بتایا ہے کہ جن مکانوں کے کرائے سو سو اور ستر ستر روپے تھے وہ انکا کرایہ چار چار روپے وصول کرتے ہیں ۔ مگر یہاں ایسے مکانوں کا کرایہ تیس تیس چالیس چالیس اور پچاس پچاس روپے وصول کیا جا رہا ہے ۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ ہماری حکومت انکی جائدادوں کی قیمتیں زیادہ لگاتی ہے تا کہ دشمن کو فائدہ پہنچے ۔ اور وہ ہماری جائدادوں کی قیمتیں کم لگاتے ہیں تا کہ ہم مطالبہ نہ کر سکیں ۔

اب پروڈیوس انڈکس کو لیجئے ۔ پہلے جب اسے بنایا گیا تو اسکے متعلق یہ ہدایات جاری کی گئیں کہ یہ ایک راز کی بات ہے ۔ کسی

پر ظاہر نہ ہو ۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ اس راز داری میں کیا مقصد تھا ۔ حالانکہ جن پر اسکی زد پڑنے والی تھی سب سے پہلے انکو اسے دیکھنے کی ضرورت تھی ۔

تیسرے میری یہ گذارش ہے کہ مہاجر لینڈ لارڈوں کو کیوں یہاں اچھوت سمجھا جا رہا ہے ۔ ان میں ایسے بھی ہیں جو وہاں سو سو اور پانچ پانچ سو مربعوں کے مالک تھے ۔ مگر یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ کسی کو اٹھارہ مربعے یا ۳۶۰۰ ایکڑ سے زیادہ اراضی نہیں مل سکتی ہے ۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ اس میں ملک کا کونسا اقتصادی مفاد پنہاں ہے ۔ اگر ہماری قربانیوں سے ملک کا استحکام ہو سکتا ہو تو ہم اسکے لئے اپنا خون ۔ گوشت اور ہڈیاں تک دینے کیلئے تیار ہیں ۔ مگر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر حکومت سب کیلئے یکساں اصول کیوں نہیں بناتی ایک طرف تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں دس دس ہزار مربعوں کے مالک موجود ہیں اور دوسری طرف مہاجر لینڈ لارڈوں سے کہا جاتا ہے کہ بس جو فیصلہ ہو چکا ہو چکا ۔ اب اس سے زیادہ کچھ نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا مجھے ابھی بہت کچھ کہنا تھا مگر چونکہ میرا وقت ختم ہو چکا ہے اسلئے میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

خدیجہ بیگم جی ۔ اے ۔ خاں (مسلم خواتین بیرونی لاہور مخصوص نشست) ۔ جناب والا ۔ کل سے مہاجرین کی آبادی کے متعلق مطالبہ زر نمبر ۳۱ پر بہت بحث ہو رہی ہے ۔ اور اس ایوان کے معزز ممبران نے مہاجرین کی تکالیف کو نہایت وضاحت سے واضح کیا ۔ میں آج آپکے توسل سے وزیر مہاجرین کی خدمت میں صرف دو باتیں عرض کرنا چاہتی ہوں ۔ ایک تو مہاجر لا وارث اور نادار عورتوں کی آبادی کا مسئلہ ہے اور دوسرے تھل میں مہاجرین کی آباد کاری کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ۱۹۴۷ کے کشت و خون کے نتائج بہت خطرناک تھے ۔ ہماری بہت سی بہنیں اور بچیاں بیوہ اور یتیم ہو گئیں ۔ اور ان کا کوئی پرسان حال نہ رہا ۔ حکومت نے ان کے لئے چند ادارے کھولے مگر وہ نا کافی تھے ۔ اب بھی آپ کسی محلہ میں ۔ کسی گلی میں یا کسی جگہ چلے جائیں تو آپ کو ایسی بہت سی لا وارث عورتیں اور بچیاں ملینگی ۔ ان کے لئے ایسے

ادارے کھولے جائیں جہاں وہ کوئی کام کرکے اپنی روزی کما سکیں ۔ جناب والا ان کی حالت قابل رحم ہے اور مجھے ڈر ہے اگر ہماری حکومت نے اس طرف توجہ دی اور کوئی ایسا قدم نہ اٹھایا تو اسکا ہمارے اخلاق پر بہت برا اثر ہو گا ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ بہت سی مہاجر عورتیں آپکو متوسط اور سفید پوش گھرانوں میں ایسی ملینگی جن کے وارث مشرقی پنجاب کے کشت و خون میں شہید ہو گئے ہیں اور وہ ان لوگوں کے ساتھ رہتی ہیں جن سے ان کی دور اور نزدیک کی رشتہ داری ہے اور یہ لوگ ان کو کھانے کو تو دے دیتے ہیں مگر چونکہ ان کی اپنی آمدنی اتنی زیادہ نہیں ہوتی کہ وہ ان لا وارث عورتوں کی دیگر ضروریات کو پورا کر سکیں ۔ اسلئے ان کی حالت بھی نا گفتہ بہ ہے ۔ جناب والا ۔ یہ خواتین ایسی ہیں جن کی مشرقی پنجاب میں تھوڑی تھوڑی جائیدادیں تھیں اور وہ اس سے سفید پوشی میں اپنا گزارا کرتی تھیں ۔ لیکن جیسا کہ جناب والا کو علم ہے کہ کسٹوڈین صرف ان لوگوں کو وظائف دیتا ہے جن کی سالانا آمدنی ۱۸۰۰ روپیہ تھی ۔ اس لئے ان کو وظائف بھی نہیں ملے اور ان کا کوئی پرسان حال نہیں ۔ ہماری بہت چیخ و پکار پر ۱۹۵۰ کے آخر میں حکومت نے ۵۲ ہزار روپیہ کی رقم ایسے مردوں اور عورتوں کے لئے دی تھی ۔ لیکن چھ ہزار عرضیوں میں سے صرف ۱۵۰ مردوں اور عورتوں کووظائف مل سکے ہیں جو بالکل نا کافی ہیں ۔ میں جناب والا کے توسل سے وزیر مہاجرین کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ جو ہمارا ۳۷ لاکھ سے زائد روپیہ محکمہ بحالیات کے افسران اور دیگر ملازمین پر خرچ ہوتا ہے اور جو ۲ لاکھ سے زائد روپیہ کمشنر بحالیات کے مرکزی دفتر پر ہوتا ہے اگر ان اخراجات کو کم کرکے اس سے ایسی مہاجر سفید پوش عورتوں کو وظائف دیئے جائیں جن کی تھوڑی تھوڑی جائدادیں مشرقی پنجاب میں تھیں اگر ان کو بیس بیس پچیس پچیس روپیہ کے وظائف بھی دیئے جائیں تب بھی وہ کچھ نہ کچھ اپنی ضروریات پوری کر سکتی ہیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ مہاجر عورتوں کے لئے ایسے ادارے کھولے جائیں جہاں پر وہ ایسا کام سیکھ سکیں جس سے وہ اپنی روزی کما سکیں ۔ اور ان اداروں کے ساتھ ایسے پرائمری اور نرسری سکول بھی ہوں جہاں وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلا سکیں ۔ جناب والا ۔ یہ بہت ضروری اقدام ہیں جو ہمیں مہاجر عورتوں کی بحالی کے لئے کرنے چاہیں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک ایسا

مدرسہ شروع شروع میں قصر استقلال کے نام سے جاری کیا گیا تھا مگر وہ بھی بند کر دیا گیا ہے ۔ اس لئے آپکے توسل سے بار دگر میری یہ درخواست وزیر مہاجرین کی خدمت میں ہے کہ وہ اس معاملہ کی طرف ضرور توجہ فرمائیں ۔

دوسری چیز جناب والا عرض کرنا چاہتی ہوں وہ تھل کے متعلق ہے ۔ وہاں قائد آباد اور جوہر آباد کے ناموں سے دو شہر آباد کئے جارہے ہیں دیکھنے میں وہ اچھے ہیں مگر کام تسلی بخش نہیں ہو رہا اور اگر ہم اسی طرح سے چلے تو خدا جانے کسطرح سے یہ تھل پروجیکٹ مکمل ہو گی ۔ کیونکہ ہمارے کام کی رفتار بیحد سست ہے ۔ مجھے وہاں جانے کا اتفاق ہوا ہے اور ہمارے ساتھ ایک غیر ملک کی خاتون بھی تھیں ۔ ہم نے جو گاؤں میں مکانات بنتے دیکھے ہیں ہمیں ان میں کوئی پلیننگ نظر نہیں آئی ۔ اس لئے میں آپکے توسل سے وزیر مہاجرین کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ایک تو تھل ڈویلپمنٹ کے کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور دوسرے جو گاؤں آباد ہو رہے ہیں ان میں پلیننگ باقاعدہ ہونی چاہیئے اور یہ دیکھنا چاہیئے کہ ان کے لئے مکانات ایسے بنائے جائیں جن میں وہ آرام سے رہ سکیں ۔

حاجی ریحان الدین صدیقی (ملتان نمبر ۱ مسلم مخصوص نشست) ۔ جناب والا میں عرض کرونگا کہ ,,مہاجرین،، کوئی بے چارگی کا نام نہیں ہے ۔ بلکہ مہاجرین وہ صابر اور شاکر انسان ہیں کہ جنہوں نے محض اس چیز کا خیال کرتے ہوئے کہ یہ اللہ تعالی کی حکمت ہے ہر مصیبت اور تکلیف کو برداشت کیا ہے اور ترک سکونت کرکےجواس ملک میں چلے آئے دیں ۔ چنانچہ مہاجرین کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو کئی بار مسلمانوں کو پیش آیا ہے ۔ یہ سنت رسول ہے ۔ جب رسول اکرم مکہ معظمہ میں کافروں کے ظلم و تشدد سے تنگ آگئے تھے تو اللہ تعالی نے ان کو حکم دیا تھا کہ وہ مکہ کو چھوڑ کر مدینہ منورہ تشریف لے جائیں ۔ چنانچہ جو لوگ ان پر ایمان لائے تھے انکو رسول اکرام نے فرمایا کہ فوراً ترک وطن کرکے مدینہ منورہ چلے جائیں ۔

صاحب سپیکر ۔ ذرا بلند آواز سے فرمائیے ۔

چنانچہ جب مسلمان وہاں پہنچے تو انصار جو وہاں کے رہنے والے تھے ان سے بڑی مروت اور ہمدردی سے پیش آئے ۔ ان کو

ہر طرح کی امداد دی اور بے انتہا مروت سے پیش آئے ۔ چنانچہ پاکستان میں مہاجرین اس وقت آئے ہیں جب ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں نے باہمی فیصلہ کے مطابق تبادلہ آبادی منظور کر لیا تھا ۔ چنانچہ تحریک پاکستان چلو کے موقع پر ہم نے اپنے وطنوں کو ترک کیا جو ہمارے آباواجداد کیوقت سے ہمارے لئے موزوں اور بہتر تھے ۔ صرف اس غرض سے کہ ہم بھی پاکستان کی ترقی میں حصہ لیں اور اس کی آبادی کی تعداد خوب بڑھے ۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم یہاں پہنچے ۔ یہاں کے عوام اور حکومت نے ہماری مدد کی ۔ ضرورت مندوں کو کمپوں میں پیٹ بھر کر کھانا دیا اور ننگوں کو کپڑا مہیا کیا ۔ اس کے بعد جس وقت ہماری آبادکاری کا موقع آیا ۔ تو بے شک ان مکانات میں جو کافی تعداد میں تارکان وطن چھوڑ کر چلے گئے تھے ہمیں بسا دیا گیا اور ہم بس گئے ۔ افسوس اس کے بعد پھر ہمارے لئے ایسے اسباب پیدا نہ کئے گئے کہ ہمیں مستقل طور پر آباد کیا جا تا ۔ اور ہم اسی طریقے سے مسلمان مجاہد بن جاتے جیسا کہ ہمیں بننا چاہئے تھا اتفاق ایسا ہوا کہ اس وقت کی حکومت میں روزانہ تفرقے پڑے رہتے تھے وہ اپنے ہی تفرقوں کو دور کرتی رہتی اور مہاجروں کی آبادکاری کا موقع ہی نہ آیا ۔اس حکومت کے بعد گورنری راج آگیا گورنری راج کے اندر جو آبادکاری کے افسران مقرر کئے گئے انہوں نے ہمارے ساتھ اچھے سے اچھا سلوک نہ کیا بلکہ ایسا سلوک کیا کہ جس سے ہم آپس میں لڑتے بھڑتے رہیں ۔ اور اس وقت حالت یہ تھی کہ ہم کافی تعداد میں بغیر مکانوں کے اپنا وقت گزارتے تھے ۔ اس طرح ہمیں اطمینان نصیب نہ ہوا ۔ ہماری اب موجودہ حکومت نے جو قواعد بنائے ہین وہ دیکھنے میں تو بہت اچھے ہیں تاہم ان پر عمل نہیں ہوا ۔ جیسے قواعد بنائے ہیں اور اپنی پالیسی مرتب کی ہے اگر اسی پر عمل درآمد بھی اسی طرح سے ہو اور اسی نیت سے ہو کہ جیسا ہونا چاہئے ۔ تو آبادکاری ہو جائے ۔ بددیانت اور ردی قسم کے افسروں اور اہلکاروں کو فوراً برطرف کر دینا چاہئے ۔ یہاں کے رہنے والوں اور مہاجرین کا یہ فرض ہے کہ وہ آپس میں ایسی یگانگت پیدا کریں کہ جس میں ہم اسلام کے سچے خادم ثابت ہوں اور اپنے آپ میں مجاہد پیدا کریں اپنے قومی مسائل کو جوانمردی سے حل کریں ۔ مثلاً مسئلہ کشمیر کا حل ہے ۔ یہ مسئلہ زیادہ تر اس بنا پر بھی حل نہیں ہوا کہ ہم سب

ملکر ملکی کاموں میں صحیح طور سے دلچسپی نہیں لے رہے ہیں - ہماری حکومت کو واجب ہے کہ وہ تمام روزی کمانے والے مہاجرین کےساتھ جو اپنا سب کچھ ادھر چھوڑ آئے ہیں ملازمتوں کے بارے میں بھی انصاف کرے۔ یہاں کے لوگ اور حکومت مہاجرین کے ساتھ ایسا سلوک کریں جسطرح مدینہ کے انصار نے مہاجریں کے ساتھ سلوک کیا - اور اس سلوک سے وہ آپس میں شیر و شکر ہو گئے تھے اسی طرح واجب ہے - کہ مہاجرین کو ان کے پورے حقوق دیئے جائیں - جو تارکان وطن کے حقوق ہیں وہ کسی مقامی شخص کو نہ ملیں - اس کے ساتھ سب سے ضروری بات یہ ہے کہ جس جگہ وہ آباد ہو گئے ہیں انہیں وہاں سے نہ اٹھایا جائے - اس سلسلے میں ایک ضروری چیز ٹرانسپورٹ سے متعلق ہے - اس صوبے میں ٹرانسپورٹ کیلئے ۴۷ کمپنیاں موجود ہیں - جس میں صرف ۱۹ کمپنیاں ایسی ہیں جو پہلے یہاں کے رہنے والوں کی تھیں - بقایا ۵۵ کمپنیاں ایسی ہیں جو مہاجرین سے تعلق رکھتی ہیں - ٹرانسپورٹ کو nationalize کرنے کا طریقہ اس وقت ملک و قوم کیلئے بہتر ہو سکتا ہے جب کہ اسے بہتر طریقے سے حل کیا جائے - یہ بہت اہم معاملہ ہے - اگر حکومت نے ٹرانسپورٹ کو اسی طریقے سے nationalize کیا جیسا کہ وہ اپ اپنی سکیم پیش کر رہی ہے تو اس سے مہاجر غیر آباد ہو جائیں گے - وہ بہت برباد ہو جائیں گے - گورنمنٹ کو لازم ہے کہ ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرے جیسا کہ اس سے پہلے زمینداروں کے ساتھ کیا گیا ہے - ٹرانسپورٹ notionalize اس طریقے سے کیا جا ئے کہ جس سے مہاجرین آباد شاد رہیں - موجودہ وقت میں حکومت کی گاڑیاں چل رہی ہیں ان کو نظر میں رکھتے ہوئے ٹرانسپورٹ کو nationalire کیا جائے - کیونکہ موجودہ صورت میں حکومت کی گاڑیوں کی حالت اچھی نہیں ہے مثال کے طور پر گورنمنٹ کی گاڑیاں جس جگہ چل رہی ہیں وہاں پبلک کی گاڑیاں بھی چلتی ہیں - گورنمنٹ کی گاڑیوں کو پبلک اتنا پسند نہیں کرتی جتنا کہ پبلک کی گاڑیوں کو پسند کرتی ہے لوگ زیادہ پبلا ے کی گاڑیوں پر سفر کرتے ہیں ہماری یہ دلی خواہش ہے کہ ٹرانسپورٹ کو nationalize تو کیا جائے لیکن یہ خیال ضرور رکھا جائے کہ جو گاڑیوں کے موجودہ مالک ہیں ان کا کاروبار بھی چلتا رہے کچھ ما یتی تناسب مقرر کردیا جائے ورنہ اس میں ۸۰٫۷۰ فیصدی جو مہاجر

شامل ھیں وہ برباد ھوجائیں گے۔ اس کے بعد میرا یہ خیال ھے کہ جو لوگ اپنی جائداد زمین، دکانیں، مکانات اور کارخانہ جات ادھر چھوڑ کر آئے ھیں ان کو اسی طرح مستقل طور پر یہ چیزیں الاٹ کردیں جیسا کہ زرعی زمینوں کے متعلق کیا ھے تاکہ وہ بھی اپنا کام چلا سکیں۔

سید جمیل حسین رضوی—(گجرات نمبر ۱۲ مسلم—مخصوص نشست) جناب والا—آبادکاری کی دراصل تین مدات ھیں۔ ایک اراضی زرعی دوسری دکانات فیکٹریز اور سنیما اور تیسری مکانات۔ ان تین مدات کے متعلق اگر مختصراً بھی کچھ کہا جائے تو ظاھر ھے کہ یہ وقت ناکافی ھے۔ لیکن میں اس امر کی کوشش کرونگا کہ اس تھوڑے سے عرصے میں ان تین مدات کے متعلق کچھ نہ کچھ آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے تبصرہ کروں۔ میں سمجھتا ھوں کہ آبادکاری کے سلسلے میں ایک بنیادی غلطی جو شروع سے ھوتی رھی وہ یہ ھے کہ آبادکاری کے متعلق جتنی بھی سکیمیں بنائی گئیں ان میں کبھی ان لوگوں کے مشورے کو شریک نہ کیا گیا جن پر اس آبادکاری کی سکیموں کا direct یا indirect طور پر اثر ھونا تھا پروڈیوس انڈ کس نامعلوم کن کن افسروں نے تجویز کیا اسے اتنا secret رکھا گیا کہ جب وہ چھپ کر تقسیم بھی ھوگیا تو پھر بھی اگر ھمارے جیسا آدمی یہ کہتا کہ ھمیں دکھا دیا جائے تو جواب ملتا کہ آپکو نہیں دکھایا جا سکتا۔ حکام اسکی اجازت نہیں دیتے۔ چاھئے تھا کہ زمینوں کا تعین کرتے وقت ھمیں بتایا جاتا کہ کس طرح تعین کیا جارھا ھے آخر کار ھمیں اس کا پتہ چلا ھم نے دیکھا کہ یہ تو بالکل غلط ھے۔ اس کا ثبوت اور کیا ھوسکتا ھے کہ جونہی کسی غلطی کے متعلق ھم نے افسران آبادکاری کی طرف رجوع کیا تو انہوں نے فوراً اس غلطی کو تسلیم کرلیا۔ اور اس کو درست کیا سوال یہ نہیں کہ کہیں ایک جگہ کسی غلطی کا ھم نے احساس دلا یا تو انہوں نے درست کردیا بلکہ سوال اس چیز کا ھے کہ کیوں اس امر کو طے کرتے وقت ان لوگوں سے suggestion نہ لی گئیں۔ ھم یہ نہیں کہتے کہ حکومت کیلئے ضروری ھے کہ وہ لوگوں سے مشورہ کرے — حکومت سکیمیں بنا کر پبلک کیلئے شائع کردے — ان سے criticisin demand کرے — اس criti o isin پر غور کرنے کے بعد کوئی تصفیہ کرے یا کم از کم تصفیہ کرنے سے پہلے وہ اتنی جرات تو رکھے کہ وہ عوام سے تبادلہ خیالات کر لے آنریبل وزیر بحالیات — میرے اعتراضات کا جواب دے دیں گے اور مجھے مطئین کردیں گے اور شاید میں انکے جواب کو قبول بھی کر لوں — لیکن اگر ایک حقیقت بیان کی جائے —اپنی تکالیف اور مشکلات بیان کی جائیں تو ھمارے سر یہ الزام تھوپا جاتا ھے کہ جو لوگ

اس قسم کی باتیں کرتے ہیں وہ غدار ہیں — اور پاکستان کے دشمن ہیں—اور دلیل یہ پیش کرتے ہیں وہ ایک ایسے موقع اور مرحلہ پر آباد کاری کے خلاف آواز بلند کر رہے ہیں جب کہ کشمیر کا مسئلہ ہمارے سر پر کھڑا ہے — ہو سکتا ہے کہ ان کے اس اقدام سے یہ چیزیں ہمارے ملک کیلئے نقصان گا باعث ہوں — وقتی طور پر ممکن ہے لوگ اسے سن کر خاموش ہو جائیں — مگر میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ چیز عوام کے اطمینان قلب کا باعث نہیں ہو سکتی — چنانچہ اسی طرح اور کئی مسائل ہیں — جن کے متعلق حقیقت بیانی کو مفاد عامہ کے خلاف کہا جاتا ہے —

جناب والا — میں یہ تجویز پیش کرونگا اور افسران آباد کاری کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ claim forms جو وہ لے رہے ہیں — ان کی تقسیم اور مناسب کارروائی کا مسئلہ حقیقت میں ایک بڑی مشکل بن چکا ہے — اس سے آسان ترکیب یہ ہوگی اور اس سے گورنمنٹ کو کوئی زائد خرچ بھی برداشت نہ کرنا پڑیگا — وہ یہ کہ جمعبندیوں کی پندرہ پندرہ دفعہ نقولات حاصل کرنے اور پیش کرنے کی بجائے جو بیشتر حالتوں میں گم ہوجاتی ہیں — وہ جمعبندیاں ہی افسران آباد کاری کے سامنے پیش کر کے تصدیق کر لی جائیں — ان نقول کے سلسلے میں میں نے دیکھا ہے کہ جو لوگ دو دو ہزار بیگھے اراضی کے مشرقی پنجاب میں مالک تھے اور جنھوں نے اپنے claim forms دئے تھے ان کو تین تین بار عذرداریاں کرنی پڑی ہیں حتیٰ کہ ابھی تک عذرداریوں کا یہ چکر جاری ہے اور ان کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا — فی الواقع جن مہاجرین کو اراضیات ملنی چاہیئیں تھیں انہیں آج تک نہیں مل سکیں — میں سمجھتا ہوں کہ آباد کاری کے کام کو لمبا کیا جارہا ہے — یہ محض اس لئے کہ جو لوگ آباد کاری کے کام کیلئے حکومت نے ملازم رکھے ہوئے ہیں اور اس کی بدولت ہزاروں روپے کما رہے ہیں — وہ چاہتے ہیں کہ یہ کام ختم نہ ہو تا کہ ان کی آمدنی برقرار رہے ۔ وہ تو چاہتے ہیں کہ مہاجرین غیر آباد رہیں ۔ آبادکاری کی سکیم چلتی رہے اور ان کی ملازمتیں جوں کی توں رہیں ۔ اس کے علاوہ جناب میں یہ بھی عرض کرونگا کہ افسران آبادکاری ایسی عذرداریوں کی مدت اور تاریخ مقرر کر دیں اور ہر مہاجر کے سامنے اس کی جمعبند ی دیکھکر اس کی عذرداری کا فیصلہ کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہی

ایک طریقہ ہے جس کی مدد سے یہ عذرداریاں بغیر کسی قسم کی تاخیر کے معین وقت کے اندر اندر ختم کی جا سکتی ہیں ۔ Claim forms کے متعلق دوسری چیز جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ افسران آبادکاری کو اراضیات کی تقسیم کے متعلق نہایت شدید قسم کے احکامات جاری کئے جائیں تا کہ آبادکاری کے کام کی جلد از جلد تکمیل ہو سکے ۔ میں ذاتی تجربے کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ مہاجرین کے بہت سے Claim forms گم ہو چکے ہیں ۔ افسران آبادکاری سے جب اس امر کی شکایت کی جائے تو وہ بات ہی نہیں سنتے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ان سے اس کے متعلق نہایت سختی سے باز پرس نہ کی جائیگی یا ان کو سزا نہ دی جائیگی اس وقت تک نہ تو وہ لوگوں کو آباد ہونے دینگے اور نہ ہی اپنی ملازمتوں سے الگ ہونگے ۔ وہ تو اس اندیشے میں گرفتار ہیں کہ اگر آبادکاری کا کام ختم ہو گیا تو ہماری ملازمتیں بھی ختم ہو جائینگی۔

جناب والا۔ایک اور چیز جس کے متعلق میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ اتنے لاکھ مہاجرین آباد کر دئے گئے ہیں ۔ لیکن اگر آپ خود جا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ سب زبانی جمع خرچ اور کاغذی کارروائی ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کاغذات میں مہاجرین کے ناموں کا اندراج ہو جاتا ہے ۔ مگر عملی طور پر نہ ان کو اراضیات کے قبضے دئے جاتے ہیں اور نہ ہی اس کے لئے کوئی بندوبست ہے ۔ پھر لطف کی بات تو یہ ہے کہ جن لوگوں کے نام کاغذی الاٹمنٹیں ہو چکی ہیں ان کو آج تک ان کے قبضے نہیں دئے گئے ۔ ان سے مالیے کی وصولی کا مطالبہ کیا جاتا ہے ۔ اگر قبضے کے مطالبے پر ذرا سختی سے اصرار کیا جائے تو جب تک تمام عدالتی process اور تمام machinery of law کو اس سلسلے میں محرک نہ کیا جائے ejectment یعنی بیدخلی ہونے میں ہی نہیں آتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس سلسلے میں مناسب اور معقول انتظام کیلئے کوئی موثر قدم نہ اٹھایا جائیگا آبادکاری کا کام کبھی ختم نہیں ہونے کا۔

جناب والا۔سینما اور دوسری Industrial Concerns کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی متواتر اپیلوں سے لوگ اب اتنے تنگ آ چکے ہیں کہ نہ تو وہ ان کی پورے طور پر پیروی کر سکتے ہیں اور نہ ہی ان کو چھوڑ سکتے ہیں ۔ علاوہ ازیں افسران جو ان

کے متعلق قطعی فیصلے کرتے ہیں ۔ ایک تو وقت بہت لگاتے ہیں دوسرے بے قاعدگیوں اور بے اعتدالیوں کے مرتکب ہوتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ آئندہ ان کے متعلق اپیلیں Custodion صاحب کے پاس جائیں جو اعلیٰ افسر ہونے کے علاوہ غیر جانبدار بھی ہیں ۔ اور جن کے فیصلے سے کوئی شخص غیر مطمئن نہیں رہ سکتا ۔ اس کے علاوہ سینماؤں اور صنعتی اداروں کے متعلق بہت سی multiple allotments کی طرف بھی میں حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ ان کے متعلق بھی ہو سکتا ہے کہ final فیصلے کے بعد بھی عذرداریاں جاری رہیں ۔ لہذا میں تجویز کرونگا کہ ان کے قطعی فیصلوں کیلئے بھی اونچے افسر اور بالخصوص Custodion صاحب مقرر کئے جائیں—

جناب والا—ہم یہ جانتے ہیں کہ آبادکاری کا مسئلہ ایک نہایت ہی مشکل مسئلہ ہے ۔ایک شدید قسم کی آندھی آئی جس سے کئی علاقے اجڑ گئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آبادکاری کے مسئلے کا حل حکومت کے نچلے اہلکاروں اور نچلے افسروں کے بس کا روگ نہیں ۔ البتہ اگر یہی کام اونچے درجے کے افسر ایمانداری سے مکمل کرنے کی کوشش کریں تو مجھے یقین ہے کہ وہ اسے بہت جلد پایا تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں ۔ نچلے طبقے میں جائیں تو وہاں تو مایوسی ہوتی ہے —

بستی بسانا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے

اس لئے جب تک آبادکاری کے کام کے متعلق honest effort نہ ہو گی ۔ یہ کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا—میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے سے پیشتر یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے شروع میں ہی بتا دیا جائے کہ مجھے تقریر کرنے کے لئے کتنا وقت دیا جارہا ہے—

Mr. Speaker : Ten minutes.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب آپ نے تو بیس منٹ کا وعدہ فرمایا تھا—

Mr. Speaker : No.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا—میں بطور احتجاج تقریر کرنا نہیں چاہتا ۔

چودھری محمد احسن—(گجرات نمبر ۳ مسلم) — جناب عالی رشوت اور بددیانتی کے متعلق بہت چرچا سنا ۔ اس کے علاوہ جناب محترمہ

خاتون پاکستان نے لائلپور کے جلسے کے دوران میں ارشاد فرمایا :—

"In Pakistan you come across a widespread clamour against corruption, inefficiency, poverty and ignorance."

اور جناب عالی پھر آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ۔

"You must, therefore, discover the causes of these ills"

اب میں آپ کے سامنے رشوت اور بددیانتی کی وجوہات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ چھوٹے اہلکاروں اور چھوٹے افسروں کی تنخواہیں قلیل ہیں۔ مگر دوسری طرف فرنگی کے وہ گریڈ جو غیر ملکی حکام اور سفید ہاتھیوں کیلئے مقرر کئے گئے تھے بہت زیادہ ہیں لہذا اول الذکر اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں کہ غربا کو لوٹیں مگر موخرالذکر اپنے آپ کو سرمایا دارو نکے معیار تک بلند کرنے کیلئے مجبور ہوتے ہیں— اور نزلد بر عضو ضعیف یعنی عوام ۔ اس کے ساتھ ہی یہاں پر میں یہ بھی عرض کرونگا کہ There are exception یعنی ان میں مستثنیات بھی ہیں۔ جناب عالی ۔ پھر ان کے درمیان ایک ایسا طبقہ بھی ہے جن کی تنخواہیں اس ملک کی اوسط آمدنی کے لحاظ سے تو معقول ہیں ۔ مگر ماحول کے لحاظ سے ان میں دیانتدار رہنے کیلئے نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن ۔

جناب عالی — ایک معزز مہبر نے یہ تجویز بھی پیش کی کہ رشوت اور بدیانتی کو روکنے کے لئے قواعد بنائیں جائیں— میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قواعد تو موجود ہیں ۔ مگر کیا وجہ ہے کہ ان کے باوجود بددیانتی زوروں پر ہے ۔ محترمہ خاتون پاکستان نے مزید فرمایا :—

"certain elements appeared to be encouraging private advantage to the disregard of national good and that injury to national life had succeeded in selfishness in public life also."

جناب والا میں اس سلسلہ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض لوگ زر پرست سرمایہ دار ہیں۔ اور ایڈ منسٹریشن کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے والے یہی سرمایہ دار ہیں ۔ سرمادارای ایک غیر اسلامی تخیل ہے ۔ محترمہ خاتون پاکستان نے اپنی ایک اور حالیہ تقریر میں ارشاد فرمایا ہے ۔

In fascist countries the limitless importance to physical force has produced devastating results. In capitalistic countries the ruthless force of money is causing considerable human misery. In the old feudal society, the exaggerated respect for material possession upset many a civilisation. "Islam on the other hand is a code of life which recognises the middle path."

جناب والا ۔ اور میں یہی اسلامک نظریہ پیش کرنے کے لئے یہاں اٹھا ہوں ۔ جو کہ میں معزز اراکین کے ذہن نشین کرانا چاہتا

ہوں۔ جناب والا۔ ہم نے بہت سنا کہ زمیندار کتے دوڑاتے ہیں ان کی اصلاح ہونی چاہئے اور جناب والا ان کی اصلاح ہو رہی ہے۔ جناب والا۔ ہم نے دیکھا کہ سرمایادار انسانیت کی خاک اڑاتے ہیں۔ اور وہ مٹی پلید کرتے ہیں کہ زبان بیان سے قاصر ہے۔ صرف اشارہ کروں گا۔

خواجہ نان بندۂ مزدور خورد — آبروئے دختر مزدور برد

پاکستان کا وہ تخیل جو علامہ اقبال رحمۃاللہ علیہ نے دیکھا اور جسے قائد اعظم رحمتہاللہ علیہ نے اپنا یا اور جس کی خاطر قوم نے بے شمار قربانیاں دیں وہ ایک ایسا نظام تھا جو کہ۔

کرتا ہے دولت کو ہر آلودگی سے پاک و صاف
منعموں کو مال و دولت کا بناتا ہے امین

نہ کہ ایسا نظام جو کہ امیروں کو امیر تر بنائے۔ مجھے خوشی ہوئی جب میرے آنریبل وزیر مال کو ایک تقریر کے جواب میں یہ کہتے سنا کہ زرعی اصلاحات کے نظام میں الجھنیں ہیں۔ انہیں رفع کرنا حکومت کا کام ہے۔ انسانوں کے حقوق چھینے نہیں جا سکتے۔ مجھے خوشی ہوتی اگر آنریبل وزیر ترقیات بھی میرے سوال نمبر ۴۷۷ ب کے جواب میں یہی کہتے۔ کہ انسانوں کے حقوق نہیں چھیننے دئے جائیں گے۔ ہماری پارٹی کا پروگرام ہے۔ جو میں یہاں گزارش کرتا ہوں۔ کہ نہ صنعت، نہ مرکز نہ کسی اور نام سے کسی ایک انسان کے حقوق غصب ہونے دئے جائیں گے۔ جناب عالی میرے اسی خیال کی تائید آنریبل وزیر لیبر پاکستان نے کی۔ جس سے مجھے خوشی ہوئی۔ انہوں نے اپنی تقریر ڈھاکہ میں فرمایا۔

"Pakistan was not created to make a few of its sons Ministers and some others millionaires. We visualised a society where 'wants' would be a story of the past."

جناب عالی۔ فرنگی سرمایا دارانہ نظام ہمارے ملک کے لئے لعنت ثابت ہو رہا ہے اور ہمارے معاشرتی مسائل کا حل اور رشوت و بددیانتی دور کرنے کا واحد راز صرف یہ ہے کہ اس سرمایہ داری کو کچل کے رکھ دیا جائے۔ اور ختم کر دیا جائے جس کا پروگرام یہ ہے۔

۱ شخصی فرنگی سرمایہ داری کو ختم کرنا۔
۲ مزدور کام کرنے والوں کو سرمایہ دار کے ساتھ آمدنی میں حصے کا حقدار ٹھہرانا اور ذرائع آمدن کو محدود کرنا۔
۳ بڑی تنخواہوں کو ملک کے معیار آمدنی کے مطابق کرنا۔

۴ زرعی آمدن پر سے فرنگی ٹیکسوں کا بوجھ کم کرکے یہ بوجھ سامان عیش و عشرت اور سرمایہ داروں کی مفت کی آمدن پر لگانا۔ آخر سرمایہ دار بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ اس زمیندار حکومت نے، ہماری پارٹی نے یعنی مسلم لیگ حکومت نے اپنے ممتاز لیڈر کی رہنمائی میں زرعی اصلاحات سے ابتدا کی ہے جو کہ Charity begins at home کے اصول پر ہم نے کیا ہے۔ گھر سے شروع ہونے کے بعد ہم باہر دم لینگے۔ جب تک سرمایہ کا سر نہ کچل دینگے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم یہ نہ کرینگے بھوکے ننگے بے گھر، بے روزگار دیکھائی دیتے رہینگے۔ اور ہماری لیگ پارٹی اور زمیندار حکومت دنیا سے یہ کہلانے کو ہر گز تیار نہیں کہ۔

اقبال بڑا اپدیشک ہے من باتوں میں موہ لیتا ہے
گفتار کا غازی بن تو گیا کردار کا غازی بن نہ سکا

اور ہم جانتے ہیں کہ۔

تدبر کی فسون کاری سے محکم ہو نہیں سکتا
جہاں میں جس تمدن کی بنا سرمایہ داری ہے

اس کے علاوہ تحصیل گجرات اور پھالیہ کی سیم، تھور۔ سڑکیں شفاخانے اور تعلیم کا ذکر کرنا چاہتا ہوں — سیم تھور نے بیسیوں گاؤں تباہ کر دئے ہیں اور وہ لوگ Rehabilitate کئے جانے کے مستحق ہیں — شفا خانے نہیں ہیں — اور نہ ڈاکٹر موجود ہیں — سڑکوں کی حالت نہایت خستہ ہے خصوصاً ایک نہایت اہم سڑک گجرات۔ شادیوال۔ قادر آباد نظر انداز کر دی گئی ہے پھالیہ تحصیل جو کہ سب سے زیادہ مالیہ ادا کرتی ہے تعلیمی حالت میں نہایت پس ماندہ ہے حکومت نے اس کے لئے کوئی منصوبہ تیار نہیں کیا —

باجی رشیدہ لطیف— جناب والا — چونکہ آپ ٹائم تھوڑا دے رہے ہیں اسلئے اس تھوڑے سے وقت میں ۵۰ لاکھہ روپے کی اہم مد پر کوئی معقول بحث نہیں ہو سکتی لہذا میں بطور احتجاج تقریر نہیں کرونگی —

قریب ہے یارو روز محشر چھپے گا کشتوں کا خون کب تک
جو چپ رہے گی زبان خنجر، لہو پکارے گا آستیں کا

رانا غلام صابر خان (منٹگمری — نمبر ۶ مسلم مخصوص نشست) جناب والا محکمہ آبادکاری پر دس منٹ میں کیا کچھ عرض کیا جا سکتا ہے —

صادق سپگر—آپ اپنی تقریر کریں ورنہ یہ وقت بھی گزر جائے گا ۔

رانا غلام صابر خان—جناب والا میں محکمہ آبادکاری کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہوں —

چودھری محمد احسن—جناب والا کیا ایک سرکاری محکمہ دو حصوں میں تقسیم ہو سکتا ہے ؟

رانا غلام صابر خان—جناب والا ایک حصہ تو وہ ہے جو کاشتکار مہاجروں کو اراضیات الاٹ کرتا ہے اور دوسرا حصہ وہ ہے جو ڈی — آر - سی کے ذریعے شہری جائدادوں مثلاً مکانات — دوکانات اور کارخانہ جات کی الاٹ منٹ کرتا ہے— میں اس دوسرے حصے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں یہ محکمہ آباد کاری ایک ایسے ہوٹل کی طرح ہے جس کے باہر ایک شاندار بورڈ آویزاں ہو کہ اس میں اعلیٰ قسم کے لذیذ کھانے ملتے ہیں مگر اندر جاکر پتہ چلے کہ اس میں گو سروس کرنے کے لئے بھرے بھی موجود ہیں مگر کھانا دستیاب نہیں ہوتا ہے —

جناب والا میں کہتا ہوں کہ جب الاٹ منٹ کا کام ختم ہوچکا ہے تو پھر ڈی — آر - سی اور اس کا عملہ رکھنے کا فائدہ ہی کیا ہے ؟

اب اس محکمے میں سوائے کنبہ پروری کے اور کام نہیں ہے یا غریب کو نکال امیر آدمی کو مکان یا دوکان دلانا باقی رہ گیا ہے یا کسی ایم — ایل — اے کی حمایت کی جاتی ہے — باقی جن کا کوئی اثر و رسوخ نہیں ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے؟

کوئی مزید الاٹمنٹ کرنے کیلئے اس محکمہ کے پاس کوئی چیز نہیں ہے اسکی حالت اس دکان کی طرح ہے جس میں سٹیم موجود ہو - رجسٹر موجود ہوں - بہی کھاتہ موجود ہو لیکن اس میں فروخت کرنے کیلئے کوئی مال نہ ہو - میں اس آنریبل ممبر کی تائید کرتا ہوں جس نے کہا تھا کہ اس ڈی - آر - سی کے محکمہ کو توڑ کر کمشنر ڈین کے ماتحت کر دیا جائے -

اسکے بعد وزیر بحالیات کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جسطرح دیہات میں اراضیات کی الاٹمنٹ ہو رہی ہے اسی طرح شہری جائیداد رکھنے والے مہاجرین کو مکانات اور دکانیں مستقل طور پر الاٹ کی جائیں - تاکہ وہ بھی ان مکانوں اور دکانوں کی حفاظت کر سکیں جو ان کے پاس موجود ہیں - جناب والا میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر بحالیات کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ ہمیں سمجھائیں کہ وہ کس حد تک کرایہ لینے میں حق بجانب ہیں - جب ہم سوال کرتے ہیں کہ کرایہ کیوں وصول کیا جاتا ہے تو

ہمیں یہ جواب ملتا ہے کہ یہ دونوں حکومتوں کا معاملہ ہے اور اسکے لئے سنٹر کو لکھا جا رہا ہے - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ خدا کیلئے اس بات پر ڈٹ جائیے کہ پنجاب کے مہاجر کرایہ دینے کیلئے تیار نہیں ہیں - انکو چاہئے کہ پوری آواز سے اور موثر طریق سے اس چیز کو سنٹر تک پہنچائیں کہ پنجاب کے مہاجر کرایہ دینے کیلئے تیار نہیں ہیں - آپ حق بجانب ہیں کہ دکانوں کا کرایہ لیں - کارخانوں کا کرایہ لیں - کیونکہ وہاں سے لوگ ذریعہ معاش پیدا کرتے ہیں - لیکن مکانوں سے سوائے رہائش کے اور کیا حاصل ہوتا ہے - ہم وہاں سے اپنا پیٹ نہیں پالتے - بچوں کی پرورش کرنے کیلئے کچھ حاصل نہیں کرتے - محض ان میں رہتے ہیں - جناب والا میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ ۹۹ فیصدی مہاجر جو ایسٹ پنجاب سے آئے ہیں مکانوں کے مالک تھے آپ شاید سمجھ رہے ہیں کہ ہم وہاں سڑکوں پر بیٹھے ہوئے تھے یا جنگلوں میں آباد تھے - اور جھونپڑوں میں یا درختوں پر رہا کرتے تھے - جناب والا میں عرض کروں گا کہ گو وزیر بحالیات مہاجر نہیں ہیں مگر ان کو ایسٹ پنجاب کے واقعات کا پتہ ہے - انہوں نے وہاں کا چپہ چپہ دیکھا ہوا ہے - ان کا دل اور انکی ضمیر مانتے ہیں کہ وہ کرایہ لینے میں حق بجانب نہیں لیکن پھر بھی اس محکمہ کو قائم رکھنے پر مصر ہیں - اور ڈی - آر - سی یا آر - او اپنی ڈرٹی اور کار کردگی اس میں سمجھتے ہیں کہ مہاجرین کے کپڑے اور زیور بکوا کر کرایہ وصول کیا جائے - انہوں نے ایک قسم کی سی - آئی - ڈی چھوڑی ہوئی ہے - وہ غریب لوگوں میں پروپیگنڈا کرتی ہے کہ تم اچھے مکانوں میں بیٹھے ہوئے ہو اور بالاخران کے مالک بن جاؤ گے - اسلئے کرایہ دیئے جاؤ - ان پر پریشر ڈالا جاتا ہے - کنویسنگ کی جاتی ہے - کہ تم ہی ان مکانوں کے مالک بن جاؤ گے - اور وہ بیچارے اسی خوش فہمی میں اپنی ہر چیز کو بیچ کر کرایہ ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں - کیا اس چیز کو روکا نہیں جا سکتا ؟ میں یہ عرض کروں گا کہ خدا کیلئے آپ اپنے افسران کو دیکھیں کہ وہ کیا کیا ہتھکنڈے استعمال کر کے کرایہ وصول کر رہے ہیں -

جناب والا اس کے بعد ایک اور چیز عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جن مہاجروں نے آٹھ آٹھ پانچ پانچ یا چار چار ایکڑ اراضی الاٹ کرائی ہوئی ہے - اب ان کو کہا جارہا ہے کہ آپ بیدخل ہو

جائیے اراضی ان زمینداروں کو الاٹ کی جائیگی جن کی ملکیت سے لی تھی میں یہ عرض کروں گا کہ خدا کیلئے آپ پہلے ان لوگوں کا انتظام کریں جو کسان اور کاشتکار ہیں - ٹھیک ہے کہ وہ وہاں اراضی کے مالک نہ تھے - یہ درست ہے - لیکن یہاں آکر انہوں نے اپنا ذریعہ معاش کاشتکاری بنا لیا ہے - جیسا کہ وزیر بحالیات نے اعلان کیا تھا کہ ان کو گورنمنٹ کی زمین یا ٹنڈر کی زمین دی جائے گی - میں عرض کروں گا کہ ان کیلئے ضرور فوری طور پر کوئی انتظام ہونا چاہئے -

ٹیوب ویل کی سکیم ہمارے پیش نظر ہے - لیکن بڑے بڑے افسر ٹیوب ویل کی سکیم پر حاوی ہو رہے ہیں اور زمین حاصل کر رہے ہیں - جن کے پاس پہلے ہی بہت کچھ ہے ان کو اور زیادہ دیا جا رہا ہے - میں چاہتا ہوں کہ یہ زمین کوآپریٹو basis پر غریبوں کو دی جائے - جو اپنے ہاتھ سے زمین کو کاشت کرتے ہوں -

مولوی محمد اسلام الدین (ملتان - نمبر ۱۳ - مسلم مخصوص نشست)

جناب والا - آپ کی وساطت سے چند معروضات مسئلہ زیر بحث کے ضمن میں پیش کرنا چاہتا ہوں — بڑی مشکل سے اور بڑی دقت سے آج پہ دس منٹ کا وقت ملا ہے لیکن یہ بھی ناکافی ہے کہ میں اپنے مافی الضمیر اور اس مسئلہ کے حالات کو - مہاجرین کے حالات و کوائف کو - ان کی ضروریات کو - ان کی آباد کاری کے سلسلہ میں ان کو جن تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان کو پیش کروں - میں چاہتا تھا کہ دل کھول کر آج ایوان کے ممبران کے سامنے اپنا مافی الضمیر پیش کروں اور مہاجرین کی تکالیف کو آپ کی وساطت سے ایوان کے ممبران کے سامنے پیش کروں —

جناب والا — میں یہ مانتا ہوں کہ ملک کے پیچیدہ حالات اور ان درہم برہم کرنے والے واقعات کی وجہ سے مہاجرین کی آباد کاری ایک مشکل ترین مسئلہ کی صورت اختیار کر گئی ہے — جس کے حل کا دار و مدار بہترین مساعی پر ہے - لیکن اس کے ضمن میں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ مہاجرین کا مسئلہ — ان کی تکالیف کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس کے حل پر ہی اس ملک کی آئندہ بہتری اور خوشحالی کا انحصار ہے - اس سے پہلے چند ایک ممبران اسمبلی نے مہاجرین کی تکالیف بیان کرنے کی کوشش کی ہے

لیکن ان کو جو تکالیف درپیش ہیں اگر میں انہیں بیان کرنے لگوں تو دس دن میں بھی نہیں کر سکتا — اس وقت صرف یہ بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ مہاجرین وہ لوگ ہیں جنہوں نے مشرقی پنجاب میں اپنے آبائی وطن کو چھوڑ کر — کشت و خون کے معرکوں سے گذر کر — اپنے خون کے فواروں سے اس پودے کو سینچا ہے جسے آج پاکستان کہتے ہیں - اور اسے سر سبز و شاداب کرنے کے لئے اپنی انتہائی کوششیں صرف کی ہیں - دامے — درمے قدمے سخنے غرضیکہ ہر طریق سے - یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے ناموس کو — اپنے اقتدار کو - اپنی وجاہت کو — اپنی عزتوں کو — اپنی عفتوں کو لٹا کر پاکستان کو بام عروج پر پہنچایا ہے - اور اس کی تعمیر کے لئے اساس یا بنیاد کے طور پر کام آئے ہیں — آج اگر ان لوگوں کا ان مہاجرین کا مسئلہ پیش کیا جاتا ہے تو ایوان کے ممبران اٹھکر باہر نکل جاتے ہیں - اور سمجھ لیتے ہیں کہ آبادکاری ہی کا مسئلہ ہے کوئی خاص بات نہیں - کوئی زرعی اصلاحات کا معاملہ نہیں - صرف آبادکاری کا معاملہ ہے — مہاجرین بھی بیٹھے ہیں اور وزیر بحالیات بھی - خود ہی نپٹ لیں گے -

میں آپ کے سامنے اس مسئلہ کے ضمن میں ایک چیز پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ بدعنوانیاں ہیں جو مہاجرین کے ساتھ کی جارہی ہیں - اور ان کی طرف میں آپ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں —

جناب والا — آج سے پیشتر یہ کہا جا رہا تھا کہ مہاجرین کو ایک سال کے اندر آباد کر دیا جائیگا - اور بجٹ کی تقریر میں ہمیں بتایا گیا تھا کہ مارچ کے آخر تک ¾ مہاجرین کا کام ختم ہو جائیگا — میں اپنی ضمیر کے مطابق - اپنے فہم و فراست کے مطابق اور اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ ¾ تو کیا ¼ بھی ختم نہیں ہوا یہ محض لفاظی ہے - درحقیقت کچھ بھی نہیں ہے - میں اس کے سلسلے میں دلائل پیش کروں گا جن سے میرا نقطہ نظر واضح ہو جائیگا - میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آباد کاری کس طرح ہو رہی ہے - پٹواری گرداور قانونگو اور نائب تحصیلدار - ان تین اجزا کا ایک مرکب ہے کہ جس پر فی الحقیقت مہاجرین کے آباد ہونے یا نہ ہونے کا انحصار ہے - وزیر بحالیات سے تو جب مہاجرین کے سلسلہ میں کسی چیز کے لئے کوئی کہتا ہے تو وہ ازراہ مہربانی اسکے متعلق لکھ دیتے ہیں - لیکن جب

وہ وہاں پہنچتا ہے تو وہاں یہ ہوتا ہے کہ اس پر نائب تحصیلدار رپورٹ کرتے ۔ گرداور رپورٹ کرتے ۔ پٹواری رپورٹ کرتے اور انہی رپورٹوں میں معاملہ ختم ہو کر رہ جاتا ہے ۔ میں ذاتی تجربہ کی بنا کر کہہ سکتا ہوں کہ جس سے پٹواری خوش ہو ۔ جس سے گرداور خوش ہو ۔ جس سے نائب تحصیلدار خوش ہو ۔ اس کو سمجھ لیجئے زمین مل گئی چاہے اس کا حق ہو چاہے نہ ہو لیکن اگر کسی کو کوئی افسر اعلےٰ کوئی ذمہ دار افسر سیٹلمنٹ افسر یا فنانشل کمشنر یا وزیر بحالیات زمین دینا چاہیں اور پٹواری ۔ قانونگو یا نائب تحصیلدار اس سے ناراض ہو تو کوئی امکانی صورت نہیں کہ اسے زمین مل جائے ۔ اس قسم کے واقعات میرے سامنے ہیں ۔ میں ایوان کے سامنے بہت سی مثالیں پیش کر سکتا ہوں ۔ لیکن وقت اجازت نہیں دیتا ۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ پٹواری اور گرداور اپنے ایماء سے ۔ اپنے اشارے سے نان الاٹی کو الاٹی بنا سکتے ہیں اور الاٹی کو نان الاٹی ۔ کوئی مصدقہ فرد تقسیم نہیں رکھی جاتی ۔ کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا لیکن وہ کیا کرتے ہیں۔ ایک ورق نکال لیتے ہیں اور پیسے بٹور لیتے ہیں یہ کتنی عجیب بات ہے ۔ جناب والا۔ فرد تقسیم میں کچھ نمبر لگانے کے متعلق کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ تقسیم کی رو سے اس میں جب آپ تقسیم کے cases کرائیں تو وہ درست ہو یہ لوگ تو توبہت ہتھکنڈے کرتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ کہونگا کہ ساری دنیا ایک طرف۔ پٹواری کی قابلیت ایک طرف۔ اس کے علاوہ گذارش ہے کہ جو دوسری چھوٹی چھوٹی ملکیتیں ہیں ان کے ٹکڑے ٹکڑے کئے جا رہے ہیں۔ مہاجرین کو وہ ایکڑ زمین یہاں دی ہے نیز مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان میں جو زمین ہے وہ دریا کے پاس ہے ۔ کچھ وہاں چلے گئے ہیں باقی بوریا بستر باندھ کر یہاں پڑے ہیں ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چھوٹی ملکیتوں کے ٹکڑے کر دئے گئے۔ یہ ایسی بات ہے کہ آپ سب سمجھتے ہیں اور میں بھی سمجھتا ہوں۔ پھر ایک کلہ الاٹ کر دیا گیا ہے اور الاٹمنٹ کو ترجیح دی گئی ہے۔ جب کلیم فارم پہلے آتے ہیں اور ان کو ترجیح دی کر بقایا کی نسبت دریافت کیا جاتا ہے تو اس وقت کوئی پرسان حال نہیں ہوتا ۔ معلوم نہیں کہ وہ رقبہ اگر ہمیں الاٹ کیا گیا تو جو بقایا زمین موجود رہے اس کا بندوبست کب ہوگا ۔ میں صرف یہ عرض کرونگا کہ اب اس کی قیمتیں لگائی جائیں اور یہ جو مہاجر سکیم تجویز کی گئی ہے یہ سخت نقصان دہ ہے جن مزارعین کے لئے قانون بنایا گیا ہے وہ پھر ۱۰۰

ایکڑ یا اس سے کم زمین چھپا چھپا کر کاشت کرتے ہیں۔ لیکن جناب والا کاشت کے لئے مہاجرین کو کوئی زمین نہیں دی گئی اور اس کے متعلق میرا خیال ہے کہ انہیں ۲۵ ایکڑ دی جائے۔ میری یہی دست بدستہ عرض ہے۔

سردار محمد حسین۔ (لاہور ۳ مسلم) جناب والا اس ہاؤس میں محکمہ بحالیات کے متعلق ذکر کیا گیا ہے۔

صاحب سپیکر۔ ذرا بلند آواز سے۔

سردار محمد حسین۔ جناب والا اس سلسلہ میں کل سے تقریریں ہو رہی ہیں اور چاروں طرف سے یہ آوازیں آرہی ہیں۔ کہ پٹواری قانون گو تحصیلدار چلا رہے ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ سب یہ کچھ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے نفاذ کی لعنت کا نتیجہ ہے اگر یہاں اسلامی آئین کے مطابق سزائیں سخت ہوتیں تو اس کا قلع قمع ہوجاتا اور ہر شخص ایمانداری سے کام کرتا۔ مگر اس بارے میں کچھ انتظام نہیں ہو سکا۔ اس کام کو دراصل اسلامی قوانین کے مطابق نہیں چلایا جاتا۔ اس کے بعد میں آنریبل وزیر مہاجرین کی خدمت میں ضلع لاہور کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ تو ہم سمجھتے ہیں کہ اس ضلع کی زمین کا نمبر بہت زیادہ لگایا گیا ہے حالانکہ یہاں کی زمین بالکل ناقص ہے نیز نہر کی بندی ہے۔ چار سال سے مسلم لیگ کی طرف سے ریزولیشن بھیجے گئے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی اس کے بعد جب آنریبل وزیر صاحب کی خدمت میں پیش ہو کر یہ مطالبہ پیش کیا گیا تو انہوں نے حالات دیکھکر ۲۵ فیصدی نمبر کم کر دئے ان کے اس اچھے اقدام پر ضلع لاہور کے مہاجرین نے متفقہ طور پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے پورے تدبر کا ثبوت دیا اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معزز ایوان میں جتنی تقریریں ہوئی ہیں وہ سب زیادہ تر مہاجرین کے مخالف ہی تھیں۔ مہاجرین کے حق میں ایک لفظ بھی نہیں کہا گیا۔ جو مہاجرین لاہور کی سرحد پر تھے اور دور چلے گئے ان کی حالت مخدوش ہے اور جو مزارعین سرحد لاہور کے نزدیک آباد ہیں اس وقت ان کی طرف بھی زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مقامی مزارعین جو غیر مسلموں کی زمین کی کاشت کرتے تھے وہ بھی اس وقت کس مپرسی کی حالت میں بیٹھے ہیں۔ جو مہاجرین سرحد کے اوپر ہیں ان کو جب مکانات کی تقسیم کرنے کے بعد بقایا زمین مل جائے گی تب انکی بحالی ہوگی۔ لیکن یہ تو اس وقت ہو سکتا ہے جب خاص

طور پر سرحد کی الاٹ منٹ بند ہو جائے۔ پھر اور لوگوں کے آ جانے کا موقع کم ہوگا نیز یہ عرض ہے کہ ضلع لاہور کے ۶۰ دیہات دریائے ستلج کے پار ہو گئے ہیں ان پر حکومت ہند کا ناجائز قبضہ ہے اور ابھی تک پاکستان حکومت ان کو حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی—سرحد کے لوگ جو پاکستان کی حفاظت کرتے رہے ہیں ان کا بھی انتظام ہونا چاہئے ان کو مہاجر تسلیم کرنا چاہئے ۶۰ گاؤں دریا کے پار ہیں—وہاں فوج بھیج کر انہیں آباد کرنے کی طرف دھیان دیں—کیونکہ مقامی افسران ذمہ نہیں اٹھاتے اور نہ ہی وہ وہاں کسی قسم کی حفاظتی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں—آپ کو معلوم ہوگا کہ وہاں پر گولیاں چلائی گئیں—جس کی وجہ سے ۷۰ آدمی شہید ہوگئے مگر حکوت کے افسران نے وہاں کوئی انتظام نہیں کیا—اس لئے گذارش ہے کہ دریا کے پار دیہاتی علاقوں میں جو لوگ پڑے ہیں انہیں مہاجرین تسلیم کیا جائے ان کو پاکستان میں زمین الاٹ کی جائے—اس کے بعد دوسری گذارش یہ ہے کہ سرحد کی زمین کے متعلق گورنمنٹ کو چاہئے کہ تحقیقات کرکے نمبر لگائے—دریا کے پار کی زمین کا گورنمنٹ کو شاید علم نہیں ہے کہ ان رقبوں کے چند نمبر بڑے غلط ہیں—چنانچہ اب میں آنریبل وزیر بحالیات کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ ضلع لاہور کے دونوں نمبروں کو اچھی طرح ملاحظہ فرما کر انکے مناسب نمبر لگائیں—اس کے بعد دوسری گذارش یہ ہے کہ جو مزارعین زیادہ دور ہیں یعنی لاہور کے ضلع سے باہر چلے گئے ہیں ان کے متعلق آنریبل وزیر بحالیات نے ہمیں اطمینان دلایا ہے کہ جو زمین بچے گی وہ اسے ان مزارعین کو الاٹ کرنے کی کوشش کرینگے—اس لئے ان کی خدمت میں میں یہ عرض کرونگا کہ وہ صاف طور پر اعلان فرمائیں تاکہ مزارعین کی حالت بدتر نہ ہو جائے—یہ لوگ پاکستان کے حصول میں برابر کے شریک تھے—سرحد کے جو لوگ وہاں بستے ہیں ان کا بھی مکمل انتظام ہونا چاہئے— یہی لوگ ہیں جو وقت پڑنے پر سینہ سپر ہونگے اور انہیں کی ہمت پر سارے پاکستان کی حفاظت کا دارومدار ہے—اس لئے میں واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو بے چینی پھیلی ہوئی ہے اس کو دور کرنے کے لئے کسی definite policy کا اعلان فرمایا جائے—

جناب والا یہاں کہا گیا ہے کہ زمینیں دیہاتیوں کو الاٹ نہیں ہو رہی—میں دعوے سے کہتا ہوں اس میں کوئی خوشامد نہیں ہے،

میں بھی ہمیشہ opposition میں رہا ہوں میں سترہ اٹھارہ سال سے ممبر چلا آرہا ہوں اور میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ پہلے کی نسبت تیزی سے کام ہو رہا ہے—چار سال میں تین چار دیہات میں allotments ہوئی تھیں لیکن گزشتہ تقریباً نصف سال میں بہت زیادہ allotments ہوئی ہیں اور مزید بڑی تیزی سے ہو رہی ہیں—جو پٹواری قانونگو گرداور اس محکمہ میں ہیں ان کو آنریبل وزیر صاحب ڈانٹ ڈپٹ کر رہے ہیں لیکن میرے خیال میں مزید توجہ کی ضرورت ہے—ابھی لوگ بے چین ہیں ابھی محکموں میں رشوت ستانی کا دور دورہ ہے—اس لئے آپ کو چاہئے کہ محکمہ انسداد رشوت ستانی کے ذریعہ سے یا C. I. D. لگا کر اہلکاروں کے خلاف کاروائی کریں جو اس بے چینی کا موجب ہیں—

(اس مرحلہ پر اجلاس اسمبلی نماز عصر کے لئے ملتوی ہو گیا)

(نماز عصر کے بعد اسمبلی کا اجلاس دوبارہ منعقد ہوا)

وزیر بحالیات (عزت مآب شیخ فضل الٰہی پراچہ): جناب والا مہاجرین کی آباد کاری ایک انتہائی اہم — پیچیدہ اور مشکل مسئلہ ہے اس موضوع پر طویل بحث اور تنقید کا ہونا لازمی تھا— اور میں اس معزز ایوان کے برگزیدہ ممبران کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار فرما کر مجھے مستفید فرمایا ہے — حضور والا — آپ کو علم ہے کہ جب ہمارے مہاجر بھائی لاکھوں کی تعداد میں لٹ پٹ کر اور خون میں لت پت یہاں آئے تو اس وقت ہماری مسلم لیگ کی ہی گورنمنٹ تھی جس کے قائد ہمارے محترم نواب ممدوٹ صاحب تھے — حضور والا — آپ کو یہ بھی علم ہے کہ اس وقت جو طرز عمل اختیار کیا گیا وہ یہ تھا کہ مہاجرین کو پہلے کیمپوں میں رکھا جائے اور وہاں سے مختلف اضلاع میں انہیں بھیج دیا جائے اور بغیر کسی set پالیسی کے افسران ضلع سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ وہ غیر مسلم تارکین کی متروکہ جائیدادیں اس طرح سے الاٹ کریں کہ وہ مہاجرین کو آباد کر سکیں — حضور والا — اس وقت کی مشکلات کا آپ کو علم ہے کہ اس وقت اضلاع میں ایڈمنسٹریشن تقریبا نیم مردہ ہو چکی تھی — افسران اور دیگر اہلکاران جن کی زیادہ تعداد غیر مسلموں کی تھی وہ جا چکے تھے اور جو اہلکاران باقی رہ گئے تھے وہ نا تجربہ کار تھے — حضور والا اس پر طرہ یہ کہ ہماری اس وقت کی گورنمنٹ نے لوکل معززین کو آنریری سپیشل مجسٹریٹ مقرر کر دیا تا کہ متروکہ جائیداد کے سنبھالنے میں اور ان کے الاٹ کرنے میں افسران

ضلع کی امداد کریں — حضور والا ان اشخاص کو بڑی فیکٹریاں اور اور کارخانے الاٹ کرنے پر مامور کیا گیا جن میں اس کام کی صلاحیت نہ تھی اور جن کو کبھی ایسے کاروبار سے واسطہ نہ پڑا تھا — حضور والا ! اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بڑی بڑی فرمیں اور فیکٹریاں ایسے لوگوں کو الاٹ کر دی گئیں جنہوں نے شاید اپنی زندگی میں کبھی ان کی شکل بھی نہ دیکھی تھی — حضور والا ! آپ کو یہ بھی علم ہے کہ مہاجرین کے لا تعداد جتھے مغربی پنجاب میں آنے شروع ہوئے اور ایسی مشکلات کا سامنا گورنمنٹ کو کرنا پڑا کہ وہ بغیر سنٹرل گورنمنٹ کی امداد کے کچھ نہ کر سکتی تھی — چنانچہ حضور کو علم ہے کہ بہت سے افسران سینٹرل گورنمنٹ سے یہاں آئے اور خود ہمارے مرحوم وزیر اعظم قائد ملت خان لیاقت علی خان بھی یہاں کافی عرصہ مقیم رہے حضور والا اس وقت ہماری گورنمنٹ نے میاں افتخار الدین صاحب کو مہاجرین کا وزیر مقرر کیا اور راجہ غضنفر علی خان صاحب سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے مہاجرین کے وزیر مقرر ہوکر یہاں تشریف لائے —حضور والا میں نے یہ واقعات اس لئے عرض کئے ہیں تاکہ آپ کو علم ہوجائے کہ موجودہ آبادکاری سکیم کا پس منظر کیا تھا - حضور والا ! اس وقت ہماری گورنمنٹ کی رضامندی سے ایک پاکستان پنجاب جائینٹ ریفوجی کونسل مقرر کی گئی - جس کے پریزیڈنٹ وزیر اعظم پاکستان خان لیاقت علی خان تھے اور وائس پریزیڈنٹ سر مودی تھے - جو اس صوبہ کے گورنر تھے اور اس میں صوبہ پنجاب کے بھی دو ممبر تھے ایک ہمارے چیف منسٹر صاحب اور دوسرے ہمارے وزیر مہاجرین اور سینٹر کی طرف سے وزیر مہاجرین اور وزیر خزانہ ممبر تھے حضور والا ان کی تجاویز پر پہلے یہ فیصلہ ہوا کہ عارضی طور پر جو لوگ بسائے جائیں ان کو پانچ پانچ یا آٹھ آٹھ ایکڑ زمین فی کنبہ دی جائے اور جو شہری جائداد ہو وہ افسران آباد کاری مناسب طور پر مہاجرین میں تقسیم کریں - حضور والا اس کے بعد جو معاہدہ دونوں ڈومینین کے درمیان ہوا اس کی بنا پر دو آرڈیننس کا نفاذ کیا گیا - ایک آرڈیننس تھا متروکہ جائیداد کی حفاظت کے متعلق اور دوسرا تھا ریہیبلیٹیشن آف ریفوجیز کے متعلق ان دو آرڈیننس کے ماتحت تمام اختیارات جو متروکہ جائیداد کے متعلق تھے وہ سینٹرل گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ میں رکھے اور اسے سینٹرل subject بنا دیا حضور والا اس آرڈیننس کی رو سے جو متروکہ جائیداد کے متعلق تھا

کسٹوڈین کو پورے اختیارات دیئے گئے کہ وہ متروکہ جائیداد کی دیکھ بھال کرے اور ہر تارک وطن کی جائیداد کی آمدنی کا حساب علیحدہ علیحدہ رکھے حضور والا ! پھر دو کمشنر مقرر کئے گئے ایک ریہیبلیٹیشن کمشنر جنرل اور دوسرا ریہیبلیٹیشن کمشنر لینڈز اور ان کے تقرر کا اختیار بھی سنٹرل گورنمنٹ نے اپنے پاس رکھا نہ صرف ان کے تقرر کا اختیار بلکہ ایڈیشنل آر سی کے تقرر کا اختیار بھی سینٹر نے اپنے پاس رکھا حضور والا ! ستمبر ۱۹۴۸ میں جائینٹ ریفوجی کونسل نے یہ فیصلہ کیا کہ ہر مہاجر کو جو اپنی زمین (خواہ اس کی ملکیت ہو یا موروثیت) مشرقی پنجاب یا دوسرے مقرر کردہ علاقوں میں چھوڑ آیا ہو اسے اسی قیمت کی زمین پیداوار کے لحاظ سے نیم مستقل طور پر یہاں دے دی جائے۔

چنانچہ اس پر ایک اور آرڈیننس نافذ ہوا جس کی رو سے ہر مہاجر بھائی سے جو وہاں کچھ زمین چھوڑ کر آئے ایسے claims مانگے گئے ۔ یہ تمام واقعات مسلم لیگ حکومت کے عہد میں ہوئے ۔ اور اس پر نہ صرف حکومت پنجاب بلکہ سنٹرل گورنمنٹ کو بھی اتفاق تھا ۔ دونوں کی منظوری سے یہ احکام صادر ہوئے ۔ اس کے بعد چونکہ دونوں طرف کی زمینوں کی قیمتوں کا تعین کرنا تھا اس لئے جائینٹ رفیوجی کونسل نے نہایت قابل ریٹائرڈ فنانشل کمشنر میاں عبدالعزیز مرحوم کو اس کام کے لئے مقرر کیا اور انہوں نے پروڈیوس انڈکس تیار کیا ۔ اس وقت ہمارے مشیر صاحبان تشریف لاچکے تھے ۔ انہوں نے اس کا مطالعہ کیا اور اپریل ۱۹۵۰ میں جائنٹ رفیوجی کونسل میں وہ پاس کیا گیا ۔ اس کی رو سے جو فیصلہ ہوا تھا وہ یہ تھا کہ مہاجرین کو پروڈیوس انڈکس کے تحت اپنے تصدیق شدہ claims کے مطابق اراضی دی جائے گی ۔ اس کے بعد دسمبر ۱۹۵۰ میں ہماری صوبائی مسلم لیگ نے اپنا انتخابی منشور شائع کیا جس کی طرف میں معزز ایوان کی توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں ۔

اراضیات کے متعلق منشور حسب ذیل درج ہے ۔

۱ ۔ مہاجرین کو جو مشرقی پنجاب اور دوسرے منظور کردہ علاقوں میں اپنی زمین رکھتے تھے مساوی قیمت کی زمینیں الاٹ کی جائیں گی ۔ بڑے بڑے زمیندار اس سلسلہ میں مستثنیٰ قرار دیئے جائیں گے اور اپنی حکومت کی طرف سے معین کردہ ایک خاص حد تک زمین الاٹ ہوسکے گی ۔

۲—مہاجرین سے جن کی مشرقی پنجاب اور دوسرے علاقوں میں اپنی زمینیں تھیں سہ گنہ مالیہ جو اب تک وصول کیا جارہا ہے جتنی جلدی ممکن ہو ختم کردیا جائیگا ۔

۳—پیداواری انڈکس جو کہ صوبائی حکومت نے متروکہ زمینوں کی قیمتوں کی تعین کے لئے تیار کیا ہے از سر نو مرتب کیا جاوے گا ۔

حضور والا ! یہ تھا ہمارا منشور اراضیات زرعی کے متعلق اسی طرح شہری آباد کاری کے متعلق ان کا یہ اعلان تھا کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی ایسے اقدامات کرے گی کہ دکانوں اور مکانات کی تمام عارضی الاٹمنٹوں کو وقتی طور پر مستقل کردیا جائے گا ۔ متروکہ جائدادوں کے کرایہ میں ممکن حد تک کمی کرنے کے اقدامات کئے جائیں گے ۔ مہاجرین کے لئے چھوٹی چھوٹی بستیاں آباد کرنے اور ان مہاجرین کو جو اپنے مکان بنانا چاہیں سستا عمارتی سامان مہیا کرنے کے امکانات پر غور کیا جائے گا ۔ حضور والا یہ تھا ہمارا منشور جس کا ہم نے اعلان کیا اور میں آج یہ دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کی اس وزارت نے اس منشور کے مطابق من و عن عمل کرنے کی کوشش کی ہے اور جہاں تک ممکن ہوسکتا ہے اس میں کامیابی حاصل کی ہے ۔جب موجودہ وزارت نے عنان حکومت سنبھالتے ہی آبادکاری کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ تقریباً ۳۶ لاکھہ ایکڑ زمین پر مہاجرین کے خاندان پانچ ایکڑ سے لے کر آٹھہ ایکڑ تک آباد کئے گئے ہیں ۔ اس کے علاوہ کچھہ ۶۶ ہزار ایکڑ رقبہ سرکاری بھی تھا جو ان کو الاٹ کیا گیا تھا ۔ یہ پوزیشن تھی اس وقت جبکہ آپ کی حکومت نے یہ کام سنبھالا ۔ اپریل ۱۹۵۱ میں یہ منسٹری form ہوئی اور یکم مئی کو تمام ضلع کے افسران : کمشنروں اور فنانشل کمشنروں کی ایک میٹنگ طلب کی گئی ۔ اور ان پر وضاحت کی گئی کہ اس حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ جتنی جلدی ہوسکے مہاجرین کو منشور کے مطابق اراضیات پر آباد کیا جاوے ۔ حضور والا ! جائنٹ زفیوجی کونسل سے اجازت لئے بغیر میں نے اپنے افسران کو ہدایت کی کہ پروڈیوس انڈکس پر از سر نو غور کریں اور اس میں جو جو تبدیلیاں مناسب ہوں کی جائیں ۔ میرے دوست چوہدری علی اکبر صاحب نے اس پر نکتہ چینی کی ۔ کہ جو اصول میں نے مانا تھا اس پر عمل نہیں ہوا میں آپ حضرات کا

زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ صرف یہ عرض کروں گا کہ جو اصول یہ میں نے مان لیا تھا اور جس کے مطابق احکام اپنے افسران کو دئیے تھے — ان کے مطابق جب کاغذات میرے پاس تیار ہو کر آئے تو میں نے محسوس کیا کہ ہمارے بہت سے مہاجر بھائیوں کو اس سے زیادہ نقصان ہوتا ہے —اس کی وجہ یہ تھی کہ پہلا پروڈیوس انڈیکس پختہ پیداوار کی بنا پر تیار کیا تھا اور نیا اصول یہ تھا کہ کاشت شدہ رقبہ کی بنا پر بنایا جاوے —ضلع کرنال کے اعداد و شمار پر اگر غور کیا جاوے تو یہ امر واضح ہو جاویگا کہ نئے اصول سے وہاں کس قدر نقصان ہوتا ہے—کرنال تحصیل کے پہلے ہی تین قسم کی اراضیات کے پروڈیوس انڈکس جو دئیے گئے تھے وہ ۶۰—۶۰ اور ۵۵ ہیں اور نئے اصول سے وہ ۴۴—۴۵ اور ۲۹ ہوتے ہیں— اسی طرح تحصیل پانی پت کی بھی دو قسم کی اراضی کے نمبرات پروڈیوس ۶۷ اور ۶۲ ہیں اور نئے اصول سے وہ ۵۱ اور ۱۰ بنتے ہیں—آپ اندازہ کر سکتے ہیں اس اصول کے مطابق عمل کرنے سے کتنا نقصان ہوتا (آوازیں — کس اصول کے مطابق ؟) اگر میں کاشت شدہ رقبہ کی اصول کو برتتا اور اس حساب سے پروڈیوس انڈکس میں دیا جاتا تو جو مہاجر بھائی جنوب مشرقی اضلاع سے آئے ہیں ان کو زیادہ نقصان ہوتا—اگرچہ وسطی اضلاع کے مہاجر بھائیوں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے—اس لئے میں نے یہ تجویز کی کہ ہم کچھ ایسا فارمولا بنائیں جس سے جنوب مشرقی اضلاع والوں کو فائدہ پہنچ جائے—چنانچہ حضور والا میں نے ایسا ہی کیا—اور آج جو مہاجر بھائی پروڈیوس انڈکس کے متعلق شکایت کرتے ہیں وہ یہ نہیں کہتے کہ ہمارا کم ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمارے نمبرات ہوشیار پور کی نسبت جالندھر کی نسبت امرتسر کی نسبت کم ہیں—حضور والا ! یہ صحیح ہے کہ ان کے نمبر بڑھائے گئے اور ان کے بڑھانے کی وجہ یہ تھی کہ ان کی پیداوار کاشت شدہ رقبہ کے حساب سے زیادہ آئی تھی—یہ کہنا غلط ہے کہ اس پروڈیوس انڈکس سے کسی کو نقصان پہنچا ہے—ممکن ہے کہ بعض جگہ کا بند و بستی ریکارڈ ٹھیک نہ ہو—مگر سوائے اس ریکارڈ کے اور کسی ریکارڈ پر عمل بھی نہیں کیا جا سکتا—مہاجرین کے فائدے کے لئے اس طرف کے بعض اضلاع کے نمبر کم کر دئیے گئے ہیں مثلاً ضلع لاہور میں جس کو سو ایکڑ اراضی ملتی تھی اس کو ۱۲۵ ایکڑ دی جا رہی ہے —جو میو بھائی الور بھرتپور اور گوڑگاؤں سے آئے وہ سب لاہور میں آباد ہیں انہیں اب کوئی شکایت نہیں ہونی چاہئیے—لائلپور کے ضلع

میں بعض جگہ سیم کا خطرہ تھا—میرے بھائی جانتے ہیں کہ وہاں میں نے ۲۰ سے لیکر ۶۰ فیصدی تک ان کو فائدہ پہنچا دیا ہے (تالیاں) حضور والا ! شیخوپورہ کے ضلع کو لیجئیے وہاں میں نے ۲۰ فیصدی نمبرات کی کمی کر دی ہے —اور افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فیاضی سے کام لیتے ہوئے ۴۰ فیصدی تک رعائیت دے سکتے ہیں—آپ کمی کر سکتے ہیں کہ A.D.C کو زیادہ اختیار دیا گیا ہے مگر اس کے بغیر اور چارہ کار ہی کیا ہے۔

حضور والا! Produce Index کے معاملہ میں کافی فیاضی سے کام لیا جا رہا ہے ۔ جب بھی کوئی وجہ کہیں بڑھانے کی نکل آتی ہے جس سے مہاجرین کو فائدہ ہوتا ہو۔ تو اسے بڑھا دیا جاتا ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے مہاجر بھائیوں کو جسطرح بھی ہو سکے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے اور ہمارے کام سے ان کی تسلی ہو سکے ۔ مگر میرے بعض بھائی اس پر بھی ناراض ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ جو اراضیات دی جا رہی ہیں وہ بالکل ناکافی ہیں ۔ حکومت نے اپنے پاس اتنی اراضیات رکھی ہوئی ہیں اور اس کے پاس اتنی گنجائش ہے کہ اگر آٹھ آٹھ ایکڑ کے حساب سے بھی تقسیم کی جائیں تو بھی حکومت کو کوئی دقت پیش نہ آئے ۔ اس سلسلہ میں میری عرض یہ ہے کہ غیر مسلم جو رقبہ یہاں چھوڑ گئے ہیں وہ ۶۶۶۶ لاکھ ایکڑ کے قریب ہے اور جو ہمارے مسلمان مہاجر بھائی مشرقی پنجاب چھوڑ آئے ہیں وہ ۴۰ لاکھ ایکڑ تھا ۔ اس کے علاوہ الور اور بھرت پور میں دو لاکھ ایکڑ اور مشرقی پنجاب کی دیگر ریاستوں میں پانچ لاکھ ایکڑ۔ اگر اس کا فرق نکالا جائے تو وہ تیرہ لاکھ ایکڑ کے قریب ہماری طرف زائد بچتا ہے۔ مگر اس تمام رقبہ میں بنجر قدیم اور بنجر جدید ۔ پہاڑی۔ دریائی اور ریتلے رقبے بھی شامل ہیں جن کو کوئی مہاجر لینے کے لئے تیار ہی نہیں ۔ حالانکہ اس قسم کے رقبے ہمارے مہاجرین بھائی مشرقی پنجاب میں بھی چھوڑ آئے ہیں ۔ اور حضور والا ہم یہاں بنجر جدید ۔ بنجر قدیم اور غیر ممکن اراضیات جن میں کچھ پیدا ہی نہیں ہوتا کے عوض بھی ہم مہاجر بھائیوں کو قابل کاشت اراضیات دے رہے ہیں تاکہ اُن کی تسلی ہو سکے ۔ مگر افسوس تو اس امر کا ہے کہ ہر مہاجر بھائی یہ چاہتا ہے کہ اسے لائلپور یا منٹگمری ہی میں رقبہ ملے ۔ سب کو تو ان اضلاع میں کھپانا ناممکن ہے۔ میں نے تو بارہا ان کی خدمت میں عرض کی ہے کہ جھنگ کا ضلع بھی اچھا ہے۔ وہاں تشریف لے جائیے ۔ اس کے علاوہ راولپنڈی ۔ جہلم اور اٹک کے اضلاع ہیں ۔ ان

میں آپ کو زمینیں دی جا سکتی ہیں ۔ وہاں آباد ہو جائیے ۔ مگر ان اضلاع میں جانے کا تو کوئی نام نہیں لیتا ۔ وہاں کی زمینیں انہیں پسند نہیں ۔ اور آج تک خالی پڑی ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آخر انبالہ ڈویژن کی اراضیات کونسا سونا اگلا کرتی تھیں جو آپ کو ان کے مقابلے میں لائلپور اور منٹگمری کے سوا کسی ضلع کی زمین جچتی ہی نہیں۔ پھر اعتراض ہے کہ اگر لائلپور اور منٹگمری کے اضلاع میں نہریں نہ ہوں تو وہاں کی زمینیں کوڑی کی نہیں رہتیں وہاں کا پروڈیوس انڈکس زیادہ نہیں ہونا چاہیے ۔ جو مہاجرین لائلپور اور منٹگمری کے اضلاع میں اراضی لینا چاہتے ہیں ۔ کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ حصار ۔ رہتک اور کرنال کی اراضی کا لائلپور کی اراضی سے مقابلہ کر سکتے ہیں ۔ (تالیاں) اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی مشرقی پنجاب میں چھوڑی ہوئی اراضیات لائلپور اور منٹگمری کی اراضیات سے بہتر تھیں اور یہ اراضیات کم حیثیت کی ہیں تو پھر وہ لائلپور اور منٹگمری میں اپنی آبادکاری پر اتنا زور کیوں دیتے ہیں ۔ وہ ڈیرہ غازی خاں کیوں نہیں جاتے یا پنجاب کے دیگر اضلاع میں آباد کیوں نہیں ہونا چاہتے۔

حضور والا ! میں اس موضوع پر آپ کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا ۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اگر اسطرح میں اپنے معزز بھائیوں کے اعتراضات کا جواب دینے لگوں تو ممکن ہے نوبت یہاں تک پہنچ جائے کہ میں اپنے بعض معزز بھائیوں کو ناخوش اور ناراض کر بیٹھوں ۔ حالانکہ میری خواہش یہ ہے کہ اور میں حتی الوسع کوشش اس امر کی کرتا ہوں کہ میرے مہاجر بھائی خوش رہیں ۔ دراصل بات یہ ہے کہ مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ اس قدر پیچیدہ ہے۔ اور مہاجرین کو خوش رکھنا اس قدر مشکل ہے کہ بعض اوقات تو میں مایوس ہی ہو جاتا ہوں ۔ (آوازیں آپ مایوس نہ ہوں)۔

حضور والا ! موجودہ سکیم آبادکاری کے متعلق بعض اصحاب نے فرمایا ہے کہ یہ آبادکاری نہیں بلکہ بربادکاری ہے ۔ جب مہاجر بھائیوں کی اتنی اراضی جتنی کہ وہ پیچھے چھوڑ آئے ہیں یہاں دی جا رہی ہے اور ان سے اب اس کا لگان وصول کرنا بند کردیا گیا ہے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ جو زمین کہ متروکہ اراضیات میں سے بچ جاوے اور سرکاری زمین بھی ان مہاجر بھائیوں کو دیجاوے جن کے پاس گزارہ کے لئے کافی زمین نہ ہو اور خود کاشت کرتے ہوں ۔ اور اس کے علاوہ جب تھل میں بھی انکے لئے الاٹمنٹیں مخصوص کر دی گئی ہوں تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ

یہ اقدامات بربادکاری کے لئے کیسے ہو سکتے ہیں - یہ صحیح ہے کہ مہاجرین کی اراضیات پرآبادکاری کی یہ سکیم تا حال نیم مستقل ہے کیونکہ دونوں ڈومینینوں کے معاہدہ کے مطابق تا حال غیر مسلم تارکین یہاں کے اراضیات کے بدستور مالک ہیں اور ایسے ہی ہمارے مہاجر بھائی اپنی ادھر کی اراضیات کے مالک ہیں اور ملکیت کے پورے حقوق مہاجرین کو نہیں مل رہے۔

حضور والا ! ان ڈومینینوں کے معاہدوں کے متعلق اس ایوان میں کہا گیا ہے کہ ان پر عمل پیرا ہونے کی کیا ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں میری گزارش یہ ہے کہ غزوہ بدر یا حنین (مجھے اچھی طرح یاد نہیں) کے موقع پر کچھ مسلمان فوجی پکڑے گئے تھے - مگر اس شرط پر چھوڑے گئے کہ وہ لڑائی میں حصہ نہ لینگے - حضور آپ بخوبی جانتے ہیں کہ چونکہ اس موقع پر مسلمانوں کی فوج کی تعداد بہت کم تھی - اس لئے ان فوجوں نے اپنے آپ کو پیش کیا کہ ہم لڑائی میں حصہ لینے کیلئے تیار ہیں - مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے وعدے پر قائم رہے (تالیاں) کیونکہ معاہدے کی پابندی پر ہمارے رسول مقبول نے حد سے زیادہ زور دیا ہے۔ اس لئے آج میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم بھی بحیثیت مسلمان اپنے معاہدے کی حتی الوسع پابندی کرینگے - اس سلسلے میں مجھے ایک اور واقع یاد آ گیا ہے جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں - ایک دفعہ مسلمانوں نے ایک قصبے کے دفاع کی ذمہ داری لی اور وہاں سے اس کا معاوضہ جزیے کی صورت میں وصول کیا - مگر کچھ عرصہ بعد انہوں نے محسوس کیا کہ وہ اس کا دفاع خاطر خواہ طریق پر نہیں کر سکتے - لہذا وہ وہاں سے واپس نکل آئے اور اس قصبے کے لوگوں کو وصول کردہ ایک ایک پائی واپس کر دی -

حضور والا ! عرصہ ہوا کہ مجھے Crusades کے متعلق ایک غیر مسلم مورخ کے بیان کردہ واقعات پڑھنے کا اتفاق ہوا - اس میں اس نے لکھا تھا کہ اس زمانے کے مسلمان تو جو وعدہ کرتے تھے وہ پورا ضرور کرتے تھے - مگر Crusades کے وعدے بیشتر ایسے ہوتے تھے جو پورے نہ کئے جاتے تھے - میری گزارش ہے کہ اگر آج ہم مسلمان ہوتے ہوئے اپنے وعدوں کو پورا نہ کریں گے تو اس سے اسلام کی عظمت بلند نہ ہو سکے گی - ہم تو ان تمام وعدوں کے پابند ہیں جو حکومت پاکستان نے بھارت کی گورنمنٹ سے کئے ہیں -

حضور والا ! اس ایوان میں بعض معزز اراکین نے عملہ بحالیات کے طرز عمل پر سخت نقطہ چینی کی ہے میں تسلیم کرتا ہوں کہ چھوٹے اہل کاروں کا رویہ عام طور پر درست نہیں کہ رشوت ستانی بھی عام ہے اور کئی جگہ بے ضابتگیاں بھی ہوئی ہونگی ۔ مگر جب تک عوام اور مہاجرین کا تعاون نہ ہو ان بدعنوانیوں کا تدارک نا ممکن ہے۔ جب تک عوام کا اخلاق بلند نہیں ہوتا رشوت ستانی کا مکمل سد باب نہیں ہو سکتا ۔

حضور والا ! نیازی صاحب نے ایک نائب تحصیلدار کی سزایابی کے سلسلے میں شکایت کی تھی ۔ میں عرض کرونگا کہ یہ نائب تحصیلدار محکمہ پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل رہ چکا تھا اور اس کے خاندان نے مسلم لیگ کی خدمت کی تھی ۔ وہ ذاتی طرر پر اگرچہ نائب تحصیلداری کے منصب کا اہل نہیں تھا تاہم اس کی خاندانی خدمات اور اثر و رسوخ کے باعث اسے یہ عہدہ مل گیا تھا۔ مگر اس نے اس عہدے سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے اور اپنے خاندان کے کئی افراد کے نام لاہور ہی میں جہاں وہ تعینات تھا اراضی الاٹ کر لی تھی ۔ اگرچہ اس پر رحم کرنے کے حق میں اس کی خاندانی خدمات اور دیگر سفارشات بھی تھیں ۔ مگر میں نے اصل واقعات کا علم ہو جانے کے بعد اس کو اس منصب کے نا اہل سمجھا اور اسے علیحدہ کر دیا گیا ۔ پولیس کے محکمہ کی ملازمت اسے نائب تحصیلداری کے اعلیٰ ذمہ داریوں کی اہل نہیں بنا سکتی تھی ۔ نہ ہی اس نے نائب تحصیلداری کی training لی تھی۔ پھر وہ ۵۰ روپیہ سے زائد تنخواہ لے رہا تھا اور قواعد کے مطابق وہ اپنے نام اراضی الاٹ نہیں کرا سکتا تھا جو اس نے کرائی ۔ دوسری شکایت نیازی صاحب نے ڈی ۔ آر ۔ سی کے سلسلے میں کی ۔ میں نے ان کی شکایت پر ایک نہایت ہی سینئر اور ذمہ دار افسر کو تحقیقات پر مقرر کر دیا جنہوں نے مکمل تفتیش کے بعد رپورٹ کی کہ اگرچہ چند ایک معمولی بے قاعدگیاں اس سے سر زد ہوئی ہیں مگر اس کے خلاف اصل شکایات سب جھوٹی ثابت ہوئی ہیں ۔ اس لئے اگر میں اس ڈی ۔ آر ۔ سی کو سزا نہیں دے سکا تو نیازی صاحب کو ملال نہیں ہونا چاہئے تھا ۔ میں نے تو ان کی شکایت کی بنا پر مکمل انکوائری ایک سینئر افسر کے ذریعے کرائی تھی ۔

حضور والا ! کل دس لاکھ ۸۳ ہزار ۲۶۵ کلیمز (claims) برائے تصدیق سنٹرل ریکارڈ آفس میں آئے تھے اور ان سب کی تصدیق ہو چکی ہے سنٹرل ریکارڈ آفس نے شب و روز محنت سے کام کیا ہے ۔ اور ۳۱ جنوری تک تمام حقوق کی تصدیق مکمل ہو گئی۔ کیا یہ معجزہ نہیں ہے؟ (ایک آواز— معجزہ پیغمبروں سے

منسوب ہوتا ہے آپ اسے کرامت کہئے) جناب والا ! میں کوئی مولوی یا عالم فاضل نہیں ہوں میرا مطلب صرف یہ تھا کہ اتنے بڑے کام کو اتنی تھوڑی دیر میں سر انجام دینا کوئی معمولی بات نہیں تھی - میں اس سلسلے میں چوہدری سلطان محمد خاں صاحب افسر انچارج سنٹرل ریکارڈ آفس کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا - ان کو میں نے بسا اوقات اس قسم کے حکم دیئے کہ "please do it at once or get it done immediately" اور انہوں نے نہایت مستعدی اور جانفشانی سے کام وقت پر کیا - پھر حضور والا ۲ لاکھ ۹۰ ہزار سے زائد objections تھے جن میں سے ۲ لاکھ ۶۴ ہزار ۸۱ اعتراضات کا فیصلہ کر دیا گیا ہے - اگر کسی خاص طے شدہ پالیسی کے مطابق کام نہ ہوتا تو یہ کام پچاس سال میں بھی ختم نہیں ہو سکتا تھا - اس لئے حضور والا یہ کارگذاری کوئی معمولی کارگذاری نہیں ہے - یہ سچ ہے کہ کئی ایک مواضعات کی جمعبندیاں بھارت سے نہیں آئی ہیں مگر ان کے متعلق claim کا رقبہ کسی حد تک reserve کر دیا گیا ہے - تا کہ جب کبھی وہ جمعبندیاں آجاویں اور وہاں کے مہاجرین کے claims تصدیق ہو جاویں تو ان کو اس محفوظ رقبے میں سے اراضی عطا کر دی جائے -

اتنے فوائد میسر نہیں ہیں جتنے کہ ہمیں اس یونیورسٹی سے ہونے چاہئیں اس یونیورسٹی نے نا معلوم اپنی سکیموں کو کس خیال کے ماتحت اسقدر بڑھا دیا ہے کہ ان کے اپنے بجٹ میں اس سال دس لاکھ کا خسارہ ہے ۔ یا تو اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ وہ حکومت کی توجہ یونیورسٹی کے مالیات کی طرف دلانا چاہتے ہیں تاکہ انہیں اس طرح زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے اور وہ مرکزی اور صوبائی حکومت سے زیادہ سے زیادہ گرانٹ حاصل کریں ۔ اگر یہ بات ہے تو ان کا یہ اقدام قابل تعریف ہے کیونکہ ماہرین اس چیز سے واقف ہیں کہ بجٹ کو خسارے میں دکھانا ایسے مقاصد کے لئے مفید ہوتا ہے ۔ لیکن اگر اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے ایسے کام اپنے ذمہ لئے ہیں جن کے لئے ان کے پاس روپیہ نہیں ہے تو میرے خیال میں یہ غلط اقدام ہے ۔ جس سے نہ صرف یونیورسٹی کو ہی نقصان ہوگا بلکہ عوام اور صوبہ کو بھی اسپر افسوس ہوگا۔اب جناب والا—ایک اور ضروری امر ہے اور وہ یہ کہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ہماری یونیورسٹی سب سے اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے اور آجکل کے زمانے میں جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ سائینس ہے اور اسکے لئے ایک اعلیٰ قسم کی لیبارٹری کی ضرورت ہے ۔ جناب والا کوئی ملک آجکل سائینس کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا ۔ لیکن افسوس ہے کہ نہ پاکستان بننے سے پہلے اور نہ پاکستان بننے کے بعد اس یونیورسٹی نے کوئی ایسی سائینٹفک لیبارٹری قائم کی جس میں طلبا ریسرچ کا کام کر سکیں ۔ شاید یونیورسٹی کی طرفسے اس بارہ میں یہ کہا جائے کہ اسکے پاس روپیہ نہیں تھا تو میں یہ عرض کرونگا کہ پاکستان بننے سے پہلے جبکہ انکا اتنا خرچ تھا اور پاکستان بننے کے بعد باوجود اس امر کے کہ کل ۱۶½ اضلاع رہ گئے ہیں ان کے اخراجات کیوں بڑھ گئے ہیں ۔ اگر آپ ملاحظہ فرمائینگے تو معلوم ہوگا کہ ہماری گورنمنٹ ان کو زیادہ سے زیادہ امداد دیتی رہی ہے اور اس سال بھی حکومت نے اسے پچھلے سالوں سے زیادہ گرانٹ دی ہے ۔ لیکن ان کی لیبارٹریز میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں — وہ یہ ہے کہ جب انہیں سائینٹفک ریسرچ کے متعلق کہا جاتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ جتنے ضروری اور مفید سائینٹفک ریسرچ کے Manuscripts تھے وہ جنگ کے خطرہ کے پیش نظر کسی محفوظ مقام پر پہنچا دئے گئے ہیں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ان ضروری Manuscripts کو Safe custody میں رکھنے سے کیا فائدہ ہوگا ۔ ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہئیے کہ انکو cold storage میں رکھکر طلبا کا مستقبل dark

کیا جائے ۔ لہذا میں آپ کی وساطت سے یونیورسٹی کے ارباب اقتدار سے عرض کرونگا کہ وہ اس مسئلہ پر غور فرمائیں ۔ اور وہ مفید کاغذات جو نہایت ضروری ھیں ان کو بکمال احتیاط سٹین گنوں کے اندر محفوظ رکھیں اور ھم ان سے کوئی مفید کام لے سکیں ۔ آرام سے بیٹھکر تھیوری بناتے رھنا اور پریکٹیکل کام نہ کرنا اس سے کوئی فائدہ نہ ھوگا ۔ اسکے علاوہ میری دوسری عرض یہ ھے کہ ۱۹۴۹ ۔ ۵۰ء میں ھماری یونیورسٹی نے ایک elaborate پروگرام بنایا تھا اور چند قابل پروفیسر یورپ کے ممالک سے منگوائے تھے چنانچہ ایک پروفیسر جرمنی سے بھی لایا گیا تھا ۔ وہ کچھ عرصہ یہاں رھا اور جب اس نے دیکھا کہ کوئی مناسب انتظام نہیں ھے اور ریسرچ کے لئے کوئی لیبارٹری بھی نہیں تو وہ یہاں سے چلا گیا ۔ یہ ایک نہایت افسوسناک امر ھے کہ ھم دنیا کے قابل اور ماھر ھستیوں کی امداد اور تعاون اس لئے حاصل نہیں کر سکتے کہ ھمارے پاس انہیں مہیا کرنے کے لئے ضروری سامان نہیں ھے ۔ لہذا یونیورسٹی کو اس طرف فوری توجہ کرنی چاھئیے ۔

میں جناب والا کی وساطت سے یونیورسٹی کے اراکین کو اس امر پر مبارکباد دیتا ھوں ۔ مجھے یہ پہلی دفعہ نظر آیا ھے کہ کسی ادارے کی ایڈمنسٹریشن کا خرچ اس کے total Budget کا ساڑھے بارہ فیصدی ھے ۔ میں ایسے بجٹ دیکھنے کا عادی ھوں جو خاص طور پر میونسپل کمیٹیوں اور دوسرے اس قسم کے اداروں کے بجٹ ھوتے ھیں ۔ کہ وھاں ۵۰ فیصدی سے زیادہ ایڈمنسٹریشن پر خرچ ھوتا ھے ۔ اور باقی ۲۰ فیصدی یا ۳۰ فیصدی مفاد عامہ پر خرچ ھوتا ھے ۔ تمام کا تمام بجٹ افسران کی تنخواھوں پر خرچ ھوتا ھے ۔ اگر چہ اس میں بعض افسروں کی تنخواھیں ۔ بعض پروفیسروں کی تنخواھوں اور بعض چیرز کو غیر ضروری طور پر create کیا گیا ھے اور بعض تنخواھیں ضرورت سے زیادہ ھیں لیکن اس کے باوجود یہ ساڑھے بارہ فیصدی کا خرچ یقیناً کسی بھی تعلیمی ادارے کیلئے قابل تعریف ھے ۔ ھمارے ھاں ابھی جمہوریت جڑیں پکڑ رھی ھے اور ابھی تک پورے طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یونیورسٹی کی institution میں جمہوریت کے اصول پورے طور پر کار فرما ھیں ۔ اسی طرح میں یہ محسوس کرتا ھوں کہ اس نظام میں یونیورسٹی بھی اس مقام پر نہیں سمجھی جاتی جس طرح یورپ اور دنیا کے دوسرے مہذب ممالک میں ۔ جناب والا ۔ تمام یورپ میں یونیورسٹیاں پرائیویٹ ادارے ھوتے ھیں ۔ پبلک خود ان اداروں کو چلاتی ھے ۔ وہ خود تعلیم اور نصاب کے قواعد بناتے ھیں ۔ حکومت صرف ان کی مالی امداد کرتی ھے ۔ حکومت

صرف حسب ضرورت ان کا ہاتھ بٹاتی ہے ۔ لیکن کہیں بھی یونیورسٹیاں گورنمنٹ کا ادارہ نہیں سمجھی جاتیں ۔ گورنمنٹ نہ ان کے کاموں میں مداخلت کرتی ہے اور نہ یونیورسٹیاں اس مداخلت کو برداشت کرتی ہیں ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ابھی ہمارے ہاں ان چیزوں کی ابتدا ہے اور ابھی تک ہم نے یونیورسٹیوں کو وہ مقام نہیں دیا جو انکا مقام ہے ۔ یہ امر واقع ہے کہ ہماری یونیورسٹی ایک ایکٹ کے ماتحت بنائی گئی ہے ۔ یعنی اس کو گورنمنٹ کا ایک چارٹر کہہ لیجئے ۔ اور میرے نزدیک اس میں چند ایک نقائص ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کی اس قدر مداخلت نہیں ہونی چاہئیے جیسا کہ اسوقت ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ ایجوکیشن سیکرٹری جو ہمارے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن ہوتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ وہ nomin طور پر یونیورسٹیوں کے گائیڈ ہوتے ہیں ۔ میرے خیال میں معزز اراکین کو معلوم ہے کہ ان گائیڈز کی عملی طور پر حیثیت کیا ہوتی ہے یعنی یونیورسٹی کی کوئی سکیم کوئی تعلیمی پالیسی مکمل نہیں ہو سکتی اور اس پر عمل نہیں ہو سکتا جب تک ایجوکیشن سیکرٹری کو اس سے اتفاق نہ ہو اور ان کی اجازت سے نہ ہو ۔ یعنی اس لحاظ سے یوں سمجھئیے کہ یونیورسٹی کی سینیٹ یونیورسٹی کی تمام administrative جماعتیں ایک فیصلہ کرتی ہیں لیکن ایجوکیشن سیکرٹری جو حکومت کا نمائندہ ہے اگر وہ اسے پسند نہیں کرتا تو اس پر عمل نہیں ہو سکتا ۔ میرے نزدیک یہ غیر ضروری اور تکلیف دہ چیز ہے جس کا فوراً تدارک کرنا چاہئیے ۔جناب والا ۔ جیسا کہ میں ابھی عرض کر رہا ہوں یورپ کی یونیورسٹیوں کا یہ حال ہے کہ وہ پبلک کا پرائیویٹ ادارہ ہوتی ہیں ۔ اور عوام اُن کی اس قدر امداد کرتے ہیں اور ان کی آزادی میں مخل نہیں ہوتے وہاں کی حکومتیں ان یونیورسٹیوں کی امداد کرتی ہیں ۔ انگلستان میں بعض یونیورسٹیاں مثلاً کیمرج اور آکسفورڈ تو خیر بہت بڑی یونیورسٹیاں ہیں اگر میں یہ کہوں تو غلط نہ ہوگا کہ انگلستان کا نام بہت حد تک ان یونیورسٹیوں کی وجہ سے دنیا میں مشہور ہے ۔ ان یونیورسٹیوں کے اخراجات تقریباً ٦٦ فیصدی حکومت برداشت کرتی ہے ۔ یعنی حکومت جو ان کو گرانٹ دیتی ہے ۔ اور ان کے اخراجات تقریباً ٦٠ یا ٧٠ فیصدی تک ہوتے ہیں ۔ اور یہاں کی حکومت کی حالت ملاحظہ فرمائیے ۔ حکومت کی کوتاہی کا سوال نہیں ۔ اب خیال فرمائیے کہ ٣٣ لاکھ ہماری یونیورسٹی کا یہ خرچ ہے ۔ اس میں سے ہم صرف ٨ لاکھ اور کچھ ہزار روپے (انکے سپیشل خرچ چار لاکھ اور چار لاکھ کے قریب دوسرے اخراجات) ہیں جو ہم ان کو دے رہے ہیں ۔ یہ بہت تھوڑا ہے ۔

اب اس معزز ایوان کے سامنے یونیورسٹی کے سب سے ضروری مسئلہ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں اور وہ ہے Vice-Chancellor کا عہدہ ۔ Vice-Chancellor جو یونیورسٹی کا سب سے بڑا executive officer ہوتا ہے یعنی یونیورسٹی کو چلانے والا ہوتا ہے کئی سالوں سے part-time پر رکھا ہوا ہے ۔ پہلے مسٹر عبدالرحمان تھے ۔ اب ان کی جگہ جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمان ہیں ۔ میرے نزدیک part-time کا سلسلہ بہت ناقص ہے ۔ میں مانتا ہوں جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمان جو آج کل ہائی کورٹ کے جج ہیں بہت قابل آدمی ہیں اور بہت ہی ذی فہم ہیں ۔ سوال قابلیت کا نہیں ۔ سوال یہ ہے کہ مصروفیات کی وجہ سے ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ یونیورسٹی کے کاموں کی طرف زیادہ توجہ دے سکیں ۔ یونیورسٹی کوئی ایسا معمولی ادارہ نہیں ہے ۔ کہ آپ ۱۵ یا ۲۰ منٹ اس کی طرف توجہ دیں تو کام چل سکے ۔ آخر ایک ایسا ادارہ ہے جس پر قوم کا تعلیمی مستقبل منحصر ہے ۔ اور جو ساڑھے چار لاکھ سالانہ خرچ کرتا ہے ۔ اس کے لئے ایک ایسا آدمی مستقل طور پر ہونا چاہئیے جو اپنا تمام وقت اپنی تمام توجہ اس ادارے کی طرف دے سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نظام جو کئی سالوں سے چلا آ رہا ہے اب اس کو ختم کرنا چاہئیے ۔ آپ نے اخبارات میں دیکھا ہوگا کہ موجودہ Vice-Chancellor اپنے عہدے کو چھوڑنے والے ہیں ۔ تو میرے خیال میں یہ ایک مناسب وقت ہے کہ ایک مستقل Vice-Chancellor مقرر کیا جائے ۔ یہ نہیں کہ کوئی بہت بڑے نام کا آدمی ہو ۔ اور کسی بڑے آدمی کی خدمت میں یہ تحفہ پیش کر دیا جائے اور ان سے کہا جائے کہ آپ Vice-Chancellorship منظور فرمائیے ۔ایسے آدمی کا تقرر کیا جائے جو پنجاب کے تعلیمی مسائل سمجھتا ہو ۔ اور پنجاب کے موجودہ تعلیمی مسائل حل کر سکتا ہو ۔ جس پر پنجاب کے تمام تعلیم یافتہ لوگوں کو اعتماد ہو ۔ میں اپنی ناقص رائے اس ضمن میں پیش کرتا ہوں میں کسی کا نام نہیں لیتا لیکن یہ کہونگا کہ ضرور ایسا آدمی ہونا چاہئیے جو یونیورسٹی پروفیسرز میں سے ہو ۔ یونیورسٹی ٹیچرز میں سے ہو ۔ یونیورسٹی میں سے ہو ۔ آخر آپ نے یونیورسٹی کا Executive Officer بنانا ہے تو یقیناً اس کا یونیورسٹی سے تعلق ہو ۔ میں مانتا ہوں کہ آپ کو کوئی بڑا قابل آدمی انگلستان سے مل جائے ۔ بد قسمتی سے آجکل ہمیں جو قابل آدمی ملتا ہے وہ انگریزوں میں سے ملتا ہے ۔

جناب والا ۔ میری گزارش یہ ہے کہ یونیورسٹی کے موجودہ حالات کے پیش نظر ہمیں ایک ایسا آدمی چاہئیے جو یونیورسٹی کا آدمی ہو ۔ یعنی یونیورسٹی کا پروفیسر ہو اور یونیورسٹی کی تعلیم کے متعلق بہت کچھ جانتا ہو ۔

اس کے مقابلے میں آپ دیکھینگے کہ سندھ یونیورسٹی کا وائس چانسلر بھی پہلے وہاں ایک پروفیسر تھا ۔ پھر فرنٹئیر یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو لیجئے ۔ وہ بھی پہلے ایک پروفیسر تھا ۔ اگر چہ یہ مثال ہمارے لئے قابل تقلید نہیں ہے تاہم میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے ایک پروفیسر کو وہاں کا وائس چانسلر مقرر کر کے ایک اچھا قدم اٹھایا ہے ۔ اسی طرح مشرقی بنگال کی یونیورسٹی کا وائس چانسلر بھی وہاں کا ایک پروفیسر ہی ہے ۔ ۔ آخر ہمارے ہاں ایسا نہ کرنے کی کیا وجہ ہے ۔ یہاں بھی آپ کو چاہئیے کہ کسی یونیورسٹی پروفیسر کو جو اتنی قابلیت اور تجربہ رکھتا ہو کہ اس عہدے کے فرائض بخوبی سرانجام دے سکے ۔ وائس چانسلر مقرر کریں ۔

جناب والا ۔ پھر ایک بد قسمتی اور ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ۔ ہمارے وائس چانسلر کا عہدہ ایک انتہائی ذمہ داری کا عہدہ ہے ۔ مگر جب کوئی شخص بطور وائس چانسلر کچھ تجربہ حاصل کر چکا ہو یا ویسے تعلیم میں اچھا ہو ۔ اسے Ambassador بنا کر باہر بھیج دیا جاتا ہے ۔ جو قابل آدمی بھی ہمارے صوبے میں نظر آئے اسے Ambassador کے فرائض سر انجام دینے کیلئے منتخب کیا جاتا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے صوبہ کے قابل آدمیAmbassador نہ بنائے جائیں ۔ بلکہ وزیر تعلیم کی خدمت میں میری گذارش صرف یہ ہے کہ وہ آئندہ اس معاملے میں بڑی سختی سے کام لیں اور کسی ایسے پروفیسر کو جو تعلیم کیلئے زیادہ ضروری ہو جو ہمارے نظام تعلیم کیلئے زیادہ مفید ہو ۔ اسے ایسے عہدوں پر فائز ہونے کی اجازت ہی نہ دی جائے ۔ دنیا کے تمام مہذب اور ترقی یافتہ ملکوں میں ایسا ہی ہوتا ہے ۔ یورپ میں بھی تعلیم کے ماہروں سے تعلیمی خدمات لی جاتی ہیں ۔ انہیں Ambassador وغیرہ بنا کر باہر نہیں بھیجا جاتا ۔ (ایک آواز ۔ آپ حکومت کے راستے میں خواہ مخواہ کیوں روڑے اٹکانے کی کوشش کر رہے ہیں) ہرگز نہیں ۔ میں تو حکومت کے راستے سے روڑے ہٹانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اب میں یونیورسٹی کے متعلق جو کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ medium of instruction سے تعلق رکھتا ہے ۔ آج ہمارے ہاں تمام حلقوں میں بھی یہی مطالبہ کیا جا رہا ہے ۔ کہ تعلیم کیلئے ابتدا سے انتہا تک medium of instruction اردو بنا دیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ مطالبہ بالکل صحیح ہے اور قوم کے موجودہ رجحان کے عین مطابق ہے ۔ مگر میں یہ بھی عرض کر دوں کہ تعلیم کا ایک ایسا ماحول اور میدان ہے جہاں ہمیں جوش کی بجائے ہوش سے زیادہ کام لینا چاہئیے ۔ حضور والا ۔ ایوان کے معزز اراکین کو یاد ہوگا کہ ۱۹۳۵ء میں جب نئی Government

of India بنی ۔ تو وہاں مولانا آزاد وزیر تعلیم مقرر ہوئے ۔ معزز اراکین اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ وہ ایک عالم آدمی ہیں اور مشرقی تہذیب کے قائل ہیں ۔ مگر ان سب چیزوں کے باوجود انہوں نے وزیر تعلیم بنتے ہی یہ اعلان کیا کہ ابھی ہم پندرہ سال تک انگریزی کو نصاب تعلیم سے نکال نہیں سکتے ۔ چنانچہ higher education یعنی اعلیٰ تعلیم کیلئے پندرہ سال تک medium of instruction انگریزی کو مقرر کیا ۔ میں بذات خود انگریزی کا مداح نہیں ہوں مگر دلچسپی ضرور رکھتا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے آپ سے دلچسپی ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ ہماری قوم اور ہمارا ملک ان تمام علوم سے جو اس وقت دنیا کے مختلف ممالک میں رائج ہیں اور سائنس کے ان تمام تجربات سے جو اس وقت وہاں کئے جا رہے ہیں ۔ مستفید ہو سکے ۔ اور میں یہ بھی واضح کر دوں کہ ہم اُس وقت تک ان علوم و فنون اور سائنسوں سے پورا پورا فائدہ نہیں اُٹھا سکتے جب تک ہم اس زبان سے پوری طرح واقفیت حاصل نہ کر لیں جس میں وہ تمام علوم اور سائنسیں اس وقت رائج ہیں ۔

آج ہمارے ہاں ابتدائی اور ثانوی تعلیم کیلئے اردو بھی نہایت ضروری ہے ۔ چنانچہ قومی ضرورت کے مطابق وہ بھی رائج کر دیا گیا ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرونگا کہ یونیورسٹی میں جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں جمود طاری ہے ۔ وہاں بھی اس سلسلے میں کوئی نمایاں قدم اٹھانا چاہئیے ۔ مگر اس امر کا خیال رہے کہ اس وقت جو پروفیسر وہاں کام کر رہے ہیں چونکہ وہ انگریزی میں تعلیم یافتہ ہیں ۔ یورپین یونیورسٹیوں کے فارغ التحصیل ہیں ۔ انگریزی زبان میں اپنے اپنے مضامین پڑھاتے ہیں ۔ اس لئے ان سے یہ کہنا کہ چونکہ اب زبان بدل چکی ہے ۔ اس لئے تم بھی اردو میں اپنے مضامین پڑھاؤ ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس سے ان کی دلشکنی ہوگی ۔ اور ممکن ہے وہ اُردو میں کام کرنے سے انکار کر دیں اور اس طرح ہمارے صوبے کو شدید نقصان پہنچے ۔ لہذا اس سلسلے میں بڑی احتیاط اور بڑے تحمل سے کام لینا چاہئیے ۔

جناب والا ۔ ہماری تعلیم میں بالعموم اور یونیورسٹی کی تعلیم میں بالخصوص ایک بڑا نقص یہ ہے کہ یونیورسٹی بھی اسی مرض کا شکار ہے جس کا ہماری تمام سوسائٹی شکار ہو رہی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ ہم نے تعلیم کے اس نمونے اور اس سانچے کو جو pre-partition days سے یہاں موجود ہے اور جو غیر ملکی حکام نے ہم پر مسلط کر رکھا ہے جوں کا توں قائم رکھا گیا ہے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی گئی ۔ چنانچہ

ان حکام کے ماتحت جس طرح تعلیم سے مراد literary education لی جاتی تھی - تقسیم کے بعد بھی اسے ویسے ہی محدود رکھا گیا ہے - اسے arts سائنس اور vocational tendency کا رنگ نہیں دیا گیا - یورپ میں آپ ہمارے تعلیمی نظام کی مثال کسی جگہ نہ دیکھینگے -ہمارے ہاں ایک لڑکا پہلی جماعت سے پڑھنا شروع کرتا ہے اور entrance تک پہنچ جاتا ہے - entrance کا امتحان پاس کرنے کے بعد اس کیلئے کالج میں داخل ہونے کے سوا اور کوئی راستہ ہی نہیں ہوتا - کالج میں داخل ہو کر بھی اس کیلئے دو صورتیں ہوتی ہیں یعنی arts یا science - اور graduate بننے تک اسے یہی کچھ پڑھنا پڑتا ہے - جناب والا ہمارے ہاں اس قسم کے بیشمار graduate ہیں جو اپنے لئے بہتر طور پر زندگی بسر کرنے کی کوئی راہ متعین نہیں کر سکتے -اور بیچارے دھکے کھا کر آخر ملازمت اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں - یورپ میں یہ چیز آپ کو کہیں بھی نظر نہ آئیگی - وہاں تو یونیورسٹی کی تعلیم صرف ان طالبعلموں کیلئے مخصوص ہے جو سکول کی تعلیم میں اپنی نمایاں قابلیت کا مظاہرہ کریں - ایسے طالبعلموں کو ہی بعد میں اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے - باقی طلبا جو درمیانے یا نچلے درجے کے ہوں ان کو secondary education کے بعد vocational education کی طرف ڈالا جاتا ہے تا کہ وہ اپنے اپنے رجحان کے مطابق لوہار - ترکھان - بزاز یا درزی -جو کچھ بھی بننا چاہیں اس کے متعلق تعلیم حاصل کر سکیں - مگر ہمارے ہاں طلبا بلا امتیاز entrance پاس کرنے کے بعد کالجوں میں داخل ہو جاتے ہیں - اس امر کی طرف حکومت کو خاص طور سے توجہ دینی چاہئیے -

جناب والا - اب میں اس ضمن میں ایک نہایت ہی اہم چیز کا ذکر کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ کہ ہماری یونیورسٹی ہماری قوم کیلئے ایک اصلاحی ادارے کی حیثیت رکھتی ہے - دنیا بھر کی یونیورسٹیوں کو اپنی اپنی حکومتوں سے ضرور کچھ نہ کچھ رقم بطور grant ملتی ہے - اس کے ساتھ ہی ان کو پبلک کی طرفسے بھی چندوں اور عطیوں کی شکل میں معقول رقمیں پیش کی جاتی ہیں - مگر ہمارے ہاں چونکہ لوگوں کا رجحان تعلیم کی طرف نسبتاً کم ہے اس لئے آج تک کسی نے کوئی رقم بطور چندہ یا عطیہ یونیورسٹی کو پیش نہیں کی - مجھے معلوم ہے کہ اس معزز ایوان میں کئی ایسے حضرات موجود ہیں - جن کو خداوند تعالیٰ نے بہت کچھ دیا ہے - جو کافی مالدار ہیں اور جو ممکن ہے اس سلسلے میں یونیورسٹی کی کافی مدد بھی کرتے بشرطیکہ ان کی توجہ اس امر کی طرف

مبذول کرائی گئی ہوتی ۔ تاہم میں ان سے اپیل کرونگا کہ وہ بھی Lord Neifield (جس نے کروڑھا روپیہ یونیورسٹیوں کو بطور عطیہ دیا) کی مثال سامنے رکھتے ہوئے یونیورسٹی کی حتی الوسع امداد کریں ۔

جناب والا ۔ اگر آپ کو لارنس روڈ سے گزرنے کا اتفاق ہوا ہے تو آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہاں ایک سہگل محل تیار ہو رہا ہے ۔ یہ محل سہگل صاحب نے اپنے لئے تعمیر کرایا ہے ۔ کیا ہی اچھا ہو کہ وہ اسے یونیورسٹی کو پیش کر دیں ۔ کیونکہ بجائے اس کے کہ اسمیں ایک خاندان رہائش اختیار کرے اور اس سے فائدہ اٹھائے ۔ بہتر یہ ہے کہ ہماری تمام قوم اور آنے والی تمام نسلیں اس سے فائدہ اٹھا سکیں ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 8,42,860 on account of Net Total A—Grant to University be reduced by Re. 1

راجہ احمد علی —(راولپنڈی نمبر ۵ ۔ مسلم) — جناب والا ۔ چونکہ میرے لئے وقت صرف پندرہ منٹ ہے ۔ اس لئے اس قلیل سے وقفے میں سب سے پہلے تو میں ایک دو points جو یونیورسٹی کے متعلق اٹھائے گئے تھے ان کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرونگا ۔ اس سلسلے میں جناب والا میں چاہتا ہوں کہ تعلیم کے اصولوں اور اس کے مقاصد کے متعلق کچھ عرض کروں ۔

صاحب سپیکر— یہ demand جس پر بحث ہو رہی ہے صرف یونیورسٹی کے متعلق ہے ۔ اس لئے آپ صرف یونیورسٹی پر ہی بحث کر سکتے ہیں ۔ عام تعلیم پر بحث نہیں کر سکتے ۔

راجہ احمد علی— جناب والا ۔ چونکہ یونیورسٹی کے متعلق میرا تقریر کرنے کا ارادہ نہیں ۔ اس لئے میں تعلیم پر عام بحث کے دوران میں تقریر کرونگا ۔

میاں عبدالباری —(لائلپور نمبر ۷ مسلم)— جناب صدر ۔ آپکی اجازت سے میں اس تحریک تخفیف کی حمایت میں کچھ کہنا چاہتا ہوں جو میرے فاضل دوست نے یونیورسٹی کی گرانٹ کے متعلق پیش کی ہے ۔ اس ضمن میں مجھے خاص طور پر محکمہ تعلیم اور یونیورسٹی سے متعلقہ حکومت کی پالیسی کے بارے میں ایوان ھذا کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے ۔ ۱۵ منٹ کے اس قلیل سے وقت میں جو مجھے دیا گیا ہے میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جن لائنز (lines) پر انگریز کے عہد میں محکمہ تعلیم کو چلایا گیا تھا اور جو جو نقائص اس کے عہد حکومت میں تھے وہ سارے کے سارے

موجودہ بجٹ میں بھی موجود ہیں - جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ہماری مسلم لیگی وزارت نے ان مواعید کا ایفاء نہیں کیا جو مسلم لیگ کے منشور کی صورت میں عوام کے ساتھ کئیے تھے سب سے پہلے میں اس سلوک کا ذکر کرتا ہوں جو صدر محترم موجودہ وزارت نے تعلیم قرآن کے سلسلے میں قرآن پاک کے ساتھ کیا ہے - یہ وہ کتاب مبین ہے جسکے متعلق خداوند تعالیٰ کا ارشاد ہے -

''لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین،، -

یعنی کوئی خشک و تر کی بات ایسی نہیں جو اس کتاب مبین میں نہ ہو جسکے متعلق ارشاد ہوا تھا :—حسبنا کتاب اللہ - ہمارے واسطے اللہ کی کتاب کافی ہے- وہ کتاب مبین ہے کہ سرور کائنات سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی فوج بھیجتے تھے تو جس شخص کو اس کا علم زیادہ ہوتا تھا جسے قرآن پاک کا زیادہ حصہ یاد ہوتا تھا - اسکو فوج کا سردار بنا دیا کرتے تھے - وہ کتاب مبین جسکو پاکستان کا مقصد حیات اور مقصد وجود بنایا گیا تھا - وہ کتاب مبین جسکے بارے میں قائد اعظم سے جب پوچھا گیا کہ پاکستان کا قانون کونسا ہوگا - آپ نے فرمایا تھا کہ جس قوم کے پاس یہ کتاب موجود ہو اس سے یہ سوال پوچھنے کی ضرورت نہیں رہتی کہ تمہارا قانون کونسا ہوگا ؟ - اس کتاب مبین کے ساتھ اور اسکی تعلیم کے ساتھ ہماری وزارت نے کیا سلوک کیا ہے - آج میں ایوان ھذا میں یہی واضح کرنا چاہتا ہوں اور یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اس وزارت کی پالیسی وہی ہے جو انگریز کی تھی - برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر گیڈ سٹون نے ایک دفعہ کہا تھا مسلمان کو اسلام سے اور ایمان سے ہٹایا نہیں جا سکتا البتہ اگر اسکے سینے سے اس کتاب کو نکال لیا جائے تو ممکن ہے کہ اس کا جوش اسلام ٹھنڈا پڑ جائے -

Mr. Speaker : What has this got to do with the University. Grant to Unive sity is under discussion and not maktabs in Masajids.

میاں عبدالباری - کیا یونیورسٹی کا اس تعلیم سے کوئی تعلق نہیں جس کا میں ذکر کر رہا ہوں

Mr. Speaker : The answer is no.

میاں عبدالباری—جناب صدر میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ گرانٹ جو ۴۴ لاکھ ۰۰ ۴ روپیہ کی یونیورسٹی کیلئے منظور کی جا رہی ہے - پاکستان کے اندر سب سے پہلا اور سب سے بڑا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ اس یونیورسٹی کے ذریعے قرآن پاک کی تعلیم کو اس قدر عام کیا جائے کہ کوئی شخص اسکے علم سے محروم نہ رہ جائے - سب سے بڑا ڈگری یافتہ شخص اور تعلیم یافتہ آدمی وہی ہو جو قرآن پاک کا صحیح اور وسیع علم رکھتا ہو مگر

میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس ساری گرانٹ میں کوئی ایسی چیز نہیں رکھی گئی جس سے درس قرآن کی خوشبو آئے ۔ بلکہ یہ گرانٹ تو اسلام کی صحیح تعلیم سے غداری کرتی ہے اور اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ جس چیز میں اسلام نے مومن کی فلاح بتائی تھی ہم اس سے دور جا رہے ہیں اور ہمیں اس سے دور رکھا جا رہا ہے ۔ انگریز کے وقت کی تمام خامیاں اور کمزوریاں بدستور موجود ہیں اور اب بھی قرآن کی تعلیم کو لازمی قرار نہیں دیا گیا ۔ مسلمانوں کے تمام بڑے بڑے دینی اور اسلامی مدرسے تو بھارت میں رہ گئے ہیں مثلاً دیو بند اور سہارنپور وغیرہ ۔ اب تو حکومت کا اور بھی فرض ہو جاتا ہے کہ ایسے اسلامی مدارس اور تبلیغ کے مراکز قائم کئے جائیں جن سے مسلمانوں کی اصلاح کی تحریکیں جاری ہوں اور عوام کے سینوں کو تعلیم قرآن کی شعاؤں سے منور کیا جائے آل انڈیا مسلم لیگ نے حصول پاکستان سے قبل یہ وعدہ کیا تھا کہ پاکستان کا نظام تعلیم اسلامی بنیادوں پر استوار کیا جائیگا لیکن مجھے یہ دیکھکر بے حد افسوس ہوتا ہے کہ ہمارا تعلیمی نظام ابھی تک انگریز کے بنائے ہوئے ڈھانچے پر قائم ہے جناب والا ۔ جب تک ہمارا تعلیمی نظام نہیں بدلے گا اور مدرسوں میں روزانہ قرآن مجید کے درس کو لازمی نہیں کیا جائیگا ہم اپنے اخلاق و کردار کو کسی صورت میں بھی درست نہیں کر سکیں گے ۔

جناب صدر ۔ میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ حکومت کی پالیسی غلط ہونے کے باعث تعلیم ابھی تک اسی طرح مہنگی ہے جسطرح انگریزی عہد میں مہنگی تھی ۔ عوام کے پست معیار حیات اور انکی قلیل آمدنی کے مقابلے میں تعلیم کے اخراجات بے حد گراں ہیں ۔ ۶۶ لاکھ کے خرچ سے جو نئی عمارتیں بنائی جا رہی ہیں وہی روپیہ بچا کر تعلیم کو عام کرنے پر یوں صرف کیا جا سکتا ہے ۔ کہ موجودہ مساجد کی عمارتیں جو ہر گاؤں اور شہر میں بکثرت ہیں مدارس کے طور پر استعمال کی جائیں ۔ اور ان مکاتب و مدارس میں تعلیم عام کی جائے ۔ فیسیں کم کر دی جائیں تعلیم کا پرانا ڈھانچہ سب کا سب بدل دینا چاہئیے ۔

اسکے بعد جناب صدر میں اساتذہ کی تنخواہوں کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی تنخواہیں بڑھانی چاہئیں ۔ آج کل کی مہنگائی میں ۳۰۰ روپے سے کم پر اچھے اساتذہ مہیا نہیں ہو سکتے ۔

جناب والا ! اب میں دوسری چیز کی طرف رجوع کرتا ہوں ۔ نصاب کمیٹی جو یونیورسٹی کی طرف سے مقرر ہوئی تھی ۔ اسنے اردو کیلئے

زیادہ وقت دیا تھا اور انگریزی کیلئے وقت گھٹا دیا تھا ۔ مگر ڈائریکٹر صاحب نے دو ماہ کے بعد حکم دیا کہ پھر پرانا نصاب اوقات مقرر کر دیا جائے ۔ نصاب کمیٹی نے فیصلہ کیا

Mr. Speaker—Director's orders are not binding on the University. I have said already that the University is under discussion and not the Deptertment of Education.

Mian ABDUL BARI—They are inter-related.

Mr. Speaker—No, they are not.

میاں عبدالباری—سرفضل حسین مرحوم و مغفور نے انگریزی پڑھانے والے استادوں کی تنخواہ پچپن اور اسی رکھی ۔

Mr: Speaker—I must again point out to the honourable member that the salaries of teachers teaching in various schools have nothing to do with the University. The honourable member should confine himself only to the administration of University.

میاں عبدالباری—جناب صدر! یونیورسٹی کی جو پالیسی ہے وہ بالکل غلط ہے میں اورنٹیل کالج کی طرف اور اردو ۔ فارسی ۔ عربی کے سلسلہ میں جو کمی ہوئی ہے اور تنخواہوں میں جو کمی ہوئی ہے اور اورنٹیل کالج کی طرف جو بے توجہی ہوئی ہے اسکی طرف جناب کی توجہ مبذول کرا رہا ہوں۔

Mr. Speaker—Oriental College only and not the Department of Education.

میاں عبدالباری—جناب صدر! اورنٹیل کالج کے سند یافتگان کے ساتھ جو سلوک ہے وہ ایسا برا ہے کہ کیا عرض کروں ۔ تنخواہوں کے لحاظ سے جو ان کو دی جاتی ہیں ۔ اور ملازمتوں کے لحاظ سے

Mr. Speaker—Graduates of the Oriental College are not employed by the University but by the Department.

وزیر تعلیم—جناب والا! آج ہمارے پاس کافی وقت ہے۔ اسلئے ہم میاں صاحب کو سن سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker—I am not prepared to allow any irrelevant talks. Even though the Honourable Minister can afford to hear it I cannot.

میاں عبدالباری—جناب والا ! میں ان معروضات کے بعد جناب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹی کا ڈھانچہ کچھ ایسا ہے کہ جب تک اسکو درست نہ کیا جائے ۔ اس وقت تک کوئی اصلاح نا ممکن ہے ۔ اور جسطرح کہ میرے فاضل دوست نے کہا ہے وائس چانسلر وہاں ایسا ہونا چاہئیے جو exclusively سارا وقت اسکو دے ۔ اسی کیلئے مقرر ہو ۔ کیونکہ جہانتک میرا خیال ہے وزراء یا جو بھی کوئی ہوں وہ اس محکمہ اور تعلیم کے متعلق اکسپرٹ نہیں ہو سکتے ۔ وائس چانسلر ہی ہو سکتا ہے ۔ وہی تعلیم میں ایسی اصلاح پیدا کر سکتا ہے جسکی کہ اسوقت ضرورت ہے اور جسکی طرف میں نے جناب والا کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 8,42,860 on account of Net Total A—Grant to University be reduced by Re. 1.

The motion was lost.

EDUCATIONAL POLICY

Mr. Abu Saeed Enver : (Corporation of the City of Lahore, HI Muslim) Sir, I beg to move—

That the total demand be reduced by Re. 1.

جناب والا ! آپ سے بہتر اس ایوان میں اس حقیقت سے کون آگاہ ہے کہ تعلیم اور انسانیت کا رشتہ ازلی و ابدی ہے ۔ جناب والا ! ہماری نئی مملکت کی نشو و ارتقاء کیلئے تعلیم کی ان بنیادوں کو تبدیل کرنے کی اشد ضرورت تھی جو پہلے سے موجود ہیں اور جن پر ہم اپنی نئی مملکت کو استوار کرنا چاہتے ہیں ۔ مگر افسوس ہے کہ پانچ سال کا عرصہ گزرنے کو آ چکا لیکن محکمہ تعلیم کے ارباب حل و عقد آج تک اس صوبہ کیلئے کوئی ایسا نصاب تعلیم تجویز نہ کر سکے جس پر کہ ہمیں فخر ہو ۔ اس ایوان میں بارہا کہا گیا ہے کہ یہ حکومت ہمیں انگریز سے ایک ورثہ ملا ہے ۔ میں کہتا ہوں بہت سی چیزیں ورثہ میں ملی ہیں انمیں ایک وہ نظام تعلیم بھی ہے جس پر آج بھی ہم چل رہے ہیں اور یہ ایک بدترین ورثہ ہے ۔اور اس سے ہمیں جلد چھٹکارا حاصل کرنا ہے ۔ جناب والا ! یہی نہیں بلکہ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک مذہبی نصاب تعلیم کا سوال تھا یہ بات میرے علم میں ہے کہ ہمارے صوبہ کے ہی نہیں بلکہ پاکستان کے اکثر و بیشتر علمائے کرام اس بات پر متفق تھے کہ بچوں کیلئے مذہبی تعلیم کا نصاب جلد تیار کر دیا جائے ۔ اور وہ اس نصاب تعلیم کو ایسا بنانا چاہتے تھے کہ اسمیں ایسی روایات جو آپس میں شکر رنجی بڑھاتی ہیں یا نفرت پیدا کرتی ہیں ۔ افتراق کو ہوا دیتی ہیں ۔ انہیں قلمزن کر دیا جائے اور انکی جگہ ایک ایسا نصاب تعلیم ۔ ایک ایسا مواد دیدیا جائے ، ایسی کتابیں تجویز کی جائیں جن سے ہم اپنی آئندہ نسل کو باہمی کدورت سے محفوظ کر سکیں ۔ جسکے ہم سینکڑوں برس سے شکار ہیں ۔ لیکن مجھے معلوم نہیں کہ کن نا معلوم مصالح کی بنا پر حکومت لمحاء کے اتفاق سے استفادہ نہ کر سکی اور خصوصاً یہ محکمہ جو محکمہ تعلیم کہلاتا ہے کیوں اس مشورہ سے استفادہ نہیں کر سکا ۔

حضور والا ! میں نے شروع میں اشارہ کیا تھا کہ یہ بڑا ورثہ جو ہمیں ملا ہے ۔ اس سلسلہ میں سب سے زیادہ اعتراض طریقہ تعلیم کے متعلق ہے اور وہ یہ ہے کہ آج پانچ برس گزر جانے کے بعد بھی ہم اپنے مختلف تعلیمی اداروں میں مختلف النوع قوم پیدا کر رہے ہیں ۔ ایک طرف تو

ایچیسن کالج ہے جسکو عرف عام میں چیفس کالج بھی کہا جاتا ہے (مجھے معاف فرمائیں اگر اس ایوان میں کچھ اس ادارے کے فارغ التحصیل اصلاحاً موجود ہوں) یہ ایک ایسا ادارہ ہے کہ جہاں صرف بڑے بڑے آدمیوں کے بچے داخل ہو سکتے ہیں ۔ اور عام طبقہ کیلئے وہاں کوئی گنجائش نہیں ۔

Minister of Public Works : Admission is open to all.

مسٹر ابو سعید انور — میرا مطلب یہ ہے کہ ایک طرف تو یہ ادارہ ہے جو ایک خاص قسم کی کلاس پیدا کرتا ہے ایسی کلاس کہ جس کا بازاروں ۔ گلیوں ۔ موچی دروازے ۔ بیڈن روڈ اور میکلوڈ روڈ کے عوام کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہے ۔ اور دوسری طرف ہماری وہ درسگاہیں ہیں وہ عوامی درسگاہیں جو آج گرانٹ کیلئے ۔ مالی امداد کیلئے ترس رہی ہیں ۔ جس ادارے کا میں نے نام لیا ہے اسی طرح کے بچیوں کے ادارے بھی ہیں مثلاً کوئین میری کالج اور کینارڈ کالج وغیرہ ۔ وہاں داخلہ اتنا مشکل ہے کہ میرے جیسے معمولی آدمی کیلئے اس ایوان میں پہنچنا آسان ہے لیکن میرے بچوں کیلئے ایسے کالج میں داخل ہونا ناممکن ہے ۔ (آوازیں ۔ غلط ہے) ۔ میں اس چیز کو ثابت کر سکتا ہوں مجھے اسوقت کسی ممبر کے ساتھ الجھنے کی ضرورت نہیں ۔ جو کچھ میں نے کہا ہے یہ غلط نہیں ہے ۔ یہ بالکل درست ہے ۔ وہاں داخلہ آسان نہیں ہے اور پھر اسکے اخراجات کو لیجئے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ ادارے بند کر دئے جائیں لیکن پاکستان بننے کے بعد کوئی ایسا ادارہ نہیں ہونا چاہئیے جہاں ایک خاص قسم کے بچے داخل ہو سکیں ۔ اور پھر اگر داخلہ کی اجازت ہو تو بھی وہاں ایک خاص قسم کی طرز بود و باش ہو جو عام مسلمانوں کی طرز بود و باش سے یکسر مختلف ہے ۔ کسی ملک کی سر بلندی کی بنیاد تعلیم پر ہوتی ہے ۔ اور اگر آپ پاکستان کو ایک اچھا ملک بنانا چاہتے ہیں تو کیا اسطرح بنانا چاہتے ہیں کہ ایک طرف تو وہ طبقہ ہے جو سینکڑوں روپیہ ماہوار خرچ کر کے تعلیم پائے ۔ اور اسکا سوسائٹی سے دور کا واسطہ نہ ہو ۔ اور دوسری طرف ایسے پرائیویٹ اداروں کی اجازت ہو جہاں مذہبی fanatic پیدا کئے جائے ہیں ۔ اور تیسری کلاس درمیانہ طبقہ ہے جو عام سکولوں اور کالجوں سے فارغ ہوتا ہے ۔ جبتک آپ کے نصاب تعلیم کی بنیاد تبدیل نہ ہو جب تک آپ طریقہ تعلیم کو نہ بدلینگے اسوقت تک ہم نمایاں ترقی نہیں کر سکینگے ۔ دراصل تعلیم کے سلسلہ میں حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ہے نہ ہی حکومت نے کوئی ایسا قدم اٹھایا ہے جس سے یکساں تعلیم کے لئے زیادہ سہولتیں مہیا ہوں یہ کہ قوم میں ایک کلاس وار کرانا چاہتے ہیں ۔ آپ جانتے ہیں

کہ دور غلامی میں جس چیز کو انگریز نے پیدا کیا اس سے ہمیں کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا بلکہ نقصان ہی اٹھانا پڑیگا ۔ (شور) مجھے کوئی نہیں روک سکتا میں اپنے دل کی بات ضرور کہونگا عرض یہ ہے کہ بعض لوگ چیف کالج کے تعلیم یافتہ ہیں ۔ یہ کالج انگریز نے ایک Instrument کے طور پر قائم کیا تھا ۔ خاص لوگوں کے لئے یہ خاص ادارہ اس لئے بنایا گیا تھا ۔ تا کہ مطلب کے آدمی پیدا کئے جائیں چنانچہ اپنی ضرورت کے مطابق اور اس ملک میں حکمرانی کے لئے انگریز نے ایسے آدمی پیدا کئے ۔ یہ لوگ ہم پر مسلط چلے آتے ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ کو علم ہوگا اور میں جانتا ہوں کہ صوبہ میں اس کالج کے پڑھے لکھے سرکاری پٹھوؤں سے ہمیں کافی واسطہ پڑا ۔ اب میں نصاب تعلیم کے متعلق دو تین باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کو علم ہو گا کہ کتابوں کی اشاعت کے متعلق بعض ایسے اداروں کی سرپرستی کی جا رہی ہے جن کا سرے سے وجود ہی نہیں اور جو اصلی ادارہ ہے اسکی بعض چھوٹی چھوٹی کتابیں بھی نا منظور ہو جاتی ہیں ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ ان نام نہاد اداروں کے ذریعے پیش نہیں ہو سکیں ۔ اس وزارت کے آنیسے پہلے مولانا عبدالمجید سالک و مولانا صلاح الدین ، غلام رسول مہر جیسے اہل قلم اصحاب کی کتابیں بھی محکمہ تعلیم کے معیار پر نہ اتریں ۔ اسکے بعد ایک Board of studies in English ہے جو دسویں سے لیکر بی ۔ اے تک کی کتابیں منظور کرتا ہے ۔ یونیورسٹی نے صاف طور پر اس بات کا اعلان کیا ہے ۔ کہ اس بورڈ کا کوئی ممبر نہ اپنی کتاب پیش کر سکتا ہے نہ منظور کرا سکتا ہے ۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ یہاں ایک صاحب بورڈ آف سٹڈیز ان انگلش کے نہ صرف ممبر ہیں بلکہ کنوینر ہیں ان کی کئی کتابیں منظور ہو چکی ہیں ۔ اور کورس میں شامل ہیں ان کتابوں کے ناشر اور طابع بھی فرضی معلوم ہوتے ہیں۔ جن کی نہ کوئی دکان ہے نہ دارلاشاعت ، میں تفاصیل میں جا کر آپ کا زیادہ وقت نہیں لونگا ۔ اب میں اس محکمہ کی طرف آتا ہوں جسکا نام پبلک انسٹرکشن ہے ۔ جناب والا یہ محکمہ ایک ڈائرکٹر کے ماتحت اس صوبہ میں قائم ہے ۔ ان ڈائرکٹر صاحب کو جو اختیارات حاصل ہیں وہ تمام صوبہ کے کسی Head of Department کو حاصل نہیں ہیں ۔ ہر Head of Departmen کے فیصلہ کے خلاف وزارت کے پاس petition یا اپیل کی جا سکتی ہے لیکن یہ محکمہ ایک فوجی ادارہ معلوم ہوتا ہے اس محکمہ کے حکام کے خلاف وزارت تک approach ہی نہیں کی جا سکتی ۔ جناب والا یہ ڈائرکٹر، کلاس I کے افسران کی confirmation اور تنزلی یا ترقی خود کرتا ہے اور ضروری نہیں سمجھتا کہ وزیر متعلقہ سے پوچھ

لیا جائے ۔ نہ معلوم محکمہ تعلیم جو ہمارے صوبہ کی اساس ہے اور ہر چیز اور ہر بات کو بہتر بنانے کے لئے واحد ذریعہ ہے اس کے اندر ایسا کیوں ہے ؟ میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ اس محکمہ کو کم از کم Intrigue سے بالاتر ہونا چاہئیے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ سرکاری نشستوں کی طرف بیٹھنے والوں کو چیں بہ جبین ہونے کی ضرورت نہیں میرے قائد اور اس ایوان کے قائد نے یہ مثال قائم کی ہے کہ اپنی پارٹی کے ممبروں کو cut motion پر تنقیدی تقاریر کرنے کی اجازت ہے یہ اس صوبہ میں اپنی قسم کی پہلی مثال ہے کہ سرکاری نشستوں کی طرف سے cut motion پیش کی جائے ۔ اس اعتماد سے پورا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمارا فرض ہے کہ ان حالات کو اچھی طرح جانچیں جو اس محکمہ کے اندر پیدا ہو چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ بجلی کا محکمہ ہو تو اسمیں Intrigue سمجھ میں آ سکتی ہے سڑکوں کا محکمہ ہو تو اسمیں Intrigue سمجھ میں آ سکتی ہے ۔ مگر محکمۂ تعلیم میں ریشہ دوانیاں میری سمجھ سے بالاتر ہیں ۔ جناب والا یہ تعلیم کا مقدس محکمہ Intrigue کا شکار ہے ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچی جاتی ہے اور ایک لپا ڈگی کا نظارہ پیدا کیا جا رہا ہے ۔ اگر اسکی روک تھام نہ کی گئی تو محکمہ تعلیم کے ذریعہ آئندہ نسلوں کو تباہ کرنے کا سامان مہیا ہو گا ۔ حضور والا ۔ Intrigue کی ایک مثال نہیں اسکی کئی مثالیں ہیں ۔ اب میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھونگا کہ یہ Local arrangement کیا ہے ؟ اسکا مقصد تو یہ تھا کہ کسی کالج کا پرنسپل اگر چاہے تو ۸ دن کی چھٹی کسی پروفیسر کو دے کر اسکی بجائے کوئی اور آدمی مقرر کر دے اسوقت اس Local arrangement کا ہتھیار عجیب طریقہ سے استعمال ہو رہا ہے ، وزیر تعلیم نہیں جانتے کہ وہ آٹھ دن کسطرح ۸ مہینے ہو جاتے ہیں ۔ اب یہ ان کا فرض ہے کہ وہ اس چیز کی نگرانی کریں ۔ Local arrangement کا ہتھیار ایسا ہے کہ پرنسپل جس کو چاہے سینئر کر دے جسے چاہے جونئیر بنا دے ۔ اب تو کوئی شخص دو سال تک بیرونی چھٹی پر جا سکتا ہے ۔ ریکارڈ موجود ہے حال ہی میں اس Local arrngement کے ماتحت ایک محترمہ کو دو سال کی چھٹی دی گئی ہے اور وہ واشنگٹن چلی گئی ہیں ۔ ان کی جگہ کسی اور کو رکھ لیا گیا ہے ۔ اور تو اور ہیڈ کوارٹر میں بھی اسی لوکل انتظام کے ماتحت کلرک اور اسٹنٹ وغیرہ کی تبدیلیاں ہوتی ہیں اور اسی کے ماتحت نئی ملازمتیں وجود میں آتی ہیں۔

جناب والا میں نے جو کچھ کہا ہے اس سلسلہ میں ایک مثال آپکی خدمت میں Nepotism کی بھی پیش کرتا ہوں آٹھ دس برس ہوئے

Studies abroad کیلئے کئی Senior پروفیسروں نے درخواستیں دیں مگر حیرانی کی بات ہے کہ اسکے متعلق آج تک کچھ نہیں ہو سکا۔ شاید ان کی درخواستیں سمندر میں گر گئیں۔ لیکن ایک تو زائیدہ پروفیسر نے ۱۹۵۰ء میں درخواست دی اور ۱۹۵۱ء میں اسے باہر بھیج دیا گیا۔ کیا اس معاملہ کے متعلق آنریبل وزیر تعلیم انکوائری فرمائینگے۔ کئی لوگوں کی Further studies کیلئے دس دس برس کی درخواستیں آئی ہوئی ہیں اور وہ آجتک بیٹھے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں میں نے بحث کے پہلے دن تعلیم بالغان کے خلاف کہا تھا اور میرا خیال تھا کہ لیڈر آف دی ہاؤس میری اس بات کو تسلیم کرینگے کہ بوڑھے طوطوں کو پڑھانے کے لئے ۶ لاکھ روپیہ بالکل ضائع کیا جا رہا ہے۔

اس سلسلہ میں میں راولپنڈی کی وہ مثال نوٹ کرانا چاہتا ہوں کہ جب انسپکٹر متعلقہ یا افسر متعلقہ کو انسپکشن کیلئے جانا تھا تو آٹھ دن پہلے وہاں پر ایک آدمی بھیجا گیا کہ آٹھ دن کے اندر اندر بلڈنگ بھی تلاش کرو اور ہمارے آنے سے پہلے طلباء بھی مہیا کرو اور استاد بھی، چاہے انکو کچھ آتا ہو یا نہ آتا ہو۔ اسطرح بغیر تنخواہ مقرر کئے استاد بھی بیچارے وہاں بیٹھ جاتے ہیں اور چند بالغ آدمیوں کی انسپکشن ہو جاتی ہے۔ انسپکشن کرنے والے لاہور پہنچتے ہیں بعد میں طلباء اور عملہ سب گم ہوجاتا ہے۔ (قہقہے) ۔ آخر یہ کیوں ہے؟ کیا یہ روپیہ روپیہ نہیں ہے؟ کیا یہ قوم قوم نہیں ہے؟ چھ لاکھ سے تو کئی پرائمری سکول کھولے جا سکتے ہیں۔

جہاں آراء بیگم شاہنواز— جناب والا کیا میں ان سے ایک سوال پوچھ سکتی ہوں؟ ہمارے چودہ سکول اس روپے کے گرانٹ سے یہاں work کر رہے ہیں۔ کیا انہوں نے ایک بھی جا کر دیکھا ہے؟

مسٹر ابو سعید انور— اگر یہ سکول واقعی قائم ہیں تو بڑی اچھی بات ہے۔

بیگم رشیدہ لطیف— وہ بھی اسی طرح کے ہیں۔

خیر النساء بیگم— بی اے-خان— بالکل غلط۔

مسٹر ابو سعید انور— جناب والا میں اس سلسلے میں ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں۔ تعلیم بالغان کی justification دکھانے کیلئے ایک ماہانہ یا پندرہ روزہ رسالہ ابھی یہ محکمہ جاری کرنے والا ہے۔ در اصل ان کو معلوم نہیں کہ یہ گرانٹ خرچ کیسے کی جائے۔ اب یہ ایک اخبار نکالینگے اور

اسمیں بالغان کیلئے موٹے موٹے حروف میں لکھکر بتائینگے کہ ''الف،، اسکو کہتے ھیں ''ب،، اسکو کہتے ھیں (قہقہے) -

جہاں آراء بیگر شاھنواز— کیا آپ کو معلوم ھے کہ ان سنٹرز سے چار ھزار بالغان سرٹیفیکیٹ لے چکے ھیں ؟

مسٹر ابو سعید انور — بالغ عورتوں کو ضرور پڑھنا چاھئیے (قہقہے) -

جناب والا جہاں تک تعلیم نسوان کا تعلق ھے میں سمجھتا ھوں کہ یہ بہت بے ڈھنگے طریقے پر دی جا رھی ھے - ویسے تو عام طور پر ھمارے ھاں تعلیم ھی بہت مہنگی ھے لیکن میں سمجھتا ھوں کہ بچیوں کی تعلیم بچوں سے زیادہ مہنگی ھے - یہاں ایک چیز خانہ داری ایجاد کی گئی ھے - نہیں معلوم بچیوں کو اسمیں کیا سکھایا جاتا ھے - کچھ ھی دن کا واقعہ ھے کہ گوالمنڈی گرلز سکول کے جھگڑے کے متعلق ایک اجتماع ھوا - وھاں ایک آدمی نے مجھے بتایا کہ اسکی چار بچیاں گوالمنڈی کے سکول میں پڑھتی ھیں اور وھاں انہیں خانہداری کی تعلیم بھی دی جاتی ھے - (قطع کلامیاں) میں پوری ذمہ داری سے بیان کر رھا ھوں - اس آدمی نے مجھے بتایا کہ خانہ داری کے لئے اسے چار سیر گھی ان بچیوں کو دینا پڑتا ھے - اسکے علاوہ چینی چاول اور دوسری کئی چیزیں بھی خانہ داری کے نام پر دینی پڑتی ھیں - (قطع کلامیاں) مجھے اس سے غرض نہیں کہ وہ پرائیویٹ ادارہ ھے یا سرکاری سکول ھے - اس سلسلے میں ایک محترمہ رکن نے پرائیویٹ اداروں پر کنٹرول کا بل پیش کیا ھوا ھے - ھم اس کی تائید کرتے ھیں اور چاھتے ھیں کہ وہ جلد از جلد پاس ھو جائے - جناب والا وہ پرائیویٹ سکول ھوں یا سرکاری ادارے ھمیں تو دیکھنا ھے کہ بچیوں کی تعلیم پر کیا خرچ آتا ھے ؟ آج ایک غریب آدمی جو چار سیر گھی خود نہ کھاتا ھو وہ سکول میں بھیجنے کے لئے اتنا گھی اور دوسری چیزیں کہاں سے لائے ؟

جناب والا بجٹ میں لوکل باڈیز کو بھی بہت کچھ دیا گیا ھے - لوکل باڈیز کے متعلق میں کچھ نہیں کہنا چاھتا - وھاں ھڑتالیں ھوئیں اور اب سارا سلسلہ ٹھیک ھوتا نظر آ رھا ھے - میرے خیال میں لوکل باڈیز کے سکولوں کی انسپکشن نہایت ناقص طریقے پر کی جاتی ھے - جسطرح بھی ھو سکے اسکو بہتر بنانا چاھئیے - آج کل جب انسپکشن کی جانی ھوتی ھے تو پیشگی اطلاع پر بچوں کو اجلے کپڑوں میں بٹھا دیا جاتا ھے - انسپکٹر صاحبان آتے ھیں اور ماسٹر صاحب ھوشیار لڑکے کو اشارہ کر دیتے ھیں - وہ طوطے کی طرح فر فر کر کے پڑھ دیتا ھے - ھم اسی پرانے ڈگر پر اب تک چل

رہے ہیں ۔ یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے ۔ میرے خیال میں انسپکشن بغیر اطلاع کے ہونی چاہئیے ۔ کوئی ادارہ ہونا چاہئیے کوئی کمیٹی ہونی چاہئیے جو اس چیز کو دیکھے اور انسپکشن کا صحیح طریقہ نکالے ۔

جناب والا یہ جو ۲۲ ہزار کی گرانٹ لوکل باڈیز کو Agricultural تعلیم کے لئیے دی گئی ہے میری سمجھ میں نہیں آئی ۔ میں شہری ہوں یہ بات مجھے سمجھ نہیں آئی کہ Agricultural تعلیم کے لئیے جو روپیہ لوکل باڈیز کو دیا گیا ہے اس سے ان سکولوں میں کیا Agricultural تعلیم دی جاتی ہے ۔ میں اس امر پر کچھ زیادہ کہنا نہیں چاہتا ۔ مجھے دیہات میں سیاسی مسائل کے لئیے جانا پڑتا ہے ۔ یہی اساتذہ جنہوں نے ہڑتال کی تھی اونچی جماعتوں کے طلبا سے دیہاتی بچے آپ کو معلوم ہے بہت تکڑے ہوتے ہیں ۔ بارہ بجے تک اپنی زمین پر ہل جتواتے ہیں ۔ خود آ کر چارپائی پر بیٹھ جاتے ہیں آدھ گھنٹہ کام کیا اور چھٹی کر کے چلے گئے ۔ اس پر سٹرائیکیں ہوئیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ آج کل سٹرائیکوں کی عام بیماری پھیلی ہوئی ہے ۔ بعض سیاسی دوستوں نے اس سے بھی فائدہ اٹھانا چاہا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کو کسی اسوسی ایشن یا جماعت کے کسی مطالبہ کو صرف اس لئیے ماننا چاہئیے کہ وہ جائز ہے اور اگر وہ مطالبہ جائز نہیں ہے تو حکومت کو سٹرائیکوں سے مرعوب نہیں ہونا چاہئیے ۔پٹواریوں کے بارے میں یہی وزیر مال نے کیا ہے اور وزیر تعلیم کا بھی یہی رویہ ہونا چاہئیے ۔ اگر ملازمین کے اندر یا کسی کلاس کے اندر احساس فرض نہیں ہے یا ایزادمزد کی وجہ سے ایسا کیا جاتا ہے تو یہ زیادتی ہے ۔ کوئی لوکل باڈیز کا سکول ایسا نہیں ہے جہاں واقعی Agricultural کی تعلیم دی جا رہی ہے ۔ ہمارے پاس ایک Agricultural College موجود ہے وہاں زراعت کی تعلیم دی جاتی ہے ایسے اداروں کے ذریعے تعلیم دینا تو سود مند ہے لیکن یہ ۲۲ ہزار روپے جو لوکل باڈیز کو دئے جاتے ہیں میرے خیال میں یہ فالتو ہیں ان کو کسی اور مد میں لگانا چاہئیے ۔

جناب والا اس کے بعد یہ studies abroad کے لئیے ۳۰ ہزار روپے اور Ex-service men کی مزید تعلیم کیلئیے ۵۵ ہزار روپے رکھے گئے ہیں ۔ ان کا مصرف صحیح نہیں ہوتا ۔ اگر بد قسمتی سے کبھی کوئی سرکاری ملازم studies abroad کیلئیے وظیفہ لے لیتا ہے تو واپس آنیپر محکمہ والے اسکی ٹریننگ سے مستفید ہونیکی کوشش نہیں کرتے ۔ میں مانتا ہوں کہ بعض حالات میں وہ ٹرینڈ آدمی تنگ بھی کرتے ہیں کہ ''میں صاحب ہو گیا ہوں،، جو واقعہ اس وقت میرے ذہن میں ہے وہ خاص محکمہ تعلیم

کا نہیں ہے لیکن مجھے معلوم ہے کہ جو لوگ اسطرح حکومت کے قرضہ سے studies abroad کر کے آتے ہیں اچھی اور اعلی سائنس کی تعلیم حاصل کر کے آتے ہیں ان کو کہا جاتا ہے کہ تم جب ٹریننگ کے لئے گئے تھے اسوقت تھرڈ ڈویژن کلرک تھے تم اب بھی وہیں رہو - ریسرچ کا کام مت کرو - تم مکھی پر مکھی مارتے چلے جاؤ ، تم اسسٹنٹ کا کام کرتے رہو - اگر آپ کلرکوں کو یا پروفیسروں کو یا کسی اور آدمی کو اعلی تعلیم حاصل کرنیکے لئے باہر بھیجتے ہیں تاکہ وہ زیادہ تعلیم حاصل کرے اور صوبہ کی بہتر خدمت کر سکے اسکی ترقی کے وسائل بڑھائے تو پھر آپ اسکی Training سے کیوں مستفید نہیں ہوتے ؟ کسی کو ٹریننگ کیلئے اسلئے باہر بھیجنا کہ وہ محض ٹریننگ کے اخراجات کی وجہ سے مقروض ہو جائے میرے خیال میں بہت زیادتی ہے -

جناب والا مجھے باتیں تو بہت سی عرض کرنا تھیں مگر وقت کم ہے اسلئے آخر میں دو مختصر سی چیزوں کا اس معین وقت میں ذکر کرونگا - میری جماعت نے اپنے منشور میں اپنے صوبہ کے عوام سے یہ وعدہ فرمایا تھا -

''جمہوری نظام کے بنیادی مفروضات میں سے ایک بلکہ اسکا سب سے اہم اور ضروری فرض یہ ہے کہ ملک کے ہر شہری کو تعلیم یافتہ بنایا جائے - اس میدان میں غلامی ورثہ سے بے شمار مسائل ہمارے حصہ میں آئے ہیں - دو کروڑ کی آبادی میں صرف چھ لاکھ بچے تعلیم پا رہے ہیں - ان کے لئے پنجاب بھر میں صرف ۷ ہزار پرائمری اسکول ہیں (۵۶۰۰ لڑکوں کے لئے ۱۴۰۰ لڑکیوں کے لئے)'' -

جناب والا جو سکولوں میں جاتے ہیں ان کی حالت بھی ملاحظہ ہو - میں ابھی شہر سے آیا ہوں - مزار شاہ محمد غوث کے ساتھ ایک پرائمری سکول ہے - وہاں باغ میں زمین پر بچے بیٹھے ہوئے تھے - ۷۰ لڑکے ایک طرف اور ۷۰ دوسری طرف - ان کے پاس ٹاٹ بھی نہیں تھے - یہ حالت ہے قلب پاکستان اور قلب پنجاب کے پرائمری سکولوں کی اور -

''ابھی ۸ لاکھ بچے ایسے ہیں جو اسکول نہیں جاتے اور موجودہ ناقص معیار کے مطابق بھی انکے لئے ۲۲۰۰ مزید اسکول درکار ہیں جنکے قیام کیلئے ۲۴ کروڑ روپیہ صرف ہوگا اور جنہیں چلانے کیلئے ۶۶۰۰ استادوں کی ضرورت ہوگی تب ہمارے صوبہ کی تعلیم کی ضروریات پوری ہو سکیں گی -

پنجاب صوبائی مسلم لیگ تسلیم کرتی ہے کہ ہر ترقی کی پہلی شرط تعلیم ہے،، ۔

جناب والا میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر تعلیم سے یہ دردمندانہ اپیل کرونگا کہ ترقی کی طرف بڑھئے ۔ پچھلے ڈگر پر چلنے کی کوشش نہ کیجئے ۔ تعلیم کے لئے واقعی گرانٹ بہت چاہئے لیکن گرانٹ کی مقدار محض خرچ سے نہیں نتائج سے معلوم ہوگی اور خدا نے چاہا تو آج سے ایک سال بعد میں آپ سے پوچھونگا کہ آپنے کیا کیا ہے ؟ (تالیاں) ۔

Mr. Speaker : The question is,

That the total demand be reduced by Re. 1.

The motion was lost

خان عبدالستار خاں نیازی—(میانوالی ۔ ۲ مسلم) — جناب والا میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں

That the total demand be reduced by Re. 10.

Remarks : To discuss the General Policy of imparting education to the people of the provin e.

جناب والا جب ہم نے تعلیم کے متعلق وزیر خزانہ کی تقریر سنی تو اس سے ہمیں ایک گونہ مسرت ہوئی اور یہ خیال پیدا ہوا کہ شائد وزیر تعلیم نے صوبہ کی تعلیمی ضروریات کا خاص خیال رکھتے ہوئے اپنے لیڈر کو اس امر کا احساس دلایا ہے کہ اس صوبہ میں تعلیم کی ضرورت اور اہمیت کے تقاضوں کو پورا کرنیکے لئے کافی و وافی رقم رکھی جائے لیکن جب ہمنے یہ سنا کہ یہاں نئے سکول کھلینگے ۔ نئی عمارات تعمیر ہونگی اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا اور اڑھائی کروڑ کی خطیر رقم اس سلسلہ میں صرف ہوگی تو اس سے معاً یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ یہ اہتمام کس غرض اور مقصد کیلئے ہے ۔ ان سکولوں میں کیا تعلیم دی جائیگی اور کس سیرت کے نوجوان پیدا کئے جائینگے ۔ لیکن افسوس ہے کہ اس کا کوئی ذکر نہیں تھا اس کی مثال تو یہ ہے کہ ایک ایسا دسترخوان چنا گیا ہو جس پر قسما قسم کی کراکری موجود ہے ۔ عالیشان ڈائیننگ حال ہے ۔ میزیں سنواری ہوئی موجود ہیں ۔ کرسیاں موجود ہیں لیکن جب مہمان کھانے کیلئے بیٹھتے ہیں تو وہاں پر وہی باسی ابلی ہوئی گھاس ہے جو کہ ہمیں دو چار سال پہلے فرنگی کھلاتا تھا ۔ میں نے جو کٹ موشن دی ہے اسمیں میں اس امر کو Discuss کرنا چاہتا تھا کہ اسوقت صوبہ میں لوگوں کو کیسی تعلیم دی جا رہی ہے ۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے قیام کی جو غرض و غایت ہر فرد بشر

پر اچھی طرح روشن اور واضح ہے وہ یہ تھی کہ چونکہ ہم متحدہ ہندوستان کے اندر اپنے ضمیر کے مطابق زندگی بسر نہیں کر سکتے اور نہ ہی اپنے کلچر - اپنے تمدن - اپنی تہذیب - اپنی ثقافت اور اپنے عزائم کے مطابق نیا جہان آباد کر سکتے ہیں - اسلئے ہم ایسے ماحول کی تلاش میں تھے جہاں ملت اسلامیہ چاہے تو اپنی شریعت کو نافذ کر سکے اور اپنی تہذیب کا نقشہ جما سکے اور ظاہر ہے صرف یہی ایک تصور تھا جسکے لئے ہم نے اتنی عظیم‌الشان قربانیاں دیں کہ جسکا جواب دنیا کی کوئی قوم پیش نہیں کر سکتی - اگر قرار داد مقاصد پاس نہ بھی ہوتی پھر بھی ہمیں چاہئے تھا کہ ہم نظام تعلیم اور نصاب تعلیم کے متعلق سب سے پہلے فیصلہ کرتے کہ آئندہ ہم نے پاکستان کو کس زاویہ نگاہ اور کس مقصد حیات کی خاطر باقی رکھنا ہے - یعنی ۱۶ اگست ۱۹۴۷ کو ہی اس منزل کی جانب رخ متعین کر لیتے کہ جس کے لئے ہم سالہا سال سے بڑے بے تاب تھے - اور جس کیلئے ہم نے اتنی قربانی دی تھی اور اتنی مصیبتیں برداشت کی تھیں - اس قسم کا کوئی نظریہ ہمارے سامنے ہونا چاہئے تھا کہ جس سے ہم اخلاقی اور تہذیبی اعتبار سے پروان چڑھتے - پاکستان کو بنے ہوئے پانچ سال ہونے کو ہیں - لیکن ہنوز روز اول کا معاملہ ہے - دو سال کا بچہ چلنے پھرنے لگتا ہے - تین سال کا دوڑنے لگ جاتا ہے اور پانچ سال کے بچے کو شعور آ جاتا ہے - لیکن ہم حیران ہیں کہ یہاں اسقدر عرصہ گذر جانے کے بعد بھی نظام تعلیم کی اصلاح کے متعلق کوئی ایسی چیز سننے میں نہیں آئی جس سے ہم یہ اندازہ کر سکیں کہ پاکستان جس مقصد کے لئے بنا تھا آیا اسی طرف ہم جا رہے ہیں یا نہیں - نظام تعلیم کو ملی مزاج کے مطابق ڈھالنے کے لئے قرارداد مقاصد ہمیں پابند کر دیتی ہے اور اسی کے مطابق ہمارا تمام نقطہ نگاہ بھی بدل جانا چاہئے تھا - ہماری تعلیم - ہماری تربیت اور ہمارے تمام تعمیری ادارے جو کہ قومی ترقی کے سلسلہ میں قائم ہیں اسی محور کے گرد گھومنے چاہئیں تھے - اور ان سب کا محور یہی قرارداد مقاصد بنا دینی چاہئے تھی جو ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے -

"چونکہ اللہ تبارکہ تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلا شرکت غیرے حاکم مطلق ہے اور اسنے جمہور کی وساطت سے مملکت پاکستان کو اختیار حکمرانی اپنی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنیکے لئے نیابتاً عطا فرمائے ہیں اور چونکہ اختیار حکمرانی ایک مقدس امانت ہے ،،-

پھر اسمیں آگے چل کر یہ لکھا ہے ۔

''جسمیں اصول جمہوریت ۔ حریت ۔ مساوات ۔ رواداری اور عدل عمرانی کو جس طرح اسلام نے ان کی تشریح کی ہے پورے طور پر ملحوظ رکھا جائے ۔ جسکی رو سے مسلمانوں کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی کو اسلامی تعلیمات و مقتضیات کے مطابق جو قرآن مجید اور سنت رسول میں متعین ہیں ترتیب دے سکیں'' ۔

اسکا مطلب یہ ہے کہ کتاب سنت کی رو شنی میں سنت کے مطابق ۔ اصول مساوات کے مطابق ۔ حریت ۔ رواداری ۔ عدل عمرانی جیسا کہ اسلام نے سکھایا ہے اسکے مطابق ہم نے اپنے نظام تعلیم کو ترتیب دینا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قرار داد مقاصد کے پاس ہونیکے بعد تعلیم کے سلسلہ میں ہمارا نقطہ نگاہ یکسر بدل جانا چاہئے تھا اور ہمیں چاہئے تھا کہ ہم موجودہ نظام تعلیم اور نصاب تعلیم میں یکسر تبدیلی لے آتے ۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آجتک ہمارے ہاں نظام تعلیم اور طرز تعلیم کے متعلق وہی پرانا نظریہ قائم ہے کہ دینی نظام تعلیم اور ہے ''دنیاوی نظام تعلیم اور ہے'' اور ان دونوں کو یکجا کرنا ناممکن ہے اور جب دینی نظام تعلیم کے متعلق عوام میں چرچا ہوتا ہے ۔ یا اسکی تدریس کے متعلق کوئی مطالبہ کیا جاتا ہے تو عوام کا منہ بند کرنیکیلئے کچھ تھوڑا بہت روپیہ بطور صدقہ دیدیا جاتا ہے حالانکہ عوام کے مطالبہ سے قطع نظر حکومت کو از خود ملت اسلامیہ کی ہیئت ترکیبی اور اس کے عقائد کے اساسی تصورات کے لئے نیا نظام تعلیم مرتب کرنا چاہئیے تھا ۔ دینی اور دنیاوی کی دوئی کو ختم کر کے دونوں میں حکیمانہ امتزاج پیدا کرنا تھا لیکن آجتک اس بات کی قطعاً ضرورت محسوس نہیں کی گئی یہاں تو سارے نظام تعلیم کو بدلنے کی ضرورت ہے اور یہ سارا نظام تعلیم نہیں بدل سکتا جب تک کہ موجودہ گمراہ قیادت کی جو کہ اسی فرنگی کے زمانہ نظام تعلیم کی پیداوار ہے ۔ ذہنیت ۔ اس کے نظریہ ۔ اس کے نصب العین ۔ اس کے رجحانات اور اس کے عزائم میں تبدیلی پیدا نہیں ہوتی ۔ ہماری نجات نا ممکن ہے ۔ در اصل نا خدا شناس امامت خواہ ترک ہو یا ایرانی یا مصری یا خود پاکستانی ہی کیوں نہ ہو یہ سب اسی طرح سے نا قابل قبول ہے جسطرح فرنگی یا جاپانی لیڈر شپ ۔ نا خدا شناس آئمہ کی امامت میں رہ کر خدا شناسی یا خدا پرستی کا مسلک زندہ نہیں رہ سکتا ۔ وہ نظام تعلیم جو علوم کو نا خدا شناس آئمہ کی ترتیب اور زاویہ نگاہ سے لیتا ہے ان آئمہ ضلال کی تمدنی مشین کا پرزہ بنا دیتا ہے اور ارتداد

کا مجرب نسخہ ہے ۔ ان مسلمات کی روشنی میں سب سے پہلے ہمیں یہ قرار دینا ہے کہ کائنات ارضی کا علم اور اس کی ترتیب خدا کی عبادت اور حامل وحی و امام رسول کی متابعت میں مضمر ہے ۔پہلے ہمیں یہ تصور زندہ کرنا ہوگا ۔ کائنات ارضی کے اندر خدا نے اشرف المخلوقات بنا کر ہمکو یہ سبق سکھایا کہ ہم بوجہ امت محمدی ہونیکے اقوام عالم کے امام ہیں اسلئے ہم قیادت عظیمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے نظام و تربیت کا رخ متعین کرتے ہیں ۔ اس کائنات ارضی کے اندر جو تصور اشرف المخلوقات کا ہمیں دیا گیا ہے اسی تصور کو ہمنے شریعت کی تابعداری میں پھیلانا ہے اسی کے مطابق انسان تیار کرنے ہیں اور اسی کے مطابق ہم نے نظام تعلیم کے اندر وہ بنیادی تبدیلیاں کرنی ہیں جن سے کہ بالاخر ۔ کہ آں امت دوگیتی زاہ امام است ،، کا سماں پیدا ہو جائے ۔ جناب والا ہم حیران ہوتے ہیں اور طبیعت پر ایک عجیب بوجھ محسوس ہوتا ہے اور دل چاہتا ہے کہ اے کاش بعض ممبران اسمبلی اس ایوان میں ایسی باتیں منہ سے نہ نکالتے جو کہ وہ ۱۹۴۸ء میں کہا کرتے تھے ۔ آج چار سال گذر جانے کے بعد بھی ان کے خیالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ۔ اسوقت موجودہ قائد ایوان نے کہا تھا کہ گاندھی مرد مومن ہے۔ میں نے اسوقت ان کی رہنمائی کرتے ہوئے کہا تھا کہ گاندھی مرد مومن نہیں ہے ۔ مشرک مرد مومن کیسے ہو سکتا ہے۔ مرد مومن کا تصور بہت ہی بلند و بالا ہوتا ہے ۔ مومنے بالائے ہر بالا ترے۔ غیرت او بر نتابد ہمسرے ۔ اسی طرح کلچر ۔ تہذیب ۔ عدل عمرانی اور تعلیم کے متعلق بھی انکا نظریہ اسلامی نہیں ہوتا ۔ یہ کہتے ہیں کہ فرانس کے ایک شخص نے کوشش کی تھی کہ عدلیہ کو انتظامیہ سے جدا کر دے لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکا ۔ میں ان کی آگاہی کے لئے بتانا چاہتا ہوں کہ عدلیہ کی انتظامیہ پر سیادت تاریخ اسلام کی ایک حقیقت ثابتہ ہے ۔

Mr. Speaker : Reference to Mr. Gandhi is wholly irrelevant.

خان عبدالستار خان نیازی — جناب والا! میں یہ اس لئے عرض کر رہا تھا کہ نظام تعلیم کے متعلق جو موجودہ تصور ہے وہ غلط ہے اور جو میں پیش کرنیوالا ہوں وہ صحیح تصور ہے ۔ اور اسی تصور سے دوبارہ عدلیہ کی سیادت منوائی جا سکتی ہے ۔ میں اسی لئے چاہتا ہوں کہ مروجہ انتظام تعلیم کو یکسر بدل دیا جائے اور اگر اس کو اسی طرح رہنے دیا گیا تو عدلیہ اور انتظامیہ کے جدا کرنے کے بارہ میں جو غلط فہمیاں پھیل چکی ہیں وہ دور نہیں ہو سکتیں ۔ اس ایوان میں دولتانہ صاحب نے عدلیہ کے تفوق کو ناممکن بتایا تھا میں ان کی چشم بصیرت کھولنے کے لئے بتانا

چاہتا ہوں کہ ان کے مقابلہ میں دور فاروقی کی اس بڑھیا کو زیادہ احساس تھا ۔ جبکہ حضرت عمر رضہ نے انتظامیہ کے افسر اعلیٰ ہونے کی حیثیت میں فرمایا کہ عورتوں کا حق مہر زیادہ نہیں باندھنا چاہئیے تو اسنے آپکو للکار کر کہا تھا کہ اے عمر اتق‌اللہ اللہ سے ڈر ۔ پھر اسکے بعد وہ مشہور آیت کہ ''ان اتیتم احدا ھن قنطارا فلا تاخذو منہ شیئاً ،، پڑھی جسکا مفہوم یہ تھا کہ خدا کے فرمان کے مطابق تو یہ حکم ہے کہ اگر تم اپنی بیویوں کو سونے کے ڈھیر بھی حق مہر میں دے چکے ہو تو واپس نہیں لے سکتے ۔ اس حضرت عمر نے فرمایا کہ مائی مجھے معاف کرنا ۔ پھر مجمع عام کے سامنے اقرار کیا کہ عمر سے تو مدینہ کی بوڑھی عورتوں کو قرآن زیادہ یاد ہے ۔

Mr. Speaker : What has that got to do with the system of education ?

خان عبدالستار خاں نیازی— جناب والا ۔ اس واقعہ سے یہ ثابت کرنا مقصود تھا کہ اسلامی نظام تعلیم نے مسلمانوں میں وہ کیفیت پیدا کر دی تھی کہ ایک بڑھیا بر سر عام خلیفہ سے جھگڑتی تھی ۔ نیز یہ بھی بتانا مقصود ہے کہ کلام الٰہی کو قطعی حجت سمجھنے کے بعد یہ بات واضح ہو گئی کہ انتظامیہ عدلیہ کے سامنے ہیچ ہے جیسا کہ اس مشہور واقعہ سے ثابت ہو چکا ہے ہم اسی قسم کا نظام تعلیم رواج دینا چاہتے ہیں جس سے ملت کا ایک عامی بھی احکام شریعت سے آگاہ ہو جائے ۔ موجودہ سسٹم آف ایجوکیشن ایسا نہیں ہے جس سے اس قسم کی جماعت پیدا ہو جو وقت پر قوم کی صحیح رہنمائی کر سکے ۔ اسلئے میں کہتا ہوں کہ آپ تعلیم و تربیت کا نظام اس نقطہ نگاہ اس مقصد اور مدعا کو پیش نظر رکھکر قائم کریں تاکہ اس سے ہم صحیح مسلمان پیدا کر سکیں ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اسوقت جو قصور ہے اور جو فساد ہے وہ تبھی دور ہو سکتا ہے جب ہم یہ اچھی طرح سمجھ لیں کہ دینی اور دنیاوی نظام ہائے تعلیم الگ الگ نہیں ہیں۔ پھر اسکے بعد ہمیں اس سسٹم آف ایجوکیشن پر اس مقولہ کے پیش نظر غور کرنا چاہئیے کہ کلمتہ‌الحکمتہ ضالۃ‌المومنین ۔ حکمت کی بات تو مومن کی کھوئی ہوئی متاع ہے اور کسی کی ملک نہیں ۔ ہم دیکھتے ہیں دنیا میں مختلف قسم کی تہذیبوں نے راج کیا ہے ۔ پہلے بابل کی تہذیب عروج پر تھی پھر مصر کی تہذیب نے راج کیا اور اس کے بعد پھر اسلام کی تہذیب نے راج کیا اور اب یورپ کی تہذیب کا راج ہے ۔

یورپ کی تہذیب کا غلبہ مادی استسلاء کے دروازے سے داخل ہوا ہے ۔ اس لئے جو اقوام براہ راست یا بالواسطہ دول یورپ کے ماتحت آئیں آن کا زاویہ ٔ نگاہ یکسر بدل گیا ۔ خیر و شر ۔ حلال و حرام اور نیک و بد کا معیار فرنگی فلاسفہ و مفکرین کے ذہن کے مطابق بن گیا اور اب حالت یہ

ہے کہ ''یورپ اگر گپ زند مسلم باشد،، کے مطابق یورپ کی ہر چیز واجب التقلید ہے ۔ حالانکہ تہذیب کفر و گمراہی کی نئی شکل ہے ۔ جو شکوک شبہات جاہلیت قدیمہ کے ماہرین مادین و ملحدین نے پیدا کئے وہی یہ پیدا کر رہے ہیں ۔ توحید رسالت اور آخرت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص شرف انسانیت سے ہمکنار نہیں ہو سکتا ۔ اگر ہم اپنی تہذیب کو کائنات ارضی پر حاوی کرنا چاہتے ہیں اور علم و تحقیق کے نام پر تہ بہ تہ جہالت کے اُن دبیز پردوں کو چاک کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں نظام تعلیم کو بدلنا ہوگا ۔ نصاب تعلیم میں زبردست رد و بدل کی ضرورت ہے ۔ ہماری وزارت کو مزید التواء و تاخیر کو روا نہ رکھتے ہوئے جلد از جلد اس سنسنہ میں قدم اٹھانا ہوگا۔ اس نظام تعلیم کے بعد وہ وقت قریب آ جائیگا جبکہ بدستور سابق اسلامی تہذیب دنیا میں مینار نور کا مقام حاصل کر لیگی ۔

جناب والا ! ہمنے یہ بھی دیکھنا ہے کہ آیا موجودہ نظام تعلیم ہماری ملت کی آرزوؤں اور اُمنگوں کی تسکین کی خاطر وجود میں آیا تھا یا محض یہاں پر حاکم کی مصلحت و قت کو پورا کرنے کی خاطر جاری کیا گیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ نظام تعلیم محض انگریز کی حاکمانہ ضروریات کی تکمیل کے لئے یہاں نافذ کیا گیا۔ جب حقیقت حال یہ ہے تو کیا اب بھی آپ پر یہ حقیقت نہیں کھلی کہ ہندوستان کے اندر یورپ کے گماشتوں نے جو نظام تعلیم مرتب کیا تھا وہ انہیں انسان کامل بنانے کیلئے مرتب نہیں کیا گیا تھا ؟ وہ تو انہیں فرنگی نظام کا خادم چوکیدار اور چپڑاسی بنانے کیلئے مرتب کیا گیا تھا ۔ شریک حکم کرنیکے لئے یہ نظام نہیں وضع کیا گیا تھا ۔ بقول اقبال

شریک حکم غلاموں کو کر نہیں سکتے
خریدتے ہیں فقط ان کا جوہر ادراک

میکالے اسبات کو بھانپ گیا تھا کہ اتنے انگریزوں کو یہاں لانا ناممکن ہے جو سارے ملک کو قبضہ میں رکھ سکتے ہوں ۔ اسکے لئے انہیں ایسے دفتریوں اور سیکرٹریوں کی ضرورت تھی جو انگریز کی خاطر اس سلسلہ کو چلائیں ۔ علاوہ ازیں انہیں اس ملک میں اپنی ایک نئی تابع فرمان امت پیدا کرنے کی بھی ضرورت تھی جو انکی عادتیں ، انکا چلن اور انکی معاشرت اختیار کر لے ۔ اور جو انکے ساتھ میز کرسی پر بیٹھکر چھری کانٹے سے کھانا کھائے انکی مرضی کی باتیں کرے اور جس سے وہ کام طعام کر سکیں

چنانچہ اس مقصد و مدعا کے پیش نظر انہوں نے یہ نظام تعلیم چلایا تھا جو آج تک یہاں رائج چلا آتا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ یہی وہ نظام تعلیم ہے جسکے متعلق علامہ اقبال رحمتہ‌اللہ علیہ نے فرمایا تھا ۔

اور یہ اہل کلیسا کا نظام تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

ضرورت ہے کہ اب اس نظام تعلیم کو جسے دشمن نے ایک واضح نصب العین اور خاص نکتہ نگاہ کو پیش نظر رکھکر چلایا تھا یکسر بدل دیا جائے ۔ اور اسے اس مقصد کو پیش نظر رکھکر بدل دینے کی ضرورت ہے کہ آئندہ یہاں پر مولوی اور مسٹر کی تقسیم نہیں ہوگی ۔ ہمارا دینی نظام تعلیم دنیاوی نظام تعلیم سے الگ نہیں ہوگا ۔ نیز دینی تعلیم اور دنیاوی تعلیم کی موجودہ تفریق بھی نہیں ہوگی ۔ ہماری دنیا ہمارے دین کے تابع ہوگی ۔ بلکہ وہ لوگ جو ہماری یونیورسٹی ہمارے کالجوں اور ہمارے سکولوں سے فارغ التحصیل ہو کر نکلینگے ان میں یہ قابلیت ہوگی کہ وہ قاضی القضاہ بن سکیں ۔ مفتی اعظم بن سکیں ۔ گورنر بن سکیں اور اضلاع کے ڈپٹی کمشنر بھی بن سکیں ۔ اور یہ کوئی نئی بات نہ ہوگی ۔ اس سے پہلے آپ کے سامنے ایسی کئی مثالیں موجود ہیں ۔ جن سے بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ مسجد کی تعلیم و تربیت کے بعد گورنر ۔ قاضی ۔ مفتی اور منصف بلا تخصیص ہمیں میسر آ جاتے تھے ۔حجاج کی ایڈمنسٹریٹو قابلیت سے کون انکار کر سکتا ہے ۔ لیکن یہ بھی معلوم ہے کہ وہ ایک سکول ماسٹر تھا ۔ یہ اسلامی نظام تعلیم کا کرشمہ تھا کہ لوگ جب مساجد سے فارغ التحصیل ہو کر نکلتے تھے تو دنیا کیلئے مینار نور بن جاتے تھے ۔ اگر ایک طرف مسجد میں امامت کے فرائض سر انجام دیتے تھے تو دوسری طرف میدان وغا میں عساکر الٰہی کی قیادت بھی کر سکتے تھے ۔

اب میں آپکے سامنے بیان کردہ تصور کی تائید میں چند باتیں پیش کرتا ہوں تاکہ آپ یہ نہ کہیں کہ میں صرف اعتراض کرنا جانتا ہوں راہ دکھانا نہیں جانتا ۔ میں اس ناقص تعلیم کو بدلنے کے سلسلہ میں تین چیزیں آپکے سامنے رکھتا ہوں ۔ سب سے پہلے تو آپکے سامنے یہ بات ہونی چاہئیے کہ موجودہ گمراہ قیادت اور اس کے معتقدات کی ذلت آمیز غلامی سے قوم کو نجات دلانے کیلئے حقیقی معنوں میں زندگی کے ایک ایک لمحہ کیلئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ پیش نظر رکھنا ہوگا ۔ اور اسکے لئے آپنے بکایک اپنے تعلیمی اداروں کا رخ گمراہی کے مرکز سے ہٹا کر انہیں کعبہ مکرمہ کی جانب لے جانا ہے ۔ ہمارے ان تعلیمی

اداروں کا مقصد ایسے لوگ پیدا کرنا ہوگا جنکی زندگی کا مقصد و منتہا رضائے الہی اور رضامندی رسالتمآب ہو ۔ دوسرے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے موجودہ نصاب تعلیم سے طلبہ پر اتنا زیادہ بوجھ پڑتا ہے اور انہیں اتنے زیادہ مضامین پڑھنے پڑتے ہیں کہ اسطرح سے تعلیم کا اصل مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقے کو بدل دینے کی ضرورت ہے ۔ اور علوم ضروری اور علوم اختصاصی کے درمیان ایک واضح حد مقرر کر دینی چاہئیے ۔ ضروری نہیں کہ ہر ایک پر ایک ہی طرح کا بوجھ لادا جائے ۔ طلبہ کا رجحان طبع اور صلاحیت دیکھکر اسی کے مطابق تعلیمی رہنمائی کی جائے اور مضامین اختیار کرنے وقت کافی غور و غوض کے بعد فیصلہ کیا جائے ۔ کیونکہ یہ بات اب پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ نظام تعلیم وہی کامیاب ہوگا جسمیں پڑھنے والے کسی ایک جانب مہارت تامہ حاصل کر سکینگے ۔علاوہ ازیں آپکو یہ بھی پیش نظر رکھنا چاہئیے کہ کتاب و سنت (جسکا ذکر قرارداد مقاصد میں آ چکا ہے اور جس سے اب کوئی شخص ہٹ نہیں سکتا) کے علوم کی تعلیم کا زیادہ سے زیادہ انتظام ہو ۔ گذشتہ اسمبلی نے کہ جس میں میرے بہت سے موجودہ رفقائے کار اور ہمارے موجودہ وزیر معارف بھی موجود تھے متفقہ طور پر میری اسلامی اکیڈمی کی قرار داد منظور کی تھی ۔ اسوقت کے ممبران اسمبلی نے مجھے اس قرار داد کے منظور ہو جانے پر مبارکباد بھی دی تھی۔ اور وزیر تعلیم نے تو اس وقت یہانتک کہ دیا تھا کہ میں نے اس اکیڈمی کیلئے صرف ایک لاکھ کا مطالبہ کیوں کیا ۔ وہ تو اسپر دس لاکھ تک صرف کرنیکے لئے تیار تھے ۔ مجھے امید ہے کہ انہیں یہ بات اچھی طرح یاد ہوگی ۔ مگر اب میں حیران ہوں اور مجھے اسپر سخت افسوس بھی ہے کہ سیاسی رقابتوں اور جھگڑوں میں اس قرار داد کو بالکل چھوڑ دیا گیا ہے ۔ ۱۹۴۸ء میں ایک لاکھ کی گرانٹ غتربود ہوئی ۔ ۱۹۴۹ء میں گورنری راج کے دوران میں دو لاکھ کی گرانٹ lapse ہوئی ۔ اسی طرح ۱۹۵۰ء اور ۱۹۵۱ء میں بھی یہ گرانٹ lapse ہوتی رہی ۔ مجھے افسوس ہے کہ فلمی گانوں اور آرٹ کونسل اور آرٹ گیلری جیسی لغو مدات کے لئے اخراجات تو پورے ہوتے رہے ان کے لئے مصرف نکلتا رہا مگر پنجاب کے چیف سیکرٹری صاحب یہ نہ بتا سکے کہ یہ دو لاکھ روپے کہاں خرچ ہوں ۔ ع ۔ نگاہ کی نا مسلمانی سے فریاد ۔

مکدر کرد مغرب چشمہ ہائے علم و عرفان را
جہاں را تیرہ توسازد چہ مشائی چہ اشراقی

ابھی آپکے سامنے میاں عبدالباری صاحب یہ رونا رو رہے تھے کہ کاش آپ نے مساجد کی تنظیم کر کے ان میں مکاتب کھولے ہوتے ۔ میں انکی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسی ایوان کے اندر شیخ فضل حق صاحب پراچہ نے مکاتب کی قرار داد پیش کی تھی ۔ اور اس ایوان کے ہر ایک ممبر نے اسکی تائید کی تھی ۔ مگر وزارت کی چالاکی سے یہ مبارک و مسعود تجویز باوجود متفقہ تائید و حمایت کے منظور نہ ہو سکی ۔ اس سے بالصراحت معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے بر سراقتدار طبقات دین کا چرچا صرف اسی حد تک باقی رکھنا چاہتے ہیں جس حد تک کہ یہ اس سے خود استفادہ کر سکیں ۔ لیکن جہاں یہ سوال اٹھا کہ دین کو زندگی کے ہر پہلو پر حاوی کر دیا جائے ان کے کان کھڑے ہو جاتے ہیں اور ان کا بے رحم ہاتھ ایسی تجاویز کے راستے میں رکاوٹ بن جاتا ہے تمنے مساجد کے ساتھ دینی مکاتب کی تجویز کو پاس نہ ہونے دیا اور تقریباً ۸ لاکھ روپیہ کی گرانٹ کو جو کہ دینی علوم کی خاطر پیش کی گئی تھی ضائع کر دیا ایسا گناہ عظیم ہے جو معاف نہیں ہو سکتا اور قوم سے ایک ایسی وعدہ خلافی ہے کہ جو برداشت نہیں کی جا سکتی ۔ اب خدا تم سے ان وعدہ خلافیوں کا بدلہ لے رہا ہے ۔ یہ جو تم پر آج مصیبتوں اور نحوستوں کے بادل چھا رہے ہیں اور تم دن بدن غرق ہوتے جا رہے ہو ذلت و نکبت کے چاہ عمیق میں اسکا سبب یہی ہے کہ تمنے وہ جو دو عہد کئے تھے انہیں پورا نہیں کیا ۔ آؤ آج ہم پھر تجدید عہد کریں ۔ اور اسوقت اس ایوان کے اندر اسلامی اکیڈمی کے قیام کے متعلق جو قرار داد ہمنے منظور کی تھی اسکو revive کریں ۔ تاکہ ہمیں علوم اسلامیہ عربیہ میں ایسے ایکسپرٹ مہیا ہو سکیں جو کتاب وسنت کے علوم کو کما حقہ پڑھا سکیں ۔ جو ان علوم کو سمجھتے ہوں اور سمجھا سکتے ہوں ۔ جو دین میں مہارت تامہ رکھتے ہوں ۔ ورنہ آجکل ہماری یونیورسٹی کے اندر یہ جو اسلامیات کا مضمون ہے یہ توایک مذاق ہے اسلام کے ساتھ مذاق ہے طلبہ کے ساتھ ۔ اسکا ہیڈ ایک ایسے شخص کو مقرر کر دیا گیا ۔ ہے جو نہ علوم اسلامی کی سند رکھتا ہے اور نہ ان میں مہارت تامہ رکھتا ہے ۔ بلکہ عربی کا ایک لفظ نہیں جانتا ۔ اسنے via بٹھنڈہ منشی فاضل کر کے ایم اے فارسی کا کیا ہوا ہے ۔ ایسے شخص کو اسلامیات کا ہیڈ بنانا ظلم کے مترادف ہے ۔ امام راغب اصفہانی کے نزدیک ظلم کی تعریف یہ ہے کہ

"وضع الشیئی علی غیر محلہ"

"کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا جہاں اسکا محل نہ ہو ظلم ہے" ۔ یعنی

کسی اہم ذمہ داری کے عہدہ پر ایک نالائق آدمی کو مقرر کرنا ظلم ہے مزید وضاحت کیلئے اس بارہ میں الحضور کے ارشادات بھی موجود ہیں - الحضور ایک دفعہ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک شخص نے پوچھا ''ایان تقوم الساعۃ یا رسول اللہ،، ؟ یا رسول اللہ قیامت کب آئیگی - تباہی کب آئیگی - حضور نے تقریر جاری رکھی - اس بدو نے سمجھا کہ شاید حضور کو اسکا سوال یاد نہیں رہا - اسلئے مایوس ہو گیا - لیکن جب آپ نے تقریر ختم کی آپ نے فرمایا کہ ابھی ایک شخص نے سوال کیا تھا ''کہ قیامت کب آئیگی،، وہ جان لے قیامت اسوقت آئیگی ''اذا ضیعتہ الامانتہ،، جب ذمہ داریاں ضائع ہونے لگ جائیں - اور (''و اذ وسد الامر الی غیر اھلہ،، - اور ''جب ذمہ داریوں کے کام نا اہلوں کے سپرد ہونے لگیں،، - ''فانتظرو الساعتہ - فانتظرو الساعتہ- فانتظرو الساعتہ،، اس وقت قیامت کا انتظار کرو - تباہی کی گھڑی کا انتظار کرو - یہ الفاظ آپ نے تین دفعہ فرمائے -

اسلامیات تو نظام تعلیم میں بمنزلہ دل اور دماغ کے ہے مگر آپ نے اسے اپنے نظام تعلیم کا دم چھلہ بنا کر رکھا ہوا ہے - اور دوسرے علوم کے ساتھ اسکا رابطہ ایسا ہی ہے کہ جیسے ریشم کے ساتھ ٹاٹ کا پیوند لگا دیا جائے - سوال یہاں پیوند لگانے کا نہیں سوال سارا تانا بانا بدل دینے کا ہے یعنی تمام علوم و فنون میں اسلامی روح کام کر رہی ہو - سب میں ایک ہی مرکزی نقطہ در پیش ہو - یعنی اللہ اور اس کے رسول کی رضامندی اور اسپر آپ اسطرح خرچ کر رہے ہیں جیسے آپ کسی کو بھیک دے رہے ہوں - اللہ تعالیٰ کی بطش شدید سے ڈرنا چاہئے - اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ہمارے نظام تعلیم میں آجکل جو علوم پڑھائے جاتے ہیں مثلاً پولٹیکل سائنس فلسفہ اور اقتصادیات وغیرہ ان میں جو کافرانہ نظریات ہیں - ایسے نظریات جو مغرب کے کافروں نے ہمارے سامنے رکھے ہیں - انکے بارہ میں ہم اپنے طلبا پر یہ واضح کردیں کہ انکی حیثیت کیا ہے - ان جاہلانہ اور مفسدانہ نظریات کی قلعی کھول کر طلبہ کو اسلامی دانش و برہان کے اسلحہ سے مسلح کر دینا چاہئے - ان علوم میں جہاں جہاں ان کا قرآنی نظریات کے ساتھ تصادم ہے انہیں واضح کر دینا چاہئے تاکہ وہ انکے زہ سے محفوظ رہیں - ہم تو اس سے ایک قدم آگے جاکر یہ بھی کہنے کے کے لئے تیار ہیں کہ

یہ ذکر نیم شبی یہ مراقبے یہ سوز و سرور
تری خودی کے نگہبان نہیں تو کچھ بھی نہیں

اسلئے جناب والا میں ان کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ جلد از جلد علوم قدیم اور علوم جدید کے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کریں جو پوری توجہ یکسوئی اور پوری نگرانی کے ساتھ چھ ماہ کے اندر اندر ایک ایسا نظام اور نصاب تعلیم مرتب کرے جس سے ہمارے نوجوان رسول اللہ کی امت کے قابل فخر فرزند بن سکیں۔ مجھے یقین ہے کہ اس نکتہ نگاہ کو سامنے رکھتے ہوئے آپ جو کچھ بھی کرینگے وہ آپ کی قومی ترقی کیلئے مفید اور کار آمد ثابت ہوگا۔ جناب والا ! ہر چہار جانب سے اپنے ان قائدین کے منہ سے ہم اسلام اسلام کا وظیفہ سنتے تنگ آ گئے ہیں۔ اگر جو کچھ یہ کہتے ہیں اس کا عشر عشیر بھی ان کے قلوب میں جا گزیں ہے تو میں سوال کرونگا بلکہ اب میں یہ چیز آپکے سامنے رکھونگا کہ موجودہ وزارت نے نظام تعلیم کو بدلنے کے لئے کیا کچھ کیا ہے۔ یہ آپ نے کیا تماشا بنا رکھا ہے۔پاکستان کو قائم ہوئے پانچواں سال شروع ہے لیکن ابھی تک یہ بھی طے نہیں ہوا کہ اسلامی تہذیب و ثقافت کی حامل زبانوں عربی، فارسی اور اردو کے لئے آپ نے کیا کارنامہ سر انجام دیا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو کی زبانیں جو انتظار کی گھڑیاں گزار رہی تھیں اور تارے گن گن کر شاندار مستقبل کے لئے اسقدر صعوبتیں برداشت کر رہی تھیں ان کی ترقی کے لئے کیا کچھ کیا گیا۔ ہم الٹا ان کو اب exploit کر رہے ہیں۔ ہم اپنی تہذیب و تمدن کو کیا خاک زندہ کرینگے جب یہ حال ہے کہ عربی اور فارسی کے ایم۔ اے کی کوئی قدر نہیں اور ان کے گریڈ انگریزی کے ایم اے سے بیحد کم ہیں۔ تو کون باور کریگا کہ ملک اسلامی تہذیب و ثقافت کا مرکز بن رہا ہے۔ عربی فارسی کے حامیوں نے جب بار بار چیخ و پکار کی تو نتیجہ یہ ہوا کہ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کی طرفسے چٹھی آئی کہ آپ کو وہ گریڈ نہیں مل سکتے۔ میں وزیر معارف سے درخواست کرونگا کہ وہ عربی اور فارسی کی طرف بھی توجہ فرمائیں۔ پہلے تو یہ حکم تھا کہ آپ عربی۔ فارسی میں سے ایک مضمون لازمی طور پر لیں لیکن اب یہ کر دیا گیا ہے کہ ان کے ساتھ سائنس اور ڈرائینگ کو شامل کر لیا گیا ہے۔ ان میں سے جو مضمون آپ لینا چاہیں لے سکتے ہیں۔ کیا قومی زبانوں کو ترقی دینے کے یہی لچھن ہوا کرتے ہیں ؟ اور پھر اسکے ساتھ ہی ساتھ عربی میں جو کتابیں ہم پڑھاتے ہیں وہ اغلاط سے اسقدر پر ہیں کہ جسکا کوئی شمار نہیں۔ پرسوں قاضی مرید احمد صاحب نے وزیر معارف کی توجہ اس چیز کی طرف مبذول کرائی تھی۔ لیکن میں اسوقت ایوان میں اسکا حوالہ بھی دے سکتا ہوں کہ تقسیم سے پہلے

جو عربی کتاب یعنی دروس الادب پڑھائی جاتی تھی اسکی کتابت اور کاغذ کا اس کتاب سے مقابلہ کر لیں جو اب پڑھائی جا رہی ہے تو نمایاں فرق نظر آئیگا۔ اسمیں کتابت اور چھپائی کی بے شمار غلطیاں ہیں حتٰے کہ تقریباً ہر صفحہ پر دس دس بارہ بارہ غلطیاں موجود ہیں ۔ آپ کو اس جانب فوراً توجہ مبذول کرنی چاہئے ۔ اسکے بعد میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ایک معیار مقرر ہوا ہے کہ گورنمنٹ کالج میں کوئی پروفیسر نہ لیا جائے جب تک کہ وہ کوئی ریسرچ کا کام نہ کرے میں اس سلسلہ میں اپنی یونیورسٹی کے ہسٹری کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کا ذکر کرتا ہوں ۔ گو میں یہ دعوی نہیں کرتا کہ میں ہسٹری کا کوئی اچھا طالب علم رہا ہوں لیکن مجھے اس ہیڈ آف دی ہسٹری ڈیپارٹمنٹ کا پچھلا ریکارڈ دیکھکر بیحد حیرت ہوئی انہوں نے ہمیشہ III کلاس لیا ہے ۔ اور بی اے منشی فاضل کر کے کیا ہے۔ایم اے تھرڈ کلاس ہے۔ لیکن اب یہ حضرت نامدار خان کالج کے پروفیسر بن چکے ہیں ۔

Mr. Speaker : No such reference by name.

Khan Abdul Sattar Khan Niazi : I submit, Sir.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : There is no such rule. I am myself a member of this Board.

خان عبدالستار خان نیازی — ایسا نہیں ہونا چاہئے ۔ جب محکمہ تعلیم میں بھی اس بھونڈے انداز کی سفارشیں چل نکلیں تو ع ''کار طفلاں تمام خواھد شد،، نتیجہ ہوگا ۔ میں وزیر تعلیم سے درخواست کرونگا کہ وہ ایک وسیع انکوائری کریں۔ اور جہاں جہاں یوں اندھا دھند ترقیاں مل گئی ہیں اُن پر نظر ثانی کریں ۔ یونیورسٹی اور محکمۂ تعلیم کا تعلق دو برابر کے اداروں کا ہونا چاہئے نہ یہ کہ محکمہ تعلیم یونیورسٹی پر اپنی رائے مسلط کرنے لگ جائے ۔

پھر میں جناب والا یہ عرض کرونگا کہ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کا یونیورسٹی کے امور میں کوئی دخل نہیں ہونا چاہئے بلکہ ہمیں کوشش یہ کرنی چاہئے کہ یونیورسٹی ایک ایسا ادارہ بنجائے جسکے اختیارات زیادہ سے زیادہ وسیع ہوں اور محکمہ کے ساتھ اسکا صرف تعلیمی تعلق ہو۔ آخر میں اب میں کچھ suggestion آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ ایک تو یہ عرض کرونگا کہ آپ میٹرک تک تعلیم مفت کر دیں ۔ اس سے آپ کو گیارہ لاکھ روپیہ ضرور ملتا ہے ۔ لیکن اگر آپ یہ گیارہ لاکھ روپیہ معاف کردینگے تو لوگوں کو آپ پر بیحد اعتماد پیدا ہو جائیگا اور عوام کے دلوں میں آپکی والہانہ محبت پیدا

ہو جائیگی ۔ فرنٹیر نے تو مڈل تک تعلیم مفت کر دی ہے اور ہمیں اس سلسلہ میں اس صوبہ سے آگے بڑھنا چاہئیے ۔

دوسرے میں یہ عرض کرونگا کہ گورنمنٹ کالجوں میں نیشنل کالجوں کے مقابلہ میں فیسیں بہت زیادہ چارج کی جاتی ہیں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ہمیں اس فرق کو اڑا دینا چاہئیے کیونکہ اسطرح سے غریب طالب علم گورنمنٹ کالجوں میں نہیں جا سکتے علاوہ ازیں یہ امر خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ کالجوں کے ہوسٹل ایسے ہیں جیسے کبوتر خانے ہوا کرتے ہیں ۔ غسل خانے بیحد گندے ہیں۔ پانی کا کوئی انتظام نہیں گرمیوں اور سردیوں کیلئے کوئی سہولت مہیا نہیں اور یہ چیزیں طلبا کی صحت پر برا اثر ڈالتی ہیں ۔ کالج ایسے صاف ستھرے ہونے چاہئیں کہ وہ تعلیم کی خاطر اطمینان سے قیام رکھ سکیں اس کے بعد ہم طلبا کے دلوں میں بلند و بالا تصورات پیدا کر سکیں گے ۔ آپ نے ایک Youth Hostel چھ لاکھ کے مصرف سے مری میں کھولنے کا فیصلہ کیا ہے مری میں اسکی کیا ضرورت ہے ۔ حالانکہ لاہور کے طلبہ عذاب میں مبتلا ہیں ۔ اگر یہ لاہور میں بنایا جاتا تو طلبا کے لئے بیحد مفید ثابت ہوتا ۔ آپ لاہور کے میڈیکل کالج کا ہوسٹل دیکھ سکتے ہیں ۔ اسکا بھی یہی حال ہے کہ اگر آپ اسکے کسی حصہ سے بولیں تو دسویں کمرے تک آواز جاتی ہے ۔ لکڑی کی Partition walls سے الگ الگ cubicles بنا دئے گئے ہیں۔ وہ ناقص اور غیر آرام دہ ہیں ۔ علاوہ ازیں ڈنٹل کالج کا کوئی ہوسٹل نہیں ۔ لاہور میں طلبہ کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے ۔ حکومت وسیع میدانوں میں ماڈل ٹاؤن کی جانب ہوا دار اور مصفا ہوسٹل بنائے اور وہاں طلبہ کی رہائش کا انتظام کیا جائے ۔ وزیر تعلیم چونکہ ہیلتھ کے بھی ساتھ ساتھ انچارج ہیں اس لئے انہیں ان امور کی طرف بھی توجہ مبذول کرنی چاہئیے ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز — جناب والا ۔ کیا میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھ سکتی ہوں کہ youth Hostels کیا ہوتے ہیں ؟

Mr. Speaker: That question need not be answered.

خان عبدالستار خاں نیازی — میں آپ کو بعد میں بتلا دونگا ۔

اب میں جناب والا اسلامک ہسٹری کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اسکو از سر نو مرتب کرنیکی ضرورت ہے ۔ ہمارے ہاں یہ جو شیعہ سنی کے جھگڑے اور فسادات ہیں ان کی نوے فیصدی ذمہ داری

غلط تاریخ پر ہے ۔ ہماری موجودہ تاریخ کی کتابوں میں بہت غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ وزیر معارف جلد از جلد اپنی توجہ اس طرف مبذول فرمائیں اور شیعہ اور سنی علما پر مشتمل ایک کمیٹی بنائیں جو اس معاملہ میں پوری تحقیق کرے ۔اور بتائے کہ تاریخ اور عقائد میں کیا فرق ہے ۔ تاریخی واقعات میں مبالغہ آمیزی اور رنگ آمیزی کو کہاں تک دخل ہے ۔ خالی الذھن ہو کر جذبات سے قطع نظر محض واقعات کی روشنی میں تاریخ مرتب کرنی چاھئے۔ اور جب معلوم ہو جائے کہ موجودہ ڈھکوسلوں کو تاریخ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور موجودہ مروجہ کتب اختلاف و تفرقہ کی وسیع خلیج حائل کرتی ہیں تو اسکا فوری علاج تجویز کیا جائے اور پھر حقائق کے مطابق تاریخ کو بدلا جائے ۔

اب میں پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے متعلق بھی کچھ عرض کرونگا ۔ اسجگہ پر کوئی مستقل آدمی ہونا چاھئے ۔ ہمیں ایسے شخص کی ضرورت نہیں جو روزانہ صرف ایک گھنٹہ اس کام پر صرف کرے ۔

اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ اردو کو اپنانے کے لئے ہمیں ایک وسیع دارالترجمہ قائم کرنا چاھئیے ۔ جو جلد از جلد ضروری کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرے ۔ یہ کیا ستم ظریفی ہے کہ ہم جو دنیا کو علم اور معارف دینے والے تھے ہمارے علوم کو غیر قوموں نے اپنی زبانوں میں منتقل کیا اور اب اپنا یہ حال ہے کہ انگریزی کے بغیر کام نہیں کر سکتے ۔ لازم ہے کہ جلد از جلد اصلی ماخذ کو سامنے لایا جائے ۔ ان کی مسخ شدہ شکل جو انگریزی کتب میں موجود ہے اسکی اصلاح کی جائے اور یوں قومی علم و ادب کو مالا مال کیا جائے ۔ اور تعلیمی اداروں میں جو کافر استاد ہیں انہیں فوراً نکال دینا چاھئیے ۔ حیف ہے محکمہ اسلامیات کا انچارج ایک یہودی کو مقرر کیا گیا ہے جو بیحد جاھل اور نا سمجھ ہے قطع نظر اس کے کہ وہ کافرانہ نظریات کا تریاق اسلامی نظریہ سیاست میں بیان کر سکے وہ موجودہ علوم بھی نہیں پڑھا سکتا ۔ جناب والا ! ہمارا مطالبہ ہے کہ یہ کافر پروفیسر تاریخ ۔ سیاست ۔ فلسفہ اور اقتصادیات سے یک قلم نکال دئے جائیں ۔ کیونکہ ان مضامین میں یہ اسلامی نظریہ پیش نہ کر کے طلبا کے قلوب و اذھان میں کفریلا زھر اتار دینا چاھتے ہیں Technical امور کے لئے بامر مجبوری آپ غیر اُستاد رکھ سکتے ہیں لیکن ان میں بھی جاپانی اور جرمن ماھرین کو ترجیح دی جائے ۔

Mr. Speaker: I have already said that no reference by name should be made.

خان عبدالستار خان نیازی — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ ہر لحاظ سے ناکام ثابت ہوئے ہیں ۔ اور تاریخ ۔ فلسفہ ۔ سیاسیات ۔ اقتصادیات ۔ اور نفسیات کو مسلمان طلبہ کو نہیں پڑھا سکتے ۔

دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کو ایک نیا علم کلام اسلام کو defend کرنیکے لئے تیار کرنا چاہئیے جسطرح امام غزالی نے ایک نیا علم کلام مرتب کیا تھا ۔ امام غزالی نے فلسفہ یونان کا رد لکھا تھا ہمیں اس وقت یورپ کے موجودہ فلاسفہ کے کفریلے معتقدات کا زہر دور کرنا ہے ۔ یہ کام بھی ہماری وزارت معارف کو کرنا ہوگا ۔ اسلئے تحقیقات کی ایک چیئر مقرر کرنی ہوگی جو قوم کو نئے علم کلام سے مسلح کر کے دین کے تحفظ کا انتظام کرا دے ۔

Mr. Specker: Demand under consideration, motion moved is—
That the total demand be reduced by Rs. 10.

صاحب سپیکر — میں آنریبل ممبران کو یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جب وہ تقریر کرنا چاہیں تو پارلیمنٹری پریکٹس کے مطابق اپنی جگہ پر کھڑے ہو جائیں اور سپیکر کو مسٹر سپیکر کہکر خطاب نہ کریں ۔ پھر جس صاحب کو تقریر کرنے کی اجازت دی جائے وہ تقریر کر سکتے ہیں ۔

ملک غلام نبی ۔ (کارپوریشن نمبر ، مخصوص نشست) جناب والا ۔ پیشتر اسکے کہ میں اپنی تقریر شروع کروں میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ ایوان کے اس طرف بیٹھنے والوں کو پندرہ منٹ کی بجائے تیس منٹ عطا فرمائینگے ؟

صاحب سپیکر — نہیں ۔

ملک غلام نبی — جناب والا ۔ بجٹ پر جنرل بحث کے دوران میں وزیر اعلیٰ نے یہ فرمایا تھا کہ کئی قسم کی تقریریں اس ایوان میں کی گئی ہیں جن میں زیادہ تر تنقیدی پہلو اختیار کیا گیا ہے ۔ مثلاً یہ کہ ہماری تعلیم بڑی ناقص ہے ۔ صحت دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے ۔ نظم و نسق بد سے بد تر ہو رہا ہے ۔اور کچھ اس قسم کی اور باتیں ۔لیکن وہ نئے منصوبے مثلاً تعمیر ت آبپاشی تھل اریگیشن پراجیکٹ تھل ڈیولپمنٹ پروجیکٹ تونسہ بیرج پراجیکٹ میانوالی ہائیڈل پراجیکٹ جو میرے اس صوبے کی ترقی اور سربلندی کیلئے تیار کئے ہیں ان کی طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی ۔ جناب والا ۔ میں اس معاملہ میں ان سے متفق نہیں ہوں ۔ منصوبہ اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسکو چلانے کیلئے تعلیم یافتہ لوگ موجود نہ ہوں اور جن لوگوں پر اس منصوبہ نے اثر انداز ہونا ہے ان میں تعلیم نہ ہو ۔

یہ درست ہے کہ منصوبہ بندی ایک اعلیٰ چیز ہے مگر محض کاغذی کھلونے بنا کر کسی ملک یا قوم کو کوئی فائدہ نہیں پہنچایا جا سکتا اور ایسے منصوبوں سے ملک میں خوشحالی نہیں آ سکتی ۔ بڑے بڑے شاندار وعدے کئے جاتے ہیں لیکن ان وعدوں اور منصوبوں کو چلانے والوں کی نا اہلی یا فرض نا شناسی کی وجہ سے عمل کی رفتار بے حد سست رہتی ہے اور یہی وہ باتیں ہیں جو عوام کی افسردگی ، بیزاری اور آزردگی کا باعث بنتی ہیں ۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ ممدوٹ وزارت سے ان کا بڑا اختلاف یہ تھا کہ وہاں کام منصوبہ بندی کے بغیر کئے جاتے تھے ۔ لیکن ہماری حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ منصوبہ بندی کی ایسی دلدادہ وزارت نے خواندگی اور تعلیم کے بارے میں کوئی جامع منصوبہ تیار نہیں کیا جس پر عمل کرنیسے یہ صوبہ پانچ یا دس برسوں میں پاکستان کا ایک مثالی صوبہ بن سکتا ۔ ایسی کسی سکیم کا ذکر تک نہیں کیا گیا ۔ جیسا کہ وزیر اعلیٰ نے خود فرمایا تھا کہ ہمارے عوام آج پہلے سے کہیں زیادہ بیدار ہو چکے ہیں اور یہ اسی بیداری کا نتیجہ ہے کہ آج وہ حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ چوکیداری کے علاوہ حکومت کے اور فرائض بھی ہیں جن کا مقصد عوام کی فلاح و بہبود ہے۔ اور ہمارے سیاسی اور اقتصادی تقاضے بھی آج اس بات کے مقتضی ہیں کہ تعلیم کے دروازے عوام کیلئے کھول دئے جائیں ۔ اس لئے کہ تعلیم عوام کا حق ہے اور یہ حق انہیں ملنا چاہئے ۔ اور یہاں یہ حالت ہے کہ تعلیم کے بارے میں ہی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ۔ یہ درست ہے کہ ۱۲۰۰ نئے پرائمری سکول دو نارمل سکول ۸ ہائی سکول اور ۸ مڈل سکول کھولے جائینگے ۔ حالانکہ یہ مسئلہ اتنا اہم ہے جیسا کہ مینے اس دن عرض کیا تھا کہ جب تک ہم اسے جنگی پیمانے پر نہیں لڑتے اور اسے عبادت کا درجہ نہیں دیتے اس وقت تک ہم کامیاب نہیں ہو سکتے اور اسی کے حل سے ہی ہمارے ہاں جمہوریت کی نشوونما اور بقا وابستہ ہے ۔

جناب والا ۔ آج کی یہ پود جو پندرہ بیس برس میں جا کر تیار ہوگی جس سے ہمارے ایم۔ ایل۔ اے۔، ہمارے وزراء اور ہمارے بڑے بڑے افسران کا انتخاب کیا جائیگا ۔ اگر آج وہ اس برے طریقے سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں کہ نہ تو ان کو بیٹھنے کیلئے ٹاٹ میسر ہیں اور نہ ان کے سکولوں میں اچھے استاد ہیں ۔ آپ اسطرف توجہ دیجئیے ۔ آخر کیا وہ بچے جو آج بازاروں میں گوبر اٹھا رہے ہیں ہماری اسی ملت کے افراد نہیں ہیں ۔ کیا انکے والدین نے اس ملک کی تعمیر میں حصہ نہیں لیا تھا؟ تو پھر کیا وجہ ہے

کہ ہم اپنے ان بچوں کو اس طرح نظر انداز کر دیں کہ کل کو وہ بڑے ہو کر اس سوسائٹی سے انتقام لینے کی سوچیں ۔ آج ہماری تعلیم اسقدر مہنگی ہو چکی ہے کہ بڑے سے بڑے آدمی کیلئے اپنے بچوں کو تعلیم دلانا ایک معمہ بن چکا ہے ۔ پھر اس مزدور باپ کا کیا کیا جائے جو بیچارہ معمولی تنخواہ یا کمائی سے اپنا پیٹ تک نہیں پال سکتا۔ اسے بچوں کی تعلیم کا احساس تک بھی پیدا نہیں ہو سکتا ۔ آج پرائمری میں ایک بچہ پر تقریباً پندرہ بیس روپے تک خرچ پہنچ جاتا ہے ۔ یہ کہا گیا ہے کہ ہمارے ملک میں ہڑتالوں کی وبا آجکل پھوٹ پڑی ہے ۔ جناب والا یہ صرف اسلئے کہ ہمارے مزدور پڑھے لکھے نہیں ہیں ۔ اگر ہم انہیں تعلیم سے بہرہ مند کر دیں تو یقیناً وہ صنعت کی ترقی میں بڑے مفید ثابت ہونگے ۔ اور ایسی ہڑتالیں کبھی کبھار اور وہ بھی صحیح مطالبات کو منوانے کیلئے شاید دیکھنے میں آئیں ۔

اب میں آپ کی توجہ تعلیم بالغان کی طرف دلاتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ Under-ground محکمہ کیا کر رہا ہے اس کا علم بہت کم لوگوں کو ہے ۔ہمیں اس کام میں اس وقت تک کامیابی نہیں ہو سکتی جب تک کہ ہم اسے ایک تحریک کی صورت میں نہیں چلاتے ہمارے ہاں مخلص اور بے لوث کام کرنے والوں کی کمی نہیں ۔ مشکل یہ ہے کہ ان سے کام لینے والا کوئی نہیں۔ اگر ان کی حوصلہ افزائی اور قدر کی جائے اور انہیں اس بات کا یقین ہوجائے کہ واقعی حکومت اس سلسلہ میں کچھ کرنا چاہتی ہے تو وہ یقیناً حکومت کا ہاتھ بٹائینگے ۔ ضرورت ہے کہ وزیر تعلیم ذاتی طور پر اس مہم میں دلچسپی لیں ۔ آئندہ Session میں ہمیں اس ایوان میں یہ بتایا جائے کہ ہمنے کہاں تک ترقی کی ہے ۔ اگر ہم یہ نہیں کر سکتے تو اسے بند کر دیا جائے ۔ اور یہ روپیہ پرائمری تعلیم پر صرف کیا جائے ۔

آج میں اس معزز ایوان کی توجہ اعلیٰ تعلیم کے مسائل پر مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اعلیٰ تعلیم کی اہمیت اس لئے زیادہ ہے کہ قوموں اور ملکوں کی ذمہ داری اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے پر ہوتی ہے۔ اگر ہماری اعلیٰ تعلیم اور تربیت صحیح لائنوں پر ہو تو سارے کا سارا ملک اور قوم صحیح لائنوں پر چل نکلتے ہیں اور اگر خدا نخواستہ یہ طبقہ Deceased ہو ذہنی طور پر بیمار ہو تو قوم کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔ ہماری اس وقت سب سے بڑی تکلیف یہ ہے کہ ہمارا اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقہ کیریکٹر کی پختگی اور زندگی کے بارے میں صحیح Values سے قطعاً عاری ہے ۔ وہ دیانتداری سے کام کرنا عار سمجھتے ہیں ۔ جم کر محنت نہیں کر سکتے ذاتی مفاد کو قومی مفاد پر ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں ۔ اسکا نتیجہ یہ ہے کہ

وہ تعلیم میں چمکتے نہیں اور بعد میں انہیں معمولی ملازمتوں پر ہی اکتفا کرنا پڑتا ہے یا بے کار رہنا پڑتا ہے ۔ اور اگر ملازمت اختیار کرلیں تو رشوت ستانی اور بد دیانتی کرتے ہیں اور اگر بے کار رہیں تو نئے نئے جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں ۔ اور معاشرے میں فساد برپا کرتے ہیں ۔اسلئے ضروری ہے کہ اعلیٰ تعلیم کی درسگاہوں میں کیریکٹر بلڈنگ پر زیادہ زور دیا جائے۔ زندگی کی صحیح اقدار ان کے ذہن نشین کرائی جائیں ۔ قومی مفاد کیلئے ذاتی فوائد کو قربان کرنے کی عادت ڈالی جائے ۔ یہ اسی ناقص تعلیم کا نتیجہ ہے کہ ہمارے ڈاکٹر وکلاء و دیگر پڑھے لکھے حضرات میں وہ خوبیاں جو انسان میں ہونی چاہئیں نہیں ہیں ۔ آپ ڈاکٹروں کو دیکھئے کہ وہ کس طرح مریض کا برا حال کرتے ہیں ۔ مریض مرض سے اتنا نہیں مرتا جتنا ان کی فیسوں کی وجہ سے ۔ وہ اس نیک Profession کو کمرشل لائنوں پر چلا رہے ہیں ۔ T. B. کے مریضوں کو تو یہاں تک کہا جاتا ہے کہ آپ اپنا پرائیویٹ علاج کیوں نہیں کراتے یہاں ہسپتال میں کیا ہوگا۔ اور اسطرح وہ ڈاکٹر جسنے ملک اور قوم کی بے مزد سپاہی کی طرح خدمت کرنا تھی اپنے نفع کیلئے اپنے Character کا بڑا ذلیل مظاہرہ کرتا ہے ۔یہ جوہر محض کتابیں رٹنے سے پیدا نہیں ہو سکتے ۔ ان کیلئے اعلیٰ درسگاہوں کے پورے ماحول کو بدلنے کی ضرورت ہے اور وہاں ایسے استادوں کو لانا پڑیگا جو اخلاقی لحاظ سے بہت بلند ہوں اور جن کے اپنے طرز عمل سے طلباء میں وہ اوصاف پیدا ہو سکیں ۔ ہمیں ایسے لوگوں کو ڈھونڈ کر نکالنا پڑیگا ۔ اور ان کو اس کام کیلئے معقول تنخواہیں دینی پڑینگی ۔ میں تو یہ کہونگا کہ اگر ہمیں کچھ وقت کیلئے باہر سے بھی پروفیسر منگوانے پڑیں تو یہ خسارے کا سودا نہیں ہوگا ۔ یہاں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہمارے اپنے اچھے اچھے پروفیسر جنہیں ہم سفیر بناتے یا وزارتوں میں لے جاتے ہیں ان کی روک تھام کی جائے ۔ حضور والا ۔ ایک انسان کی سب سے بڑی حسرتاور آرزو یہ ہوتی ہے کہ اسے عزت۔ رعب دبدبہ اور دولت میسر آئے ۔ لیکن ہمارے پروفیسر صاحبان کا یہ مظلوم طبقہ جو اپنی قلیل تنخواہوں کی وجہ سے ان تمام مراعات سے کوسوں دور ہے انہیں ان خوبیوں میں سے کوئی بھی حاصل نہیں ہے ۔ اسلئے میں وزیر تعلیم کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں قوم کے ان معماروں کا درجہ سوسائٹی کی نگاہ میں اونچا کرنے کیلئے ان کی تنخواہوں میں غیر معمولی اضافہ کریں تاکہ وہ اپنے فرض کا احساس اور اپنے بال بچوں کی تعلیم کا پورا پورا انتظام کر سکیں ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں یہ بھی ضروری ہے کہ ہم جن طلبا

کو حکومت کے خرچ پر سرکاری وظائف دیکر بیرونی ممالک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنیکےلئے بھیجتے ھیں ان کا چناؤ ایمانداری اور دیانتداری سے کیا جائے اور صوبہ کی ضرورت کو ملحوظ خاطر رکھتے ھوئے کیا جائے ۔ آپ قوم کے سرمایہ کے custodian ھیں ۔ آپ کا فرض ھے کہ آپ دیکھیں کہ کہیں وہ بچے جن کا کوئی سفارشی نہیں یا وہ کسی بڑے افسر کے رشتہ دار نہیں ۔ کسی وزیر صاحب کے بیٹے یا بھتیجے نہیں یا وہ اپنے خاندانی لحاظ سے بہت ھی کم اثر رکھتے ھیں ان کو نظر انداز تو نہیں کیا گیا ۔ وزیر تعلیم صاحب ۔ آپ کو اللہ تعالٰے نے عزت دی ھے۔ آپ ھماری طرح اوسط درجے کے طبقہ سے تعلق رکھتے ھیں ۔ آپ نے زندگی کے نشیب و فراز دیکھے ھیں ۔ آپ جانتے ھیں کہ اسی طبقہ نے دنیا کے بہترین Philosophers. Scientists, Mathematicians, Poets اور Reformers پیدا کئے ھیں ۔ قالینوں پر کھیلنے والے بچے ارادوں کے اکثر کمزور ھوتے ھیں ۔ اس لئے آپ کی توجہ سوسائٹی کے ان بچوں کی طرف ھونی چاھئیے جو آگے چل کر ملک و قوم کیلئے مفید ھو سکتے ھیں ۔ لیکن اگر آپ نے اس طرف سے آنکھیں بند کرلیں تو یاد رکھئیے کہ ملکوں اور قوموں میں انقلاب جب بھی آئے وہ متوسط درجے کے لوگوں نے ھی برپا کئے ۔ اور اس وقت یہ طبقہ وہ انتقام لیگا کہ خدا کی پناہ ۔

یہ بھی دیکھنے میں آیا ھے اور میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ھوں کہ کتنے ھی ایسے طلبا ھیں جو ایسے وظائف پر تعلیم حاصل کرنیکے بعد ابھی تک بیکار ھیں ۔ صرف اسلئے کہ ھمارے سامنے کوئی واضح سکیم نہیں ھے ۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں ایک اور ضروری چیز یہ ھے کہ ھمیں اپنے ھاں زیادہ سے زیادہ تعداد میں Commercial--Vocational اور Technical سکول کھولنے چاھئیں ۔ تاکہ ھر بچے کو پانچویں یا چھٹی جماعت میں ھی یہ فیصلہ کرنا پڑے کہ اسنے زندگی میں کونسا شعبہ اور پیشہ اختیار کرنا ھے ۔ اس سے ایک تو بیکاری کم ھوگی ۔ دوسرے دیانتداری سے کام کرنا عار نہ سمجھا جائیگا ۔ تیسرے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنیکے لئے وھی طلبا آگے بڑھ سکینگے جو غیر معمولی طور پر ذھین ھونگیے ۔ ایسے لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے زیادہ چمکیں گے ۔ انکی خدا داد صلاحیتیں بروئے کار آئینگی جس سے ملک و ملت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچیے گا ۔ نیز اگر اعلیٰ تعلیم کی درسگاھوں میں کم تعداد میں طلبا جائینگے تو ان میں character کی پختگی پیدا کرنا اور انہیں زندگی کی صحیح اقدار ذھن نشین کرانا نسبتاً زیادہ آسان ھوگا ۔

جناب‌والا۔ہمارے ہاں انجینیروں کی کمی نہیں ہے ۔ ہمارے انجینر administrative capacities تو رکھتے ہونگے مگر جہانتک Technical تجربے کا تعلق ہے اس سے وہ بالکل کورے ہیں ۔ ہمارے ہاں Scientific Research کیلئے بالکل سکوت طاری ہے ۔ دوسری قوموں نے Atom Bomb اور خدا معلوم کیا کیا کچھ دریافت کر لیا ہے ۔ ہمیں بھی اپنے Scientists کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئیے اور انہیں یہ مواقع بہم پہنچانے چاہئیں تاکہ وہ بھی اس سمت کچھ کر کے دکھائیں اور اپنے ملک کا نام روشن کریں ۔ درسی کتابوں کا رونا ۔ نا اہل پروفیسروں اور استادوں کی فرض نا شناسی ۔ افسران کی ریشہ دوانیاں یہ ذکر تو ہم کثرت سے سن چکے ہیں ۔

حضور والا ۔ پنجاب یونیورسٹی کی حالت آج ایک ایسی مہاجرہ عورت کی سی ہے جو اغیار کے Camp میں پڑی سڑ رہی ہو اور بڑی بیتابی اور حسرت بھری نگاہوں سے اپنے لواحقین کا انتظار کر رہی ہو تا کہ وہ آ کے اس پنجۂ استبداد سے نجات دلا سکیں ۔ یہ وہ ادارہ ہے جس نے بڑے بڑے Scholars پیدا کئے اور آج یہاں دھڑے بندی ۔ رسوائی اور ذلت کا دور دورہ ہے ۔ یہاں بڑی بڑی سازشیں پروان چڑھتی ہیں ۔ ان چیزوں کا سدباب کرنے کیلئے ہمیں ایک ایسے Vice-Chancellor کا چناؤ کرنا چاہئیے جو سیاست سے بالکل بے نیاز ہو اور خالصتاً تعلیم سے تعلق رکھتا ہو ۔

حضور والا ۔ مجھے وقت بہت کم ملا ہے ۔ ابھی مینے تعلیم نسواں ۔ Physical Education کے متعلق بے شمار چیزیں اس ایوان کے سامنے پیش کرنی تھیں ۔

ڈاکٹر گلزار بیگم محمد علی (ملتان شہر (زنانہ)مسلم) :۔جناب‌والا۔ ہماری حکومت نے اپنے محدود وسائل کے باوجود جو رقم تعلیم کیلئے وقف کی ہے اس کیلئے میں آنریبل چیف منسٹر صاحب کو مبارکباد کا مستحق سمجھتی ہوں ۔

جناب والا ۔ میں ملتان کی خواتین کی نمائندہ ہونے کی حیثیت سے اپنے حلقے کی تکالیف اور ضروریات حکومت کے نوٹس میں لانا اپنا فرض سمجھتی ہوں ۔ ملتان کی خواتین عموماً پسماندہ خیال کی جاتی ہیں ۔ مگر میں اس معزز ایوان پر یہ امر واضح کرتی ہوں کہ یہ غلط ہے ۔ میرا تجربہ بتاتا ہے کہ ملتان کی خواتین روشن خیالی میں ۔ عقل اور تدبر میں صوبے کی دوسری خواتین سے کسی طرح بھی کم نہیں (ایک آواز ۔ ذرا اونچی آواز سے بولیئے ۔ کچھ سنائی نہیں دیتا) ۔

صاحب سپیکر—معزز رکن بلند آواز سے نہیں بول سکتیں۔

ڈاکٹر گلزار بیگم محمد علی—جناب والا—ملتان کی خواتین اعلیٰ تعلیم کی طرف بہت مائل ہیں۔ چنانچہ ان کے اس رجحان کو محسوس کرتے ہوئے حکومت نے ان کیلئے ایک علیحدہ کالج کھولا ہے تا کہ وہاں کی لڑکیاں اعلیٰ تعلیم کی طرف متوجہ ہوں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ لڑکیوں کو کالج میں کس قسم کی تعلیم دی جائے۔ جس سے وہ اپنے لئے۔ اپنی قوم اور ملک کیلئے زیادہ مفید بن سکیں۔

جناب والا—میں اس امر کی وضاحت کر دینا بھی ضروری سمجھتی ہوں کہ تقسیم کے بعد عیسائی اور ہندو لیڈی ڈاکٹروں کے چلے جانے کے بعد عوام کو اور خاص کر عورتوں کو علاج کےسلسلے میں کتنی تکلیف ہو رہی ہے۔ آج کل نا اہل دائیوں کے ہاتھوں کئی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ ہمیں کوشش کرنی چاہیئے کہ اپنی لڑکیوں کو کالجوں میں ایسی تعلیم دلائیں جس کے بعد وہ ڈاکٹری تعلیم حاصل کر سکیں۔ ڈاکٹری تعلیم کے حصول اور میڈیکل کالجوں میں داخل ہونے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ طلبا کو سائنس کی تعلیم دی جائے۔ چنانچہ جتنے طلبا میڈیکل کالجوں میں داخل ہوتے ہیں ان کیلئے کم از کم ایف۔ایس۔سی ہونا لازمی ہوتا ہے۔ اس کے بغیر داخلہ ناممکن ہوتا ہے۔ چونکہ ملتان میں اب لڑکیوں کا کالج کھولا گیا ہے۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ ملتان میں لڑکیوں کے کالج میں سائنس کی تعلیم کا جلد از جلد انتظام کیا جائے۔ ملتان کالج میں سائنس کی تعلیم کا کوئی انتظام نہ ہونے کی وجہ سے انہیں ایف۔ایس۔سی پاس کرنے کیلئے لاہور آنا پڑتا ہے۔ جہاں اخراجات بہت زیادہ اور ناقابل برداشت ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ایمرسن کالج ملتان میں سائنس کی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام ہے مگر وہ لڑکوں کیلئے ہے۔ وہاں پر لڑکوں کے ساتھ ملکر سائنس کی تعلیم حاصل کرنی پڑتی ہے جسے وہاں کے لوگ پسند نہیں کرتے اور ویسے بھی ہمارا مذہب اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ نوجوان لڑکیاں لڑکوں کے ساتھ تعلیم حاصل کریں۔ اس لئے حکومت سے میری یہ درخواست ہے کہ ملتان میں لڑکیوں کے کالج میں سائنس کی تعلیم جلد از جلد جاری کی جائے۔

شیخ شاہ نواز خان(سیالکوٹ نمبر ۶مسلم) :—جناب والا —تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے۔

صاحب سپیکر—ذرا بلند آواز سے فرمائیے۔

شیخ شاہ نواز خان—جناب والا —تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے جس کے ساتھ عوام الناس کو گہری دلچسپی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کے متعلق جو تجاویز گورنمنٹ کی طرف سے پیش کی گئی ہیں ان پر بحث کرتے ہوئے وہ خامیاں جو ان میں نظر آئیں حکومت پر واضح کروں۔

جناب والا —یہ بات بالکل صحیح ہے کہ امسال بجٹ میں تعلیم کے لئے فیاضانہ طور پر پرووپژن Provision کی گئی ہے اور پونے چار کروڑ روپے کی رقم خطیر اس کے لئے رکھی گئی ہے۔ بلکہ حضور والا سنٹر centre کی جانب سے جو پانچ کروڑ روپے کی رقم پنجاب کو ملی ہے اس میں سے بھی اڑھائی کروڑ روپے تعلیم کے لیے رکھے گئے ہیں۔ یہ واقعی فیاضانہ سلوک ہے جو تعلیم کے ساتھ کیا گیا۔ تعلیم کو جس قدر عام کیا جائے اتنا ہی اچھا ہے۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ عوام کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی سہولتیں بہم پہنچائے اور سب لوگوں کو تعلیم یافتہ بنائے۔ اس بجٹ میں تو حضور والا خاص طور پر کوشش کی گئی ہے کہ نہ صرف ہزاروں پرائمری سکول نئے تعمیر کئے جائیں بلکہ کئی مڈل سکول اور ہائی سکول نئے کھولے جائینگے۔ صوبے میں پہلے ہی لڑکوں کے لئے ۴۰۰ اور لڑکیوں کے لئے ۳۰۰ سکول موجود ہیں اس طرح ہائی سکولوں میں بھی اضافہ کیا جا رہا ہے۔ مگر مجھے یہ دیکھ کر افسوس بھی ہوا اور حیرت بھی ہوئی ہے کہ سارے صوبے میں ایک بھی آرٹس کالج نہیں کھولا گیا ہے۔ یہ درست ہے کہ اکثر اضلاع میں پیشتر ہی آرٹس کالج موجود ہیں مگر پھر بھی بہت سے اہم مقامات بلکہ ضلعوں کے صدر مقامات ایسے بھی ہیں جہاں کوئی آرٹس کالج موجود نہیں ہے۔ مجھے اور بھی کئی ایسی جگہوں کا علم ہے جہاں آرٹس کالج نہیں ہیں۔ مگر میں اپنے ضلع سیالکوٹ کی مثال دونگا جہاں سارے ضلع میں ایک بھی گورنمنٹ کا کالج موجود نہیں ہے۔ بلکہ کوئی اسلامیہ کالج بھی نہیں ہے۔ ماسوائے ایک عیسائیوں کے مشن کالج کے جسے مرے کالج کہا جاتا ہے اور جہاں عوام کی ضرورت کے مطابق مناسب انتظامات نہیں ہیں۔

جناب والا — ہر ضلع میں ایک ایک کالج کا ہونا نہایت ضروری ہے مجھے اگلے دن ضلع راولپنڈی میں گوجر خاں کے مقام پر ایک کالج کی ضرورت کا ذکر سننے کا اتفاق ہوا تھا۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ مفصلات میں آرٹس کالجوں کا ہونا ازبس لازمی ہے۔ وہاں بچوں کا کیرکٹر بھی صحیح رہتا ہے اور سینما کی مصیبت بھی کم ہوتی ہے۔ مزید برآں مفصلات میں اخراجات کی بھی کفایت رہتی ہے۔ آپ کو بخوبی معلوم ہوگا کہ

لاهور میں ایک طالب علم ۱۵۰ روپیہ ماهوار خرچ کرتا هے کم از کم میرے بچے تو اتنی رقم طلب کرتے هیں۔ بهر حال مفصلات میں خرچ کی ضرور کفایت هوتی هے ۔ وهاں پر تو ایک طالب علم ۵۰ یا ۴۰ روپے میں گذاره کر سکتا هے ۔ لاهور میں کئی قسم کے غیر ضروری اخراجات آن پڑتے هیں مثلاً ''ٹک شاپ،، کے پچیس چھبیس روپے کا خرچ بچے لے لیتے هیں پھر سنیما وغیره بھی کافی خرچ کا باعث بن جاتے هیں۔

جناب والا — سیکنڈری تعلیم پر اور پرائمری تعلیم پر حکومت موجوده سال میں مندرجه ذیل خرچ کریگی :—

(۳۲,۷۹,۱۸۰ روپیه) ۳۲ لاکھ ۷۹ هزار اور ۱۸۰ روپے سیکنڈری تعلیم کے عمله کی تنخواهوں کے لئے (بجٹ کا صفحه ۲۹۷) ۔

(۵۷،۰۳،۳۱۰ روپیه) ۵۷ لاکھ ۳ هزار اور ۳۱۰ روپے کل سیکنڈری تعلیم کا تخمینه (بجٹ کا صفحه ۲۹۷) ۔

(۱،۹۳،۸۴،۸۶۰ روپیه) ایک کروڑ ۹۳ لاکھ ۸۴ هزار اور آٹھ سو ساٹھ روپے پرائمری تعلیم کے لئے لوکل باڈیز کو بطور اعانت (بجٹ کا صفحه نمبر ۳۰۳) ۔

مگر ان اخراجات کے مقابلے میں کالج کی اعلیٰ تعلیم پر بہت تھوڑا خرچ کیا جاتا هے ۔ حالانکه کسی ملک کی ناموری اور ترقی اعلیٰ تعلیم پر هی منحصر هوا کرتی هے ۔ همارے ملک کو بھی اعلیٰ درجے پر پہنچنے کے لئے اعلیٰ تعلیم کے انتظامات کرنے چاهئیں۔ مگر کالج کی تعلیم پر هماری گورنمنٹ کل ۲۸ لاکھ روپے صرف کرتی هے ۔ اسکے مقابلے میں هر محکمه ملازم بھرتی کرتے وقت بی۔اے پاس یا ایم۔اے پاس یا ایف۔اے پاس هونے کی شرط عائد کرتا هے ۔ اس لیئے جب حکومت اعلیٰ تعلیم کا تقاضا کرتی هے تو اسکے ساتھ هی اعلیٰ تعلیم پر اتنی تھوڑی رقم کیوں صرف کرتی هے ؟ لہٰذا مجھے یقین هے که گورنمنٹ میری ان معروضات کو غور سے سن کر ان پر عمل کریگی اور اعلیٰ تعلیم کے اخراجات میں اضافه کریگی ۔ اس سلسلے میں پسرور کے متعلق عرض هے که وهاں ایک گورنمنٹ کالج تھا جو که کئی وجوهات کے باعث وهاں سے هٹا لیا گیا هے مگر اسکی عمارت ابھی تک موجود هے گراؤنڈ موجود هے هوسٹل موجود هے ۔ ٹیوب ویل موجود هے اور وهاں اب صرف ۵۰ هزار روپے کے مصرف سے هی کالج کا اجرا هو سکتا هے اس لئے میں عرض کرونگا که چونکه اس شهر کے ارد گرد بیس بیس میل کے اندر اندر ۱۴ هائی سکول موجود هیں جن کے طلبا کو اعلیٰ تعلیم

کے لئے پسرور میں ایک کالج کا ہونا لازمی اور مناسب ہے امید ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ۔ وزیر تعلیم اور محکمہ تعلیم کے افسران ضرور پسرور میں کالج کی اجرأ پر غور کر کے عملی اقدام بھی کرینگے۔

علاوہ ازیں۔ جناب والا — تعلیم بالغاں بھی لازمی ہے۔ اگر بچوں کو علم کے زیور سے مزین کرنا ضروری ہے تو بڑے بوڑھوں کو بھی علم کی برکت سے بہرہ ور کرنا لازمی ہے بعض لوگ تعلیم بالغاں کو غیر ضروری سمجھتے ہیں اس لئے یہ کہنا ضروری معلوم ہوا ہے۔ مسلم لیگ کے منشور میں بھی تعلیم بالغاں کی ترویج کا عہد کیا گیا تھا۔ اب اس عہد کو پورا کرنا ہمارا فرض ہے۔

مجھے مسرت ہے کہ ہماری انصاف پرور گورنمنٹ نے پرائمری تعلیم کے لئے ۱۲۰۰ نئے سکول بنانے کے منصوبے بنائے ہیں۔ اور لوکل باڈیز کو بھی اساتذہ کی تنخواہیں بڑھانے کے لئے ۱۴ لاکھ کی رقم منظور کی ہے۔ یہ سب منصفانہ بلکہ فیاضانہ سلوک ہے جو تعلیم کے ساتھ حکومت نے کیا ہے۔

جناب والا — حکومت کی منصوبہ بندی قابل داد ہے اور اگر اس پر عملدرآمد ہو گیا تو ہمارا صوبہ شاندار ترقی کر جائے گا۔ اور پاکستان کی شان کو چار چاند لگا دے گا۔

شیخ ھدایت علی—(سیالکوٹ وٴنمبر مسلم) جناب والا — پنجاب یونیورسٹی کے نظم و نسق کے متعلق اور موجودہ طرز تعلیم کے متعلق تین حضرات نے کافی نکتہ چینی کی ہے اور آنریبل وزیر تعلیم اپنے وقت پر اسکا جواب دینگے میں صرف یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ موجودہ گورنمنٹ کی جسقدر آمدنی ہے اس میں سے کافی حصہ موزوں طور پر تعلیم پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ میرے چند دوستوں نے اعتراض کیا کہ کوئی نیا منصوبہ یا پلین پیش نہیں کیا گیا۔ میں عرض کروں گا کہ اس سے قبل ملٹری تعلیم بالکل نہیں تھی اب وہ بھی شروع ہو گئی ہے۔ اسلامیات کی تعلیم بھی شروع کر دی گئی ہے۔ آہستہ آہستہ جوں جوں وقت گذرے گا اور ہماری آمدن بڑھے گی تو میرے خیال میں اس اہم مسئلہ کی طرف پوری توجہ دی جائیگی۔ جسکے متعلق ہمارے صوبہ پاکستان اور تمام دنیا کا نظریہ ہے کہ بغیر تعلیم کے کسی قسم کی ترقی نہیں کی جا سکتی۔

میں اس وقت صرف ایک گذارش اپنے آنریبل وزیر تعلیم کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ہندوں اور سکھوں کے

چلے جانے کے بعد انکے جو ادارے تھے وہ کئی جگہ بالکل بند ہو گئے ہیں۔ اور انکی جگہ نئے اداروں نے نہیں لی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ وہ مسلمان طالب علم جو ان اداروں میں پڑھا کرتے تھے اب ایسے اداروں میں شامل ہوگئے ہیں جو پرائیویٹ ادارے ہیں۔ اور انکے شامل ہونے سے تعلیمی معیار بہت گر گیا ہے۔ تعداد کے زیادہ ہو جانے کی وجہ سے نہ کافی accommodation ہے اور نہ کافی سٹاف ملتا ہے۔ جسکا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ تعلیم کا موجودہ معیار بہت گر گیا ہے۔ خواہ کسی قسم کی تعلیم ہو۔ قطع نظر اس کے کہ یہ طرز تعلیم اچھی ہے یا بری لیکن اسوقت اسی پر عمل ہو رہا ہے۔ اور موجودہ تعلیم بھی ان اداروں میں کما حقہ، نہیں دی جا رہی۔ اور وہ سٹینڈرڈ جو گورنمنٹ کے اداروں میں ہے۔ وہاں نہیں ہے۔ اسکے لئے ایک یہ تجویز پیش کروں گا کہ بجائے اسکے کہ گورنمنٹ اس طرف توجہ دے کہ اور ادارے کھولے اور ہائی سکول کھولے۔ وہ موجودہ سکول جو پرائیویٹ ہیں ان کی طرف توجہ دے اور انکو اپنائے۔ اسکا یہ نتیجہ ہوگا کہ ہم ایک وقت اس سٹیج پر پہنچ جائینگے کہ ہمارا کنٹرول ان اداروں پر ٹھیک ہو جائیگا۔ اور اسکے بعد ہم اس پوزیشن میں ہونگے تو اور سکول کھول لینگے۔ میں جناب والا کے رو برو ایک مثال پیش کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ نارووال کا اسلامیہ ہائی سکول دس سال سے چل رہا تھا۔ اسکا انتظام انجمن اسلامیہ کر رہی تھی لیکن نہ معلوم کن واقعات کی بنا پر گورنمنٹ نے اس انجمن کو supersede کر دیا اور اسکی عنان انتظام ایس۔ ڈی او۔ نارووال کے سپرد کر دی آپ اندازہ لگائیے اور میں آنریبل وزیر کی توجہ خاص طور پر اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ایس۔ڈی۔او۔ نارووال اپنے اس عہدے کے علاوہ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی۔ کلکٹر۔ ایس۔ڈی۔او۔ ڈی۔آر۔سی اور ایگزکٹو آفیسر کے فرائض بھی سرانجام دیتا ہے۔ وہ بھلا کہاں وقت نکال سکتا ہے کہ اس ادارے کی طرف توجہ دے۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ہماری زندگی کا نہایت اہم جزو ہے۔ میں آنریبل وزیر کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ اتفاق سے وہاں ایک لیڈی ڈاکٹر کی جگہ خالی ہے اور چونکہ وہ محکمہ بھی آپ ہی کے ماتحت ہے اسلیئے انہی کو لیڈی ڈاکٹر بھی مقرر کر دیں تاکہ کوئی جگہ نہ رہ جائے۔ جہاں انکا قدم نہ ہو (قہقہہ) آپ اندازہ لگائیے کہ یا تو وہ دوسرے فرائض کو سرانجام نہیں دیتے ہونگے اور سکول کا انتظام چلاتے ہونگے اور یا دوسرے فرائض سرانجام دیتے ہونگے تو سکول کی طرف توجہ نہیں ہوگی۔ لہذا میں آنریبل وزیر

کی خدمت میں یہ درخواست کرونگا کہ حالات خصوصی کے تحت اس سکول کو جتنی جلدی ہو سکے گورنمنٹ سکول بنا دیا جائے۔ تاکہ پبلک کی جائز شکایات رفع ہو سکیں۔

اسکے بعد دوسری گذارش جو میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ایوان میں چند حضرات نے یہ نقطہ نگاہ پیش کیا ہے کہ تعلیم بالغاں پر گورنمنٹ جتنا بھی روپیہ صرف کر رہی ہے یہ سراسر فضول ہے۔ اور اسکا کوئی فائدہ نہیں ہے (آوازیں۔ بالکل ٹھیک ہے) میں آپ حضرات کی اطلاع کیلئے گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے لاہور میں شاید یہ ہوگا لیکن جس علاقہ سے میں تعلق رکھتا ہوں وہاں اس شعبہ میں کافی ترقی ہوئی ہے (آوازیں۔ اور کہیں نہیں ہوئی) میں نے اسی چیز پر خاص طور پر غور کیا ہے اسلئے آپ اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ اس سے انکار کریں میں نے تمام جگہوں کے متعلق نہیں کہا۔ صرف اپنے علاقہ کے متعلق کہا ہے کہ کم از کم اس علاقہ میں لوگوں نے فائدہ حاصل کیا ہے یہ ایسا مفید ادارہ ہے کہ اسکی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہئے تا کہ ہماری جہالت دور ہوسکے۔

الحاج میاں عبدالواحد :—(لائلپور نمبر ۱۰۔ مسلم) حضور والا! ہمارے صوبہ کی ترقی کا انحصار تعلیم پر ہے۔ جب تک صوبہ میں تعلیم عام نہ ہوگی۔ اسوقت تک صوبہ میں ترقی اور خوشحالی نہیں ہو سکتی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سال ہمارے وزیر تعلیم نے پچھلے سال کی نسبت چھیاسٹھ لاکھ روپیہ زیادہ تعلیم کیلئے مہیا کیا ہے۔ انکا یہ اقدام نہایت اچھا اور موزوں ہے۔ بلکہ مبارک باد کے قابل ہے۔ ۱۹۵۱-۵۲ء میں اگرچہ منٹگمری اور سیالکوٹ میں دو ڈگری کالج بنائے گئے ہیں اور ہماری وزارت کا یہ اقدام نہایت اچھا ہے لیکن میں اس موقعہ پر یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جہاں دیہاتیوں کیلئے یہ کہا جاتا ہے کہ وہ ریڑھ کی ہڈی ہیں وہاں میری رائے میں ان کیلئے حکومت کا فرض ہے کہ ان کی تعلیم کیلئے بہتر انتظام کرے۔ وہ دیہاتی جنکو پہننے کیلئے کپڑا میسر نہیں ہوتا۔ جنکو نان جویں میسر نہیں ہوتا۔ وہ کسطرح اپنے بچوں کو شہروں میں تعلیم کیلئے بھیج سکتے ہیں۔ جہاں کم از کم ایک سو روپیہ ماہوار خرچ ہوتا ہے۔ اسلئے میں اپنے وزیر تعلیم سے یہ مودبانہ التماس کروں گا۔ کہ دیہاتیوں کا اب خاص طور پر خیال رکھا جائے۔ جبکہ دیہاتوں میں ہائی سکول نہایت کامیاب ثابت ہو رہے ہیں۔ مثال کے طور پر لائلپور میں موروثی پور ہائی سکول ہے جس میں طلباء کی تعداد ڈیڑھ

ہزار کے لگ بھگ ہے۔ اور وہ ملتان ڈویژن میں سب سے بہترین سکول ہے۔ اگر ایسے دیہاتی علاقوں میں ڈگری کالج بنا دیئے جائیں تو دیہاتی بھی ان سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ کالجوں کے علاوہ جن ہائی سکولوں اور مڈل سکولوں کی تجویز اب کیگئی ہے۔ یا جو پچھلے سالوں میں بنائے گئے ہیں وہ بھی شہروں میں بنائے گئے ہیں۔ اسلئے میں یہ درخواست کرونگا کہ جس وقت ہائی سکولوں یا مڈل سکولوں کا کیس زیر غور ہو تو دیہاتی علاقوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے۔

جناب والا — جیسا کہ تعلیم بالغاں کے خرچ کے لئے ۶ لاکھ روپیہ مہیا کیا گیا ہے اور اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہ روپیہ ضائع کیا جا رہا ہے اس کے متعلق میری بھی یہی رائے ہے کیونکہ تعلیم بالغاں صحیح طور پر نہیں ہو رہی۔ بیگم جی۔اے خاں صاحبہ نے فرمایا تھا کہ لاہور میں جو روپیہ خرچ کیا گیا ہے اس کی بدولت صحیح معنوں میں تعلیم حاصل کی جا رہی ہے لیکن میں ان کے کہنے کے مطابق اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ ممکن ہے یہ خرچ شہر میں مفید ثابت ہو رہا ہو مگر دیہات میں تو بالکل ضائع کیا جا رہا ہے ڈسٹرکٹ بورڈ سکولوں کو جو گرانٹ عمارتوں کے لئے دی جا رہی ہے اس سلسلہ میں میں عرض کروں گا۔ کہ لائلپور کے لئے جو گرانٹ مہیا کی گئی ہے بد قسمتی سے وہ گرانٹ ہم تصرف میں نہیں لا سکے۔ جس کی وجوہات یہ ہیں کہ گورنمنٹ نے جو schedule of rate مقرر کیا ہے وہ ۱۳۰ فیصدی ہے چونکہ کوئی ٹھیکیدار ۱۳۰ فیصدی schedule of rates پر کام کرنے کے لئے تیار نہیں اس لئے ڈسٹرکٹ بورڈ لائلپور کی وہ گرانٹ refund کی جا سکتی ہے۔

جناب والا — آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم کی خدمت میں نہایت مودبانہ گذارش کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کہ آپ فیاضی کے طور پر وہ گرانٹ دے دیں اور مناسب انتظام کر دیں تاکہ ڈسٹرکٹ بورڈ اس سے مستفید ہو سکے۔ لوکل باڈی ٹیچرز کے لئے جو گرانٹ دی ہے وہ ایک نہایت اچھا اقدام ہے اس سے قوم کی بہتری ہوگی۔ حکومت نے کالجوں میں جسمانی اور فوجی تربیت کے لئے بھی بہت اچھا اقدام کیا ہے۔ پاکستان میں ہمارے لئے لازمی ہے کہ ہمارا ہر بچہ فوجی ٹریننگ حاصل کرے۔ یہ نہایت ہی اچھا ہے۔ حکومت نے مڈل سکولوں کو ہائی سکولوں کا درجہ دیا ہے۔ اس کے متعلق مؤدبانہ گذارش ہے کہ دیہات کا بھی خیال رکھا جائے۔ کیونکہ دیہات والوں کو ہی پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے جس

طرح حکومت سرحد نے مڈل تک کی تعلیم مفت دینے کا اعلان کیا ہے میں بھی اپنی حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ بجٹ کے متعلق یہ لازمی طور پر گنجائش رکھیں کہ مڈل تک کی تعلیم مفت دی جائے۔ پاکستان کی کامیابی اور خوشحالی اسی میں مضمر ہے۔

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس نماز عصر کے لئے ملتوی ہوگیا۔ اور اس کے بعد چار بجکر پینتیس منٹ پر دوبارہ منعقد ہوا)۔

مسٹر سپیکر — آنریبل وزیر تعلیم نے اپنے وقت میں سے پانچ منٹ خواجہ حافظ غلام سدید الدین صاحب کو تقریر کیلئے دیئے ہیں۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین (ڈیرہ غازی خان نمبر ۷ مسلم) :—
جناب والا — میں تعلیم کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تعلیم دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک تو وہ تعلیم ہے جسکے بارہ میں خود اللہ رب العزت نے فرمایا ہے۔

انما یخشی اللہ من عبادہ العلما

اور جسکے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

العلما ورثۃ الانبیا

اور دوسری وہ تعلیم ہے جو خرابیوں کی طرف لے جاتی ہے۔ جو منجر الی الضلالتہ ہوتی ہے۔ جسکے متعلق رب العزت کا ارشاد ہے واضل اللہ علی علم اس لئے نبئی کریم نے فرمایا ہے —

العلمہ حجاب الاکبر

اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ پاکستان کی اس نو خیز اسلامی مملکت میں وہ علم رائج کیا جائے جو منجر الی المھدائیت ہو۔ نہ منجر الی الضلالت ہو۔

سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ تعلیم بہت اہم اور ضروری چیز ہے۔ نبئی کریم کی ایک حدیث ہے۔

اطلبو العلم لو کان بالصین

علم کو طلب کرو خواہ اس کے لئے تمہیں چین میں کیوں نہ جانا پڑے۔

علم ایسا ہونا چاہیئے جو انسان کو صحیح طریقے اور صحیح راستے پر لے جائے۔ جس سے اس کا تمدن اسکا معیار زندگی اور اس کے مذہب کا اجرأ صحیح طور پر ہو جائے۔

بغیر علم کے انسان غلط طریقوں پر چل نکلتا ہے جو بالاخر اسے ہدایت کی طرف نہیں بلکہ ضلالت کی طرف لے جاتے ہیں۔ اس لئے میں یہ کہتا ہوں کہ پاکستان بننے سے قبل ہماری قوم کے ساتھ جو مواعید کئے گئے تھے ان کو علم کے لحاظ سے عمل کے سانچے میں ڈھالا جائے۔ اللہ تبارک و تعالی فرماتے ہیں۔

یا ایھا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم کافتہ

جب تک علم مکمل نہ ہو اسلام مکمل نہیں ہو سکتا۔

علم کے ہوتے ہوئے انسان کبھی غلط طریقہ نہیں اختیار کر سکتا۔ بڑی خوشی ہوتی ہے جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ قران پاک کی تلاوت سے اس ایوان کی کارروائی شروع ہوتی ہے یہ ایک رسمی چیز نہیں ہونی چاہئے بلکہ حقیقی اور عملی چیز ہونی چاہئے

اور اس کے لئے ہمارے پاس قرآن پاک ہے جو ہمیں ضلالت سے بچاتا ہے اور اس ایوان کے معاملات بھی اس کے مطابق طے ہونے چاہئیں۔ اور اس ایوان کے گذشتہ اجلاس میں جو غلط چیزیں پاس ہوئی ہیں مثلاً شکار بل۔ پردہ بل وغیرہ وغیرہ۔ وہ ہماری کم علمی کے باعث ہوئی ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ کام غلط طریقے سے ہو رہا ہے۔ اور میں عرض کرونگا کہ جیسا کہ منسٹر صاحب پبلک سے محاسبہ کرتے ہیں وہ کبھی اپنے آپ سے بھی محاسبہ کریں کہ وہ جس طریقہ پر چل رہے ہیں کیا وہ طریقہ شریعت کے مطابق صحیح اور درست ہے ؟

الناس علی دین ملوکھم

یعنی پبلک جو ہے وہ اپنے مقتدا کے نقش قدم پر چلتی ہے اور ان کی پیروی کرتی ہے۔ میں ایک چیز اور عرض کرونگا اور وہ یہ ہے کہ کل ہمارے ایک آنریبل وزیر صاحب نے کفار سے معاہدہ کے متعلق فرمایا تھا۔ میں انکی خدمت میں عرض کرونگا کہ کفار سے معاہدے شریعت کے مطابق ہونے چاہئیں نہ کہ کسی اور طریقے سے جو غلط ہو۔

وزیر تعلیم (عزت مآب سردار عبدالحمید خاں دستی) : جناب والا ۔ اس ایوان کے معزز اراکین کی طرز تقریر سے یہ امر ثابت ہو گیا ہے کہ اراکین ایوان کو مسئلہ تعلیم کی اہمیت کا احساس خاصی حد تک ہے اور اس احساس کے ماتحت معزز اراکین اس اہم قومی ضرورت کو اچھے سے اچھے طریقہ پر پورا کئے جانے کے خواہشمند ہیں۔ یہ احساس اور یہ خواہش نہایت ہی

قابل قدر ہے اور مجھے اس سے ایک گونہ مسرت ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ ہمارے صوبہ کا تعلیمی مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں خاصی تبدیلیاں ضروری ہیں۔ چنانچہ محکمہ تعلیم حکومت کی نگرانی میں ان تمام مسائل پر پوری فکر کے ساتھ غور کر رہا ہے جن کا حل قوم کے تعلیمی ارتقا کیلئے لازمی اور لابدی ہے اس لئے جہاں تک ان تقاریر کا تعلق ہے جن کے استدلال کے ماتحت میری بیان کردہ خواہش کی تکمیل کار فرما ہے۔ ان کے مقصد سے مجھ کو پورا اتفاق ہے اگرچہ ان کے طرز بیان اور طرز استدلال سے اتفاق نہیں۔ اس سے کسی کو انکار نہیں کہ ہم نے اپنے طریقہ تعلیم کو اپنی قوم کی ضروریات کے مطابق ابھی بہترین سانچے میں ان کو ڈھالنا ہے۔ لیکن میں نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ اکثر تقاریر لاعلمی یا عدم فہمی کی کیفیت کی آئینہ دار تھیں بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ وہ تقاریر عدم تفکر کا ایک مظاہرہ تھیں تو میرا یہ کہنا کوئی بہت بے جا نہ ہوگا۔

قبل اس کے کہ میں یونیورسٹی کی مد کے متعلق وضاحت کروں ایا پیشتر اس کے کہ میں مسئلہ تعلیم کے مختلف شعبوں کا ترتیب وار بیان کروں میں اجازت چاہتا ہوں کہ تعلیم کے بنیادی اصولوں کی کچھ روداد اس معزز ایوان کی خدمت میں پیش کروں۔ سب سے پہلے میں اس امر کو ونگا کہ کسی ملک یا صوبے کی تعلیمی ذمہداریوں کی کفالت کس پر عائد ہوتی ہے۔ حکومت پر یا عوام پر۔ یا بالا شتراک حکومت اور عوام دونوں پر۔ تاریخ ہمیں بتلاتی ہے کہ ابتدائے آفرینش سے آج تک کبھی کسی حکومت نے تعلیم کی تمام و کمال ذمہداریاں اپنے کندھوں پر نہیں لیں اور میری دانست میں نہ کبھی لے سکے گی کیونکہ یہ ایک مانا ہوا اور مستند اصول ہے۔ گزشتہ واقعات اور حالات نے مکمل طور پر ثابت کر دیا ہے کہ حکومت کے ذرائع آمدنی ہمیشہ محدود ہوا کرتے ہیں اور حکومت کو دیگر مختلف اور زیادہ اہم ذمہداریوں سے عہدہ برآ ہونا لازمی ہوتا ہے۔ اس لئے حکومت اس شعبے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو حصہ رسدی مالی امداد اور توجہ دے سکتی ہے۔ حکومت سے اس سے زیادہ توقع رکھنا بے سود ہوگا اور کم فہمی کی دلیل ثابت ہوگا کہ مسئلہ تعلیم کا حل اور تعلیمی ضروریات کی تکمیل حکومت کے ذمہ نہیں آتی۔ ظاہر ہے کہ جو کام حکومت اکیلے ہاتھوں سرانجام نہیں دے سکتی وہ عوام بھی بطریق احسن حکومت کی امداد کے بغیر سرانجام دے سکنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ اس لئے اس قومی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے لازمی

20	Remodelling of Lady Aitchison Hospital, Lahore ..	30,00,000
21	Stipends for advanced training ..	6,00,000
22	Anti-Tuberculosis Campaign ..	65,80,000
23	Medical Relief Centre, Lahore ..	25,00,000
24	Buildings for UNICEF Maternity and Child Health Scheme	7,70,000
25	Medicines and equipment needed for emergencies ..	20,00,000
26	Equipment for the Tuberculosis Sanatorium at Samli	10,46,700
	PUBLIC WORKS DEPARTMENT BUILDINGS AND ROADS BRANCH	
27	Road Development Schemes ..	4,22,10,706
	PUBLIC WORKS DEPARTMENT, IRRIGATION, BRANCH	
28	Revised Mianwali Project. (Cost Rs. 16.02 crores).	
29	Installation of 400 Tube-wells around towns (Rs. 80 lacs).	For growing vegetables and fruit gardens.
30	Shahpur Branch Project. (Cost Rs. 49,14 lacs) ..	Irrigation of lands.
31	Taunsa Barrage Scheme. (Cost Rs. 31 crores). ..	Irrigation of lands.

APPENDIX B

Serial No.	Scheme	GRANT-IN-AID		Total
		Non-recurring	Recurring	
1	Nishtar Medical College and Hospital, Multan	60 lacs.	..	60 lacs.
2	Rebuilding of Civil Rural Dispensaries ..	40 lacs.	..	40 lacs.
3	Development of all District Headquarters Hospitals	70 lacs.	..	70 lacs.
4	Extension of Water-Supply Project ..	15 lacs.	..	15 lacs.
5	Anti-Malaria Scheme (Waterlogged areas)	7·25 lacs.	..	7·25 lacs.
6	Additional Maternity and Child Welfare Centres	7 00 lacs.	..	7·00 lacs.
7	Expansion of King Edward Medical College, Mayo and Lady Willingdon Hospitals, Lahore	30 lacs.	..	30 lacs.
8	Mobile dispensaries for tehsils ..	7·65 lacs.	*2·35	10 lacs.
9	Expansion of Lady Aitchison Hospital ..	10·75 lacs.	..	10·75 lacs.
	Total ..			2·50 crores.

*A fraction of total of first years recurring expenditure.

DEMANDS FOR GRANTS

AGRICULTURE

Minister of Agriculture (The Hon'ble Soofi Abdul Hamid Khan) : Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 55,77,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of Agriculture.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That a sum not exceeding Rs. 55,77,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of Agriculture.

Before I call upon the mover of the first cut motion to present it to the House, I wish to invite the attention of the House to the fact of which they are no doubt aware, that according to the rules, all demands must be put before the House at 4 o'clock. That means that we are left only with 2¼ hours. Out of this time, according to the convention, one hour must be given to the Honourable Minister for reply. That leaves only an hour and a half at our disposal I have before me notices of 10 cut motions; though 7 of them relate to one subject, 2 to another and the 10th relates to a third. It will not be possible for me to call upon the mover of every cut motion to speak. Obviously during this 1½ hours time that cannot be done, and then again I will have to impose a time limit also on those who are called upon to speak. I propose to give 15 minutes to every mover of cut motion who is called upon to speak. If any time is left, then other honourable members can be given 10 minutes each.

Now, I call upon Chaudhri Muhammad Ahsan to move his cut motion.

Malik Ghulam Nabi : On a point of order.

جناب والا نے یہ فرمایا ہے ڈیڑھ گھنٹہ باقی بچے گا ۔ میرے خیال میں اڑھائی گھنٹے باقی بچیں گے کیونکہ آنریبل وزیر اپنی جوابی تقریر ساڑے چار بجے شروع کریں گے —

Mr. Speaker : Discussion must be finished before 4 o'clock.

The honourable member does not seem to know the rule.

CORRUPTION IN AGRICULTURE DEPARTMENT

Chaudhri Muhammad Ahsan: (Gujrat III, Muslim) : Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 1,79,500 on account of Net Total A—Direction be reduced by Rs. 1,79,499.

جناب والا میں پہلے اپنی گذارشات اس بارے میں کرنا چاہتا ہوں کہ اس محکمہ میں efficiency کی کمی کیوں ہے ۔ جناب والا کسی محکمہ کا اچھا یا برا ہونا جس طرح efficiency-discipline اور دیانتداری پر منحصر ہے میں سمجھتا ہوں اسی طرح efficiency کا انحصار — efficiency کا دار و مدار ان funds پر ہے جو اس محکمہ کو دیئے جاتے ہیں ۔ خصوصاً ایک ایسے محکمہ کو جس کا تعلق کاغذی کارروائی سے کم ہو اور عملی یعنی practical کام سے زیادہ ہو ۔ رقم کم دینے سے وہ تسلی بخش کام نہیں ہو سکتا جو کہ اس سے عوام یا اس ایوان کے معزز ممبران توقع رکھتے ہوں ۔ اور اس کا نتیجہ ہوتا ہے inefficiency — جناب والا میں نے

یہ محسوس کیا ہے کہ اس محکمہ کے لئے جو ملک کی main industry زرعی نظام سے تعلق رکھتا ہے جس نظام کی وجہ سے ہمارا صوبہ پاکستان کی granary کہلاتا ہے اس اہم محکمہ کے لئے تسلی بخش رقم نہیں دی گئی ۔ کستدر افسوس کا مقام ہے کہ سرمایہ داری کی کرشمہ سازی سے لاہور میں ۱۰ یا ۱۵ لاکھ روپے کی لاگت سے کسی ایک فرد واحد کے لئے یا اس کے خاندان کے ممبروں کیلئے ایک کوٹھی تو فوراً بن جاتی ہے لیکن اتنے اہم محکمہ کے لئے جس کا تعلق ہمارے پیٹ سے ہے جس کا تعلق ایک ایسی صنعت سے ہے جس کے ذریعہ ہمیں آمدنی حاصل ہوتی ہے کیونکہ ہم اپنے دوست ملکوں کو غلہ بہم پہنچاتے ہیں اتنی رقم رکھی جاتی ہے جس سے ایسی تین یا چار کوٹھیاں بن سکیں ۔ دوسرے الفاظ میں ہم یہ کہ سکتے ہیں کہ یہ محکمہ تو ایک سرمایہ دار کی تین چار کوٹھیاں ہیں ۔ اور اس سے بڑھ کر نہیں ہے ۔ کاش کہ دنیا کے لاڈلے سرمایہ دار کسی ایسے نظام میں جکڑے جاتے جس سے وہ اس دولت کو جو کہ عوام کی عرق ریزی سے پیدا ہوتی ہے اس طرح سے ضائع نہ کرتے اور وہ نظام کونسا ہوسکتا ہے ؟ جناب والا وہ وہی اسلامی نظام ہے جو کہ یہ کہتا ہے ۔

خدا کے پاک بندوں کو حکومت میں غلامی میں
زرہ کوئی اگر محفوظ رکھتی ہے تو استغنے

جناب والا ۔ اگر وہ نظام جاری ہو جائے تو یہاں سرمایہ دارانہ ذہنیت ختم ہو جائے ۔ جناب والا یہاں ایک کوٹھی پر جتنا روپیہ خرچ ہوتا ہے اگر وہ ایسے محکموں کے کام کے لئے رکھ لیا جائے اگر وہ اس طرح ضائع ہونے کی بجائے پبلک کے مفاد پر خرچ ہو تو اس سے بہت مفید نتائج برامد ہو سکتے ہیں ۔ اس حکومت سے اس وقت جو ممکن ہے وہ کر رہی ہے ۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ حکومت نے فلاں محکمہ کو اتنی رقم نہیں دی اور فلاں کو اتنی رقم نہیں دی ۔ لیکن حکومت اتنا روپیہ کہاں سے لائے ۔ اس کے پاس لمٹڈ فنڈز ہیں ۔ میری تقریر کا مقصد یہ ہے کہ اسے مزید ذرائع آمدنی پیدا کرنے کی طرف توجہ دلائی جائے اور پھر ممکن ہے کہ کوئی مفید کام ہو سکے ۔ جناب والا اسطرح یہ محکمہ efficient نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کے پاس فنڈز نہ ہوں ۔ اسی طرح سے اس میں efficiency پیدا نہیں ہو سکتی جب تک کہ جس کام کے لئے ۔ جن فرائض کو فروغ دینے کے لئے یہ محکمہ قائم کیا گیا ہے ان میں ترقی نہ ہو ۔ اس سلسلہ میں

میں جناب کی توجہ اور جناب والا کے توسط سے ایوان کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ ہمارا زرعی نظام جو کہ نہایت ہی اہم ہے اس وقت بوجھل ٹیکسوں کے نیچے دبا ہوا ہے ۔ میں ایک مثال پیش کر کے اپنے نقطہ کی وضاحت کرتا ہوں ۔ قبل اس کے میں ایسا کروں میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آئیندہ ہمارے زرعی نظام سے یہ بوجھل ٹیکس دور کر دئے جانے چاہئیں اور ان کو عیش و عشرت کے سامانوں پر اور سرمایہ داروں پر لگایا جانا چاہئے اور انہیں محنت کرنے والوں پہ نہیں لگانا چاہئے ۔ اور نہ اس نظام پر جو کہ ان کو خوراک بہم پہنچاتا ہے ۔ جناب والا جیسا کہ میں نے قبل ازیں کہا ہے میں ایک مثال پیش کر کے اپنے اس نقطہ کی وضاحت کرتا ہوں کہ کس طرح زرعی نظام بوجھل ٹیکسوں کے نیچے دبا ہوا ہے اور اسے کوئی سہولتیں بہم نہیں پہنچائی جاتیں اور نہ اس سے بوجھل ٹیکسوں کو ہلکا کیا جاتا ہے ۔ بلکہ اس ضمن میں یہ محکمہ بھی زمینداروں کی کوئی امداد نہیں کرتا ۔ وہ تمباکو ٹیکس ہے ۔ یہ ایک بہت ہی قیمتی پیداوار ہے ۔ لیکن ہمارا زمیندار تمباکو کی کاشت سے اتنا خائف ہے کہ وہ اسے پھانسی سے بھی زیادہ مشکل سمجھتا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس پر یک طرفہ بوجھل ٹیکس عائد کیا جاتا ہے اور جو لوگ یہ ٹیکس لگاتے ہیں ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ۔ اگر ہم اس کے متعلق اس ایوان میں کوئی بات کرتے ہیں تو ہمیں یہ کہ دیا جاتا ہے کہ یہ مرکزی حکومت سے متعلق ہے اور جب سنٹر سے اپیل کی جاتی ہے تو کوئی سنتا ہی نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس محکمہ کو فروغ دینے اور اس کے اہم ترین فرائض کی انجام دھی کے لئے ضروری ہے کہ اس کے فنڈز کو زیادہ کیا جائے اور زرعی نظام پر جو بوجھل ٹیکس عائد ہیں ان کو کم کیا جائے ۔

اس کے بعد efficiency کو خراب کرنے والی چند اور وجوہ بھی بیان کرنے کے لائق ہیں ۔ بعض افسروں نے ذاتی وجوہ کی بنا پر اس محکمہ کے ماتحتوں سے مخاصمت قائم کی تھی اور اس طرح وہ دیانتدار اور efficient افسروں کو ذلیل کرنے کی کوشش کرتے رہے اور کئی ایک کی تنزلی کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ بلکہ کئی ایک کا تنزل کر بھی دیا گیا ہے ۔ پھر اس محکمہ میں خدمت کے مواقع بہت زیادہ ہیں اور لوٹ مار کے نہیں جیسا کہ دوسرے محکموں میں ہیں ۔

ہو سکتا ہے کہ اگر وہ لوٹ مار کے مواقع اس میں بھی موجود ہوتے تو یہ لوگ بھی باقی محکموں کے ملازمین کی طرح ہی کرتے ۔ اور یہاں بھی ویسے ہی حالات ہوتے لیکن یہ امر creditable ہے کہ باقی محکموں کے مقابلہ میں یہ محکمہ زیادہ تسلی بخش طور پر کام کر رہا ہے جس طرح چھوٹے ملازمین کی بھوک inefficiency کا باعث ہوسکتی ہے ویسے ہی اگر اس محکمہ کے پیٹ میں کچھ نہیں پڑے گا تو کوئی بات نہیں بنے گی ۔ اسکے پیٹ میں اس محکمہ کے پیٹ میں ۔ یعنی اس کام میں جناب والا نہایت معقول رقم کی ضرورت ہے ۔ تاکہ ہمارے اس محکمہ کے قابل افسر اور دوسرے اس محکمہ کے کارکن زیادہ اچھی طرح اور کامیابی سے اس کام کو دکھا سکیں ۔ جناب والا رشوت ستانی کے متعلق میں پرسوں چند اشارات کر چکا ہوں تفاصیل میں تو نہیں جا سکتا ۔ عاقل را اشارہ کافی است ۔ اگرچہ الفاظ تھوڑے تھے مگر میں سمجھتا ہوں کہ اسمیں کافی کچھ کہا گیا تھا ۔ جناب والا میں اتنا ضرور کہونگا کہ اس محکمے کے حالات دوسرے محکموں سے بہتر ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس محکمہ کے لوگوں کو زیادہ نیک اور زیادہ اچھے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جو زمیندار اور کاشتکار ہیں ۔ (تالیاں)

جناب والا ۔ اگر اس محکمہ کو بھی سرمایہداروں سے واسطہ پڑتا تو میں یقین سے کہ سکتا ہوں کہ یہاں بھی حالات دگرگون ہوتے کیونکہ سرمایہ دار بددیانت ہونے کے باعث دوسروں کو بھی بد دیانت کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ (تالیاں)

جناب والا ۔ میں اس بارہ میں مثال کے طور پر دوسرے محکموں کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا کیونکہ میں کسی محکمہ پر براہ راست یا بالواسطہ ہٹ کرنا نہیں چاہتا ۔

جناب والا ۔ میں نے پرسوں بھی بددیانتی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ exceptions prove the rule ہر محکمہ میں بڑے بڑے نیک با انصاف ایماندار اور دیانتدار خدا کے بندے ملجاتے ہیں ۔ لیکن بد قسمتی سے اکثریت دوسری طرف یعنی بد دیانتی کی طرف ہے اور اس کی وجہ صرف ایک ہی لفظ سرمایہ داری ہے ۔ اور کچھ نہیں ۔ خدا

کی قسم اس کی وجہ صرف سرمایہ داری کی ذہنیت ہے ۔ ہر شخص کی یہی کوشش ہے کہ وہ اور اکٹھا کر لے ۔ حرص کے پھیلتے ہیں پاؤں بقدر وسعت ۔ دوئی بھوکا رہے کوئی ننگا رہے ۔ اس کی بلا سے ۔ اس کی کوٹھی میں ہیٹر ہوں ۔ کولر ہوں ایک ایک کوٹھیا جتنے بڑے کولر ۔ لیکن دوسرے لوگ بے شک ننگے بھوکے بے روزگار اور بے گھر رہیں ۔

(ایک آواز ۔ آپ خود بھی تو کوٹھی میں رہتے ہیں)—

شاید میں بھی ان لوگوں میں شامل ہوں جن کی میں مذمت کر رہا ہوں ۔

من خوب می شناسم پیران پارسا را

مجھ سے کچھ نہیں بھولا ہوا ۔ آنریبل ممبر کا میں ہسٹری شیٹ کھول کر رکھ سکتا ہوں ۔ میں خدا کے فضل سے بہت لوگوں کو جاننے والا ہوں اور بہت سے مجھے جاننے والے ہیں میری زبان نہ کھلوائیے اتنا کافی سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس محکمے کے حالات اس لئے اچھے ہیں کہ اسے ان لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جو اچھے ہیں ۔

جناب والا ۔ مثال کے طور پر میں ایک گزارش کرونگا کہ جس طرح مسلم یونیورسٹی علیگڑھ میں جب میں نے تعلیم پائی تو میں سمجھتا ہوں کہ وہاں جو پابندیاں تھیں اور جو آزادیاں تھیں وہ کسی اور جگہ نہ تھیں ۔ لیکن ہم اپنی اس آزادی کا غلط استعمال نہ ہیں کرتے تھے ۔ میری خواہش ہے کہ یہاں بھی وہی فضا پیدا ہو سکے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 1,79,500 on account of Net Total A—Direction be reduced by Rs. 1,79,499

The motion was lost

Agricultural Industries

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) ۔ جناب والا میں تجویز پیش کرتا ہوں ۔ That the total demand be reduced by Rs. 35,00,000.

ہماری موجودہ وزارت نے ضروریات زندگی کی کثرت کی بجائے قلت ، صحت کی بجائے علت اور عزت کی بجائے ذلت کا جو اہتمام کیا ہے میں سمجھتا ہوں اسکے متعلق کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ۔ اگر یہ چیز صرف حزب

اختلاف کی طرف سے پیش ہوتی تو آسانی سے کہا جا سکتا تھا کہ یہ اختلاف برائے اختلاف یا تنقید برائے تنقید ہے ۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ خود حکومت کی نشستوں کی طرف سے اس آزادی اور بے باکی کے ساتھ بالوضاحت خیالات کا اظہار کیا گیا ہے کہ میں سمجھتا ہوں اس سے ان ساری چیزوں پر مہر تصدیق ثبت ہو چکی ہے اور اب حکومت کے پاس ان باتوں کا کوئی جواب نہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس تنقید کی تہ میں کوئی سازش تھی یا بغاوت ۔ لیکن بہر حال اظہار حقیقت ضرور ہوا ۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ حکومت اپنی پارٹی کی تنقید کی روشنی میں اصلاح احوال کی کوشش کریگی ۔ جناب والا ! میں سمجھتا ہوں کہ زراعت کو سب سے زیادہ نقصان جو پہنچا ہے وہ ہماری موجودہ حکومت کی زرعی اصلاحات کی وجہ سے پہنچا ہے ۔ انکے ذریعہ جسطرح ترقی کے امکانات کو ختم کرنے کی کوشش کیگئی ہے اور سارے نظام زرعی کو مجروح و مضروب کرنے کی کوشش کی گئی ہے اسکا نتیجہ خود بخود ظاہر ہو رہا ہے ۔ ان اصلاحات کا نفاذ بلکہ میں سمجھتا ہوں نفوذ ۲۹ جنوری سے ہورہا ہے ۔ اس ایوان میں انکے متعلق خیالات کا جو تبادلہ ہوا اور بعد میں جو واقعات ہوئے انکی شہادت کے بعد اس بارہ میں کچھ زیادہ الفاظ سے یا بیانات سے وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں ۔ جناب والا ! ہمارے وزیراعلے صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں فرمایا تھا کہ ہم نے اپنے زرعی قوانین کے ذریعہ اس بات کا اہتمام کر دیا ہے کہ مزارعین کے حقوق مکمل طور پر محفوظ کر دئے جائیں ۔

ملک قادر بخش—(پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔

اس وقت زراعت کی مد زیربحث ہے ۔ معاملہ اراضی ایک اور مد میں آتا ہے جو اس وقت زیربحث نہیں ۔

Mr. Speaker : What is the point of order.

Malik Qadir Bakhsh : My honourable friend is not talking on the cut motion.

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا! وزیر اعلے صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ ان اصلاحات کے نفاذ کے بعد مزارعین کی حیثیت ایک شریک اعلے یا شریک غالب کی ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker : The honourable member according to his own remarks should discuss the failure of the Government to take proper steps for the progress of Agricultural Industry and its advancement. Agrarian legislation does not come in anywhere.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ موجودہ حکومت زرعی صنعت کی مناسب ترقی کیلئے اقدامات اختیار کرنے سے قاصر رہی ہے ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اسکی پالیسی اور حکمت

عملی واضع طور پر ایسی ہے کہ یہاں ترقی زراعت کا موقعہ پیدا ہی نہیں ہوتا ۔ بلکہ اس حکومت کی پالیسی ایسی ہے کہ جس سے ترقی زراعت کے امکانات ختم کر دئے گئے ہیں مجھے اس ضمن میں کچھ زیادہ کہنے کی ضرورت نہ ں نتائج خود بخود واضح ہو رہے ہیں میں یہاں یہ اشارہ کر دینا ضروری سمجھتا تھا۔ ہمارے وزیر اعلے نے اپنی بجٹ تقریر میں جو بلند بانگ دعاوی کئے ہیں وہ حقیقت کے خلاف ہیں ۔ مزارعین کی بے دخلیوں کے بیشمار واقعات وشواہد کی موجودہ گی میں یہ کہنا کہ ہم نے ان کیلئے تحفظات کر دئے ہیں بعید از حقیقت چیز ہے ۔ اسے دیکھکر مجھے سید جمال الدین افغانی کے وہ غیر فانی الفاظ یاد آتے ہیں کہ ۔

غضب آن نیست کہ کذب و افترا درین مملکت رویکمال است ۔ غضب اینست

کہ کاذب بر سر منبری گوید لعنۃ اللہ علی الکاذبین ۔

جناب والا! واقعات کو مسخ کر کے اس طرح غلط طور پر بیان کرنا اور حقائق کو چھپا کر (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker.—Will the honourable member please stop his general discourse which will not be permitted.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے کچھ ایسی فضا پیدا کردی ہے کہ جسطرح ایک ڈاکٹر پہلے مریض کو ٹیکہ لگاتا ہے اور پھر مرض کو طول دینے کے لئے مریض کا اسطرح سے علاج کرتا ہے کہ وہ جلدی صحتیاب نہ ہو سکے اور اسکو فیس زیادہ ملے ۔ اس طرح صنعت زراعت کی ترقی کے معاملہ میں بھی ہماری حکومت نے اسی قسم کی ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے ۔ (شور)

صاحب سپیکر آرڈر—آرڈر—

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا! وزیر اعلی صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمارے ملک کی نوے فیصدی آبادی کا گزارہ صرف زراعت پر ہے اور یہ وہ صنعت ہے جسکی طرف ہماری حکومت کو زیادہ توجہ مبذول کرنی چاہیے تھی ۔ ہم نے تو یہ دیکھا ہے کہ جو طبقہ خصوصیت کے ساتھ حکومت کی توجہ کا مرکز بنا بس اس کی خیر نہیں ہوتی ۔ مجھے اس سلسلہ میں غالب کا یہ شعر یاد آتا ہے :—

نیند اسکی ہے دماغ اسکا ہے آنکھیں اسکی ہیں
جسکے بازو پر تری زلفیں پریشان ہو گئیں

یا یوں کہئے کہ لیلے وزارت کی زلفیں پریشان ہو گئیں ۔ (قہقہے)

انکا دماغ ماوف ہو چکا ہے ۔ اور ان پر وہ شب تاریک طاری ہو چکی ہے جسمیں طلوع آفتاب کا کوئی چانس باقی نہیں رہا ۔ صنعت زراعت کی کیفیت یہ ہے کہ وہ بیچاری بیکس اور زبون حال ہے ۔ اور بری طرح سے اسے مضروب کیا جا رہا ہے ۔ ہمیں یہ بتلایا جاتا ہے کہ حکومت نے بڑی بڑی سکیمیں اور پروگرام بنائے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ ہم منصوبہ بندی سے کام کر رہے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آئندہ اجلاس میں سیم زدہ علاقوں کے لئے Soil Reclamation Bill پیش کیا جائیگا ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ۲۳ لاکھ ایکڑ رقبہ سیم زدہ ہو کر ضائع ہو چکا ہے۔ اور اس میں تقریباً چالیس ہزار ایکڑ زمین کا ہر سال اضافہ ہوتا ہے ۔ اور حکومت نے زمین کو تھور اور سیم سے محفوظ کرنے کے لئے کوئی ٹھوس قدم نہیں اٹھائے ۔ لیکن جب خصوصیت کے ساتھ یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ حکومت نے اس چیز کو روکنے کے لئے کیا مناسب اقدامات اختیار کئے ہیں اور آپ نے اس سلسلہ میں کونسی سائینٹیفک ریسرچ کی ہے جو effective اور موثر طریقہ پر اسے کنٹرول کر سکتی ہو تو اس کا کوئی جواب نہیں ملتا ۔ اب آپ قوانین اور احکام کے ذریعے سیم اور تھور کا خاتمہ کرنا چاہتے ہیں ۔ اور اس لیجسلیشن سے آپ حکماً سیم کو صوبہ سے نکالنا چاہتے ہیں جس طرح اسے کان سے پکڑ کر کہا جائیگا کہ جاؤ یہاں سے فوراً نکل جاؤ ۔ جناب والا ۔ میں نے اس مسودہ قانون پر غور کیا ہے ۔ جناب والا ۔ Soil Reclamation کے متعلق اس میں یہ ہے کہ حکومت . . . . . .

Mr. Speaker : That Bill is not under discussion.

چودھری محمد افضل چیمہ : جناب والا میری صرف درخواست یہ ہے کہ جہاں تک صنعت زراعت کا تعلق ہے ۔ اس مسودہ میں کوئی موثر تدابیر اختیار نہیں کی گئیں ۔ اس کے علاوہ جناب والا ! سب سے زیادہ کھٹکنے والی جو چیز ہے ۔ وہ یہ ہے کہ ہماری حکومت نے صنعت زراعت کو صرف ایک بینکنگ ادارہ بنا رکھا ہے ۔ اور اسے ایک آمدنی کا ذریعہ بنا دیا ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ اس اہم ۔ ملکی اور قومی صنعت پر زیادہ سے زیادہ روپیہ خرچ کیا جاتا اور اس موضوع پر ریسرچ کرنے کے ذرائع اور وسائل فراہم کئے جاتے لیکن اسے الٹا ایک revenue collection کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ اس کو ایک Banking Institution بنا دیا گیا ہے ۔ میں اس سلسلہ میں کچھ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ ۱۹۵۱—۵۲ میں اس مد سے آپ

کو گیارہ لاکھ بتیس ہزار دوسو روپیہ آمدنی اور ۲۹ لاکھ ۶ ہزار چار سو روپیہ خرچ ہوا ۔ اور اس سال کے بجٹ میں اس مد سے آپ کی آمدنی ۱۰۰۵۲۲۰۰ روپیہ اور خرچ ۵۵۷۷۲۰۰ روپیہ دکھایا گیا ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ اس قومی صنعت پر زیادہ سے زیادہ روپیہ خرچ کیا جاتا ۔ ر اسے ایک آمدنی کا ذریعہ بنا لیا گیا ہے ۔

اس کے علاوہ Cotton Seeds کے بارہ میں میری یہ گزارش ہے کہ اس صوبہ میں بڑی تعداد چھوٹے زمینداروں کی ہے جو چھوٹے چھوٹے رقبہ اراضی کے مالک ہیں اور یہ لوگ یوپی اور سی پی کی طرح بڑے بڑے زمیندار نہیں ہیں ۔ ہمیشہ ببانگ دہل یہ کہا جاتا ہے کہ یہ زمینداروں کی حکومت ہے بلکہ میں ضمنا یہ بھی عرض کردوں کہ دعاوی تو یہ کئے جاتے ہیں کہ اس حکومت کو زمینداروں کے مفاد کا سب سے زیادہ احترام ہے اور یہ ہماری حکومت کے Sinews ہیں ۔ میں یہ عرض کردوں کہ میں نے آپ کی حکومت کے ایک رکن سے یہ کہا کہ آپ تو اس حکومت کے پٹھے ہیں ۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ تو معلوم نہیں کہ ہم پٹھے ہیں یا نہیں مگر ہم الو کے پٹھے ضرور ہیں کہ ہم نے اس حکومت کی مدد کی (Voices withdraw, withdraw) (شور اور قہقہے)

Mr. Speaker I ask the hon'ble member to withdraw those words.

چودھری محمد افضل چیمہ: I withdraw, Sir.

جناب والا نقل کفر کفر نہ باشد — جو انہوں نے فرمایا تھا میں نے تو صرف اسے دھرایا ہے ۔

Mr. Speaker. The Hon'ble member will not be permitted to refer to any body in a language which is unparliamentary.

چودھری محمد افضل چیمہ: میں جناب یہ عرض کر رہا تھا کہ کاٹن کنٹرول کے ماتحت ۸۰ لاکھ روپیہ وصول کیا گیا ہے ۔ اس صوبہ میں صرف ایک زراعتی کالج ہے ۔ جو کافی نہیں ہے ۔ اور میں یہاں عرض کروں گا کہ جہاں تک زراعتی تعلیم کا تعلق ہے ۔ حکومت کو چاہئیے کہ اسے بالکل free اور سستا کردے تا کہ زیادہ سے زیادہ طلبا اس تعلیم سے مستفید ہو سکیں اور غریب کسانوں کے بچے مفت زراعتی تعلیم حاصل کرسکیں ۔ اس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں زراعتی فارم صوبہ میں قائم کئیے جائیں —

Mr. Speaker. The question is —
That the total demand be reduced by Rs. 55,00,000

The motion was lost.

AGRICULTURAL POLICY

خان عبدالستار خان نیازی (میانوالی نمبر ۲ مسلم) جناب والا ! میں تجویز پیش کرتا ہوں —

That the total demand be reduced by Rs. 10.

میں نے محکمہ زراعت کے انتظام اور افادیت کو زیر بحث لاتے ہوئے اس مد کے سلسلہ میں مطالبات زر میں تخفیف کی تحریک پیش کی ہے — اب جناب والا کی اجازت سے اس ایوان کے معزز ممبران اور وزیر متعلقہ محکمہ زراعت کی خدمت میں چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں —

اس محکمہ کے قیام کی غرض و غایت یہ ہے کہ زراعت کی ترقی و بقا کے سلسلے میں لوگوں کی رہنمائی کرے — ترقی دادہ بیج لوگوں کو مہیا کرے — نیز ایسے بیجوں سے پیدا شدہ فصلات کی نگرانی اور آفات اراضی و سماوی سے حفاظت کے لئے زمینداروں کی دستگیری کرے ثانیاً اس محکمے کا مقصد یہ ہے کہ اگر زمین زیادہ فصل دے کر یا دیگر اسباب سے کمزور ہو جائے تو زمین کی تقویت کے لئے عام دیسی سائنٹیفک کھادوں کا انتظام کرے اور ایسی سہولتیں مہیا کرے کہ جس سے ضرورت مند زمیندار و مزارعین اس محکمہ سے کما حقہ استفادہ کرسکیں — ثالثا اس محکمہ کا فرض منصبی ہے کہ کاشتکاروں کی ایسی تربیت کرے اور ان کو ایسے وسائل و ذرائع مہیا کرے کہ وہ کم سے کم زمین سے زیادہ منافع حاصل کرسکیں — زراعت کے فن میں ماہرین کے پیش کردہ آلات کشاورزی آلات درو ۔ گہیوں صاف کرنے کی مشینری اور آبپاشی کے نئے نئے وسائل مہیا کرے — نیز یہ محکمہ اجناس پھلوں اور سبزیوں سے ملک کے لئے مفید غذائی مرکبات سے تیار کرے —

جناب والا — اس نقطہ نگاہ کو مد نظر رکھکر جب ہم اس محکمہ کا جائزہ لیتے ہیں تو اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ باوجود یکہ یہ محکمہ انگریز کی عملداری سے تا ایندم حکومت کی امداد سے قائم ہے اس نے مزارعین کی کوئی موثر امداد نہیں کی — میں دور نہیں جاتا صرف اپنے علاقہ کے احوال و کوائف سے اس محکمہ کی کارگزاری کی فہرست آپ حضرات کی خدمت میں

پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس محکمہ کے افسران کا فرض منصبی تھا کہ وہ ہر علاقہ کی زمین کو دیکھ کر اس کی قوت پیداوار کا تخمینہ کرکے لوگوں کی رہنمائی کرتے ۔ ہمارے اپنے گاؤں میں caster یعنی ارنڈ کے خود رو جنگلات ایسے کثرت سے ملتے تھے کہ ہمیں اپنی اراضیات اس فصل سے نجات دلانے کیلئے معتدبہ رقم صرف کرنی پڑ جاتی تھی۔ اب یہ جنگلات قریب قریب ہمارے علاقے سے معدوم ہو چکے ہیں۔ اگر محکمہ کے ارباب بست و کشاد گرد و پیش کے حالات کو دیکھکر بر وقت رہنمائی کرتے تو ہمارے علاقے کے زمینداروں کے افتادہ اور بنجر رقبوں میں اس فصل کی باضابطہ کاشت کروا کر ملک کو caster oil اور اس فصل کی دوسری ثانوی مرکبات by products سے فائدہ پہنچا سکتے تھے ۔ سیلاب کی زمین میں ادھر گزشتہ دو سال سے کماد کی فصل بوئی جارہی ہے۔ بعض مقامات پر چاول کی بھی کاشت ہوتی ہے۔ لیکن اس محکمہ نے سیلاب کے رقبہ کی حیثیت کا آج تک معائنہ نہیں کیا اور نہ ہی زمین کی پیداواری قابلیت کا اندازہ کیا ہے ۔ اگر یہ محکمہ اپنے فرض منصبی سے آگاہ ہوتا تو آج سے کئی سال قبل اس علاقے کے زمینداروں کی زیادہ قیمتی فصلات اگانے کیلئے رہنمائی کر سکتا تھا اور وہ سیلاب کے رقبوں میں گنا اور چاول کی کاشت کرکے زیادہ منافع حاصل کر سکتے تھے۔ موجودہ سٹاف کو اپنے فرض کا احساس دلانے کیلئے وزیر متعلقہ کو فوری توجہ مبذول کرنی چاہئے ۔ نیز لوگوں میں زرعی پیداوار کو بڑھانے اور نئی نئی فصلوں سے روشناس کرانے کے لئے اس محکمہ کو وسعت دینے کی بھی ضرورت ہے تاکہ تربیت یافتہ مقدمین اور بیلدار اپنے زراعت انسپکٹروں کی نگرانی میں اپنے حلقہ کے ایک ایک انچ رقبہ کو آباد کراکے ملکی پیداوار میں اضافہ کر سکیں ۔ زمینداروں اور مزارعین میں جوش و انہماک پیدا کر سکیں اور اپنے ملک کو خود مکتفی بنانے کی جوانمردانہ جد و جہد کر سکیں ۔ تقسیم کے بعد معلوم ہوا ہے کہ ہم بہت سی ضروری اجناس اور مفید پھلوں سے محروم رہ گئے ہیں ۔ کیا اور آم ہمارے صوبہ کی ضروریات کو مکتفی نہیں ہوتے ۔ اگر ذرا بھی ہمارے محکمہ کی دور اندیشی ہوتی تو آج ہم ان پھلوں کے لئے دوسروں کے محتاج نہ ہوتے ۔ بہر حال اب نئے تقاضوں اور نئی ضروریات کے پیش نظر اس محکمہ کو چاق، چوبند ہو کر اپنے فرائض منوضہ سے عہدہ برا ہونا چاہئے ۔ ضلع کا سٹاف گاؤں گاؤں گھوم کر فلموں کے ذریعے، میجک لنٹرن سے، اشتہارات اور ، سائل اور چارٹوں سے

اور فن زراعت کے جاسوں کا اہتمام کرکے زراعت پیشہ آبادی کو جدید آلات اور افزوئی پیداوار کے ترقی یافتہ طریقوں سے آگاہ کریں —

جناب والا — محکمہ زراعت کا فنکارانہ شہکار ہمیں تھل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے باغات اگانے کی سکیم میں یوں نظر آتا ہے کہ بغیر منصوبہ بندی اور عاقبت بینی کے محض یہ جان کر کہ ان علاقوں میں نہر کے آجانے سے باغات بھی لگ سکتے ہیں ۔ ان کا تجربہ شروع کرایا گیا ہے — حالانکہ ایسے تجربات سب سے پہلے آباد شہروں کے قریب کئے جانے چاہئیں تھے۔ تا کہ کھاد و دیگر ضروری اسباب بآسانی فراہم ہو سکتے نیز یہ کام ابتدا میں چھوٹے پیمانے پر شروع کیا جاتا تا کہ کامیاب تجربہ کی صورت میں اس سکیم کو داخلی علاقوں میں وسعت دی جاتی لیکن ان نا گزیر اقدامات کو نظر انداز کرتے ہوئے ابتدا ہی میں وسیع پیمانے پر باغات لگانے کا تجربہ شروع کرایا گیا ہے ۔اس پر اس قدر زیادہ خرچ آ رہا ہے کہ یہ سکیم بجائے نفع مند ہونے کے سراسر نقصان و خضران پر منتج ہو رہی ہے ۔ حال یہ ہے کہ پچاس پچاس میل سے ٹرکوں میں کھاد لائی جاتی ہے اور اس کام کے لئے منتظمین کو کئی trip لگانے پڑتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے پٹرول جلانے اور کام پر آدمی لگا دینے سے فائدے کے بجائے زیادہ نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے اگر یہ تجربات شہروں کے قریب تر ہوتے تو ٹرکوں کی آمدو رفت کا بار ہلکا پڑ سکتا تھا اور غریب قوم کے خون پسینے کی کمائی یوں پٹرول پھونک کر برباد نہ کی جا سکتی تھی ۔ ان باغات کی کاشت کے سلسلہ میں جس دھوم دھڑے سے پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے وہ آگے چل کر ان کی تربیت اور غور و پرداخت کے سامان اور ان باغات کو دیکھ کر باطل ہو جاتا ہے ۔ محکمہ زراعت کی بے تدبیری اور حکومت کی حماقت کے سبب قومی سرمائے کا یوں سرفانہ ضیاع قوم کے ہر بہی خواہ کو احساس فرض پر بیدار کرکے حکومت کیلئے تازیانہ تنقید و انتباہ اٹھانے پر مجبور کر دیتا ہے ۔ ہماری حکومت planning کا بار بار ذکر کرتی ہے لیکن علمی اقدام یہ ہے کہ قوم کے تعمیری مسائل میں اپنی کوتاہ اندیشی کے باعث اپنی ناک سے آگے نہیں دیکھ سکتی اور نہ ہی بڑے بڑے افسروں کی تن پروری سے آگے سوچ سکتی ہے —

جناب والا —اگر ہماری اس بے تدبیر اور غافل گورنمنٹ کو احساس ہوتا سب سے پہلے ملک کے وسائل و پیداوار کا جائزہ لے کر اپنی درآمد و برآمد کی تجارت کو کنٹرول کرتی ۔ ضروریات زندگی کی اشیا کی فہرست

جو باهر سے درآمد کی جاتی هیں بہت طویل هے لیکن اس فہرست میں طب یونانی کی ادویات مفردات اور عقاقیر کی غیر ممالک سے درآمد سوهان روح هے - اس لئے محکمہ زراعت کا فرض هے که وہ ماهرین طب یونانی اور معالجین و عطارین کی ضروریات معلوم کر کے خود اپنے زیر اهتمام ایسے بساتین العقاقیر اپنے Botanical Department کے زیر نگرانی اگائیں جو همیں غیر ملکی تاجروں سے بے نیاز کرا دیں - ابھی ابھی مجھے اس معزز ایوان کے رکن الحاج حکیم خورشید احمد صاحب قریشی نے باهر سے در آمد هونے والی مفردات کی ایک طویل فہرست پیش کی هے - حیرت هوتی هے که سونف، بنفشه، نیلوفر، دلاب، اسبغول، تخم بالنگو، خشخاش، کشنیز خشک، گاؤزبان، اصل السوس، عناب اور اس قسم کی بیسیوں دوسری چیزوں کیلئے هم دوسروں کے دست نگر هیں - حالانکه تھوڑی سی محنت سے یہی چیزیں هم باسانی اپنے صوبه میں پیدا کر سکتے هیں -

پھر جناب والا - اس پر بس نہیں همیں هلیله، آمله، بی، سیب اور نذر تک کے مربه جات ان کے علاوه مختلف اچار، چٹنیاں، رب اور خمیرے تک بھی بھارت سے منگانے پڑتے هیں - چونکه بھارت کے هندو عبارت و پاکیزگی کے اسلامی اصولوں سے نا اشنا هیں - حتیٰ که نجاست و خباست کو بھی ناجائز نہیں سمجھتے - اس لئے ان کے تیار شده مرکبات کا استعمال همارے لئے کسی صورت میں بھی جائز نہیں هو سکتا - ان کے ناپاک هاتھوں کی ناپاک چیزوں سے قوم کو نجات دلانے کے لئے بھی محکمه زراعت کو اپنی ذمه داری کا احساس کرنا چاهئیے جس طرح یہاں پر آرنج سکویش وغیره مشروبات هم اس صوبه میں تیار کرتے هیں - مربه جات، اچار، چٹنیاں، خمیرے اور قسما قسم کے رب هم اپنی اس محکمه کی مدد سے کیوں تیار نہیں کر سکتے - میری گذارش یه هے که اس محکمه کو اس جانب بھی اپنی توجه مبذول کرنی چاهئیے -

جناب والا - دوسری تجویز یه هے که همارے ملک میں کئی مفید پھل ضائع جاتے هیں - کیوں نه یه محکمه امریکه کی طرح پھلوں کی caning کر کے Tinned Fruit کی تجارت کو فروغ دے اور بجائے اس کے که هم ممالک غیر کی منڈی بنے رهیں هم نه صرف غیروں کی معاشی دستبرد سے محفوظ هو جائیں بلکه اپنی تجارت کے لئے وسیع میدان تلاش کر لیں -

میری تیسری تجویز یہ ہے - Bee keeping کے لئے جو آپ نے ۱۹۹۹۰ روپیہ منظور کیا ہے یہ بہت کم ہے اس کے لئے زیادہ Provision ہونی چاہئیے - انگریز کی آمد سے قبل ہماری شہد کی صنعت بے حد وسیع تھی اور علاؤ الدین خلجی کے زمانے میں تو شہد اس قدر سستا تھا کہ ایک غریب آدمی بھی بلسانی میٹھا حاصل کر سکتا تھا - اب ستم ظریفی کی انتہا نہیں کہ ہمارے بازاروں میں آسٹریلیا اور امریکہ کا شہد بک رہا ہے اگر محکمہ زراعت ادھر توجہ دے تو ہم اپنے صوبہ میں اس صنعت کو اس پیمانہ پر وسعت دے سکتے ہیں کہ کم از کم دوسروں کی احتیاج سے بچ جائیں -

جناب والا -میری چوتھی تجویز یہ ہے کہ پہاڑوں کے باغات لگانے کے لئے وادی سون کی طرف خاص توجہ مبذول کی جائے - ادھر آپ نے صرف ۵۰۷۸۰ روپیہ کی گرانٹ منظور کی ہے - اسے وسیع کرنا چاہئیے - بادام بھی سون سکیسر میں زیادہ مقدار میں پیدا ہو سکتا ہے اس علاقے میں دو مشہور شیریں پانی کی جھیلیں کھیکی لیک اور اچھالق لیک موجود ہیں - ان شیریں پانی کی جھیلوں سے ہم خاطرخواہ آبپاشی کا انتظام کر سکتے ہیں — نیز اگر تحصیل میانوالی کی نہر سے متصل مشرقی رقبہ کی آبپاشی بذریعہ لفٹ سکیم ہو جائے تو نہر کے دو رویہ پہلوں کے باغات لگ سکتے ہیں — لیکن کیا کیا جائے خداوندان اقتدار کی ژولیدہ دماغی کا کہ یہ اہم و غیر اہم - ضروری و غیر ضروری اور فوری وموقت امور کی تمیز ہی نہیں کر سکتے — جو کام آج سے دس سال بعد کے کرنے ہیں وہ ابھی سے شروع کر دئے گئے ہیں—اور جو فی‌الفور شروع کرنے کے ہیں ان کو کھٹائی میں ڈال رکھا ہے—

جناب والا—میری پانچویں تجویز یہ ہے کہ ہم ریشم کی صنعت کو ترقی دینے کیلئے بھی منصوبہ بندی کریں—لوگوں نے انفرادی طور پر اس سلسلے میں جدوجہد جاری کر رکھی ہے لیکن کوئی اجتماعی اقدام نہیں کیا گیا—مجھے آنریبل ممبر مولانا قاضی مرید احمد صاحب کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ سکیسر کی وادیوں میں شہتوت کے درخت بآسانی تیار ہو سکتے ہیں بلکہ اس ساری Salt Range کے دامن میں آبپاشی کا انتظام کرکے اگر شہتوت لگائے جائیں تو ریشم کے کیڑے پلنے کا شاندار انتظام ہو سکتا ہے—لیکن افسوس ہے کہ سارا محکمہ زراعت ابھی تک بیریوں کو پیوند کرنے کی مہم سے بھی فارغ نہیں

ہو سکا—جیسا کہ میں نے ابھی ذکر کیا ہے اس سالٹ رینج میں کئی نئی جڑی بوٹیاں بھی دریافت کی جا سکتی ہیں اور بساتین العقاقیر بھی لگائے جا سکتے ہیں—ضرورت صرف بداعت یعنی Initiative لینے کی ہے—

جناب والا—میری چھٹی تجویز یہ ہے کہ Fruit and Vegetable Preservation کے سلسلہ میں رفتار ترقی بہت سست ہے—سارے صوبے میں صرف گیارہ مراکز اور ان میں ۱۱۷ زیر تربیت طلبہ کوئی قابل قدر کارنامہ نہیں ہے—Preservation کی تربیت نہ ہونے کے باعث ہمارے گھروں میں ہزارہا روپیہ کی سبزی اور پھل ضائع جاتے ہیں—محکمہ زراعت کو اس ضمن میں اپنی رفتار ترقی کو تیز سے تیزتر کر دینا چاہئے اور ملکی ضروریات کی کفالت کرتے ہوئے گاؤں گاؤں میں ایسے مراکز کھول دینے چاہئیں—Preservation کا صحیح انتظام نہ ہونے کے باعث زرعی بیج بھی گھٹیا قسم کے میسر ہو رہے ہیں—میرے پاس کئی شکایات پہنچی ہیں کہ آلو کا بیج بھی نہایت ہی ناقص اور ردی حالت میں مہیا کیا گیا ہے—اس فوری ضرورت کو پورا کرنے کے لئے موجودہ Cold Storage کی کڑی نگرانی اور نئے Storage کھولنے کی ضرورت ناگزیر ہے—امید ہے کہ محکمہ اس جانب فوری توجہ مبذول کریگا—

جناب والا—ایک اور دلچسپ بات آپ کی معرفت اس ایوان کے معزز ممبران کے نوٹس میں لانا ضروری سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ بورڈ سرگودھا کے زیر نگرانی کنٹی گارڈن متصل مردوال تحصیل خوشاب میں باوجودیکہ پاکستان بھر میں اول درجے کا مالٹا ''واشنگٹن مالٹا،، کے نام سے پیدا ہوتا ہے لیکن اس کی کاشت کو فروغ دینے کے لئے کوئی اہتمام نہیں کیا گیا—اس باغ کے ملحقہ رقبوں میں آبپاشی کا انتظام کرکے اس نادر پھل کو وسعت دی جا سکتی تھی لیکن محکمہ زراعت پرانی لکیر کا فقیر بنا ہوا ہے—,, دماغش تہی از خیال بلندے—،، اس کا حال ہے—پھر ستم بالائے ستم یہ ہے کہ اس باغ کا نفیس مالٹا عوام کے لئے شجر ممنوعہ ہے—اسے بازار میں نہیں لایا جاتا بلکہ فرنگی دور کی غلامانہ اور قابوچیانہ روایات کے پیش نظر صرف ضلع کے بڑے بڑے افسروں کے کام و دہن کی تواضع کا سامان کیا جاتا ہے—کیا ڈسٹرکٹ بورڈ کے زمیندار ملبہ کی رقم ادا نہیں کرتے—کیا ان کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے—میری تجویز یہ ہے

کہ محکمہ زراعت اس باغ کو اپنے قبضے میں لیکر مناسب انتظام کرے اور ''واشنگٹن مالٹا،، کے جو تجربات انہوں نے ضلع لائل پور میں کئے ہیں وہ اس باغ کے متصل رقبہ میں کئے جائیں ۔ اس باغ کو افسروں کی خدمت میں سوغاتیں پیش کرنے اور ڈالیوں کے چڑھاوے چڑھانے کے لئے ڈسٹرکٹ بورڈ کا تختہ مشق نہ بنایا جائے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ محکمہ نے Mechanic Sprayers کا کما حقہ انتظام نہیں کیا ۔ صرف چار کس Mechanics سے کام نہیں چل سکتا ۔ Entomological Section کو وسعت دینے کی ضرورت ہے ۔ اس مد میں ۴۶۵۰ روپیہ کی رقم بالکل ناکافی ہے اس کے علاوہ اسسٹنٹ ہارٹیکلچرسٹ کی آسامیوں کو بڑھانا چاہئے ۔ صوبہ کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور ترقی کے لئے نئے منصوبوں کی وجہ سے ایک اسسٹنٹ سے کام نہیں چل سکتا ۔

جناب والا ۔ اب میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے معزز ارکان کی توجہ ہائیڈل سکیم سے پیدا شدہ ٹیوب ویل سکیم کی طرف مبذول کرانے کے بعد کچھ گذارشات کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

یہ بات ہر شخص پر بخوبی روشن ہے کہ تھل پروجیکٹ کی وجہ سے تحصیل میانوالی کا اکثر رقبہ زیر آبپاشی آنے سے رہ گیا ہے ۔ اس کی بابت میں نے پہلی اسمبلی میں جب سوال اٹھایا تھا تو مجھے یہ جواب دیا گیا تھا کہ ہائیڈل سکیم مکمل ہونے پر یہاں ٹیوب ویلز کا جال بچھا دیا جائیگا ۔ ہم وعدہ فردا پر جی رہے ہیں ۔ لیکن اس سلسلہ میں محکمہ زراعت کو قبل از وقت اس رقبے کا survey کرنا چاہئے ۔ جا کر دیکھیں کہ ٹیوب ویل کن کن مقامات پر لگ سکتے ہیں پانی کا ڈسچارج کتنا ہوگا ۔ پانی شیریں ہے یا نمکین ۔ نیز یہ بھی تجربہ کیا جائے کہ کس قدر رقبہ ایک ٹیوب ویل سے یہاں سیراب کیا جا سکیگا ۔ میری تجویز ہے کہ ہائیڈل سکیم کی تکمیل کا انتظار کئے بغیر (Main Line) مین لائن کے مشرقی جانب ٹیوب ویلز لگا کر اس امر کا فوری تجربہ کیا جائے ۔ ایسے کرنے سے زمینداروں میں از خود شوق پیدا ہوگا ۔ اور وہ محکمہ کی رہنمائی پر خود ہی اقدامات کرینگے ۔ میں حکومت سے مطالبہ کرونگا کہ وہ فوری طور پر تحصیل میانوالی کے ان علاقوں کی خبر لے جو نہر سے آباد نہیں ہو رہے اور جنہیں لفٹ اری گیشن یا ٹیوب ویلز کی سکیموں کے ماتحت سیراب کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے ۔ میرے علاقے کے لوگ حکومت کے

اس تغافل سے بیحد شاکی ہیں — حکومت سے ان کا اعتماد متزلزل ہو رہا ہے — ان کے جذبات بھڑکے ہوئے ہیں — وہ وزیر اعلیٰ کو اپنے مطالبات پیش کر چکے ہیں — اب وقت آ گیا ہے کہ ان لوگوں کو زحمت انتظار سے نجات دلا کر فوری اقدام کیا جائے —

جناب والا — آخیر میں ایک بنیادی بات کی جانب اس ایوان کے آراکین کی متوجہ مبذول کرانا ضروری سمجتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ آج کل زراعتی کالج کے فارغ التحصیل اگریکلچرل اسسٹنٹوں کو جو تنخواہ دی جا رہی ہے وہ اس قدر کم ہے کہ کوئی بھی سائنس گریجوئیٹ ادھر کا رخ نہیں کرتا — اور روز بروز ان میں بےاطمینانی بڑھتی جا رہی ہے — ع "کہ مزدور خوش دل کند کار بیش،، کے زرین مقولے کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ اپنے زراعت انسپکٹروں اور مقدمین کی تنخواہوں میں مناسب اضافہ کرے تاکہ وہ اپنے کام میں جی لگا کر ملازمت کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکیں — جب وہ مطمئن ہوں گے تو زرعی تعلیم و تربیت بھی دے سکیں گے — علاقہ کے زمینداروں کو زراعت کی نئی تحقیقات اور تجربات سے بھی آگاہ کر سکیں گے — عملی مثالوں سے لوگوں کی رہنمائی کر سکیں گے — میں سر دست ایک دوسرے زراعتی کالج کے قیام کی ضرورت نہیں سمجھتا لیکن اس قدر ضروری سمجھتا ہوں کہ ہر ضلعی مرکز میں ایک سکول ایسا ضرور ہونا چاہئے جس میں مقدم سٹنڈرڈ تک یا اس کے قریب قریب علاقہ کے زمینداروں کی تربیت کی جا سکے — امید ہے کہ حکومت میری ان گذارشات پر توجہ دیگی —

جناب والا — ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں —

Mr. Speaker—The question is:—

That the total demand be reduced by Rs. 10.

The motion was lost.

رانا عبد الحمید خان (منٹگمری نمبر ۸ مسلم) جناب والا — میں تجویز پیش کرتا ہوں —

That the total demand be reduced by Re. 1.

جناب والا — میرے بہت سے احباب مجھسے پہلے محکمہ زراعت کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرما چکے ہیں — میں بھی اس محکمے کے متعلق حضور والا کی وساطت سے کارپردازان محکمہ کی خدمت میں کچھہ عرض کرنا چاہتا ہوں —

جناب والا — کچھہ دن ہوئے میں نے اس معزز ایوان میں ایک general reference پیش کیا تھا جس کے متعلق میں نے سنا ہے کہ میرے دوست درویش منش منسٹر صاحب نے کچھہ فرمایا ہے — اس کے متعلق میں کوئی دلخراش بات نہیں کہونگا — صرف ایک چھوٹی سی بات عرض کرونگا —

Mr. Speaker. That is not under discussion. This is not the occasion for the honourable member to make a speech on that point.

رانا عبد الحمید خان: جناب میری عرض صرف یہ ہے کہ میں جو کچھہ کہنا چاہتا ہوں اسے کسی ایسی نگاہ سے نہ دیکھا جائے اور اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ میں کسی خاص وجہ یا کسی خاص غرض سے کہہ رہا ہوں — اس کے سوا اور کچھہ عرض نہیں —

جناب والا — تقسیم سے پہلے پنجاب کو اس کی زرعی پیداوار کی بنا پر سارے ہندوستان کا ذخیرہ سمجھا جاتا تھا مگر اس کے بعد کیا اسے پاکستان کا ذخیرہ تصور کیا جاتا ہے ؟ جس طرح پاکستان کا Sword Arm پنجاب ہے — اسی طرح Granary of Pakistan بھی پنجاب ہی ہے — اس لئے میری گزارش ہے کہ ہماری حکومت کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ اس محکمے کی طرف جو ہماری زندگی اور پاکستان کی نشوونما کیلئے سب سے زیادہ ضروری ہے — زیادہ سے زیادہ توجہ مبذول کرے — کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر انسان کو روٹی میسر نہ آئے تو وہ دنیا کا کوئی کام پوری توجہ سے نہیں کر سکتا — نہ اس کی صحت قائم رہ سکتی ہے اور نہ ہی وہ تعلیم حاصل کر سکتا ہے — آج ہمیں اپنے صوبے کے لوگوں کو صحت مند رکھنا ہے — انہیں تعلیم دینی ہے جس کیلئے سب سے پہلے روٹی کی ضرورت ہے اور روٹی ہمیں اس محکمے نے مہیا کرنی ہے —

حضور والا — ہمارے وزیر اعلے صاحب فرما چکے ہیں کہ پنجاب کی نوے فیصدی آبادی کا انحصار زراعت پر ہے — لہذا اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہماری حکومت اس محکمے کی طرف کس قدر توجہ دے رہی ہے — ہمارا بجٹ جو ۲۳ کروڑ روپے کا ہے اس میں ۵۷ لاکھہ اور دو ہزار روپے زراعت کیلئے رکھے گئے ہیں — یعنی یہ رقم کل بجٹ کا چالیسواں حصہ ہے — یہ تو ویسے ہی ہے جیسے زکواۃ کل رقم کا چالیسواں حصہ ہوتی ہے — شاید حکومت نے اس بجٹ میں سے زکواۃ کا یہ چالیسواں حصہ اس محکمے کے لئے مقرر کیا ہے —

دوسری طرف اس محکمے کی آمدنی ملاحظہ ہو — اس کی آمدنی ایک کروڑ اور دو لاکھ روپے دکھائی گئی ہے — یہ وہ محکمہ ہے جو کسان کی فلاح و بہبود اور صوبے کی زرعی دولت کو بہتر بنانے کا ذمہ‌دار ہے اور جس کی طرف حکومت کو زیادہ سے زیاد، توجہ مبذول کرنی چاہیئے — مگر اس کے اخراجات کیلئے زکواۃ کے طور پر ایک معمولی سی رقم بجٹ میں رکھی جاتی ہے — اس محکمے کی یہ تصویر جو میں نے آپ کے سامنے رکھی ہے محض وزیر اعلےٰ صاحب کے اس دعوے کے جواب میں پیش کی ہے جس میں انہوں نے یہ کہا تھا کہ ہم نے Beneficient Departments کیلئے یہ کیا اور وہ کیا ہے — میں آپ کی خدمت میں صرف اعداد و شمار کی مدد سے یہ عرض کرونگا کہ یہ ۷۰ لاکھ کی رقم اس محکمے پر کس طرح خرچ ہوگی — غرض ہے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ہے کہ کسان جو کہ Tiller of the land ہے اسکو کس طرح ابھارا جائے؟ یہ سوال بحکومت کے زیر غور ہی نہیں آیا۔ اس لئے کوئی تعمیری پروگرام یا منصوبہ بندی حکومت نے نہیں کی۔ جس سے ثابت ہو کہ کسان کی بہتری اور زمین کی زیادہ زرخیزی اور بہتر کاشتکاری کے لئے گورنمنٹ بے تاب ہے۔ اصل میں Agricultural Assistants تعداد میں تھوڑے ہیں اور پچھلے سارے سال میں ایک بھی زراعت کے گریجوایٹ کو Agricultural Assistant کی آسامی کے لئے بھرتی نہیں کیا گیا۔ غالباً وزیر زراعت کو اور ڈائرکٹر کو یہ خیال ہی نہیں کہ محکمہ زراعت کو ترقی دی جائے۔ وہ ملازم جس نے کسان کو Contact کرنا اور اسکو مشورہ دینا ہوتا ہے اصل میں Agricultural Assistant ہی ہوتا ہے۔ یا پھر مقدم ہوتا ہے جس نے کسان کی رہبری کرنی ہوتی ہے۔ اب زراعت کس طرح ترقی کرے گی جب ایسے ملازم کم ہوں اور آئندہ انکی بھرتی بند رکھی جارہی ہو محکمہ پہلے ہی under staffed ہے اور اوپر سے بھرتی بند ہے۔ بھرتی کیوں بند ہے؟ جناب والا زراعت کا گریجویٹ سائنس کا گریجویٹ ہوتا ہے۔ اسکو تنخواہ کیا ملتی ہے؟ ایک سو بیس روپیہ ماہوار۔ یہ ناکافی ہے۔ اس لئے کوئی اس محکمہ میں بھرتی ہونا پسند نہیں کرتا۔ کیونکہ ایک سائنٹفک گریجویٹ کے لئے تنخواہ تھوڑی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ زراعت کے ڈائرکٹر صاحب کو بھی اس محکمے کی ترقی کی طرف دھیان نہیں ہے۔ وہ اس محکمے میں پولیس افسروں کی طرح مصروف ہیں۔ گویا کہ وہ Inspector General of Police بن گئے ہیں۔

یہ بات نہیں ہے کہ وہ زراعت کا کام کرنے کے اہل نہیں بلکہ ان کو محکمے کی اتنی تحقیقاتیں اور enquiries کرنی پڑتی ہیں کہ انکو زراعت کی ترقی کے لئے وقت ہی نہیں ملتا۔ زراعت کے اصل کام کے لئے ان کو فرصت ہی نہیں ہے ۔ اس سے قبل دو اسسٹنٹ ڈائرکٹر ہوتے تھے مگر اب دونوں آسامیاں خالی ہیں ۔ ایک صاحب کو عارضی اسسٹنٹ ڈائرکٹر رکھا گیا تھا مگر چونکہ پہلی آسامی پر کلاس اوا کے افسر لگا کرتے تھے اور موجودہ افسر کلاس دوم کا افسر تھا اس لئے اسے مستقل نہیں کیا گیا لیکن درجہ اول کا افسر کیوں نہیں لگایا جاتا تا کہ ڈائرکٹر صاحب کو کام میں اعانت ملے ؟

اب جناب والا۔ بجٹ میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کے لئے ۸۰ لاکھ روپیے کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ مگر اس کام کی پڑتال کے لئے کوئی بڑا افسر مقرر ہی نہیں ہے ۔ انہوں نے کاٹن کنٹرول بورڈ سے کوئی مشورہ کئے بغیر کاٹن cess لگا دیا ہے

ہمارے ڈائرکٹر ہر کام کا شوق رکھتے ہیں اور ہر کام کو اپنے ہاتھوں سے سر انجام دینا چاہتے ہیں۔ مگر ان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ جو شخص ہر کام خود ہی اپنے ہاتھوں سے کرنا چاہے وہ کوئی کام بھی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے دو ڈپٹی ڈائرکٹروں اور کئی ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائرکٹروں کی آسامیاں خالی رکھی ہوئی ہیں اور ہر ڈپٹی ڈائرکٹر کے پاس چار چار ضلعے ہیں بھلا وہ کیا Advise دے سکتے ہیں۔ وہ تو کوئی useful کام کر ہی نہیں سکتے ۔ کسانوں کو کون بتائے کہ آزمون کے پلاٹ کو یوں تیار کرنا ہے ۔ فلاں بیج ڈالنا ہے۔ اور کون کون سے لات کشاورزی اور نئے نئے ہل اور اوزار استعمال کرنے ہیں ۔ کس طرح کسان کو آمدنی بڑھانے کے طریقے بتانے ہیں؟ ڈائرکٹر زراعت کے پاس ایسے کاموں کے لئے کوئی وقت نہیں ہے ۔

اسکے بعد جناب والا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۴۸ میں ایک زراعت کی انکوائری کمیٹی بیٹھی تھی جس کا میں بھی ممبر تھا اور جس میں اس محکمے کے اعلی افسر اور ماہرین زراعت شامل تھے مثلاً ڈائرکٹر زراعت ۔ پرنسپل لائل پور زراعتی کالج ۔ اور پروفیسر سر ولیم رابرٹس جیسے ماہر شامل تھے مگر آج تک اس کمیٹی کی سفارشات پر عمل نہیں کیا گیا ۔ اگر اس کمیٹی پر اعتماد و اعتبار نہیں تھا تو ایک اور زرعی کمیشن مقرر کر دیجئے تا کہ

اس ضروری اور اہم مسئلہ زراعت کی ترقی کے ذرائع پر غور کر کے مناسب تجاویز مرتب کی جائیں - اور بعد میں ان پر عمل درآمد کیا جائے - اس کمیٹی نے تجویز کیا تھا کہ ہر ۲۰ گاؤں کے علاقے کے لئے ایک ایگریکلچرل اسسٹنٹ مقرر کیا جاوے جو ضروری زرعی مسائل میں کسانوں کی راہنمائی کیا کرے اور پھر اس میں یہ تجویز تھی کہ ہر گاؤں میں نمونہ کے زرعی فارم Demonstratien farms کھولے جائیں - جن سے لوگوں کو مفید عملی مشورے حاصل ہوں اور آن میں زراعت کی ترقی کا شوق اور ولولہ پیدا ہو - اب تو کوئی مفید کام نہیں ہو رہا ہے بلکہ الٹا غریب کسانوں کے خون کے ساتھ ہولی کھیلی جا رہی ہے - زراعت کی ترقی کے لئے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ہمارے بجٹ میں سیکریٹری کا نوٹ اس محکمے کے متعلق نہایت معنی خیز ہے بلکہ اس محکمہ کو مضحکہ خیز بناتا ہے - سنئے

"A scheme for propagation of hill fruits and other deciduous fruits in the Murree hills, Salt Range and Soon Valley at a cost of 10,000 per annum has been accepted."

That is all that has been said in this admirable report.

کیا ان الفاظ سے اس محکمے کی نقاب کشائی نہیں ہوتی ؟ کیا یہ مقصد ہے کہ زراعت کو ترقی نہ دی جائے یا یہ مطلب ہے کہ ہمارے وزیر زراعت اس کام کے نا اہل ہیں ؟ یا اگر وہ اہل ہیں تو ساری لیاقت محکمہ فوڈ میں صرف کر چکے ہیں ؟ اور زراعت کی طرف توجہ نہیں دے سکتے ؟ یا پھر جنگلات میں سارا دھیان دے دیتے ہیں ؟ اگر یہ بات نہ ہوتی تو وہ گاؤں گاؤں میں زراعت کی سکیموں کا جال بچھا دیتے اور کسانوں کو خواب غفلت سے جگا دیتے - بجٹ میں subsidized سکیمیں یا کیمیکل اور ٹیکنیکل سکیموں کی بھرمار دکھائی دیتی - آلات کشاورزی کی تحریک زوروں پر ہوتی - زراعت پر تو آج اگر کچھ خرچ کریں تو کل ہی نفع اور فائدہ ہو جاتا ہے - یہ کوئی تھل ڈویلپمنٹ سکیم نہیں جس پر تیس کروڑ روپیہ ضائع کر کے ہمیں برسوں انتظار کرنا پڑے گا کہ کب ہماری سکیم بار آور ہوتی ہے - زراعت کا تو نقد سودا ہے - اس ہاتھ دے اور اس ہاتھ لے - ۲۰ ہزار روپے خرچ کر کے ۳ لاکھ نفع ہو سکتا ہے - اس میں کوئی دلچسپی لے تو زراعت کی ترقی فوراً قوم کے لئے نفع آور ثابت ہو سکتی ہے -

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total demand be reduced by Re. 1.

شیخ محبوب الٰہی (لائلپور نمبر ۱ مسلم مخصوص نشست) : جناب والا ! ابھی ابھی میرے محترم دوست نے جو کچھ بیان کیا ہے

میں اسے نہیں دھراؤں گا بلکہ محکمہ زراعت کے متعلق بعض ایسی چیزیں ایوان کے سامنے پیش کرونگا جو میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ ھذا کو کرنی چاہیں—اور جن سے ہماری گندم — چاول—چنے—کاٹن وغیرہ کی پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے—

جناب والا ! یہ حقیقت سب پر روشن ہے کہ پنجاب ایک زرعی صوبہ ہے جسکی آئندہ اصلاح و ترقی کا تمام تر انحصار زرعی اصلاحات و re-organisation پر ہے — اور اگر یہ اصلاحات دور حاضر کی طرز جدید پر محتاط و ایماندارانہ طریقہ پر کی جاویں تو وہ نہ صرف گورنمنٹ کی آمدنی میں اضافہ کا باعث ہو سکتی ہیں بلکہ بالخصوص اس ۹۲ فیصدی دیہی آبادی پر جو کہ زیادہ تر غریب قلاش اور نادار کاشتکاروں پر مشتمل ہے اقتصادی و سماجی بہتری و برتری کی راہیں کھول سکتی ہیں —

ایسے حالات میں جبکہ ہماری زیست و حیات—تجارت—پیشہ غرضیکہ جملہ اقتصادیات کا انحصار زراعت پر ہے گورنمنٹ کیلئے لازم تھا کہ وہ اس مد پر حتے المقدور زیادہ سے زیادہ رقم صرف کر کے ایسی schemes شروع کرتی جن سے عوام کی حالت بالعموم اور کاشتکار کی حالت بالخصوص روبہ اصلاح ہوتی — مجھے افسوس ہے کہ وہ غریب کاشتکار جس کی شب و روز کی محنت صرف نان و نفق کے مہیا کرنے تک محدود ہے — جو زندگی کی قدروں سے ناواقف جہالت کی تاریکی میں زندگی بسر کر رہا ہے — جو سماجی لحاظ سے قعر مذلت میں پڑا ہے اور جو اقتصادی نگاہ سے قلاش و نادار ہے اپنی نمائندہ جمہوری حکومت سے بھی social and economic uplift کی طرف قدم نہ اٹھوا سکا — مجھے بجٹ دیکھ کر سخت حیرت ہوئی ہے کہ ہماری حکومت نے بھی پرانی لکیر پیٹی — اور انگریزی آمریت کے کہنہ مشقوں کو مشعل راہ بنایا — اور بجٹ میں ان سیاسی زاویوں کو ملحوظ رکھا—جنکا آزاد انسانوں کی آزاد حکومت سے دور کا بھی تعلق نہ ہونا چاہئے تھا — خدا معلوم حکومت نے کس مصلحت کی بنا پر زراعت سے سوتیلی ماں کا سلوک کیا — ۴۶—۴۷ و ۵۲—۵۳ کے (بجٹ) میزانیہ میں چندان فرق نہیں لیکن اس کے برعکس ۴۶—۴۷ کے مقابلہ میں جبکہ زراعت کو قریباً ۹۵ لاکھ مل رہا تھا اب صرف ۵۶ لاکھ دیا گیا ہے — اسکے برعکس

تعلیم و پبلک ہیلتھ و وٹرنری پر معقول اضافہ کر کے اندازاً ۳۷۲ لاکھ و ۱۶۴ لاکھ بالترتیب دیا گیا—حالانکہ ان مدوں سے زیادہ تر ۸ فی صدی شہری آبادی کو فائدہ پہنچتا ہے اور ۹۲ فیصدی دیہی آبادی کو شاید شاذ و نادر ہی اس سے استفادہ کا موقع مل سکتا ہو—مزید براں زراعت پر جو ۵۶ لاکھ خرچ ہوتا ہے اس میں سے بھی شاید ہی کوئی ایسی حقیر سی رقم ہو جو فی الواقع زراعت کی Development کیلئے مفید ثابت ہو—کیا یہ گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ ہمیں زرعی اصلاح کیلئے کاشتکار کی اقتصادی و سماجی بہتری و برتری کیلئے پہلو بہ پہلو Schemes چلانا ہوں گی—زراعت کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ ہم کاشتکار کو ایسی تعلیم و تربیت دیں جس سے وہ Intensive cultivation کا قائل ہو—Current fallow سسٹم کو چھوڑ کر کھاد و Fertilizers کا استعمال سیکھے اور ان کی اہمیت کو سمجھے—جدید مشینری و اوزاروں کے استعمال کو مفید جانے—Tube-well کو Water logging وتھور سے نجات پانے کا ذریعہ سمجھئے— لیکن یہ سبھی کچھ اسی وقت ہوگا جب گورنمنٹ سیاسی نظریات سے بالاتر ہو کر اور فرسودہ نظام کو ترک کر کے ایسی پالسی اختیار کرے جسکا مقصد دفتری کارروائی سے زیادہ عمل ہو—عمل کیلئے ہمیں اپنے طریق کار میں انقلاب برپا کرنا ہوگا—نظریات بدلنے ہونگے—انگریزوں کی ذہنی غلامی سے نجات پا کر حقیقت پسندی اختیار کرنا ہو گی—باوجودیکہ ہمیں قدرت نے ہر قسم کی زرعی سہولتوں اور ذرائع سے نوازہ ہے—ہم اپنے ذرائع سے استفادہ کی کوشش نہیں کر رہے—پاکستان کے اقتصادی نظام کا دار و مدار زراعت پر ہے—لیکن معلوم ہوتا ہے کہ کہیں نہ کہیں زمین میں یا اسکے انتظام میں یا جن کے سپرد اسکا انتظام ہے ان میں نقص ضرور ہے— کیونکہ ہماری گندم-چاول-کاٹن-مکی کی اوسط پیداوار فی ایکڑ بعض دوسرے ممالک مثلاً جاپان-اٹلی-روس-امریکہ اور چین کے مقابلہ میں اتنی کم ہے کہ اسکو بیان کرتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے— میں نے ایک ٹیبل تیار کیا ہے جو میں پڑھکر سناتا ہوں—

	پاکستان	جاپان	اٹلی	روس	امریکہ	چین
چاول	۱۱۰۴۰	۳۳۰۴۰	۵۰۰۲۰	۱۷۰۴۰	۲۲۰۲۰	۲۳۰۲۰
گندم	۸۰۰۰	۱۶۰۰۰	۱۳۰۲۰	۱۷۰۶۰	۰۰	۹۰۹۰
کاٹن	۱۰۷۵	۲۰۴۰	۲۰۰۷	۳۰۲۰	۰۰	۲۰۵۰
جو	۸۰۲۰	۰۰	۰۰	۱۹۰۴۰	۰۰	۰۰
مکئی	۷۰۵۰	۱۷۰۰۰	۱۷۰۵۰	۲۶۰۶۰	۰۰	۰۰

آپ اس مقابلہ سے یقیناً محسوس کرتے ہونگے اور اسکی اہمیت سمجھتے ہونگے کہ ہمیں کس قدر زرعی اصلاح کی ضرورت ہے—اسکے لئے ضروری ہے کہ گورنمنٹ غریب کاشتکار کو بڑھتے ہوئے Taxes سے نجات دے— ایکروپیہ من کاٹن کنٹرول کے ماتحت جو Tax لگا ہوا ہے وہ معاف کر دے۔ کس قدر تعجب ہے کہ کاشتکار ایک روپہ Tax و بارہ روپیہ بطور Import duty دیتا ہے۔یہ ایک روپیہ چند برس پہلے ایک آنہ ہوا کرتا تھا۔پھر دو آنہ ہوا—پھر یک لخت پتہ چلا کہ ایک روپہ ہو گیا ہے۔ہم نے کہا کہ یہ کیسے ہو گیا—ہاؤ صاحب کہنے لگے کہ بس ہو گیا ہے اس پر ڈسکشن حرام ہے۔ہم نے سوچا کہ یہ ٹھیک کہتے ہیں انگریز کے راج میں ایسا ہوتا تھا—اور اب بھی انگریز ہے۔پھر وہ باقی چیزیں مثلاً مارکیٹ فیس وغیرہ و آبیانہ اور ریونیو جو کاشتکار ایک من کپاس پر گورنمنٹ کو ادا کرتا ہے وہ اسکے علاوہ ہیں—اگر یہ Taxes کم ہو جائیں تو اسکی اقتصادی حالت رو بہ اصلاح ہو جائے اور وہ آئندہ دو ہزار سال پرانی طرز کے ہل استعمال کرنیکی بجائے جدید طرز کے اوزاروں سے کام لینے کے قابل ہو جائے— گورنمنٹ کو چاہئے کہ کاشتکاروں کے سامنے Fertilizers و کھاد کے استعمال کے فوائد واضع کرے۔لوگوں کو بتلائے کہ انکی فصلوں میں انکے استعمال سے کس قدر حیرت انگیز حد تک اضافہ ہو سکتا ہے—انکی موجودہ مقدار فصل اور انکی قیمتوں کا مقابلہ کرکے بتائے کہ اگرچہ کھاد و Fertilizors کے استعمال سے خرچ زیادہ کیوں نہ آتا ہو لیکن بالا آخر فصل اترنے پر کسان کو کیسی حد تک نفع ہی رہتا ہے۔اس سلسلہ میں Industrial Planning Committee نے ۵۰ ہزار ٹن کا ایک پلانٹ کھیوڑہ میں لگانیکی سفارش کی ہے۔ میری خواہش ہے کہ یہ سفارش محض کاغذی کارروائی تک محدود نہ رہے بلکہ صوبائی حکومت کو خود ورنہ سنٹرل گورنمنٹ کے ذریعہ فوری بندوبست کرنا چاہئے تا کہ ہم یہ پلانٹ لگا کر کسانوں کو مناسب داموں پر Ammonia sulphate دے سکیں۔ رپورٹ نے بتایا ہے کہ Belgium کے Estimate کے مطابق اس پر قریب ڈھائی کروڑ روپیہ خرچ آئیگا۔ سردست ہمارے اپنے صوبہ کی consumption ۵۰ ہزار ٹن سے بہت کم ہے لیکن بہر حال ہم اسے commercial طریقہ سے چلا سکتے ہیں۔ surplus صوبہ سندھ و بنگال کو فروخت کیا جا سکتا ہے۔ مسلم ممالک کو فروخت کیا جا سکتا ہے۔میں حیران ہوں کہ اس ملک کی بہبودی کی کیا توقع کی جا سکتی ہے جس کے لئے کھاد باہر کے ممالک سے منگوائی جائے۔ یہ کھاد بھی جہازوں میں بھر کر گورے آدمیوں کے ملک سے

آتی ہے ۔ seeds کی طرف خاص توجہ دی جائے ۔ اور آغاز میں کسانوں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے گورنمنٹ کو چاہئے کہ وہ بیج مارکیٹ ریٹ سے ایک روپیہ کم پر فروخت کیا کرے ۔

ایگریکلچرل سٹاف اس وقت بہت کم ہے ۔ اس میں اضافہ ہونا چاہئے۔ ایگریکلچرل اسسٹنٹ کا ایک یونٹ ۲۰ گاؤں پر مشتمل ہو۔ اور مقدم کے پاس ۵ گاؤں سے زیادہ نہ ہوں ۔ یہ seeds و demonstration کا کام کریں انکے پاس up-to-date اوزار ہوں جو وہ کسانوں کو دکھا کر ان کا فائدہ بتلا سکیں۔ اور ان کا طریقہ استعمال سمجھائیں ۔ ضروری ہے کہ ہر تحصیل میں چھوٹے پیمانہ پر ایک ماڈل فارم ہو تا کہ کسانوں پر عملی طور پر واضح ہو سکے کہ طرز کہن کی کاشتکاری اور طرز جدید کی کاشتکاری میں materially کس قدر فرق ہے ۔

لوگوں کو waterlogging اور تھور سے نجات دلانیکے لئے ٹیوب ویل کی اہمیت سمجھانا چاہئے ۔ یہ صحیح ہے کہ گورنمنٹ نے خود محکمہ انہار کے ذریعہ ٹیوب ویل کھدوا کر اس مرض کو روکنے کی کوشش کی ہے لیکن میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ ٹیوب ویل غلط جگہ پر لگائے گئے ہیں ۔ کیونکہ اب وہ ٹھیک ثابت نہیں ہوئے اور ان کا تجربہ ناکام رہا ہے اور اس طرح گورنمنٹ کو ایک کثیر رقم کا نقصان ہو گیا ہے۔ یہ مسائل ایسی صورت میں حل ہو سکتے ہیں جبکہ محکمہ انہار و زراعت باہمی صلاح و مشورہ سے ایسے کام کیا کریں ۔ اس کے لئے لازم ہے کہ دونوں کو ملا کر ایک کمیٹی بنائی جائے اور اگر بہتر خیال کریں تو اس میں پبلک کے آدمی بھی لئے جائیں جو توجہ اور وقت دیکر صلاح و مشورہ دیا کریں ۔

جو زمینیں ہندوستان سے نکلی ہوئی نہروں کے پانی سے سیراب ہوتی ہیں ان میں ٹیوب ویل کا لگنا ضروری ہے کیونکہ ان انہار کے پانی کا کوئی اعتبار نہیں ۔ اس لئے زمینداروں کو گورنمنٹ کی طرف سے تلقین کی جائے کہ ٹیوب ویل لگائیں ۔ اس سلسلہ میں سب سے بڑی دقت یہ ہے کہ ہمارے پاس ٹیوب ویل بنانے کے لئے کوئی مشینری نہیں ۔ اس وقت جو کچھ مشینری ہے وہ پچیس تیس برس پرانی ہے حالانکہ اس مشینری کی اوسط زندگی صرف ۱۵ برس ہوتی ہے اور پھر اس مشینری سے ہم صرف ۱۵ ٹیوب ویل سال بھر میں کھود سکتے ہیں مجھے یہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ گورنمنٹ ۲۰ سال کے لیز

(lease) پر ھر اس Applicant کو غیر آباد ۲۰۰ ایکڑ زمین دے رھی ھے جو ٹیوب ویل لگانے کا وعدہ کرتا ھو ۔ اس ضمن میں میں یہ بھی ذکر کر دوں کہ گورنمنٹ نے مزید ۹ لاکھ کی Boring casing pipe کا آرڈر دے دیا ھے اور بجٹ کے New expenditure میں صرف ساڑھے چار لاکھ پیش کیا ھے اس لئے میں دریافت کرتا ھوں کہ اگر مشینری آ گئی تو یہ باقی رقم ساڑھے چار لاکھ کہاں سے ادا کی جائیگی ۔ بہر حال اگر یہ ۹ لاکھ کی مشینری آ جائے تو ھمارے پاس سالانہ ۶۰ Tube-well of moderate and large size لگانے کا انتظام ھو سکتا ھے۔ تمام زمین ۱۰۵۹۳۷۹ ایکڑ غیر کاشت اور ۳۶۱۳۷۰ بارانی ھے۔ اگر ۲۰۰ ایکڑ میں ایک ٹیوب ویل لگے تو ھمیں ۹۵۰۰ ٹیوب ویل درکار ھونگے جنکے کھودنے پر ۶۰ ٹیوب ویل سالانہ کے حساب سے ۱۶۰ برس درکار ھونگے ۔ یہ کس قدر حیرت انگیز ھے ۔ چنانچہ میری گزارش ھے کہ حکومت فوری بندوبست کرے کہ مزید مشینری امپورٹ کرکے کم از کم ایک ھزار ویل سالانہ کھودنے کی capacity پیدا کی جائے ۔ اس وقت پاکستان میں ماسوائے کراچی کے کوئی فرم ٹیوب ویل لگانے والی نہیں ھے۔ یہ فرم بھی ایک مال سے کام کر رھی ھے ۔ مگر اسے نمایاں کامیابی نہیں ھو سکی ۔ اب اس امر کی اشد ضرورت ھے کہ جس طرح بھی ھو ایسے ٹیوب ویل لگانے کے لئے حکومت جلد از جلد اپنے وسائل استعمال کرے تاکہ تھوڑے عرصہ میں زیادہ سے زیادہ بنجر زمین زیر کاشت آ جائے ۔ اور پیداوار بڑھے۔

اسکے بعد میں وزیر زراعت کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ آپ بھی کوئی ھتھکنڈے سیکھیں اور وزیر تعلیم کی طرح زیادہ روپیہ زراعت کے لئے رکھیں ۔ میرے خیال میں انہیں چاھئے کہ وہ ان کی شاگردی کر لیں ۔ انہوں نے ۶ کروڑ محکمہ تعلیم کے لئے رکھا ھے لیکن اس کے مقابلہ میں زراعت کے لئے صرف ۵۵ لاکھ روپیہ ھے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تعلیم پر خرچ نہ کریں لیکن یہ ضرور کہونگا کہ زراعت کو بھی اتنی ھی اھمیت دینی چاھئے اور ۹۲ فیصدی دیہی آبادی کو ان کے حقوق ملنے چاھئیں ۔ جیسا کہ رانا صاحب نے کہا ھے کہ عوام کے لئے صرف کپڑے اور روٹی کا سوال ھے ان کو اپنے بچوں کا پیٹ پالنا ھے۔ اس سلسلہ میں میں عرض کرونگا کہ اگر کسی شخص کو روٹی کپڑا ھی میسر نہیں آتا تو وہ تعلیم کس طرح حاصل کرسکتا ھے۔ سب سے اھم چیز تو ضروریات زندگی کی بہم رسانی ھے اور زراعت کے بغیر

یہ نا ممکن ہے۔ زراعت اچھی ہوگی تو روٹی کپڑا مہیا ہوگا اور اس کے بعد دنیا کے دیگر امور کی طرف توجہ دی جاسکیگی۔ پھر آپ کا کالج بھی اچھا ۔ سکول بھی اچھا ۔ غرضیکہ تمام چیزیں اچھی ہو جائینگی۔

علاوہ ازیں Supplementary پر 10,000 روپے Tapping sweet water strata کے لئے Recurring رکھا گیا ہے مگر وہ اس بجٹ میں نہیں اور یہ پانچ سال کی ٹرائل بورنگ کی سکیم اس دفعہ بجٹ میں نہیں آئی۔ معلوم نہیں اس کی کیا وجوہات ہیں یہ روپیہ ضرور رکھنا چاہئے تاکہ کسانوں اور زمینداروں کو فائدہ ہو۔ وزیر خزانہ اس طرف توجہ فرمائیں۔

جناب والا—اب میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ ۲۰ لاکھ روپیہ جس میں ۱۸ لاکھ Non-Recurring اور تقریباً ۲ لاکھ روپیہ Recurring ہو مزید منظور کیا جائے یعنی Non-Recurring اخراجات میں ۱۰ لاکھ Casing Pipes, lining pipes, Boring Machinery, Trucks for Transport کے لئے ہو۔ ۶ لاکھ پرانی مشینری کی replenishment کے لئے ۲ لاکھ ورکشاپ اور سٹورز میں replacement کے لئے اور recurring اخراجات کے لئے تقریباً ۸۰ ہزار۔بورنگ زائد سٹاف کے لئے ۵۰ ہزار۔بورنگ Strainers and Pumps کے لئے M. S. Sheets جو امپورٹ کی جا چکی ہیں واپس نہ کی جاویں بلکہ استعمال میں لائی جائیں یہ نہایت مفید material ہے۔

نیز میری یہ گزارش ہے کہ ۱۹۴۸ میں جو ایک انکواری کمیٹی مقرر ہوئی تھی اس کی رپورٹ شائع ہونی چاہئے۔ جو Implement ۴۷ء میں بند کر دی گئی تھی اس کو Revise کیا جائے اور اس کے لئے ۵ سالہ پروگرام ہو جو بیس ہزار سالانہ ہو۔ اس سے ہر کہ و مہ کو فائدہ ہوگا اور گورنمنٹ کو اس پر کوئی زائد خرچہ کرکے زیر بار نہیں ہونا پڑیگا بلکہ پہلے بنانے والے لوگ یعنی Manufacturers of Implements محکمے سے جو ایگریکلچرل انجنیئر جاری کریگا۔ چٹ لے جاکر سامان کی قیمت وہ خود ادا کرے گا علاوہ ازیں کسانوں کو بورنگ کی بارہ آنہ فیس جو ان سے لی جاتی ہے معاف کر دی جائے۔ بورر کی تنخواہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۵ سے ۴۰-۲—۶۰ کرکے مقدم کے برابر کی جائے کیونکہ بورر کا کام بہت Technical سخت اور ذمہ دارانہ ہے۔ میٹ کی تنخواہ فیلڈمین کے برابر یعنی ۳۰—۱—۴۰ ضرور ہونی چاہئے۔

رنا گل محمد خان عرف رانا عبدالعزیز خان— ملتان م بسلم)—جناب والا—میرے دوست بہت کچھ کہ چکے ہیں اب

بہت سی باتیں ہیں جو میں آپ کی وساطت سے اراکین ایوان سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ یہ تو کہا جا چکا ہے کہ ۹۲ فیصدی لوگوں کا دارو مدار زراعت پر ہے مگر ہم نے دیکھنا ہے کہ موجودہ وقت میں زراعت کی کیا حالت ہے اور اس پر بجٹ میں کتنی رقم مخصوص کی گئی ہے اور آیا وہ اس کام کے لئے مکتفی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ جہاں تک عام زمینداروں کا تعلق ہے ان کا واسطہ زیادہ تر Agriculture Department کے Extention Work کے ساتھ پڑتا ہے۔ اس ضمن میں تین باتیں ہیں جن پر وہ زور دیں Improved Seeds, Improved Implements, اور پراپگنڈہ—جہاں تک Seeds کا تعلق ہے مختصراً عرض ہے کہ ڈسٹرکٹ ورکس کا آدمیوں کو تمام وقت خرید و فروخت میں صرف ہوتا ہے—ان حالات میں آپ خیال فرمائیں کہ تمام وقت صرف کرکے اب تک صرف ۲۰ فیصدی رقبہ کیلئے Improved Seeds مہیا کیا جا چکا ہے باقی کے لئے گورنمنٹ کوئی انتظام نہیں کر سکی—جہاں تک کاٹن کے Improved Seeds کا تعلق ہے ان کی حالت قدرے اچھی ہے— زمیندار صاحبان کو معلوم ہے کہ جو حالت بہتر ہوئی ہے— وہ Cottoa Control Act کے ماتحت ہوئی ہے مگر seed مہیا کرنے کے لئے زمیندار سے ناجائز طور پر روپیہ وصول کیا جا رہا ہے— تمام زمیندار صاحبان جانتے ہیں— جہاں تک Improved Implements کا تعلق ہے— محکمہ زراعت اکثر تین چیزوں کے متعلق کہتا ہے اور وہ یہ ہیں—راجہ ہل—Automatic Rabbi Drill—اور ہیرو—زمیندار کے پاس دیہات میں یہ تینوں چیزیں موجود نہیں ہیں—مشکل یہ ہے کہ جس گاؤں میں جائیں یہی چیزیں نہیں ملتی ہیں—راجہ ہل کی تو یہ کیفیت ہے کہ اگر وہ خراب ہو جائے تو اس کے بنانے کے لئے یا مرمت کرنے کے لئے کوئی انتظام نہیں یا اسکے خریدنے کے لئے پچاس پچاس سو سو میل تک جانا پڑتا ہے— میں حیران ہوں کہ محکمہ زراعت کی Engineering Branch کیا کام کر رہی ہے— اسکے لئے پونے دو لاکھ روپیہ بجٹ میں رکھا گیا ہے—اس کے علاوہ جہاں تک پراپگنڈہ کا تعلق ہے اس کے متعلق ایوزیشن کے ایک معزز رکن نے تمام اوسط مختلف اجناس کے لئے نکالی ہے جہاں تک زراعتی فارموں کا تعلق ہے—۴۴ من فی ایکڑ کاٹن کی yield اور گندم ۶۰ من فی ایکڑ yield دکھائی گئی ہے—آیا یہ تجربات جو محکمہ زراعت فارموں پر کر رہا ہے کسی زمیندار کے لئے ہیں یا اپنے رجسٹروں میں اندرج کے لئے۔ پھر میں یہ کہوں گا کہ محکمہ زراعت نے وہ کام نہیں کیا جو اس نے اپنے ذمہ لیا تھا۔ اس وقت کاٹن کی ۲ من فی ایکڑ yield ہے اور گندم کی ۸ من فی ایکڑ۔ کیا وزیر متعلقہ بتائیں گے کہ زمینداروں نے محکمہ زراعت سے

کیا فائدہ اٹھایا ہے ۔ اس وقت جبکہ تمام زراعتی ممالک کی اوسط ہم سے دو دو تین تین گنا ہے لیکن ہم اس سے محروم ہیں۔

جناب والا—بہت سے واقعات ہیں اب میں ان واقعات کی طرف آپ کی وساطت سے اراکین اسمبلی کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ میرے خیال میں سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ یہ فرسودہ نظام انگریز کا ہے۔ جو ہمیں ورثہ میں ملا ہے۔

ہمیں توقع تھی کہ آزادی کے بعد ہماری گورنمنٹ اس ۹۲ فیصدی آبادی کے لئے جس کی زندگی کا انحصار زراعت پر ہے کوئی ایسا موثر قدم اٹھائیگی جس سے ان کی اقتصادی حالت بہتر ہو جائیگی ۔ مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت تک ہماری حکومت نے ایسا کوئی قدم نہیں اٹھایا ۔ (حزب مخالف کی نشستوں سے ,,ہیئر ہیئر،، کی آوازیں)—اس وقت آپ دیہات میں تشریف لے جائیے تو آپ کو کیا نظر آئیگا؟ عوام بھوک اور ننگ کا شکار ہیں ۔ کسی کے پاس مکان تک سر چھپانے کو نہیں ۔ جس ملک کے عوام کی یہ حالت ہو اور گورنمنٹ صرف ۷۰ لاکھ روپیہ اس ضروری محکمہ کے لئے مخصوص کرے تو کیا ہم یہ کہ سکتے ہیں کہ کاشتکار کے لئے وہ سب کچھ کیا جارہا ہے جو کہ حکومت کو کرنا چاہئے ؟ (حزب مخالف کی نشستوں سے "Shame shame" کی آوازیں) ۔

جناب والا—حکومت جو کچھ بھی کرتی ہے یا کرنا چاہتی ہے اس کا دارومدار تمام تر directions پر ہوتا ہے عمل پر ہوتا ہے۔اس کے متعلق میں مختصراً یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمارے موجودہ ڈائرکٹر صاحب جو اس محکمہ کی کرسی پر بیٹھے ہیں ان کو District Work کا کیا تجربہ ہے۔ وہ اپنی تمام عمر ریسرچ کا کام کرتے رہے ہیں ۔ ممکن ہے کہ وزیر متعلقہ صاحب یہ فرمائیں کہ اس سے پہلے Milne صاحب بھی کوئی تجربہ نہیں رکھتے تھے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ایک طرف تو آپ انگریز کی روایات کو مٹانا چاہتے ہیں لیکن دوسری طرف اس کے برعکس اسی کی فرسودہ روایات کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک آدمی جس کو District Work کا کوئی تجربہ نہیں وہ اس کرسئی صدارت پر کیوں بٹھایا گیا ہے؟ اس کے علاوہ Assistant to the Director of Agriculture کا بھی جو تجربہ ہے اس کا سارے معزز ارکان کو علم ہے۔ وہ اپنی سروس کا بیشتر حصہ ایک مقدم کلاس کے ورنیکلر ٹیچر رہے ہیں اور بہت جونیر آفیسر ہیں ۔ اگر میں غلطی پر نہیں ہوں

تو وہ سیکنڈ کلاس آفیسرز میں اٹھارویں یا انیسویں آفیسر ہیں۔ دو سال سے وہ اس Assistant to the Director of Agriculture کی کرسی پر متمکن ہیں لیکن سٹر ٹل جو ڈسٹرکٹ ورک کے بہترین کارکن تھے ان سے جو سلوک موجودہ نظام میں ڈائریکٹر صاحب کے اشارے پر کیا جا رہا ہے اور جو مصیبتیں ان پر آئیں وہ بھی آپ سب ارکان کو معلوم ہونگی۔ ڈیڑھ سال سے اس بیچارے پر متواتر مقدمات چلائے جاتے رہے اور بعد میں یہ معلوم ہوا کہ تمام allegations بے بنیاد تھیں۔ جن لوگوں نے وہ allegations لگائی تھیں اس وقت تک ان کے خلاف کوئی action نہیں لیا گیا۔

اب جناب والا میں آپ کی توجہ ایک نہایت ہی اہم مضمون کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ یہ locust کی مصیبت کے انسداد کے متعلق ہے۔ پچھلی دفعہ جو مصیبت ہمارے صوبہ کو locust کی وجہ سے اٹھانی پڑی وہ تمام ارکان ایوان پر عیاں ہے۔ اس کے متعلق میں نے چند سوالات اسمبلی کے پچھلے سیشن میں دریافت کئے تھے۔ ان کے جوابات اس قسم کے دلچسپ اور عجیب و غریب تھے کہ میں ان پر اس وقت تبصرہ کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔ Director of Agriculture نے ایک پریس نوٹ میں بیان فرمایا تھا کہ ہمارے پاس بہت سی poison موجود ہے اور ہم اس locust menace کو اچھی طرح سے کنٹرول کر سکتے ہیں۔ ،، مگر جب details پوچھی گئیں تو معلوم ہوا کہ ان کے پاس دس یا پندرہ ٹن Sodium Fluciheat تھی جو کہ دس سال پرانی تھی اور جب اس کو استعمال کیا گیا تو بالکل غیر موثر ثابت ہوئی۔ یہ تھے ان کے انتظامات۔

جناب والا اس کے علاوہ B. H. C. Poison جو کہ لوکسٹ کے کنٹرول کے متعلق latest poison تصور کی جاتی ہے اگرچہ اس کے متعلق Centre سے متواتر حکومت پنجاب کو reminders بھیجے جاتے رہے کہ صوبائی حکومت اپنا indent بھیجے مگر اس کے باوجود معلوم نہیں کہ یہ انڈنٹ بر وقت کیوں نہ بھیجا گیا۔ اور جب انڈنٹ بھیجا گیا تو اس وقت B. H. C. Poison میسر نہ ہو سکی۔ اس وقت ہمارے پاس صرف ایک ٹن B. H. C. Poison تھی لیکن اس کے استعمال کے لئے ایک power duster بھی موجود نہیں تھا اور اس کا آرڈر اس وقت دیا گیا جب کہ locust سب چلا گیا تھا۔ خیر کسی وقت کام آجائیگا۔ (ایک آواز۔ داشتہ آید بکار)۔

جناب والا۔ اس کے بعد آپ ڈائرکشن کا حال سنئے۔ ہمارے ڈائرکٹر صاحب کینڈا کے دورے سے واپس آتے ہیں تو ڈسٹرکٹ آفیسرز کو حکم ہوتا ہے کہ سٹیشن پر حاضر ہوں۔ یہ تھا Return of the Caesar in triumph اور جب میں منسٹر متعلقہ سے سوال پوچھتا ہوں کہ کیا ان افسروں نے ٹی۔ اے۔ بھی draw کیا تھا تو جواب ملتا ہے کہ draw نہیں کیا۔ اگر وہ لوگ گورنمنٹ کے کام پر گئے تھے تو ٹی۔ اے۔ کیوں draw نہیں کیا اور اگر گورنمنٹ کے کام پر نہیں آئے تھے تو پھر چھٹی کیوں نہ لی اور سٹشن پر کس طرح آئے؟ کیا ڈائرکٹر صاحب سے locust کے معاملے پر تبادلہ خیالات کرنے آئے تھے؟ اس اہم معاملے کے متعلق ڈائرکٹر صاحب تمام آدمیوں کو بلاتے ہیں کہ آکر ہمیں سلام کرو اور پھر واپس چلے جاؤ۔

جناب والا اس وقت پھر locust کا طوفان آ رہا ہے۔ میں نے آج ہی اخبار میں پڑھا ہے کہ Arabia سے locust پھر پاکستان کی طرف آ رہا ہے (ایک آواز خدا رحم کرے) اگر اس محکمہ کی یہی حالت رہی تو واقعی خدا کے رحم کی ضرورت ہے۔

جناب والا یہ جو میرا تنقیدی پہلو تھا وہ اس لئے نہیں تھا کہ میں کسی صاحب پر حملہ کروں (آوازیں۔ بالکل نہیں) بلکہ وہ اس لئے تھا کہ میں معزز ارکان کو یہ بتاؤں کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ جس پر ۹۲ فیصدی آبادی کا دارومدار ہے اس کا کیا حال ہے۔

جناب والا یہ جو propoganda اس وقت عوام میں نہیں ہو رہا اس کی از حد ضرورت ہے۔ چاہئے یہ کہ سکولوں میں جہاں اور تعلیم دی جاتی ہے وہاں agriculture کے متعلق بھی تعلیم دی جائے تا کہ عام مضامین پڑھنے کی بجائے لوگ زراعت کے طریقوں کو بہتر بنا سکیں۔

جناب والا کیونکہ وقت کی قلت ہے آخر میں میں ایک نہایت اہم مسئلہ ارکان اسمبلی کے سامنے آپ کی وساطت سے پیش کرونگا۔ اس وقت ہماری زمین روز بروز کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ پارٹیشن سے پہلے artificial manure کے لئے گورنمنٹ کی چند سکیمیں تھیں مگر پاکستان بننے کے بعد وہ معرض التواء میں ڈال دی گئیں۔ ان کے متعلق حکومت کو ضرور کچھ اقدام کرنا چاہئے۔ (تالیاں)۔

وزیر زراعت : (آنریبل صوفی عبدالحمید خاں) حضور والا ۔ محکمہ زراعت کے متعلق آج جو تقریریں کی گئی ھیں مجھے ان سے سخت مایوسی ھوئی ھے — میں توقع کرتا تھا کہ میرے فاضل دوست اس محکمہ کا بجٹ ملاحظہ فرما کر کوئی تعمیری تجاویز پیش کریں گے —

رانا عبدالحمید خاں : تجویزیں تو پیش کی گئی تھیں اگر آپ نے نہیں سنیں تو اس میں ھمارا کوئی قصور نہیں ۔

وزیر زراعت : میرے محترم دوست رانا عبدالحمید صاحب نے فرمایا ھے کہ تجویزیں تو پیش کی گئی تھیں —

جناب والا جو تجویزیں انھوں نے پیش کی ھیں میں ان کو نوٹ کرتا رھا ھوں — ان کے متعلق میں عرض کروں گا کہ ان کی تجاویز کس قسم کی تھیں ۔ سب سے پہلے میں چودھری محمد احسن صاحب کا جنھوں نے debate کا آغاز کیا تھا شکر گذار ھوں کہ انھوں نے اس بات کو محسوس کیا کہ محکمہ ھذا کے لئے جو رقم بجٹ میں رکھی گئی ھے کافی نہیں ھے — لیکن اس شکریہ کے بعد میں ان کی خدمت میں عرض کر دینا مناسب سمجھتا ھوں کہ یہ محکمہ ایک ٹیکنیکل اور سائنٹیفک محکمہ ھے اور حکومت اس پر یکمشت کروڑھا روپیہ خرچ کرنے کے لئے اس لئے تیار نہیں ھے کہ جن اصحاب یا جن آلات سے کام لیکر اس محکمہ نے سب چیزیں تیار کرنی ھیں وہ فوری طور پر میسر نہیں آسکتے ۔ مجھے اس بات کے اعتراف کرنے میں ذرا بھی باک نہیں کہ ھمیں اس محکمہ کے لئے جس مشینری یا جن آلات کی ضرورت ھے وہ ھمارے ملک میں تو نہیں بنتے اور وہ ھمیں باھر سے منگوانے پڑیں گے اور ان پر جو اخراجات ھوں گے ان کے خرچ کا اگر اندازہ لگایا جائے تو وہ ایک بڑی رقم بنتی ھے —

رانا غلام صابر خاں : On a point of order جناب والا میرا پوائنٹ آف آڈر یہ ھے کہ نواب صاحب ممدوٹ آھستہ آھستہ ان بنچوں کی طرف کھسکتے چلے آرھے ھیں — (قہقہے اور شور)—

Mr. Speaker :—That is not a point of order.

وزیر زراعت : جناب والا : چودھری محمد افضل چیمہ صاحب نے خاص طور پر دو چیزوں کا ذکر فرمایا ھے — ایک تو انھوں نے یہ فرمایا کہ ابھی تک سیم اور تھور کا کوئی انتظام نہیں ھوا — میں

ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ سیم اور تھور کے انسداد کا اس محکمہ سے کوئی تعلق نہیں — دوسری چیز جو انہوں نے فرمائی یہ تھی اور مجھے اسے سن کر بہت ہی تعجب ہوا کہ اس محکمہ کا خرچ کم ہے اور آمدنی زیادہ - میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ غور فرماتے تو یہ ایک قابل فخر چیز تھی (چودھری عبدالرحیم کیا یہ تجارتی محکمہ ہے) - یہ تجارتی محکمہ نہیں ہے — بلکہ میں کہتا ہوں کہ جو محکمہ زمینداروں کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتا رہا ہو اس سے اگر آمدنی حاصل کر لی جائے تو یہ کوئی گناہ نہیں ہے — (رانا عبدالحمید — وہ تو زمینداروں کا خون چوستا ہے) تبھی آپ اتنے موٹے ہو رہے ہیں (چودھری عبدالرحیم — یہ محکمہ زمینداروں پر ایک ظلم ہے) —

اب میں آپ کی خدمت میں اس محکمہ کی کار کردگی کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں — اس محکمہ کے دو شعبے ہیں — ایک تو ایگریکلچر کالج ہے اور دوسرا ریسرچ انسٹیٹوٹ ہے — وہاں پر جو تجربات ہوتے ہیں اور ان سے جو مفید نتائج برآمد ہوے ہیں ان کو فروغ اور ترقی دینے کے لئے یہ محکمہ قائم ہے — جہاں تک کالج کا تعلق ہے میں آپ حضرات کو بتانا چاہتا ہوں کہ پارٹیشن کے وقت کالج کے ۱۲ اسسٹنٹ پروفیسروں میں سے ۱۱ ہندوستان چلے گئے اور ریسرچ انسٹیٹوٹ میں جتنے سینیر آدمی تھے جو وہاں ریسرچ کا کام کر رہے تھے وہ سب کے سب غیر مسلم تھے اور اس لئے وہ بھی چلے گئے لیکن اس کے باوجود اسی سال کے اندر نہ صرف کالج کے کام کو جاری رکھا گیا بلکہ اگلے سال وہ ترقی کی راہ پر بھی گامزن ہو گیا —

Rana Abdul Hamid Khan:—That means you had the material.

وزیر زراعت — اس قسم کی باتوں کا میرے پاس تو کوئی علاج نہیں — میں تو صرف یہی کہ سکتا ہوں —

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم

چشمہ آفتاب راچہ گناہ

اس سال کے دوران میں جن ماہرین فن اور مشاہیر نے ہمارے اس کالج کا معائنہ کیا اور اس کی activities کو دیکھا ان میں

ایک لارڈ بائڈ چیرمین پاکستان اگریکلچرل اڈوائزری کمیٹی ہیں۔ انہوں نے یہ فرمایا —

"I was much impressed with your evidence which you gave to me in our interview. It will have considerable influence in framing our report and I would like to congratulate you on the work of your Department including first class show at Lyallpur. What we saw there will be important in the recommendations we may make"

پھر مسٹر ناوس۔ ای۔ ڈالڈ ڈائرکٹر جنرل فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن آف دی یونائیٹڈ نیشنز فرماتے ہیں —

"One of the pleasures of coming to the far East is to again visit you and to see the great work that is going on at the college where you spent so many years and on which you still exert such a great influence.

I shall speak many times before groups who are interested in what is going on in this area, and I shall not forget to mention the great work you are doing in the Punjab area."

پھر گذشتہ مہینہ میں ہمارے محترم کمانڈران چیف پاکستان آرمی کالج میں تشریف لائے (رانا گل محمد نون المعروف عبدالعزیز نون — وہ بھی زراعت پر بڑے ایکسپرٹ ہیں) (قہقہہ) انہوں نے یہ فرمایا —

مسٹر محمد امین : آنریبل وزیر کو اعتراضات کا جواب دینا چاہئے اور یہاں سرٹیفیکیٹ پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں —

وزیر زراعت : کمانڈران چیف صاحب نے یہ فرمایا —

"The Agricultural College is a good rival of the Army and is doing good work for the country."

یہ اقتباسات پڑھ کر سنانے سے میری غرض یہ ہے کہ میرے دوستوں کو تو بھلائی کی کوئی چیز نظر نہیں آتی جنکو نظر آتی ہے وہ کیا فرماتے ہیں بہر حال اب میں وہاں کے تجربات اور ان چیزوں کی بنا پر جو اس محکمہ نے کام کیا ہے وہ آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ علاوہ ازیں جو تجربات ترقی یافتہ بیجوں کے اس محکمہ نے کئے ہیں وہ بھی میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ ہمارے ہاں پہلے گندم کی اوسط پیداوار ۱۰ من تھی۔ لیکن اب ترقی یافتہ بیجوں کی بدولت اسکی اوسط پیداوار ۱۶ من فی ایکڑ ہو گئی ہے۔

Rana Abdul Hamid Khan : At what place: in the farm or in the country ?

Minister of Agriculture: In the country. In the farm we have produced 55 maunds.

روئی ۵۳ سیر سے ۱۰۶ سیر فی ایکڑ۔ گنا ۲۰۰ من سے ۶۵۰ من فی ایکڑ۔ گڑ ۲۰ من سے ۶۶ من۔ برسیم ۵۷۴ من سے

۹۰۲ من تک۔ فارم پر اسے ۱۶۸۰ من فی ایکڑ پیدا کیا گیا ہے جو ورلڈ ریکارڈ ہے۔ ہمارے زراعتی کالج میں محض زراعت ہی کیطرف توجہ نہیں دی گئی بلکہ دودھ دینے والے جانوروں کیطرف بھی خاص توجہ دی گئی ہے۔ پہلے دس گایوں کے دودھ کی اوسط ۲۹۱ ۱/۲ نکالی گئی تھی ۔ اب یہی اوسط تین گایوں کے دودھ کی ہے ۔ ایک گائے جسکا نام کنول ہے ۶۴ ۱/۲ پاؤنڈ یومیہ دودھ دیتی ہے۔ ایک بھینس نے ۶۶ ۱/۲ پاؤنڈ یومیہ کا ریکارڈ قائم کیا ہے۔(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Hon'ble members may or may not like what the Hon'ble Minister says; but I will not allow any interruptions.

Mr. Muhammad Amin : We have to object to a wrong statement.

Minister of Agriculture : It is not a wrong statement. You have no authority to say that this is a wrong statement.

گندم کا رقبہ جو اس وقت زیر کاشت ہے اسکا ۸۶ فیصدی رقبہ ایسا ہے جہاں ترقی یافتہ بیج کاشت کئے جاتے ہیں۔ کاٹن کے ۹۸ فیصدی رقبہ میں نئی ترقی کردہ کاشت ہوتی ہے۔ ۹۶ فیصدی گنے کے زیر کاشت رقبہ میں محکمہ زراعت کے ترقی یافتہ گنے کی کاشت ہوتی ہے ۔ یہاں میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہمارے ملک میں گنے کا بیج پیدا نہیں ہوتا ۔ اب ہم اپنے تجرباتی فارم میں گنے کا بیج پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمیں یہ کامیابی ہو چکی ہے کہ گنے کو پھول ہو گیا ہے۔اب تک یہاں گنے کو پھول بھی نہیں ہوتا تھا ۔ مجھے توقع ہے کہ انشا اللہ اگلے سال تک ہم گنے کا بیج اپنے ملک میں خود پیدا کرنے کے قابل ہو جائینگے۔ (تالیاں) ۔ اسی طرح آلو ایک ایسی جنس ہے جس کا بیج ہر سال لاکھوں روپے کا باہر سے منگوایا جاتا ہے۔ اب ہم مری ہل میں ایک سب سٹیشن قائم کر کے اسکا بیج بھی یہاں پیدا کرنے کا تجربہ کر رہے ہیں ۔ اور خدا کے فضل سے توقع ہے کہ اگلے سال ہم تمام صوبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بیج پیدا کر سکینگے —(تالیاں)۔

اسکے بعد جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تمام انڈو پاکستان میں سب سے پہلے میکینائزڈ فارمنگ کا تجربہ ہم نے یہاں شروع کیا ہے۔ (قطع کلامیاں)۔ اب اگر واقعات بتاتا ہوں تو یہ خود ستائی ہوتی ہے۔ اور آپکی گالیاں سنتا رہوں تو بڑے مزے کی بات ہے ۔ یہ تجربہ رسالہ والے فارم پر شروع کیا گیا ہے اور اس کے لئے ٹریکٹر وغیرہ خرید لئے گئے ہیں ۔ اب اس بات پر بہت زور دیا جاتا ہے کہ

ترقی یافتہ آلات زراعت کیوں استعمال نہیں کئے جاتے۔ میں اس کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ جن ممالک کی مثالیں میرے محترم دوست شیخ محبوب الٰہی صاحب نے دی تھیں ان میں اور ہم میں حالات کے اور ضروریات کے لحاظ سے زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہم اپنے ماحول کے مطابق ترقی یافتہ چیزوں کو حاصل کر کے اپنے حالات کے مطابق اقدامات کر رہے ہیں۔ یہاں ایک ہی دن میں امریکہ اور کینیڈا کے حالات پیدا کر دینا میرے بس کی بات تو نہیں ممکن ہے وہ ایسا کر سکتے ہوں۔

Mr. S. M. Ilahi: I have quoted these figures from Mr. Rahman who used to be and is still the Director of Agriculture, and from the Pakistan Economic Journal, Vol. I, page 9.....

Mr. Speaker: What the hon'ble member has said is no answer to the remarks of the Hon'ble Minister. The Hon'ble Minister has not challenged the correctness of the figures that the hon'ble member gave.

وزیر زراعت: شائد انکو علم ہو۔ کچھ لوگوں نے ٹریکٹر خرید کر انکے ذریعہ کاشتکاری کا کام شروع کیا تھا۔ لیکن ہمارے ملک میں ٹریکٹروں کی مرمت کے لئے ورکشاپ نہ ہونے اور انکے سپیئر پارٹس نہ مل سکنے کے باعث انکو بہت تکلیف ہوئی۔ جب تک ٹریکٹر کام کرتا رہا ٹھونک رہا لیکن جونہی وہ خراب ہوا یا اسکا کوئی پرزہ ٹوٹ گیا وہ وہیں کھڑا رہا۔ یہ چیز بھی ہمیں اپنے سامنے رکھنی ہے۔ اگر یہاں ٹریکٹروں کا اجرا کیا جائے تو ان کے لئے سپیر پارٹس اور ورکشاپوں کا انتظام بھی ہونا چاہئے۔ (قطع کلامیاں)۔ لائلپور کالج میں ایک ورکشاپ ہے مگر وہ سارے صوبے کی ضروریات کیلئے تو کافی نہیں ہو سکتی۔ دوسرے اب زرعی اصلاحات کے اجرا کے بعد یہ بات بھی زیر غور رکھنی چاہئے کہ جو ٹریکٹروں کا استعمال کرنا چاہے گا وہ انہیں ایک یا دو مربعوں پر تو استعمال نہیں کر سکیگا۔ میکینائزڈ فارمنگ کے اجرا سے قبل اس بات کو بھی اچھی طرح سے سوچنا ہے کہ ایسی کیا صورت ہو جس سے یہ چیز یہاں کامیاب ہو سکے۔ اس کے متعلق ہم غور کر رہے ہیں اور ہماری یہ کوشش ہے کہ اس صوبہ میں ہم میکینائیزڈ فارمنگ شروع کردیں — اور جو دقتیں ہمارے راستہ میں حائل ہیں وہ انشاء اللہ تعالیٰ دور ہو جائیں گی — ہم اس سکیم کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں ناکامیاب کرنا نہیں چاہتے —

میاں عبد الباری : On a point of information, Sir, کیا میکینائیزڈ فارمنگ کو جاری کرنے کے لئے کئی سو مزارعین کو لائل پور میں بے دخل کیا گیا ہے —

Mr. Speaker : This question need not be answered.

وزیر زراعت : جناب والا ! یہ عجیب دماغی خلل ہے کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ صاحب میکینائیزڈ فارمنگ کیوں شروع نہیں کیا جاتا اور دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ مزارعین کو بے دخل کیوں کرتے ہو — یہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے -

(شور اور قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, order. The Hon'ble Minister should be given a patient hearing. I have said whether his remarks are liked by anybody or not that is no reason for interrupting him.

وزیر زراعت : جناب والا ! اب مجھے ٹیوب ویلز کے سلسلہ میں کچھ عرض کرنا ہے — محکمہ زراعت نے اس مالی سال میں سنٹرل گورنمنٹ کی امداد کے ساتھ صوبہ میں سو ٹیوب ویل لگانے کا فیصلہ کیا ہے — اس کے لئے ۵۰ فی صدی گرانٹ سنٹرل گورنمنٹ دے گی اور باقی ۵۰ فی صدی پنجاب کا صوبہ برداشت کرے گا — میں اپنے ایک بڑے فاضل اور محترم دوست شیخ محبوب الٰہی صاحب کی خدمت میں اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ایک زمانے میں وہ بھی بورنگ operations کے انچارج رہ چکے ہیں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے جو اعداد و شمار اس ہاؤس کے سامنے پیش کئے ہیں — انہیں سن کر مجھے بے حد افسوس ہوا — خدا جانے ان کی یہ معلومات کس زمانے کی ہیں - میں ان کی اطلاع کے لئے یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ چھ ماہ کے عرصہ میں ستمبر ۱۹۵۱ء تک 38 tube-wells, 128 ordinary wells and 18 trial bores. اس صوبہ میں لگائے گئے ہیں — اور انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ۱۸ سے زیادہ تو بورنگ ہو ہی نہیں سکتا — (شور اور قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : I will not allow any interruptions.

Mr. S. M. Ilahi : The Honble Minister has referred to me personally.

Mr. Speaker : Will the hon'ble member please resume his seat ?

وزیر زراعت : fertilizers کے متعلق میرے دوست نے فرمایا ہے کہ چونکہ زمینوں کی پیداوار کم ہوتی جا رہی ہے اس لئے

fertilizers یہاں استعمال ہونے چاہیں — یہ درست ہے کہ پیداوار کم ہوتی جارہی ہے لیکن میں ان کی معلومات کے لئے یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ اگر خاص طور پر ولائتی fertilizers کو استعمال کیا جائے تو وہ ہمارے ملک کی زمینوں کو زیادہ طاقتور نہیں بنا سکتے بلکہ اگر اپنی manure استعمال کی جائے تو یہ کمی پوری ہوسکتی ہے - اس سلسلہ میں میں میاں عبدالباری صاحب کو یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ تحصیل لائل پور میں اس قسم کا experiment شروع کیا جائے گا — اس کے متعلق میں یہ بھی بتلا دینا چاہتا ہوں کہ باہر کے جو fertilizers ہیں ان کی قیمت ساڑھے بارہ روپے فی من ہے اور ہمارے غریب زمیندار اتنا خرچ نہیں کر سکتے — اس بات کا پرچار کر دینا کہ صوبہ میں fertilizers کا استعمال نہیں کیا جاتا آسان ہے لیکن ہمیں ان لوگوں کی قوت خرید اور قوت برداشت کا بھی اندازہ کرنا ہے کہ جنہوں نے اس چیز کو خرید کر استعمال کرنا ہے - کہ آیا وہ اسے خرید بھی سکتے ہیں یا نہیں - میرے ایک دوست نے فرمایا ہے کہ صاحب fertilizers بنانے کی فیکٹری کیوں نہیں اس صوبہ میں start کر لی جاتی اور اس فیکٹری پر انہوں نے تیں کروڑ روپیہ کا اندازہ بھی بتلا دیا ہے —

میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت یہ تجویز سنٹرل گورنمنٹ کے زیر غور ہے Fertilizers کی ایک فیکٹری داؤد خیل میں نصب کی جانے والی ہے - یہ تو میں نے عرض کر دیا تھا کہ ۱۰۰ ٹیوب ویل کی ایک سکیم اس سال جاری کی جائے گی - اس کے علاوہ Wheat Technology کی سکیم ہے - اس شعبہ کے ترقی یافتہ بیج سے ہماری پیداوار بڑھ گئی ہے - لیکن ہم تمام دنیا میں اپنی اجناس کا مقابلہ کرنے کے لئے اس قسم کے تجربات بھی کرنا چاہتے ہیں - اس طرح سے Scientific طریقہ پر پیداوار ہو کہ دوسرے ممالک کے ساتھ مقابلہ ہو سکے - چنانچہ اس سلسلے میں Wheat Technology کا شعبہ جاری کیا گیا ہے - جو ہماری گندم کی خرابیوں اور خامیوں کو رفع کرکے دوسرے ممالک کے مقابلے میں لائے Fruit and Vegetable کے سلسلے میں research کا کام بھی اس سال منظور کیا گیا ہے اور اس کے لئے ایک شعبہ کھولا گیا ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے Artificial Fertilizers کی سکیم بھی اسی سال شروع کر دی جائے گی - راولپنڈی سرکل میں خاص طور پر وہاں کی آب و ہوا

کے مطابق دو قسم کے تجربات کئے جا رہے ہیں - ایک سونگ پھلی کا اوو دوسرا Caster oil کا میرے محترم دوست خان عبدالستار خان نیازی نے یہ فرمایا تھا کہ Caster کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جاتی اگر وہ تکلیف گوارا فرمائیں اور ہمارے فارم راولپنڈی میں جا کر دیکھیں تو ان کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ بہت کافی تجربہ کیا جا رہا ہے - اس تجربے سے جو معلومات حاصل ہونگی وہ سب انہیں پہنچادی جائیں گی - محترم رانا صاحب نے فرمایا تھا کہ Agricultural Assistants اس محکمہ میں بہت تھوڑے ہیں - میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری موجودہ ضرورت کے لئے اس وقت جو سٹاف ہے یہ کافی ہے - اور جوں جوں ہم اس محکمے کو بڑھاتے جائیں گے اس کے لئے ہم سٹاف میں بھی اضافہ کرتے جائیں گے جیسے ہم اپنے کالج سے تیار کر رہے ہیں - اس وقت Agricultural Assistants کی تعداد ۳۷۰ ہے ان کے grades کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ یہ تھوڑے ہیں - میں عرض کر دوں کہ revise ہونے سے پہلے ان کے grades یہ تھے -

A Class Agricultural Assistant Rs. 100—10—300

B Class Agricultural Assistant Rs. 70—4—110 EB 120—4—180

اب Pay Commission نے جو revise کئے ہیں وہ یہ ہیں :—

A Class Agriculture Assistant Rs. 120—10—300

B Class Agriculture Assistant Rs. 70—4—110 EB 120—5—180

لیکن میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ محکمہ نے A Class کیلئے ۲۱۰ کے گریڈ کی سفارش کی ہے اور مجھے توقع ہے کہ ہم Finance Department کی مدد سے کامیاب ہو جائیں گے - (ہیر - ہیر) Cotton Control Act کے متعلق محترم رانا صاحب نے کچھ ارشادات فرمائے تھے - مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ وہ خود Cotton Control Board کے ممبر ہوتے ہوئے ایسی باتیں کرتے ہیں - بورڈ کی میٹنگ میں خدا جانے وہ کچھ اعتراضات کرتے ہیں یا نہیں لیکن ہاؤس میں اعتراضات کرنے کی انہیں عادت پڑی ہوئی ہے - بہر حال میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ بورڈ کی میٹنگ میں اپنے ان خیالات کا اظہار فرمایا کریں - Cotton Control Board اور کاشتکار اور کارخانہ دار کی ہر ایسی تجویز جس کے ورا کرنے کا وعدہ کیا جاتا ہے محکمہ زراعت اس کو عملی جامہ پہناتا ہے محکمہ زراعت Cotton Control Act کے مطابق اپنی طرف سے کوئی کام نہیں کرتا Cotton Control Board کی کوئی سفارش ایسی نہیں کہ جس پر Agriculture Department عمل نہ کرتا ہو - (ہیر - ہیر)

Rana Abdul Hamid Khan : On a point of order. This is wrong.

Mr. Speaker : The honourable member should say "Question" and not 'point of order'. He would do well to try to learn Parliamentary Practice.

Rana Abdul Hamid Khan : Thank you very much.

وزیر زراعت : مجھے نہایت افسوس ہے کہ میرے دوست رانا عبدالحمید صاحب میری بات نہیں سنتے - مجھے معلوم ہے کہ ان کی دو حیثیتیں ہیں - جب بورڈ کے ممبر کی حیثیت میں ہوں تو دوسرے ممبروں کی ہاں میں ہاں ملا دیں اور جب یہاں آئیں تو اسی فیصلے پر اعتراض کریں - Fruits کی Development کے متعلق مختلف تجاویز ہیں - بیرونی ممالک سے میووں کے درخت منگا کر محکمہ میں ان کا تجربہ کیا جا رہا ہے - کھجور، انار، ناشپاتی، سیب، وغیرہ امریکہ - عراق اور دوسرے ممالک سے منگا کر اپنے ملک کے ماحول میں ان کا تجربہ کیا جا رہا ہے - جوں جوں تجربات کامیاب ہوتے جائیں گے اسی لحاظ سے ان کی ترقی ہوتی جائے گی - اس صنعت کو ترقی دینے کیلئے گورنمنٹ ہر سال ۱۰ ہزار روپے کی رقم بطور انعامات ان نمائشوں اور Exhibitions پر خرچ کرتی ہے جو Fruit-show کے نام سے ہمارے صوبے میں مختلف مقامات پر دکھائی جاتی ہے - اس محکمہ کی مختلف activities کو تیز کرنے ان کو co-ordinate اور یکجا کرنے کیلئے conferences منعقد کی جاتی ہیں -

چنانچہ ابھی دو اڑھائی مہینہ کا عرصہ ہوا کہ لاہور میں ایک marketing conference منعقد کی گئی تھی تاکہ زمینداروں کو marketing کے سلسلے میں جو تکالیف ہیں ان پر غور و فکر کیا جائے اور ان کو رفع کیا جائے - اب حال ہی میں Deputy Games Wardens کی ایک کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے - یہ بھی اسی محکمہ کی ایک شاخ ہے - اور اس میں جو تکالیف اس محکمہ کے افسران اور عوام کو پیش آ رہی ہیں باہمی صلاح مشورے سے ان کو زیر بحث لا کر ان کا مداوا کیا جا سکتا ہے - اب District staff یا باہر جو کام کیا جا رہا ہے اس کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں -

مسٹر محمد امین : کیا آنریبل منسٹر کا چار بجے تک بولنا ضروری ہے -

Mr. Speaker : If the honourable member persists in wasting the time of the House like this, I will have to take serious action.

وزیر زراعت — اس وقت ہمارے تین قسم کے فارم محکمہ نے صوبے میں جاری کئے ہیں - ہماری ریسرچ سکشن لائلپور سے جو تجربات کامیاب ہو کر نکلتے ہیں ان کو Experimental Farms میں بھیج دیا جاتا ہے ایسے Experimental Farms کی تعداد صوبے میں سات ہے اس کے بعد ہمارے ایسے Farms..... ہیں کہ جہاں اچھی قسم کے ترقی یافتہ بیج بوئے جاتے ہیں - ان کی تعداد صوبے میں تیرہ ہے - اور کچھ Demonstration Farms ہیں - وہ اس قسم کے Farms ہیں کہ جہاں زمینداروں کو یہ بتایا جاتا ہے کہ اس قسم کے بیج کیسے کاشت کئے جائیں - مثلاً وہ کتنے کتنے فاصلے پر کس خاص جنس کی کاشت کریں - اس کے علاوہ بے شمار Model Farms ہیں یعنی ایسے زمیندار حضرات جو afford کر سکتے ہیں ان کے لئے محکمہ زراعت کی زیر نگرانی Model Farms جاری کئے ہوئے ہیں - اس محکمہ کے افسران انہیں مفید مشورے دیتے ہیں - ایک اور بہت اہم چیز اس سال کے دوران میں ہوئی ہے - اور وہ ہے Inter cropping جس کے متعلق ایک آنریبل ممبر نے سوال بھی پوچھا ہوا ہے - میں ان کی اطلاع کیلئے بتانا چاہتا ہوں کہ اب سے پہلے Inter cropping کیلئے یہ تھا کہ فلاں فلاں چیزیں اس میں کشت کی جا سکتی ہیں - لیکن ہم نے اسے revise کر کے اس طرح کر دیا ہے کہ فلاں چیزیں اس میں کاشت نہیں کی جائیں گی - تاکہ جو لوگ باہر تجربہ کریں انہیں معلوم ہو کہ اس چیز کے علاوہ جو چیز وہ لائیں گے وہ یہاں کاشت کر سکیں گے - باقی بہت سے اصحاب نے Agriculture Industry کی طرف اشارہ کیا ہے یہاں تک میں بجٹ کو دیکھتا ہوں بجٹ کی کسی items میں Agriculture Industry کا ذکر نہیں اور میں نہیں سمجھتا کہ جن حضرات نے cut motion دی ہے انہوں نے کونسی items کے خلاف دی ہے - بہر حال اس سلسلے میں بھی یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے Bee-keeping شروع کی ہوئی ہے کیونکہ اس کا تعلق اسی چیز سے ہے - Bee-keeping کیلئے اس بجٹ میں ۱۹ ہزار اور ۹۹۰ روپے منظور کئے گئے ہیں - دوسرا کام جو اس سلسلے میں کیا گیا ہے وہ لاکھ پیدا کرنے کا ہے - اس کے لئے ۲۸ ہزار اور ۸۸۵ روپے اس بجٹ میں منظور کئے گئے ہیں - اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا Plant nursing کیلئے ۱۰ ہزار روپے مقرر ہوئے ہیں -

جناب والا! حکومت اس وقت بیج کی فراہمی کے لئے جو کوشش کر رہی ہے اس کا اعتراف میرے دوستوں نے اس طرف سے بھی کیا ہے -

مگر اس کے ساتھہ ہی وہ اعتراض کئے بغیر نہ رہ سکے - یعنی یہ کہ اس کام کے لئے بہت زیادہ عملہ لگایا گیا ہے - میری عرض اس سلسلہ میں یہ ہے کہ یہ عملہ تو سارے سال کے بیج کی فراہمی کا کام کرتا ہے - چنانچہ میں محسوس کرتا ہوں کہ فراہمی بیج کا کام اتنا اہم اور ضروری ہے کہ اس کے لئے اگر اس سے بھی زیادہ عملہ لگایا جائے تو وہ یقیناً زیادہ مفید کام کرے گا - میرے دوستوں کو اس مفید کام کے لئے زائد عملہ لگانے پر کسی قسم کی ہچکچاہٹ کا اظہار نہ کرنا چاہئے بلکہ حکومت کے اس اقدام کی صحیح طور پر قدر کرنی چاہئے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Why should the Honourable Minister be not allowed to finish his speech earlier.

Mr. Speaker: The honourable member has no right to waste the time of the House by raising such frivolous points.

وزیر زراعت: جناب والا! اب میری عرض یہ ہے کہ میرے دوستوں نے destructive pests کے متعلق بہت اعتراضات فرمائے ہیں - اس سلسلہ میں جو کچھہ میں عرض کروں گا اس کا صرف میں اکیلا ہی شاہد نہیں بلکہ حکومت پاکستان کی وہ despatches جو اس نے Locust control کے بارے میں حکومت پنجاب کو بھیجی ہیں ایک بہت بڑی شہادت ہیں Locust کا جو حملہ ہمارے صوبے پر پچھلے سال ہوا وہ صوبہ کی تاریخ میں ایک نہایت ہی شدید حملہ تھا - حکومت کے موجودہ Agriculture Department نے بعض دوسرے محکموں کے تعاون سے اس مصیبت اور بلا کا مقابلہ جس محنت اور تندھی سے کیا - میں سمجھتا ہوں وہ قابل صد تحسین و آفریں ہے - ان کو اس امر کا علم بھی ہونا چاہئے جیسا کہ میرے دوست رانا گل محمد صاحب نون نے فرمایا ہے -

Rana Gul Muhammad Noon: The honourable minister is addressing a member of the house by name.

Minister of Agriculture: I am not addressing you.

انہوں نے اپنی معلومات کے مطابق جو کچھہ مناسب سمجھا اس ایوان میں کہدیا - لیکن میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ نہ تو ہمیں اپنے طور پر ٹڈی کے آنے کا علم تھا اور نہ ہی کسی نے ہمیں بروقت اطلاع دی کہ ٹڈی آرہی ہے تاکہ اس کے دفاع اور اس کی روک تھام کے لئے مناسب اقدامات کئے جاتے اور لاکھوں من سامان اور زہر وغیرہ اکھٹے کئے جاتے - لیکن جونہی ہمارے صوبے پر یہ مصیبت اور بلا نازل ہوئی ہم نے poisons فراہم

کرنے اور اس مصیبت کو ختم کرنے میں جس کامیابی کے ساتھہ کام کیا اس کی داد دینی چاہیئے تھی—لیکن حزب مخالف نے داد دینے کی بجائے حکومت کے ہر کام میں نقص نکالنے کو شیوہ ہی بنا لیا ہے۔ وہ خوبی کی کسی بات کا ذکر کرنا ہی نہیں جانتے۔

جناب والا! میرے محترم دوست رانا گل محمد صاحب نون نے محکمہ زراعت کے بعض افسران کے متعلق بھی ارشاد فرمایا ہے۔ میں اس امر کی طرف خاص طور پر ان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ Assistant Director of Agriculture جن کے متعلق انہوں نے فرمایا کہ وہ مقدم کلاس کے ٹیچر رہے ہیں۔ انہیں معلوم ہونا چاہئیے کہ وہ Agricultural College میں Assistant اور E. A. D. A. رہ چکے ہیں اور علاوہ ازیں وہ اس کالج میں بحیثیت استاد بھی کام کر چکے ہیں۔ اور انہیں rules کے مطابق اس post پر لگایا گیا ہے۔

Rana Gul Muhammad Noon: Favouritism against the rules.

وزیر زراعت: جناب والا! جس شخص کو اس محکمے کے متعلق ہر قسم کی واقفیت ہو۔ اس کے متعلق یہ کہہ دینا قرین انصاف نہیں کہ اسے تجربہ نہیں۔ جہاں تک کالج کا تعلق ہے۔ اس کے متعلق تو ایک سوال کے جواب میں پہلے ہی بہت کچھ بیان کیا جا چکا ہے۔ چنانچہ Aggricultural Commission کی سفارشات کے مطابق ہم نے مناسب اقدام اور ضروری انتظام کر دیا ہے اور اب مستقل انتظام حکومت کے زیر غور ہے۔

جناب والا! جہاں تک ڈائرکٹر صاحب کا تعلق ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ بے انصافی اور زیادتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ ڈائرکٹر صاحب کو معرض بحث میں لا کر ان کے خلاف بے بنیاد الزامات لگائے جائیں۔ یہ ایسی باتیں ہیں جو شائد میرے محترم دوست کے دلی بغض و عناد پر مبنی ہوں۔ ورنہ ان میں حقیقت نام کو نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ Director of Agriculture پنجاب محکمہ زراعت میں بہترین اور اعلیٰ قابلیت کے افسر ہیں۔ وہ اس سے پہلے لائلپور کالج میں Entomologist اور پھر پرنسپل رہ چکے ہیں اور بطور Entomologist انہیں تمام صوبے کا کئی بار دورہ کرنے کا اتفاق بھی ہوا ہے جس کی بنا پر وہ صوبے کے زرعی حالات سے بہت زیادہ واقفیت رکھتے ہیں۔ پھر Insects اور Pests کے متعلق اور زراعت سے متعلق دیگر چیزوں کے

سلسلے میں بغیر سوچے سمجھے یہ کہہ دینا کہ ان کو اس کا کوئی تجربہ نہیں۔ میں سمجھتا ہوں اس سے زیادہ بے انصافی اور کیا ہو سکتی ہے۔

جناب والا! پھر رانا صاحب نے یہ بھی پوچھا ہے کہ جس وقت ہمارے صوبہ میں Locust کا حملہ ہوا اس وقت ہمارے صوبے میں زہر کتنے من مقدار میں موجود تھی۔ تو میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ وقتی طور پر ہمارے پاس جتنی زہر اور اس قسم کی چیزیں موجود تھیں ہم نے انہیں استعمال کیا۔ علاوہ ازیں مزید زہر وغیرہ جو ہم مرکزی حکومت کی معرفت حاصل کرتے رہے ہیں اس قلیل عرصے کے دوران میں ہمارے صوبے کی جو demand تھی اس کی فراہمی کے کیلئے فوری اقدامات کئے گئے اور صوبے کی حکومت نے اس بلا کا مقابلہ کرنے کیلئے فوراً منظوری دے کر وہ زہر وغیرہ حاصل کئے۔ جس کے نتیجہ کے طور پر ہمیں اس مصیبت کو رفع کرنے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی۔

جناب والا! میرے محترم دوست رانا گل محمد نون صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ Director of Agriculture جب کینیڈا کے دورے سے واپس آئے تو ان کا تمام عملہ ان کو سٹیشن پر ملنے کیلئے گیا۔ اس کے متعلق میں ایک سوال کے جواب میں بھی وضاحت کر چکا ہوں۔ تاہم ان کی اطلاع کیلئے میں اتنا عرض کر دوں کہ جب ڈائرکٹر صاحب جو محکمے کے افسر اعلیٰ ہیں اپنے محکمے کے سلسلے میں تعلیمی اغراض کیلئے غیر ملکی دورے سے واپس آرہے ہوں تو ان کے ماتحتوں کا فرض ہے کہ وہ ان سے ملیں اور ان کی معلومات سے فائدہ اٹھائیں۔ میرے نزدیک یہ کوئی اعتراض والی بات نہیں۔ باقی رہا اسٹیشن پر جانے کا سوال تو اس کے متعلق میری اطلاع یہ ہے کہ مختلف اضلاع کے افسروں نے اپنے اپنے مقامی سٹیشنوں پر ان کا خیر مقدم کیا اور ان سے تبادلہ خیالات بھی کیا۔

جناب والا! پھر رانا صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ باوجود سٹیشن پر جا کر ڈائرکٹر صاحب کا استقبال کرنے کے ان افسروں نے Travelling Allowance کیوں نہیں لیا۔ اس کے متعلق میری گزارش یہ ہے کہ ایک شخص اگر اپنے Headquarter کے ریلوے سٹیشن پر جا کر ڈائرکٹر صاحب کا استقبال کرتا ہے تو اسے اپنے شہر میں دفتر سے لے کر ریلوے سٹیشن تک کا Travelling Allowance قواعد کے مطابق مل نہیں

سکتا البتہ اگر معزز ممبر اس کے متعلق حکومت کے سامنے کوئی تجویز پیش کریں تو ہم اس پر غور کرنے کیلئے تیار ہیں۔

جناب والا! ایک اور چیز اس سلسلے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ Higher Agricultural education and training کی غرض سے اس صوبے سے ۱۰ افسران ممالک غیر میں بھیجے گئے ہیں۔ تاکہ وہ ان ترقی یافتہ ممالک میں ترقی یافتہ زراعت کے آلات اور دیگر ذرائع کا بچشم خود مطالعہ اور معائنہ کرکے اپنے ملک میں بھی انہی اصلاح یافتہ اور ترقی‌دادہ طریقوں کو رائج کر سکیں۔ اس غرض سے ۱۳ مزید افسران کو بھیجنے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ اس طرح ۲۳ افسروں کو اعلیٰ زرعی تعلیم و تربیت کے لئے غیر ممالک میں بھیجنے کی سکیم مکمل ہونے والی ہے۔ اس سے ہماری زرعی ترقی کی رفتار تیز سے تیز تر ہو جائے گی۔ عوام کے نوٹس میں زراعت کی ترقی یافتہ صورتیں عملی طور پر لائی جائیں گی اور وہ ان پر عمل کرکے صوبے کی زرعی دولت میں اضافہ کرنے کا باعث بن جائیں گے۔

مزید برآں جناب خان نیازی صاحب نے فرمایا تھا کہ علاقہ تھل میں زراعت کے محکمہ کا کوئی افسر موجود نہیں ہے۔ ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ وہاں ہمارے محکمہ زراعت کا افسر مستقل طور پر موجود ہے اور تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو جو کام کرنا ہوتا ہے اس میں ہمارا یہ ڈپٹی ڈائرکٹر ایگریکلچر زرعی امور میں مشورہ دیتا ہے۔

(رانا عبدالحمید خاں۔ آپ غلط مطلب سمجھے ہیں میں کھاد کے متعلق کہہ رہا تھا) نہیں میں ٹھیک سمجھا ہوں۔ جب کھاد یہاں موجود نہیں ہے تو ہمیں باہر سے لینی ہی پڑے گی آئندہ کے لئے داؤد خیل کی مقام پر کھاد تیار کرنے کا کارخانہ قائم کیا جائیگا۔

پھر جناب والا ہمارا فروٹ سپیشلسٹ بھی باغات لگانے کی بابت دورہ پر جاتے رہتے ہیں اور اپنے مفید مشورے دیتے رہتے ہیں۔ نیازی صاحب یہاں موجود نہیں ورنہ میں ان کی تسلی کر دیتا۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ ضلع مرگودھا میں باغات کی کثرت ہے اور بے شمار فروٹ وہاں پیدا ہوتا ہے مگر ان کو شکایت تھی کہ محکمہ زراعت نے پھلوں کو محفوظ رکھنے کی صنعت کو فروغ نہیں دیا مگر میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ فروٹ انڈسٹری کو ہم نے ترقی دی ہوئی ہے اور ہزار ہا اقسام کی چٹنیاں۔ مربے اور سکویش

شربت نیز مارملیڈ وغیرہ تیار کئے جاتے ھیں انواع اقسام کے اچار بھی تیار کئے جاتے ھیں ۔ نیز ھم صرف یہ اشیا تیار ھی نہیں کرتے بلکہ تین تین ماہ کے کورس لائل پور کالج میں خاص اسی غرض سے دئیے جاتے ھیں جہاں قلیل وقت میں طلبا اور دیگر شائقین کو مربے اچار چٹنیاں شربت سکویش اور مار ملیڈ وغیرہ بنانے کے سائنٹفک طریقے سکھائے جاتے ھیں ھیں تاکہ فروٹ انڈسٹری کو فروغ حاصل ھو ۔ اور لوگوں کو زیادہ سے زیادہ مستفید کیا جائے ۔ اسکے علاوہ کم و بیش ۵۰ ایسی فیکٹریاں قائم کی جا چکی ھیں جہاں مربے چٹنیاں اور اچار وغیرہ تیار کئے جاتے ھیے ۔ مگر افسوس ھے کہ مولانا نیازی صاحب نے اپنی ناواقفیت کی بنا پر فرما دیا کہ یہ کام یہاں کوئی جانتا ھی نہیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ ۔ جناب والا میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the total demand be reduced by Re. 1.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That a sum not exceeding Rs. 55,77,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Agriculture.

The motion was carried.

The following motions were then put from the Chair and adopted :—

LAND REVENUE

That a sum not exceeding Rs. 77,40,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Land Revenue.

PROVINCIAL EXCISE

That a sum not exceeding Rs. 11,73,609 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Provincial Excise.

STAMPS

That a sum not exceeding Rs. 1,25,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Stamps.

FORESTS

That a sum not exceeding Rs. 79,66,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Forests.

REGISTRATION

That a sum not exceeding Rs. 1,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Registration.

CHARGES ON ACCOUNT OF MOTOR VEHICLES ACTS AND OTHER TAXES AND DUTIES

That a sum not exceeding Rs. 13,59,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of charges on account of Motor Vehicles Acts and other Taxes and Duties.

IRRIGATION (WORKS)

That a sum not exceeding Rs. 1,57,75,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of Irrigation (works).

CHARGES ON IRRIGATION ESTABLISHMENT

That a sum not exceeding Rs. 2,08,46,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Charges on Irrigation Establishment.

IRRIGATION (CAPITAL)

That a sum not exceeding Rs. 6,25,71,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Irrigation (Capital).

ADMINISTRATION OF JUSTICE

That a sum not exceeding Rs. 30,73,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Administration of Justice.

JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS

That a sum not exceeding Rs. 48,94,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Jails and Convict Settlements.

POLICE

That a sum not exceeding Rs. 3,26,89,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Police.

SCIENTIFIC AND MISCELLANEOUS DEPARTMENTS

That a sum not exceeding Rs. 8,34,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Scientific and Miscellaneous Departments.

HEALTH SERVICES

That a sum not exceeding Rs. 1,40,49,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Health Services.

PUBLIC HEALTH

That a sum not exceeding Rs. 3,76,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Public Health.

VETERINARY

That a sum not exceeding Rs. 23,96,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of Veterinary.

CO-OPERATION

That a sum not exceeding Rs. 19,54,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1953, in respect of Co-operation.

INDUSTRIES

That a sum not exceeding Rs. 1,08,93,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Industries.

CIVIL WORKS

That a sum not exceeding Rs. 1,37,59,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Civil Works.

B. &. R. ESTABLISHMENT CHARGES

That a sum not exceeding Rs. 41,36,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of B. & R. Establishment Charges.

ELECTRICITY SCHEMES, WORKING EXPENSES

That a sum not exceeding Rs. 1,01,33,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Electricity Schemes, Working Expenses.

ELECTRICITY ESTABLISHMENT

That a sum not exceeding Rs. 46,32,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Electricity Establishment.

CIVIL WORKS (CAPITAL)

That a sum not exceeding Rs. 3,06,60,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Civil Works (Capital).

ELECTRICITY SCHEMES, CAPITAL EXPENDITURE

That a sum not exceeding Rs. 2,99,27,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Electricity Schemes, Capital Expenditure.

FAMINE

That a sum not exceeding Rs. 2,78,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Famine.

SUPERANNUATION ALLOWANCES AND PENSIONS

That a sum not exceeding Rs. 52,54,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Superannuation Allowances and Pensions.

STATIONERY AND PRINTING

That a sum not exceeding Rs. 38,15,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Stationery and Printing.

CAPITAL ACCOUNT OF OTHER PROVINCIAL WORKS

That a sum not exceeding Rs. 59,94,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Capital Account of other Provincial Works.

ADVANCES NOT BEARING INTEREST.

That a sum not exceeding Rs. 3,44,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Advances not bearing Interest.

LOANS AND ADVANCES BEARING INTEREST

That a sum not exceeding Rs. 4,60,60,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1953, in respect of Loans and Advances bearing Interest.

The Assembly then adjourned till 2-30 *p. m. on Friday, the* 14*th March* 1952.

102 PLA—450—4-10-52—SGPP, Lahore.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

THIRD SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, the 14th March 1952

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 2-30 p. m. of the clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

(The proceedings began with a recitation from the Holy Quran by the Qari of the Assembly.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Assembly Question

*712. **Chaudhri Muhammad Shafiq :** Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state—

(*a*) how many periodicals weekly and daily nawspapers are being published at present in Montgomery district and their names ;

(*b*) how many applications for the publication of newspapers were filed in Montgomery district during the years 1948 to 1952, and how many of them were sanctioned ;

(*c*) the names of newsapapers which were required to furnish security before publication and the names of those which were exempted from furnishing such a security and the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Malik Qadir Bakhsh) : (*a*) Three weeklies (Yasrab, Sat Rang and Montgomery Gazette), one fortnightly (Satluj News), two monthlies (Bachpan and Raheel), and one quarterly (Sahiwal).

(*b*) Out of 35 applications 30 were allowed.

(*c*) Deposit of securities was required in respect of 17 applications (Milat, Farda, Maqsood, Laava, Raz-o-Niaz, Nawa-i-Shaheed, Yalghar, Khidmat Guzar, Sada-i-Jars, Sat Rang, Khidmat, Lateefa, Al-jama'at, Banat-ul-Islam as Pas, Ganji Bar and Mood).

No security was demanded in respect of the following:—

Ghuncha, Azan, Bachpan, Montgomery Gazette, Raheel, Sahiwal, Satluj News, Yasrab, Sunehra Zamana, Sal-e-Nau, Hamara Adab, Istiqlal and Dehati.

The securities in all these cases were demanded by the District Magistrates in exercise of their powers under section 7 (1) of the Press Emergency Powers Act. The District Magistrates are required by law to record reasons in each case and the honourable member can obtain, after paying necessary charges, a certified copy of any order in which he may be interested.

Wheat purchased by Government

TRAINING IN DISPENSING, TECHNICAL VACCINATION AND ELEMENTARY HYGIENE

*813. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government have amalgamated the Medical and Public Health Departments;

(*b*) what were the considerations necessitating such a step;

(*c*) what steps, if any, has the Government taken to give suitable training to the subordinate staff in dispensing, techincal vaccination and elementary hygiene?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) Yes.

(*b*) Economy in expenditure and efficiency through co-ordination of services.

(*c*) *Dispensers* (Male and Female) are being trained at the Tehsil and District Headquaters Hospitals in the Punjab. A proposal for opening a dispenser-dressers class in King Edward Medical College, Lahore, is under consideration ot Government.

Sanitary Inspectors—This catagory of officials whose training includes subject of elementary hygiene is trained every year in a course extending over a period of 9 months, beginning in the month of October.

Vaccinators—A training in the technique of vaccination is given at the Punjab Vaccine Institute to batches for a period of one month. Courses are held throughout winter.

چودھری محمد شفیق : کیا وزیر متعلقہ یہ بتلا سکینگے کہ آیا اس amalgamation سے کچھ فائدہ بھی ہوا ہے ؟

Mr. Speaker: Matter of opinion. Disallowed.

چوکھری محمد شفیق : کیا آنریبل وزیر متعلقہ کو علم ہے کہ اضلاع میں اس amalgamation کا یہ اثر ہوا ہے کہ سول سرجن مریضوں کو بالکل attend نہیں کر سکتے ؟

Mr. Speaker: Disallowed

رانا عبدالحمید خاں : کیا آنریبل وزیر متعلقہ یہ بتلا سکینگے کہ اس amalgamation سے کتنی بچت ہوئی ہے؟

وزیر : میں دریافت کر کے بتا سکونگا۔

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

INDUSTRIAL FACTORIES WITHIN MUNICIPAL LIMITS OF LYALLPUR

191. Mr. Ahmad Masud Said: Will the Honourable Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state whether it is proposed to instal industrial factories within Municipal limits of Lyallpur if so, whether the possible ill effects of this proposal on the general health of the town have been considered; if not, the reason therefor?

The Honourable Syed Ali Hussain Shah Gardezi : *First part.* The Industries Department does not propose the installation of factories within Municipal limits of Lyallpur.

Second part. Does not arise.

PRIVILEGE MOTION

Mr. Speaker: Before we take up the business of the day I have to inform the House that I have received notice of a motion of privilege from Chaudhri Muhammad Afzal Cheema which reads thus :

> "Under Rule 37 of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure I hereby give notice of the following privilege motion.
>
> "I invoke your Honour's protection against the derogatory and contemptuous observations made in the Editorial column of today's issue of the Civil & Military Gazette, i.e., the 14th of March 1952 The Editorial opens like this "The budget debate on Education in the Punjab Assembly was confined to stock-charges of neglect against the Government and set answers by the latter. It goes on to say "Like the 'six blind men of Hindustan' in the story who went to see what an elephant was like,the critics as well as the Government spokesman rose one by one to talk about a subject which none of them knew....." This appears to me to be highly objectionable and amounts to a clear contempt of the House. The Editorial makes no exception either in case of Government or the Opposition, in the use of objectionable words. It is therefore, derogatory of the House as such. About the Opposition the following words are brought to your notice "the Opposition members played mostly to the gallery". About a dutiful honourable member belonging to the Government Party the Editorial makes the following comment "Mr. Abu Saeed Anwar seems to be holding a brief for some publisher".
>
> Sir, you are the custodian of the privileges of this House. This House is proud to include among its members such talented educationists as yourself and also the Honourable Minister of Education and last but not the least the Honourable the Chief Minister himself.
>
> Such sweeping remarks about the House that "Like six blindmen of Hindustan both sides of the House talked about a subject which none of them knew", should not go unnoticed".
>
> With these words Sir, I give notice of a privilege motion under Rule 37 of the Punjab Assembly Rules of Procedure".

I have not read the article so far. It has been brought to my notice now. I will give my ruling to-morrow.

SUPPLEMENTARY DEMANDS

Mr. Speaker : We now proceed with the business of the day. By an order dated 28th January 1952 His Excellency the Governor had allotted two days, today and tomorrow, for voting of the Demands for Supplementary Grants and discussion of the Estimates of the Expenditure, charged on the revenues of the province, other than estimates relating to Expenditure referred to in paragraph (A) of Sub-Section (3) of Section 78 of the Government of India Act, 1935, as adapted for Pakistan. By following the precedent of 1938 I propose to take up the discussion of the Estimates of the Expenditure charged on the revenues of the province, other than estimates relating to Expenditure referred to in paragraph (A) of Sub-Section (3) of Section 78 of the Government of India Act, 1935, as adapted for Pakistan, first. When this is finished I will go on to the voting of the Demands.

Before I throw the matter open for discussion I may make it quite clear to the House that these matters of the estimates of expenditure, charged on the revenues of the province, although open to discussion are , as you are no doubt aware, subject to vote. There is a further point that a particular item selected for consideration can be discussed but the question of policy with regard to the main estimate is absolutely debarred from discussion. I invite attention of the House to a short passage from the Campion which says—

> "In the case of Supplementary Estimates and Excess Votes debate must be confined to the objects of the vote under consideration (which may often be very narrow) and may not be extended to the other items included in the Main Estimate to which this is subsidiary, or to the policy of the Main Estimate".

I do not want to take more time of the House unnecessarily by quoting parliamentary practice. May has also developed the same thing at great length and it has been the practice of the House of Commons that on supplementary

estimates debate cannot be allowed to extend to the question of policy or even the main estimate to which it is subsidiary. Therefore, I would request honourable members to keep this in view when discussing supplementary estimates. As a matter of fact, the practice of our own House also is to the same effect. A similar occasion arose in this Assembly in 1938. The then Speaker of the Assembly also ruled; when a certain honourable member was discussing at random, that the honourable member should confine himself to the item given in the supplementary estimate. Again, he was called upon to do the same. At another stage, the Speaker ruled that the question of policy underlying the main demand cannot be brought under consideration.

Item B, discussion of the estimates of the expenditure, charged on the revenues of the province, other than estimates relating to expenditure referred to in paragraph (A) of Subsection (3) of Section 78 of the Government of India Act, 1935, as adapted for Pakistan, is before the House. Any honourable member can say anything subject to the points I have mentioned.

Mian Abdul Bari : I want to take part in the discussion.

Mr. Speaker : What is the particular item or items which the honourable member wants to bring under review.

میاں عبدالباری : جناب والا! سپلیمنٹری بجٹ کے صفحہ ۹۳ اور ڈیمانڈ نمبر ۱۸ کا سارا مطالبہ زر ۸۶۰ روپے ہے۔ اس میں نو لاکھ ساٹھ ہزار اورساٹھ کی رقم اس لئے جمع کرنی پڑتی ہے کہ ۹۰۶۰۵۰ کا وہ میزان ہو جو حقیقت میں اس سپلیمنٹری بجٹ کے خرچ کے لئے سارا مطالبہ ہے۔ یعنی میزان خرچ ہے۔

Mr. Speaker: The honourable member is, no doubt, aware that he is discussing estimates of the expenditure charged on the revenues of the Province and under this item there is a sum of Rs. 860 only which is charged.

میاں عبدالباری : جناب والا! ۸۶۰ روپے کا سارا مطالبہ ہے۔

Mr. Speaker: I am afraid, the honourable member has not followed what I have said.

میاں عبدالباری : جناب والا! اس رقم سے جو سپلیمنٹری بجٹ میں طلب کی گئی ہے میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بجٹ نہایت بے احتیاطی سے بنایا گیا ہے۔ (قطع کلامیں)

Mr. Speaker: Honourable members should not try to usurp the right of the Speaker to discharge his duties.

The only item that can be brought under discussion is as I have pointed out, the item which is charged under this item, i.e., Rs. 860.

LAND REVENUE

Chief Minister (The Honourable Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana) : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 3,88,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Land Revenue.

The motion was carried.

PROVINCIAL EXCISE

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 3,77,990 be granted to the Governor to defray the charges, that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Provincial Excise.

The motion was carried.

STAMPS

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Stamps.

The motion was carried.

FORESTS

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 22,47,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Forests.

The motion was carried.

REGISTRATION

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Registration.

The motion was carried.

CHARGES ON ACCOUNT OF MOTOR VEHICLES AND OTHER TAXES AND DUTIES

Chief Minister : Sir, I beg to move.—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,38,830 be granted to the Governor to defray the charges that will in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Charges on account of Motor Vehicles and other Taxes and Duties

The motion was carried.

IRRIGATION (WORKS)

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 14,51,420 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Irrigation (Works).

The motion was carried.

IRRIGATION ESTABLISHMENT CHARGES

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,94,070 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Irrigation—Establishment Charges.

The motion was carried.

IRRIGATION (CAPITAL)

Chief Minister : Sir I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,87,77,460 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Irrigation (Capital).

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,87,77,460 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Irrigation (Capital).

Mr. Speaker : I have a notice on the order paper of a cut motion by Khan Abdus Sattar Khan Niazi to the effect that the total demand be reduced by Rs. 10,000. He has stated that he wants to discuss irrigation works. As the motion stands, he cannot do that, but his motion would be in order if he confines himself to the works mentioned in the estimates.

Khan Abdus Sattar Khan Niazi : That is not my idea. I want to discuss the whole demand. If I cannot do that, I do not want to move my cut motion.

Mr. Speaker: The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,87,77,460 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Irrigation (Capital).

The motion was carried.

GENERAL ADIMINISTRATION

Chief Minister : Sir, I beg to move—

hat a Supplementary sum not e ceeding Rs. 10,47,340 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of General Aduministration.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 10,47,340 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of General Adiministration.

Civil Secretariat

***Mr. Muhammad Ameen (Corporation of the City of Lahore, II, Muslim, Reco ved Seat) :** Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 1,15,240 on account of Secretariat and Headquarters establishment be reduced by Rs. 100.

جناب والا میں ایک دفعہ پھر یہ کہنے کی جرات کرتا ہوں کہ موجودہ وزارت نے سال رواں کا بجٹ جسکے متعلق یہ ضمنی مطالبہ پیش کیا گیا ہے ہاؤس کے سامنے نہ پیش کر کے نا عاقبت اندیشی کا ثبوت دیا ہے۔

Mr. Speaker : The budget cannot be brought under discussion.

Mr. Muhammad Ameen : Budget of 1951-52.

Mr. Speaker: That budget also cannot be brought under discussion.

Mr. Muhammad Ameen: I am talking of the revised estimates to that budget.

Chief Minister : On a point of order. This is irrelevant.

Mr. Speaker: The honourable member cannot be permitted to discuss what happened with regard to 1951-52 budget. That cannot be discussed in any shape or form. The honorable member must confine himself to the subject matter of his cut motion and that is to raise the question of creation of new posts and branches in the Civil Secretariat.

مسٹر محمد امین : جناب والا! اس سلسلہ میں میں جو گذارشات پیش کرونگا وہ تعمیری نکتہ چینی کی حیثیت رکھتی ھیں اور آن دلی جذبات کی آئینہ دار ھیں جنکا تقاضا ھے کہ ملک کی بہتری ھو اور عوام کو فائدہ پہنچے - مجھے امید ھے کہ انہیں نہایت غور سے سنا جائیگا - جناب والا دنیا نہایت تیزی سے تبدیل ھو رھی ھے اور عام کساد بازاری شروع ھوگئی ھے - دوسری جنگ عظیم کے بعد وہ مختلف عناصر جو قیمتوں کے اضافہ کا باعث ھو رھے تھے وہ ختم ھو گئے ھیں -

Mr. Speaker: It is not under discussion.

Mr. Muhammad Ameen: I want to discuss my cut motion.

Mr. Speaker: Honourable member's cut motion is intended to raise the question of creation of new posts and branches in the Civil Secretariat and also unnecessary Travelling Allowances. He cannot go beyond that.

مسٹر محمد امین : جناب والا! اب میں آپکے حکم کے مطابق صرف یہ عرض کرونگا کہ یہ جو ضمنی اخراجات اس مطالبہ کے تحت پیش کئے گئے ھیں وہ بالکل غیر مناسب اور غیر ضروری ھیں — غیر ضروری اخراجات کسی قوم اور ملک کیلئے بہتری کا باعث نہیں ھو سکتے بلکہ نقصان کا باعث ھوتے ھیں — میں سول سیکریٹیریٹ کے محکمہ کے متعلق اعداد وشمار سے یہ ثابت کرنا چاھتا ھوں کہ وھاں دن بدن غیر ضروری اخراجات بڑھتے چلے جاتے ھیں - میں نے اس غرض کیلئے ۴۷—۱۹۴۶ء کے بجٹ اور ۵۲—۱۹۵۱ء کے تخمینہ جات کو سامنے رکھکر موازنہ کیا ھے -

وزیر اعلیٰ : جناب والا! یہ میں پہلے ھی واضح کرچکا ھوں کہ ضمنی مطالبات پر بجٹ کی عام بحث کے اصولوں کے مطابق بحث نہیں کی جا سکتی - آٹھ دس یا بارہ روز تک بجٹ پر جنرل بحث ھوتی رھی ھے اور جس قسم کی گفتگو آنریبل ممبر صاحب اب فرما رھے ھیں یہ اس دوران میں

کی جا سکتی تھی - اس وقت ایوان کے سامنے ضمنی تخمینہ جات ہیں - میں چاہتا ہوں کہ آنریبل ممبر اپنی گفتگو زیر بحث آئٹم تک محدود رکھیں - تا کہ کوئی مفید بحث ہو سکے —

میاں عبدالباری—جناب صدر—کیا ان figures کو discuss کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ صرف ان figures کو ہی بار بار دھرایا جائے یا ان کے متعلق کچھ کہنے کی بھی اجازت ہے ؟

صاحب سپیکر—یہ تو جو آنریبل ممبر تقریر کریں ان کے اپنے ذہن اور دماغ کی بات ہے لیکن جو scope پارلیمنٹری پریکٹس نے دیا ہے میں اس سے زیادہ نہیں دے سکتا—

I would allow no further discussion.

مسٹر محمد امین : جناب والا—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں نے ۴۷-۱۹۴۶ اور ۵۲-۱۹۵۱ کی details کا موازنہ کر کے اعداد و شمار فراہم کئے ہیں— (قطع کلامیاں)—

حکومت نے یہ مطالبہ مزید ملازمین رکھنے کے لئے کیا ہے - میں عرض کرتا ہوں کہ ان ملازمین کی تعداد میں کمی کرنی چاہئیے —

صاحب سپیکر—کونسا item آنریبل ممبر زیر بحث لا رہے ہیں ؟

مسٹر محمد امین— Item نمبر ۲ صفحہ ۶۸ -

"Creation of new posts and branches in the Civil Secretariat"

میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اخراجات پہلے ہی زیادہ ہیں اور ان میں اضافہ نہیں ہونا چاہئیے تھا - کیونکہ صوبہ کی تقسیم ہو جانے سے ان اخراجات میں کمی آنی چاہیئے تھی مگر برخلاف اسکے ان میں اضافہ کیا جا رہا ہے - ۴۷-۱۹۴۶ میں سول سیکرٹریٹ کے ہیڈ کے ماتحت ۲,۳۱۷,۴۳۰ کا خرچ تھا اور ۵۲-۱۹۵۱ میں وہ خرچ ۲,۷۷۹,۵۳۰ روپیہ ہو گیا - اس سلسلہ میں یہ کہا جا سکتا تھا کہ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا ہے - یہ درست نہیں - بلکہ حقیقت یہ ہے کہ عملے کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے —

صاحب سپیکر—غالباً آنریبل ممبر صاحب کو یہ معلوم نہیں کہ ضمنی مطالبات زر میں یہ ہوتا ہے کہ جو رقم کسی مد کے واسطے خرچ کی جاتی ہے اس سے اگر زیادہ خرچ ہو جائے تو وہ خرچ با امید منظوری incur کر لیا جاتا ہے اور پھر اسکی منظوری حاصل کر لی جاتی ہے—

مسٹر محمد امین—جناب والا—وہی میں عرض کر رہا ہوں کہ اس خرچ کی منظوری نہیں دینی چاہئیے اورمیں یہ ثابت کرونگا کہ جو زاید اخراجات انہوں نے کئے ہیں یہ غلط کئے ہیں اور ان میں یہ نہیں کرنے چاہئیں تھے اور ہاؤس کو اس کی منظوری نہیں دینی چاہئیے اور اس کے لئے جناب والا گذشتہ سالوں کے خرچ کی تفصیلات پیش کرتا ہوں—

Chief Minister: This is not relevant to the discussion of the supplementary demands. It is not mentioned that two posts were increased to 3.

Mr. Speaker: Hon'ble members on this side of the House have not understood the scopes of the discussion. I will make myself clear. I pointed out in the beginning that the scope of the discussion on the cut motions is of a very limited nature and that only selected items can be brought under discussion. I further pointed out that in discussing those items reference to the original budget could not be made. I also pointed out that the question of policy underlying even the main budget could not be brought under consideration. For this I quoted the authority of Campion and May, as well as the authority of one of my own distinguished predecessors. I said that I was going to regulate the debate according to these rules. I made it quite clear that hon'ble members will kindly bear this in mind when they enter upon a discussion of the selected items.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The hon'able Speaker made a remark that on this side nobody understood the point without hearing any other member on this side. (Interruptions).

Mr. Speaker : Order, order. I overrule that point of order.

مسٹر محمد امین — جناب والا ۔ عملہ پہلے ہی زیادہ ہے اورمیں اسی لئے عرض کر رہا تھا کہ پہلے انڈر سیکریڑی ۳ تھے اب ۶ ہیں ۔ پہلے اسسٹینٹ سیکریٹری ۳ تھے اب ۴ ہیں ۔ اور اسکے علاوہ جناب والا ۔ آفیسرآن سپیشل ڈیوٹی تو بے حساب ہیں ۔ جو افسر کام نہ جانتا ہو اسے او ۔ ایس ۔ ڈی لگا دیا جاتا ہے ۔ اور اسکے علاوہ کئی temporary سپرینٹنڈنٹس ہیں ۔

Chief Minister : On a point of order. I would say that this is quite irrelevant. If you feel that members of the Opposition cannot speak except by being irrelevant I am prepared to permit them to speak.

Mian Abdul Bari : The last words are objectionable.

مسٹر محمد امین - جناب میں ساری تفصیلات میں نہیں پڑتا کیونکہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب ناراض ہوتے ہیں - میں چپراسیوں کا ذکر کرتا ہوں - چپراسیوں کی تعداد اس لئے بڑھائی جا رہی ہے کہ انکو اپنے گھر کے لئے ملازم نہ رکھنے پڑیں اور وہ ان کا سب کام کاج کریں - اور چونکہ افسران موٹروں کے بغیر بھی گزارہ نہیں کر سکتے اسلئے انہیں ڈرائیوروں کی بھی ضرورت ہوتی ہے - وہ چپراسیوں سے موٹر ڈرائیوری کا کام لیتے ہیں اور اس طرح سے صوبہ کے اخراجات بڑھائے جا رہے ہیں -

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب والا ! ہم چاہتے ہیں کہ اخراجات میں کمی کی جائے اور اسی لئے میں گزارش کرتا ہوں کہ اس خرچ کی منظوری نہیں دینی چاہئیے -

دوسرے میں T. A. کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں - اسکے متعلق میری یہ گزارش ہے کہ T. A. کے ذریعہ سے بھی ناجائیز طور پر صوبہ کا روپیہ خرچ کیا جاتا ہے -

Chief Minister : On a point of order. My point of order is that the general question of travelling allowance is not at the moment subject of discussion. What can be discussed is the grant of travelling allowance concessions to Government servants during leave. If it is this item which the honourable member wishes to discuss I shall be delighted to listen to him. He should not discuss the general question of travelling allowance.

Mr. Speaker : The honourable member may look at page 68, item 2. He was discussing travelling allowance. It has been rightly pointed out by the honourable Chief Minister that so far as travelling allowance is concerned the only item under discussion is the grant of travelling allowance concessions to Government servants during leave and not the travelling allowance in general. The honourable member has not said a word about that.

Mr. Muhammad Amin: Travelling allowance drawn by the Honourable Ministers.

Mr. Speaker : At the time the point of order was raised the honourable member was speaking not on item 1 but on travelling allowance, and the Honourable Chief Minister was in order in pointing out that the discussion on travelling allowance should be confined to this particular item of travelling allowance concessions to Government servants during leave. If the honourable member wants to speak on that point he may do so.

مسٹر محمد امین — جناب والا - میں Touring کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - اس ضمن میں میں ایک مثال پیش کرتا ہوں - ملک

فیروز خاں نون کی صاحبزادی کی شادی کے موقع پر ساری وزارت کو دورہ پڑ گیا اور سب سرگودھا چلے گئے ۔ (قہقہہ) اگر یہ درست ہے تو یہ ان کے شایان شان نہیں ۔ اس طرح کے اخراجات سے صوبے پر بوجھ نہیں ڈالنا چاہئیے ۔ اسی سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ Travelling allowance کے متعلق صفحہ ۶۳ پر جو لکھا ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : The explanatory note says "grant of trevelling allowance concessions to Government servants during leave." That is why this sum has been asked for and not the travelling allowance in general.

مسٹر محمد امین — تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کیلئے جو روپیہ رکھا ہوا ہے یہ بہت قابل اعتراض امر ہے اس لئے اسکی منظوری نہیں دینی چاہئیے ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 1,15,240 on account of Secretariat and Head quarters establishment be reduced by Rs. 100.

چوہدری محمد شفیق ۔ (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست) جناب والا ۔ میں اس cut motion پر سب سے پہلے ضمن No. I, Greater Touring کے تحت اس ایوان کے سامنے چند معروضات کرونگا ۔ اور یہ ثابت کرونگا کہ ہمارے Supplementary Expenditure میں یہ item زائد ہے اور اسے غلط طور پر صرف کیا جاتا ہے اس لئے اس item کو منظور نہیں کرنا چاہئیے ۔ اس ایوان کے ممبران اور آپ کو بھی معلوم ہوگا کہ جس وقت آنریبل وزراء صاحبان ضلعوں میں جاتے ہیں تو اس وقت وہاں کا ایڈمنسٹریشن بلکل stand still ہو جاتا ہے ۔ تمام پولیس سڑک کے دونوں طرف کھڑی ہو جاتی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, order. The general touring of Hon'ble Ministers is not under discussion. The hon'ble member should confine himself to the greater tourings of the Ministers.

چوہدری محمد شفیق ۔ جناب والا! میں کہتا ہوں کہ Tourings زیادہ نہیں ہونے چاہئیں بلکہ کم ہونے چاہئیں ۔ جس وقت وہ ضلعوں میں جاتے ہیں تو تمام پولیس ان پاپولر منسٹر صاحبان کو راستے سے گزارنے کیلئے موجود ہوتی ہے اور وہ ایڈمنسٹریشن کا کام نہیں Administration of Justice کر سکتی ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ ان آنریبل وزرا کے جانے سے بالکل Dead Stock ہو جاتی ہے ۔ مجسٹریٹ صاحبان کچہریاں بند کر دیتے ہیں اور ان کی reception کیلئے پہنچ جاتے ہیں ۔ اس سے پبلک کو یہ تکلیف ہوتی ہے کہ وہ صبح سے شام تک کچہریوں میں بیٹھی

رہتی ہے اور عدالتیں وزرا صاحبان کی آمد کے انتظار میں ریسٹ ہاؤس پر کھڑی رہتی ہیں۔ جناب والا ۔ انصاف کی عدالتوں کے راستے میں اس قسم کی رکاوٹیں نہیں آنی چاہئیں ۔ یہ رکاوٹیں صرف اس لئے پیدا ہوتی ہیں کہ وزرا صاحبان زیادہ دورے کرتے ہیں ۔ میں یہ بھی عرض کروں کہ وزرا صاحبان ضلعوں میں جا کر قطعی طور پر کوئی کام نہیں کرتے ۔ ماسوائے اس کے کہ پولٹیکل پارٹی کی میٹنگ attend کرتے ہیں ۔ مسلم لیگ کی کانفرنسیں attend کرتے ہیں۔ یہ طریقہ مناسب نہیں ہے کہ پیسے عوام کے خرچ ہوں اور پراپیگنڈہ ایک خاص سیاسی پارٹی کا ہو ۔ جناب نے دیکھا ہوگا کہ جہاں بھی وزرا صاحبان جاتے ہیں وہ ایک سیاسی پارٹی کے سٹیج پر کھڑے ہو کر اس سیاسی پارٹی کا پراپیگنڈہ کرتے ہیں۔ ہمارے صوبے کی حکومت عوام کی حکومت ہے ایک سیاسی پارٹی کی نہیں گو ایک سیاسی پارٹی بر سر اقتدار ہے ۔ برسر اقتدار پارٹی کو قطعی طور پر یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی پارٹی کے پراپیگنڈے کیلئے حکومت کا روپیہ صرف کرے ۔ اور لوگوں پر اس طریقے سے ناجائز دباؤ بھی ڈالا جائے ۔ وزرا صاحبان کا کام حکومت کو چلانا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ایڈمنسٹریشن کے اندر اتنے نقائص ہیں کہ ان کو دور کرنے کیلئے ہمیں بڑی سخت جد و جہد کی ضرورت ہے ۔ جب تک کہ ہم سخت ترین جد و جہد نہیں کرینگے اس وقت تک ہم ایڈمنسٹریشن کو improve نہیں کر سکتے ۔ مگر کیا ایک ایڈمنسٹریٹر ساتھ ہی ساتھ ایک پارٹی کی سیاسیات کو بھی چلا سکتا ہے ۔

Mr. Speaker. That is irrelevant.

چودھری محمد شفیق ۔جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں کہ وہ سیاسی مقاصد کا پراپیگنڈہ کرنے کیلئے دوروں پر جاتے ہیں اور حکومت کا روپیہ خرچ کرتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اور کوئی مقصد ان کے پیش نظر نہیں ہوتا ۔ کبھی خانیوال میں ، کبھی عارف والا میں اور کبھی چک جھمرہ میں مسلم لیگ کی کانفرنس ہے۔ کیا وزرا صاحبان وہاں تشریف نہیں لے گئے تھے ؟ کیا انہوں نے وہ سب T. A. وصول نہیں کیا جسے آج Supplementary Expenditure کے ذریعے ہمارے Exchequer پر ڈالا جا رہا ہے ؟ یہی نہیں بلکہ اور بھی بہت سی چیزیں ہیں جس میں کہ وزرا صاحبان کے دورے ہمارے لئے مفید نہیں ہیں ۔ باوجود اس بات کے کہ وزرا صاحبان کا Paymaster وہ گاؤں کا غریب کسان ہے جس کی آبادی ۹۰ فیصدی کے قریب ہے اور جو ہمارے Exchequer کو تقریباً ۸۰ فیصدی روپیہ دیتا ہے کیا وزرا صاحبان میں سے کوئی بتائیں گے کہ انہوں نے دورہ کرتے وقت کبھی کسی کسان

کی جھونپڑی میں جا کر اس سے پوچھا کہ تمہاری کیا حالت ہے وہ تو شہروں میں جاتے ہیں اور بنگلوں میں ٹھہرتے ہیں - چند سکولوں کو دیکھا دو چار جلسے attend کئے اور واپس لاہور پہنچ گئے - جناب والا - میں یہ عرض کرونگا کہ وزرا صاحبان کو یہ خرچ اس لئے بھی نہیں کرنا چاہئے کہ انہوں نے دیہاتی علاقے کو اپنے دوروں سے محروم رکھا ہوا ہے - انہوں نے آج تک دیہاتی کسان اور غریب مزدور کے پاس جا کر کبھی نہیں پوچھا کہ تمہارا کیا حال ہے -

جناب والا - ان کا Paymaster جو ان کے زیادہ دورے کیلئے پیسے مہیا کرتا ہے اس کی حالت ذرا ملاحظہ ہو - اس کی روزانہ آمدنی جس میں سے اس نے ان کو زیادہ دورے کیلئے پیسے دینے ہوتے ہیں صرف چھ پیسے ہے - اگر وہ اس سے بازار میں روٹی لینے کیلئے جائے تو اسے زیادہ سے زیادہ ایک روٹی ملے گی - اگر ہم اس کی آمدنی سے وزرا صاحبان کی تنخواہوں کا موازنہ کریں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ وہ اپنی ایک ماہ کی تنجواہ سے تقریباً دو سو من گندم خرید سکتے ہیں - کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ مالک کو تو صرف ایک روٹی ملے مگر وزرا صاحبان جو ان کے ملازم ہیں دو دو سو من گندم حاصل کر سکیں - یہ ہے وہ تفاوت اور فرق جو میں آپکے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں - پھر باہر جا کر ان کو زبانی وعدے دلائے جاتے ہیں جنہیں پورا نہیں کیا جاتا - چنانچہ یہ Greater T. A. اس چھ پیسے روزانہ کمانے والے کی جان پر ایک ناقابل برداشت بوجھ بنا کر ڈالا جا رہا ہے -

جناب والا - میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرونگا کہ آنریبل وزیر صاحبان جب دوروں پر جاتے ہیں تو انہوں نے کبھی General Administration کو Check کرنے کی کوشش نہیں کی - اس لئے میری گذارش ہے کہ آنریبل وزیر Law and Order جنہوں نے زیادہ دوروں کیلئے یہ رقم مانگی ہے - چونکہ وہ General Administration کو Check کرنے میں ناکام رہے ہیں - اس لئے یہ رقم منظور نہ کی جائے -

Chief Minister: I move—
That the question be now put.

Mr. Speeker: The question is—
That the question be now put.
The motion was carried.

***وزیر اعلیٰ** — جناب والا— میں نے مجبور ہو کر یہ تجویز پیش کی ہے 'That the question be now put' میں جانتا ہوں کہ چودھری

Uncorrected speech.

محمد شفیق صاحب کو جب چابی لگ جائے تو پھر وہ چپ ہونے میں نہیں آتے ۔ (شور ۔ قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : That statement must be withdrawn.

Chief Minister : I withdraw.

جناب والا ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ چودھری محمد شفیق صاحب کو اپنی آواز اس قدر پسند ہے کہ ایک دفعہ وہ شروع ہوجائیں تو پھر وہ اپنی تقریر ختم کرنے میں ہی نہیں آتے ۔ میں نے تو انہیں اپنے اس عذاب جان سے نجات دلانے کی غرض سے یہ تجویز پیش کی ہے ۔ 'That the question be now put.'

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of privilege. The words now used by the Chief Minister are not parliamentry. Nobody can say 'nijat dilane ke liye'

Mr. Speaker : The word 'nijat' is not unparliamentary.

وزیر اعلیٰ ۔ جناب میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے تو انہیں اپنے آپ سے نجات دلائی ہے ۔ بہر حال جناب عرض یہ ہے کہ Supplementary demands کا اصول بڑا صاف اور واضح ہے ۔ ان پر عام discussion نہیں ہو سکتی اور نہ ہی ان کو عام چیزوں کی بحث میں لایا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ ان کے لئے اس معزز ایوان کو پہلے ہی کافی وقت مل چکا ہے ۔ اگر اس کے بعد بھی کچھ ایسے مسائل رہ گئے ہوں جن کے متعلق حزب اختلاف زیادہ وضاحت سے اپنی نکتہ چینی اور تنقید پیش کرنا چاہتی ہے تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس نے پچھلے سات آٹھ روز سے پورا فائدہ نہیں اٹھایا ۔ چنانچہ اب مجھے امید اور توقع ہے کہ آئندہ discussion کے دوران میں Supplementary demands کی بحث کو متعلقہ facts تک ہی محدود رکھا جائے گا ۔

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order. Is the Leader of the House making a personal explanation or is he replying to the debate ?

Mr. Speaker: That is no point of order. Please resume your seat.

Mr. C. E. Gibbon: Please refer to Rule 62.

وزیر اعلیٰ ۔ جناب والا—میں عرض کر رہا تھا کہ demand کے ماتحت اس out کے متعلق جو بحث ہوئی اس کا زیادہ تر تعلق ایک ہی شق سے ہے اور وہ یہ کہ اس demand میں وزرا نے touring کیلئے کچھ زیادہ روپیہ طلب کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایوان نے اسے صحیح طور پر سمجھا نہیں ۔ جب ۵۲ - ۱۹۵۱ کا بجٹ مرتب کیا گیا تو اس بجٹ میں اس وقت صرف چھ وزرا کی تنخواہوں کیلئے provision کی گئی تھی اور

اس کے ساتھ ہی چھہ وزرا کیلئے Travelling Allowance کی گنجائش رکھی گئی تھی مگر جب موجودہ وزرات پر سراقتدار آئی تو چونکہ اس میں سات وزیر تھے اسلئے اس کے مطابق ایک وزیر کیلئے Travelling Allowance میں اضافہ کرنا پڑا چنانچہ وہ کل رقم جو چھ وزرا کے سفر خرچ کیلئے مخصوص کی گئی تھی اس میں تو کسی قسم کا اضافہ نہیں کیا گیا۔ صرف ایک ساتویں وزیر کیلئے جس نے زیادہ سفر کرنا تھا یہ رقم مزید مانگی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ۔ مگر جناب بحث کے دوران میں چودھری محمد شفیق صاحب نے جن چیزوں کا ذکر کیا ہے میں ان کے متعلق مدلل طور پر ہر ایک چیز کا جواب دینے کی کوشش کرونگا ۔

خان افتخار حسین خان On a point of order. Sir. جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ Assembly Rules کے rule نمبر ۶۲ کی طرف مبذول کراؤنگا جس میں لکھا ہے کہ question put ہو جانے کے بعد question put کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کہا جا سکتا ۔

Mr. Speaker: Will the honourable member kindly read the latter part of sub-rule (2) of this very Rule 62? It says:—

".....but before putting the motion consequent on the closure the Speaker may allow any member any right of reply which he may have under the rules.

وزیر اعلیٰ جناب والا ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چودھری محمد شفیق صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ

Chaudary Muhammad Shafiq: On a point of order. The Honourable Chief Minister has named a member. As you have already given your ruling, he cannot name any member.

Mr. Speaker: When replying he must name. But he cannot make a reference by name.

وزیر اعلیٰ جناب والا ۔ ضلع منٹگمری کے مہاجر ممبر نے یہ فرمایا ہے (قہقہہ) کہ جب وزرا دورے پر جاتے ہیں تو ان کا دورہ عوام کے لئے مفید ثابت نہیں ہوتا کیونکہ وہ مسلم لیگ کے عہدہ دار ہونے کی حیثیت میں جاتے ہیں ۔ اور مسلم لیگ ہی کا کام کرتے ہیں سرکاری کام نہیں کرتے ۔ جناب والا میں نے بار بار اس ایوان میں بھی کہا ہے اور اس ایوان کے باہر بھی کہا ہے کہ کسی وزیر یا وزیراعلیٰ کی اتنی حیثیت نہیں جتنی کہ مسلم لیگ کے ایک ادنیٰ کارکن کی ہوتی ہے مجھے مسلم لیگ کا کارکن ہونے پر ناز اور فخر ہے ۔

Mian Abdul Bari: Is it relevant to the figures under discussion. You make everybody on our side sit on that score. (*Voices from Treasury Benches*): Sit down.)

Mr. Speaker: Order, order.

Chief Minister: It is relevant to the remarks made by the honourable refugee member from Montgomery.

جناب والا - هم فخر محسوس کرتے هیں که هم مسلم لیگ کے کارکن هونے کی حیثیت میں ملک کا دوره کرتے هیں اور عوام کی خدمت کرتے هیں- هم اسی خادمانه حیثیت میں دوره کرتے هیں - اب عوام اور حکومت میں کوئی فرق نهیں هے- میں اسی حیثیت کو بڑا سمجھتا هوں -

(اس مرحله پر اسمبلی کا اجلاس بغرض نماز عصر ملتوی هوا)

(اسمبلی کا اجلاس نماز عصر کے بعد زیر صدرات صاحب سپیکر دوباره شروع هوا)

وزیر اعلے - جناب والا میں اپنی معروضات کو زیاده طول نهیں دینا چاهتا - میں صرف دو تین باتیں اور عرض کرنا چاهتا هوں - آنریبل ممبر صاحب نے اپنی تقریر میں یه فرمایا تها که جو دورے وزراء صاحبان کرتے هیں ------

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. I want to draw your attention to sub-rule 3 of Rule 62. A certain item and not the whole of the estimate was being discussed and your honour ruled that the question be now put. Now will the question be put in regard to that item or about the whole of the demand. There are other cut motions.

Mr. Speaker: That cut motion under consideration will be put. The other cut motions will be subsequently put. I do not see any point of order.

وزیر اعلے - جناب والا آنریبل ممبر صاحب جو ابھی بیٹھے هیں انهوں نے وزراء کے دوروں کے سلسلے میں ایک شکایت کا ذکر فرمایا تها اور وه یه که دورے زیاده تر شهروں یا قصبات تک هی محدود رهتے هیں - میں سمجھتا هوں که ان کی معلومات شاید پوری وسیع نهیں هیں - جهاں تک میری اپنی ذات کا تعلق هے پچھلے سال جو تهوڑا سا موقع مجھے اس حکومت میں شریک هونے کا ملا هے اس دوران میں میں بارها دیهات میں گیا هوں - پهر بھی مجھے آنریبل ممبر کے اس اعتراض سے همدردی هے که دیهات میں دورے زیاده هونے چاهئیں کیونکه وهاں کے حالات ایسے هیں جنهیں زیاده روبصحت اور بهتر بنانے کی ضرورت هے - مگر ان کی اس تجویز کو ماننے کا نتیجه یه نهیں هوگا که وزراء کے دورے کم هوجائینگے بلکه یه هو گا که وزراء کے دورے اور زیاده هوجائینگے اور میں سمجھتا هوں که اضلاع کے نظم ونسق کو بهتر بنانے اور عوام کی شکایات کے ازاله کے لئے وزراء کے زیاده سے زیاده دوروں کی ضرورت هے -

جناب والا آنریبل ممبر صاحب نے اپنی تقریر کے دوران میں جب مسلم لیگ کا ذکر کیا تو انهوں نے یه بھی فرمایا که یه دورے اس

سیاسی جماعت کی مضبوطی کے لئے کئے جاتے ہیں - جناب والا میں مسلم لیگ کو اور قوم کے مفاد کو ایک دوسرے سے جدا نہیں سمجھتا بلکہ قوم کے مفاد کو حاصل کرنے کا مسلم لیگ کو ایک ذریعہ سمجھتا ہوں۔ مسلم لیگ کا صرف ایک مقصد ہے اور وہ یہ کہ اپنے عوام کی نمائندہ جماعت کے فرائض ادا کرے — وہ عوام کی دقتوں کو حکومت کے سامنے لائےاور حکومت کے ذریعے ان دقتوں کا ازالہ کرنے کی کوشش کرے — اس لئے مسلم لیگ کے کارکن کی حیثیت سے ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم جس وقت بھی دوروں پر باہر جائیں مسلم لیگ کی تنظیم کو عوام کی تنظیم کی حیثیت سے مضبوط کرنے کی کوشش کریں — تاکہ اس کے ذریعے عوام کی بہتری ہوسکے — اور عوام کی حالت سدھر سکے۔ (قطع کلامیاں) —

میاں عبدالباری اپنی جیب سے خرچ کر کے جائیے —

Mr. Speaker : Go on with your speach please.

وزیر اعلیٰ — میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ کی میٹنگ کے لئے کسی وزیر نے کہیں جانا ہے تو وہ یقیناً اپنی جیب سے ہی خرچ کرکے اس میٹنگ میں جائیگا (تالیاں) ہمیں سابقہ حکومتوں کے ارکان کی عادتیں نہیں ہیں کہ اگر اپنی پارٹی کی میٹنگ یا اس کی کونسل میں ووٹ حاصل کرنے کےلئےبھی جائیں تو travelling allowance گورنمنٹ کے ذمہ ڈال دیں (شور اور قطع کلامیاں) —

Mian Abdul Bari : It is a wrong statement. I challenge it.

وزیر اعلیٰ — مجھے بے انتہا خوشی ہوئی ہے جناب والا کہ عام لوگوں میں جو rumour اور شک تھا اس کو اس زمانہ کے صدر نے repudiate کر دیا ہے —

Chaudhari Muhammad Shafiq : On a point of order. The matter discussed by the Chief Minister has got nothing to do with the item under consideration.

Mr. Speaker : It is perfectly in order in so far as it is in reply to the assertions or allegation made by the hon'ble member himself.

ملک غلام نبی— جناب والا میں آپ کی توجہ وزیر اعلیٰ کے الفاظ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں — وہ بار بار مسلم لیگ کا ذکر کر رہے ہیں اور اس طرح ایوان کا وقت ضائع کیا جاتا ہے —

Mr. Speaker : Will the hon'ble member please resume his seat. The point is over-ruled.

Malik Ghulam Nabi : The Hon'ble leader of the House is wasting the time of the House by bringing in the Muslim League every now and then. We are not concerned with the Muslim League at all. It should not at all be mentioned.

Mr. Speaker : Order, order. If the hon'ble members on this side of the House bring Muslim League themselves into discussion surely it is open to the Hon'ble Chief Minister to reply (*Interruptions*) Order, order.

وزیر اعلےٰ — اگر کوئی ایسی کنونشن بن جائے کہ سیاسی پارٹیوں کا ذکر اس ایوان میں دونوں طرف سے نہ آئے (آوازیں — قطعاً نہ آئے) تو ہم اس بات کےلئے رضامند ھیں لیکن اگر اس قسم کا کوئی اعتراض کیا جائیگا تو یقیناً ھم اپنی بساط کے موافق اس کا جواب دینگے —

Chaudhari Muhammad Shafiq : On a point of explanation We submitted about the Muslim League meetings attended by the Ministers, I have never discussed the Muslim League..(*Interruptions*).

Mr. Speaker : If this convention is acceptable to both sides that no reference whatever be made to any political party it will help matters.

وزیر اعلےٰ — جناب والا میں اپنی طرف سے آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ ایسی کوئی Convention ھو یا نہ ھو ھماری طرف سے اس وقت تک کسی سیاسی پارٹی کا ذکر نہیں کیا جائیگا جب تک کہ پہل اس طرف سے نہ ھو — اس لئے کوئی Convention بنے یا نہ بنے ھماری طرف سے پہلے اس قسم کا ذکر نہیں ھوگا —

جناب والا — میں عرض کررھا تھا کہ honourable member from Montgomery City نےاپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ ان دوروں کے دوران میں ایک دقت کا سامنا ھوتا ھے اور وہ یہ ھے کہ جب وزراً صاحبان دورہ کرتے ھیں تو سارے افسران ان کا خیر مقدم کرنے کے لئے جمع ھوجاتے ھیں اور اس کی وجہ سے ان کے کام میں حرج ھوتا ھے — جناب والا جہاں تک حکومت کی طرف سےinstructions کا تعلق ھے وہ بڑی واضح اور صاف ھیں اور وہ یہ ھیں کہ کوئی افسر جس کا تعلق اس وزیر کے دورہ سے نہ ھو وہ نہ آیا کرے آخر کار وزراً کے دورہ کا مقصد تو یہ ھوتا ھے کہ وہ خود اضلاع میں جاکر اپنی انکھوں سے دیکھیں کہ کام کس طور سے ھو رھا ھے اور اگر وہ کہیں خرابی دیکھیں تو متعلقہ افسر سے جواب طلبی کریں — اس لئے متعلقہ افسران کو اس سے مستثنیٰ کرنا پڑیگا — پس علاوہ ان افسران کے جو وزیر کے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھتے ھوں باقی افسران کو یہی ھدایت ھے کہ وہ اس وزیر کا خیر مقدم کرنے کے لئے جمع نہ ھوں اور اگر اس بارے میں گذشتہ زمانہ میں

کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ میری کوشش ہوگی کہ آئندہ ایسی کوتاہی نہ ہو — کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ وزراً کے دورے نظم و نسق کی بہتری کے لئے ممد و معاون ثابت ہوں اور کسی عام کام میں خارج نہ ہوں — جناب والا جہاں تک میرا اپنا تجربہ ہے اس کی بنا پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ تجسس کا یہ جو طریق ہے اس سے جتنی ایڈمنسٹریشن کے کام میں اصلاح ہوتی ہے اور کسی سے نہیں ہوتی — کیونکہ جب ایک وزیر دورہ پر جاتا ہے تو اسے مقام متعلقہ پر پہنچ کر ہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ کام میں کیا خرابیاں یا نقص ہیں اور پھر وہ ان کے درست کرنے کی تجاویز بھی سوچ سکتا ہے — چنانچہ جناب والا میرا اپنا تجربہ یہ بھی ہے کہ اضلاع سے یہ شکائیتیں نہیں آتیں کہ وزراً کے دورے کیوں رکھے جاتے ہیں بلکہ عام مطالبہ یہ کیا جاتا ہے کہ میں زیادہ سے زیادہ اضلاع میں جاؤں اور وہاں پہنچ کر حالات کی جانچ پڑتال کرنے کی کوشش کروں۔ میں حزب اختلاف کے بزرگوں کو یقین دلاتا ہوں کہ مجھے تو بار بار مطالبہ کرنے پر ہی کسی ضلع میں جانے کا موقع ملتا ہے۔ اس لئے اگر عوام کے مطالبہ کو دیکھا جائے تو آج سے دورے بہت زیادہ ہونے چاہئیں اور بہت وسیع پیمانہ پر ہونے چاہیں تاکہ نظم و نسق صحیح لائنز پر چلکر ترقی کرے (کپتان ملک مظفر خاں—تین دن ہوے میں جناب والا سے مطالبہ کر چکا ہوں کہ آپ میرے ضلع کا دورہ کریں) -

چودھری محمد شفیق—اگر کام زیادہ ہو گیا تو ہم اگلے سال آپ کو بہت زیادہ روپیہ دینگے۔

آوازیں—آپ کے بس میں ہے ہی کیا۔

وزیر اعلیٰ—جناب والا میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ایک ایک روپیہ جو دیا گیا ہے وہ چودھری محمد شفیق صاحب نے اپنی جیب خاص سے ہمیں عطا کیا ہے۔ جہاں تک میرا تعلق ہے میرا تو حسن ظن یہی ہے۔ جناب والا مجھے یقین ہے کہ در اصل یہ میرے دوست جو میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں اگرچہ تنقید کرتے ہیں اور یہ ان کی ڈیوٹی ہے کہ وہ تنقید کریں لیکن وہ دل سے میرے ساتھ متفق ہیں کہ حکومت جو کام کر رہی ہے وہ درست متوازی اور صحیح ہے۔ (میاں عبدالباری- با کل غلط) جناب والا exception proves the rule مجھے میاں عبدالباری صاحب کو مستثنے کر دینا چاہئے تھا (قہقہہ) (میاں عبدالباری — ہم سب کی یہی رائے ہے) جناب والا میں اپنی تقریر کو اور زیادہ طول نہیں دینا

چاہتا۔ یہ رقم tours کے سلسلہ میں خرچ ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ سپلیمنٹری مطالبہ زر بالکل صحیح اور جائز ہے۔ اس لئے ایوان کو اسے منظور کر لینا چاہئے۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 1,15, 240 on account of Secretariate and Headquar'ers establishment be reduced by Rs. 100.

The motion was lost.

صاحب سپیکر—میرا خیال تھا کہ میں آج کسی قسم کی وقت کی پابند ی عائد نہ کروں لیکن اس سے پہلی تحریک تخفیف کا تجربہ کامیاب ثابت نہیں ہوا اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تحریک تخفیف کے محرک کو پندرہ منٹ دئے جائیں اور اگر کوئی صاحب اس کی تائید میں بولنا چاہیں تو انہیں دس منٹ اور جوابی تقریر کے لئے دس منٹ دئے جائیں

مسٹر محمد امین—(کارپوریشن شہر لاہور ~~Director Food Purchase~~ ۲ مسلم (مخصوص نشست) : جناب والا—میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں۔

That he item of Rs. 40,690 on account of Director Food Purchase be reduced by Rs. 101,

Remarks To discuss the excess demand.

جناب والا پیشتر اس کے کہ میں اس محکمہ کے متعلق کچھ عرض کروں سپلیمنٹری تخمینہ جات میں اس کے متعلق جو کچھ لکھا ہوا ہے وہ میں ہاؤس کو پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے—

"The excess demand of Rs. 40,690 is due to the fact that retrenchment was not effected in the Department as originally anticipated at the time of framing the Budget Estimates. Further the crea ion of certain posts, grant of travelling allowance concession to Government servants and gra t of conveyance allowance to Government servants have contributed towards this excess. Accordingly a supplementary demand is presented.

جناب والا اس محکمہ کے متعلق اس اقتباس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کا منشا یہ تھا کہ اس محکمہ کے خرچ کو کم کر دیا جائے کیونکہ عام طور پر راشننگ ختم ہو گیا ہے۔ لیکن یہاں الٹا چالیس ہزار روپیہ زائد خرچ کر دیا گیا ہے جو میرے خیال میں ناجائز ہے۔ میرے نزدیک یہ محکمہ ایک سفید ہاتھی ہے۔ اس بد بخت محکمہ نے اس سال جھوٹی shortage پیدا کر کے پنجاب کے نام کو بد نام کر دیا ہے۔ اس محکمہ کو مزید اخراجات دیکر قائم رکھنا میرے خیال میں کسی طور سے جائز نہیں۔ جناب والا اس محکمہ کا کام در اصل یہ تھا کہ یہ گندم خرید کر اسے صحیح طور پر رکھتا تا کہ بوقت ضرورت اسے لوگوں میں تقسیم کیا جا سکتا۔ اس محکمہ نے گندم کی خرید کے سلسلہ

میں جو کام کیا اس پر میں تھوڑی سی روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ اس نے اس سال جو دو لاکھ آٹھ ہزار ٹن گندم خریدی میں نے بہت کوشش کی کہ میں آنریبل وزیر سے معلوم کر سکوں کہ اس کی خریداری پر کیا اخراجات ہوئے ہیں۔ مگر انہوں نے پٹھے پر ہاتھ نہ دھرنے دیا۔ میں نے پتہ کیا ہے کہ وہ اخراجات کیا تھے۔ اس سلسلہ میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اس محکمہ نے بھی منڈیوں سے گندم خریدی جیسے اور لوگوں نے خریدی۔ منڈیوں میں جو اخراجات ہوتے ہیں وہ تقریباً مقرر ہیں۔ میں نے اس سلسلہ میں منڈیوں سے گندم کی خریداری اور اس کے بارہ میں تمام متعلقہ اخراجات کی تفصیلات منگوائی ہیں جو ہر ایک item ملا کر ۱۱ آنے ۱۱ پائی فی من بنتی ہیں۔ اس کے برعکس ایک سوال کے جو اب میں وزیر متعلقہ نے فرمایا تھا کہ ہمارا خرچ دو روپے فی من ہوتا ہے۔ یہ تو بہت زیادہ خرچ ہے۔ اس محکمہ نے ۶۰ لاکھ من پر ۸۰ لاکھ روپے برباد کئے۔ کوئی وجہ نہیں کہ انکے اخراجات عام تاجروں سے اتنے گنا زیادہ ہوں۔ در اصل یہ تمام روپیہ corruption کی نذر ہو رہا ہے۔ (ایک آواز— وہ کہاں سے کھائیں؟)

وہ تنخواہ لیتے ہیں۔ حلال کی روزی کھائیں۔ اس امر کے باوجود کہ راشننگ ختم ہو چکا ہے اور اب اس محکمہ میں اتنا زیادہ کام نہیں یہاں نئے نئے آدمی بھرتی کئے جا رہے ہیں اور تنخواہ کے اخراجات بڑھائے جا رہے ہیں۔ مثلاً پہلے اس محکمہ میں کوئی اکاؤنٹ افسر نہ تھا اب ایک رکھ لیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کنٹرولر پہلے کوئی نہیں تھا اب دو مقرر کر دئے گئے ہیں۔ اسسٹنٹ ۳۱ سے ۳۲ کر دئے گئے ہیں۔ سینیئر کلرک کوئی نہیں تھا اب ۴۰ رکھ لئے گئے ہیں۔ اسی طرح جونیئر کلرک پہلے ایک بھی نہیں تھا اب ۶۰ رکھ لئے گئے ہیں۔ چپڑاسی ۳۵ سے ۴۰ کر دئے گئے ہیں۔ غرضیکہ اس محکمہ میں جہاں تقسیم کے بعد کام کم ہو گیا تھا اخراجات میں زیادتی ہوتی جا رہی ہے۔ فوڈ پرچیز کے علاوہ اس محکمہ کا دوسرا کام شوگر راشننگ ہے۔ میں عام طور پر سوچا کرتا ہوں کہ محترم وزیر زراعت کو زراعت کے وزیر کی بجائے چینی کا وزیر کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ کیونکہ انہوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ انکے سپرد صرف چینی کی تقسیم کا کام ہے۔ حالانکہ زراعت اور خوراک وغیرہ زیادہ اہم ہیں اور انہیں ان کاموں کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئے۔ پچھلے سیشن میں ہم نے انہیں بار بار توجہ دلائی کہ گندم کی گرانی

آ رہی ہے۔حالات خراب ہوتے جا رہے ہیں۔مگر ہمیں وزیر متعلقہ کی طرف سے یہی جواب دیا گیا کہ کوئی پرواہ نہیں۔ کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔ انکے وہ جوابات ہمارے پاس موجود ہیں۔ اسکے بعد انکی نااہلی کی وجہ سے حالات اتنے خراب ہوئے کہ اگر کوئی اور حکومت ہوتی تو وزیر متعلقہ خود بخود مستعفی ہو جاتے۔ (وزیر زراعت—جی ہاں) جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس محکمہ کی وجہ سے غذائی حالات خراب ہو رہے ہیں اور یہ لوگوں کو بد دیانت بنا رہے ہیں۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس مد کی منظوری نہیں دی جانی چاہئے۔

Mr. Speaker : Demand under consideration motion moved is—
That the item of Rs. 40,690 on account of Director, Food Purchase be reduced by rupees 101.

چودھری محمد شفیق — (منٹگمری نمبر ۳ — مسلم مخصوص نشت) — جناب والا — اس مطالبہ پر تقریر کرتے ہوئے میں سب سے پہلے تو ان زائد پوسٹوں کی جو بنائی گئی ہیں اور ان رعائتوں کی جو انہیں دی گئی ہیں مخالفت کرتا ہوں — کیونکہ یہ محکمہ اپنا کام کرنے میں قطعی طور پر ناکام رہا ہے — چونکہ اس محکمہ کی وجہ سے لوگوں کی تکلیفوں میں اضافہ ہوا ہے کمی نہیں ہوئی اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس محکمہ کے اخراجات بڑھانے نہیں چاہئیے — جناب والا ۵۲—۱۹۵۱ء میں گندم خریدنے کے وقت اس محکمہ نے ایک سیاسی پارٹی کا ٹول بن کر ایسے نکمے آدمیوں کو آڑھتی مقرر کیا جنہوں نے اچھی گندم نہ خریدی بلکہ گندم میں مٹی ملائی اور گورنمنٹ کو مٹی ملی گندم خرید کر دی — اچھے آڑھتیوں کو سیاسی مصلحتوں کی بنا پر پرے رکھا گیا — جناب والا۔ دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ محکمہ اس لئے بھی فیل ہو گیا ہے کہ اس نے اس سال صوبہ کی ضروریات کے مطابق گندم نہ خریدی جس کی وجہ سے اس صوبہ پنجاب میں جو پاکستان کا اناج کا گھر تھا لوگ بھوکوں مر رہے ہیں — جناب والا۔ تیسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ محکمہ گندم کو صحیح طریق کے مطابق تقسیم کرنے سے قاصر رہا ہے — انہوں نے جو گندم خریدی بھی تھی وہ دوسرے صوبوں اور جگہوں کو دے دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پنجاب جہاں گندم پیدا ہوتی ہے کے لوگ بھوکوں مر رہے ہیں — انہوں نے ایسے حالات پیدا کئے اور پنجاب کو اس طرح بدنام کیا کہ ہسٹری میں آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا تھا — انہوں نے پنجاب کے اندر قحط

کے سے حالات پیدا کر دئے — اور یہ سب کچھ اس محکمہ کی نالائقی کی وجہ سے ہوا - پھر جناب والا اس محکمہ کی نالائقی کا ایک اور ثبوت یہ ہے کہ ان کی ذخیرہ کی ہوئی گندم خراب ہو گئی — وہ گندم جو عوام کے کھانے کی چیز تھی وہ ان کے نصیب نہ رہی اور کیڑوں کو کھلائی گئی — آنریبل وزیر انچارج نے اس ایوان کے اندر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ تسلیم کیا کہ گندم خراب ہوئی تھی — اس کے علاوہ جناب والا میں یہ بھی عرض کروں گا کہ یہ محکمہ صوبہ کو اچھا آٹا اور اچھی گندم مہیا کرنے سے قاصر رہا ہے — جناب والا — اس محکمہ کے تحت جو ڈپو ہیں اگر وہاں جاکر دیکھا جائے تو غریب عورتیں اور آدمی سارا دن قطار اند قطار کھڑے نظر آتے ہیں جو آٹے کے لئے روتے رہتے ہیں مگر ان کو آٹا نہیں ملتا — ایک غریب آدمی جو صبح سے شام تک کام کرکے روٹی کے لئے پیسے کماتا ہے عجب مصیبت میں ہے - اگر وہ مزدوری کرنے جاتا ہے تو ڈپو پر سے آٹا نہیں لاسکتا اور اگر آٹا لینے جاتا ہے تو مزدوری نہیں کر سکتا — جناب والا یہ محکمہ فوڈ جس میں ایزادی کا مطالبہ کیا گیا ہے یہ خوراک کی تقسیم کا صحیح طریقہ وضع کرنے میں قطعاً ناکام رہا ہے - چونکہ آنریبل وزیر متعلقہ اس محکمہ کے ذریعہ فوڈ کے حالات کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہے ہیں اس لئے انہیں زیادہ ملازمین نہیں دئے جانے چاہئیں - جناب والا — یہ محکمہ سول سپلائی کا دوسرا نام ہے اور اس میں اب بھی اسی طرح رشوت ستانی اور دیگر بد عنوانیاں جاری ہیں - اگر اس محکمہ کو اتنے زیادہ اخراجات دئے جانے ہیں تو ضروری ہے کہ اس کی خامیوں اور نقائص کی بھی اصلاح کی جائے - جناب والا ان الفاظ کے ساتھ میں اس مطالبہ زر کی مخالفت کرتا ہوں —

* **وزیر اعلیٰ** — (عزت مآب میاں ممتاز محمد خان دولتانہ)
جناب والا — ضمنی مطالبات زر میں فوڈ پالسی کا ذکر مناسب نہ تھا - مگر چونکہ اس کا ذکر کیا گیا ہے - اس لئے جناب والا مجھے بھی معاف فرمائیں اگر اپنی جوابی تقریر کے دوران میں مجھے کہیں کہیں فوڈ پالیسی کا ذکر کرنا پڑے -

جناب والا — حزب اختلاف کے قائدین نے یہ فرمایا ہے کہ ڈائرکٹر فوڈ ہر چیز کا محکمہ اپنے کام میں ناکام رہا ہے - مطلب یہ

*Uncorrected speech.

کہ اس محکمہ کے سپرد گندم کی فراہمی کا جو کام تھا اسے یہ محکمہ بطریق احسن پورا نہ کرسکا ۔ اس کے جواب میں میرا یہ دعوی ہے کہ جس مکمل اور احسن طور سے یہ محکمہ اپنے مقاصد کو پورا کرنے میں کامیاب رہا ہے پاکستان بھر میں کوئی اور صوبہ یا کوئی اور ڈیپارٹمنٹ شاید ہی اتنا کامیاب رہا ہو ۔ اور میں اس کے ثبوت میں figures عرض کروں گا ۔

جناب والا کو خوب علم ہے کہ گذشتہ لڑائی کے زمانے میں ملک میں کنٹرولز کا system تھا ۔

خان افتخار حسین خان — کیا صوفی صاحب کی طبعیت کچھ ناساز ہے ؟

وزیر اعلیٰ — آپ کی طبعیت اکثر ناساز رہتی ہے ۔

If the Leader deputises for the Deputy it is not so bad as the Deputy deputising for the Leader.

(قہقہہ)

تو جناب والا — میں عرض کر رہا تھا کہ لڑائی کے زمانے میں کنٹرولز کا system تھا اور تمام گندم جو ملک میں پیدا ہوتی تھی وہ صرف ایک ہی ایجنسی خریدتی تھی جو حکومت کی تھی — Monopoly Procurement کے ذریعہ وہ گندم حاصل کی جاتی تھی اور اسے پھر راشننگ کے ذریعہ سے تمام صوبہ میں تقسیم کیا جاتا تھا ۔ تقسیم ملک کے بعد عوامی مطالبہ کے پیش نظر پاکستانی پنجاب کی حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ اب چونکہ غذائی صورت حال اعتدال پر پہنچ چکی ہے اور چونکہ لڑائی یا کوئی اور ایسا ہنگامہ ہمارے پیش نظر نہیں کہ جس کی وجہ سے ہمیں تمام Food Resources کو گورنمنٹ کے ذریعہ خریدنا لازمی ہو ۔ اس لئے عوامی مطالبہ کے پیش نظر ۔ Food Procurement کی پالیسی میں تبدیلی کی گئی اور Monopoly Procurement اور کنٹرولز کے system کو توڑ دیا گیا ۔ جناب والا ۔ اسکے بعد حالت یہ رہی کہ ہر سال حکومت یہ اعلان کرتی تھی کہ ہماری ضروریات سے فاضلہ گندم کتنی ہوگی اور اس محکمہ کا صرف یہ فرض ہوتا تھا کہ صوبہ نے جو فاضلہ گندم declare کی ہو وہ خرید لی جائے ۔ جناب والا ۔ گذشتہ سال آپ کو علم ہے کہ عام طور پر پنجاب کی فصل کی حالت اچھی تھی ۔ اس وقت کسی کو اس کی shortage کا استعمال یا شبہ نہ ہوسکتا تھا ۔ اس وقت بھی

یہی فیصلہ کیا گیا کہ کنٹرولز کو ملک میں introduce نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ کنٹرول کو ملک میں نافذ کرنے سے نقصانات ہوتے ہیں۔ اس لئے جناب والا۔ ہم نے فصل کی ابتدا میں فیصلہ کیا کہ گندم کی خرید میں کوئی کنٹرول نافذ نہ کیا جائے۔ اس وقت صوبہ نے ڈیڑھ لاکھ ٹن اپنا surplus declare کیا تھا۔ جناب والا۔ یہی ڈائرکٹر فوڈ پرچیز کا محکمہ جس کے متعلق انہیں شکایت ہے اس محکمہ نے اپنا کام اس قدر دور اندیشی اور احسن طریقے سے کیا کہ دو لاکھ اور آٹھ ہزار ٹن گندم اس نے خرید کر کے اپنے Reserve میں رکھی۔ جناب والا۔ اگر اس کا مقابلہ پاکستان کے باقی صوبوں سے کریں۔ تو معلوم ہوگا کہ جس جذبہ حب الوطنی کے ساتھ اور جس عمدگی اور توازن کے ساتھ اس محکمہ نے ملک کی غذائی صورت حال کو خراب ہونے سے بچایا ہے اس کے لئے وہ مبارکباد کا مستحق ہے۔ پاکستان کے کسی صوبہ نے اپنی ذمہ داری اس احسن طور سے ادا نہیں کی جتنی کہ صوبہ پنجاب نے کی ہے۔ حکومت نے ڈیڑھ لاکھ ٹن سرپلس declare کیا تھا اور اس محکمہ نے دو لاکھ آٹھ ہزار ٹن خرید کیا۔ اسکے مقابلہ میں سندھ نے ڈیڑھ لاکھ ٹن surplus declare کیا تھا اور ستائیس ہزار ٹن procure کیا۔

بہاولپور نے جو surplus declare کیا تھا اس کا پانچ فیصدی بھی حاصل نہ کیا۔ یہی حال خیر پور کا رہا۔ بعد میں جو فوڈ shortage ہوئی ہے اس کی تمام تر ذمہ داری ان علاقوں پر ہے جو وقت پر اسے حاصل نہ کر سکے۔ اور آج اگر اس بحران سے پاکستان نکل گیا ہے تو یہ اس عمدگی کام کی وجہ سے ہے جو صوبہ پنجاب نے کیا ہے۔ جناب والا۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ فوڈ پرچیز کا محکمہ اس لئے کامیاب نہیں رہا کہ اس نے صوبہ کی ضرورت کے مطابق ابتدا میں گندم نہ خریدی۔ اس کے جواب میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی یہی تھی کہ کنٹرولز کو introduce نہ کیا جائے۔ اس وقت اگر گورنمنٹ نے خود گندم خریدی تو وہ صرف اس غرض سے خریدی کہ ہمارے غریب کسانوں کو گندم کی کم قیمت نہ ملے اور ہم نے صرف مارکیٹ کو اونچا رکھنے کے لئے ساڑھے سات روپیہ minimum قیمت مقرر کی۔ زمیندار کو صحیح قیمت دینے کے لئے ہم نے گندم procure کی۔ وہ کسی کمی کے تحت نہ خریدی گئی تھی بلکہ قیمتوں کا تناسب قائم رکھنے کی غرض سے خریدی گئی تھی۔ اور کمی اس لئے واقع ہوئی کہ ہمارے صوبہ کی طرح کسی اور صوبہ

نے اس ذمہ داری کو محسوس نہ کیا اور گندم procure نہ کی ۔ اور دوسری وجہ اس کمی کی یہ بھی ہے کہ گذشتہ خریف کی harvest فیل ہو گئی اور جناب والا کو خوب علم ہے کہ جسطرح گذشتہ سال خریف کی فصل تباہ ہوئی اس کی مثال ہمارے صوبہ کی تاریخ میں نہیں ملتی ۔ اور جناب والا یہ بھی جانتے ہیں کہ ۱۹۴۷ء کے حالات کے نتیجہ کے طور پر جنکی تفصیل میں میں جانا نہیں چاہتا border areas یعنی منٹگمری ۔ لاہور ۔ گجرات اور سیالکوٹ کے اضلاع کے زمینداروں نے جو گندم جمع کر رکھی تھی وہ گندم انہوں نے نہایت کم قیمت پر بیچی اور وہ hoarders کے ہاتھوں میں چلی گئی ۔

یہ لوگ اس گندم کو عموماً اپنے پاس رکھا کرتے تھے اور خریف کی فصل کے بعد release کیا کرتے تھے ۔ ان وجوہات کی بنا پر تھوڑی دیر کے لئے گندم کی shortage پیدا ہوئی ۔ مگر سوچئے کہ اگر سچ مچ گندم کی کمی ہوتی اور اگر سچ مچ Food Purchase Department نے اس کیلئے کوئی انتظام نہ کیا ہوتا تو وہ قحط جو آئندہ فصل کے آنے سے تین مہینے پہلے شروع ہو فصل آنے سے پہلے کبھی دور نہیں ہوتا مگر جناب والا—ہم نے اپنی حکومت کی پالیسی سے ظاہر کیا ہے کہ پنجاب میں اناج کی کمی نہیں اور اس عمدگی کے ساتھ انتظام کیا ہے کہ بیس تیس دنوں کے بعد حالات نارمل پر آگئے ہیں اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس وقت گندم کے سلسلے میں کوئی خاص دقت پیش نہیں آ رہی ۔ (تالیاں) میرے دوستوں نے صحیح فرمایا ہے کہ پچھلے دنوں گندم کی shortage کے سلسلے میں جو ہنگامہ ہوا وہ ایک افسوس ناک امر تھا اور اس کے باعث پنجاب اور پاکستان کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔ مجھے اس بات کا احساس ہے مگر وہ ناقابل تلافی نقصان کس نے پہنچایا ۔ ان لوگوں نے نقصان پہنچایا جنہوں نے تھوڑے وقت کی ہنگامی دقت کو سیاسی رنگ دیا جن لوگوں کے سیاسی مقاصد کسی اور طرح پورے نہ ہوتے تھے انہوں نے مال روڈ کی دکانوں کے شیشے تڑوائے ۔

خان افتخار حسین خان ۔ یہ غلط بیانی ہے ۔

Mian Abdul Bari: It is wrong allegation.

وزیر اعلیٰ ۔ میرے پاس اس امر کا ثبوت موجود ہے کہ میرے سامنے جو پارٹی بیٹھی ہے اس کے کچھ اعلیٰ اراکین اس ہنگامہ کرنے والوں کو excite کرنے کے ذمہ دار تھے ۔ اور انشاءاللہ ایسے

لوگوں کے خلاف مقدمات چلائے جائیں گے - (حزب حکومت کی طرف سے تالیاں)

Mian Abdul Bari : On a point of order. It is absolutely baseless. He should withdraw these words.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of privilege. The Honourable Chief Minister has just held out a threat for instituting cases against the Party sitting opposite.

Chief Minister : I have said some members of the Party.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order.....

Mr. Speaker : I have understood the point. The threat was directed towards those who would be found to be responsible for that particular incident.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The Honourable Chief Minister pointed out to this Party and some members of this Party, whereas up to this time not a single case has been registered against any member of this Party. So this means that it is a threat inside this House to the members of this Party by the other side. Through you, as the custodian of this House, I appeal that we should not create such practice in this House and the Government in power should not try to throw out a threat upon this side.

وزیر اعلیٰ - میں چودھری محمد شفیق صاحب کی تسلی کے لئے یہ کہہ دوں کہ ان کے خلاف کوئی کیس نہیں ہے -

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of privilege. According to the statement of the Honourable Chief Minister, there is no case against any member of this Party. Therefore, the threat which he has held out should be withdrawn by him, because this is the greatest dishonour to this Party that they should be a party to any breach of the peace.

Mr. Speaker : Will the Honourable Chief Minister kindly give an assurance that he did not mean anything of the sort ?

Chief Minister : I will give an assurance very carefully.

(Interruptions and uproar from the Opposition)

Mian Abdul Bari : Do not say such things. *(Interruptions)*

وزیر اعلیٰ - جناب والا - میں یہ پوزیشن واضح کردوں کہ میں جو بات عرض کررہا تھا وہ . . . . .

Mr. Speaker : Do not say anything which reflects upon anybody.

Chief Minister : No, I will not say that, but I tell honourable members opposite that there are grave dangers of their being implicated in cases.....

(Interruptions and cries of 'shut up' from both sides)

(Voices from the Opposition: Withdraw these words)

Mr. Speaker: Will the Honourable Chief Minister kindly state that he did not hold out any threat to anybody ?

Chief Minister : No, I did not hold out any threat to anybody.

Mr. Speaker : Now you have only 2 minutes more.

Chief Minister : Sir, this matter is more important than anything else.

میں نے یہ عرض کیا تھا کہ میرے پاس اس بات کا پکا اور واضح ثبوت ہے کہ ان دنوں مال روڈ پر جو ہنگامہ ہوا اس کو پنڈت کرنے میں جناح عوامی مسلم لیگ کے کچھ اراکین کا سب سے زیادہ ہاتھ ہے (حزب اختلاف کی طرف سے آوازیں - یہ غلط ہے)

Mian Abdul Bari : It is wrong, it is baseless.

(Shouts of withdraw, withdraw, from the Opposition)

Mr. Speaker : Order, order. Shouting in this House will not be allowed

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order.....

(Cries of sit down from the Government benches)

Mr. Speaker: Order, order. Will the Honourable Chief Minister abstain from making any reference to the members who might have been responsible for the incident that had happened. The words he has used should be withdrawn.

Chief Minister : If you consider that they are not correct, then I withdraw.

لیکن cases واپس نہیں لئے جائیں گے -

Khan Iftikhar Hussain Khan : Has he withdrawn those words ?

Mr. Speaker : Yes, he has withdrawn.

Chief Minister : The words have been withdrawn and not the cases.

Mr. Speaker : The words which were objectionable have been withdrawn and therefore, the matter ends.

Chief Minister : I withdraw the words and hold out no threat.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. I want to say that the Honourable Chief Minister, after withdrawing those words, again stated that the cases would not be withdrawn. That means that he has repeated the same words in another way. *(Interruptions)*

Mr. Speaker : Order, order.

خان افتخار حسین خان- جناب والاجہاں تک threat کا تعلق ہے میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس ہاؤس میں کسی قسم کا threat نہیں دیا جاسکتا -

Chief Minister : I have given no threat.

Mr. Speaker : The Honourable Chief Minister should not have said that cases were not withdrawn.

Chief Minister : I say, Sir, that I have held out no threat.

میں عرض کروں گا کہ threat سے مراد ہوتی ہے کہ کسی کا قصور نہ ہو اور اس کو threat کیا جائے -

Mr. Speaker : Will the Honourable Chief Minister withdraw that portion also that he has withdrawn the words and not the cases'?

Chief Minister: I am quite willing to withdraw whatever you direct me to withdraw. I withdraw whatever you think is to be withdrawn. I withdraw that you feel should be withdrawn.

Mr. Speaker : That is all right.

Mian Abdul Bari : He has reiterated the threat. He has not withdrawn any particular words.

Mr. Speaker : It is not for the honourable member to decide. The point is for the Speaker to decide and not for the honourable member to decide. If he is not satisfied, it is not the concern of the Speaker.

Chief Minister : Whatever the Speaker, in consultation with Mian Abdul Bari, feels, I withdraw. (*Voices from the Opposition:* It is an insult to the Chair.)

خان افتخار حسین - آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا ہے کہ آنریبل سپیکر جو بھی میاں عبدالباری کے مشورے سے چاہیں میں وہ واپس لیتا ہوں - انہیں یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں -

Mr. Speaker : Will the Honourable Chief Minister please withdraw these words ?

Chief Minister : I withdraw these words.

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. The Honourable Chief Minister is referring to the breach of peace and certain offences committed on the Mall Road. That concerns with law and order and not with food. It have got nothing to do with the motion under discussion and that cannot be discussed here today.

Mr. Speaker : The point of order is over-ruled.

وزیر اعلیٰ - جناب والا دوسری بات جو فرمائی گئی - اس کے متعلق میں عرض کر رہا تھا کہ صوبے کی ساکھ دراصل ان عناصر نے قائم کی جنہوں نے صوبے کی ہنگامی مشکل پر قابو پایا - مگر مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بعض لوگوں نے ان حالات سے ناجائز فائدہ اٹھایا - بہر حال پچھلے دنوں پنجاب کی حکومت نے اس ہنگامی صورت حال پر قابو پاکر ثابت کردیا ہے کہ یہ صوبہ اپنے غذائی حالات کو درست طور سے سنبھال سکتا ہے -

جناب والا ایک معزز ممبر صاحب نے فرمایا تھا کہ جو گندم store کی گئی تھی وہ stores کی repairs نہ ہونے کی وجہ سے خراب ہو گئی تھی - جس سے حکومت کو گذشتہ سالوں کی نسبت زیادہ نقصان ہوا - مگر میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے - کیونکہ معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے - اس سال wheat storage میں loss گزشتہ سالوں کی نسبت کم ہوا ہے - جو loss ہوا اس کی وجہ Cement Storage Bins کی کمی تھی - مگر اب ہم نے فیصلہ کرلیا ہے کہ اپنے تمام surplus کو Cement Storage Bins میں store کرینگے -

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 40,000 on account of Director, Food Purchase be reduced by Rs. 101.

The motion was lost

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Ahsan's cut motion seeks to discuss corruption, its causes and how to eradicate it from the department. It is ruled out of order.

Next motion of Chaudhri Muhammad Afzal Cheema seeks to discuss the miserable and hopeless condition of General Adiministration. That was under discussion for many days and, therefore, his motion is out of order.

Next motion of Chaudhri Muhammad Shafiq cannot be moved because of the same reasons.

Last motion of Malik Ghulam Nabi seeks to discuss the general policy of the Government. Since the policy cannot be discussed here, the motion is out of order and connot be moved.

The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 10,47,340 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of General Administration.

The motion was carried.

ADMINISTRATION OF JUSTICE

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,70,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Administration of Justice.

Mr. Speaker : Motion moved, is:—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,70,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Administration of Justice.

The motion was carried.

The first cut motion by Chaudhri Muhammad Afzal Cheema seeks to discuss the miserable condition of Administration of Justice. I am afraid the motion is out of order as it seeks to discuss the general improvements.

Next, Khan Abdus Sattar Khan Niazi wants to discuss Administration of Justice which cannot be allowed now.

For the same reason, the motion of Chaudhri Muhammad Shafiq is out of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I want to oppose the whole demand.

Mr. Speaker : With regard to the point raised by Chaudhri Muhammad Shafiq.....

Chaudhri Muhammad Shafiq : Will I be allowed to say something ?

Mr. Speaker : I have heard the honourable member's point and I feel myself competent to decide it without any advice. The opposition of the total demand cannot be discussed on the question of general policy and it is not permitted. Therefore, I will not allow it.

The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,70,740 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Administration of Justice.

The motion was carried.

JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs 1,73,050 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Jails and Convict Settlement.

The motion was carried.

POLICE

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 13,60,850 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Police.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 13,50,850 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952 in respect of Police.

I have received notices of two cut motions to this demand. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema wants to discuss the failure of the Police to discharge its duties honestly and efficiently. This is a matter which could be discussed and was discussed in the course of general discussion of the budget and therefore, cannot be raised again.

Mian Abdul Bari: He wants to discuss a particular item.

Mr. Speaker : He has not said so in his cut motion and therefore, cannot be allowed to do so now. The notice should have been self-contained and clear. But as it is, the motion is not in order.

The cut motion by Chaudhri Muhammad Shafiq seeks to discuss the inefficiency on the part of the heads of the district to properly administrate. For the reasons given already, this motion is also out of order.

The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 13,50,850 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Police.

The motion was carried.

MISCELLANEOUS DEPARTMENTS

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,320 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Miscellaneous Departments.

The motion was carried.

HEALTH SERVICES

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 31,67,620 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Health Services.

The motion was carried.

AGRICULTURE (CAPITAL)

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,54,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1952, in respect of Agriculture (Capital).

The motion was carried.

CO-OPERATION

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,15,290 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of co-operation

The motion was carried

INDUSTRIES

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 46,89,670 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Industries.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 46,89,670 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952 in respect of Industries.

There is a cut motion to this demand by Mr. Muhammad Ameen that the item of Rs. 10,380, on account of Industrial Planning Committee be reduced by Re. 1. This cut motion would be in order if by unnecessary expenditure is meant expenditure incurred on new staff of the Committee which was not provided in that budget

Industrial Planning Committee

مسٹر محمد امین—(کارپوریشن شہر لاہور - نمبر ۲ مسلم مخصوص نشست)

Sir, I beg to move :—

That the item of Rs. 10,380 on account of Industrial Planning Committee be reduced by Re. 1.

جناب والا—میں اس تحریک تخفیف کے ذریعے غیر ضروری اخراجات کا سوال زیر بحث لانا چاہتا ہوں۔

جناب والا—اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انڈسٹریز کے عملے کا خرچ پہلے ہی بہت بڑھا ہوا ہے۔ اس پر مزید عملے کا رکھنا اور بھی غیر ضروری ہو جاتا ہے جیسا کہ بجٹ کی (general discussion) کے وقت میں نے عرض کیا تھا ہماری بہت سی انڈسٹریز کو سنٹر نے اپنے ہاتھ میں لے لیا ہوا ہے اس لئے اس صوبے کو اس ضمن میں زیادہ خرچ نہیں کرنا چاہئے۔ ہماری گذارش یہ کی گئی تھی۔ جس کو اب میں پھر دوہراتا ہوں کہ تقسیم ملک کے وقت پنجاب میں انڈسٹری کا کام زیادہ تر جو کہ تقسیم ملک کے بعد کم ہو گیا ہے۔ اس لئے بھی اب ہمیں اس سلسلے میں فضول خرچ کرنا نہیں چاہئے۔ صاف بات تو یہ ہے کہ ہماری مرکزی حکومت نے تقریباً تمام انڈسٹریاں اپنے ہاتھ میں لے لی ہوئی ہیں۔ ہمیں آپ یہ روپیہ اپنے صوبے کی ترقی پر صرف کرنا چاہئے۔ چونکہ میں نے

بجٹ کی جنرل بحث کے وقت یہ سوال اٹھایا تھا مگر حکومت نے اس پر کوئی روشنی نہیں ڈالی تھی اس لئے میں نے مجبور ہوکر یہ کٹ موشن پیش کی ہے ۔ تاکہ گورنمنٹ اس مسئلہ پر روشنی ڈال سکے ۔

جناب والا ۔ کم و بیش ۴۷ نئی انڈسٹریز کو سنٹرل گورنمنٹ نے لے لیا ہے اس لئے اب ہمارا کام اور بوجھ ہلکا ہو جانا چاہئیے ۔ اس لئے انڈسٹریل پلاننگ کمیٹی کا کام محکمہ کے موجودہ عملہ سے لیا جانا چاہئیے تھا اور اس کے عملے کا مزید خرچ ہمیں برداشت نہیں کرنا چاہئیے ۔ اس لئے میں نے یہ کٹ موشن پیش کی ہے کہ یہ غیر ضروری اخراجات برداشت نہ کئے جائیں ۔

اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہے کہ انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ پر غیر ضروری اور فضول خرچ نہیں کرنا چاہئیے اور ہمیں اسکو برداشت نہیں کرنا چاہئیے ۔ کام تھوڑا رہ گیا ہے ۔ عملہ بھی تھوڑا کر کے زیادہ آدمیوں کو نکال دینا چاہئیے ۔ ۱۹۵۱ء اور ۱۹۵۲ء میں بھی جو خرچ دکھایا گیا تھا وہ بھی زیادہ تھا مگر اب تو اس میں مزید روپیہ نہیں لگانا چاہئیے ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 10,380, on account of Industrial Planning Committee be reduced by Re. 1.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ ۔ مسلم مخصوص نشست)—میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کمیٹی نے اس سال میں کوئی ایسا کام نہیں کیا جو کہ ایک آزاد ملک کی آزاد حکومت کے شایان شان ہوتا ۔ جناب والا ! اگر دیکھا جائے کہ انڈسٹریل پلاننگ کمیٹی نے اس سال میں کون کونسی انڈسٹری کے متعلق پلاننگ کی ہے تو یہ پتہ لگ جائیگا کہ ہم بجائے آگے جانے کے پیچھے کیطرف گئے ہیں ۔ تو پھر اس کمیٹی کے سلسلہ میں یہ روپیہ دینا ٹھیک نہ ہوگا ۔ جناب والا اسکے لئے میں آپ کے سامنے وجوہات بیان کرونگا اور یہ بتاؤں گا کہ اس کمیٹی کو کیا کچھ کرنا چاہئیے تھا جو اس نے نہیں کیا ۔ اسلئے اسکی جو ڈیمانڈ ہے وہ منظور نہ کی جائے ۔

سب سے پہلے جناب والا میں ٹیکسٹائل ملز کی طرف آپکی توجہ مبذول کراؤں گا جسکے متعلق پلاننگ اسی پلاننگ کمیٹی نے کی ہے ۔

Mr. Speaker: Kindly look at page 92.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Pay of officers, pay of establishment, travelling allowance and other allowances and honoraria.

Mr. Speaker: Please mention the item.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Pay of officers.

جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان افسروں کی تنخواہیں قطعی طور پر نہیں دی جانی چاہیئں جنہوں نے اپنی نالائقی کی وجہ سے وہ ٹیکسٹائل ملز جو بنائے تھے۔ وزراء کی مرضی کے مطابق بنائے نہ کہ پبلک کے مفاد کے مطابق۔

Shaikh Muhammad Said: On a point of order. This item is only for the staff of the Planning Committee and not for the members or its personnel. Please see page 95 (3) which says—

"The excess represents the expenditure on the staff employed in connection with the Industrial Planning Committee for which no provision was originally made in the budget."

Mr. Speaker: Please look at page 95. This is about the staff of the textile mill and the hon'ble member should remember that the staff has no policy.

چودھری محمد شفیق—جناب والا! میں یہ عرض کرونگا کہ مزید سٹاف اس پلاننگ کمیٹی کو نہیں دیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ وہ پلاننگ کمیٹی فیل ہو گئی ہے۔ اسلئے کہ وہ مناسب طور پر پلاننگ نہیں کر سکی بلکہ اس نے پلاننگ وزراء کی مرضی کے مطابق اور انکے علاقوں کے مطابق.....

Chief Minister: On a point of information. The Planning Committee has nothing to do with the location of the textile mill.

Mr. Speaker: The hon'ble member should kindly bear this in mind.

چودھری محمد شفیق—جناب والا! میں یہ عرض کرونگا کہ زیر بحث مد میں یہ نہیں لکھا گیا ہے کہ یہ پلاننگ کمیٹی انڈسٹریز کے متعلق جگہ تلاش نہیں کر سکتی۔ اگر اس مد میں یہ وضاحت ہوتی جو آنریبل وزیر اعلیٰ نے ابھی پیش کی ہے تو میں اپنی بحث کو اسکے اندر محدود رکھنے کی کوشش کرتا۔

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس نماز مغرب کے لئے ملتوی ہوا)۔

(اسمبلی کا اجلاس نماز مغرب کے بعد زیر صدارت صاحب سپیکر دوبارہ شروع ہوا)۔

چودھری محمد شفیق—جناب صدر میں ذکر کر رہا تھا کہ انڈسٹریل پلاننگ کمیٹی پلین کرنے میں اس لئے قاصر رہی ہے کہ اس نے پلاننگ کرتے وقت انڈسٹری کے لئے ان جگہوں کو ملحوظ نہیں رکھا جہاں پر کہ وہ ہونی چاہئے تھیں۔

Sheikh Muhammad Saeed: On a point of order. There is nothing in the budget with regard to the Planning Committee itself. It is only with regard to its staff. No provision is made for the Planning Committee itself.

چودھری محمد شفیق—جناب والا میں اس سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ یہ کس طرح relevant ہے۔

Mr. Speaker: The hon'ble member cannot object to the Planning Committee itself.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am not objecting to it.

Mr. Speaker: That is what the hon'ble member is doing. The Planning Committee as such is not under discussion. The only point that can be discussed is that for the staff of the Planning Committee no provision is made. The hon'ble member will please confine himself to this point only.

چودھری محمد شفیق—جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پلاننگ کمیٹی کو جو زائد سٹاف دیا گیا ہے وہ نہیں دینا چاہئیے۔

Mr. Speaker: Confine yourself to that argument.

چودھری محمد شفیق—اور یہ اس لئے کہ پلاننگ کمیٹی ملوں کو صحیح جگہ لگانے میں ناکام رہی ہے۔

Mr. Speaker: Is it the business of the Planning Committee to select sites?

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am reading from what is written here.

Mr. Speaker: Does the hon'ble member mean that the Planning Committee is entrusted with the duty of selection of sites?

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am just interpreting the words as they are given in the budget. I am going through these words and no where it is written that the Planning Committee cannot select sites.

Mr. Speaker: That argument does not appeal to me.

چودھری محمد شفیق—بہت بہتر۔ جناب والا۔ اس کمیٹی نے جو پلاننگ کی ہے اس میں ملوں کو safety کی جگہ پر نہیں لگایا گیا۔

Sheikh Muhammad Saeed: On a point of information. I assure the hon'ble member that there is no .....

Mr. Speaker: No assurance is needed.

چودھری محمد شفیق—جناب والا—ملتان کے ضلع میں بورے والا کے مقام پر جو safety کی جگہ نہیں ہے ایک ٹیکسٹائل مل بنگی اور یہ پنجاب میں سب سے بڑی ٹیکسٹائل مل ہوگی۔ میں پوچھتا ہوں کہ خانیوال یا اس سے دور کوئی اور جگہ کیوں تلاش نہیں کی گئی تاکہ وہ mill مین لائن پر بھی ہوتی اور بزنس کے لحاظ سے بھی وہ بہتر سنٹر ہوتا۔

جناب والا ۔ جو مل نورپوالہ میں ہے اس کے متعلق آنریبل وزیر اعلیٰ کو بہتر علم ہوگا کہ کن وجوہ کی بنا پر اسے وہاں بنایا گیا ہے۔

Mr. Speaker : Only two miniutes more.

چودھری محمد شفیق ۔ اس کے علاوہ دو چیزیں اور ہیں جن کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک تو یہ ہے کہ انڈسٹریل پلاننگ کمیٹی small scale industries کے متعلق پلاننگ کرنے سے بالکل قاصر رہی ہے آج تک اس نے small scale industries کے متعلق ملک کے اندر کوئی کام نہیں کیا ۔

علاوہ ازیں انڈسٹریل پلاننگ کمیٹی agriculture کی allied industries کے سلسلہ میں بھی کام کرنے سے قاصر رہی ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اس مطالبہ زر کو منظور نہیں کرنا چاہئے اور اس کو یہ زاید سٹاف نہیں دینا چاہئے کیونکہ وہ نکمی ہے اور کوئی کام نہیں کر رہی ما سوائے اس کے کہ وہ ان آنریبل ممبران کے علاقوں میں ملیں بنا کر انکی خوشی آمد کرے جنہوں نے اسے appoint کیا ہے (آوازیں ۔ کیا آپ بھی چاہتے ہیں) ہاں میں بھی چاہتا ہوں کہ منٹگمری میں مل بن جائے ۔

***وزیر اعلیٰ**— (آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ) جناب والا اس مطالبہ زر کے بارہ میں دو تقریریں کی گئی ہیں میں ان کا نہایت مختصر سا جواب دینا چاہتا ہوں ۔ پہلے آنریبل شیخ محمد امین صاحب نے اپنی تقریر میں جو اس مطالبہ زر کے متعلق تو نہیں تھی فرمایا کہ انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کو یہ زائد رقم اس لئے نہیں دینی چاہئے کیونکہ تقسیم ملک کے بعد اس کی ضرورت کم رہ گئی ہے اور باوجود اس کے کہ ان کی رائے میں اسکی ضرورت کم ہوگئی ہے اس کے بارہ میں خرچ اسی تناسب سے کم نہیں ہوا جتنا کہ پارٹیشن کے بعد توقع تھی کہ کم ہوگا ۔ میری رائے میں انہوں نے جو یہ منطق یا logical طریقہ اپنی بحث کا اختیار کیا ہے وہ صحیح اور درست نہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ پارٹیشن سے پہلے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی یقیناً کم ضرورت تھی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اسوقت جو یہاں ہندو اور سکھ بستے تھے وہ انڈسٹری کو خوب سمجھتے تھے ۔ انہیں کسی حکومت کے محکمہ کی امداد یا حکومت کے محکمہ کی direction یا guidance کی ضرورت نہ تھی ۔ وہ اپنا کام آپ نبھا سکتے تھے ۔ اور وہ انڈسٹریز کو اپنے خیال کے مطابق ترویج اور ترقی دے رہے تھے ۔ مگر جناب والا جب یہاں سے ہندو اور سکھ چلے گئے تو اس کی وجہ سے ہمارے ملک میں بہت حد

*Uncorrected Speach.

تک industrial Talent کم ہوگیا ۔ اس وقت گورنمنٹ کی ذمہ داری زیادہ ہوگئی اور وہ خود میدان میں آ گئی تا کہ وہ لوگوں کو انڈسٹریز کے متعلق ضروری تعلیم دے اور ان کو ان کی ضرورت کی طرف راغب کرے تا کہ وہ انڈسٹریز کو اپنے صوبہ میں فروغ دیں ۔ اندریں حالات پارٹیشن کے بعد انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی ضرورت کم نہیں ہوئی بلکہ بڑھ گئی ہے ۔ کیونکہ اب ضرورت زیادہ تھی کہ حکومت industrialization کے کام میں زیادہ حصہ لیتی ۔ اور پارٹیشن کے بعد انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ نے اچھا خاصا کام کیا ہے ۔ شیخ محمد امین صاحب کو مجھ سے بہتر معلوم ہے کہ اس زمانہ میں اگر انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ جننگ فیکٹریز کو نہ چلاتا تو کوئی کام نہ ہو سکتا اور آج ہمارے ملک میں جو انڈسٹریز ہیں کم از کم وہ جننگ فیکٹریز جو اسوقت رہ چکی تھیں وہ بھی نہ چلتیں ۔ اگر اس وقت گورنمنٹ اپنے ڈیپارٹمنٹ کے ذریعہ ان کو صحیح اور درست نہ کرتی اور ان کو چلانے میں مدد و معاون نہ ہوتی تو ہمارے صوبہ میں اس قسم کی کوئی انڈسٹری ہی نہ ہوتی ۔ جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ خیال کہ کوئی حکومت اپنے ملک کو دو چار سال میں industrial ملک بنانے میں کامیاب ہو سکتی ہے محض خیال خام ہے ۔ یہ realistic approach نہیں ہے ۔ جہاں تک پلیننگ کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ نے اچھا خاصا کام کیا ہے ۔ انڈسٹریل پلیننگ کمشن نے جس کا ڈیپارٹمنٹ آج زیر بحث ہے اور جس کو موجودہ حکومت نے نہیں بنایا تھا بلکہ جس کی تشکیل ایڈوائزرز کے زمانے میں ہوئی تھی اچھا کام کیا ہے ۔ اگر اس نے اچھا کام کیا ہے تو مجھے یہ کہنے میں ہرگز کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ اس نے عمدہ اور صحیح کام کیا ہے ۔ اگر معزز ممبر صاحبان نے میری بحث کی تقریر کو غور سے پڑھا ہو تو وہ اس چیز کو مانینگے کہ پہلے سال میں industrialisation کی جو رفتار اس ملک میں رہے گی وہ کسی گذشتہ سال سے pr partiti n ہو یا post partition بہت زیادہ تیز اور بہت زیادہ ترقی پسندانہ ہو گی ۔

جناب والا ایک اور بات تھوڑی سی ذاتی ہو گئی تھی اور اس لئے میں تقریر کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ورنہ میرا مقصد نہیں تھا کہ میں اس discussion میں حصہ لیتا اور وہ یہ ہے کہ حزب اختلاف کے میرے محترم اور عزیز دوست آنریبل چودھری محمد شفیق صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے متعلق میں جواباً یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ صحیح ہے کہ انڈسٹریل پلیننگ کمیشن کا یہ کام

نہیں ہے کہ وہ کسی انڈسٹری کے لئے جگہ یا site کا تعین کرے ۔ یہ اس کا کام نہیں ہے ۔ مگر انہوں نے اس غلط فہمی کی بنا پر کہ یہ انڈسٹریل پلاننگ کمیشن کا کام ہے اس بات پر اعتراض کیا ہے کہ کاٹن ملز کی جو location ہوئی ہے وہ صحیح نہیں ہوئی ۔ اور اس میں روئے سخن والی بات اس لئے ہو گئی کہ ایک جگہ جہاں کاٹن ٹیکسٹائیل مل لگانے کی تجویز ہوئی ہے وہ اس ضلع میں ہے جس کا میں رہنے والا ہوں بلکہ اس تحصیل میں ہے جس تحصیل کا میں بسنے والا ہوں ۔ یہ تو مجھے یقین ہے کہ آنریبل چودھری محمد شفیق ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On account of safety I said I will tell you about safety also ۔ مجھے یقین ہے

وزیر اعلیٰ کہ آنریبل چودھری محمد شفیق اس تمام علاقے کو محض اس لئے مورد الزام ٹھہرانے کے لئے تیار نہیں ہونگے کہ وہاں بد قسمتی سے میں پیدا ہوا اور رہتا ہوں ۔ دوسری عرض یہ ہے اور میرا خیال ہے کہ چودھری محمد شفیق صاحب اس بات کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ تمام صوبہ بھر میں اگر کوئی cotton producing area ہے جو سب سے زیادہ rich ہے اور جہاں سب سے عمدہ اور long staple کپاس پیدا ہوتی ہے تو وہ نیلی بار کا علاقہ ہے ۔ جناب والا مجھے یہ معلوم ہے کہ جہاں لائلپور میں کاٹن فیکٹریوں کا بہت انتظام ہے یہاں تک کہ جہلم اور تھل میں بھی ان کا انتظام ہے ۔ جہاں خانیوال میں بھی ہے اور ملتان میں بھی ٹیکسائیل مل کا انتظام ہے وہاں آج تک نیلی بارکالونی میں کسی ٹیکسائل مل کا کوئی انتظام نہیں ۔ حالانکہ وہاں یہ نسبت دوسرے علاقوں کے بہت زیادہ اور بہت عمدہ کپاس پیدا ہوتی ہے ۔

Chaudhari Muhammad Shafiq : What about Ganjibar.

وزیر اعلیٰ گنجی بار منٹگمری میں ہے ۔ وہاں بھی ایسا انتظام کیا جائیگا ۔ لیکن میں یہ عرض کروں کہ خانیوال میں جو کاٹن فیکٹری ہے اس کے متعلق انہوں نے فرمایا کہ یہ بارڈر پر واقع ہے یا بارڈر ایریا میں واقع ہے ۔ جناب والا اگر ریاست بہاول پور ہماری دشمن ریاست ہے تو واقعی یہ فیکٹری بارڈر پر واقع ہے کیونکہ اگر یہ کسی سرحد کے قریب ہے تو وہ پنجاب اور بہاول پور کی سرحد ہے اور یہ علاقے ہندوستان کی سرحد سے تقریباً سو میل دور ہے ۔ اگر

ہندوستان کی سرحد سے سو میل دور سرحد کے قریب کا علاقہ کہا جاسکتا ہے تو میں اپنے دوست سے پوچھتا ہوں کہ ہمارا پنجاب کا وہ کونسا علاقہ ہے جو ہندوستان کی سرحد سے سو میل دور ہے - اندرین حالات میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہوں نے یہ بات طنزاً کہی تھی کیونکہ طنز کے وہ بڑے ماہر ہیں ویسے ان کو یہ بات کرنی نہیں چاہئے تھی اور مجھے ان سے یہ امید تھی کہ جب ایک صحیح فیصلہ ہو جائے تو وہ اس قسم کی طنز سے اجتناب کریں گے —

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 10,380 on account of Industrial Planning Committee be reduced by Re. 1.

The motion was lost.

PUNJAB COTTON MILLS

Mr. Muhammad Ameen (Corporation of the City of Lahore, II Muslim, Reserved Seat) : Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 48,67,150 on account of Government Commercial Undertakings—Punjab Cotton Mills be reduced by Re. 1.

جناب والا — پیشتر اسکے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں -

مسٹر سپیکر — آپ صفحہ ۹۰ پر جو ۷ نمبر ہے اسے پڑھ لیجئے گا -

مسٹر محمد امین — میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ ہم یہ کٹ موشنز اسلئے لا رہے ہیں تاکہ اگر حکومت کے بجٹ میں کوئی غلطی ہے تو وہ درست ہو جائے اور اس سے ملک کو فائدہ ہو- مجھے افسوس ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ نے آج کی اپنی تقریر میں غلط انداز سے ہم پر حملہ کر کے .....

Mr. Speaker : That question is closed and need not be referred to.

مسٹر محمد امین — میں انکی غلط فہمی دور کر کے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں .....

Mr. Speaker : I said that that question is closed. I cannot allow the honourable member to re-open the same question again.

مسٹر محمد امین — جناب والا اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کاٹن مل کے اخراجات کا تخمینہ پہلے ۵۰ لاکھ روپے رکھا گیا تھا اور بعد میں یہ ۹۸ لاکھ کر دیا گیا اور اسی ضمن میں روپے کا یہ مطالبہ ضمنی تخمینہ جات میں کیا گیا ہے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کسی تجارتی ادارہ کیلئے

یہ بڑی ھی عجیب بات ھے کہ وہ اتنا بھی اندازہ نہ کر سکے کہ اسکی ضروریات کیا ھونگی اور جو وہ تخمینہ بنائیں بعد میں اس سے دگنا خرچ ھو جائے ۔ اسے sound business نہیں کہا جا سکتا ۔ تعجب کی بات ھے کہ کون وہ لوگ تھے جنھوں نے اسکا ایسا غلط تخمینہ بنایا کہ بعد میں اسے دگنا کرنے کی ضرورت پیش آئی ۔ جناب والا جب گورنمنٹ نے پنجاب کاٹن مل کو اپنے ھاتھ میں لیا تو انھوں نے ایک بورڈ مقرر کیا تھا جس کی پالیسی کے مطابق یہ مل چلائی جانی تھی ۔ اس بورڈ نے اپنے ماتحت ایک ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا تھا اور اسے ھدایت دی تھی کہ اس طریق کے مطابق یہ کام کرنا ھے ۔ اور مناسب بھی یہی تھا ۔ چنانچہ اس بورڈ کی پالیسی کے مطابق ایڈ منسٹریٹر نے یہ فیصلہ کیا کہ اس مل کا مال خریدنے کا یہ طریقہ ھوگا اور تیار شدہ مال کی نکاس اسطرح کی جائیگی ۔

Mr. Speaker : I am sorry to ask the honourable member again to refer to page 95, General purchasing policy is not under discussion. The honourable member should confine himself to these 3 or 4 items.

مسٹر محمد امین — میں یہ عرض کرنا چاھتا تھا کہ اس پالسی پر عمل نہیں کیا گیا اور غلط طریق پر کاٹن خریدی گئی ۔ میری گذارش یہ ھے کہ ھماری حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کی طرف جا رھی ھے ھمارا منتھائے نظر ساری انڈسٹری کو نیشنلائز کرنا ھے ۔ اور اس سلسلہ میں یہ ھمارا پہلا قدم ھے ۔ اگر یہ کامیاب رھا تو ھمیں آئندہ بہت آسانی ھو جائیگی لیکن اگر ھمیں اس میں نقصان ھوا تو اسکا اثر ھمارے آئندہ کام پر بھی ھوگا ۔ اس خیال کے پیش نظر میں یہ عرض کر رھا تھا کہ اس پالسی پر عمل نہیں کیا گیا اور غلط طریق کے مطابق کاٹن خریدی جاتی رھی ۔ میرے پاس اعداد و شمار موجود ھیں مگر چونکہ میرا مقصد انکی تشہیر نہیں بلکہ اصلاح ھے اسلئے اگر آنریبل وزیر متعلقہ چاھیں تو میں یہ اعداد و شمار پرائیویٹ طور پر انکی خدمت میں پیش کر دونگا ۔ تاکہ جو ھو چکا وہ تو ھو چکا ۔ کم از کم آئندہ کیلئے تو اصلاح ھو جائے ۔ اور یہ کام صحیح طریق پر چلایا جائے ۔ ایک طرف اگر کاٹن غلط طریق پر خریدی گئی تو دوسری طرف تیارشدہ مال کی فروختگی کے سلسلہ میں بھی بورڈ کی وضع کردہ پالسی پر عمل نہیں کیا گیا ۔ اور منظور شدہ ڈیلرز جو بنائے گئے تھے انکو چھوڑ کر نئے نئے طریقے اختیار کر کے لوگوں کو corrupt کیا گیا ۔

تجارتی نکتہ نگاہ سے اگر چیز صحیح طریق پر خرید نہ کی جائے اور تیار شدہ مال مقابلتاً کم نرخوں پر فروخت نہ کیا جائے تو ایسا تجارتی ادارہ کامیاب نہیں ہو سکتا ۔ نہ وہ دوسروں کے مقابلہ میں چل سکتا ہے ۔ پنجاب کاٹن ملز کے علاوہ یہاں جو دیگر پانچ چھ لمیٹڈ ادارے ہیں انکو دیکھنا چاہئیے کہ وہ کسطرح چل رہے ہیں اور کتنا منافع کما رہے ہیں ۔ جہاں تک میں نے معلوم کیا ہے مجھے تو یہی معلوم ہوا ہے کہ یہ ادارہ نقصان میں جا رہا ہے ۔ اس پر جو رقم بطور سرمایہ لگائی گئی تھی یہ ادارہ اس رقم کے سود جتنا منافع بھی نہیں کما رہا ۔ حالانکہ اسکے مقابلہ میں پرائیویٹ اداروں کا یہ حال ہے کہ وہ اپنے منافعوں سے نئی ملیں کھڑی کر رہے ہیں ۔ میں حکومت کی توجہ اسطرف دلانا چاہتا ہوں تاکہ وہ اس ادارہ کی خامیاں دور کرے اور اسے آئندہ کیلئے صحیح لائنوں پر چلائے ۔ اس سلسلہ میں ایک بڑی مضحکہ خیز چیز جزو (د) ہے جسمیں یہ لکھا ہوا ہے کہ

"Cotton in the next financial year has to be purchased in the current cotton season in order to avoid any loss by delay in purchasing."

جناب والا—اس بارہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن صاحب نے یہ مشورہ دیا ہے جو یہاں نوٹ میں مندرج ہے وہ تجارت سے بے بہرہ معلوم ہوتے ہیں ۔ کیونکہ اگر ایک سال میں کاٹن انہوں نے دو سال کی لے لی تو روپے کے آٹھ آنے بھی نہ رہینگے ۔ یہ پالیسی بالکل غلط ہے اور اِس مد کیلئے وہ جو روپیہ مانگ رہے ہیں وہ سراسر نقصان دہ ہے ۔ کوئی شخص جو تجارت کو جانتا اور سمجھتا ہو اسے منظور نہیں کر سکتا ۔ اس سلسلہ میں ایک اور بات یہ ہے کہ اس مل کی ۱۴ لاکھ ۴۰ ہزار کی جو روئی جل گئی تھی اسکے متعلق جہاں تک مجھے معلوم ہے اس نقصان کی پوری قیمت بھی انکو انشورنس کمپنیوں سے نہیں مل رہی ۔ یہ نقصان ۵ لاکھ روپے کا ہے اور یہ جو منافع کہہ رہے ہیں یہ در اصل نقصان ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بورڈ کے مشوروں کی پرواہ نہیں کی جا رہی اور کام صحیح طریق پر نہیں کیا جا رہا جسکی وجہ سے اندیشہ ہے کہیں ایسی سٹیج نہ آ جائے کہ معاملہ بالکل خراب ہو جائے اور بعد میں پشیمانی ہو ۔ اسلئے میں اس مطالبہ زر کی مخالفت کرتا ہوں یعنی اسے منظور نہیں کرنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is.

That the item of Rs. 48, 67, 150 on account of Government Commercial Undertakings—Punjab Cotton Mills be reduced by Re. 1.

وزیر صنعت—(عزت مآب سید علی حسین شاہ صاحب گردیزی) جناب والا ابھی ہاؤس کے سامنے ایک آنریبل ممبر صاحب نے پنجاب کاٹن ملز کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے کہ یہ مل صحیح طور پر کام نہیں کررہی اور اسکے اخراجات ناجائز ہیں ۔ جناب والا اگر وہ اس مطالبہ زر کو غور سے ملاحظہ کرتے تو وہ اس قسم کی غلط بیانی کرنے کی جرأت نہ فرماتے سب سے بڑا آئٹم جو شاید انکو پریشان کررہا ہے وہ contingencies کا ہے ۔ یہ وہ آئٹم ہے جس سے اس مل کو چلانے کیلئے خام مال یعنی کاٹن خریدی گئی ہے ۔ اس سلسلہ میں اذ ون نے صرف ایک چیز بتائی ہے اور وہ یہ کہ کاٹن ایک سال پہلے کیوں خرید کی گئی ہے ۔ مجھے نہایت افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ تجربہ کار ہونے کے باوجود اس بات کو نہیں سمجھ سکے کہ سال پہلے خرید کرنے کا مقصد جو وہ سمجھے ہیں وہ غلط ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ بجٹ کا سال پہلے ختم ہوجاتا ہے کپاس کو خریدنے کے سال سے۔ اسلئے یہ لازم تھا کہ کپاس کے اس سیزن کے دوران میں ایسے روپے کی گنجائش رکھی جاتی تاکہ کپاس خریدی جاسکتی ۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order. That hounourable member never referred to that item at all.

Mr. Speaker : He did. I ask the honourable member not to waste the time of the House by raising such frivolous point of order.

وزیر صنعت—جناب والا ۔ میں یہ عرض کررہا تھا کہ یہ item جو ان کو پریشان کررہی ہے یہی وہ item ہے کہ جس کے سر پر اور جسکی بدولت یہ مل چل سکتی ہے ۔ اگر ہم کپاس کی وقت پر خرید نہ کرتے اور یہ روپیہ ہم provide نہ کرتے تو میں حیران ہوں کہ یہ مل کیسے کام کرتی اسکے علاوہ میں نہیں سمجھتا کہ انہوں نے کوئی ایسا پوائنٹ پیش کیا ہے کہ جسکے جواب میں میں کچھ عرض کروں اسکے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ اس مل کو نقصان ہورہا ہے ان کا یہ فرمانا غلط ہے کہ اسے نقصان ہورہا ہے میں حیران ہوں کہ میں نے کئی مرتبہ ان کے سوالات کے جواب میں اس مل کے profits بیان کئے ہیں جو عموماً ان کو بھول جاتے ہیں جناب والا مجھے اس بات کا احساس ہے کہ اس مل کو سرکاری طور پر چلانے سے ان کو ہمیشہ خلش رہی ہے اور رہیگی اور اسکی وجہ میں اس ہاؤس میں بیان کرنے سے قاصر ہوں ۔ جناب والا میں نے کئی دفعہ یہ عرض کیا ہے کہ اس سال ہمیں اس مل سے

پانچ لاکھ روپیہ کے قریب منافع ہوا ہے اگر وہ اسکو بھی نقصان خیال کرتے ہیں تو میں نہیں سمجھ سکتا کہ اسکے متعلق کیا جواب عرض کروں - حضور والا - اس کے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ اس مل کی مشینری کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کرونگا کہ یہ مل سب سے پہلے چند الاٹیز کو الاٹ ہوئی تھی - اس وقت اس مل کا انتظام ان لوگوں کے ہاتھ میں نہیں جو روزانہ جوتیوں میں دال بانٹا کرتے تھے اور انہوں نے ایک دوسرے کے خلاف کئی مقدمات بھی عدالتوں میں دائر کئے - اس بدحالی کو دیکھتے ہوئے ایڈوائزرز کے زمانہ میں شیخ صادق حسن صاحب نے مناسب سمجھا کہ اسکا انتظام درست کیا جائے چانچہ انہوں نے اس مل کو اپنے قبضہ میں کیا اور اسکو چلانے کا ایسا انتظام کیا کہ جسکے نتیجہ کے طور پر میں عرض کرونگا کہ یہ مل آج تین شفٹوں میں کام کررہی ہے - باوجود اس امر کے کہ اسکی مشینری پرانی ہے اور یہ مل ہندوؤں کے زمانے میں ہی بند ہوچکی تھی اور ان کو اسکے چلانے میں کوئی فائدہ نہیں تھا - اس زمانہ میں یہ مل چھ ہزار پونڈ یومیہ دھاگا تیار کرتی تھی مگر اسوقت اسکی production ساڑھے سات ہزار ہے - جناب والا - میں اس کے علاوہ یہ عرض کرونگا کہ اس زمانے میں یہ مل گیارہ ہزار گز کپڑا تیار کرتی تھی اور اس وقت یہ پندرہ ہزار گز کپڑا تیار کر رہی ہے - اس کے علاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ اس وقت صرف ایک قسم کا کپڑا اس مل میں بنایا جاتا تھا مگر اس وقت اس میں چھ قسم کی varieties تیار کی جاتی ہیں - یونہی اپنے منہ سے کہہ دینا کہ فلاں ادارہ خراب ہے یہ مناسب نہیں - انہوں نے فرمایا ہے کہ ان کے پاس figures ہیں - میں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ آئیے اس مل کے حالات بیٹھکر میں تفصیل کے ساتھ انہیں سمجھا دوں تا کہ اس ہاؤس میں وہ ان معاملات میں الجھ کر اپنا اصل مقصد فوت نہ کر بیٹھیں

(تالیاں)—

ایک اواز—آگ کے متعلق بھی کچھ فرما دیجئے)—

پھر انہوں نے آگ کے متعلق فرمایا ہے اور کہا ہے کہ انشورنس کمپنی روپیہ دینے کے لئے نہیں ہے - میں اس کے متعلق عرض کر دوں کہ ہم نے اس بارے میں enquires کی ہیں - ان کی اطلاع غلط ہے - کمپنی کے ساتھ ہماری گفت و شنید ہو رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ ہمیں پورا روپیہ مل جائے گا اور ہمیں کوئی نقصان نہیں ہوگا - اس لئے صرف اتنا کہنا ہی کافی سمجھتا ہوں کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے کہ ان کے اعتراضات نیک نیتی پر مبنی ہیں - اس لئے میں

ان سے اور کوئی مطلب نہیں لیتا اور مجھے امید ہے کہ میرا یہ جواب انہیں کے لئے کافی ہوگا۔ اگر اب بھی انہیں کوئی شک ہو تو وہ تشریف لے آئیں ۔ میں ان کی غلط فہمی دور کر دونگا ۔

(تالیاں)—

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 48,67,150 on account of Government Commercial Undertakings Punjab Cotton Mills reduced by Re. 1.

The motion was lost

Mr. Speaker : The next cut motion is by Mian Abdul Bari who says that the total demand be omitted and he wants to discuss the policy of the department. A cut motion for the omission of the total demand cannot be moved to discuss the general policy of the department. This cut motion is ruled out of order.

The next cut motion is by Chaudhri Muhammad Shafiq to the effect that the total demand be reduced by 100. He wants to discuss the failure of the Government in respect of their small scale and large scale industrial schemes and development. It is obviously out of order because it does not relate to any item in the demand.

The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 46,89,670 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Industries.

The motion was carried

CIVIL WORKS

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 9,60,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Civil Works.

The motion was carried

BUILDINGS AND ROADS ESTABLISHMENT CHARGES

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 3,03,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Buildings and Roads Establishment Charges.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 3,03,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Buildings and Roads Establishment Charges.

Mr. Speaker : I have notice of a cut motion by Chaudhri Muhammad Shafiq to the effect that the total demand be reduced by Rs. 100. He wants to discuss the policy of the Government under this head which obviously he cannot do. The motion is ruled out of order.

~~*The motion was carried*~~

Chaudhri Muhammad Shafiq : I want to oppose the motion.

Mr. Speaker : I have already said that opposition to the motion means opposition of the policy which cannot be permitted.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of information. If a member does not want to discuss the general policy under any head and he wants to discuss certain item can he do it ?

Mr. Speaker: That is opposition of the policy.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Cannot a motion put before the House be opposed ?

Mr. Speaker : While voting it can be opposed.

The question is —

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 3,03,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of Buildings and Roads Establishment Charges.

The motion was carried.

ELECTRICITY ESTABLISHMENT

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 4,98,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment or the year ending 31st March 1952 in respect of charges on Electricity Establishment.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 4,98,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1952, in respect of charges on Electricity Establishment.

GENERATING SETS AT MONTGOMERY

Mr. Speaker: I have notice of a cut motion by Mr. Muhammad Ameen that the item of Rs. 3,800 on account of establishment for generating sets at Montgomery be reduced by Re. 1. The motion is in order and the honourable member can confine himself to generating sets.

Mr. Muhammad Ameen (Corporation of the City of Lahore, II, Muslim Reserved Seat) : I beg to move—

That the item of Rs. 3,800 on account of establishment for generating sets at Montgomery be reduced by Re. 1.

جناب والا— میری گذارش یہ ہے کہ اس مد میں اخراجات کی منظوری نہ دی جائے ۔ کیونکہ اس کے متعلق ایک چیز ایسی ہے کہ جس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے ۔ میں نے اس سلسلے میں ایک سوال بھی پوچھا تھا اور آنریبل منسٹر صاحب نے غلط جواب دیا تھا ۔ میں ان کا کوئی قصور نہیں سمجھتا بلکہ اس محکمہ کی دیدہ دلیری پر حیران ہوں کہ جس نے غلط جواب تیار کر کے انہیں دیا اور وزیر موصوف نے وہی جواب اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ۔

میرا سوال یہ تھا کہ جن جنریٹرز کے لئے Supplementary estimates میں روپیہ مانگا جا رہا ہے کیا اس کے متعلق پنجاب گورنمنٹ کے الیکٹریسٹی ڈیپارٹمنٹ نے کوئی سکیم تیار کی تھی اور وہ سکیم تیار کر کے گورنمنٹ کو پیش کی تھی اور گورنمنٹ نے اپنی یہ demand سنٹرل گورنمنٹ کے پاس بھیجی تھی اور سنٹرل

گورنمنٹ نے اسے approve کیا تھا اور جاپان سے سودا کرتے وقت پنجاب گورنمنٹ سے مشورہ کیا تھا مجھے اس کا جواب دیا گیا تھا کہ ـــــ "yes"

